امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

# المعجم الکبیر

جلد اوّل


تالیف الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور



پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

# المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم


غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور



پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

## فضائل حضرت عمر رضی اللہ عنہ

## حضرت علی رضی اللّٰه عنه

## فضائل سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا



## فضائل امام حسن و حسنین رضی اللہ عنہ



## فضائل حضرت جابر رضی اللہ عنہ



## فضائل حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ

## فضائل زبیر بن عوام

## فضائل حضرت عبد الرحمٰن بن عوف



## حضرت سعد بن ابی وقاص کے فضائل و مناقب

## فضائل حضرت سعید بن زید رضی اللّٰہ عنہ

## فضائل حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ



## فضائل حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ

## حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضائل



## فضائل حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ



## فضائل حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

## فضائل حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ



## فضائل حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ



## فضائل حضرت بلال رضی اللہ عنہ

## فضائل حضرت جعفر رضی اللہ عنہ



## کتاب الایمان

## کتاب الطھارۃ

## کتاب الشہادت



## کتاب فضائل القرآن



## کتاب التفسیر

## كتاب الجنة والجهنم



## كتاب البيوع



## كتاب الجهاد

## کتاب فضائل سیّد الانبیاء

## كتاب فضائل الصحابة

## کتاب مناقب الامۃ



## کتاب المواریث



## کتاب الزکوۃ والصدقہ

## كتاب الذكر



## كتاب علامات الساعة والفتن



## كتاب البر

## كتاب اللباس



## كتاب الحدود

## كتاب الاذان



## كتاب متفرق المسائل

فقہی فہرست

فقہی فہرست

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

## فضائل امام حسين رضي الله عنه

## فضائل امام حسنین رضی اللہ عنہما



## فضائل حضرت علی رضی اللہ عنہ

## فضائل سیّدہ فاطمة الزهراء رضی اللہ عنہا



## فضائل اهل بیت رضی اللہ عنهم

## فضائل امیر حمزہ



## فضائل حذیفہ بن یمان

## كتاب الجنة والجهنم



## كتاب البيوع



## كتاب الجهاد



## كتاب النكاح



## كتاب آداب الطعام والشراب

## فضائل سیّد الانبیاء

## کتاب فضائل الصحابہ

## كتاب الزكوة والصدقة



## كتاب الذكر



## كتاب علامات الساعة والفتن

## کتاب البر

فقہی فہرست

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

فقہی فہرست

## كتاب الزكوة والصدقة

## کتاب الحدود



## متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

## كتاب الصلٰوة

## كتاب العلم



## كتاب الصوم

## كتاب الحج



## كتاب الجنة والجهنم

فہرست

## کتاب النکاح

## فضائل سیّد الانبیاء

## كتاب فضائل الصحابه

## کتاب الزکٰوۃ والصدقۃ



## کتاب الذکر

## كتاب علامات الساعة والفتن



## كتاب البر

## کتاب الحدود

## متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

## كتاب الصلوٰة



فقہی فہرست

## کتاب العلم



## کتاب الصوم

## کتاب فضائل القرآن



## کتاب التفسیر

## كتاب الجهاد

## کتاب فضائل الصحابہ



فقہی فہرست

## كتاب مناقب الامة



## كتاب الزكوة والصدقة

## کتاب الذکر

فقہی فہرست

فقہی فہرست

## متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ فقہی ترتیب)

فقہی فہرست

فقہی فہرست

## کتاب فضائل القرآن

## كتاب التفسير

## کتاب الحج



## کتاب الجنة والجهنم



## کتاب البیوع



## کتاب الجهاد



## کتاب النکاح

## کتاب آداب الطعام والشراب



## کتاب المریض



## کتاب الدعاء

## فضائل سیّد الانبیاء



## کتاب فضائل الصحابہ

فقہی فہرست

## كتاب الزكوة والصدقة



## كتاب الذكر

## کتاب علامات الساعة والفتن



## کتاب المواریث



## کتاب الشهيد

## كتاب البر

فہرست

## کتاب الحدود



## متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

عنوانات | صفحہ



## باب الف

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

عنوانات صفحہ

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

## باب الباء

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|



## باب التاء

صفحہ | عنوانات



## باب الجیم

عنوانات | صفحہ

عنوانات | صفحہ

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|


☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|



باب الحاء

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

شیوخ کی فہرست

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |



☆☆☆☆☆

# فہرست
# (بلحاظِ حروفِ تہجی)

## باب الدال



## باب الذال



## باب الراء



فہرست

فہرست

## باب الزای

☆☆☆☆☆

# فہرست
# (بلحاظِ حروفِ تہجی)

شیوخ کی فہرست

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)

## باب الشین

## باب الصاد

☆☆☆☆☆

# فہرست
## (بلحاظِ حروفِ تہجی)

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

عنوانات | صفحہ



**باب الظاء**

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|


☆☆☆☆☆

# انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو بحر العلم وعرفان سیّد السادات حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ اور محقق وقت، بحر العلوم، امام الواصلین، حجۃ الواصلین، تاجدار گولڑہ شریف حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ قدس سرہٗ العزیز اور امام عالرفین سلطان الفقر سیّدی مرشدی حضرت پیر سیّد غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی قدس سرہٗ العزیز، جانشین سلطان الفقر، وارثِ علومِ دستگیریہ، علمی مشائخ سروبہ شریف سیدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی دام اللہ ظلہ کے اسماء گرامی سے منسوب کرتا ہے۔ جن کے روحانی تصرفات نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی، ان کے طفیل اللہ عزوجل میری اس سعی کو مقبول، مفید اور میرے لیے ذریعۂ نجات ہے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

احقر العباد: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

# الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر' استاذی المکرّم مفتی گل احمد خان عتیقی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور محافظِ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحادِ اہل سنت' مجاہد اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور مفکر اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نعیمیہ للبنات کی خدمت عالیہ میں بصد عقیدت واحترام پیش کرتا ہے جن کی محنت شاقہ اور شفقت بے بہا سے مجھ بے مایہ کو اللہ عزوجل نے اس قابل بنایا' یہ انہیں کا فیض ہے جس کی ادنیٰ جھلک اس صورت میں دیکھ رہے ہیں' اللہ عزوجل ان کے سایہ کو سلامت وقائم ودائم رکھے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

# عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت' شہرت' عظمت اور ناموری کے لیے گوناگوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان وسکون نہیں پاتا' آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

**ءَالا بذکر اللّٰہ تطمئن القلوب .**

کے دلوں کا اطمینان وسکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت' نوافل' خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال واعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے' البتہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی' تقریری' تالیفی وتصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی ومحافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو' بہرحال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی ومصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نشری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی' صحیح ابن حبان' صحیح ابن خزیمہ' مسند حمیدی' المعجم الاوسط' شرح المعجم الصغیر للطبرانی جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھرکم کتب کے تراجم کرائے جارہے ہیں جو انشاء اللہ جلد یا بدیر شائع کیے جائیں گے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں امام طبرانی کی مشہور ومعروف کتاب ''**المعجم الکبیر للطبرانی**'' جو حدیث کی مایہ ناز کتب ہے' اس کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں' کتاب کے ٹائٹل' جلد' بائنڈنگ اور سیٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

مولانا نے اس کتاب کی فہرست کو بھی ''**المعجم الاوسط للطبرانی**'' کی طرح فقہی ترتیب پر مرتب کیا ہے' جس سے قارئین کو مسائل کے حوالے سے احادیث تلاش کرنے میں خاصی آسانی ہوگی۔

ہم اسے نہایت عقیدت ومحبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کر رہے ہیں۔

کتاب کی بار ہا پروف ریڈنگ کروائی گئی ہے اور کتاب کو اپنی طرف سے غلطیوں سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے تاہم پھر بھی اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہے تو نشاندہی ضرور کریں تا کہ ادارہ اس کی تصحیح کر سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

# عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الکبیر کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بےلوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرّم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کر سکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرّم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ' نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

## اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو' اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیّدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعالمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلہِ الْمُجْتبیٰ وَعلیٰ اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ .

ایمان کے بعد علم دین بہت بڑی نعمت ہے' قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں علم دین اور علماءِ حق کے بہت فضائل بیان کیے گئے ہیں' چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہ من عبادہ العلماء '' کہ اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے ڈرنے والے صرف علماء ہی ہیں اور سورۂ مجادلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ (ترجمہ:) ''اللہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے درجے بلند فرمائے گا''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین میں فقاہت عطا فرماتا ہے''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس آدمی کو خوش و خرم اور تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی اور پھر اسے یاد رکھا اور محفوظ رکھا اور اسے دوسروں تک پہنچایا اور بہت لوگ دین کے حامل ہوتے ہیں مگر خود مستفید نہیں ہوتے اور بہت سے حاملانِ دین اس کو ایسے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہہ ہوتے ہیں''۔

اور بڑے سعادت منداور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خود راتیں جاگ کر اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کر کے کتبِ حدیث کے آسان تراجم کر کے عام لوگوں تک پہنچا کر سرورِ کونین ﷺ کی اس دعا کے مستحق بنتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے' انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی' مدرس جامعہ رسولیہ شیرازی بھی ہیں جو صغرسنی ہی میں سات کتبِ احادیث کا ترجمہ کر کے خواص وعوام تک احادیث نبویہ کا تحفہ پیش کر رہے ہیں' یہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور سرورِ کونین ﷺ کی محبت میں وارفتگی کا نتیجہ ہے۔ مولانا ''**المعجم الاوسط**'' کا سات ضخیم جلدوں کے ترجمہ کے بعد اب ''**المعجم الکبیر**'' کا ترجمہ بھی بڑی سرعت کے ساتھ کر رہے ہیں' اس کی پہلی جلد کا ترجمہ آپ کے سامنے ہے۔

اس بابرکت اور عظیم المرتبت کتاب' رحمتِ کائنات' باعثِ تخلیقِ کائنات' شفیع المذنبین' سیّد الانبیاء والمرسلین ﷺ

تقاریظ

کے پروانوں جانثاروں مستانوں اور دیوانوں کے فضائل اور ان کے روح پرور اور ایمان افروزی کے محبت بھرے پُرکشش واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور ایک مسلمان ان کی اداؤں پر مرمٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ جب میں اس کتاب اور اس کے ترجمے اور مترجم کے بارے میں کچھ لکھنے لگا تو ایک عظیم حادثے کی اطلاع ملی جس کی وجہ سے میرا ذہن ماؤف ہو گیا ہے' بہرحال اللہ تعالیٰ مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی کے علم' عمل' زہد و تقویٰ اور جذبۂ اشاعتِ دینِ اسلام اور اشاعتِ احادیث میں مزید ترقی عنایت کرے اور ان کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ان کے لیے آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

حررہ محمد گل احمد خان عتیقی
خادم الحدیث الشریف جامعہ ہجویریہ
معارف اولیاء داتا دربار لاہور

☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث والتفسیر' جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجہ' ابوداؤد' مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
حامدًا و مصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے' اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی' معجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب ''**المعجم الکبیر للطبرانی**'' کا ترجمہ کر رہے ہیں' میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے' ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے' ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے در پے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جا سکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں مد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں' آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہٗ
ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر' انگلینڈ
سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم!

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ۔ اما بعد!

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی سلسلۂ نبوت ورسالت کو جاری فرما کر انسان کی ہدایت کا سامان پیدا فرما دیا تھا' اس طرح نوعِ انسانی کی فلاح وکامیابی کے دو بنیادی راستے رہے ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا حکم

(۲) انبیاء کرام علیہم السلام کا طریق

اہل اسلام کی رہنمائی کے لیے یہی دو سرچشمے قرآن وحدیث کے نام سے موسوم ہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

''وانزلنا الیك الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم'' (النحل۱۶:۴۴)

''ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف قرآن نازل کیا' تاکہ آپ لوگوں کو وہ بیان کریں جو (شریعت) ان کی طرف نازل کی گئی ہے''۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

''ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بھما: کتاب اللّٰہ وسنة نبیه'' (مؤطا امام مالک:۱۵۹۴)

''میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں' جب تک تم ان دونوں کو تھامے رکھو گے' گمراہ نہ ہو گے' وہ دونوں چیزیں: قرآن اور سنت ہیں''۔

حدیث وسنت' قرآن مجید کی تشریح وتفسیر کا نام ہے' اس لیے اہلِ اسلام نے حدیثِ مبارکہ کی نشر واشاعت' جمع وتدوین' تشریح وتبیین اور محفوظ کرنے کے لیے دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عصرِ حاضر تک کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں چھوڑا' اس کام کے لیے ہزاروں' لاکھوں لوگوں نے کروڑوں صفحات لکھے اور تقریباً اسی تعداد سے شاگرد پیدا کیے' تیسری اور چوتھی صدی ہجری اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ ان دو صدیوں میں علم حدیث اور متعلقاتِ حدیث کے علوم کو عروج حاصل ہوا' انہیں چند ایک عظیم محدثین میں امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر طبرانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں' آپ کی ولادت ماہ صفر ۲۶۰ھ اور وفات ۲۸ ذیقعد ۳۶۰ھ ہے' اس طرح علم وعرفان کا یہ مینارہ تقریباً ایک صدی تک حکمت ودانائی کے ساتھ ضیاء پاشیاں کرتا رہا' آپ کی تصانیف کی تعداد چالیس (۴۰) سے زائد ہے' ان میں سے تین کتب احادیث (**المعجم الکبیر' المعجم الاوسط' المعجم الصغیر**) کو شہرتِ دوام حاصل ہوئی ہے۔

تقاریظ

مرورِ زمانہ کے ساتھ براہِ راست قرآن وحدیث اور عربی کتب سے استفادہ کرنے والے اہلِ علم کم ہوتے جا رہے ہیں' اور عصرِ حاضر میں یہ تعداد اور زیادہ کم ہوگئی ہے' اس پر مستزاد یہ کہ اُردو دان اور انگریزی دان طبقہ محض جہالت کی بنیاد پر قرآن مجید اور خاص طور پر احادیث مبارکہ پر اپنے خاص انداز سے تنقید کر کے تشکیک کا سامان پیدا کر رہا ہے۔

ایسی صورتِ حال میں اہلِ علم کے لیے لازم تھا کہ وہ قرونِ اولیٰ کے علمی ورثہ کو اُردو زبان میں منتقل کریں تاکہ صدیوں قبل لکھے گئے علمی ورثہ سے عام لوگ بھی مستفید ہو سکیں۔ الحمد للہ! اس صورتِ حال سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ادارہ ''پروگریسو بکس' لاہور'' نے مختلف جہات سے کوششوں کو جاری رکھا ہوا ہے' اور اسی کی ایک کڑی کتب احادیث کا اُردو قالب میں ڈھالنا ہے' اس کے لیے برادرم مکرم نوجوان مدرس مترجم وقلمکار علامہ غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت انہیں میسر ہیں' اس نوجوان مذہبی دانشور نے اس سے پہلے مشہور کتب احادیث: ''مسند ابوداؤد طیالسی' المعجم الصغیر (طبرانی)' المعجم الاوسط (طبرانی) کو عربی سے اُردو قالب میں ڈھالا ہے' جو کہ اہلِ علم وتدریس کے ہاتھوں دادِ تحسین اور پذیرائی حاصل کر چکے ہیں' اب اسی سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے ہمارے اس مخلص وحکیم ساتھی نے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور متداول کتاب ''**المعجم الکبیر**'' کا اُردو ترجمہ کیا ہے' میں نے اس ترجمہ کی چیدہ چیدہ ورق گردانی کی ہے' یہ کافی حد تک سلاست وروانی کو سموئے ہوئے ہے' اللہ تعالیٰ مترجم مذکور کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور ان کے تمام علمی جواہر پاروں کا نفع دائمی فرمائے۔ آمین! بجاہ النبی الکریم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمدٍ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین!

ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان سندرانی لاہوری
ناظمِ اعلیٰ: جامعہ علمیہ' اچھرہ' لاہور



☆☆☆☆☆

باسمه سبحانه وتعالیٰ

ان الحمد لله تعالیٰ وصل اللهم علی سید الانبیاء وعلی اله واصحابه بررة التقی امابعد فاعوذ بالله من الشیطان الرجیم بسم الله الرحمن الرحیم :ما اتاکم الرسول فخذوه وما نهاکم عنه فانتهوا صدق الله العظیم

مولای صلی وسلم دائماً ابدًا علی حبیبك خیر الخلق کلهم

خالق ارض وسماوات اوراس کے محبوب مکرم نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے آخری امت امت محمدیہ ﷺ کے لیے اولین وکافی سرچشمہ ہدایت کتاب وسنت کوقرار دیا ہے۔اس لیے حفاظت قرآن مجید اوراس کے علوم کے فروغ کے ساتھ قرونِ اولی سے ہی ملت اسلامیہ کے افراد نے ہردور میں حفاظت حدیث اوراس کے علوم کے فروغ کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیے رکھیں، نبی کریم رؤف ورحیم ﷺ کی سنت وحدیث کی حفاظت ،اشاعت کتب حدیث کی تالیف اوران کی شروحات الغرض حدیث وسنت پرمختلف جہتون سے علمی وتحقیقی کام امت کے مختلف قرون میں جاری رہااورتاحال جاری ہے۔

امت کے عظیم محدثین اوکبارعلماء میں علم حدیث کی عظیم اولازوال خدمت کرنے والے علماء میں سے ایک عظیم محدث حافظ ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی ۳۶۰ھ ہیں جن کواللہ تعالیٰ نے سوسالہ زندگی عطافرمائی اورانہوں نے تیرہ سال کی عمرمیں حدیث کاسماع کیا۔علم حدیث میں آپ کامقام رفیع ہے۔

آپ کی تالیفات میں ایک گرانقدرتالیف''**المعجم الکبیر** ''ہےآپ کی اس تالیف پراردوخوان طبقہ اورعام قاری کے لیےادارہ پروگریسوبکس کی طرف س اس کتاب کااردوترجمہ پیش کیاجارہاہے۔جس کی سعادت حضرت مولاناغلام دستگیرسیالکوٹی کومیسرآئی ہے۔ادارہ کی علوم دینیہ تفسیر،حدیث اورفقہ وغیرہ کے لیےطباعتی خدمات اورکاوشیں مثالی ہیں۔محترم چوہدری غلام رسول صاحب اوران کے صاحبزادگان شہباز رسول ، جواد رسول اورشہزادرسول نہ صرف کاروباری نقطہ نظرسے بلکہ علوم دینیہ کی محبت اورخدمت کے جذبہ سے سرشارشب وروزکوشاں نظرآتے ہیں۔"**المعجم الکبیر** " کایہ اردوترجمہ بھی اسی سلسلہ میں ایک عمدہ اضافہ ہے۔مولاناغلام دستگیرسیالکوٹی صاحب نے"**المعجم الکبیر** " کاعمدہ ترجمہ کیاہےالبتہ بعض مقامات پربامحاورہ ترجمہ کی بجائےلفظی ترجمہ کوترجیح دی گئی ہے باقی جلدوں میں بامحاورہ ترجمہ کوترجیح دی جائےتویہ زیادہ بہترہوگا۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

میں دعا ہے کہ سنت وحدیث کی یہ خدمت مترجم اور ادارہ کے لیے صدقہ جاریہ بنے، دین ودنیا میں کامیابی وسرخروئی بالخصوص اخروی سعادتوں کے حصول کا ذریعہ بنے۔

آمین بجاہ سید المرسلین

**ڈاکٹر مفتی محمد حبیب قادری**

استاد الفقہ والحدیث المرکز الاسلامی شاد باغ، لاہور

خطیب: جامعہ نعیمیہ، لاہور

☆☆☆☆☆

# حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

## نام ونسبت، ولادت، خاندان، وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا، اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم، یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا، یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے، یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

## مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی، جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

- ☆ احمد بن عبدالقاہر
- ☆ حسن بن سہل
- ☆ حفص بن عمر
- ☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
- ☆ ابوزرعہ دمشقی
- ☆ احمد بن انس
- ☆ بشر بن موسیٰ
- ☆ یحییٰ بن ایوب علاف
- ☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
- ☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
- ☆ ادریس بن جعفر عطاء
- ☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

## حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

## تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں، لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض

(۲) کتاب المامون

(۳) کتاب الزہری عن انس

(۴) مسند ابی جحادہ

(۵) مسند عمارة بن غزیہ
(۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حریث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

## وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

# امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

## امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا اصغیر ہے' جاننا چاہئے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر تنصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور بہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب و غرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد و غرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور ﷺ کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبا لے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان، جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر و سیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی، بشر بن موسیٰ، ادریس عطاء، ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے، ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

## امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے، حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا کرتے تھے، اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تا کہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع حضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمہ الباب منعقد کیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں، وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے، کتاب المسالک، کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ، یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف شدہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی، چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

## علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

## اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دُنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے روبرو مشہور محدث ابوبکر جعابی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایںجا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خليفة قال حدثنا سليمانُ بن ايوبَ ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تا کہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا ردّ کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

# مقدمة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَصَلَوَاتُهُ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ اَجْمَعِينَ، هَذَا الْكِتَابُ اَلَّفْنَاهُ جَامِعًا لِعَدَدِ مَا انْتَهَى اِلَيْنَا مِمَّنْ رَوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، عَلَى حُرُوفِ اَلِفٍ ب ت ث، بَدَاْتُ فِيهِ بِالْعَشْرَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، لِاَنْ لَا يَتَقَدَّمَهُمْ اَحَدٌ غَيْرُهُمْ، خَرَّجْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ حَدِيثًا وَحَدِيثَيْنِ وَثَلَاثًا وَاَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى حَسَبِ كَثْرَةِ رِوَايَتِهِمْ وَقِلَّتِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنَ الْمُقِلِّينَ خَرَّجْتُ حَدِيثَهُ اَجْمَعَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ رِوَايَةٌ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَهُ ذِكْرٌ مِنْ اَصْحَابِهِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ تَقَدَّمَ مَوْتُهُ ذَكَرْتُهُ مِنْ كُتُبِ الْمَغَازِي وَتَارِيخِ الْعُلَمَاءِ، لِيُوقَفَ عَلَى عَدَدِ الرُّوَاةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذِكْرِ اَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَسَنُخْرِجُ مُسْنَدَهُمْ بِالِاسْتِقْصَاءِ عَلَى تَرْتِيبِ الْقَبَائِلِ بِعَوْنِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

# مقدمہ

اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان'
ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے' اس کی رحمتیں اس کے نبی پر جن کا نام نامی اسم گرامی محمد ﷺ ہے اور ان کی تمام آل پر۔ ہم نے اس کتاب کو تالیف کیا اس حال میں کہ یہ اکٹھا کرنے والی ہے' اس تمام تعداد کو جو ہم تک پہنچی ہے' ان حضرات میں سے جنہوں نے بلاواسطہ رسول کریم ﷺ سے روایات کی ہیں' خواہ وہ مرد ہیں یا عورتیں۔ اس کو الف' با' تا اور ثا حروف کی ترتیب پر جمع کیا ہے' میں نے عشرہ مبشرہ سے اس میں ابتداء کی ہے کیونکہ ان کے علاوہ کوئی بھی ان پر مقدم نہیں ہے' میں نے ہر شخصیت سے ایک' دو' تین یا اس سے زیادہ حدیثیں ضرور روایت کی ہیں کیونکہ کسی کی روایات زیادہ اور کسی کی کم ہیں' جن کی روایات کم ہیں' میں نے اس کی جامع حدیث روایت کی ہے اور جس نے رسول کریم ﷺ سے کوئی ایک حدیث بھی روایت نہیں کی لیکن اس کا نام ان صحابہ کرام کی فہرست میں ہے جنہوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ مل کر کسی غزوہ میں شہادت پائی یا اس کی موت کو تقدم حاصل ہے' یعنی حضور ﷺ کے دور میں فوت ہوا' تو میں نے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے میں نے کتب مغازی اور

علماء کی تاریخ کے حوالے سے جو کتب تھیں' ان سے استفادہ کیا ہے۔ مقصد صرف اتنا تھا کہ لوگ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرنے والے تمام حضرات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ کے ذکر سے واقف وآگاہ ہوں۔ ان شاء اللہ وحدہٗ! میرا ارادہ ہے (اگر زندہ نے وفا کی) قبائل کی ترتیب کے مطابق' اللہ کی مدد اور اس کی عطا کردہ قوت سے عنقریب ان کی مسانید مکمل طور پر روایت کروں گا۔

# نِسْبَةُ اَبِی بَكْرِ الصِّدِّيقِ وَاسْمُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

# حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت' آپ کا نام ابوبکر بن عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

1 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ، شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُمُّ الْخَيْرِ سَلْمَى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ، وَاُمُّ اُمِّ الْخَيْرِ: دِلَافٌ وَهِيَ اُمَيْمَةُ بِنْتُ عُبَيْدِ بْنِ نَاقِدِ الْخُزَاعِيِّ، وَجَدَّةُ اَبِي بَكْرٍ: اُمُّ اَبِي قُحَافَةَ مِنَةُ بِنْتُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ حُرْثَانَ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُوَيْجِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نام عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے' آپ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا نام اُم الخیر سلمٰی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہے۔

آپ کی نانی کا نام دلاف اُمیمہ بنت عبید بن ناقد الخزاعی' حضرت ابوبکر کی دادی کا نام اُم ابوقحافہ امینہ بنت عبدالعزیٰ بن حرثان بن عوف بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب۔

2 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ،

حضرت ہیثم بن عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام اُم الخیر بنت

1- تنظر ترجمته فی الاصابة جلد7صفحه44' والاستيعاب جلد3صفحه963 .

قَالَ: أُمُّ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ الْخَيْرِ بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، وَهَلَكَ أَبُو بَكْرٍ فَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ جَمِيعًا، وَكَانَا قَدْ أَسْلَمَا، وَمَاتَتْ أُمُّ أَبِي بَكْرٍ قَبْلَ أَبِيهِ

صخر بن عامر ہے۔ حضرت ابوبکر کا وصال ہوا آپ کے ماں باپ دونوں آپ کے وارث بنے' دونوں مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا وصال آپ کے والد سے پہلے ہوا تھا۔

**3** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ الشَّجَرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ خَازِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: أَسْلَمَتْ أُمُّ أَبِي بَكْرٍ، وَأُمُّ عُثْمَانَ، وَأُمُّ طَلْحَةَ، وَأُمُّ الزُّبَيْرِ، وَأُمُّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَأُمُّ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَيُقَالُ: عَتِيقُ بْنُ عُثْمَانَ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ عَتِيقًا لِحُسْنِ وَجْهِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان' حضرت طلحہ' حضرت زبیر' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم کی والدہ اسلام لا چکی تھیں' آپ کا نام عتیق بن عثمان تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ کا چہرہ بہت زیادہ خوبصورت تھا۔

**4** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: إِنَّمَا سُمِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَتِيقًا لِجَمَالِ وَجْهِهِ، وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عتیق چہرے کے خوبصورت ہونے کی وجہ سے تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

**5** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَفْصٍ عَمْرَو بْنَ عَلِيٍّ يَقُولُ: كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ

حضرت ابوحفص عمرو بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر گوشت کم تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ نے اپنے چہرے کو



---

3- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 415 رقم الحديث: 5584' عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس بلفظ: أسلمت أم ابي بكر الصديق وأم عثمان وأم طلحة وأم عمار بن ياسر وأم عبد الرحمن بن عوف وأم الزبير وأسلم سعد وأمه في الحياة .

4- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 69' عن الليث بن سعد به .

عَتِيقًا لِعَتَاقَةِ وَجْهِهِ، وَكَانَ اسْمُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ، وَقَدْ رُوِيَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

(جہنم سے) آزاد کرلیا تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ حضور ﷺ نے آپ کا نام عتیق اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

6 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ اَبِي قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ اسْمِ اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَتْ: عَبْدُ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ: عَتِيقٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا قُحَافَةَ كَانَ لَهُ ثَلَاثَةٌ فَسَمَّى وَاحِدًا عَتِيقًا، وَمُعَيْتِقًا، وَمُعْتَقًا

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے نام کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کا نام عبداللہ ہے۔ میں نے عرض کی: لوگ تو آپ کو عتیق کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حضرت ابوقحافہ نے آپ کے تین نام رکھے تھے: ایک نام عتیق' معتِقا' معتَقا۔

7 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ حضور ﷺ نے آپ کا نام اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

8 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَبِيبُ بْنُ زُرَيْقٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔



---

7- أخرجه نحوه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبرى جلد 2 صفحه 350 .

9 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: اَنْتَ عَتِيقٌ مِنَ النَّارِ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا

حضرت اسحاق بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اُم المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: حضرت ابوبکر' حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جہنم سے آزاد ہے! اس دن سے آپ کا نام عتیق رکھا گیا۔

10 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، وَاَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى عَتِيقٍ مِنَ النَّارِ، فَلْيَنْظُرْ اِلَى هَذَا ۔ قَالَتْ: وَاسْمُهُ الَّذِي سَمَّاهُ اَهْلُهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: جس کا ارادہ اُس کو دیکھنے کا ہو جو جہنم سے آزاد ہو چکا ہے تو وہ ابوبکر کو دیکھ لے۔ آپ کا نام گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان رکھا ہوا تھا۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: لَا نَعْلَمُ اَرْبَعَةً اَدْرَكُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبْنَاؤُهُمْ، اِلَّا

حضرت موسیٰ بن عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے ہیں کوئی بھی ایسے چار افراد جنہوں نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا ہو وہ مسلمان ہوئے ہوں مگر وہ یہی درج ذیل چار ہیں: ابوقحافہ' ابوبکر' عبدالرحمٰن' ابوعتیق بن عبدالرحمٰن۔ ابوعتیق کا نام محمد ہے۔ (نوٹ: ابوبکر'



---

9- أخرجه ابن أبی عاصم فی الآحاد والمثانی جلد1صفحه71 رقم الحدیث: 8 عن عبد الله بن الزبیر وانظر تاریخ الطبری جلد2صفحه350 .

10- أخرجه الحاکم فی المستدرك جلد 3صفحه64 رقم الحدیث: 4404' وأبو یعلی الموصلی فی مسنده جلد8 صفحه302 رقم الحدیث: 4899 .

هَؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةَ: اَبُو قُحَافَةَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، وَاَبُو عَتِيقِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاسْمُ اَبِي عَتِيقٍ مُحَمَّدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ کے والد گرامی ابوقحافہ آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن اور پوتے ابوعتیق محمد ہیں' یہ صحابیت کا شرف پانے والے ہیں لیکن ان کے علاوہ کوئی نہیں)

**12** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ جَلَسَ مَعَ شُفَيٍّ الْاَصْبَحِيِّ فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ بَعْدِي اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحَى دَارَةٍ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيَمُوتُ شَهِيدًا . قِيلَ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے' ابوبکر صدیق وہ میرے بعد کم مدت رہیں گے' چکی چلانے والا عزت سے زندگی گزارے گا اور شہادت کی موت پائے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہے۔ پھر آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سے لوگ قمیص اُتارنے کی کوشش کریں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر کوئی اُتارے گا تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس طرح سوئی کے ناکے میں سے اونٹ داخل ہوجائے۔

**13** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خلافت تیس سال رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی' دو سال خلافت حضرت ابوبکر کی' دس سال حضرت عمر کی' بارہ سال



---

12- أخرجه الطبراني في الأوسط جلد8صفحه319 رقم الحديث: 8749 .

13- أخرجه بهذا اللفظ على بن الجعد في مسنده جلد 1صفحه479 رقم الحديث: 3233' وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1صفحه116 رقم الحديث: 113' وفي السنة أيضًا جلد2صفحه563 رقم الحديث: 1180' وعبد الله بن أحمد في السنة جلد2صفحه591 رقم الحديث: 1402 .

صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُـمَّ يَكُونُ مُلْكًا قَالَ: اَمْسَكَ ثِنْتَيْنِ اَبُو بَكْرٍ، وَعَشْرًا عُـمَـرُ، وَاثْنَتَىْ عَشْرَةَ عُثْمَانُ، وَسِتًّا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عثمان کی' چھ سال حضرت علی رضی اللہ عنہم کی ہو گی۔

14 - حَـدَّثَـنَـا مُـعَـاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْـمَـدِيـنِـيِّ، ثـنـا اِسْـحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، ثنا مُـحَـمَّـدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَـنْ عِـمْـرَانَ بْـنِ ظَبْيَـانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى حَكِيمِ بْنِ سَـعْـدٍ، قَـالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَحْلِفُ: لَلّٰهُ اَنْزَلَ اسْمَ اَبِي بَكْرٍ مِنَ السَّمَاءِ الصِّدِّيقُ

حضرت ابویحیٰ حکیم بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قسم اُٹھا کر یہ کہتے ہوئے سنا: حضرت ابوبکر کا نام صدیق' اللہ عزوجل نے آسمان سے نازل کیا ہے۔

15 - حَـدَّثَـنَـا بُهْـلُولُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ الْاَنْبَـارِيُّ، ثـنـا اَبِـي، عَـنْ عَبْدِ الْاَعْلَـى بْنِ اَبِي الْـمُـسَـاوِرِ، عَـنْ عِـكْـرِمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَتْنِي اُمُّ هَانِءٍ، قَـالَـتْ: قَـالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُسْرِيَ بِهِ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى قُرَيْشٍ فَاُخْبِرَهُمْ، فَـاَخْبَـرَهُـمْ فَكَذَّبُوهُ، وَصَدَّقَهُ اَبُو بَكْرٍ فَسُمِّيَ يَوْمَئِذٍ الصِّدِّيقُ

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں نے قریش کی طرف جانے کا ارادہ کیا کہ ان کو بتاؤں' تو میں نے ان کو بتایا تو اُنہوں نے جھٹلایا' حضرت ابوبکر نے اس کی تصدیق کی' اس دن سے آپ کا نام صدیق رکھا گیا ہے۔

## صِفَةُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

16 - حَـدَّثَـنَـا طَاهِـرُ بْـنُ عِيسَى بْنِ قَيْرِسٍ الْـمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْـحَـارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قریش کے تین آدمی اچھے چہرے' اچھے اخلاق اور حیاء والے تھے' آپ کو بتاؤں تو آپ نے جھٹلانا نہیں' اگر تم

15- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 83 رقم الحديث: 39' بهذا اللفظ مع اختلاف بسيط من طريق عكرمة عن ام هانىء بنت أبي طالب عنها .

بْنَ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ اَصْبَحُ قُرَيْشٍ وُجُوهًا، وَاَحْسَنُهَا اَخْلَاقًا، وَاَثْبَتُهَا حَيَاءً، اِنْ حَدَّثُوكَ لَمْ يَكْذِبُوكَ، وَاِنْ حَدَّثْتَهُمْ لَمْ يُكَذِّبُوكَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَاَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بتاؤ گے تو تمہیں جھٹلایا نہیں جائے گا' وہ تین افراد ابوبکر صدیق' ابوعبیدہ بن جراح' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حناء اور کتم اور مہندی کے ساتھ خضاب لگاتے تھے۔

18 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَرْدًا ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف حناء کے ساتھ رنگتے تھے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت منقول ہے۔

19 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف مہندی لگاتے تھے۔



---

18- اخرجه ابو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 73 من طريق معمر عن قتادة وثابت عن أنس باسناده: أن عمر خضب بالحناء بحتا .

20 - ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، أَنَّهَا رَأَتْ رَجُلًا مَارًّا، وَهِيَ فِي هَوْدَجِهَا فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَشْبَهَ بِأَبِي بَكْرٍ مِنْ هَذَا ، فَقِيلَ لَهَا: صِفِي لَنَا أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَتْ: كَانَ رَجُلًا أَبْيَضَ نَحِيفًا خَفِيفَ الْعَارِضَيْنِ، أَحْنَا لَا تَسْتَمْسِكُ إِزْرَتُهُ، تَسْتَرْخِي عَنْ حَقْوَيْهِ، مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، غَائِرَ الْعَيْنَيْنِ، نَاتِءَ الْجَبْهَةِ، عَارِيَ الْأَشَاجِعِ هَذِهِ صِفَتُهُ

حضرت ابومنہال فرماتے ہیں: شریک میرے لیے کوفہ میں ایک درہم درہم کے بدلہ فروخت کیا' دونوں میں زیادتی کے ساتھ۔ میں نے کہا: میں ان کو درست نہیں مانتا ہوں' میں نے بازار میں فروخت کیا' کسی نے مجھ پر عیب نہیں لگایا۔ میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے آپ سے پوچھا' آپ نے فرمایا: حضور ﷺ مدینہ آئے' ہم اس طرح تجارت کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا: جو نقد نقد ہو اس میں کوئی حرج نہیں ہے' جو اُدھار ہو اس میں بھلائی نہیں ہے۔ میں حضرت زید بن ارقم کے پاس آیا کیونکہ وہ مجھ سے زیادہ تاجر تھے۔ میں آپ کے پاس آیا اور اس کا ذکر کیا تو حضرت ارقم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: براء نے سچ کہا۔ امام حمیدی فرماتے ہیں: یہ منسوخ ہے۔

457- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مُغِيرَةَ يَعْنِي ابْنَ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابونعیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید الخدری' حضرت ابن عباس سے ملے

---

456- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1212 رقم الحديث: 1589' والحميدي في مسنده جلد 2 صفحه 318 رقم الحديث: 727 كلاهما عن عمرو بن دينار عن أبي المنهال عن البراء وزيد بن أرقم به وقال الحميدي: هذا منسوخ ولا يؤخذ بهذا .

مِقْسَمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نُعْمٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، لَقِيَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَشَهِدَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَمَنْ زَادَ فَقَدْ أَرْبَى فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِمَّا كُنْتُ أُفْتِي بِهِ ثُمَّ رَجَعَ

حضورﷺ کی حدیث بیان کی کہ آپ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے اور چاندی چاندی کے بدلے برابر برابر فروخت کرنا جائز ہے۔ جس نے اضافہ کیا اُس نے سود کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' اس کے متعلق جو میں فتویٰ دیتا تھا' پھر آپ نے رجوع کیا۔

**458** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي ثُبَيْتٍ الرَّاسِبِيِّ، وَغَالِبِ الْقَطَّانِ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ، عَنِ الدِّرْهَمِ بِالدِّرْهَمَيْنِ يَدًا بِيَدٍ، قَالَ: لَا أَرَى بِمَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ بَأْسًا ثُمَّ قَدِمْتُ مَكَّةَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ وَقَدْ نَهَى عَنْهُ

حضرت ابوالجوزاء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا کہ ایک درہم کے بدلے دو درہم نقد نقد فروخت کرنے کے متعلق' آپ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے' جب نقد نقد ہو' پھر میں آئندہ سال مکہ آیا تو آپ نے اس سے منع کیا۔

**459** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا أَبُو الشَّعْثَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَتُوبُ إِلَيْكَ مِنَ الصَّرْفِ، إِنَّمَا هَذَا مِنْ رَأْيِي وَهَذَا أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ يَرْوِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوالشعثاء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں تجھ سے بیع صرف کے متعلق توبہ کرتا ہوں' یہ میری اپنی رائے ہے اور ابوسعید الخدری' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

**460** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثُمَّ عِيسَى بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو غِفَارٍ الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الشَّعْثَاءِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ مِنَ الصَّرْفِ

حضرت ابوالشعثاء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا: میں اللہ کی بارگاہ میں بخشش مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

**461** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، قَالَ: قَالَ اَبُو سَعِيدٍ لِابْنِ عَبَّاسٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ: تُبْ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ. فَقَالَ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ. قَالَ: اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، وَقَالَ: اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكُمُ الرِّبَا؟ قُلْتُ لِعَطِيَّةَ: مَا الرِّبَا؟ قَالَ: الزِّيَادَةُ وَالْفَضْلُ بَيْنَهُمَا

حضرت عطیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ اللہ عزوجل کی بارگاہ میں توبہ کریں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کو معلوم نہیں ہے کہ حضور ﷺ نے سونے کو سونے اور چاندی کو چاندی کے بدلے فروخت کرنے سے منع کیا ہے اور فرمایا: میں تم پر سود کا خوف کرتا ہوں۔ حضرت فضیل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطیہ سے کہا: سود کیا ہے؟ فرمایا: زیادتی اور زیادتی دونوں کے درمیان ہو۔

**462** - وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا طَالُوتُ بْنُ عَبَّادٍ الصَّيْرَفِيُّ، قَالَا: ثنا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو غِيَاثٍ الْعَتَكِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ بَكْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيَّ، يُحَدِّثُ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، جَاءَ مِنَ الْمَدِينَةِ اِلَى مَكَّةَ وَجِئْتُ مَعَهُ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهُ لَا بَاْسَ بِالصَّرْفِ مَا كَانَ مِنْهُ يَدًا بِيَدٍ، اِنَّمَا الرِّبَا فِي النَّسِيئَةِ، فَطَارَتْ كَلِمَةٌ فِي اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، حَتَّى اِذَا انْقَضَى الْمَوْسِمُ دَخَلَ عَلَيْهِ اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، اَكَلْتَ الرِّبَا وَاَطْعَمْتَهُ؟ قَالَ: اَوَفَعَلْتُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ تِبْرُهُ وَعَيْنُهُ، فَمَنْ زَادَ اَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبَا، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا

حضرت سالم بن عبداللہ ابوغیاث العتکی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بکر بن عبداللہ مزنی کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مدینہ سے مکہ آئے' میں آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! پیسے روپے کی بیع جائز ہے نقد ونقد' سود اُدھار میں ہے' یہ بات مشرق سے لے کر مغرب تک پھیل گئی' جب حج کا موسم ختم ہوا تو حضرت ابوسعید الخدری' حضرت ابن عباس کے پاس آئے۔ فرمایا: اے ابن عباس! آپ نے خود بھی سود کھایا اور لوگوں کو کھلایا ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا میں نے ایسے کیا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضور ﷺ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے وزن کر کے برابر برابر' ٹکڑے

بِمِثْلٍ تِبْرُهُ وَعَيْنُهُ، فَمَنْ زَادَ اَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبَا، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ فَمَنْ زَادَ اَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبَا حَتَّى إِذَا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ جَاءَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَجِئْتُ مَعَهُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي تَكَلَّمْتُ عَامَ اَوَّلٍ بِكَلِمَةٍ مِنْ رَأْيِي، وَاِنِّي اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْهُ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ مِثْلًا بِمِثْلٍ تِبْرُهُ وَعَيْنُهُ فَمَنْ زَادَ وَاسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبَا وَاَعَادَ عَلَيْهِمْ هَذِهِ الْاَنْوَاعَ السِّتَّةَ

اوراس کا عین جائز ہے' جس نے زیادہ کیا یا اضافہ طلب کیا' اُس نے سودی کاروبار کیا' اور جَو جَو کے بدلے' کھجور کھجور کے بدلے' نمک نمک کے بدلے برابر برابر جائز ہے' جس نے اضافہ کیا یا اضافہ کروایا' اُس نے سودی کاروبار کیا۔ جب آئندہ سال حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما آئے' میں آپ کے ساتھ آیا' آپ نے اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! میں نے پچھلے سال ایک بات کی تھی جو میری رائے تھی' میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں کیونکہ حضورﷺ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے وزن کر کے برابر برابر اس کے ٹکڑے اور یا عین جائز ہے' جس نے زیادتی کی یا اضافہ کروایا' اُس نے سودی کاروبار کیا' آپ نے ان کے سامنے ان چھ چیزوں کا ذکر کیا۔

463 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ مَرْزُوقٍ، ثنا اَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا ظَهَرَ الزِّنَا وَالرِّبَا فِي قَرْيَةٍ، فَقَدْ اَحَلُّوا بِاَنْفُسِهِمْ كِتَابَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب زنا اور سود کسی گاؤں میں عام ہو تو اُنہوں نے اس عذاب کو اپنے اوپر حلال کرلیا جو اللہ نے کتاب اللہ میں بیان کیا ہے۔

## تَمَامُ حَدِيثِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

## حضرت اسامہ بن زید کی مکمل حدیثیں

464 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



463- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه43 رقم الحديث: 2261 عن ابن عباس به .

اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَعَلَ اللّٰهُ مَنِيَّةَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ اِلَّا جَعَلَ لَهُ فِيهَا حَاجَةً

حضورﷺ نے فرمایا: جس جگہ کسی نے مرنا ہوتا ہے' وہاں اللہ عزوجل اس کی ضرورت رکھ دیتا ہے۔

**465** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ كَانَ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تَرْفَعْ رَاحِلَتُهُ رِجْلَهَا عَادِيَةً حَتَّى اَتَى جَمْعًا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پیچھے سوار تھا' آپ نے سواری سے اپنا پاؤں نہیں اُٹھایا یہاں تک کہ آپ مزدلفہ آئے۔

## واُسَامَةُ بْنُ شَرِيكٍ الثَّعْلَبِيُّ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ يَرْبُوعٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّدَاوِي وَتَرْكِ الْغِيبَةِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ

## بنی ثعلبہ بن یربوع رحمۃ اللہ علیہ کے اسامہ بن شریک ثعلبی رضی اللہ عنہ یہ باب ہے اُن حدیثوں کے بیان میں جو دوا کرنے اور غیبت نہ کرنے اور اچھے اخلاق کے متعلق آئی ہیں' اُن کے بیان میں

**466** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَكَانَ عَلَى رُءُوسِ اَصْحَابِهِ الطَّيْرُ، فَجَاءَتْهُ الْاَعْرَابُ مِنْ هَهُنَا وَهَهُنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس مقامِ عرفات میں آیا' میں نے آپ کو سلام کیا' آپ کے صحابہ آپ کے اردگرد ایسے تشریف فرما تھے جس طرح ان کے سروں پر پرندے ہیں' دیہات کے لوگ اِدھر اُدھر سے آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج

وَكَذَا؟ عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عِبَادَ اللّٰهِ، رَفَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ إِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ ظُلْمًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرَجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَتَدَاوَى؟ قَالَ: تَدَاوَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً إِلَّا وَضَعَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا الْهَرَمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ النَّاسُ؟ فَقَالَ: إِنَّ النَّاسَ لَمْ يُعْطَوْا شَيْئًا خَيْرًا مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ

ہے؟ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اللہ عزوجل نے حرج اُٹھالی ہے مگر جس نے کسی مسلمان سے ظلماً قرض لیا تو یہ حرام ہے اور ہلاکت ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: دواء لو! کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں بھیجی مگر اس کی دواء بھی بنائی ہے سوائے موت کے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں کو جو سب سے بہتر چیز دی گئی ہے وہ کیا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: لوگوں کو سب سے اچھی شی جو دی گئی ہے وہ اچھا اخلاق ہے۔

467 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالُوا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَهُ الْأَعْرَابُ: نَاسٌ كَثِيرٌ مِنْ هَهُنَا وَهَهُنَا، فَأَسْكَتَ النَّاسُ لَا يَتَكَلَّمُ غَيْرُهُمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَعَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ فِي أَشْيَاءَ مِنْ أُمُورِ النَّاسِ لَا بَأْسَ بِهَا، فَقَالَ: عِبَادَ اللّٰهِ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ إِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ امْرَأً ظُلْمًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرَجَ وَهَلَكَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَعَلَيْنَا حَرَجٌ أَنْ نَتَدَاوَى؟ قَالَ: تَدَاوَوْا عِبَادَ اللّٰهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَضَعْ دَاءً إِلَّا وَضَعَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا الْهَرَمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْمَرْءُ؟ قَالَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس مقامِ عرفات میں آیا' میں نے آپ کو سلام کیا' آپ کے صحابہ آپ کے اردگرد ایسے تشریف فرما تھے جس طرح ان کے سروں پر پرندے ہیں' دیہات کے لوگ اِدھر اُدھر سے آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اللہ عزوجل نے حرج اُٹھالی ہے مگر جس نے کسی مسلمان سے ظلماً قرض لیا تو یہ حرام ہے اور ہلاکت ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: دواء لو! کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں بھیجی مگر اس کی دواء بھی رکھی ہے سوائے موت کے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں کو جو سب سے بہتر چیز دی گئی ہے' وہ کیا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: لوگوں کو

سب سے اچھی شی جودی گئی ہے وہ اچھا اخلاق ہے۔

468 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَا: اَنَا زَائِدَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتِ الْاَعْرَابُ فَسَاَلُوهُ: مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ النَّاسُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: نَعَمْ، عِبَادَ اللّٰهِ، تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَضَعْ فِي الْاَرْضِ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ قَالُوا: وَمَا هُوَ؟ قَالَ: الْهَرَمُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس تھا' دیہات کے لوگ آپ کے پاس پوچھنے کے لیے آئے' اُنہوں نے پوچھا: لوگوں کو سب سے بہتر شی کیا دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق! اُنہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اللہ کے بندو! دواء لو کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بھی بیماری اُتاری ہے تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے' سوائے ایک بیماری کے۔ صحابہ کرام نے عرض کی؟ وہ کیا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: موت۔

469 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَتَاهُ الْاَعْرَابُ، فَقَالُوا: عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا، عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا فِي اَشْيَاءَ مِنْ اُمُورِهِمْ لَا بَاْسَ بِهَا؟ فَقَالَ: عِبَادَ اللّٰهِ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا مِنْ رَجُلٍ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، فَذٰلِكَ الَّذِي حَرَجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: نَعَمْ، تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْاِنْسَانُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس مقامِ عرفات میں آیا' میں نے آپ کو سلام کیا' آپ کے صحابہ آپ کے اردگرد ایسے تشریف فرما تھے جس طرح ان کے سروں پر پرندے ہیں' دیہات کے لوگ اِدھر اُدھر سے آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اللہ عزوجل نے حرج اُٹھالی ہے مگر جس نے کسی مسلمان آدمی کی عزت پر حملہ کیا تو یہ حرام ہے اور ہلاکت ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: دواء لو! کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں بھیجی مگر اس کی دواء بھی رکھی سوائے موت کے۔ اُنہوں

نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں کو جو سب سے بہتر چیز دی گئی ہے' وہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو سب سے اچھی شی جو دی گئی ہے وہ اچھا اخلاق ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَتِ الْاَعْرَابُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا وَكَذَا؟ الْحَدِيثَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا تھا' ہر جگہ کے دیہاتی آئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ایسی ایسی شی کے بارے میں ہمارے لیے کوئی حرج ہے؟ پھر باقی حدیث مکمل ذکر کی۔

470 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: حَضَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: حُسْنُ الْخُلُقِ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' آپ سے پوچھا گیا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق!

471 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: شَهِدْتُ الْاَعْرَابَ يَسْاَلُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَرَجٌ فِي كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ لَهُمْ: عِبَادَ اللّٰهِ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ اَخِيهِ شَيْئًا، فَذَلِكَ الَّذِي حَرَجَ، وَقَالَ: تَدَاوَوْا عِبَادَ اللّٰهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ مَعَهُ شِفَاءً اِلَّا الْهَرَمَ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْعَبْدُ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں وہاں موجود تھا جب دیہات کے لوگ حضور ﷺ سے پوچھنے لگے کہ کیا اس اس طرح کرنے میں حرج ہے؟ آپ نے ان سے فرمایا: اللہ کے بندو! اللہ نے حرج اُٹھا دی ہے سوائے اس کے جس نے اپنے بھائی کی عزت سے کوئی شی لی' یہ حرج ہے۔ اور فرمایا: دواء لو! اللہ کے بندو! کیونکہ اللہ عزوجل نے جو بیماری بھی نازل کی ہے' ساتھ اس کے شفاء بھی نازل کی ہے' سوائے موت کے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! بندے کو سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: حسن خلق۔

**472** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَفْضَلُ مَا اُعْطِيَ الْمُسْلِمُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! مسلمان کو سب سے افضل شی کون سی دی گئی ہے: آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

واسامة بن شريك الثعلبي من بني ثعلبة بن يربوع رحمه الله......

**473** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّ عَلَى رُءُوسِنَا الطَّيْرَ، مَا يَتَكَلَّمُ مِنَّا مُتَكَلِّمٌ اِذْ جَاءَهُ اُنَاسٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَفْتِنَا فِي كَذَا، اَفْتِنَا فِي كَذَا، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ اَخِيهِ قَرْضًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، اَفَنَتَدَاوَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا هُوَ؟ قَالَ: الْهَرَمُ، قَالُوا: فَمَنْ اَحَبُّ عِبَادِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اس طرح کہ گویا ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں' ہم میں سے کوئی آپ سے گفتگو نہ کرتا تھا' کچھ لوگ آپ کے پاس آئے (آپ نے فرمایا:) اللہ نے حرج اُٹھالی ہے سوائے اس کے جس نے اپنے بھائی کی عزت کے متعلق کچھ کہا' یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! لو کیونکہ اللہ عزوجل نے جو بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے ایک بیماری کے۔ اُنہوں نے عرض کی: وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: موت۔ اُنہوں نے عرض کی: اللہ کے بندوں میں سے کون اللہ کو زیادہ پسند ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھے اخلاق والا۔

**474** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ح وَحَدَّثَنَا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ حج کرنے کے لیے نکلا'

---

474- اخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 4 صفحه 237 رقم الحديث: 2774' وابو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 173 رقم الحديث: 1387' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 5 صفحه 146 رقم الحديث: 9431' والدارقطني في سننه جلد 2 صفحه 251 رقم الحديث: 67 كلهم عن الشيباني عن زياد بن علاقة عن أسامة بن شريك به .

الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، كِلَاهُمَا عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجًّا، فَكَانَ النَّاسُ يَاْتُونَهُ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَعَيْتُ قَبْلَ اَنْ اَطُوفَ، اَوْ اَخَّرْتُ شَيْئًا، فَكَانَ يَقُولُ لَهُمْ: لَا حَرَجَ اِلَّا عَلَى رَجُلٍ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ وَهُوَ ظَالِمٌ، فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ

لوگ آپ کے پاس آئے ایک عرض کرنے والے نے عرض کی: میں سعی کروں یا پہلے طواف کروں یا کوئی شی مؤخر کروں؟ آپ ان کو کہتے رہے کہ کوئی حرج نہیں ہے سوائے اس کے جس نے مسلمان کی عزت کو خراب کیا ہو تو وہ ظالم ہے۔

475 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَسْبَاطٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ حَلَقَ قَبْلَ اَنْ يَذْبَحَ، قَالَ: لَا حَرَجَ فَلْيَحْلِقْ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے یہ پوچھا گیا کہ کوئی ذبح سے پہلے حلق کروا لے؟ آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے حلق کروا لے۔

476 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، جَمِيعًا عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنَ الْاَعْرَابِ فَسَاَلُوهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: نَعَمْ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے دیہات سے کچھ لوگ آپ کی بارگاہ میں آئے انہوں نے آپ سے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! کیونکہ اللہ عزوجل نے ہر بیماری کی شفاء بھی نازل کی ہے۔

477 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ

حضرت زیاد بن علاقہ سے روایت ہے کہ ان کی قوم سے ایک آدمی نے پوچھا جن کا نام اسامہ بن

مِسْعَرٍ، وَلَيْثٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ يُقَالُ لَهُ: أُسَامَةُ بْنُ شَرِيكٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ مَا أَفْضَلُ مَا أُوتِيَ النَّاسُ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

شریک تھا۔ اُس نے کہا کہ حضور ﷺ سے حج کے موقع پر پوچھا گیا: لوگوں کو سب سے افضل کون سی شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔



478 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَسْأَلُونَهُ، وَهَذَا يَقُولُ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَنْحَرَ، وَهَذَا يَقُولُ: فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا قَبْلُ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا حَرَجَ لَا حَرَجَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' لوگ آپ سے پوچھتے' یہ عرض کرنے لگے: میں نے نحر سے پہلے حلق کروایا ہے' یہ کہتا ہے کہ میں نے اس سے پہلے ایسے ایسے کیا ہے؟ حضور ﷺ فرماتے رہے: کوئی حرج نہیں ہے' کوئی حرج نہیں ہے۔

479 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: جَاءَتِ الْأَعْرَابُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُونَهُ: عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ فَقَالَ: وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ إِلَّا عَلَى رَجُلٍ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ أَخِيهِ فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، وَقَالَ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ دَاءٍ إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً إِلَّا الْهَرَمَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ سے پوچھنے کے لیے' ہم پر ایسے کرنے میں حرج ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حرج معاف کر دی ہے سوائے اس آدمی کے جس نے اپنے بھائی پر ظلم کیا ہو' یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے۔

480 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے لوگ حضور ﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں میں سے بہتر

بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: جَاءَتِ الْاَعْرَابُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: نَعَمْ، تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ الشِّفَاءَ

کون ہے؟ آپ نے فرمایا: سب سے اچھے اخلاق والا۔ اُنہوں نے عرض کیا: کیا ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: دواء لو کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے۔

**481** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ الْاَخْرَمُ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ الْمُسْلِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، فَقَالَ: اَتَى الْاَعْرَابُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ قَالَ: لَا حَرَجَ وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا امْرِءًا اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ اَخِيهِ فَذَلِكَ الْحَرَجُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: تَدَاوَوْا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اَلَا وَقَدْ اَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً اِلَّا الْهَرَمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْاِنْسَانُ؟ قَالَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے لوگ رسول کریم ﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اللہ عزوجل نے حرج اُٹھالی ہے مگر جس نے کسی مسلمان آدمی پر ظلم کیا ہے تو یہ حرام ہے اور ہلاکت ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: دواء لو! کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نہیں بھیجی مگر اس کی دواء بھی رکھی سوائے موت کے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں کو جو سب سے بہتر چیز دی گئی ہے' وہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو سب سے اچھی شی جو دی گئی ہے وہ اچھا اخلاق ہے۔

**482** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، وَاَبُو حَنِيفَةَ مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْاَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ مِنَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ کی بارگاہ میں دیہات کے کچھ لوگ تلواریں لٹکائے ہوئے آئے اور آپ پر جھک کر کھڑے ہو گئے اور آپ سے پوچھنے لگے' ہم نے حضور ﷺ کے متعلق خوف کیا' ہم اُن کے قریب

الْاَعْرَابِ مُتَقَلِّدِي السُّيُوفِ، فَاَكَبُّوا عَلَيْهِ يَسْاَلُونَهُ، فَاشْفَقْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَنَوْنَا مِنْهُمْ، قَالَ: وَسَمِعْتُهُمْ يَقُولُونَ: هَلْ عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ هَلْ عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا رَجُلٌ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ اَخِيهِ مُسْلِمًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَتَدَاوَى مِنْ كَذَا؟ نَتَدَاوَى مِنْ كَذَا؟ قَالَ: تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً اِلَّا الْهَرَمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْعَبْدُ الْمُسْلِمُ فِي الدُّنْيَا؟ قَالَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ

ہوئے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے انہیں کہتے ہوئے سنا: کیا ہم پر حرج ہے اس طرح کرنے میں؟ کیا ہم پر حرج ہے اس طرح کرنے میں؟ آپ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ نے حرج معاف کی ہے سوائے اس آدمی کے جس نے ظلم کیا ہے اس پر حرج اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دواء لیں اس بیماری کے لیے؟ کیا ہم دواء لیں اس بیماری کے لیے؟ آپ نے فرمایا: دواء لو! کیونکہ اللہ عزوجل نے جو بیماری بھی نازل کی ہے اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے موت کے۔ اُنہوں نے عرض کی: بندہ مسلمان کو دنیا میں سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

483 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ الثَّعْلَبِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ اَعْرَابِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِي مَا لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ؟ قَالَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بتائیں کہ مسلمان کے لیے کیا بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

484 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَمَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَامِرِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، وَغَيْرِ وَاحِدٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنَ الْاَعْرَابِ يَسْاَلُونَهُ عَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ عَلَيْنَا حَرَجٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' دیہات کے کچھ لوگ آپ کے پاس آئے' آپ سے دائیں بائیں جانب سے پوچھنے لگے' عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! کیا ہم پر حرج ہے اس اس طرح کرنے میں؟ دومرتبہ کہا' حضور ﷺ نے فرمایا: حرج اللہ نے معاف کر دی ہے مگر سوائے اس کے کہ جس نے مسلمان پر ظلم کیا ہو' یہ حرج

فِي كَذَا وَكَذَا؟ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَضَعَ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ امْرَأً مُسْلِمًا ظُلْمًا اَوْ قَالَ: بِظُلْمٍ فَذٰلِكَ حَرِجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَى مِنْ كَذَا وَكَذَا؟ مَرَّتَيْنِ، قَالَ: نَعَمْ، تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ، الْهَرَمُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ النَّاسُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اس بیماری میں سواء لیں؟ دومرتبہ عرض کیا' آپ نے فرمایا: ہاں! دواء لو کیونکہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء نازل کی ہے سوائے ایک شی کے اور وہ موت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: لوگوں کو سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

**485** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ الْاَعْرَابُ مِنْ كُلِّ نَحْوٍ حَتّٰى كَثُرُوا عَلَيْهِ، وَسَكَتَ النَّاسُ، فَنَادَوْا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً غَيْرَ وَاحِدٍ قَالُوا: مَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْهَرَمُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ لِلْاِنْسَانُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ، فَنَادَوْا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا وَكَذَا؟ مِمَّا يَكُونُ مِنَ النَّاسِ، قَالَ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ امْرِءٍ فَذٰلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا' دیہات کے لوگ ہر طرف سے آئے یہاں تک کہ بہت زیادہ ہو گئے' صحابہ کرام خاموش ہو گئے' اُنہوں نے بلند آواز میں عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم دواء لیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں لو! اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی ہے تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے ایک کے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: موت! اُنہوں نے عرض کی: لوگوں کو سب سے بہتر کون سی شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھے اخلاق! اُنہوں نے آپ کو آواز دی اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ آپ نے فرمایا: اے اللہ کے بندو! اللہ عزوجل نے حرج معاف کی ہے سوائے اس کے کہ جس نے کسی مسلمان بندے پر ظلم کیا ہو تو یہ حرج اور ہلاکت ہے۔

**486** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، ثنا أَبُو الْعَوَّامِ عِمْرَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَقُولُ: أُمَّكَ وَأَبَاكَ، وَأُخْتَكَ وَأَخَاكَ، ثُمَّ أَدْنَاكَ قَالَ: فَجَاءَ قَوْمٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَتَلَنَا بَنُو يَرْبُوعٍ؟ فَقَالَ: لَا تَجْنِي نَفْسٌ عَلَى أُخْرَى قَالَ: ثُمَّ سَأَلَهُ رَجُلٌ نَسِيَ أَنْ يَرْمِيَ الْجِمَارَ، قَالَ: ارْمِ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ أَتَاهُ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَسِيتُ الطَّوَافَ، فَقَالَ: طُفْ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ أَتَاهُ آخَرُ: حَلَقَ قَبْلَ أَنْ يَذْبَحَ . قَالَ: اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ قَالَ: فَمَا سَأَلُوهُ يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا قَالَ: لَا حَرَجَ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ قَالَ: أَذْهَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْحَرَجَ إِلَّا رَجُلٌ اقْتَرَضَ مُسْلِمًا فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، وَقَالَ: مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا الْهَرَمَ

کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر فرماتے ہوئے سنا' آپ فرما رہے تھے: تیری ماں تیرا باپ اور تیری بہن اور تیرا بھائی' پھر اس کے بعد جو تیرے قریب ہے' وہ زیادہ لائق ہیں صلہ رحمی کے۔ کچھ لوگ آپ کے پاس آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے بنو یربوع کو مارا ہے؟ آپ نے فرمایا: کوئی ایک جان' دوسری جان پر زیادتی نہ کرے۔ پھر دوسرے نے پوچھا: ایک آدمی کنکری مارنا بھول جائے تو؟ آپ نے فرمایا: مارو! کوئی حرج نہیں۔ پھر ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں طواف کرنا بھول گیا ہوں؟ آپ نے فرمایا: طواف کرو! کوئی حرج نہیں ہے۔ پھر تیسرا آیا' اُس نے عرض کی: میں نے ذبح سے پہلے حلق کروا لیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ذبح کر! کوئی حرج نہیں ہے۔ اس دن آپ سے جس شی کے متعلق بھی پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے! کوئی حرج نہیں ہے! پھر آپ نے فرمایا: اللہ نے حرج معاف کر دی سوائے اس آدمی کے کہ جس نے ظلم کیا ہو کسی مسلمان پر' تو یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھی نازل کی تو اس کی شفاء بھی نازل کی ہے سوائے موت کے۔

**487** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّلَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَحْمَسِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَسَدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ قُطْبَةَ، قَالَ: كَانَ الْأَعْرَابُ إِذَا جَاءُوا

حضرت قطبہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے لوگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' ہم ان کی جفا کی وجہ سے ان کو موقعہ غنیمت کہتے' وہ آئے اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے ایسے کرنے میں حرج ہے؟ آپ نے

إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَنَمْنَاهُمْ لِجَفَائِهِمْ، فَجَاءُوا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلَيْنَا حَرَجٌ فِي كَذَا؟ قَالَ: لَا حَرَجَ، وُضِعَ الْحَرَجُ عِبَادَ اللّٰهِ، إِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ أَخِيهِ بِظُلْمٍ فَذَلِكَ الَّذِي حَرِجَ وَهَلَكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْإِنْسَانُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ هَكَذَا رَوَاهُ وَهْبُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ وَهِمَ فِيهِ، وَالصَّوَابُ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ

فرمایا: اے اللہ کے بندو! کوئی حرج نہیں ہے! اللہ عزوجل نے حرج معاف کر دی ہے سوائے اس کے کہ جس نے اپنے مسلمان بھائی پر ظلم کیا ہو یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! انسان کو سب سے بہتر کیا شی دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔ اسی طرح جناب وہب بن اسماعیل نے محمد بن قیس سے اسے روایت کیا' انہیں اس میں وہم ہوا' صحیح عن اسامہ بن شریک ہے۔

**488** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا أَصْحَابُهُ كَأَنَّ عَلَى رُءُوسِهِمُ الطَّيْرَ

حضرت اسامہ بن شریک فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا تو صحابہ کرام آپ کے پاس ایسے بیٹھے تھے جس طرح ان کے سروں پر پرندے ہوتے ہیں۔

# بَابُ مَا جَاءَ فِي لُزُومِ الْجَمَاعَةِ، وَالنَّهْيِ عَنْ مُفَارَقَتِهَا وَغَيْرِ ذَلِكَ

# یہ باب ہے جماعت کو لازماً پکڑنے اور ان سے علیحدگی کی نہی وغیرہ اور اس کے علاوہ کے متعلق حدیثیں آئی ہیں

**489** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی نکلے میری اُمت میں تفریق کرے' اس کی گردن اُڑا دو۔ اس حدیث کو



489- أخرج نحوه النسائي في السنن الكبرى جلد2صفحه293 رقم الحديث: 3486' وفي سنن النسائي (المجتبى) جلد7صفحه93' وابو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد4صفحه176 رقم الحديث: 1391 كلاهما عن زيد بن عطاء عن زياد بن علاقة عن أسامة بن شريك به.

أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا رَجُلٍ خَرَجَ يُفَرِّقُ بَيْنَ أُمَّتِي فَاضْرِبُوا عُنُقَهُ هٰكَذَا رَوَاهُ زَيْدُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ، وَالصَّوَابُ عَنْ عَرْفَجَةَ، وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ

زید بن عطاء بن سائب نے زیاد بن علاقہ سے وہ اسامہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ یہ عرفجہ سے روایت ہے۔ اسی طرح اس حدیث کو محمد بن بشیر مجالد سے روایت کرتے ہیں۔

**490** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ أُمَّتِي وَهُمْ جَمِيعٌ فَاضْرِبُوا رَأْسَهُ كَائِنًا مَنْ كَانَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میری اُمت میں تفریق کرے اس حالت میں کہ وہ اکٹھی تھی تو اس کی گردن اُڑا دو وہ جو بھی ہو۔

**491** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، فَإِذَا شَذَّ الشَّاذُّ مِنْهُمُ اخْتَطَفَهُ الشَّيْطَانُ كَمَا يَخْتَطِفُ الذِّئْبُ الشَّاةَ مِنَ الْغَنَمِ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا دستِ قدرت جماعت پر ہے جب کوئی جماعت سے علیحدہ ہو تو شیطان اُس کو ایسے اُچک لیتا ہے جس طرح بھیڑیا بکریوں کو اُچک لیتا ہے۔

**492** - ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنِ أَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: وُزِنَ أَصْحَابِي اللَّيْلَةَ فَوُزِنَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ وُزِنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن فرمایا: آج رات میرے صحابہ کا وزن کیا گیا ابوبکر صدیق کا وزن کیا گیا پھر عمر کا وزن کیا گیا پھر عثمان کا وزن کیا گیا۔ یہ حدیث اسی طرح یزید بن ہارون اور سعدویہ روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبدالاعلیٰ بن ابومساور سے وہ زیاد بن علاقہ سے

عَنْهُ، ثُمَّ وُزِنَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هَكَذَا رَوَاهُ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَرَوَاهُ سَعْدَوَيْهِ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَرْفَجَةَ

وہ قطبہ بن مالک سے وہ عرفجہ سے روایت کرتے ہیں۔

**493** - ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کالے دانہ (زیرہ) میں سوائے موت کے ہر بیماری کی شفاء ہے۔

**494** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، ثنا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، وَعَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةٌ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مقیم موزوں پر ایک دن و رات مسح کرے گا اور مسافر تین دن و رات کرے گا۔

**495** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَالِحٍ الدَّهَّانُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِعَمَلٍ . قُلْنَا: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى رَاْسِهِ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی بھی جنت میں اپنے عمل کی وجہ سے داخل نہیں ہوگا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں! مگر یہ ہے کہ اللہ نے مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لیا ہے آپ نے اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھا۔

**496** - وَبِاِسْنَادِهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَمَعَهُ شَيْطَانٌ قُلْنَا: وَاَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاَنَا، اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَعَانَنِي عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے ہر ایک کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی؟ آپ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی مگر یہ کہ اللہ عزوجل نے اُس پر میری مدد کی' وہ مسلمان ہوگیا ہے۔

**497** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْاَقْمَرِ، حَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ شَرِيكٍ الثَّعْلَبِيُّ، قَالَ: اِنِّي لَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قُرِّبَتْ اِلَيْهِ جِنَازَةٌ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَالْتَفَتَ فَبَصُرَ بِامْرَاَةٍ مُقْبِلَةٍ، فَقَالَ: رُدُّوهَا فَرَدُّوهَا مِرَارًا حَتَّى تَوَارَتْ، فَلَمَّا رَآهَا تَوَارَتْ كَبَّرَ عَلَيْهَا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' اچانک آپ کے پاس ایک جنازہ لایا گیا نمازِ جنازہ پڑھانے کے لیے' آپ نے دیکھا تو ایک عورت رو رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: اس کو واپس کرو! اس کو واپس کرو! یہاں تک کہ وہ آنکھوں سے اوجھل ہوگئی۔ جب آپ نے دیکھا کہ وہ آنکھوں سے اوجھل ہوگئی ہے تو آپ نے تکبیر کہی۔

## اُسَامَةُ بْنُ عُمَيْرٍ الْهُذَلِيُّ ابْنِ عَامِرِ بْنِ الْاَشْتَرِ مِنْ هُذَيْلِ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ ثُمَّ مِنْ بَنِي لِحْيَانَ

## حضرت اسامہ بن عمیر الہذلی ابن عامر بن اشتر' قبیلہ ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر اور بنی لحیان سے

### بَابُ الرُّخْصَةِ فِي اِقَامَةِ الصَّلَاةِ فِي الرَّوَاحِلِ فِي السَّفَرِ فِي الْيَوْمِ الْمَطَرِ

### باب



**498** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت ابوالملیح بن اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

498- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 3 صفحه 80 رقم الحديث: 1657' وذكره ابو عبد الله الحنبلي في

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ بْنِ أُسَامَةَ، قَالَ: صَلَّيْنَا الْعِشَاءَ بِالْبَصْرَةِ وَمُطِرْنَا، ثُمَّ جِئْتُ أَسْتَفْتِحُ، فَقَالَ لِي أَبِي أُسَامَةُ: رَأَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُطِرْنَا فَلَمْ تَبُلَّ السَّمَاءُ أَسْفَلَ نِعَالِنَا، فَنَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

کہ ہم نے نمازِ عشاء بصرہ میں پڑھی اس حالت میں کہ بارش ہورہی تھی' پھر میں نماز شروع کرنے کے لیے آیا تو مجھے ابواسامہ نے کہا: جب ہم حضورﷺ کے ساتھ ہوتے تھے اور آسمان سے بارش برس رہی ہوتی تھی تو ہمارے پاؤں نیچے نہیں لگتے تھے' حضورﷺ کا اعلان کرنے والا اعلان کرتا کہ تم نماز اپنے گھر پڑھ لو۔

499 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هَمَّامٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ، ثنا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، كُلُّهُمْ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ مَطِيرٍ فَأَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: إِنَّ الصَّلَاةَ فِي الرِّحَالِ

حضرت ابوالملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ ہوتے تھے جس دن بارش ہوتی تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا کہ نماز گھروں میں پڑھ لو۔

الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 189 رقم الحديث: 1404' وأخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد 5 صفحه 435 رقم الحديث: 2079' جلد 5 صفحه 438 رقم الحديث: 2083 كلهم عن أبي قلابة عن أبي المليح عن أسامة .

500 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيّ، عَنْ اَبِى الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجْنَا اِلَى حُنَيْنٍ لِسَبْعَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ، فَوَافَقْنَا يَوْمُ جُمُعَةٍ يَوْمٌ مَطِيرٌ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَنَادَى فِي النَّاسِ: اِنَّ الصَّلَاةَ فِي الرِّحَالِ

حضرت ابوملیح الہذلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے ساتھ جہاد کرتا تھا' ہم حنین کی طرف گئے' رمضان شریف کے سترہ دن گزر گئے تھے' جمعہ کے دن ہم پر بارش ہونے لگی' حضورﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اعلان کرو لوگوں میں کہ نماز گھروں میں پڑھ لو۔

501 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عُبَيْدَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ اَبِى الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا، فَاَصَابَنَا بَغْشٌ - يَعْنِى مَطَرًا - فَنَادَى مُنَادِى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَاءَ اَنْ يُصَلِّيَ فِي رَحْلِهِ فَلْيُصَلِّ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے ساتھ حنین میں تھا کہ ہم پر بارش برسنے لگی' حضورﷺ کے اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ جو اپنے گھر میں نماز پڑھنا چاہے' وہ پڑھے۔

502 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِى قِلَابَةَ، عَنْ اَبِى الْمَلِيحِ، قَالَ: خَرَجْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ مَطِيرَةٍ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا رَجَعْتُ اسْتَفْتَحْتُ، فَقَالَ لِى اَبِى: لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ فَاَصَابَنَا سَمَاءٌ لَمْ تَبُلَّ اَسَافِلَ نِعَالِنَا، فَاِذَا مُنَادِى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت ابوملیح فرماتے ہیں کہ میں ایک رات بارش کے دوران مسجد کی طرف نکلا' جب میں واپس آیا اور میں نے نماز شروع کی تو میرے والد نے مجھے کہا: ہم نے حضورﷺ کو حدیبیہ کے دن دیکھا' ہم پر آسمان سے بارش برسی' پانی کی وجہ سے ہمارے پاؤں زمین پر نہیں لگ رہے تھے' حضورﷺ کے اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ گھر میں نماز پڑھ لو۔

503 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ،

حضرت اسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السَّكَنِ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَزِيَادِ بْنِ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ مَطِيرٍ، يَوْمَ جُمُعَةٍ اَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: اَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

میں حضور ﷺ کے ساتھ بارش کے دن موجود تھا' وہ جمعہ کا دن تھا' ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ گھروں میں نماز پڑھ لو۔

## بَابٌ فِي تَجَاوُزِ اللّٰهِ لِعَبْدِهِ الْمُؤْمِنِ بِصَلَاةِ الْمُسْلِمِينَ عَلَيْهِ، وَعَفْوِهِ عَنْهُ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ

## اللہ عزوجل مؤمن بندے کے ان گناہوں کو جو اس کے اور بندہ کے درمیان ہوتے ہیں' اس پر مسلمانوں کے نمازِ جنازہ پڑھنے کی وجہ سے معاف کر دیتا ہے

**504** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا سَوَادَةُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، ثنا صَالِحُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ الْهُذَلِيِّ، حَدَّثَنِي اَبِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا شَهِدَتْ اُمَّةٌ مِنَ الْاُمَمِ وَهُمْ اَرْبَعُونَ فَصَاعِدًا اَجَازَ اللّٰهُ شَهَادَتَهُمْ- اَوْ قَالَ: صَدَّقَ شَهَادَتَهُمْ -

حضرت ابوملیح بن اسامہ الہذلی فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب (میری) اُمت کے چالیس بندے یا اس سے زیادہ لوگ جنازہ پڑھیں تو اللہ عزوجل ان کی گواہی قبول کرتا ہے' اس وجہ سے اُس کو معاف کر دیتا ہے۔

**505** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ سَالِمٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا شُعْبَةُ، ثنا مُبَشِّرٌ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَلِّي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس (مسلمان) بندہ کے جنازہ میں ایک سو آدمی شریک ہوں' اُس کو بخش دیا جاتا ہے۔

عَلَيْهِ مِائَةٌ اِلَّا غُفِرَ لَهُ

## بَابٌ

506 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو قُتَيْبَةَ، ثنا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُومُوا مِنْ وَضَحٍ اِلَى وَضَحٍ

507 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ، وَلَا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ

508 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ح وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

## باب

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سورج کے طلوعِ فجر سے لے کر غروبِ شمس تک روزہ رکھو۔

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل بغیر وضو کے نماز قبول نہیں کرتا اور خیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں کرتا ہے۔

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل بغیر وضو کے نماز قبول نہیں کرتا

---

507- أخرجه ابن حبان فی صحيحه جلد 4 صفحه 604 رقم الحديث: 1705' وأبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 187 رقم الحديث: 1402' جلد 4 صفحه 188 رقم الحديث: 1403' وأخرجه الدارمی فی سننه جلد 1 صفحه 185 رقم الحديث: 686' وأبو داؤد فی سننه جلد 1 صفحه 16 رقم الحديث: 59' والنسائی فی السنن الكبرىٰ جلد 1 صفحه 80 رقم الحديث: 76' جلد 1 صفحه 102 رقم الحديث: 172' وابن ماجه فی سننه جلد 1 صفحه 100 رقم الحديث: 271' وأحمد فی مسنده جلد 5 صفحه 75,74 كلهم عن قتادة عن أبی المليح عن أبيه به .

الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ، وَلَا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ

اورخیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں کرتا ہے۔

509 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا اَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، وَهَانِي بْنُ يَحْيَى، قَالَا: ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ شِقْصًا مِنْ مَمْلُوكٍ، فَاَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِتْقَهُ، وَقَالَ: لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيكٌ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنے حصے کا غلام آزاد کیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی آزادی کو جائز رکھا اور فرمایا: اللہ کا کوئی شریک نہیں ہے۔

## بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّهْيِ فِي افْتِرَاشِ جُلُودِ السِّبَاعِ

## یہ باب ہے کہ منع ہے درندے کی کھال کو بچھانا

510 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ جُلُودِ السِّبَاعِ زَادَ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ: اَنْ تُفْتَرَشَ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔ یزید بن ہارون نے ''اَنْ تُفْتَرَشَ'' کے الفاظ کا اضافہ کیا۔

511 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔

وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُفْتَرَشَ جُلُودُ السِّبَاعِ

**512** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، اُرَاهُ عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُفْتَرَشَ جُلُودُ السِّبَاعِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔

**513** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِدْرِيسَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ تُفْتَرَشَ جُلُودُ السِّبَاعِ

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درندے کی کھال کو بچھانے سے منع کیا۔

## بَابٌ فِيمَا يُقَالُ عِنْدَ الْوَسْوَسَةِ

## جب کسی کو وسوسے آتے ہوں تو کیا پڑھے؟

**514** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَنْبَسَةَ الْقَطَّانُ، ثنا الْمُهَاجِرُ بْنُ الْمُنِيبِ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَجُلًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَشْكُو اِلَيْكَ وَسْوَسَةً اَجِدُهَا فِي صَدْرِي، اِنِّي اَدْخُلُ فِي صَلَاتِي فَمَا اَدْرِي عَلَى شَفْعٍ انْفَتِلُ، اَمْ عَلَى وِتْرٍ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِذَا وَجَدْتَ ذٰلِكَ فَارْفَعْ اِصْبَعَكَ السَّبَّابَةَ الْيُمْنَى فَاطْعَنْهُ فِي فَخِذِكَ الْيُسْرَى، وَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَاِنَّهَا سِكِّينُ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوملیح بن اسامہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کی بارگاہ میں ان وسوسوں کا ذکر کرتا ہوں جو میں اپنے سینے میں پاتا ہوں' جب میں نماز پڑھتا ہوں تو مجھے معلوم نہیں ہوتا کہ میں نے دو رکعتیں پڑھی ہیں یا ایک؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو ایسی حالت پائے تو اپنے دائیں ہاتھ کی سبابہ انگلی اُٹھا' اس کو اپنی بائیں ران پر گاڑ اور پڑھ: اللہ کے نام سے' یہ شیطان کو (دور کرنے کے لیے) چھری کی حیثیت رکھتی ہے۔

# بَابٌ فِي الدِّيَةِ

**515** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَ قَدْ صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَتْ فِيهَا امْرَأَتَانِ ضَرَبَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِعَمُودٍ فَقَتَلَهَا وَقَتَلَتْ مَا فِي بَطْنِهَا فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَرْأَةِ بِالْعَقْلِ، وَفِي الْجَنِينِ بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ، أَوْ أَمَةٍ، أَوْ بِفَرَسٍ، أَوْ بَعِيرَيْنِ مِنَ الْإِبِلِ، أَوْ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْغَنَمِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ رَهْطِ الْقَاتِلَةِ: كَيْفَ نَعْقِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ لَا أَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ؟ فَمِثْلُ ذَلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسَجَاعَةٌ أَنْتَ؟ وَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ مِيرَاثَ الْمَرْأَةِ لِزَوْجِهَا وَوَلَدِهَا، وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ

**516** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمُرِّيُّ، ثنا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ تَمَّامٍ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: فِينَا رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: حَمَلُ بْنُ مَالِكٍ، لَهُ امْرَأَتَانِ

# باب دیت کے بارے میں

حضرت ایوب سختیانی فرماتے ہیں: میں نے ابوالملیح سے سنا' اُنہوں نے اپنے والدگرامی سے روایت کیا' انہیں شرفِ صحابیت حاصل تھا' فرماتے ہیں: دوعورتوں میں سے ایک عورت نے دوسری سے گڈی یا لاٹ (جسے کھانے کے برتنوں میں سے ایک کودوسرے پر عموداُ رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں) ماری تو اس عورت اور اس کے پیٹ والے بچہ کو مار دیا۔ پس نبی کریم ﷺ عورت کے بارے میں دیت اور بچے کے لیے چٹی کا فیصلہ فرمایا۔ غلام' یا لونڈی' یا گھوڑا' یا دواونٹ' یا اتنی اور اتنی بکریاں۔ قتل کرنے والی عورت کے گروہ سے ایک آدمی بول پڑا: جس بچے نے کھایا پیا نہیں' چیخا نہیں کہ روئے' اس کی دیت ہم کیسے ادا کریں؟ اے اللہ کے رسول! اسی کی مثل تو رائیگاں ہوتی ہے' تو رسول کریم ﷺ نے جواب فرمایا: کیا تُو سجع ساز ہے؟ اور فیصلہ سنایا کہ عورت کی میراث اس کے خاوند اور اس کے بیٹے کے لیے ہے اور دیت' قتل کرنے والی کے عصبہ پر ہے۔ (نوٹ: عصبہ وہ رشتہ دار ہوتا ہے جو اصحابِ فروض کی عدم موجودگی میں کُل مال کا اور ان کی موجودگی میں مابقیہ کا مالک ہوتا ہے)

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: ہم میں حمل بن مالک نامی ایک آدمی تھا جس کی دو بیویاں تھیں' ان میں سے ایک ہذلیہ تھی دوسری کا تعلق بنوعامر قبیلہ سے تھا' ہذلیہ نے عامریہ کے پیٹ پر خیمے کی

اِحْدَاهُمَا هُذَلِيَّةٌ، وَالْاُخْرَى عَامِرِيَّةٌ، فَضَرَبَتِ الْهُذَلِيَّةُ بَطْنَ الْعَامِرِيَّةِ بِعَمُودِ خِبَاءٍ - اَوْ فُسْطَاطٍ - فَاَلْقَتْ جَنِينًا مَيِّتًا، فَانْطَلَقَ بِالضَّارِبَةِ اِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا اَخٌ لَهَا يُقَالُ لَهُ: عِمْرَانُ بْنُ عُوَيْمِرٍ، فَلَمَّا قَصُّوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِصَّةَ قَالَ: دُوهُ . فَقَالَ عِمْرَانُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَنَدِي مَنْ لَا اَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ؟ مِثْلُ هٰذَا يُطَلُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْنِي مِنْ رِجْزِ الْاَعْرَابِ، فِيهِ غُرَّةٌ: عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ، اَوْ خَمْسُمِائَةٍ اَوْ فَرَسٌ، اَوْ عِشْرُونَ وَمِئَةُ شَاةٍ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّ لَهَا ابْنَيْنِ هُمَا سَادَةُ الْحَيِّ، وَهُمْ اَحَقُّ اَنْ يَعْقِلُوا عَنْ اُمِّهِمْ، قَالَ: اَنْتَ اَحَقُّ اَنْ تَعْقِلَ عَنْ اُخْتِكَ مِنْ وَلَدِهَا . قَالَ: مَا لِي شَيْءٌ اَعْقِلُ فِيهِ . قَالَ: يَا حَمَلُ بْنَ مَالِكٍ - وَهُوَ يَوْمَئِذٍ عَلَى صَدَقَاتِ هُذَيْلٍ، وَهُوَ زَوْجُ الْمَرْاَتَيْنِ، وَاَبُو الْجَنِينِ الْمَقْتُولِ - اقْبِضْ مِنْ تَحْتِ يَدِكَ مِنْ صَدَقَاتِ هُذَيْلٍ عِشْرِينَ وَمِئَةَ شَاةٍ فَفَعَلَ

چوب ماری تو اس کے پیٹ کا بچہ مر گیا اور اس عورت کے پیٹ سے باہر آ گیا۔ وہ آدمی مارنے والی بیوی کو ساتھ لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' مارنے والی کا بھائی بھی ساتھ تھا جس کا نام عمران بن عویمر تھا' پس جب اُنہوں نے سارا قصہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی دیت دو۔ (عمران (عورت کا بھائی) بولا: جس نے کھایا نہیں' پیا نہیں' چیخا چلایا نہیں' کیا اس کی دیت دیں؟ اس کی مثل تو ضائع ہوتی ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دیہاتیوں والے رجز پڑھنا چھوڑو! اس میں چھٹی ہے' ایک غلام یا ایک لونڈی یا پانچ سو درہم یا گھوڑا یا ایک سو بیس بکریاں۔ اس نے کہا: اے اللہ کے نبی! اس عورت کے دو بیٹے قبیلے کے سردار ہیں' وہ اپنی جان کی طرف سے دیت دینے کے زیادہ حقدار ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی اولاد کی نسبت تُو اپنی بہن کی دیت دینے کا زیادہ حقدار ہے۔ اس نے کہا: میرے پاس تو دیت دینے کو کچھ نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے حمل بن مالک! وہ ان دنوں بنوہذیل قبیلہ سے صدقات وصول کرنے پر مقرر تھا' وہی ان دونوں عورتوں کا خاوند اور مقتول بچے کا باپ تھا۔ بنوہذیل کے صدقات میں سے اپنے قبضے سے ہی ایک سو بیس بکریاں لے لے' پس اس نے ایسا ہی کیا۔

باب فی الدیۃ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ شَبِيبٍ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا

حضرت ابوملیح سے روایت ہے' انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی' انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس

سَلَمَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی الْمَلِیحِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

جیسی حدیث روایت کی ہے۔

## بَابُ مَا جَاءَ فِی لُبْسِ الْعَمَائِمِ وَالدُّعَاءِ وَغَیْرِ ذٰلِكَ

## وہ حدیثیں جو آپ سے عمامہ پہننے اور دعا اور اس کے علاوہ کے حوالہ سے مروی ہیں

**517** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، وَزَكَرِیَّا بْنُ یَحْیَی السَّاجِیُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالُوا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِی تَمِیمَةَ الْهُجَیْمِیِّ، عَنْ اَبِی الْمَلِیحِ، عَنْ اَبِیهِ اُسَامَةَ قَالَ: كُنْتُ رَدِیفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَعَثَرَ بَعِیرُنَا، فَقُلْتُ: تَعِسَ الشَّیْطَانُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُلْ: تَعِسَ الشَّیْطَانُ، فَاِنَّهُ یَعْظُمُ حَتّٰی یَصِیرَ مِثْلَ الْبَیْتِ، وَیَقُولَ: بِقُوَّتِی، قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَاِنَّهُ یَصِیرُ مِثْلَ الذُّبَابِ

حضرت ابوملیح اپنے والد اسامہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے سوار تھا، ہمارا اونٹ بدکا؟ میں نے کہا: شیطان ہلاک ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ نہ کہو کہ شیطان نے ہلاک کیا، کیونکہ یہ بُرا ہوسکتا ہے گھر کی مثل، میری قوت کے ساتھ وہ کہتا ہے اور تُو کہہ: بسم اللہ! کیونکہ وہ مکھی کی طرح ہو جائے گا۔

**518** - حَدَّثَنَا عُبَیْدٌ الْعِجْلِیُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، ثنا اَبُو

حضرت ابوملیح بن اسامہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمامہ باندھو کیونکہ



---

517- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 325 رقم الحديث: 7793، وذكره أبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 197 رقم الحديث: 1412 كلاهما عن أبي تميمة عن أبي مليح عن أبيه به .

518- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 214 رقم الحديث: 7411، وذكره أبو يعلى في معجمه جلد 1 صفحه 151 رقم الحديث: 165 كلاهما عن عبيد الله بن أبي حميد عن أبي المليح عن أبيه به .

الْمُنْذِرِ اِسْمَاعِیلُ بْنُ عُمَرَ، ثنا یُونُسُ بْنُ اَبِی اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِی ابْنِی عِیسَی، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی حُمَیْدٍ، عَنْ اَبِی الْمَلِیحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَعْتَمُوا تَزْدَادُوا حِلْمًا

اس کے ساتھ بُردباری میں اضافہ ہوتا ہے۔

**519** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو کَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ، ثنا یُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِیُّ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ دِینَارٍ، عَنْ اَبِی الْمَلِیحِ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ:: نَزَلَتِ الْمَلَائِکَةُ یَوْمَ بَدْرٍ وَعَلَیْهَا الْعَمَائِمُ، وَکَانَتْ عَلَی الزُّبَیْرِ یَوْمَئِذٍ عِمَامَةٌ صَفْرَاءُ

حضرت ابوالملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: بدر کے دن جو فرشتے آئے' اُنہوں نے عمامے پہنے ہوئے تھے' حضرت زبیر نے اس دن زرد رنگ کا عمامہ پہنا ہوا تھا۔

**520** - حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی سُمَیْنَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِیسَی التَّمَّارُ، ثنا یَحْیَی بْنُ اَبِی زَکَرِیَّا، ثنا عَبَّادُ بْنُ سَعِیدٍ، عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ اَبِی الْمَلِیحِ، عَنْ اَبِی الْمَلِیحِ، عَنْ اَبِیهِ اُسَامَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا یَشْکُرُ اللّٰهُ مَنْ لَا یَشْکُرُ النَّاسَ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے' وہ اللہ کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے۔

**521** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِیُّ، ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِیُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِیسَی، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِی زَکَرِیَّا الْغَسَّانِیُّ، حَدَّثَنِی عَبَّادُ بْنُ سَعِیدٍ، عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ اَبِی الْمَلِیحِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ اُسَامَةَ بْنِ عُمَیْرٍ اَنَّهُ

حضرت مبشر بن ابوالملیح اپنے والد سے' وہ ان کے دادا اسامہ بن عمیر سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ ﷺ نے دو مختصر رکعتیں پڑھیں' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: اے جبریل' میکائیل' اسرافیل اور محمد کے رب! میں جہنم



---

521- اخرجه الحاکم فی مستدرکه جلد 3 صفحه 721 رقم الحدیث: 6610' وابو عبد اللّٰه الحنبلی فی الأحادیث المختارة جلد 4 صفحه 205 رقم الحدیث: 1422' جلد 4 صفحه 206 رقم الحدیث: 1423 کلاهما عن مبشر بن أبی الملیح عن أبی الملیح عن أبیه به .

صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَصَلَّى قَرِيبًا مِنْهُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَإِسْرَافِيلَ، وَمُحَمَّدٍ أَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ تین مرتبہ آپ نے یہ دعا کی۔

522 - حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ السُّكَّرِيُّ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ حَكِيمٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَاحِبِ الْبُقْعَةِ الَّتِي زِيدَتْ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَكَانَ صَاحِبُهَا رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ بِهَا بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ . فَقَالَ: فَجَاءَ عُثْمَانُ فَقَالَ لَهُ: لَكَ بِهَا عَشَرَةُ آلَافٍ فَاشْتَرَاهَا مِنْهُ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَرِ مِنِّي الْبُقْعَةَ الَّتِي اشْتَرَيْتُهَا مِنَ الْأَنْصَارِيِّ، فَاشْتَرَاهَا مِنْهُ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ. فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنِّي اشْتَرَيْتُهَا بِعَشَرَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ، فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِنَةً، ثُمَّ دَعَا أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَ لَبِنَةً، ثُمَّ دَعَا عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَ لَبِنَةً، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَ لَبِنَةً، ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ: ضَعُوا فَوَضَعُوا

حضرت ابوملیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس وقت آپ نے مسجد نبوی شریف کو کشادہ کرنے کا ارادہ کیا ساتھ والے گھر کے مالک سے کہا' وہ انصار میں سے ایک آدمی تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: (اگر تُو دے گا) تو تیرے لیے جنت ہے۔ اس نے عرض کی: نہیں! حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے' اُنہوں نے اس آدمی کو کہا: میں تمہیں دس ہزار (درہم) دیتا ہوں' تم مجھے فروخت کر دو۔ پھر اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: یارسول اللہ! مجھ سے آپ وہ گھر خریدیں جو میں نے انصاری سے خریدا ہے۔ حضرت عثمان نے اس کے بدلے جنت میں گھر خریدا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے دس ہزار درہم کا خریدا ہے۔ حضور ﷺ نے ایک اینٹ رکھی پھر حضرت ابوبکر کو بلوایا' اُنہوں نے بھی ایک اینٹ رکھی پھر حضرت عمر کو بلوایا تو اُنہوں نے بھی ایک اینٹ رکھی' پھر حضرت عثمان کو بلوایا تو اُنہوں نے بھی ایک اینٹ رکھی' پھر لوگوں سے کہا: تم رکھو' اُنہوں نے رکھنی شروع کیں۔



523 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر رضی اللہ عنہ فرماتے

الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اسْمُ اَبِي الْمَلِيحِ عَامِرُ بْنُ اُسَامَةَ

ہیں کہ ابوملیح کا نام عامر بن اسامہ تھا۔

## اُسَامَةُ بْنُ اَخْدَرِيّ

## حضرت اسامہ بن اخدری رضی اللہ عنہ

**524** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، قَالَا: ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَمِّهِ اُسَامَةَ بْنِ اَخْدَرِيٍّ: اَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي شَقْرَةَ يُقَالُ لَهُ: اَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاَتَاهُ بِغُلَامٍ لَهُ حَبَشِيٍّ اشْتَرَاهُ بِتِلْكَ الْبِلَادِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَرَيْتُ هَذَا فَاَحْبَبْتُ اَنْ تُسَمِّيَهُ وَتَدْعُوَ لَهُ بِالْبَرَكَةِ، قَالَ: مَا اسْمُكَ اَنْتَ؟ قَالَ: قَالَ: اَصْرَمُ. قَالَ: بَلِ اَنْتَ زُرْعَةُ . قَالَ: فَمَا تُرِيدُهُ؟ قَالَ: اُرِيدُهُ رَاعِيًا، قَالَ: فَهُوَ عَاصِمٌ وَقَبَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّهُ

حضرت اسامہ بن اخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنی شقرہ سے ایک آدمی جسے اصرم کہا جاتا تھا' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آنے والے ایک وفد میں تھا۔ وہ کہتے ہیں: انہیں غلاموں سے خریدے ہوئے ایک حبشی غلام کو وہ آپ کے پاس لائے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے اسے خریدا ہے' پس مجھے پسند ہے کہ آپ اس کا نام رکھیں اور اس کے لیے دعا بھی کریں۔ آپ نے فرمایا: تیرا نام کیا ہے؟ راوی کہتے ہیں کہ اس نے کہا: اصرم (کاٹنے والا)۔ آپ نے فرمایا: بلکہ تُو تو زرعہ ہے۔ فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے کہ اس کا نام کیا ہو؟ اس نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ راعی ہو' آپ نے فرمایا: یہ عاصم ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی ہتھیلی کو پکڑ لیا۔



## بَابُ مَنِ اسْمُهُ اُبَيٌّ نِسْبَةُ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

## یہ باب ہے جس کا نام اُبی ہے' حضرت اُبی بن کعب

---

524- أخرج نحوه أبو داؤد فی سننه جلد4صفحه288 رقم الحديث: 4954' أورده أبو عبد الله الحنبلی فی الأحاديث المختارة جلد4صفحه89 رقم الحديث: 1306' جلد4صفحه311 رقم الحديث: 1494' والرويانی فی مسنده جلد2صفحه469 رقم الحديث: 1490' وأبو بكر الشيبانی فی الآحاد والمثانی جلد2صفحه427 رقم الحديث: 1220 كلهم عن بشر بن المفضل عن بشير بن ميمون عن أسامة بن أخدری به .

## رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

525 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا، اُبَيُّ بْنُ كَعْبِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ

## رضی اللہ عنہ کا نسب

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ آپ بدر میں شریک ہوئے' آپ کا نسب اُبی بن کعب بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک بن نجار ہے۔

## صِفَةُ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَكُنْيَتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

526 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يُونُسَ، وَمُبَارَكٍ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَا عُتَيٌّ السَّعْدِيُّ، قَالَ: رَاَيْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ مَا يَخْضِبُ

## حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا حلیہ اور آپ کی کنیت

حضرت عتی السعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے' آپ ان کو خضاب نہیں لگاتے تھے۔

527 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْجَرِيرِيِّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لِيَهْنِكَ الْعِلْمُ اَبَا الْمُنْذِرِ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابومنذر! آپ کو علم مبارک ہو!

528 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابَ، ثنا

زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ میں جھگڑالو پن اور سخت کلامی تھی۔

---

527- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 556 رقم الحديث: 810' ونحوه أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 141 رقم الحديث: 21315' وأخرج نحوه ابو بكر البيهقي في السنن الصغرى جلد 1 صفحه 548 رقم الحديث: 1000' وانظر شرح النووي على صحيح مسلم جلد 6 صفحه 93 .

مُحَمَّدُ بْنُ كُنَاسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: كَانَتْ فِي اُبَيٍّ شَرَاسَةٌ

**529** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كَانَ اَصْحَابُ الْقَضَاءِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةٌ: عُمَرُ، وَعَلِيٌّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ، وَاُبَيٌّ، وَزَيْدٌ، وَاَبُو مُوسَى

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلہ کرنے والے صحابہ چھ تھے: حضرت عمر، علی، عبداللہ، اُبی، زید اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہم۔



## سِنُّ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کا وصال

**530** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يُكَنَّى اَبَا الْمُنْذِرِ بِالْمَدِينَةِ سَنَةَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ، وَقَائِلٌ يَقُولُ: سَنَةَ ثَلَاثِينَ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا مدینہ میں 22 ہجری میں وصال ہوا۔ بعض کہنے والے کہتے ہیں: 30 ہجری میں حضرت عثمان کی خلافت میں (وصال ہوا)۔ آپ کی کنیت ابوالمنذر تھی۔

**531** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِي خِلَافَةِ عُمَرَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَعِشْرِينَ قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ: وَيَقُولُ بَعْضُهُمْ: فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا وصال حضرت عمر کی خلافت میں 22 ہجری میں ہوا۔ ابن نمیر فرماتے ہیں کہ بعض کہتے ہیں کہ حضرت عثمان کی خلافت میں ہوا۔

## وَمِمَّا اَسْنَدَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ

## وہ حدیثیں جو حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے

# اللّٰهُ عَنْهُ

# مروی ہیں

**532** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مَطْعَمَ ابْنِ آدَمَ قَدْ ضُرِبَ لِلدُّنْيَا مَثَلًا، فَانْظُرْ مَا يَخْرُجُ مِنَ ابْنِ آدَمَ وَإِنْ قَزَّحَهُ وَمَلَّحَهُ قَدْ عَلِمَ إِلَى مَا يَصِيرُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انسان کے کھانے کی مثال دنیا کی مثال کو قرار دیا گیا ہے کہ اس میں جتنا مرضی نمک وغیرہ ڈالا جائے تو دیکھو! انسان کے پیٹ سے کیا نکلتا ہے' آپ کو علم ہوگا کہ وہ کیا ہو جاتا ہے۔

**533** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثنا عَوْفٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ يَتَعَزَّى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَعِضُّوهُ وَلَا تُكَنُّوا

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ وہ جاہلیت والی عزت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کو ظاہر کرو' اس کو چھپاؤ نہیں۔

**534** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: آخِرُ آيَةٍ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنَ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آخری آیت جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی' وہ یہ ہے: ''لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ''۔



---

532- أخرجه ابن حبان فی صحيحه جلد 2 صفحه 476 رقم الحديث: 402' وأحمد فی مسنده جلد 5 صفحه 136 رقم الحديث: 21277' واورده ابو الحسن الهيثمی فی موارد الظمآن جلد 1 صفحه 616 رقم الحديث: 2489 كلهم عن الحسن عن عتی عن أبی بن كعب به .

533- أخرج نحوه النسائی فی السنن الكبرىٰ جلد 6 صفحه 242 رقم الحديث: 10812' والنسائی فی عمل اليوم والليلة جلد 1 صفحه 540 رقم الحديث: 976 عن الحسن عن عتی عن أبی بن كعب به .

534- أخرجه أحمد فی مسنده جلد 5 صفحه 117 رقم الحديث: 21151 عن يوسف عن ابن عباس عن أبی بن كعب به .

اَنْفُسِكُمْ) (التوبة:128 ) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

535 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الثَّقَفِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُشْرَفَ لَهُ بُنْيَانٌ، وَاَنْ تُرْفَعَ لَهُ دَرَجَاتٌ، فَلْيَعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَهُ، وَيُعْطِ مَنْ حَرَمَهُ، وَيَصِلْ مَنْ قَطَعَهُ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کی عزت زیادہ ہو اور درجات بلند ہوں تو وہ اس کو معاف کرے جو اُس پر ظلم کرے وہ اُس کو دے جو اس کو محروم رکھے وہ اُس سے جوڑے جو اس سے توڑے۔

536 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهُوَ بِاَضَاةِ بَنِي غِفَارٍ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَاْمُرُكَ اَنْ تُقْرِءَ اُمَّتَكَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ قَالَ: عَلَى حَرْفَيْنِ حَتَّى انْتَهَى اِلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ، فَمَنْ قَرَاَ حَرْفًا مِنْهَا فَهُوَ كَمَا قَالَ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس آئے آپ اُس وقت بنی غفار کے قبیلہ میں تھے حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اے محمد ﷺ! اللہ عزوجل آپ کو حکم دیتا ہے کہ اپنی اُمت کو ایک قرات پر قرآن پڑھنے کا حکم دیں۔ پھر عرض کی: دو پڑ یہ سلسلہ سات پر رُکا جس نے جس قرات میں پڑھا اس کو ثواب ہوگا۔

537 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت طفیل بن اُبی اپنے والد سے روایت

---

535- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 2 صفحه 323 رقم الحديث: 3161' وأورده الطبراني في الأوسط جلد 3 صفحه 88 رقم الحديث: 2579 كلاهما عن عبادة بن الصامت عن أبي بن كعب به .

536- أخرج نحوه أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 127 رقم الحديث: 21210' جلد 5 صفحه 128 رقم الحديث: 21214 عن مجاهد عن عبد الرحمٰن بن أبي ليلى عن أبي به .

537- أخرجه الترمذي في سننه جلد 5 صفحه 386 رقم الحديث: 3265' وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 138 رقم الحديث: 21291' وابو يعلى في معجمه جلد 1 صفحه 133 رقم الحديث: 142 كلهم عن الطفيل بن أبي عن أبيه به .

حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ أُبَيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: (وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى) (الفتح: 26)، قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضورﷺ کو ''وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى'' پڑھتے ہوئے سنا' اس سے مراد: لا الہ الا اللہ ہے۔

538 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي إِسْحَاقُ، مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَحْسُرَ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، يَقْتَتِلُ تِسْعَةُ أَعْشَارِهِمْ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ فرات نہر سے سونے کے پہاڑ نہ نکلیں' لوگوں کے دس حصوں میں بٹ جانے والے نو حصے مار دھاڑ کریں گے۔

539 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُسْلِمٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ، ثنا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ أَبِي غَسَّانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ الْفُتْيَا الَّتِي كَانُوا يُفْتُونَ: أَنَّ الْمَاءَ مِنَ الْمَاءِ، كَانَتْ رُخْصَةً تَرَخَّصَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَوَّلِ الزَّمَانِ، ثُمَّ أَمَرَنَا بِالِاغْتِسَالِ بَعْدُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نوجوان حضرات جو فتویٰ دیتے تھے کہ پانی پانی سے ہے' یہ رخصت رسول اللہﷺ نے اوّل زمانہ میں دی تھی' پھر آپ ہمیں اس کے بعد غسل کرنے کا حکم دیتے تھے۔

540 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا: اے ابومنذر! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تجھے قرآن پڑھ کر سناؤں۔ حضرت ابی بن

كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا الْمُنْذِرِ اِنِّي اُمِرْتُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ فَقَالَ: بِاللّٰهِ آمَنْتُ، وَعَلَى يَدِكَ اَسْلَمْتُ، وَمِنْكَ تَعَلَّمْتُ قَالَ: فَرَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَوْلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَذُكِرْتُ هُنَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ بِاسْمِكَ وَنَسَبِكَ فِي الْمَلَإِ الْاَعْلَى قَالَ: فَاقْرَاْ اِذًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ

کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اللہ پر ایمان لایا اور آپ کے دست مبارک پر اسلام قبول کیا اور آپ سے علم حاصل کیا۔ کہا کہ نبی کریم ﷺ نے اُن کی بات مسترد کر دی' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا وہاں ذکر ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے اور تیرے نسب کا ملاء اعلیٰ میں ذکر ہوا ہے' عرض کی: یارسول اللہ! تب تو پڑھئے۔

**541** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا جَزَاءُ الْحُمَّى؟ قَالَ: تَجْرِي الْحَسَنَاتُ عَلَى صَاحِبِهَا مَا اخْتَلَجَ عَلَيْهِ قَدَمٌ اَوْ ضَرَبَ عَلَيْهِ عِرْقٌ قَالَ اُبَيٌّ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ حُمَّى لَا تَمْنَعُنِي خُرُوجًا فِي سَبِيلِكَ، وَلَا خُرُوجًا اِلَى بَيْتِكَ، وَلَا مَسْجِدِ نَبِيِّكَ قَالَ: فَلَمْ يُمَسَّ اُبَيٌّ قَطُّ اِلَّا وَبِهِ حُمَّى

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بخار میں کیا جزاء ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے ساتھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ عرض کی گئی: اے اللہ! میں تجھ سے ایسا بخار مانگتا ہوں کہ وہ بخار مجھے تیری راہ میں نکلنے سے نہ روکے' اور نہ بیت اللہ کے حج سے' نہ تیرے نبی کی مسجد سے۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی کو جب بھی ہاتھ لگایا تو ایسا محسوس ہوا کہ اُن کو بخار ہے۔

**542** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنِ الْحَضْرَمِيِّ بْنِ لَاحِقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ كَانَ لَهُ جُرْنٌ مِنْ تَمْرٍ، فَكَانَ يَنْقُصُ، فَحَرَسَهُ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَاِذَا هُوَ بِدَابَّةٍ شِبْهِ الْغُلَامِ الْمُحْتَلِمِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَرَدَّ عَلَيْهِ

حضرت محمد بن اُبی بن کعب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ (میرا) مقام جرن پر کھجوریں تھیں' وہ کم ہوتی جاتیں' میں ایک رات اس کی حفاظت میں وہاں تھا' وہاں ایک جانور بالغ بچہ کے مشابہ تھا' اس کو سلام کیا' اس نے سلام کا جواب دیا۔ میں نے کہا: تو جن ہے یا انسان؟ اس نے کہا: انسان نہیں جن ہوں۔

وهما اسند ابی بن كعب رضی الله عنه

---

542- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 749 رقم الحديث: 2064' وأبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 34 رقم الحديث: 1260 .

السَّلَامَ، فَقَالَ: مَا أَنْتَ، جِنِّيٌّ أَمْ إِنْسِيٌّ؟ قَالَ: لَا بَلْ جِنِّيٌّ. قَالَ: فَنَاوِلْنِي يَدَكَ. فَنَاوَلَهُ يَدَهُ، فَإِذَا يَدُهُ يَدُ كَلْبٍ، وَشَعْرُهُ شَعْرُ كَلْبٍ، قَالَ: هَكَذَا خَلْقُ الْجِنِّ، قَالَ: قَدْ عَلِمَتِ الْجِنُّ أَنَّ مَا فِيهِمْ رَجُلٌ أَشَدُّ مِنِّي، قَالَ: فَمَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ: بَلَغَنَا أَنَّكَ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ، فَجِئْنَا نُصِيبُ مِنْ طَعَامِكَ. قَالَ: فَمَا يُنْجِينَا مِنْكُمْ؟ قَالَ: هَذِهِ الْآيَةُ الَّتِي فِي سُورَةِ الْبَقَرَةِ: (اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة: 255) مَنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي أُجِيرَ مِنَّا حَتَّى يُصْبِحَ، وَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُصْبِحُ أُجِيرَ مِنَّا حَتَّى يُمْسِيَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ: صَدَقَ الْخَبِيثُ

میں نے کہا: اپنا ہاتھ دکھا! اُس نے ہاتھ دکھایا تو اس کا ہاتھ کتے کے ہاتھ کی طرح تھا' اس کے بال کتے کے بال کی طرح تھے' اُس نے کہا: جنوں کا حلیہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ اُس نے کہا: تمہیں علم ہونا چاہیے کہ تم میں سے کوئی بھی آدمی مجھ سے زیادہ سخت نہیں ہے۔ میں نے کہا: تُو کیسے آیا ہے؟ اُس نے کہا: ہمیں معلوم ہوا کہ تم صدقہ پسند کرتے ہو' ہم کو اپنی کھانے والی اشیاء سے حصہ دو۔ میں نے کہا: ہم تم سے کیسے بچ سکتے ہیں؟ اُس نے کہا: اس آیت کی وجہ سے جو سورۂ بقرہ میں ہے: ''اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ'' جس نے یہ آیت شام کو پڑھ لی اُس کو ہم سے صبح تک بچایا جائے گا' جس نے صبح کے وقت پڑھی تو اُس کو ہم سے صبح سے لے کر شام تک بچایا جائے گا۔ جب صبح ہوئی تو حضور ﷺ تشریف لائے تو میں نے اس بات کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا: خبیث نے سچ کہا۔

543 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ كَانَ لِلْإِنْسَانِ وَادِيَانِ مِنَ الْمَالِ لَالْتَمَسَ الثَّالِثَ، وَلَا يَمْلَأُ بَطْنَ الْإِنْسَانِ إِلَّا التُّرَابُ، ثُمَّ يَتُوبُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر انسان کی دو وادیاں ہوں مال کی تو وہ تیسری کی خواہش کرے گا' انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی' پھر جو اللہ سے توبہ کرتا ہے تو اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔

544 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا أَبُو الْجَارِيَةِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ: (قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي) (الكهف: 76) مُثَقَّلَةً

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ''قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي'' کومثقلہ میں پڑھا۔

## أُبَيُّ بْنُ مَالِكٍ الْقُشَيْرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت ابی بن مالک قشیری رضی اللہ عنہ

545 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ أُبَيِّ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو والدین میں سے دونوں یا ایک کی (خدمت کا موقع ملا) اور وہ خدمت نہ کرسکا تو وہ جہنم میں داخل ہوگا اور اللہ کی رحمت سے دور ہوگا۔

## أُبَيُّ بْنُ عُمَارَةَ الْأَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت اُبی بن عمارہ انصاری رضی اللہ عنہ

546 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ

حضرت ابن عمارہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے میرے گھر میں دونوں



546- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 40 رقم الحديث: 148' وابن أبي شيبة في مصنفه جلد 1 صفحه 163 رقم الحديث: 1870' ونحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 4 صفحه 163 رقم الحديث: 2145 كلهم عن محمد بن يزيد عن أيوب بن قطن بن أبي بن مالك به .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَزِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ بْنِ قَطَنٍ الْكِنْدِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيِّ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ صَلَّى فِي بَيْتِهِ الْقِبْلَتَيْنِ جَمِيعًا، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ يَوْمًا ۔ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَيَوْمَيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ وَثَلَاثَةً قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَثَلَاثَةً؟ قَالَ: نَعَمْ وَمَا شِئْتَ

قبلوں کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں موزوں پر مسح کتنی مدت کروں؟ آپ نے فرمایا: ایک دن اور رات۔ میں نے عرض کی. دو دن؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تین دن؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو تُو چاہے۔

**547** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَزِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ قَطَنٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي بَيْتِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ ۔ قُلْتُ: يَوْمٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَيَوْمَيْنِ ۔ قَالَ: قُلْتُ: وَثَلَاثٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَمَا بَدَا لَكَ

حضرت ابن عمارہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے میرے گھر میں دونوں قبلوں کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں موزوں پر مسح کتنی مدت کروں؟ آپ نے فرمایا: ایک دن اور رات۔ میں نے عرض کی. دو دن؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تین دن؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو تُو چاہے۔

## بَابُ مَنِ اسْمُهُ اُسَيْدٌ نِسْبَةُ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ، يُكَنَّى اَبَا

## یہ باب ہے ان کے نام سے جن کا نام اُسید ہے' حضرت اسید بن حضیر عقبی بدری رضی اللہ عنہ' آپ



547- أخرجه البيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد 1 صفحه 278 رقم الحديث: 1240' والدارقطني في سننه جلد 1 صفحه 198 رقم الحديث: 19' وابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 185 رقم الحديث: 557 كلهم عن أيوب بن قطن عن عبادة بن نسي عن أبي بن عمارة به .

## عَتِيكٍ، وَيُقَالُ: اَبُو يَحْيَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## کی کنیت ابوعتیک اور آپ کو ابو یحییٰ رضی اللہ عنہ کہا جاتا ہے

548 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِيمَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ: اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرِ بْنِ سِمَاكِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رَافِعِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ وَهُوَ نَقِيبٌ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ (جنگ) عقبہ میں شریک ہوئے تھے آپ کا نام اسید بن حضیر بن سماک بن عبید بن رافع بن امرء القیس بن زید بن عبدالاشہل ہے آپ نقیب ہیں۔

549 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، وَيُكَنَّى اَبَا يَحْيَى سَنَةَ عِشْرِينَ، وَحَمَلَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بَيْنَ عَمُودَيِ السَّرِيرِ حَتَّى وَضَعَهُ بِالْبَقِيعِ وَصَلَّى عَلَيْهِ

حضرت یحییٰ بن بکیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کا وصال 20 ہجری میں ہوا آپ کی کنیت ابو یحییٰ تھی آپ کا جنازہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چارپائی کے دونوں طرف سے اُٹھایا یہاں تک کہ جنت البقیع میں لایا گیا اور آپ کی نمازِ جنازہ ادا کی۔

550 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: تُوُفِّيَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ سَنَةَ عِشْرِينَ فِي شَعْبَانَ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کا وصال شعبان المعظم 20 ہجری میں ہوا۔

551 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ نَقِيبٌ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار عقبہ میں شریک ہوئے تھے پھر بنی عبدالاشہل اُسید بن حضیر آپ نقیب تھے۔



## وَمِمَّا اَسْنَدَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ

## وہ حدیثیں جو حضرت اُسید بن

## رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں

552 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ قَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِي اَثَرَةً قَالُوا: فَمَا تَاْمُرُنَا؟ قَالَ: اصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي عَلَى الْحَوْضِ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم عنقریب میرے بعد ترجیحات دیکھو گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم صبر کرنا یہاں تک کہ مجھے حوضِ کوثر پر ملو۔

553 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْحَرِيشِ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ نا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَنْصَارُ كَرِشِي وَعَيْبَتِي، وَاِنَّ النَّاسَ يُكْثِرُونَ وَهُمْ يَقِلُّونَ فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: انصار میرے مصاحب اور رازدار ہیں' لوگ بہت زیادہ ہوں گے اور یہ کم ہوں گے' ان کی بُرائیوں سے درگزر کرو اور اچھا کہا قبول کرو۔

554 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ جب سفر سے واپس آئے تو آپ ذوالحلیفہ میں اُترے' آپ کے پاس بچے آئے' وہ اپنے گھر والوں کے متعلق بتانے لگے' حضرت اُسید بن حضیر



552- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1474 رقم الحديث: 1845' ونحوه البخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1381 رقم الحديث: 3581 كلاهما عن قتادة عن أنس عن أسيد بن حضير به .

553- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1949 رقم الحديث: 2510' والترمذي في سننه جلد 5 صفحه 715 رقم الحديث: 3907' والنسائي في السنن الكبرى جلد 5 صفحه 87 رقم الحديث: 8324 كلهم عن قتادة عن أنس عن أسيد بن حضير به .

اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ نَزَلَ ذَا حُلَيْفَةَ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمُ الصِّبْيَانُ فَيُخْبِرُونَهُمْ عَنْ اَهْلِهِمْ، فَأُخْبِرَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ بِمَوْتِ امْرَاَتِهِ فَبَكَى، فَقِيلَ لَهُ: اَتَبْكِي؟ فَقَالَ: وَمَا لِي لَا اَبْكِي، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْعَرْشَ اهْتَزَّ اَعْوَادُهُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

کو ان کی بیبیوں کی وفات کے متعلق بتایا تو آپ رو پڑے آپ سے عرض کی گئی: آپ رو رہے ہیں! آپ نے فرمایا: میں کیوں نہ روؤں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ سعد بن معاذ کی موت پر عرش کانپ گیا۔

**555** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سعد بن معاذ کی موت پر عرش کانپ گیا۔

**556** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَابْنُ لَهِيعَةَ قَالَا: ثنا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ مِنْ اَفَاضِلِ النَّاسِ، وَكَانَ يَقُولُ: لَوْ اَكُونُ كَمَا اَكُونُ عَلَى حَالٍ مِنْ اَحْوَالٍ ثَلَاثٍ لَكُنْتُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَمَا شَكَكْتُ فِي ذٰلِكَ: حِينَ اَقْرَاُ الْقُرْآنَ، اَوْ حِينَ اَسْتَمِعُهُ يُقْرَاُ، وَإِذَا سَمِعْتُ بِخُطْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا شَهِدْتُ جِنَازَةً، وَمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت اُسید بن حضیر لوگوں میں افضل تھے آپ فرمایا کرتے تھے کہ اگر میں ایسی ہی حالت میں رہوں جس طرح میں تین حالتوں میں آتا ہوں میں جنتی ہوں مجھے کوئی شک نہیں ہے جس وقت قرآن پڑھایا جس وقت اس کو سنا نہ ہو جس وقت پڑھا جاتا ہو میں نے حضور ﷺ کا خطبہ سنا اور جب میں جنازہ میں شرکت کرتا میں کسی کے جنازہ میں شریک نہیں ہوا میرے دل نے مجھے اس کے علاوہ بتایا جو میں نے کیا ہوتا وہ ہو کر ہی رہتا تھا۔

شَهِدْتُ جِنَازَةً قَطُّ، فَحَدَّثْتُ نَفْسِي سِوَى مَا هُوَ مَفْعُولٌ بِهَا، وَمَا هِيَ صَائِرَةٌ إِلَيْهِ

**557** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ، أَنَّ أُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرِ بْنِ سِمَاكٍ حَدَّثَهُ، قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، إِلَى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ: إِذَا سُرِقَ الرَّجُلُ فَوَجَدَ سَرِقَتَهُ فَهُوَ أَحَقُّ بِهَا إِذَا وَجَدَهَا، فَكَتَبَ إِلَيَّ مَرْوَانُ بِذَلِكَ، وَأَنَا عَامِلُهُ عَلَى الْيَمَامَةِ، فَكَتَبْتُ إِلَى مَرْوَانَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَضَى أَنْ إِذَا وَجَدْتَ عِنْدَ الرَّجُلِ غَيْرَ الْمُتَّهَمِ، فَإِنْ شَاءَ سَيِّدُهَا أَخَذَهَا بِالثَّمَنِ، وَإِنْ شَاءَ اتَّبَعَ سَارِقَهُ ثُمَّ قَضَى بِذَلِكَ بَعْدَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَبَعَثَ مَرْوَانُ بِكِتَابِي إِلَى مُعَاوِيَةَ، فَبَعَثَ مُعَاوِيَةُ إِلَى مَرْوَانَ: إِنَّكَ لَسْتَ أَنْتَ، وَلَا أُسَيْدٌ يَقْضِيَانِ عَلَيَّ فِيمَا وُلِّيتُ، وَلَكِنِّي أَقْضِي عَلَيْكُمَا، فَأَنْفِذْ مَا أَمَرْتُكَ بِهِ، فَبَعَثَ مَرْوَانُ بِكِتَابِ مُعَاوِيَةَ إِلَيَّ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَقْضِي بِهِ أَبَدًا

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ نے مروان بن حکم کی طرف خط لکھا کہ جب آدمی چوری شدہ مال پائے' جو اس کا چوری ہوا تھا تو اس کا زیادہ حق دار ہے جب اس نے پالیا ہے۔ مروان نے میری طرف خط لکھا' میں اس وقت یمامہ میں گورنر تھا۔ میں نے مروان کو خط لکھا کہ حضور ﷺ فیصلہ کرتے' جب کسی آدمی کے پاس الزام کردہ شی کے بغیر شی پائے تو اگر چاہے تو اس کا مالک اتنے پیسے لے لے اور اگر چاہے تو چوری شدہ مال لے لے' پھر اس کے بعد حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم نے بھی یہی کیا۔ مروان نے خط حضرت امیر معاویہ کی طرف بھیجا' حضرت معاویہ نے مروان کی طرف خط بھیجا کہ تُو نے نہیں لکھا ہے نہ ہی اُسید کو میں نے فیصلہ کے لیے بنایا' جو میں نے آپ کو بنایا ہے' آپ ان پر فیصلہ کریں اور نافذ کریں جس کا میں نے آپ کو حکم دیا ہے۔ مروان نے حضرت امیر معاویہ والا خط میری طرف بھیجا' میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں ہمیشہ (اس کے بعد) فیصلہ نہیں کروں گا۔

**558** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

557- اخرجه النسائي جلد 7 صفحه 313 رقم الحديث: 4680' ونحوه أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 226 كلاهما عن ابن جريج عن عكرمة بن خالد عن أسيد بن حضير به .

558- اخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 327 رقم الحديث: 5262' أبو داؤد في سننه جلد 4 صفحه 356 رقم الحديث: 5224' والبيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد 7 صفحه 102 رقم الحديث: 13364 كلهم عن حصين بن عبد الرحمن عن عبد الرحمن بن أبي ليلى عن أسيد بن حضير به .

عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، قَالَ: بَيْنَمَا هُوَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ فِيهِ مِزَاحٌ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ لِيُضْحِكَهُمْ، فَطَعَنَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَاصِرَتِهِ، فَقَالَ: اَصْبِرْنِي، فَقَالَ: اصْطَبِرْ، فَقَالَ: اِنَّ عَلَيْكَ قَمِيصًا، وَلَيْسَ عَلَيَّ قَمِيصٌ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ فَاحْتَضَنَهُ، وَجَعَلَ يُقَبِّلُ كَشْحَهُ، وَيَقُولُ: اِنَّمَا اَرَدْتُ هَذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ

وہ حضور ﷺ کے پاس تھے' وہاں ایک مذاق کرنے والا آدمی تھا' جو باتیں کرتا تا کہ لوگ مسکرائیں' حضور ﷺ نے اس کے کولہوں پر (انگلی) ماری' اس نے عرض کی: مجھے بدلہ دیں! آپ نے فرمایا: تم بدلہ لے لو! اُس نے عرض کی: آپ نے قمیص پہنی ہے جبکہ میں نے قمیص نہیں پہنی تھی۔ حضور ﷺ نے اپنی قمیص اُتاری تو وہ چمٹ گیا' وہ آپ کا بوسہ لینے لگا جس طرح کوئی لالچی ہوتا ہے' عرض کرنے لگا: یا رسول اللہ! میرا یہی مقصد تھا۔

ہے کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولنے لگے اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

**827** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا يُونُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَتَحَ لَهُمْ، فَتَنَاوَلَ بَعْضُ النَّاسِ قَتْلَ الْوِلْدَانِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ جَاوَزَ بِهِمُ الْقَتْلُ حَتّٰى قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا هُمْ اَبْنَاءُ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: خِيَارُكُمْ اَبْنَاءُ الْمُشْرِكِينَ، اَلَا لَا تُقْتَلُ الذُّرِّيَّةُ، كُلُّ نَسَمَةٍ تُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتّٰى يُعْرِبَ عَنْهَا لِسَانُهَا، فَاَبَوَاهَا يُهَوِّدَانِهَا وَيُنَصِّرَانِهَا

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' ان کو فتح ہوئی تو بعض لوگوں نے بچوں کو پکڑ کر قتل کیا' یہ بات حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے کہ جو قتل میں حد سے بڑھتے ہیں یہاں تک کہ بچوں کو قتل کرتے ہیں۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کے بچے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم کو مشرکوں کے بچوں پر اختیار دیا گیا ہے' خبردار! بچوں کو قتل نہ کرو' ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولنے لگے' اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

**828** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَفْضَى بِهِمُ الْقَتْلُ اِلَى اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' ان کو فتح ہوئی تو بعض لوگوں نے بچوں کو پکڑ کر قتل کیا' یہ بات حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے کہ جو قتل میں حد سے بڑھتے ہیں یہاں تک کہ بچوں کو قتل کرتے ہیں۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کے بچے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم کو مشرکوں کے بچوں پر اختیار دیا گیا ہے' خبردار! بچوں کو قتل نہ کرو'

فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ أَفْضَى بِهِمُ الْقَتْلُ إِلَى أَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ: أَوَلَيْسُوا أَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ؟ فَقَالَ: أَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ أَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ، كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ أَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ، وَيُمَجِّسَانِهِ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْمُقَدَّمِيِّ

ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولنے لگے اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

**829** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ حَاتِمٍ الْجُذُوعِيُّ، ثنا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، أَنَّهُمْ غَزَوْا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَقَتَلُوا حَتَّى أَفْضَوْا إِلَى الذُّرِّيَّةِ، فَسَأَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ أَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' ہم دشمن سے ملے تو ان کو قتل کیا یہاں تک کہ بچوں تک پہنچے (تو ان کو بھی قتل کیا) اس کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صحابہ کرام نے پوچھا تو آپ نے فرمایا: ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

**830** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ، ثنا سَلَّامٌ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَيُونُسَ، وَهِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَأَفْضَى بِهَا الْقَتْلُ حَتَّى قَتَلُوا الْوِلْدَانَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُ الْوِلْدَانِ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوَلَيْسُوا مِنْ آبَائِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ أَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ كُلَّ نَسَمَةٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يُعْرِبَ عَنْهَا لِسَانُهَا

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا' ان سے لڑائی ہوئی یہاں تک کہ ان کے بچوں کو مارا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو فرمایا: بچوں کا کیا قصور تھا؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا وہ اپنے باپوں کے نہیں تھے؟ آپ نے فرمایا: کیا تم کو مشرکوں کی اولاد پر اختیار دیا گیا ہے؟ ہر بچہ دینا سلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اپنی زبان سے بولنے لگے۔

831 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابَ، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مِنْ نَسَمَةٍ تُولَدُ اِلَّا عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يُعْرِبَ عَنْهَا لِسَانُهَا

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اپنی زبان سے بولنے لگے۔

832 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَلَقُوا فَتَتَابَعُوا فِي الْقَتْلِ، حَتَّى اَفْضَوْا اِلَى الْوِلْدَانِ، فَلَمَّا رَجَعَتِ السَّرِيَّةُ رَقَى ذَلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَلَمْ اَنْهَكُمْ؟ فَقَالُوا: اِنَّمَا هُمْ اَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: اَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ اَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: اَلَا اِنَّ كُلَّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک چھوٹا قافلہ بھیجا وہ کافروں سے ملے لگاتار لڑائی ہوئی یہاں تک کہ بچوں تک پہنچے (تو اُن کو بھی قتل کیا) جب وہ سریہ واپس آیا تو یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی آپ نے فرمایا: کیا میں نے تمہیں منع نہیں کیا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کی اولاد تھی۔ آپ نے فرمایا: کیا تمہیں مشرکوں کی اولاد پر اختیار دیا گیا ہے؟ پھر آپ نے اعلان کرنے والے کو حکم دیا کہ اعلان کرو کہ خبردار! ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔

833 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ عَنْبَسَةَ الْغَنَوِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْرَعُوا فِي الْقَتْلِ حَتَّى بَلَغَ بِهِمْ قَتْلُ الْوِلْدَانِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ اَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے اصحاب نے قتل کرنے میں جلدی کی یہاں تک کہ بچوں کے قتل تک پہنچ گئے حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

834 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَلَا اَحَدٌ اَكْثَرَ مَعَاذِيرَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل کو سب سے زیادہ تعریف پسند ہے' آپ کے رب سے زیادہ نعمتیں دینے والا کوئی نہیں ہے۔

835 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ وَاقِدٍ الْعَطَّارُ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ اَشْفَقَ الْمُسْلِمُونَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا مَاتَ اِبْرَاهِيمُ ابْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُلْحِقَ بِسَلَفِنَا الصَّالِحِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عثمان بن مظعون کا وصال ہوا تو مسلمانوں پر بڑا دشوار گزرا' جب حضرت ابراہیم ابن رسول اللہ کا وصال ہوا تو آپ نے فرمایا: اسے ہمارے نیک گزرے ہوئے حضرت عثمان بن مظعون کے ساتھ ملایا جائے۔

836 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ، ثنا سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ فِي الْجَنَّةِ؟ قَالَ: النَّبِيُّ فِي الْجَنَّةِ، وَالشَّهِيدُ فِي الْجَنَّةِ، وَالْمَوْلُودُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! جنت میں کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا: نبی جنتی ہیں' شہید جنتی ہے' جو بچہ پیدا ہوا پھر مر گیا تو وہ جنتی ہے۔

837 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ، قَالَا: ثنا

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک قیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا' اُس نے کہا: میں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' محمد کی بارگاہ



837- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 284 رقم الحديث: 7654' وأبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4 صفحه 258 رقم الحديث: 1459' وأحمد في مسنده جلد 3 صفحه 435' والهيثمي في مجمع الزوائد عن الأسود بن سريع جلد 10 صفحه 199 .

مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقَرْقَسَانِيُّ، ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، وَمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: جِيءَ بِاَسِيرٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَتُوبُ اِلَى اللّٰهِ، وَلَا اَتُوبُ اِلَى مُحَمَّدٍ، فَقَالَ: عَرَفَ الْحَقَّ لِاَهْلِهِ

میں نہیں کرتا۔ آپ نے فرمایا: حق والے کا حق پہچان لیا ہے۔

**838** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ سَلَّامِ بْنِ مِسْكِينٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِاَسِيرٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَتُوبُ اِلَيْكَ، وَلَا اَتُوبُ اِلَى مُحَمَّدٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَرَفَ الْحَقَّ لِاَهْلِهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک قیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا' اُس نے کہا: میں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' محمد کی بارگاہ میں نہیں کرتا۔ آپ نے فرمایا: حق والے کا حق پہچان لیا ہے۔

## الْاَحْنَفُ بْنُ قَيْسٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ

## حضرت احنف بن قیس' حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**839** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَرْبَعَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُدْلُونَ بِحُجَّةٍ: اَصَمُّ لَا يَسْمَعُ، وَرَجُلٌ اَحْمَقُ، وَرَجُلٌ هَرَمٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي الْفَتْرَةِ، فَاَمَّا الْاَصَمُّ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، جَاءَ وَالصِّبْيَانُ يَقْذِفُونِي بِالْبَعْرِ، وَاَمَّا الْهَرَمُ فَيَقُولُ: لَقَدْ جَاءَ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن چار (آدمی) اپنی دلیل کے ساتھ لٹکائے جائیں گے: (۱) بہرا جو نہ سن سکے (۲) ایک وہ آدمی جو بے وقوف ہو (۳) ایک وہ آدمی جو بزرگ ہو (۴) ایک وہ آدمی جو زمانۂ فترت میں فوت ہوا' بہرحال بہرا تو وہ عرض کرے گا: اے رب! دین کی دعوت میرے پاس آئی لیکن بچوں نے مجھے مینگنیاں ماریں۔ بوڑھا عرض

الْإِسْلَامُ وَمَا اَعْقِلُ، وَاَمَّا الَّذِي مَاتَ فِي الْفَتْرَةِ فَيَقُولُ: رَبِّ مَا اَتَانِي رَسُولُكَ، فَيَأْخُذُ مَوَاثِيقَهُمْ لَيُطِيعَنَّهُ، فَيُرْسِلَ اِلَيْهِمْ رَسُولًا اَنِ ادْخُلُوا النَّارَ، قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ دَخَلُوهَا لَكَانَتْ عَلَيْهِمْ بَرْدًا وَسَلَامًا

کرے گا: اسلام کی دعوت دی گئی لیکن میں سمجھ نہیں سکتا تھا' جو زمانۂ فترت میں مرا تھا وہ عرض کرے گا: اے رب! میرے پاس تیرے رسول نہیں آئے۔ اللہ عزوجل ان سے پختہ وعدہ لے گا تاکہ ضرور اس کی اطاعت کریں گے' ان کی طرف بھیجا جائے گا کہ ان کو جہنم میں داخل کرو' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر وہ جہنم میں داخل کیے جائیں گے تو جہنم ان کے لیے ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جائے گی۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ

## وہ حدیثیں جو حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ رضی اللہ عنہ' حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**840** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَدَحْتُ اللّٰهَ بِمِدْحَةٍ، وَمَدَحْتُكَ بِمِدْحَةٍ، قَالَ: هَاتِ وَابْدَأْ بِمِدْحَةِ اللّٰهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اللہ کی حمد کی اور آپ کی حمد کی ہے۔ آپ نے فرمایا: جو رب کی حمد ہے وہ پڑھو۔

**841** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ التَّمِيمِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے شعر لکھے اس میں' میں نے اللہ کی تعریف لکھی ہے اور آپ کی مدح لکھی ہے۔ آپ نے فرمایا:

عَلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي قُلْتُ شِعْرًا اَثْنَيْتُ فِيهِ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمَدَحْتُكَ، قَالَ: اَمَّا مَا اَثْنَيْتَ عَلَى اللّٰهِ فَهَاتِهِ، وَمَا مَدَحْتَنِي بِهِ فَدَعْهُ فَجَعَلْتُ اُنْشِدُهُ، فَدَخَلَ رَجُلٌ طُوَالٌ اَقْنَى، فَقَالَ لِي: اَمْسِكْ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ: هَاتِ فَجَعَلْتُ اُنْشِدُهُ، فَلَمْ اَلْبَثْ اَنْ عَادَ، فَقَالَ لِي: اَمْسِكْ فَلَمَّا خَرَجَ، قَالَ: هَاتِ فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ الَّذِي دَخَلَ قُلْتَ: اَمْسِكْ، وَاِذَا خَرَجَ قُلْتَ: هَاتِ؟ قَالَ: هَذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَلَيْسَ مِنَ الْبَاطِلِ فِي شَيْءٍ

جو تُو نے اللہ کی تعریف لکھی ہے وہ سناؤ اور جو میری تعریف لکھی ہے وہ چھوڑ دو۔ میں اشعار پڑھنے لگا' ایک آدمی لمبے قد اور سرخ رنگ والا داخل ہوا' مجھے کہا گیا: خاموش ہو جاؤ! جب وہ چلے گئے تو آپ نے فرمایا: پڑھو! میں پڑھنے لگا' جب میں دوبارہ پڑھنے لگا تو مجھے کہا گیا کہ خاموش ہو جاؤ! جب وہ چلے گئے تو آپ نے فرمایا: پڑھو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کون ہے جو آپ کے پاس آیا ہے؟ آپ نے فرمایا: خاموش ہو جاؤ! جب وہ چلا گیا تو آپ نے فرمایا: پڑھو! آپ نے فرمایا: یہ عمر بن خطاب ہے' یہ باطل سے کوئی شی نہیں سنتا ہے۔

## اَسْوَدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت اسود بن زید انصاری بدری رضی اللہ عنہ

842 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْخَزْرَجِ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ: اَسْوَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ غَنْمٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور خزرج اور بنی سلمہ سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے اسود بن زید بن ثعلبہ بن غنم ہیں۔

## اَيْمَنُ ابْنُ اُمِّ اَيْمَنَ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَهُوَ اَيْمَنُ بْنُ عُبَيْدٍ اَخُو بَنِي عَوْفٍ

## ایمن بن اُم ایمن حنین کے دن شہید کیے گئے تھے' یہ ایمن بن عبید بنی عوف بن خزرج کے بھائی

## بْنِ الْخَزْرَجِ، وَهُوَ اَخُو اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ لِاُمِّهِ

## ہیں' یہ اسامہ بن زید کے بھائی ہیں ماں کی طرف سے

**843** - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: اَيْمَنُ بْنُ عُبَيْدٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حنین کے دن جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایمن بن عبید بھی ہیں۔

**844** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي مَيْسَرَةَ، قَالَ: قَالَ سَعْدٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَاَيْتُ اَيْمَنَ وَهُوَ فَارٌّ مِنَ الْقِتَالِ، فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَرَاهِيَةَ قَالَ سَعْدٌ: فَقُلْتُ: مَا رَاَيْتُ خُطْبَةً اَبْعَدَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ ثُمَّ اِنَّهُمُ احْتَضَرُوا الْقِتَالَ بَعْدَ ذَلِكَ، فَقَالَ سَعْدٌ: لَقَدْ رَاَيْتُ اَيْمَنَ اَعْتَكَ الْقَوْمَ، فَاَعْجَبَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِاَيْمَنَ: لَقَدْ حُدِّثْتُ اَنَّكَ لَا تَقُومُ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ جُبْنًا، فَقَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَقُومَ مَقَامًا يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ عُمَرُ: اِنَّكَ لَخَلِيقٌ اَنْ تَفْعَلَ

حضرت ابومیسرہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: میں نے ایمن کو دیکھا اس حال میں کہ وہ جنگ سے بھاگنے والے ہیں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ مبارک پر ناپسندیدگی کا اظہار دیکھا' حضرت سعد فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: میں نے کبھی کوئی ایسا خطبہ نہیں دیکھا جو دور ہو ہر بھلائی سے' پھر اس کے بعد وہ لڑائی کے لیے حاضر ہوئے۔ حضرت سعد فرماتے ہیں: میں نے ایمن کو دیکھا' اس نے مخالف گروہ پر حملہ کیا' جس سے اس نے حضور ﷺ کو خوش کیا۔ حضرت سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب نے ایمن سے کہا: مجھے بیان کیا گیا ہے کہ آپ دو صفوں کے درمیان بزدلی سے کھڑے نہیں ہوتے ہیں۔ حضرت ایمن نے عرض کی: میں اس مقام پر کھڑا ہوتا ہوں جو اللہ اور اُس کے رسول کو پسند ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: آپ ایسا کرنے کے لائق ہیں۔

**845** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابومیسرہ فرماتے ہیں کہ حضرت ایمن

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي مَيْسَرَةَ، قَالَ: كَانَ اَيْمَنُ عَلَى مَطْهَرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعْلَيْهِ، وَيُعَاطِيهِ حَاجَتَهُ

رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسواک یا لوٹا اور آپ کے نعلین مبارک اور آپ کی ضروریات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حاضرِ خدمت ہوتے تھے۔

**846** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، وَعَطَاءٍ، عَنْ اَيْمَنَ الْحَبَشِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَدْنَى مَا يُقْطَعُ فِيهِ السَّارِقُ ثَمَنُ الْمِجَنِّ، قَالَ: وَقَدْ كَانَ يُقَوَّمُ دِينَارًا

حضرت ایمن حبشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے کم جس میں چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا وہ ڈھال کی قیمت ہے جبکہ اس کی قیمت ایک دینار تھی۔

**847** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْاَذْنِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ اَبِي عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَيْمَنَ الْحَبَشِيِّ، قَالَ: كَانَتِ الْاَيْدِي تُقْطَعُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَمَنِ الْمِجَنِّ

حضرت ایمن حبشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں چور کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا تھا ڈھال کی قیمت کی مقدار میں (یعنی پانچ درہم کی مقدار)۔

## اَيْمَنُ بْنُ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيُّ

## حضرت ایمن بن خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ

**848** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي يَعْقُوبَ الْكَرْمَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، فَلَقِيتُ مُطَرِّفًا فَحَدَّثَنِي، عَنِ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ عبدالملک بن مروان نے ایمن بن خریم سے کہا: کیا آپ ہمارے ساتھ مل کر نہیں لڑیں گے؟ حضرت ایمن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے والد اور چچا دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ



846- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4 صفحه421 رقم الحديث: 8144 عن منصور عن مجاهد وعطاء عن أيمن به.

الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ لِاَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمٍ: اَلَا تُقَاتِلُ مَعَنَا؟ فَقَالَ: اِنَّ اَبِي وَعَمِّي شَهِدَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَانِي اَنْ لَا اُقَاتِلَ، ثُمَّ اَنْشَدَ يَقُولُ:

(البحر الوافر)

وَلَسْتُ بِقَاتِلٍ رَجُلًا يُصَلِّي ... عَلَى سُلْطَانِ آخَرَ مِنْ قُرَيْشِ

لَهُ سُلْطَانُهُ وَعَلَيَّ جُرْمِي ... مَعَاذَ اللّٰهِ مِنْ فَشَلٍ وَطَيْشِ

اَاَقْتُلُ مُسْلِمًا فِي غَيْرِ جُرْمٍ ... فَلَيْسَ بِنَافِعِي مَا عِشْتُ عَيْشِي

حاضر ہوئے اور ان دونوں نے مجھے حکم دیا کہ میں نہ لڑوں پھر یہ اشعار پڑھنے لگے:

''میں نمازی آدمی سے نہیں لڑوں گا' قریش سے دوسرے بادشاہ کے خلاف' یہ جیت بادشاہ کی ہے جرم میرے لیے' اللہ کی پناہ! بزدلی سے بھی اور غصے سے بھی' کیا میں مسلمان کو ماردوں بغیر جرم کے' میرے لیے نفع مند نہیں ہے جب تک میں زندہ ہوں''۔



849 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبَانَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: كَانَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ يُقَاتِلُ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِي اَسَدٍ يُقَالُ لَهُ اَيْمَنُ بْنُ خُرَيْمٍ: اَلَا تُقَاتِلُ مَعَنَا؟ فَقَالَ: لَا، اِنَّ اَبِي وَعَمِّي شَهِدَا بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَهِدَا اِلَيَّ اَنْ لَا اُقَاتِلَ اَحَدًا شَهِدَ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِنْ اَتَيْتَنِي بِبَرَاءَةٍ مِنَ النَّارِ قَاتَلْتُ مَعَكَ فَقَالَ: اذْهَبْ، فَلَا حَاجَةَ لَنَا فِيكَ، فَقَالَ اَيْمَنُ:

(البحر الوافر)

وَلَسْتُ بِقَاتِلٍ رَجُلًا يُصَلِّي ... عَلَى سُلْطَانِ آخَرَ مِنْ قُرَيْشِ

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں کہ مروان بن حکم' ضحاک بن قیس سے لڑ رہا تھا' مروان نے بنی اسد کے ایک آدمی جس کا نام ایمن بن خریم تھا' سے کہا: کیا آپ ہمارے ساتھ مل کر نہیں لڑیں گے؟ حضرت ایمن رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں کیونکہ میرے والد اور چچا دونوں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک ہوئے تھے اور مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ جو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والا ہو اس کو نہ ماروں' اگر مجھے جہنم سے بَری ہونے کا پروانہ دیں تو میں آپ سے مل کر لڑوں۔ مروان نے کہا: جاؤ! آپ سے ہمیں کوئی کام نہیں ہے۔ ایمن نے کہا:

''میں نمازی آدمی کو نہیں ماروں گا' قریش کے علاوہ بادشہ کے خلاف آپ کے لیے بادشاہی اور

لَهُ سُلْطَانُهُ وَعَلَيَّ اِثْمِي ... مَعَاذَ اللّٰهِ مِنْ جَهْلٍ وَطَيْشِ

میرے لیے گناہ ہو اللہ کی پناہ جہالت اور غصے سے"۔

## بَابُ مَنِ اسْمُهُ اُمَيَّةُ

## یہ باب ہے جن کا نام امیہ ہے

### اُمَيَّةُ بْنُ لَوْذَانَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

### حضرت امیہ بن لوذان انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**850** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي قَرْبُوسِ بْنِ غَنْمِ بْنِ سَالِمٍ: اُمَيَّةُ بْنُ لَوْذَانَ بْنِ سَالِمِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ هَزَّالِ بْنِ عَمْرِو بْنِ قَرْبُوسِ بْنِ غَنْمٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی قربوس بن غنم بن سالم سے جو بدر میں شریک ہوئے وہ امیہ بن لوذان بن سالم بن ثابت بن ھزال بن عمرو بن قربوس بن غنم ہیں۔

### اُمَيَّةُ بْنُ مَخْشِيٍّ الْخُزَاعِيُّ

### حضرت امیہ بن مخشی خزاعی رضی اللہ عنہ

**851** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ صُبْحٍ، حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخُزَاعِيُّ، وَصَحِبْتُهُ اِلَى وَاسِطٍ فَكَانَ اِذَا اَكَلَ سَمَّى، فَاِذَا صَارَ فِي آخِرِ لُقْمَةٍ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، فَقُلْتُ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: اِنَّ جَدِّي اُمَيَّةَ بْنَ مَخْشِيٍّ حَدَّثَنِي، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُسَمِّ، فَلَمَّا كَانَ فِي آخِرِ لُقْمَةٍ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ

حضرت جابر بن صبح فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت مثنیٰ بن عبدالرحمٰن الخزاعی نے بتایا: میں اُس کے ساتھ واسط میں رہا' آپ جب کھانا کھاتے تو بسم اللہ پڑھتے اور جب آخری لقمہ ہوتا تو پڑھتے: بسم اللّٰہ اولہٗ و آخرہٗ! میں نے اس کے متعلق پوچھا تو فرمایا: میرے دادا امیہ بن مخشی نے مجھے بتایا کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس کھانا کھا رہا تھا' اُس نے بسم اللہ نہ پڑھی جب آخری لقمہ رہ گیا تو اُس نے پڑھا: بسم اللّٰہ اولہٗ آخرہٗ!

اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَ الشَّيْطَانُ يَاْكُلُ مَعَهُ حَتّٰى قَالَ: اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، فَقَاءَ الشَّيْطَانُ كُلَّ شَيْءٍ اَكَلَهُ

حضورﷺ نے فرمایا: تیرے ساتھ شیطان مسلسل کھانا کھا رہا تھا جب تُو نے اولہٗ وآخرہٗ پڑھا تو شیطان نے قے کر دی ہر وہ شی جو اُس نے کھائی تھی۔

852 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا رَجَاءُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمِّهِ اُمَيَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا، وَرَجُلٌ يَاْكُلُ فَلَمْ يُسَمِّ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ طَعَامِهِ اِلَّا لُقْمَةٌ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَا زَالَ الشَّيْطَانُ يَاْكُلُ مَعَكَ، فَلَمَّا ذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ اسْتَقَاءَ مَا فِي بَطْنِهِ

حضرت امیہ بن مخشی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ بیٹھے ہوئے تھے ایک آدمی کھا رہا تھا اُس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں پڑھی یہاں تک کہ جب کھانے کا صرف ایک لقمہ باقی تھا تو اُس نے پڑھا: بسم اللہ اولہٗ وآخرہٗ! حضورﷺ مسکرائے پھر آپ نے فرمایا: شیطان مسلسل تیرے ساتھ کھا رہا تھا جب تُو نے بسم اللہ پڑھی تو اس نے قے کر دی جو اس کے پیٹ میں تھا۔

## اُمَيَّةُ بْنُ عَمْرٍو الضَّمْرِيُّ الْكِنَانِيُّ

## حضرت امیہ بن عمرو ضمری کنانی رضی اللہ عنہ

853 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَائِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ عَيْنًا اِلَى قُرَيْشٍ، فَجِئْتُ اِلَى خَشَبَةِ خُبَيْبٍ، وَاَنَا اَتَخَوَّفُ الْعُيُونَ، فَرَقِيتُ فِيهَا، فَحَلَلْتُ، فَوَقَعَ اِلَى الْاَرْضِ، فَاَسْنَدْتُ غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ

جعفر بن عمرو بن امیہ ضمری اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے جاسوس بنا کر قریش کی طرف بھیجا میں خبیب کی لکڑی کے پاس آیا میں جاسوسوں سے ڈر رہا تھا میں اس میں چڑھا پھر میں بیٹھا اور وہ زمین پر آئی میں زیادہ دور نہ گیا میں نے خبیب کی لکڑی نہیں دیکھی ایسے محسوس ہوا کہ زمین اس کو نگل گئی ہے خبیب کے لیے اس کا اثر اُس وقت تک ذکر نہیں کیا۔

الْتَفَتُّ فَلَمْ اَرَ خَشَبَةَ خُبَيْبٍ، وَكَأَنَّمَا ابْتَلَعَتْهُ الْاَرْضُ، فَلَمْ يُذْكَرْ لِخُبَيْبٍ اَثَرٌ حَتَّى السَّاعَةِ

## اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدِ بْنِ اُسَيْدِ بْنِ اَبِی الْعِيصِ بْنِ اُمَيَّةَ

## حضرت امیہ بن خالد بن اسید بن ابوالعیص بن امیہ رضی اللہ عنہ

854 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِی، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اُسَيْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيكِ الْمُهَاجِرِينَ

حضرت امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کمزور مہاجرین کے وسیلہ سے فتح مانگتے تھے۔

855 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِیُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِیُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيكِ الْمُهَاجِرِينَ

حضرت امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کمزور مہاجرین کے وسیلہ سے فتح مانگتے تھے۔

856 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، ثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْمُهَلَّبِ بْنِ اَبِی صُفْرَةَ، عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ يَسْتَنْصِرُ بِصَعَالِيكِ الْمُسْلِمِينَ

حضرت امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کمزور مہاجرین کے وسیلہ سے فتح مانگتے تھے۔

857 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِی، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّی، قَالَ: اَمَّنَا اُمَيَّةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ

حضرت عیسیٰ بن یونس فرماتے ہیں کہ میرے والد نے میرے دادا کے حوالے سے بیان کیا کہ حضرت امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید نے خراسان میں ہماری

أُسَيْدٍ بِخُرَاسَانَ فَقَرَأَ بِهَاتَيْنِ السُّورَتَيْنِ إِنَّا نَسْتَعِينُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

امامت کروائی' انہوں نے دونوں سورتیں پڑھیں ''اِنَّا نَسْتَعِینُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ'' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

## اَوْفَى بْنُ مَوَلَةَ الْعَنَزِيُّ

## حضرت اوفیٰ بن مولہ العنزی رضی اللہ عنہ

858 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، وَأَحْمَدُ بْنُ بَهْرَامَ الْأَيْذَجِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ مُنْقِذِ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ جَحْوَانَ بْنِ أَبِي أَوْفَى بْنِ مَوَلَةَ الْعَنَزِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَوْفَى بْنِ مَوَلَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَقْطَعَنِي الْغَمِيمَ وَشَرَطَ عَلَيَّ، وَابْنِ السَّبِيلِ أَوَّلَ رَيَّانَ، وَأَقْطَعَ سَاعِدَةَ رَجُلًا مِنَّا بِئْرًا بِالْفَلَاةِ يُقَالُ لَهَا: الْجَعُونِيَّةُ، وَهِيَ بِئْرٌ يُخَبَّأُ فِيهَا الْمَاءُ، وَلَيْسَ الْمَاءُ الْعَذْبَ، وَأَقْطَعَ إِيَاسَ بْنَ قَتَادَةَ الْعَنَزِيَّ الْجَابِيَةَ وَهِيَ دُونَ الْيَمَامَةِ، وَكُنَّا أَتَيْنَاهُ جَمِيعًا، وَكَتَبَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنَّا بِذَلِكَ فِي أَدِيمٍ

حضرت اوفیٰ بن مولہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ نے مجھے غمیم (جگہ کا نام ہے جو کہ مکہ سے دو منزل کے فاصلہ پر ہے) الگ کر دی اور ابن سبیل کو اوّل ریان الگ کر دی۔ ساعدہ ہم میں سے ایک آدمی کو جنگل میں کنواں دیا' اس کو جعونیہ کہا جاتا تھا' اس کنویں میں پانی اکٹھا کیا جاتا تھا لیکن پانی میٹھا نہیں تھا۔ ایاس بن قتادہ عنزی کو جابیہ دیا یمامہ کے سامنے' ہم سب آئے تو ہم میں سے ہر ایک کے لیے یہ ایک چمڑے میں لکھ کر دیا۔

## اُهْبَانُ بْنُ صَيْفِيٍّ الْغِفَارِيُّ مَاتَ بِالْبَصْرَةِ

## حضرت اهبان بن صیفی غفاری رضی اللہ عنہ' آپ کا وصال بصرہ میں ہوا تھا



859 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ، قَالَتْ: حَيْثُ حَضَرَ أَبِي الْوَفَاةُ، قَالَ: لَا

حضرت عدیسہ بن اهبان فرماتی ہیں کہ میرے والد کی وفات کا وقت قریب ہوا تو انہوں نے فرمایا: مجھے سلے ہوئے کپڑے میں کفن نہ دینا' جس وقت ان کا

تُكَفِّنُونِي فِي ثَوْبٍ مَخِيطٍ فَحَيْثُ قُبِضَ وَغُسِّلَ أَرْسَلُوا إِلَيَّ أَنْ أَرْسِلِي الْكَفَنَ، فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِمْ بِالْكَفَنِ، قَالُوا: قَمِيصٌ، قُلْتُ: إِنَّ أَبِي قَدْ نَهَانِي أَنْ أُكَفِّنَهُ فِي قَمِيصٍ مَخِيطٍ فَأَرْسَلْتُ إِلَى الْقَصَّارِ، وَلِأَبِي قَمِيصٌ فِي الْقَصَّارِ، فَأُتِيَ بِهِ فَأُلْبِسَ وَذُهِبَ بِهِ، فَأَغْلَقْتُ بَابِي وَتَبِعْتُهُ، وَرَجَعْتُ، وَالْقَمِيصُ فِي الْبَيْتِ فَأَرْسَلْتُ إِلَى الَّذِينَ غَسَّلُوا أَبِي، فَقُلْتُ: كَفَّنْتُمُوهُ فِي قَمِيصٍ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قُلْتُ: هُوَ هَذَا؟ قَالُوا: نَعَمْ

وصال ہو گیا تو غسل دینے والوں نے میری طرف کفن کا پیغام بھیجا' میں نے اُن کی طرف کفن بھیجا' اُنہوں نے کہا: قمیص! میں نے کہا: میرے والد نے مجھے سلی ہوئی قمیص کا کفن دینے سے منع کیا تھا' میں نے دھوبی کی طرف پیغام بھیجا' میرے والد کی قمیص دھوبی کے پاس تھی' وہ لائی گئی اور پہنائی گئی اور لے جایا گیا' میرے والد صاحب کو اس قمیص میں لپٹا دیا' میں ان کے پیچھے گئی اور واپس آئی (دیکھا) تو قمیص گھر میں ہے' میں نے ان کی طرف قمیص بھیجی جنہوں نے میرے والد کو غسل دیا تھا' میں نے کہا: اس قمیص میں کفن دیا تھا؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! میں نے کہا: کیا یہ وہی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں!



**860** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ، قَالَتْ: حَيْثُ قَدِمَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ الْبَصْرَةَ، جَاءَ إِلَى أَبِي فَقَامَ عَلَى الْبَابِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ، قَالَ: أَلَا تَخْرُجُ فَتُعِينَنِي عَلَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ؟ قَالَ: بَلَى إِنْ شِئْتَ، يَا جَارِيَةُ نَاوِلِينِي السَّيْفَ، فَنَاوَلَتْهُ السَّيْفَ فَوَضَعَهُ فِي حِجْرِهِ، ثُمَّ اسْتَلَّهُ، قَالَ: إِنَّ خَلِيلِي وَابْنَ عَمِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي إِذَا كَانَ قِتَالٌ بَيْنَ قَبِيلَتَيْنِ مِنَ

حضرت عدیسہ بنت اہبان بن صیفی فرماتی ہیں: اس وقت جب حضرت علی بن ابوطالب بصرہ تشریف لائے تو میرے باپ کے پاس بھی آئے۔ آپ آ کر دروازے پر کھڑے ہو گئے' فرمایا: السلام علیکم! کیا آپ نہیں نکلیں گے کہ اس قوم کے خلاف میری مدد کریں؟ میرے باپ نے جواب دیا: کیوں نہیں! اگر آپ چاہیں' اے بچی! مجھے تلوار پکڑاؤ' میں نے تلوار پیش کی' اسے اپنی گود میں رکھ کو سونتا۔ عرض کی: میرے خلیل اور آپ کے چچازاد بھائی ﷺ نے مجھے حکم دیا تھا کہ جب مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان جنگ ہو تو تو

---

860- أخرجه ابن ماجة في سننه جلد 2صفحه1309 رقم الحديث: 3960' وأحمد في مسنده جلد 5صفحه69' جلد6صفحه393 رقم الحديث: 27243 كلاهما عن عبد الله بن عبيد عن عديسة بن أهبان عن ابيها به .

الْمُسْلِمِينَ، اَنِ اتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَاسْتَلَّ بَعْضَهُ وَهُوَ فِي حِجْرِهِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ مَعَكَ بِهَذَا، قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِيكَ

تلوار لکڑی کی بنالینا' آپ نے اس تلوار کا کچھ حصہ باہر نکالا تھا' وہ ابھی ان کی گود میں تھی' عرض کی: اگر آپ چاہیں تو یہ تلوار ہاتھ میں لے کر آپ کے ساتھ نکلوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے تیری ضرورت نہیں ہے۔

اهبان بن صيفي الغفاري سكن بالبصرة

**861** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الْقَسْمَلِيِّ، عَنْ بِنْتِ اُهْبَانَ، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتَى اُهْبَانَ، فَقَالَ: مَا يَمْنَعُكَ مِنَ اتِّبَاعِي؟ فَقَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي، يَعْنِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ وَفُرْقَةٌ، فَاِذَا كَانَ ذَلِكَ فَاكْسِرْ سَيْفَكَ، وَاتَّخِذْ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ وَاَمَرَ اَهْلَهُ حِينَ ثَقُلَ اَنْ يُكَفِّنُوهُ، وَلَا يُلْبِسُوهُ قَمِيصًا، فَاَلْبَسْنَاهُ قَمِيصًا، فَاَصْبَحْنَا وَالْقَمِيصُ عَلَى الْمِشْجَبِ

حضرت عدیسہ بنت اهبان فرماتی ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اهبان کے پاس آئے' فرمایا: تمہیں میری اتباع کرنے سے کون سی شی رکاوٹ ہے؟ اهبان نے عرض کی: میرے دوست حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وصیت کی تھی کہ عنقریب فتنے اور فرقے ہوں گے' جب یہ معاملہ ہو تو تم اپنی تلوار توڑ دینا اور لکڑی کی تلوار بنالینا۔ آپ نے اپنے گھر والوں کو حکم دیا جس وقت بیمار ہوئے کہ کفن میں قمیص نہ پہنانا' ہم نے قمیص پہنائی' پھر ہم نے اس حالت میں صبح کی کہ قمیص کھونٹی پر موجود تھی۔

**862** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ اُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ الْغِفَارِيِّ، عَنْ اَبِيهَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا رَاَيْتَ رَجُلَيْنِ مِنْ اُمَّتِي يَقْتَتِلَانِ عَلَى الْمَالِ، فَاَعِدَّ عِنْدَ ذَلِكَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ

حضرت عدیسہ بنت اهبان بن صیفی غفاری اپنے والد سے روایت کرتی ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میری اُمت کے دو آدمیوں کو مال کے لیے لڑتے ہوئے دیکھو تو اس وقت اپنی تلوار لکڑی کی بنالینا۔

**863** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدٍ

حضرت عدیسہ بنت اهبان بن صیفی فرماتی ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ بصرہ تشریف لائے تو آپ

مُؤَذِّنُ مَسْجِدِ جَرَادَانَ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ، قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْبَصْرَةَ جَاءَنَا إِلَى الْمَنْزِلِ، فَقَالَ: هَهُنَا أَبُو مُسْلِمٍ؟ فَقُلْنَا: نَعَمْ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: أَلَا تُعِينُنَا عَلَى هَذَا الْأَمْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَا جَارِيَةُ، ائْتِينِي بِذَاكَ السَّيْفِ، فَجَاءَتْ بِسَيْفِهِ فَسَلَّهُ، فَإِذَا سَيْفٌ مِنْ خَشَبٍ، فَقَالَ لَهُ أَبُو مُسْلِمٍ: إِنَّ ابْنَ عَمِّكَ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ: إِذَا كَانَتْ فِتْنَةٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَوَلَّى عَلِيٌّ غَضْبَانَ، فَقَالَ: لَيْسَ لَنَا فِيكَ حَاجَةٌ، وَلَا فِي سَيْفِكَ، قَالَ يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ: فَحَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ هَذَا الشَّيْخِ قَبْلَ أَنْ أَلْقَاهُ

ہمارے گھر آئے' آپ نے فرمایا: یہاں ابومسلم ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! میرے والد نکلے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ سے فرمایا: کیا آپ ہماری اس حوالہ سے مدد نہیں کریں گے؟ میرے والد نے عرض کی: جی ہاں! کریں گے' اے بیٹی! میرے پاس میری تلوار لاؤ۔ وہ تلوار لے کر آئی' اس کو سونتا تو وہ لکڑی کی تلوار تھی۔ ابومسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ کے چچازاد یعنی حضور پُرنور ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ جب مسلمانوں کے درمیان فتنہ ہو تو تم لکڑی کی تلوار بنا لوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حالتِ غصہ میں واپس گئے' فرمایا: ہمیں آپ کی اور آپ کی تلوار کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ حضرت یزید بن زریع فرماتے ہیں کہ یہ حدیث یونس بن عبید نے مجھے بتائی' اس شیخ سے روایت کر کے ان سے ملاقات کرنے سے پہلے۔

**864** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَبِيرِ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي عُدَيْسَةُ بِنْتُ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ، أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَتَى أَبَاهَا، فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَاسْتَأْذَنَ، وَقَالَ: يَا أَبَا مُسْلِمٍ، مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَجِدَّ فِي هَذَا الْأَمْرِ وَتَأْخُذَ مِنْهُ بِنَصِيبِكَ؟ قَالَ: يَمْنَعُنِي مِنْ ذَلِكَ عَهْدٌ عَهِدَهُ إِلَيَّ خَلِيلِي وَابْنُ عَمِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي إِذَا وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَهَا هُوَ ذَا عِنْدِي، فَإِنْ شِئْتَ

حضرت عدیسہ بنت اھبان بن صیفی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ میرے والد کے پاس آئے' دروازہ پر کھڑے ہوئے' اجازت چاہی' فرمایا: اے ابومسلم! آپ کو اس معاملہ میں شامل ہونے سے کیا رکاوٹ ہے؟ آپ بھی اس سے اپنا حصہ لیں۔ میرے والد نے کہا: مجھے اس میں حصہ ڈالنے سے رکاوٹ یہ ہے کہ میرے دوست اور آپ کے چچازاد بھائی ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا اور مجھے حکم دیا کہ جب فتنے آئیں تو تم لکڑی کی تلوار بنا لینا' تو یہ میرے پاس ہے'

فَاتَلْتُ بِهِ

اگر آپ چاہیں تو میں اس کے ساتھ لڑوں گا۔

**865** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَهْدَمِ بْنِ الْحَارِثِ الْغِفَارِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: قَالَ لِي أُهْبَانُ بْنُ صَيْفِيٍّ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُهْبَانُ، أَمَا إِنَّكَ إِنْ بَقِيتَ بَعْدِي فَسَتَرَى فِي أَصْحَابِي اخْتِلَافًا، فَإِنْ بَقِيتَ إِلَى ذَلِكَ الْيَوْمِ، فَاجْعَلْ سَيْفَكَ مِنْ عَرَاجِينَ قَالَ: فَجَعَلْتُ سَيْفِي مِنْ عَرَاجِينَ، فَأَتَانِي عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أُهْبَانُ، أَلَا تَخْرُجُ؟ فَقُلْتُ: بِأَبِي وَأُمِّي يَا أَبَا الْحَسَنِ، قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَوْ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ أَوْصَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ تَقَدَّمَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - شَكَّ ابْنُ زَهْدَمٍ - فَقَالَ: يَا أُهْبَانُ، أَمَا إِنَّكَ إِنْ بَقِيتَ بَعْدِي فَسَتَرَى فِي أَصْحَابِي اخْتِلَافًا، فَإِنْ بَقِيتَ إِلَى ذَلِكَ الْيَوْمِ فَاجْعَلْ سَيْفَكَ مِنْ عَرَاجِينَ فَأَخْرَجْتُ إِلَيْهِ سَيْفِي فَوَلَّى عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت یحیٰ بن بن زہدم بن حارث غفاری فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بیان کیا کہ مجھے حضرت اہبان بن صیفی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اہبان! تُو میرے بعد زندہ رہے گا' میرے صحابہ میں اختلاف دیکھے گا' اگر تُو ان دنوں موجود ہو تو اپنی تلوار کھجور کی لکڑی سے بنالینا' تو میں نے اپنی تلوار کھجور کی لکڑی کی بنالی۔ میرے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' میرے دروازے کی چوکھٹ پکڑی' پھر سلام کیا۔ فرمایا: اے اہبان! کیا نکلیں گے؟ میں نے کہا: اے ابوالحسن! میرے ماں باپ آپ پر قربان! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا' یا شاید مجھے وصیت کی تھی' یا شاید مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وعدہ لیا تھا' ابن زہدم کو شک ہے' فرمایا: اے اہبان! تُو میرے بعد زندہ رہے گا' میرے صحابہ میں اختلاف دیکھے گا' اگر تُو ان دنوں زندہ رہا تو تُو اپنی تلوار کھجور کی لکڑی سے بنا کر رکھنا' میں نے اپنی تلوار رکھ لی۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ واپس تشریف لے گئے۔

## أَسْمَاءُ بْنُ حَارِثَةَ الْأَسْلَمِيُّ

## حضرت اسماء بن حارث اسلمی رضی اللہ عنہ

**866** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو

حضرت اسماء بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے عاشوراء کے دن حکم دیا' فرمایا: تُو اپنی قوم کے پاس جا اور ان کو آج کے دن کا روزہ

مُسْلِمِ الْكَشِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا وَهْبٌ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ هِنْدَ بْنِ حَارِثَةَ، عَنْ عَمِّهِ أَسْمَاءَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، فَقَالَ: ائْتِ قَوْمَكَ فَمُرْهُمْ أَنْ يَصُومُوا هَذَا الْيَوْمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا أُرَانِي آتِيهِمْ حَتَّى يَطْعَمُوا، قَالَ: مُرْ مَنْ طَعِمَ مِنْهُمْ أَنْ يَصُومَ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

رکھنے کا حکم دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا خیال ہے کہ اُنہوں نے کھانا کھالیا ہے' آپ نے فرمایا: ان کو حکم دو کہ جس نے کھانا کھایا ہے' وہ بقیہ دن روزہ رکھے۔

867 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا أَبُوكَ غَيْلَانُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَسْمَاءَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا يَدَهُ أُرَاهُ عَلَى فَخِذِهِ، يُشِيرُ بِأُصْبُعِهِ فِي التَّشَهُّدِ

حضرت اسماء بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنا ہاتھ ران پر رکھا تھا اور اپنی انگلی کے ساتھ التحیات میں اشارہ کر رہے تھے۔

868 - وَبِإِسْنَادِهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْصَرِفُ عَنْ شِمَالِهِ إِلَى مَنْزِلِهِ إِذَا سَلَّمَ

حضرت اسماء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ سلام پھیر لیتے تو اپنے گھر کی طرف بائیں جانب پھر کرتے۔

## أَكْثَمُ بْنُ أَبِي الْجَوْنِ

## حضرت اکثم بن ابوالجون رضی اللہ عنہ

869 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي نَهِيكٍ، عَنْ شِبْلِ بْنِ خُلَيْدٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَكْثَمَ بْنِ أَبِي نَجَوْنٍ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فُلَانٌ يَجْرِي فِي نُفِتَالٍ؟ قَالَ: هُوَ فِي النَّارِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ،

حضرت اکثم بن ابوجون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں آدمی جنگ میں شہید ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ جہنم میں ہے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! جب فلاں اپنی عبادت اور کوشش اور اپنے پہلو میں نرمی کے باوجود جہنم میں ہے تو ہم کہاں ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: وہ منافق تھا لہٰذا وہ

إِذَا كَانَ فُلَانٌ فِي عِبَادَتِهِ وَاجْتِهَادِهِ وَلِينِ جَانِبِهِ فِي النَّارِ، فَأَيْنَ نَحْنُ؟ قَالَ: إِنَّمَا ذَلِكَ إِخْبَاتُ النِّفَاقِ، وَهُوَ فِي النَّارِ قَالَ: كُنَّا نَتَحَفَّظُ عَلَيْهِ فِي الْقِتَالِ، كَانَ لَا يَمُرُّ بِهِ فَارِسٌ، وَلَا رَاجِلٌ إِلَّا وَثَبَ عَلَيْهِ، فَكَثُرَ عَلَيْهِ جِرَاحُهُ، فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتُشْهِدَ فُلَانٌ، قَالَ: هُوَ فِي النَّارِ فَلَمَّا اشْتَدَّ بِهِ أَلَمُ الْجِرَاحِ أَخَذَ سَيْفَهُ فَوَضَعَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ اتَّكَأَ عَلَيْهِ حَتَّى خَرَجَ مِنْ ظَهْرِهِ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ تُدْرِكُهُ الشِّقْوَةُ أَوِ السَّعَادَةُ عِنْدَ خُرُوجِ نَفْسِهِ، فَيُخْتَمُ لَهُ بِهَا

جہنم میں ہے؛ ہم نے اس کی لڑائی میں حفاظت کی؛ اس کے پاس سے کوئی گھوڑے والا؛ کوئی پیدل گزرتا تو اس پر گرتا؛ اس کو زیادہ زخم آئے۔ ہم حضورﷺ کے پاس آئے؛ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں شہید ہوا ہے؛ آپ نے فرمایا: وہ جہنم میں ہے۔ میں نے اس کے زخم کی شدت محسوس کی؛ اس نے تلوار پکڑی اور اسے اپنے سینہ پر رکھا؛ اس کو زور دیا تو وہ اس کی پشت کی طرف سے نکل گئی۔ میں حضورﷺ کے پاس آیا؛ میں نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ حضورﷺ نے فرمایا: ایک آدمی جنت والے عمل کرتا ہے لیکن وہ جہنم والوں میں سے ہوتا ہے اور ایک آدمی جہنم والے عمل کرتا ہے لیکن وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے؛ یا تو اس کی بدبختی یا سعادتمندی روح نکلتے وقت آتی ہے؛ اسی پر اس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## أُذَيْنَةُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ اللَّيْثِيُّ وَهُوَ أُذَيْنَةُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ يَعْمَرَ بْنِ عَوْفِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لَيْثٍ

## حضرت اذینہ ابوعبدالرحمٰن لیثی رضی اللہ عنہ آپ کا نسب اذینہ بن حارث بن یعمر بن عوف بن کعب بن عامر بن لیث ہے

870 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا دَاوُدُ

حضرت عبدالرحمٰن بن اذینہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں؛ وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کام کے نہ کرنے پر قسم اُٹھائی؛ پھر اس کے کرنے میں بہتری دیکھی تو وہ کام کرے جو بہتر

بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، وَمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اُذَيْنَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَاَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ

ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

## اَصْرَمُ

## حضرت اصرم رضی اللہ عنہ

**871** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا بَشِيرُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ اَخْدَرِيٍّ، عَنْ اَصْرَمَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اشْتَرَيْتُ عَبْدًا فَادْعُ اللّٰهَ لَهُ بِالْبَرَكَةِ وَسَمِّهِ، فَقَالَ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: اَصْرَمُ، قَالَ: بَلْ اَنْتَ زُرْعَةُ قَالَ: فَمَا تُرِيدُهُ؟ قَالَ: زَرَّاعًا، قَالَ: فَهُوَ عَاصِمٌ

حضرت اصرم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے غلام خریدا ہے اللہ عزوجل سے اس کے لیے دعا کریں اور اس کے نام کے لیے۔ آپ نے فرمایا: تیرا نام کیا ہے؟ عرض کی: اصرم! آپ نے فرمایا: تمہارا نام زرعہ ہے آپ نے فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے؟ عرض کی: زرّاعا! آپ نے فرمایا: اس کا نام عاصم ہے۔

## الْاَسْلَعُ بْنُ شَرِيكٍ الْاَشْجَعِيُّ

## حضرت اسلع بن شریک اشجعی

**872** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَا: ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَجُلٍ مِنَّا، يُقَالُ لَهُ: الْاَسْلَعُ، قَالَ: كُنْتُ اَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَرْحَلُ لَهُ، فَقَالَ لِي ذَاتَ لَيْلَةٍ: يَا اَسْلَعُ، قُمْ فَارْحَلْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت ربیع بن بدر فرماتے ہیں کہ میرے والد نے اپنے والد سے روایت کیا' انہوں نے ہم میں سے ایک آدمی سے روایت کیا' ان کا نام اسلع ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کا خادم تھا اور آپ کی سواری تیار کرتا تھا' مجھے ایک رات آپ نے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو! سواری تیار کرو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر غسل فرض ہے۔ حضرت اسلع رضی اللہ عنہ فرماتے

اَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِآيَةِ الصَّعِيدِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا اَسْلَعُ فَتَيَمَّمْ قَالَ: فَقُمْتُ، فَتَيَمَّمْتُ، ثُمَّ رَحَلْتُ لَهُ، فَسَارَ حَتّٰى مَرَّ بِمَاءٍ، فَقَالَ لِي: يَا اَسْلَعُ مِسَّ- اَوْ اَمِسَّ- هٰذَا جِلْدَكَ، قَالَ: وَاَرَانِي اَبِي التَّيَمُّمَ كَمَا اَرَاهُ اَبُوهُ: ضَرْبَةٌ لِلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

ہیں: حضورﷺ خاموش ہو گئے' آپ کی بارگاہ میں حضرت جبریل علیہ السلام تیمم کے حکم والی آیت لائے۔ حضورﷺ نے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو اور تیمم کرو۔ حضرت اسلع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُٹھا اور میں نے تیمم کیا۔ پھر میں نے آپ کی سواری تیار کی' تھوڑی دیر چلے' پانی کے پاس سے گزرے۔ مجھے فرمایا: اے اسلع! یہ پانی کے ساتھ غسل کرو۔ حضرت ربیع فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے تیمم کا طریقہ سکھایا جس طرح ان کے والد نے ان کو سکھایا تھا' ایک ضرب چہرے کے لیے اور ایک ضرب دونوں ہاتھوں کے لیے کہنیوں تک۔

**873** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ الْاَسْلَعِ رَجُلٍ مِنْ بَنِي الْاَعْرَجِ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: كُنْتُ اَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: يَا اَسْلَعُ، قُمْ اَرِنِي كَيْفَ كَذَا وَكَذَا؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ، فَسَكَتَ عَنِّي سَاعَةً، حَتّٰى جَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالصَّعِيدِ التَّيَمُّمِ، قَالَ: قُمْ يَا اَسْلَعُ فَتَيَمَّمْ قَالَ: ثُمَّ اَرَانِي الْاَسْلَعُ كَيْفَ عَلَّمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّيَمُّمَ، قَالَ: ضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفَّيْهِ الْاَرْضَ، ثُمَّ نَفَضَهُمَا، ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ حَتّٰى اَمَرَّ عَلٰى لِحْيَتِهِ، ثُمَّ اَعَادَهُمَا اِلَى الْاَرْضِ،

حضرت اسلع رضی اللہ عنہ' بنی اعرج بن کعب کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کی خدمت کرتا تھا' مجھے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو! مجھے بتاؤ کہ تم نے ایسے ایسے کیوں کیا؟ میں نے عرض کی: مجھ پر غسل فرض تھا' آپ مجھ سے تھوڑی دیر گفتگو کر کے خاموش ہو گئے' آپ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام مٹی کے ساتھ تیمم کا حکم لے کر آئے تو آپ نے فرمایا: اے اسلع! اُٹھو اور تیمم کرو۔ اسلع نے تیمم کیا' اسلع نے مجھے بتایا کہ حضورﷺ نے تیمم کرنے کا طریقہ کیسے بتایا تھا؟ فرمایا: حضورﷺ نے اپنی ہتھیلی زمین پر ماری پھر اس کو جھاڑا' پھر دونوں ہاتھوں کے ساتھ چہرے پر مسح کیا یہاں تک کہ داڑھی کے اوپر سے ملا' پھر دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور

923 - حَدَّثَنَا اَبُو عَقِيلٍ اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِیُّ، ثنا اَبُو الْاَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَلِیٍّ الْحَرَّانِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ الْحَرَّانِیُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ نَصَّاحٍ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: وَقَعَ اِلَیَّ كِتَابٌ فِيهِ اسْتِفْتَاحُ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک خط آیا' اُس میں لکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز کے لیے اللہ اکبر کہنے کا ارادہ کرتے تھے تو آپ پڑھتے: ''اِنِّی وَجَّهْتُ الٰی آخرہ''۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا كَبَّرَ قَالَ: إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا، وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ، وَبِحَمْدِكَ أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا، فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ ثُمَّ يَقْرَأُ



## عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ اللَّخْمِيُّ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ

## حضرت علی بن رباح لخمی' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

924 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا رَافِعٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَكَتَمَ عَلَيْهِ غُفِرَ لَهُ أَرْبَعِينَ كَبِيرَةً، وَمَنْ حَفَرَ لِأَخِيهِ قَبْرًا حَتَّى يُجِنَّهُ فَكَأَنَّمَا أَسْكَنَهُ مَسْكَنًا مَرَّةً حَتَّى يُبْعَثَ

حضرت علی بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے میت کو غسل دیا' اس کے عیب کو چھپایا تو اس کے چالیس کبیرہ گناہ معاف کیے جائیں گے' جس نے اپنے بھائی کی قبر کھودی' اس میں دفن کرنے کے لیے تو گویا اُس نے اس کو ایسا ٹھکانہ دیا ایک مرتبہ اُٹھنے تک۔

## يَزِيدُ بْنُ زِيَادٍ مَوْلَى

## حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما

924- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 505 رقم الحديث: 1307' جلد 1 صفحه 516 رقم الحديث: 1340 عن شرحبيل بن شريك عن علي بن رباح عن أبي رافع به .

## ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

## کے غلام یزید بن زیاد' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

925 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ زِیَادٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنْ یَهْدِیَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَی یَدَیْكَ رَجُلًا خَیْرٌ لَكَ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تمہارے ذریعے کسی ایک آدمی کو ہدایت دیدے تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے' ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع اور غروب ہو۔

## عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ

## حضرت عبیداللہ بن ابورافع' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

926 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِیِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِی اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ بِالصَّلَاةِ حِینَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبیداللہ بن رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے کان میں اذان دی' جس وقت حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں آپ کی ولادت ہوئی۔

927 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا عَفَّانُ

حضرت ابن ابورافع اپنے والد سے روایت



927- أخرجه أبو داؤد فی سننه جلد2صفحه123 رقم الحدیث: 1650' وأحمد فی مسنده جلد 6صفحه8 رقم الحدیث: 23914' جلد6صفحه10 رقم الحدیث: 23923 كلاهما عن الحكم عن ابن أبی رافع عن أبیه .

بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِی مَخْزُومٍ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَقَالَ: اصْحَبْنِی كَيْمَا تُصِيبَ مِنْهَا قُلْتُ: حَتَّى آتِیَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، وَاِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

کرتے ہیں' جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام تھے' اُنہوں نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی مخزوم میں سے ایک آدمی کو زکوٰۃ لینے پر مامور فرمایا' مجھے بھی ایسے ہی حصہ دیا گیا جس طرح دوسروں کو ملا۔ میں نے کہا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آؤں گا۔ میں آپ کے پاس آیا' میں نے آپ سے دریافت کیا' آپ نے فرمایا: قوم کا غلام اُن میں شامل ہوتا ہے' ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

928 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِیُّ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِیُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا مِنْ بَنِی مَخْزُومٍ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ اَوْسَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی مخزوم کے ایک آدمی کو صدقہ لینے کے لیے بھیجا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ سے کم وسق میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ سے کم اونٹ اور پانچ سے کم اوقیہ میں بھی زکوٰۃ نہیں ہے۔

929 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِی، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِیُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہو گا' میری حدیث اس کے سامنے پیش کی جائے گی' جس کا میں نے حکم دیا ہوگا' یا جس سے میں نے منع کیا ہوگا تو



929- اخرجه الترمذی فی سننه جلد5صفحه37 رقم الحديث: 2663' وأبو داؤد فی سننه جلد4صفحه200 رقم الحديث: 4605' ونحوه البخاری فی التاريخ الكبير جلد 7صفحه288 رقم الحديث: 1228 كلهم عن سالم أبی النضر عن ابن أبی رافع عن ابيه به .

اَرِيكَتِهِ يَأْتِيهِ الْاَمْرُ مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُولُ: لَا نَدْرِي، مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ

وہ کہے گا: ہم نہیں جانتے ہیں' جو ہم کتاب اللہ میں بات پاتے ہیں' ہم اس کو مانتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، وَسَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَالِمٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**930** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، زَادَ الْقَعْنَبِيُّ فِي حَدِيثِهِ: وَمَرَّتَيْنِ وَمَرَّةً

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے اعضاءِ وضو کو تین تین مرتبہ دھویا۔ قعنبی نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ آپ نے دو مرتبہ اور ایک مرتبہ بھی دھویا ہے۔

**931** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الْفَزَارِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ کا رنگ مبارک چمک رہا تھا' چہرۂ مبارک پر خوشی کے آثار تھے' آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب کو بڑی اچھی صورت میں دیکھا ہے' مجھے فرمایا: اے محمد! کیا آپ جانتے ہیں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُشْرِقَ اللَّوْنِ، فَعُرِفَ السُّرُورُ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: رَأَيْتُ رَبِّي فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ، فَقَالَ لِي: يَا مُحَمَّدُ، أَتَدْرِي فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى؟ فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، فِي الْكَفَّارَاتِ، قَالَ: وَمَا الْكَفَّارَاتُ؟ قُلْتُ: إِبْلَاغُ الْوُضُوءِ أَمَاكِنَهُ عَلَى الْكَرَاهِيَاتِ، وَالْمَشْيُ عَلَى الْأَقْدَامِ إِلَى الصَّلَوَاتِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ

کہ یہ ملاءِ اعلیٰ کے فرشتے کیوں جھگڑ رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: اے رب! یہ کفارات میں جھگڑ رہے ہیں۔ کہا: کفارات سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: تکلیف کے وقت وضو کرنا اور نمازوں کے لیے مسجد کی طرف چل کر جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔

**932** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي، ثنا لُوَيْنٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ بِالْإِثْمِدِ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ حالتِ روزہ میں اثمد سرمہ لگاتے تھے۔

**933** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ عَقْرَبًا وَهُوَ يُصَلِّي

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے بچھو کو حالتِ نماز میں مارا۔

**934** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: لَمَّا قَتَلَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ أُحُدٍ أَصْحَابَ الْأَلْوِيَةِ، قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُحد کے دن الویہ والوں کو قتل کیا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یا رسول اللہ! بے شک یہی غمگساری ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: یہ



---

933- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 395 رقم الحديث: 1247 عن محمد بن عبيد الله بن أبي رافع عن أبيه عن جده به .

السَّلَامُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذِهِ لَهِيَ الْمُوَاسَاةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ قَالَ جِبْرِيلُ: وَاَنَا مِنْكُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ

مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ دونوں سے ہوں۔

**935** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھتے تھے۔

**936** - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ اِلَى الْعِيدَيْنِ مَاشِيًا وَيُصَلِّي بِغَيْرِ اَذَانٍ، وَلَا اِقَامَةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ مَاشِيًا فِي طَرِيقٍ آخَرَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ عیدین کے لیے نکلتے پیدل چل کر بغیر اذان اور اقامت کے، پھر پیدل چل کر دوسرے راستے سے واپس آتے تھے۔

**937** - وَبِاِسْنَادِهِ قَالَ: ذَبَحْنَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَاقًا فَاَكَلَ، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً، وَلَمْ يَتَمَضْمَضْ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے لیے چھ ماہ کا دنبہ ذبح کیا، آپ نے تناول فرمایا اور وضو نہیں کیا اور نہ پانی کو چھوا اور نہ کلی فرمائی۔

**938** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: ذَبَحْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً بِشِطَاطٍ وَشَوَيْتُهُ، فَاَكَلَ وَلَمْ يَتَمَضْمَضْ، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت محمد بن ابورافع اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے بکری ذبح کی، اس کو بھونا، آپ نے تناول فرمایا اور آپ نے کلی اور وضو نہیں کیا۔

**939** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُرِّيُّ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے

الْقَنْطَرِيُّ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَلِيًّا مَبْعَثًا، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ عَنْكَ رَاضُونَ

وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا' جب واپس آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کا رسول اور جبریل آپ سے خوش ہیں۔

**940** - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: مَنْ اَحَبَّهُ فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَحَبَّنِي فَقَدْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَبْغَضَهُ فَقَدْ اَبْغَضَنِي، وَمَنْ اَبْغَضَنِي فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰهَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: جس نے علی سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی' جس نے مجھ سے محبت کی اُس نے اللہ سے محبت کی' جس نے علی سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اُس نے اللہ سے بغض رکھا۔

**941** - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ وَشِيعَتُكَ تَرِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ رُوَاءً مَرْوِيِّينَ، مُبْيَضَّةً وُجُوهُكُمْ، وَاِنَّ عَدُوَّكَ يَرِدُونَ عَلَيَّ ظِمَاءً مُقْبَحِينَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تُو اور تجھ سے محبت کرنے والے میرے حوض پر پیش کیے جائیں گے' سیر ہوئے ہوں گے' تمہارے چہرے سفید ہوں گے' تیرے دشمن میرے پاس پیش کیے جائیں گے' وہ پیاسے ہوں گے' قبیح ہوں گے۔

**942** - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَمَا تَرْضَى اَنَّكَ اَخِي وَاَنَا اَخُوكَ؟

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تُو خوش نہیں کہ تُو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی ہوں۔

**943** - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اِنَّ اَوَّلَ اَرْبَعَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ اَنَا وَاَنْتَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَذَرَارِينَا خَلْفَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: چار افراد سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے' میں اور تُو اور

ظُهُورِنَا، وَأَزْوَاجُنَا خَلْفَ ذَرَارِينَا، وَشِيعَتُنَا عَنْ اِيمَانِنَا وَعَنْ شَمَائِلِنَا

حسن وحسین' ہماری جملہ اولاد ہماری پشت پیچھے ہوگی اور ہماری بیویاں ہماری اولاد کے پیچھے ہوں گی اور ہم سے محبت کرنے والے' ہمارے دائیں اور بائیں جانب ہوں گے۔

944 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْلَا اَنْ يَقُولَ فِيكَ طَوَائِفُ مِنْ اُمَّتِي مَا قَالَتِ النَّصَارَى فِي عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، لَقُلْتُ فِيكَ الْيَوْمَ مَقَالًا لَا تَمُرُّ بِاَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ اِلَّا اَخَذَ التُّرَابَ مِنْ اَثَرِ قَدَمَيْكَ، يَطْلُبُونَ بِهِ الْبَرَكَةَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر مجھے خوف نہ ہوتا کہ میری اُمت کے کچھ لوگ وہی نہ کہنا شروع کر دیں جو عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہا تھا تو آج تیرے متعلق ایسی بات کرتا کہ مسلمانوں میں سے کوئی بھی گزرتا تو تیرے قدموں کی مٹی پکڑتا اور اس کے ذریعے برکت طلب کرتا۔



945 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ الِاثْنَيْنِ، وَصَلَّتْ خَدِيجَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا يَوْمَ الِاثْنَيْنِ مِنْ آخِرِ النَّهَارِ، وَصَلَّى عَلِيٌّ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، فَمَكَثَ عَلِيٌّ يُصَلِّي مُسْتَخْفِيًا سَبْعَ سِنِينَ وَاَشْهُرًا قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ اَحَدٌ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پیر کی صبح نماز پڑھائی' حضرت خدیجہ نے پیر کے دن کے آخری حصے میں نماز پڑھی' حضرت علی نے بدھ کے دن نماز پڑھی' آپ سات سال اور چھ ماہ تک چھپ کر نماز پڑھتے رہے' آپ سے پہلے کوئی بھی نماز نہیں پڑھتا تھا۔

946 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک جگہ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: اس حمالی والی جگہ کتنی اچھی ہے' اس جگہ حمام بنا تھا۔

عَلَى مَوْضِعٍ، فَقَالَ: نِعْمَ مَوْضِعُ الْحَمَّامِ هٰذَا، فَبُنِيَ فِيهِ حَمَّامٌ

947 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن رافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

948 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، ثنا عَوْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَائِمٌ اَوْ يُوحَى اِلَيْهِ، وَاِذَا حَيَّةٌ فِي جَانِبِ الْبَيْتِ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَقْتُلَهَا فَاُوقِظَهُ، فَاضْطَجَعْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْحَيَّةِ، فَاِنْ كَانَ شَيْءٌ كَانَ بِي دُونَهُ، فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَتْلُو هٰذِهِ الْآيَةَ: (اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا) (المائدة: 55) الْآيَةَ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَرَآنِي اِلَى جَانِبِهِ، فَقَالَ: مَا اَضْجَعَكَ هٰهُنَا؟ قُلْتُ: لِمَكَانِ هٰذِهِ الْحَيَّةِ، قَالَ: قُمْ اِلَيْهَا فَاقْتُلْهَا فَقَتَلْتُهَا، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي، فَقَالَ: يَا اَبَا رَافِعٍ سَيَكُونُ بَعْدِي قَوْمٌ يُقَاتِلُونَ عَلِيًّا، حَقًّا عَلَى اللّٰهِ جِهَادُهُمْ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ جِهَادَهُمْ بِيَدِهِ فَبِلِسَانِهِ، فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ بِلِسَانِهِ فَبِقَلْبِهِ، لَيْسَ وَرَاءَ ذٰلِكَ شَيْءٌ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ آرام کر رہے تھے' یا شاید آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی' آپ کے گھر کے ایک کونے میں سانپ تھا' میں نے اس کو مارنا ناپسند کیا کہ کہیں آپ اُٹھ نہ جائیں' میں آپ کے اور سانپ کے درمیان لیٹ گیا' آپ کے اور سانپ کے درمیان میری ذات رکاوٹ تھی' آپ جب آرام کر کے اُٹھے تو آپ یہ آیت تلاوت کر رہے تھے: ''تمہارا مددگار اللہ اور اُس کا رسول اور ایمان والے ہیں''۔ آپ نے فرمایا: تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں! آپ نے مجھے ایک طرف دیکھا تو آپ نے فرمایا: آپ یہاں کیوں لیٹے ہیں؟ میں نے عرض کی: اس جگہ سانپ ہے' آپ نے فرمایا: اُٹھو! اس کو مارو! میں نے اس کو مارا تو آپ نے اللہ کی حمد کی' پھر میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اے ابورافع! عنقریب میرے بعد کچھ لوگ ہوں گے' جو علی سے لڑیں گے اللہ کی طرف سے جہاد کرنا فرض ہو گا' جو جہاد کرنے کی طاقت نہ رکھے وہ زبان سے کرے' جو زبان سے بھی نہ

کر سکے تو وہ دل سے کرے اس کے نیچے کوئی درجہ نہیں ہے۔

949 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْعَبْدِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي رَافِعٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ حَرَّكَ خَاتَمَهُ فِي إِصْبَعِهِ

حضرت ابراہیم بن عبیداللہ بن ابورافع رسول اللہ ﷺ کے غلام اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز کے لیے وضو کرتے تو اپنی انگلی میں جو انگوٹھی ہوتی اُس کو حرکت دیتے۔

950 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: ذَبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبْشًا، ثُمَّ قَالَ: هَذَا عَنِّي وَعَنْ أُمَّتِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مینڈھا ذبح کیا' پھر فرمایا: یہ میری اور میری اُمت کی طرف سے ہے۔

951 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا طَنَّتْ أُذُنُ أَحَدِكُمْ فَلْيَذْكُرْنِي، وَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، وَلْيَقُلْ: ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَنْ ذَكَرَنِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے کان کو تکلیف پہنچے تو وہ میرا ذکر کرے اور میری بارگاہ میں درود پڑھے اور اسے چاہیے کہ کہے: اللہ تعالیٰ نے میرا ذکر کرنے والے کو بھلائی کے پاس یاد کیا۔



## الْمُغِيرَةُ بْنُ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ

## حضرت مغیرہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

952 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ

الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، اَخْبَرَنِي الْمُغِيرَةُ بْنُ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّهُ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ كَتِفَ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بکری کا کندھا کھاتے ہوئے دیکھا' پھر آپ نے نماز پڑھائی اور پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگایا۔

953 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِكَتِفٍ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ صَلَّى، وَلَمْ يَمَسَّ قَطْرَةَ مَاءٍ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ کے پاس کندھے کا گوشت لایا گیا تو آپ نے اسکھایا' پھر آپ نے نماز پڑھائی اور پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگایا۔

## صَالِحُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ جَدِّهِ

## حضرت صالح بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں

954 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ رَبَاحِ بْنِ صَالِحِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ يَدْعُو بِالْبَقِيعِ وَمَعَهُ اَبُو رَافِعٍ، فَدَعَا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ مُقْبِلًا، فَمَرَّ عَلَى قَبْرٍ، فَقَالَ: اُفٍّ، اُفٍّ، اُفٍّ فَقَالَ لَهُ اَبُو رَافِعٍ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، مَا مَعَكَ اَحَدٌ غَيْرِي فَمِنِّي اَفَّفْتَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، وَلَكِنِّي اَفَّفْتُ مِنْ

حضرت رباح بن صالح بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ رات کے ایک حصے میں نکلے' جنت البقیع والوں کے لیے دعا کر رہے تھے' آپ کے ساتھ ابورافع بھی تھے' آپ نے جو اللہ نے چاہا دعا کی' پھر آپ واپس آئے اور ایک قبر کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: اُف' اُف' اُف! حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میرے علاوہ آپ کے ساتھ کوئی نہیں ہے' آپ نے اُف مجھ سے کہا ہے؟ آپ نے فرمایا:

صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ الَّذِي سُئِلَ عَنِّي فَشَكَّ فِيَّ

نہیں! میں نے اس قبر والے سے اُف کیا' اس سے میرے متعلق پوچھا گیا تو اس نے میرے متعلق شک کیا۔

## الْفَضْلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ

## حضرت فضل بن عبید اللہ بن ابورافع رضی اللہ عنہ

955 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْفَزَارِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي مَنْبُوذٌ رَجُلٌ مِنْ آلِ اَبِي رَافِعٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْعَصْرَ رُبَّمَا ذَهَبَ اِلَى بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ فَيَتَحَدَّثُ عِنْدَهُمْ، وَرُبَّمَا يَتَحَدَّثُ اِلَى صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَبَيْنَمَا اَنَا اَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى صَلَاةِ الْمَغْرِبِ وَهُوَ يُسْرِعُ، فَمَرَرْنَا بِالْبَقِيعِ، فَقَالَ: اُفٍّ، اُفٍّ لَكَ فَظَنَنْتُ اَنَّهُ يُرِيدُنِي، فَقَالَ لِي: امْشِ، مَا لَكَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَحْدَثْتُ شَيْئًا؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ فَقُلْتُ: اَفَّفْتَ مِنِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: لَا، وَلَكِنْ هٰذَا قَبْرُ فُلَانٍ، بَعَثْتُهُ سَاعِيًا عَلَى بَنِي فُلَانٍ فَغَلَّ دِرْعًا فَدُرِّعَ الْآنَ مِثْلَهَا مِنَ النَّارِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب نمازِ عصر پڑھا لیتے تو آپ بسا اوقات بنی عبد الاشہل کی طرف جاتے' ان سے گفتگو کرتے' بسا اوقات نمازِ مغرب پڑھ کر جاتے' میں حضورﷺ کے ساتھ نمازِ مغرب کے لیے چل رہا تھا' آپ تیز چل رہے تھے' ہم جنت البقیع کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: اُف' اُف تیرے لیے! میں نے گمان کیا کہ آپ مجھے مراد لے رہے ہیں' آپ نے مجھے فرمایا: چلو! تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کوئی شی محسوس کی ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے مجھے اُف کہا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ یہ فلاں کی قبر ہے' میں نے اسے زکوٰۃ وصول کرنے والا بنا کر بنی فلاں کے پاس بھیجا' اس نے ایک زرہ کی خیانت کی' اب اس کی مثل جہنم میں زرہ پہنائی گئی ہے۔

## الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ،

## حضرت حسن بن علی بن ابورافع اپنے دادا سے

## عَنْ جَدِّهٖ

## روایت کرتے ہیں

956 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرَ بْنَ الْأَشَجِّ حَدَّثَهُ، أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي رَافِعٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ أَقْبَلَ بِكِتَابٍ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُلْقِيَ فِي قَلْبِي الْإِسْلَامُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَرْجِعُ إِلَيْهِمْ أَبَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَا أَخِيسُ بِالْعَهْدِ، وَلَا أَحْبِسُ الْبُرُدَ، وَلَكِنِ ارْجِعْ، فَإِنْ كَانَ فِي قَلْبِكَ الَّذِي فِي قَلْبِكَ الْآنَ فَارْجِعْ فَرَجَعْتُ إِلَيْهِمْ ثُمَّ أَقْبَلْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمْتُ

حضرت حسن بن علی بن ابورافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں قریش کی طرف سے ایک خط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف لایا' جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو دل میں اسلام کی محبت ڈالی گئی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں ہمیشہ کے لیے اُن کی طرف واپس نہیں جاؤں گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہ میں وعدہ خلافی کرتا ہوں' نہ میں کسی کو روکتا ہوں' تُو واپس جا! اگر تیرے دل میں اسلام ایسے ہی رہا جس طرح اب ہے تو تُو واپس آ جانا۔ میں اُن کی طرف واپس آیا' پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف واپس گیا اور اسلام لے آیا۔

957 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ، أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي رَافِعٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ أَخْبَرَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، وَلِلشَّاةِ غَيْرُ ذِرَاعَيْنِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ نَاوَلْتَنِي مَا زِلْتَ تُنَاوِلُنِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بکری کی دو دستیوں کے علاوہ بھی ہوتی ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو مجھے پکڑاتا رہتا تو مسلسل مجھے پکڑاتا ہی رہتا۔

958 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا رَافِعٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ صَاحِبُ الذِّرَاعِ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَلِلشَّاةِ غَيْرُ ذِرَاعَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ نَاوَلْتَنِي مَا زِلْتَ تُنَاوِلُنِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو پکڑائی' پھر آپ نے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بکری کی دو دستیوں کے علاوہ بھی ہوتی ہیں؟ حضورﷺ نے فرمایا: اگر تُو مجھے پکڑاتا رہتا تو مسلسل مجھے پکڑاتا ہی رہتا۔

## عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ جَدِّهِ

## حضرت عبیداللہ بن علی بن ابورافع اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں

959 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا فَايِدٌ، مَوْلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: طَبَخْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ شَاةٍ فَاَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت عبیداللہ بن علی اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کے لیے بکری بھونی' آپ نے اس سے کھایا' پھر آپ نے نمازِ عشاء پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

960 - وَبِاِسْنَادِهِ، قَالَ: ذَبَحْتُ شَاةً بِوَتَدٍ، فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي ذَبَحْتُ شَاةً بِوَتَدٍ، قَالَ: كُلُوهَا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کیل کے ساتھ بکری ذبح کی' میں حضورﷺ کے پاس لے کر آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کیل کے ساتھ بکری ذبح کی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کو کھاؤ!

961 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے ساتھ جنت البقیع میں چل رہا تھا' میں

مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبَادِلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، وَاَنَا اَمْشِي خَلْفَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا هُدِيتَ لَا هُدِيتَ ثَلَاثًا، قَالَ اَبُو رَافِعٍ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِي؟ قَالَ: لَيْسَ اِيَّاكَ اُرِيدُ، اِنَّمَا اُرِيدُ صَاحِبَ هَذَا الْقَبْرِ، يُسْاَلُ عَنِّي، فَيَزْعُمُ اَنَّهُ لَا يَعْرِفُنِي فَاِذَا هُوَ قَبْرٌ قَدْ رُشَّ عَلَيْهِ الْمَاءُ حِينَ دُفِنَ صَاحِبُهُ

آپ کے پیچھے چل رہا تھا' حضورصلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھے ہدایت نہیں دی گئی' ہدایت نہیں دی گئی۔ تین مرتبہ فرمایا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے تجھے مراد نہیں لیا' میں نے یہ قبر والا مراد لیا ہے' اس سے میرے متعلق پوچھا گیا تو اس کا خیال تھا کہ وہ مجھے پہچانتا نہیں تھا' اچانک میری نظر پڑی تو وہ ایک قبر ہے اس پر پانی ڈالا گیا ہے' جس وقت اس کے مالک نے اس کو دفن کیا۔

**962** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ فَائِدٍ، مَوْلَى عَبَادِلَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: اَمَرَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُصْلِيَ لَهُ شَاةً، فَصَلَيْتُهَا لَهُ، فَقَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَمْ لَهَا مِنْ ذِرَاعٍ؟ فَقَالَ: اَمَا لَوْ سَكَتَّ لَوَجَدْتَهَا مَا دَعَوْتُكَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور نے بکری بھوننے کا حکم دیا' میں نے اس کو بھونا تو آپ نے مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو دستی دی' پھر آپ نے مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے آپ کو دستی دی' پھر مجھے فرمایا: مجھے دستی دو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کتنی دستی ہوتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: اگر تُو خاموش رہتا تو میں تجھ سے مانگتا رہتا اور تُو پاتا رہتا۔

## سَلْمَى اُمُّ بَنِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

## بنی رافع کی ماں سلمٰی' حضرت ابورافع سے روایت کرتی ہیں

**963** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَمَّتِهِ سَلْمَى، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ:

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس آئے اس حالت میں کہ ہمارے پاس بھونی ہوئی بکری تھی' آپ نے فرمایا: اے

دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا شَاةٌ مَطْبُوخَةٌ، فَقَالَ: يَا اَبَا رَافِعٍ نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُهُ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَهَلْ لِلشَّاةِ اِلَّا ذِرَاعَانِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ سَكَتَّ لَاَعْطَيْتَنِي اَذْرُعًا مَا دَعَوْتُهَا

ابورافع! مجھے دستی پکڑاؤ! میں نے پکڑائی تو آپ نے تناول فرمائی' پھر فرمایا: مجھے دستی پکڑاؤ! میں نے پکڑائی تو آپ نے تناول فرمائی' پھر مجھے فرمایا: مجھے دستی پکڑاؤ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بکری کی دو ہی تو دستی ہوتی ہیں' حضورﷺ نے فرمایا: اگر تُو خاموش رہتا تو مجھے دستی پہ دستی دیتا رہتا' جب تک میں اسے مانگتا رہتا۔

964 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ سَلْمَى، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: جَاءَ نَاسٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ الَّتِي اَمَرْتَ بِقَتْلِهَا؟ - يَعْنِي الْكِلَابَ- فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَسْاَلُونَكَ مَاذَا اُحِلَّ لَهُمْ) (المائدة: 4) الْآيَةَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ حضورﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس اُمت سے ہمارے لیے کیا ہے' جس کے مارنے کا آپ نے حکم دیا ہے؟ یعنی کتوں کے متعلق' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا حلال ہے''۔

965 - وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ سَلْمَى اُمِّ رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ يَسْتَاْذِنُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لَهُ، فَاَبْطَاَ عَلَيْهِ، وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام آئے' رسول اللہﷺ سے اجازت مانگی' آپ نے اجازت دی' اُنہوں نے آپ کے پاس آنے میں دیر کر دی تو رسول اللہﷺ نے چادر پکڑی' دیکھا تو حضرت جبریل دروازے پر کھڑے تھے۔ حضورﷺ نے فرمایا: ہم نے اجازت دے دی تھی' حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! لیکن ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهُ، فَقَامَ اِلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ بِالْبَابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَذِنَّا، فَقَالَ: اَجَلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ فَوَجَدُوا جَرْوًا فِي بَعْضِ بُيُوتِهِمْ، قَالَ اَبُو رَافِعٍ: فَاَمَرَنِي حِينَ اَصْبَحْتُ فَلَمْ اَدَعْ بِالْمَدِينَةِ كَلْبًا اِلَّا قَتَلْتُهُ، فَاِذَا بِامْرَاَةٍ قَاصِيَةٍ لَهَا كَلْبٌ يَنْبَحُ عَلَيْهَا، فَرَحِمْتُهَا فَتَرَكْتُهُ وَجِئْتُ، فَاَمَرَنِي، فَرَجَعْتُ اِلَى الْكَلْبِ فَقَتَلْتُهُ، فَقَالَ النَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الَّتِي اَمَرْتَ بِقَتْلِهَا؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَسْاَلُونَكَ مَاذَا اُحِلَّ لَهُمْ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ) (المائدة:4)

ہیں جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔ ایک کتے کا بچہ کسی گھر پایا گیا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس وقت صبح ہوئی تو مجھے حکم دیا کہ میں مدینہ میں جس کتے کو دیکھوں اس کو مار دوں۔ دور ایک عورت رہتی تھی' اس نے حفاظت کے لیے کتا رکھا تھا' مجھے رحم آیا تو میں نے اُس کو چھوڑ دیا۔ میں آیا تو آپ نے مجھے حکم دیا تو میں دوبارہ اس کتے کے پاس گیا اور میں نے اُس کو مارا۔ لوگوں نے عرض کی: جس کے مارنے کا حکم دیا اس اُمت میں سے کیا حلال ہے؟ تو اللہ عزوجل نے یہ حکم نازل فرمایا: ''آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا حلال ہے! آپ فرمائیں تمہارے لیے پاک چیزیں حلال ہیں''۔

966 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَمَّتِهِ سَلْمَى، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ جَمَعَ، فَاغْتَسَلَ عِنْدَ كُلِّ امْرَاَةٍ مِنْهُنَّ غُسْلًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا جَعَلْتَهُ غُسْلًا وَاحِدًا؟ قَالَ: هٰذَا اَزْكَى وَاَطْيَبُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اپنی ساری ازواج کے پاس گئے' ہر بیوی سے جماع کر کے غسل کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کے لیے ایک ہی غسل کافی نہیں تھا؟ آپ نے فرمایا: یہ زیادہ بہتر اور پاکیزہ ہے۔



---

966- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 56 رقم الحديث: 219' وأحمد في مسنده جلد 6 صفحه 8 رقم الحديث: 23913' وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 338 رقم الحديث: 462 كلهم عن عبد الرحمن بن أبي رافع عن سلمى عن أبي رافع به .

**967** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبَادِلَ، عَنْ جَدَّتِهِ، امْرَاَةِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ اَمْشِي خَلْفَهُ، اِذْ قَالَ: لَا هُدِيتَ، لَا هُدِيتَ قَالَ اَبُو رَافِعٍ: فَالْتَفَتُّ فَلَمْ اَرَ اَحَدًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا شَانِي؟ قَالَ: لَسْتُ اِيَّاكَ اُرِيدُ، وَلَكِنْ اُرِيدُ صَاحِبَ الْقَبْرِ، يُسْاَلُ عَنِّي فَيَزْعُمُ اَنَّهُ لَا يَعْرِفُنِي فَاِذَا قَبْرٌ مَرْشُوشٌ عَلَيْهِ حِينَ دُفِنَ صَاحِبُهُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ جنت البقیع میں چل رہا تھا' میں آپ کے پیچھے چل رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: تجھے ہدایت نہیں دی گئی' ہدایت نہیں دی گئی۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے تجھے مراد نہیں لیا' میں نے یہ قبر والا مراد لیا ہے' اس سے میرے متعلق پوچھا گیا تو اس کا خیال تھا کہ کیونکہ مجھے پہچانتا نہیں تھا' اچانک میں نے دیکھا ایک قبر ہے اس پر پانی ڈالا گیا ہے جس وقت اس کے مالک نے اس کو دفن کیا۔

## مُوسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

## حضرت موسیٰ بن عبداللہ بن قیس' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

**968** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ حَوْلَهُ: لَا اَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى اَرِيكَتِهِ، يَقُولُ: مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَمِلْنَا بِهِ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا اس حال میں کہ لوگ آپ کے اردگرد تھے: تم میں سے کوئی اپنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا' میری حدیث اس کے سامنے پیش کی جائے گی' جس کا میں نے حکم دیا ہوگا' یا جس سے میں نے منع کیا ہوگا تو وہ کہے گا: ہم نہیں جانتے ہیں' جو ہم کتاب اللہ میں بات پاتے ہیں' ہم اس کو مانتے ہیں۔

## عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

## حضرت عمرو بن شرید' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

**969** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ثنا سُفْیَانُ، عَنِ اِبْرَاهِیمَ بْنِ مَیْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِیدِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

**970** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا الْقَعْنَبِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَی، ثنا الْحُمَیْدِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِیُّ، قَالُوا: ثنا سُفْیَانُ، ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ مَیْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الشَّرِیدِ، قَالَ: اَخَذَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ بِیَدِی، فَقَالَ: انْطَلِقْ بِنَا اِلَی سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ، فَخَرَجْتُ مَعَهُ وَاِنَّ یَدَهُ لَعَلَی اَحَدِ مَنْكِبَیَّ، فَجَاءَ اَبُو رَافِعٍ فَقَالَ لِلْمِسْوَرِ: اَلَا تَاْمُرُ هَذَا - یَعْنِی سَعْدًا - یَشْتَرِی مِنِّی بَیْتَیَّ اللَّذَیْنِ فِی دَارِهِ؟ فَقَالَ سَعْدٌ: لَا وَاللّٰهِ اَزِیدُكَ عَلَی اَرْبَعِ مِئَةِ دِینَارٍ - اِمَّا قَالَ: مُقَطَّعَةً، اَوْ قَالَ: مُنَجَّمَةً - فَقَالَ اَبُو رَافِعٍ: وَاللّٰهِ، اِنْ كُنْتُ لَاَبِیعُهَا بِخَمْسِمِائَةِ دِینَارٍ نَقْدًا، وَلَوْلَا اَنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ مَا بِعْتُكَ وَاللَّفْظُ لِلْحَمِیدِیِّ

حضرت عمرو بن شرید فرماتے ہیں کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا' کہا: ہم سعد بن ابووقاص کے پاس چلتے ہیں۔ میں آپ کے ساتھ نکلا' ان کا ہاتھ میرے ایک کندھے پر تھا' حضرت ابورافع آئے اور مسور سے فرمایا: کیا آپ سعد کو حکم دیں گے کہ میرے دو کمرے خریدے' جو اس گھر میں ہے؟ حضرت سعد نے کہا: نہیں! اللہ کی قسم! میں چار ہزار درہم سے زیادہ نہیں کروں گا' یا لے لوں گا یا نہیں لوں گا۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر میں فروخت کروں گا تو میں پانچ سو دینار کا نقد فروخت کروں گا' اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے تو میں تجھ سے نہ بیچتا۔ یہ الفاظ حمیدی کے ہیں۔



---

**970**- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد2صفحه787 رقم الحديث: 2139' وأبو داؤد فی سننه جلد 3صفحه286 رقم الحديث: 3516' والنسائی فی المجتبی جلد7صفحه320 رقم الحديث: 4702' وابن ماجه جلد2صفحه833 رقم الحديث:2495 كلهم عن ابراهيم بن ميسرة عن عمرو بن الشريد عن ابی رافع .

971 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

## اَبُو غَطَفَانَ بْنُ طَرِيفٍ الْمُرِّيُّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

## حضرت ابوغطفان بن طریف مری' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

972 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانِكٍ، عَنْ عَبَادِلَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ بْنِ طَرِيفٍ الْمُرِّيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ شَوَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمًا، وَاَكَلَ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے غلام سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے گوشت بھونا' رسول اللہ ﷺ نے اس سے کھایا' پھر نماز پڑھائی اور آپ نے وضو نہیں کیا۔

973 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَبَادِلَ، مِنْ وَلَدِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ بْنِ طَرِيفٍ الْمُرِّيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: ذَبَحْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً، فَاَمَرَنِي فَجَعَلْتُ لَهُ مِنْ بُطُونِهَا فَاَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے بکری ذبح کی' مجھے آپ نے اس کو بھوننے کا حکم پھر دیا' آپ نے اس سے تناول فرمایا' پھر نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

974 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي غَطَفَانَ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: اَشْهَدُ لَكُنْتُ اَشْوِي لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ الشَّاةِ، فَيَاْكُلُ مِنْهُ، ثُمَّ يُصَلِّي وَلَا يَتَوَضَّأُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بکری بھونتا تھا' پھر آپ اس سے کھاتے تھے' پھر نماز پڑھتے اور وضو نہیں کرتے تھے۔

## مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

## حضرت محمد بن منکدر' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

975 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِنْ لَحْمِ شَاةٍ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکری کا گوشت تناول فرمایا' آپ نے اس کے بعد وضو نہیں کیا۔

## شُرَحْبِيلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

## حضرت شرحبیل بن سعد' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

976 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ لَحْمًا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکری کا گوشت تناول فرمایا' آپ نے اس کے بعد وضو نہیں کیا۔

977 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ ثُمَيْلٍ الْخَلَّالُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: شَوَيْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ شَاةٍ فَاَكَلَ مِنْهَا فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے لیے بکری بھونتا تھا' پھر آپ اس سے کھاتے تھے' پھر نماز پڑھتے اور وضو نہیں کرتے تھے۔

978 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِقِدْرٍ لِبَعْضِ اَهْلِهِ فِيهَا لَحْمٌ يُطْبَخُ، فَنَاوَلَهُ بَعْضُهُمْ مِنْهَا كَتِفًا، فَاَكَلَهُ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا' آپ اپنے گھر میں سے کسی گھر کے پاس سے گزرے' جس میں گوشت پکایا جا رہا تھا' آپ نے اس سے دستی لی' اس کو کھڑے ہونے کی حالت میں کھایا' پھر آپ نے نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

979 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الْمُعَافَى الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: اُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ، فَشَوَيْتُ مِنْهَا، فَاَكَلَ مِنْهُ، فَقَامَ فَصَلَّى وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو بکری ہدیہ دی گئی' میں نے اس کو بھونا' آپ نے اس سے کھایا' آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے نماز پڑھائی اور پانی کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔

## سَعِيدُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ مَوْلَى اَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

## حضرت ابوبکر بن حزم کے غلام حضرت سعید بن ابوسعید' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

980 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ،

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

3298 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: اَلْحَارِثُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ مسلمانوں اور انصار اور بنی سہم میں سے جو اجنادین کے دن شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث بن حارث بن قیس کا بھی ہے۔

## اَلْحَارِثُ بْنُ قَيْسِ بْنِ مَخْلَدٍ الْاَنْصَارِيُّ ثُمَّ الزُّرَقِيُّ، عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ، يُكْنَى اَبَا خَالِدٍ

## حضرت حارث بن قیس بن مخلد انصاری' پھر زرقی' عقبی بدری' آپ کی کنیت ابوخالد ہے

3299 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: اَلْحَارِثُ بْنُ قَيْسِ بْنِ مَخْلَدٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَهُوَ اَبُو خَالِدٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن قیس بن مخلد کا بھی ہے' آپ بدر میں شریک ہوئے تھے' آپ کی کنیت ابوخالد ہے۔

3300 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: اَلْحَارِثُ بْنُ قَيْسِ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَخْلَدٍ، شَهِدَ بَدْرًا

ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن قیس بن مخلد کا بھی ہے' آپ بدر میں شریک ہوئے تھے' آپ کی کنیت ابوخالد ہے۔

## اَلْحَارِثُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ

## حضرت حارث بن معاذ بن نعمان

## النُّعْمَانِ اَخُو سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِيِّ، بَدْرِيٌّ

3301 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: الْحَارِثُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ النُّعْمَانِ

## رضی اللہ عنہ حضرت سعد بن معاذ انصاری بدری کے بھائی

حضرت ابواسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی اوس اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن معاذ بن نعمان کا بھی ہے۔

## الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ قُتِلَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ

3302 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ مَبْذُولٍ: الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَامِرٍ

3303 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ مَالِكٍ: الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَبْذُولٍ، كُسِرَ بِالرَّوْحَاءِ، فَضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمِهِ

## حضرت حارث بن صمہ انصاری' بدری' بئر معونہ کے دن شہید کیے گئے تھے

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ وہ انصار اور بنی عامر بن مالک بن نجار اور بنی عامر بن مبذول میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن صمہ بن عبید بن عامر کا بھی ہے۔

حضرت محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عامر بن مالک میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن صمہ بن عمرو بن عبید بن عمرو بن مبذول بھی ہیں' اُنہوں نے روحاء کو توڑا تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لیے حصہ مقرر کیا تھا۔

3304 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مَبْذُولٍ: الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَتِيكٍ، كُسِرَ بِالرَّوْحَاءِ فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمِهِ

ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عامر بن مالک میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن صمہ بن عمرو بن عبید بن عمرو بن مبذول بھی ہیں' اُنہوں نے روحاء کو توڑا تھا' حضورﷺ نے ان کے لیے حصہ مقرر کیا تھا۔

3305 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ: الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ بئر معونہ کے دن مسلمانوں میں سے جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن صمہ کا بھی ہے۔

3306 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ: الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ

ابن شہاب سے روایت ہے کہ بئر معونہ کے دن مسلمانوں میں سے جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں ں سے ایک نام حارث بن صمہ کا بھی ہے۔

3307 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، قَالَ: قَالَ الْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ: سَاَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت حارث بن صمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے احد کے دن بلایا' آپ اُس وقت ایک گھاٹی میں تھے' آپ نے فرمایا: کیا تم نے عبدالرحمٰن بن عوف کو دیکھا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! میں نے انہیں پہاڑ کی گرمی میں دیکھا ہے' ان پر مشرکوں کا ایک لشکر تھا' میں ان کی طرف دوڑا تا کہ اس کو روکوں' میں نے آپ کو دیکھا' میں آپ کی طرف آ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ وَهُوَ فِي الشِّعْبِ: هَلْ رَأَيْتَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَأَيْتُهُ إِلَى حَرِّ الْجَبَلِ، وَعَلَيْهِ عَكَرٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَهَرَبْتُ إِلَيْهِ لِأَمْنَعَهُ، فَرَأَيْتُكَ فَعَدَلْتُ إِلَيْكَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُقَاتِلُ مَعَهُ . قَالَ الْحَارِثُ: فَرَجَعْتُ إِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَأَجِدُهُ بَيْنَ نَفَرٍ سَبْعَةٍ صَرْعَى، فَقُلْتُ لَهُ: ظَفِرَتْ يَمِينُكَ، أَكُلَّ هَؤُلَاءِ قَتَلْتَ؟ قَالَ: أَمَّا هَذَا لِأَرْطَاةَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، وَهَذَا فَأَنَا قَتَلْتُهُمَا، وَأَمَّا هَؤُلَاءِ فَقَتَلَهُمْ مَنْ لَمْ أَرَهُ. قُلْتُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: فرشتے اس کے ساتھ مل کر لڑ رہے تھے۔ حضرت حارث فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبدالرحمٰن کی طرف گیا' میں نے آپ کے آگے سات آدمی میں نے دیکھے' میں نے عرض کی: آپ کے ہاتھ کو اللہ کامیابی دے! یہ سارے آپ نے قتل کیے ہیں؟ حضرت عبدالرحمٰن نے کہا: یہ ارطاۃ بن شرحبیل ہے اور ان دونوں کو میں نے قتل کیا' ان کو اُنہوں نے قتل کیا جو دکھائی نہیں دے رہے تھے' میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا ہے۔



## الْحَارِثُ بْنُ أَوْسِ بْنِ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت حارث بن اوس بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ

3308 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ بَعَثَ الْحَارِثَ بْنَ أَوْسِ بْنِ النُّعْمَانِ أَخَا بَنِي حَارِثَةَ مَعَ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ إِلَى ابْنِ الْأَشْرَفِ، فَلَمَّا ضَرَبَ ابْنَ الْأَشْرَفِ أَصَابَ رِجْلَ الْحَارِثِ ذُبَابُ السَّيْفِ، فَحَمَلَهُ أَصْحَابُهُ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے حضرت حارث بن اوس بن نعمان رضی اللہ عنہ جو بنی حارثہ کے بھائی ہیں' کو محمد بن مسلمہ کے ساتھ ابن اشرف کی طرف بھیجا' جب ابن اشرف کو مارا تو حضرت حارث کے پاؤں پر تلوار کی دھار لگی' آپ کے ساتھیوں نے آپ کو اُٹھایا۔

## الْحَارِثُ بْنُ أَوْسِ بْنِ رَافِعٍ الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت حارث بن اوس بن رافع انصاری رضی اللہ عنہ' اُحد کے

## اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ

## دن شہید کیے گئے تھے

3309 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ: الْحَارِثُ بْنُ اَوْسِ بْنِ رَافِعٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی عمرو بن عوف میں سے جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن اوس بن رافع کا بھی ہے۔

3310 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فَلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِي النَّبِيتِ: الْحَارِثُ بْنُ اَوْسِ بْنِ رَافِعٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی نبیت میں سے جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن اوس بن رافع کا بھی ہے۔

## الْحَارِثُ بْنُ اَشْيَمَ بْنِ رَافِعِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ الْاَنْصَارِيُّ ثُمَّ الْاَشْهَلِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن اشیم بن رافع بن امرء القیس انصاری پھر اشہلی' بدری رضی اللہ عنہ

3311 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: الْحَارِثُ بْنُ اَشْيَمَ بْنِ رَافِعِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور اوس اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن اشیم بن رافع بن امرء القیس بن زید بن عبدالاشہل کا بھی ہے۔

## الْحَارِثُ

## حضرت حارث بن

## بْنُ غَزِيَّةَ

## غزیہ رضی اللہ عنہ

3312 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، كِلَاهُمَا عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي رَافِعٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ غَزِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ يَقُولُ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، اِنَّمَا هُوَ الْاِيمَانُ وَالنِّيَّةُ

حضرت حارث بن غزیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے سوائے ایمان اور نیت کے۔

3313 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَافِعٍ اَخْبَرَهُ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ غَزِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ يَقُولُ: مُتْعَةُ النِّسَاءِ حَرَامٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت حارث بن غزیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فتح مکہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: عورتوں سے متعہ حرام ہے' یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔



## الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن نعمان انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3314 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ: الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی ثعلبہ بن عمرو بن عوف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن نعمان کا بھی ہے۔

3315 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بدر میں انصار

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ بَنِي الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ: الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ

اور اوس اور بنی ثعلبہ بن عمرو بن عوف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن نعمان کا بھی ہے۔

**3316** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ، بَدْرِيٌّ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن نعمان بدری کا بھی ہے۔

## الْحَارِثُ بْنُ ضِرَارٍ الْخُزَاعِيُّ

## حضرت حارث بن ضرار الخزاعی رضی اللہ عنہ

**3317** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَتَّابٍ اَبُو بَكْرٍ الْاَعْيَنُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَمَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الزَّجَّاجُ، قَالُوا: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، ثنا عِيسَى بْنُ دِينَارٍ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ سَمِعَ الْحَارِثَ بْنَ ضِرَارٍ الْخُزَاعِيَّ يَقُولُ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَانِي اِلَى الْاِسْلَامِ، فَدَخَلْتُ فِيهِ وَاَقْرَرْتُ بِهِ، وَدَعَانِي اِلَى الزَّكَاةِ، فَاَقْرَرْتُ بِهَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرْجِعُ

حضرت حارث بن ضرار الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' مجھے آپ نے اسلام کی دعوت دی تو میں اسلام لایا اور میں نے اس کا اقرار کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے زکوٰۃ دینے کی دعوت دی' میں نے اس کا اقرار کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی قوم کی طرف واپس جاؤں گا اور انہیں اسلام کی دعوت دوں گا اور زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے کہوں گا' جنہوں نے میری بات مانی تو میں ان سے زکوٰۃ اکٹھی کروں گا اور یا رسول اللہ! اپنا نمائندہ فلاں فلاں وقت آپ بھیجیں گے' لے آئے گا جو میں نے جمع کی ہوگی۔ جب میں نے زکوٰۃ جمع کی تو وہ وقت آ پہنچا'

اِلَى قَوْمِي فَادْعُوهُمْ اِلَى الْإِسْلَامِ وَادَاءِ الزَّكَاةِ، فَمَنِ اسْتَجَابَ لِي مِنْهُمْ جَمَعْتُ زَكَاتَهُ، فَتُرْسِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَسُولًا لِإِبَّانِ كَذَا وَكَذَا يَاتِيكَ مَا جَمَعْتُ مِنَ الزَّكَاةِ. فَلَمَّا جَمَعَ الْحَارِثُ الزَّكَاةَ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لَهُ وَبَلَغَ الْإِبَّانَ الَّذِي اَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَبْعَثَ اِلَيْهِ، احْتَبَسَ عَلَيْهِ الرَّسُولُ فَلَمْ يَاتِهِ، فَظَنَّ الْحَارِثُ اَنَّهُ قَدْ حَدَثَ فِيهِ سَخَطٌ مِنَ اللّٰهِ وَمِنْ رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا سَرَوَاتِ قَوْمِهِ، فَقَالَ لَهُمْ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ وَقَّتَ لِي وَقْتًا يُرْسِلُ اِلَيَّ رَسُولَهُ لِيَقْبِضَ مَا كَانَ عِنْدِي مِنَ الزَّكَاةِ، وَلَيْسَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُلْفُ، لَا اَرَى حَبْسَ رَسُولِهِ اِلَّا مِنْ سَخْطَةٍ كَانَتْ، فَانْطَلِقُوا فَنَاْتِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ اِلَى الْحَارِثِ لِيَقْبِضَ مَا كَانَ عِنْدَهُ مِمَّا جَمَعَ مِنَ الزَّكَاةِ، فَلَمَّا اَنْ سَارَ الْوَلِيدُ حَتَّى بَلَغَ بَعْضَ الطَّرِيقِ، فَرِقَ فَرَجَعَ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ الْحَارِثَ مَنَعَنِي الزَّكَاةَ وَاَرَادَ قَتْلِي . فَضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَعْثَ اِلَى الْحَارِثِ، وَاَقْبَلَ الْحَارِثُ بِاَصْحَابِهِ حَتَّى اِذَا اسْتَقْبَلَ الْبَعْثُ وَفَصَلَ مِنَ الْمَدِينَةِ لَقِيَهُمُ الْحَارِثُ، قَالُوا: هٰذَا الْحَارِثُ، فَلَمَّا غَشِيَهُمْ قَالَ لَهُمْ: اِلَى مَنْ بُعِثْتُمْ؟ قَالُوا: اِلَيْكَ . قَالَ:



جس کا رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجنے کا وعدہ کیا تھا' اس کو نمائندہ روک لیا گیا' وہ نہ آیا' میں نے گمان کیا کہ اس میں اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی ہوگئی ہے۔ میں نے قوم کے سرداروں کو بلایا' ان سے کہا: رسول کریم ﷺ نے وقت مقرر فرمایا تھا' میری طرف آپ جو نمائندہ بھیجیں گے تاکہ زکوٰۃ لے جائے' جو میں نے اکٹھی کی تھی' رسول اللہ ﷺ سے وعدہ خلافی نہیں ہو سکتی' میرا خیال ہے کہ آپ کے نمائندہ کو روک لیا گیا ہے کسی ناراضگی سے۔ تم چلو' رسول اللہ ﷺ کے پاس جائیں' ادھر صورتِ حال یہ بنی کہ رسول اللہ ﷺ نے ولید بن عقبہ کو میری طرف بھیجا تاکہ زکوٰۃ لے جائے جو میں نے جمع کی تھی۔ جب ولید کچھ راستہ چلا تو ڈر گیا اور واپس چلا آیا' رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! حارث نے مجھے زکوٰۃ نہیں دی اور اس نے مجھے قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے میری طرف قافلہ کو بھیجا' ادھر سے میں اپنے ساتھیوں سمیت چلا' وہ چلے مدینہ کے قریب تھے کہ میں اُن کو ملا۔ اُنہوں نے کہا: یہ حارث ہے! جب اُنہوں نے گھیرا تو میں نے انہیں کہا: تم کس کی طرف بھیجے گئے ہو؟ اُنہوں نے کہا: آپ کی طرف! کہا: کیوں؟ اُس آنے والے نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ولید بن عقبہ کو آپ کی طرف بھیجا تھا' وہ واپس گیا اور اس نے گمان کیا کہ آپ زکوٰۃ دینے سے انکار کرتے ہیں اور آپ نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ میں نے کہا: میں نے ایسے نہیں کیا' وہ

وَلِمَ؟ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بَعَثَ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ، فَرَجَعَ فَزَعَمَ أَنَّكَ مَنَعْتَ الزَّكَاةَ وَأَرَدْتَ قَتْلَهُ. فَقَالَ: لَا وَالَّذِي بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ مَا رَأَيْتُهُ وَلَا أَتَانِي، وَمَا أَقْبَلْتُ إِلَّا حِينَ احْتَبَسَ عَلَيَّ رَسُولًا خَشْيَةَ أَنْ يَكُونَ سَخْطَةً مِنَ اللّٰهِ وَمِنْ رَسُولِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ. فَنَزَلَتِ الْحُجُرَاتُ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَنْ تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ) (الحجرات: 6) إِلَى هَذَا الْمَكَانِ: (فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ) (الحجرات: 8)

ذات جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے انہیں دیکھا نہ میرے پاس آیا ہے میں خود آ رہا تھا کہ نمائندہ کو روک لیا گیا' اس خوف سے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ناراضگی نہ ہو۔ سورۂ حجرات کی آیت نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لے کر آئے تو اس کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر لو' کہیں ایسا نہ ہو کہ تم بے علمی میں کسی قوم کو تکلیف پہنچا دو پھر جو تم نے کیا ہے اس پر ندامت کرو'' اس آیت تک: ''یہ اللہ کا فضل اور نعمت ہے' اللہ جاننے والا حکمت والا ہے''۔

## الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ

## حضرت حارث بن نعمان انصاری' آپ کو مؤتہ کے دن شہید کیا گیا تھا

3318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ: الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ يَسَافِ بْنِ نَضْلَةَ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ بْنِ غَنْمٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے جو مؤتہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن نعمان بن یساف بن نضلہ بن عبد عوف بن غنم کا بھی ہے۔

## الْحَارِثُ بْنُ خَزْمَةَ بْنِ أَبِي غَنْمٍ الْأَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن خزمہ بن ابو غنم انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3319 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک

الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ: الْحَارِثُ بْنُ خَزْمَةَ بْنِ اَبِي غَنْمِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

نام حارث بن خزمہ بن ابوغنم بن سالم بن عوف بن حارث بن خزرج کا بھی ہے۔

**3320** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبِيتِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: الْحَارِثُ بْنُ خَزْمَةَ بْنِ عَدِيٍّ، حَلِيفٌ لَهُمْ مِنْ بَنِي سَالِمٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی نبیت اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن خزمہ بن عدی کا ہے یہ بنی سالم کے حلیف تھے۔

## الْحَارِثُ بْنُ غُطَيْفٍ الْكِنْدِيُّ

## حضرت حارث بن غطیف الکندی رضی اللہ عنہ

**3321** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ الْعَنْسِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ غُطَيْفٍ اَوْ غُطَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ الْكِنْدِيِّ، قَالَ: مَهْمَا نَسِيتُ فَاِنِّي لَمْ اَنْسَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضَعُ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى فِي الصَّلَاةِ. لَمْ يُذْكَرْ اَبُو رَاشِدٍ

حضرت غطیف بن حارث الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نہ بھولا ہوں نہ بھولوں گا کہ حضورﷺ نماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھتے تھے۔ ابوراشد نے ذکر نہیں کیا۔

**3322** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ

حضرت حارث بن غطیف رضی اللہ عنہ فرماتے

مِقْلَاصٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ، عَنْ اَبِي رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ غُطَيْفٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا يَمِينَهُ عَلَى شِمَالِهِ فِي الصَّلَاةِ

ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے نماز میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا تھا۔

## الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن حاطب انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**3323** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ: الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عمرو بن عوف اور بنی امیہ بن زید میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن حاطب کا ہے۔

**3324** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ الْاَنْصَارِيُّ، مِنْ بَنِي حَارِثَةَ، رَجَعَ مِنَ الرَّوْحَاءِ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو جنگ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن حاطب انصاری کا بھی ہے بنی حارثہ سے روحاء کے مقام سے واپس آ گئے تھے۔

**3325** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: ضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفَرٍ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ مہاجرین و انصار میں سے جن کا بدر کے دن مکمل حصہ رکھا گیا باوجودیکہ وہ غیر حاضر ہوئے بلکہ کسی عذر کی بناء پر ان انصار میں سے ابولبابہ بن عبدالمنذر اور حارث بن حاطب بھی

مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْاَنْصَارِ بِسِهَامِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ كَامِلَةً، وَكَانُوا غُيَّبًا عَنْهَا لِعُذْرٍ كَانَ لَهُمْ، مِنْهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ اَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، وَالْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ

ہیں۔

# الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو عَمُّ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، بَدْرِيٌّ

# حضرت براء بن عازب کے چچا حارث بن عمرو بدری رضی اللہ عنہ

3326 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيهِ، وَاَمَرَنِي اَنْ اَقْتُلَهُ

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا' آپ کے ساتھ جھنڈا تھا' میں نے کہا: آپ کا ارادہ کہاں کا ہے؟ کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے آدمی کی طرف قتل کرنے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کی زوجہ سے شادی کی ہے۔

3327 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، اَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: مَرَّ بِي الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو وَقَدْ عَقَدَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِلَى اَيْنَ بَعَثَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي اِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيهِ بَعْدَهُ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارث بن عمرو رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں بھیجا تھا' میں نے کہا: آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں بھیجا ہے؟ کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے آدمی کی طرف قتل کرنے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے والد کے مرنے کے بعد اس کی بیوی سے شادی کی ہے۔

3328 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ الْوَكِيعِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جَنَادٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا' اُنہوں نے جھنڈا اُٹھایا ہوا تھا' میں نے کہا: آپ کا ارادہ

عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي وَقَدِ اعْتَقَدَ رَايَةً، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيهِ اَضْرِبُ عُنُقَهُ وَآخُذُ مَالَهُ . وَهٰكَذَا رَوَاهُ اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ وَزَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي . وَخَالَفَهُمَا السُّدِّيُّ، فَرَوَاهُ عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: لَقِيتُ خَالِي. وَخَالُهُ اَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ، وَلَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ عَدِيّ وَالْبَرَاءِ يَزِيدَ

کہاں کا ہے؟ کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے بھیجا ہے ایسے آدمی کی طرف جس نے اپنے والد کی بیوی سے شادی کی ہے' اُسے قتل کرنے کے لیے اور اس کا مال لینے کے لیے۔ اشعث بن سوار اور زید بن ابوانیسہ نے عدی بن ثابت سے' اُنہوں نے یزید بن براء سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا۔ سدی نے دونوں کی مخالفت کی ہے۔ عدی بن ثابت نے براء سے روایت کی ہے' وہ فرماتے ہیں: میں اپنے خالو سے ملا' ان کے خالو ابو بردہ بن نیار تھے' عدی اور براء کے درمیان یزید کو داخل نہیں کیا۔

**3329** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ السُّدِّيّ، عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: لَقِيتُ خَالِي وَمَعَهُ رَايَةٌ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تَذْهَبُ؟ قَالَ: اَرْسَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيهِ مِنْ بَعْدِهِ اَضْرِبُ عُنُقَهُ وَاَقْتُلُهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے خالو سے اس حالت میں ملا کہ آپ کے پاس جھنڈا تھا' میں نے کہا: کہاں جانا چاہتے ہیں؟ کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایسے آدمی کو قتل کرنے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے والد کی وفات کے بعد اس کی بیوی سے شادی کی ہے' میں نے اسے قتل کرنا ہے۔

## الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ الْجُمَحِيُّ

## حضرت حارث بن حاطب الجمحی رضی اللہ عنہ

وَهُوَ الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحَ، وَاُمُّهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُجَلِّلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَيْسِ بْنِ عَبْدِ وَدّ بْنِ نَضْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَسَلٍ، هَاجَرَتْ بِهِ

یہ حارث بن حاطب بن حارث بن معمر بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح رضی اللہ عنہ ہیں' آپ کی والدہ فاطمہ بنت مجلل بن عبداللہ بن ابوقیس بن عبدودّ بن نضر بن مالک بن حسل ہیں' اُنہوں نے

إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ مَعَ زَوْجِهَا حَاطِبِ بْنِ الْحَارِثِ

اپنے شوہر حاطب بن حارث کے ساتھ حبشہ کی سرزمین کی طرف ہجرت کی تھی۔

**3330** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَاطِبٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلِصٍّ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ . فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّمَا سَرَقَ . قَالَ: اقْتُلُوهُ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّمَا سَرَقَ . قَالَ: اقْطَعُوا يَدَهُ . ثُمَّ سَرَقَ فَقُطِعَتْ رِجْلُهُ، ثُمَّ سَرَقَ عَلَى عَهْدِ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى قُطِعَتْ قَوَائِمُهُ كُلُّهَا، ثُمَّ سَرَقَ الْخَامِسَةَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَ بِهَذَا حِينَ قَالَ: اقْتُلُوهُ

حضرت حارث بن حاطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پاس ایک چور لایا گیا' آپ نے فرمایا: اسے قتل کر دو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: اسے قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو! اس نے پھر چوری کی' اس کا پاؤں کاٹا گیا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں چوری کی تو اس کے سارے اعضاء کاٹے گئے' پھر پانچویں مرتبہ چوری کی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ اس کی حالت کو زیادہ جانتے تھے' جس وقت آپ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا تھا۔

**3331** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ، اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ حَاطِبٍ ذَكَرَ ابْنَ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: طَالَمَا حَرَصَ عَلَى الْإِمَارَةِ. قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِصٍّ وَاَمَرَ بِقَتْلِهِ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّهُ سَرَقَ، فَقَالَ: اقْطَعُوهُ . ثُمَّ

حضرت محمد بن حاطب سے روایت ہے کہ حضرت حارث بن حاطب نے ابن زبیر کے ہاں ذکر کیا' فرمایا: آپ حکومت کی خواہش رکھتے ہیں' ہم نے کہا: کیسے؟ فرمایا: حضور ﷺ کے پاس ایک چور لایا گیا' آپ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا' آپ سے عرض کی گئی: اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو! پھر اس کو حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت میں آپ ﷺ کے

أُتِيَ بِهِ بَعْدُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَقَدْ سَرَقَ، وَقَدْ قُطِعَتْ قَوَائِمُهُ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا أَجِدُ لَكَ شَيْئًا إِلَّا مَا قَضَى فِيكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أَمَرَ بِقَتْلِكَ، فَإِنَّهُ كَانَ أَعْلَمَ بِكَ. ثُمَّ أَمَرَ بِقَتْلِهِ أُغَيْلِمَةً مِنْ أَبْنَاءِ الْمُهَاجِرِينَ أَنَا فِيهِمْ، فَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: أَمِّرُونِي عَلَيْنَا، ثُمَّ انْطَلَقْنَا بِهِ. فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

وصال کے بعد لایا گیا کیونکہ اُس نے چوری کی تھی تو اس کے اعضاء کاٹے گئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کے لیے وہی شی پاتا ہوں مگر جو فیصلہ رسول اللہ ﷺ نے اس کے متعلق کیا تھا' جس دن آپ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا تھا' کیونکہ آپ اس کی طبیعت زیادہ جانتے تھے۔ حضرت ابوبکر نے مہاجرین کے بچوں میں سے کسی لڑکے کو اسے قتل کرنے کا حکم دیا' میں ان میں شامل تھا۔ حضرت ابن زبیر نے فرمایا: مجھے بس اس کا حکم دیتے ہیں' پھر ہم چلے گئے' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

## الْحَارِثُ أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ رَبِيعَةُ الْجُرَشِيُّ عَنْ أَبِي مَالِكٍ

## حضرت حارث ابو مالک اشعری ربیعہ الجرشی رضی اللہ عنہ' حضرت ابو مالک سے روایت کرتے ہیں

3332 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا قَتَادَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ الْغَازِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ أَبَا مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ فِي أُمَّتِي الْخَسْفُ وَالْمَسْخُ وَالْقَذْفُ. قُلْنَا: فِيمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِاتِّخَاذِهِمُ الْقَيْنَاتِ، وَشُرْبِهِمُ الْخُمُورَ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت میں دھنسنا اور شکلوں کا بگڑنا تہمت لگانا ہوگا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیسا وقت ہوگا؟ آپ نے فرمایا: گانے والی لونڈیاں ہوں گی اور شراب پی جائے گی۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ عَنْ أَبِي مَالِكٍ

## حضرت عبدالرحمٰن بن غنم' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت

# الْاَشْعَرِیّ

کرتے ہیں

3333 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، اَنَّ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ قَالَ لِقَوْمِهِ: اجْتَمِعُوا اُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَلَمَّا جَمَعَهُمْ قَالَ: هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا اِلَّا ابْنَ اُخْتٍ لَنَا . قَالَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ . فَدَعَا بِجَفْنَةٍ فِيهَا مَاءٌ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ، وَغَسَلَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَكَبَّرَ فِيهَا اثْنَتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً، يُكَبِّرُ اِذَا سَجَدَ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ السُّجُودِ، وَقَرَاَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَيُسْمِعُ مَنْ يَلِيهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں' جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا' دونوں ہاتھ دھوئے اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا' سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے' پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں بائیس تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

3334 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا قَتَادَةُ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ جَمَعَ اَصْحَابَهُ، فَقَالَ: هَلْ اُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَكَانَ رَجُلًا مِنَ الْاَشْعَرِيِّينَ، فَدَعَا بِجَفْنَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ، وَمَسَحَ قَدَمَيْهِ، وَصَلَّى الظُّهْرَ، فَصَلَّى فِيهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَكَبَّرَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں' جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا' دونوں ہاتھ دھوئے اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا' سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے' پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں بائیس

تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

**3335** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ قَالَ لِقَوْمِهِ: اجْتَمِعُوا اُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاجْتَمَعُوا، فَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ؟ فَقَالُوا: لَا اِلَّا ابْنَ اُخْتٍ لَنَا . قَالَ: فَذَلِكَ مِنَ الْقَوْمِ . فَدَعَا بِجَفْنَةٍ فِيهَا مَاءٌ، فَتَوَضَّاَ وَهُمْ شُهُودٌ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَظَهْرِ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَكَبَّرَ فِيهَا ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً، يُكَبِّرُ اِذَا سَجَدَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ، وَقَرَاَ بِهِمْ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ، وَاَسْمَعَ مَنْ يَلِيهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں' جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا' دونوں ہاتھ دھوئے اور کُلّی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا' سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے' پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں بائیس تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

**3336** - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ قَالَ: اجْتَمِعُوا اُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاجْتَمَعُوا، فَقَالَ: اَفِيكُمْ اَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا اِلَّا ابْنَ اُخْتٍ لَنَا . قَالَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ . فَدَعَا بِجَفْنَةٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهَا، فَمَضْمَضَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں' جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا' دونوں ہاتھ دھوئے اور کُلّی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو

وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا، وَيَدَيْهِ ثَلاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَظَهْرِ قَدَمَيْهِ، وَتَقَدَّمَ فَصَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ يُسْمِعُ مَنْ يَلِيهِ

تین مرتبہ دھویا' سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے' پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں بائیس تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔



3337 - حَدَّثَنَا الْحَسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَنَا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّهُ قَالَ: تَعَالَوْا حَتَّى أُرِيَكُمْ كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي؟ فَقَامَ فَكَبَّرَ إِذَا رَكَعَ وَإِذَا سَجَدَ، فَلَمَّا نَهَضَ مِنَ الْجُلُوسِ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ كَبَّرَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے قوم کو کہا: آؤ! میں تمہیں بتاؤں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کیسے پڑھتے تھے۔ میں کھڑا ہوا' رکوع اور سجدہ میں جب گیا تو تکبیر کہی' جب دو رکعتوں کے بعد بیٹھ کر اُٹھنے لگا تو میں نے اللہ اکبر کہا۔

3338 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا بُدَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ: لَأُصَلِّيَنَّ بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَدَعَا بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَصَفَّ الرِّجَالَ وَصَفَّ خَلْفَهُمُ الْغِلْمَانَ، فَجَعَلَ يُكَبِّرُ إِذَا سَجَدَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ وَإِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ . وَلَمْ يُذْكَرْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں کہ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز پڑھاؤں! آپ نے وضو کے لیے پانی منگوایا' وضو کیا اور پھر نماز کے لیے کھڑے ہوئے' پہلی صف مردوں کی' اس کے پیچھے بچوں کی' جب رکوع کیا اور سجدہ کیا اور دو رکعتوں کے بعد اُٹھتے تو اللہ اکبر کہتے' پھر دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرا۔ عبدالرحمٰن بن غنم کا ذکر نہیں کیا گیا۔

3339 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الْجَوْنِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ،

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! میں جھوٹ نہیں بول رہا ہوں' میں نے

ثنا ابنُ جَابِرٍ، ثنا عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ الْكِلَابِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ، حَدَّثَنِي اَبُو عَامِرٍ اَوْ اَبُو مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ- وَاللّٰهِ مَا كَذَبَنِي - اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَكُونَنَّ فِي اُمَّتِي اَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّونَ الْحَرِيرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ، وَلَيَنْزِلَنَّ اَقْوَامٌ اِلَى جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ، فَيَاْتِيهِمْ رَجُلٌ لِحَاجَتِهِ، فَيَقُولُونَ لَهُ: ارْجِعْ اِلَيْنَا غَدًا، فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَيَضَعُ الْعَلَمَ عَلَيْهِمْ وَيَمْسَخُ آخَرِينَ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری اُمت ضرور ریشم' شراب اور گانوں کو حلال جانے گی' ضرور بضرور کچھ لوگ ایک جھنڈے کے پاس اُتریں گے' وہاں راحت حاصل کریں گے' ان کے پاس ایک ضرورت مند آدمی آئے گا' وہ اس کو کہیں گے: اب چلے جاؤ! کل آنا' اللہ ان کو متنبہ کرے گا' وہ جھنڈا رکھیں گے اور دوسروں کو بندر اور خنزیر کی شکلوں میں تبدیل کر دے گا' قیامت کے دن تک۔

**3340** - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، يَرُدُّهُ اِلَى مَكْحُولٍ اِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: مَنِ انْتَدَبَ خَارِجًا فِي سَبِيلِي غَازِيًا ابْتِغَاءَ وَجْهِي، وَتَصْدِيقَ وَعْدِي، وَاِيمَانًا بِرُسُلِي، فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اِمَّا يَتَوَفَّاهُ فِي الْجَيْشِ بِاَيِّ حَتْفٍ شَاءَ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ، وَاِمَّا يَسِيحُ فِي ضَمَانِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِنْ طَالَتْ غَيْبَتُهُ حَتَّى يَرُدَّهُ اِلَى اَهْلِهِ مَعَ مَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: جو میرے رستے کی طرف نکلتا ہے جہاد کے لیے' میری رضا اور میرے وعدہ کی تصدیق کرتے ہوئے اور میرے رسولوں پر ایمان لاتے ہوئے تو وہ میرے ذمہ پر ہے' خواہ وہ لشکر میں کسی جگہ مر جائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا' خواہ وہ اللہ کی حفاظت میں چلے اگرچہ دیر تک غائب ہے' وہ اپنے گھر واپس آ جائے ثواب اور مالِ غنیمت پائے گا۔

**3341** - وَقَالَ: مَنْ فَصَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَمَاتَ اَوْ قُتِلَ، اَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ اَوْ بَعِيرُهُ، اَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ، اَوْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ بِاَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللّٰهُ؛ فَاِنَّهُ

آپ نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں لڑا اور مر گیا یا شہید ہو گیا یا اونٹ یا گھوڑے سے گر گیا یا سانپ نے ڈسا یا اپنے بستر پر کسی بھی جگہ مرا' وہ شہید ہے۔

شَهِيدٌ

**3342** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ الْحَكَمِيِّ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ غَنْمٍ الْاَشْعَرِيَّ قَدِمَ دِمَشْقَ، فَاجْتَمَعَ اِلَيْهِ عِصَابَةٌ مِنَّا، فَذَكَرْنَا الطِّلَاءَ، فَمِنَّا الْمُرَخِّصُ فِيهِ وَمِنَّا الْكَارِهُ لَهُ، فَاَتَيْتُهُ بَعْدَمَا خُضْنَا فِيهِ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَيَشْرَبَنَّ اُنَاسٌ مِنْ اُمَّتِي الْخَمْرَ يُسَمُّونَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا، وَيُضْرَبُ عَلَى رُءُوسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ وَالْقَيْنَاتِ، يَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ، وَيَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ

حضرت مالک بن ابومریم الحکمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن غنم اشعری دمشق آئے ہم سے ایک گروہ آپ کے پاس جمع ہوا ہم نے انگور کے پے ہوئے رس کا ذکر کیا ہم میں سے کچھ اس میں رخصت دینے والے تھے کچھ اس کو ناپسند کرنے والے تھے میں آپ کے پاس آیا ہم اس کے بارے گفتگو کرنے میں مشغول ہو گئے تھے۔ آپ نے فرمایا: میں نے ابومالک اشعری سے سنا ہے جو کہ صحابیِ رسول ﷺ ہیں وہ حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میری اُمت کے لوگ شراب ضرور پئیں گے اس کا نام تبدیل کریں گے اپنے سروں پر باجے اور گانے بجائیں گے اللہ عزوجل انہیں زمین میں دھنسا دے گا ان میں سے کچھ کو بندر اور خنزیر بنا دے گا۔

**3343** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنِ ابْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَمَامُ الْبِرِّ؟ قَالَ: اَنْ تَعْمَلَ فِي السِّرِّ عَمَلَ الْعَلَانِيَةِ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! نیکی مکمل کب ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: جو تُو عمل علانیہ کرتا ہے پوشیدہ بھی وہی کر۔

**3344** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا الْاِيَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں نماز پڑھاتے جب نماز پڑھا کر فارغ ہوتے تو اپنا چہرہ مبارک لوگوں کی طرف کر لیتے۔

شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ

**3345** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى، فَلَمَّا رَكَعَ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز پڑھتے تو رکوع کرتے' تو رکوع میں تین مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ پڑھتے' پھر رکوع سے سر اُٹھاتے۔

## اَبُو سَلَّامٍ الْاَسْوَدُ عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ

## حضرت ابوسلام' حضرت حارث اشعری سے روایت کرتے ہیں

**3346** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَا: ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ سَلَّامٍ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطُّهُورُ نِصْفُ الْاِيمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَاُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صفائی آدھا ایمان ہے اور الحمد للہ میزان کو بھر دیتی ہے اور سبحان اللہ اللہ اکبر زمین و آسمان کے درمیان کو بھر دیتی ہے اور نماز نور ہے' صدقہ دلیل ہے' صبر روشنی ہے' قرآن تیرے لیے یا تیرے اوپر دلیل ہے' ہر انسان صبح کرتا ہے تو جس نے اپنے آپ کو خرید لیا وہ اسے آزاد کرنے والا ہے (مطلب یہ ہے کہ جس نے رضاءِ الٰہی پر خوش اور دین پر استقامت



3346- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه203 رقم الحديث: 223' والترمذي في سننه جلد5صفحه535 رقم الحديث: 3517 كلاهما عن زيد بن سلام عن أبي سلام عن أبي مالك الأشعري به .

وَالْاَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ اَوْ عَلَيْكَ، وَكُلُّ اِنْسَانٍ يَغْدُو فَمُبْتَاعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا، اَوْ بَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُوبِقُهَا . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُوسَى بْنِ اِسْمَاعِيلَ . وَقَالَ مُسْلِمٌ فِي حَدِيثِهِ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

کر لی وہ کامیاب ہے) اور جس نے اپنے آپ کو فروخت کر دیا اس نے اپنے آپ کو ہلاک کرلیا (یعنی جس نے اپنے دین کو فروخت کر کے دنیا لے لی) اُس نے اپنے آپ کو ہلاک کر لیا)۔ یہ الفاظ موسیٰ بن اسماعیل کی حدیث کے ہیں مسلم نے اپنی حدیث میں صاف کہا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر زمین و آسمان کے درمیان میزان کو بھر دیتی ہے۔



**3347** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ اَخِيهِ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطُّهُورُ شَطْرُ الْاِيمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَاُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صفائی آدھا ایمان ہے اور الحمد للہ میزان کو بھر دیتی ہے اور سبحان اللہ اللہ اکبر زمین و آسمان کے درمیان کو بھر دیتی ہے اور نماز نور ہے صدقہ دلیل ہے صبر روشنی ہے۔

**3348** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ،

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں زمانۂ جاہلیت کے چار کام رہیں گے وہ اس کو نہیں چھوڑیں گے: نسب پر فخر کریں گے نسب میں طعن کریں گے ستاروں کے ذریعے بارش مانگیں گے اور نوحہ کریں گے نوحہ کرنے والیاں اگر مرنے سے پہلے توبہ نہیں کریں گی

---

3348- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 2 صفحه 644 رقم الحديث: 934 واحمد في مسنده جلد 5 صفحه 342 رقم الحديث: 22954 جلد 5 صفحه 343 رقم الحديث: 22955 جلد 5 صفحه 344 رقم الحديث: 22963 كلاهما عن زيد عن أبي سلام عن أبي مالك الأشعري به .

عَنْ اَبِى مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرْبَعٌ بَقِينَ فِى اُمَّتِى مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَيْسُوا بِتَارِكِيهَا: الْفَخْرُ بِالْاَحْسَابِ، وَالطَّعْنُ فِى الْاَنْسَابِ، وَالِاسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُومِ، وَالنِّيَاحَةُ، وَاِنَّ النَّائِحَةَ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ اَنْ تَمُوتَ جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِنْ قَطِرَانٍ وَدِرْعٌ مِنْ لَهَبِ النَّارِ . قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَرَكْنَا النِّيَاحَةَ حِينَ تَرَكْنَا اللَّاتَ وَالْعُزَّى .

تو قیامت کے دن آئیں گی کہ ان پر جہنم کی آگ کی زرہ اور تارکول کی اوڑھنی ہو گی۔ حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس وقت ہم نے لات وعزیٰ کو چھوڑا تو ہم نے نوحہ کو چھوڑ دیا۔

لَنَا مُكْرَمٌ: لَا يَأْسَ مِنْ طُولٍ . وَالصَّوَابُ لَا يَتَشَنَّا مِنْ طُولٍ . وَقَالَ لَنَا مُكْرَمٌ: وَلَا عَابِسٌ وَلَا مُعْتَدٍ . وَقَالَ لَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ مُكْرَمٍ: لَا عَابِسٌ وَلَا مُفَنَّدٌ يَعْنِي: لَا عَابِسٌ وَلَا مُكَذَّبٌ

اتری' پھر بے شمار سعادتوں کے ساتھ' ان میں ڈیرے ڈال دیئے'

نبی ﷺ وہ کچھ دیکھتا ہے جو لوگ اپنے اردگرد نہیں دیکھ سکتے' اور ہر سجدہ گاہ میں اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتا ہے'

اگرچہ کسی دن غائب کی بات بھی کر دیتا ہے' جس کی تصدیق اسی دن ہو جاتی ہے یا اگلے دن ہو جاتی ہے' یعنی جو بات فرماتے ہیں وہ پوری ہو جاتی ہے'

ابوبکر کی خاندانی سعادت نے ان کے لیے آپ ﷺ کی صحبت حاصل کرنے کو آسان بنا دیا' اللہ تعالیٰ جسے سعادت عطا فرمائے' اسے سعادت ملجاتی ہے'

بنی کعب کی نوجوان عورتیں ان کو مبارکباد دیں اور ایمان والوں کے لیے ان کے بیٹھنے کا انتظار کیا جا رہا ہے''۔

حضرت موسیٰ بن ہارون نے اپنی حدیث میں اضافہ فرمایا' کہا: اور حضرت مکرم سے روایت کر کے مجاہد بن موسیٰ نے ہمیں حدیث بیان کی' پس انہوں نے ہم سے کہا: پیٹ کا بڑا ہونا آپ ﷺ کو عیب نہیں لگاتا تھا اور نہ ہی سر کا چھوٹا ہونا آپ ﷺ کو عیب لگاتا تھا۔ درست لفظ ''ثَجْلَةٌ'' اور ''صَعَلَةٌ'' ''ثَجْلَةُ'' کا معنیٰ: پیٹ کا بڑا ہونا اور ''صعلۃُ'' کا معنیٰ: سر کا چھوٹا ہونا' ان کی مراد ہے کہ آپ ﷺ بڑے پیٹ والے نہ تھے اور نہ ہی آپ کا سر چھوٹا تھا۔ اور مکرم نے ہم سے کہا: آپ کے ہونٹ لمبے تھے اور آپ کی آواز میں گونج تھی اور

رعب تھا۔ حضرت مکرم سے روایت کر کے جناب مجاہد نے ہمیں فرمایا: اصل الفاظ "فی اشفاره وطف فی صوتہ صحل" ہیں اور "وطفٌ" ہی درست ہے جس کا معنی لمبائی ہے اور درست "صحلٌ" ہے، جس کا معنی: آواز کا بھاری ہونا۔ حضرت مکرم نے ہم سے کہا: لمبا ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے اور درست الفاظ "لا یتشنا" ہیں اور مکرم نے ہمیں یہ بھی کہا: چیں بجبیں ہونے والے نہ تھے نہ حد سے تجاوز کرنے والے تھے۔ حضرت مکرم سے روایت کر کے مجاہد نے ہم سے کہا: "لا عابس ولا مفندٌ" ہے یعنی نہ ماتھے تیوری چڑھانے والے اور نہ جھٹلانے گئے تھے۔

# حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ الْاَنْصَارِیُّ

# حضرت حرام بن ملحان انصاری رضی اللہ عنہ

خَالُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اسْتُشْهِدُ مَعَ الْقُرَّاءِ السَّبْعِينَ الَّذِينَ بَعَثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُنْذِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَاوَى لَمَّا اُصِيبَ خُبَيْبٌ وَاَصْحَابُهُ قَتَلَتْهُمْ بَنُو سُلَيْمٍ

یہ حضرت انس بن مالک کے خلو ہیں، یہ ستر افراد کے ساتھ شہید کیے گئے، جن کو رسول اللہ ﷺ نے منذر بن عمرو بن ساوی کی طرف بھیجا تھا، جب حضرت خبیب اور ان کے ساتھیوں کو بنوسلیم نے قتل کیا تھا۔

**3525** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ ذَكَرَ سَبْعِينَ مِنَ الْاَنْصَارِ كَانُوا اِذَا جَنَّهُمُ اللَّيْلُ آوَوْا اِلَى مُعَلِّمٍ بِالْمَدِينَةِ فَيَبِيتُونَ يَدْرُسُونَ الْقُرْآنَ فَاِذَا اَصْبَحُوا، فَمَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت انس نے انصار سے ستر افراد کا ذکر کیا کہ جب رات ہوتی تو وہ مدینے میں استاد کے پاس آتے وہاں رات گزارتے اور قرآن پاک کی تلاوت کرتے اور جب صبح ہوتی جو طاقت ور ہوتا وہ لکڑیوں کا گٹھا اُٹھاتا

قُوَّةٌ اَصَابَ مِنَ الْحَطَبِ وَاسْتَعْذَبَ مِنَ الْمَاءِ، وَمَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ سَعَةٌ اَصَابُوا الشَّاةَ، فَاَصْلَحُوهَا فَكَانَتْ تُصْبِحُ مُعَلَّقَةً بِحُجَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اُصِيبَ خُبَيْبٌ بَعَثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ فِيهِمْ خَالِي حَرَامٌ وَاَتَوْا حَيًّا مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، فَقَالَ حَرَامٌ لِاَمِيرِهِمْ: اَلَا اُخْبِرُ هَؤُلَاءِ اَنَّا لَسْنَا اِيَّاهُمْ نُرِيدُ فَيُخَلُّوا وُجُوهَنَا؟ قَالَ: فَاَتَاهُمْ فَقَالَ لَهُمْ ذَاكَ، فَاسْتَقْبَلَهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ بِرُمْحٍ فَاَنْفَذَهُ بِهِ، فَلَمَّا وَجَدَ حَرَامٌ مَسَّ الرُّمْحِ فِي جَوْفِهِ قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَاَبْطَنُوا عَلَيْهِمْ فَمَا بَقِيَ مِنْهُمْ مُخْبِرٌ فَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ عَلَى سَرِيَّةٍ وَجْدَهُ عَلَيْهِمْ، قَالَ اَنَسٌ: لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا صَلَّى الْغَدَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ يَدْعُو عَلَيْهِمْ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَتَاهُ اَبُو طَلْحَةَ، فَقَالَ لِي: هَلْ لَكَ فِي قَاتِلِ حَرَامٍ؟ قُلْتُ: مَالَهُ فَعَلَ اللّٰهُ بِهِ وَفَعَلَ، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: لَا تَفْعَلْ فَقَدْ اَسْلَمَ

اور میٹھا پانی لاتا اور جو ان میں سے مالدار ہوتا وہ بکریاں لیتے اور ان کو سنبھالتے اور صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ کے حجرے کے پاس آتے‘ جب حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے کچھ لوگوں کو بھیجا‘ ان میں میرے خالو حرام بھی تھے‘ بنی سلیم کے قبیلے کے پاس آئے تو حضرت حرام نے ان کے امیر سے کہا: کیا میں ان کو ان کے متعلق بتاؤں نہیں کہ ہم ان سے نہیں ہیں‘ ہم چاہتے ہیں کہ وہ ہم سے پھر جائیں؟ راوی کا بیان ہے: وہ ان کے پاس آئے‘ سامنے سے ان کے ایک آدمی نے تیر مارا جو حضرت حرام کو لگا اور پار ہو گیا‘ جب حضرت حرام نے اپنے پیٹ میں تیر کو محسوس کیا تو حضرت حرام نے کہا: اللہ اکبر! رب کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا۔ اُنہوں نے باقی سب کو گھیر لیا اور اُن میں سے کسی کو نہیں چھوڑا خبر دینے کے لیے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ فجر کی نماز پڑھا لیتے تو آپ دونوں ہاتھ اُٹھا کر ان کے خلاف دعا کرتے‘ جب تھوڑا عرصہ گزرا تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آئے تو مجھے کہا: کیا آپ کو حرام کے قاتل سے کوئی کام ہے؟ میں نے کہا: اللہ اس پر لعنت کرے اور جو کام اس نے کیا ہے مجھے کوئی کام نہیں۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ایسے نہ کہو اور وہ مسلمان ہوئے۔

حرام بن ملحان الانصاری

3526 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ

3526- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد 4صفحه1502 رقم الحديث: 3856 عن ثمامة بن عبد الله بن انس عن انس بن مالك به .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ نَاسًا مِنْ قَيْسٍ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلُوهُ اَنْ يَبْعَثَ مَعَهُمْ نَاسًا يُعَلِّمُونَهُمُ الْقُرْآنَ، فَبَعَثَ مَعَهُمْ سَبْعِينَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْهُمْ حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ خَالُ اَنَسٍ فَغَدَرُوا بِهِمْ فَقَتَلُوهُمْ فَكَانَ حَرَامٌ اَوَّلَ مَنْ طُعِنَ بِعَنَزَةٍ، وَكَانَ الدَّمُ يَخْرُجُ مِنْهُ، فَتَلَقَّاهُ وَيَرْفَعُهُ اِلَى السَّمَاءِ وَيَقُولُ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، فَنَزَلَ فِيهِمْ قُرْآنٌ بَلِّغُوا عَنَّا اَنَّا لَقِينَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَاَرْضَانَا

قیس سے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے آپ سے مطالبہ کیا کہ ان کے ساتھ کچھ لوگوں کو بھیجیں جو ان کو قرآن سکھائیں' آپ نے انصار سے ستر آدمی ان کے ساتھ بھیجے' ان میں سے میرے خالو حرام بن ملحان بھی تھے' قبیلہ قیس والوں نے ان کے ساتھ غداری کی اور انہیں قتل کر دیا' حضرت حرام وہ پہلے شخص ہیں جن کو نیزے کے ساتھ زخمی کیا گیا' ان کا خون نکل رہا تھا' اُنہوں نے اپنا منہ آسمان کی طرف کیا اور کہا: رب کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا! ان کے متعلق قرآن پاک کی آیات اُتریں' اُنہوں نے کہا: ہمارا پیغام پہنچا دو! ہم اپنے رب سے ملے ہیں' ہم اس سے خوش ہیں اور وہ ہم سے۔

## حَشْرَجٌ وَلَمْ يُنْسَبْ

## حضرت حشرج' ان کا نسب معلوم نہیں ہے

3527 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ اَبُو الْحَارِثِ، قَالَ: رَاَيْتُ حَشْرَجَ رَجُلًا اَخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَهُ فِي حِجْرِهِ وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَدَعَا لَهُ

حضرت اسحاق ابوالحارث فرماتے ہیں کہ میں نے حشرج نام کا آدمی دیکھا' نبی پاک ﷺ نے ان کو پکڑا اور انہیں اپنی گود میں رکھا اور ان کے سر پر اپنا دستِ اقدس پھیرا اور ان کے لیے دعا کی۔

## حُوَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُودٍ

لَمْ يُخَرِّجْ

## حضرت خویصہ بن مسعود

ان سے کوئی حدیث تخریج نہیں کی گئی۔

## حَنِيفَةُ الرَّقَاشِيُّ

## حضرت حرہ کے چچا

# عَمُّ اَبِي حُرَّةَ

**3528** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ اَبِي حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: كُنْتُ آخُذُ بِزِمَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَوْسَطِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ - وَذَكَرَ الْحَدِيثَ-

# حضرت حنفیہ الرقاشی

حضرت ابوحرہ الرقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں حجۃ الوداع کے موقع پر ایامِ تشریق کے درمیان میں نے رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کی لگام پکڑی ہوئی تھی اور اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

# حُمَمَةُ الدَّوْسِيُّ

اسْتُشْهِدَ بِاَصْبَهَانَ مَعَ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَقَبْرُهُ مَعْرُوفٌ عَلَى بَابِ مَدِينَةِ اَصْبَهَانَ وَقَدْ رَاَيْتُهُ اَنَا

# حضرت حممہ الدوسی

ان کو مقامِ اصبہان میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ شہید کیا گیا تھا اور ان کی قبر اصبہان شہر کے دروازے کے پاس مشہور و معروف ہے۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: میں نے ان کی وہ قبر دیکھی ہے۔

**3529** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَوْدِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمْيَرِيِّ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يُقَالُ لَهُ حُمَمَةُ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ غَازِيًا اِلَى اَصْبَهَانَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفُتِحَتْ اَصْبَهَانُ فَقَالَ حُمَمَةُ: اللّٰهُمَّ اِنَّ حُمَمَةَ يَزْعُمُ اَنَّهُ يُحِبُّ لِقَاكَ، فَاِنْ كَانَ صَادِقًا فَاعْزِمْ لَهُ عَلَيْهِ بِصَدَقَةٍ، وَاِنْ كَانَ كَاذِبًا فَاعْزِمْ لَهُ عَلَيْهِ، وَاِنْ كَرِهَ فَاَخَذَهُ الْبَطْنُ فَمَاتَ

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن الحمیری سے روایت ہے کہ ایک آدمی جنہیں حممہ کہا جاتا ہے' حضور ﷺ کے صحابہ میں سے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جہاد کے لیے اصبہان کی طرف نکلے اصبہان کو فتح کیا گیا' حضرت حممہ نے عرض کی: اے اللہ! حممہ خیال کرتا ہے کہ وہ تجھ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اگر اپنی اس بات میں سچا ہے تو اس کی بات کو پختگی دیدے' اگر جھوٹا ہے تب بھی اس کی بات پوری کر دے اگر اس کو وہ پسند کرتا ہے۔ حضرت حممہ کو پیٹ کی بیماری نے

بِأَصْبَهَانَ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّا وَاللّٰهِ مَا سَمِعْنَا فِيمَا سَمِعْنَا مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا بَلَغَ عِلْمُنَا إِلَّا وَأَنَّ حُمَمَةَ شَهِيدٌ

پکڑا اور مقامِ اصبہان میں ہی فوت ہو گئے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم! ہم نے نہیں سنا اس میں جو ہم نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے ہمارا علم یہ کہتا ہے کہ حممہ شہید ہے۔

# بَابُ الْخَاءِ

# خَبَّابُ بْنُ الْأَرَتِّ بَدْرِيٌّ

# باب الخاء

# حضرت خباب بن ارت بدری رضی اللہ عنہ

يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرٍ، وَيُقَالُ: مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ اخْتُلِفَ فِي نَسَبِهِ فَمَنْ نَسَبَهُ إِلَى الْعَرَبِ زَعَمَ أَنَّهُ مِنْ تَمِيمِ بْنِ مُرِّ بْنِ طَابِخَةَ بْنِ إِلْيَاسِ بْنِ مُضَرَ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے بنی زہرہ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فراع کے حلیف ہیں اور ان کو بنی زہرہ کا غلام بھی کہا جاتا ہے ان کے نسب میں اختلاف ہے جنہوں نے انہیں عرب کی طرف منسوب کیا ہے اُن کا خیال ہے کہ یہ تمیم بن مرہ بن طابخ بن الیاس بن مضر کے قبیلے سے ہیں۔

3530 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ: فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا خَبَّابُ بْنُ الْأَرَتِّ بْنِ خُوَيْلِدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ جَذِيمَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے اُن میں سے ایک خباب بن ارت بن خویلد بن سعد بن جزیمہ بن کعب بن سعد ہیں۔

3531 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: كَانَ خَبَّابُ بْنُ الْأَرَتِّ مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ شَهِدَ بَدْرًا يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تُوُفِّيَ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ بنی زہرہ کے غلام ہیں بدر میں شریک ہوئے تھے آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے 37 ہجری میں ان کا انتقال ہوا حضرت علی رضی اللہ عنہ جس وقت

سَنَةَ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ مُنْصَرَفَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْ صِفِّينَ إِلَى الْكُوفَةِ وَهُوَ أَوَّلُ مَنْ قُبِرَ بِالْكُوفَةِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ إِسْلَامُ خَبَّابٍ بِمَكَّةَ

صفین سے کوفہ واپس آئے تو اصحاب رسول ﷺ میں سے کوفہ میں سب سے پہلی قبر ان کی تھی' حضرت خباب رضی اللہ عنہ مکہ میں ایمان لا چکے تھے۔

**3532** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرْدُوسًا، يَقُولُ: إِنَّ خَبَّابًا أَسْلَمَ سَادِسَ سِتَّةٍ كَانَ سُدُسَ الْإِسْلَامِ

حضرت کردوس فرماتے ہیں کہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ اسلام لانے میں چھٹے نمبر پر ہیں۔

**3533** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَعْدِي كَرِبَ، قَالَ: أَتَيْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ نَسْأَلُهُ، عَنْ طسم الشُّعَرَاءِ، قَالَ: لَيْسَتْ مَعِي وَلَكِنْ عَلَيْكُمْ مَنْ أَخَذَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ

حضرت معدیکرب فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو ہم نے آپ سے سورۂ طسم شعراء کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: میرے ساتھ نہیں ہے لیکن جس نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کیے ہیں وہ ابوعبداللہ خباب بن ارت ہیں۔

**3534** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابٍ، فَقَالَ: فِي هَذَا التَّابُوتِ ثَمَانُونَ أَلْفًا لَمْ يُشَدَّ لَهَا وِكَاءٌ، وَلَمْ يُمْنَعْ مِنْ سَائِلٍ وَلَوَدِدْتُ أَنَّهَا كَذَا وَكَذَا ، إِمَّا قَالَ: بَعْرًا أَوْ غَيْرَهُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے ساتھ آیا تو آپ نے فرمایا: اس تابوت میں اسّی ہزار ہیں اور اسے حفاظت کے لیے کسی چیز سے نہیں باندھا گیا اور کسی مانگنے والے کو منع بھی نہیں کیا گیا اور جانتا ہوں کہ ایسے ایسے کر دیا جائے؟ فرمایا: اونٹ اور اس کے علاوہ اور چیزیں ہیں۔

**3535** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کی کیونکہ وہ حضور

مِسْعَرٌ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: عَادَ خَبَّابًا بَقَايَا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: أَبْشِرْ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، إِخْوَانُكَ تَقْدَمُ عَلَيْهِمْ غَدًا فَبَكَى ثُمَّ قَالَ: إِنَّ أُولَئِكَ مَضَوْا بِأُجُورِهِمْ وَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَكُونَ ثَوَابِي لِتِلْكَ الْأَعْمَالِ مَا أُوتِينَا بَعْدَهُمْ

ﷺ کے اصحاب میں سے تھے لوگوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ کے لیے خوشخبری! آپ کے بھائی آپ سے پہلے گئے ہیں۔ تو حضرت خباب رضی اللہ عنہ رو پڑے پھر فرمایا: وہ تو اجر لے کر گئے ہیں مجھے ان اعمال کے ثواب کا خوف ہے کہ ہمیں ان کے بعد نہیں دیا گیا۔

3536 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عِكْرِمَةَ، أَنَّ خَبَّابًا أَوْصَى أَنْ يُدْفَنَ فِي ظَهْرِ أَهْلِ الْكُوفَةِ

حضرت یونس بن عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے وصیت کی کہ کوفہ والوں کے درمیان دفن کرنا۔

3537 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: سِرْنَا مَعَهُ يَعْنِي عَلِيًّا حِينَ رَجَعَ مِنْ صِفِّينَ حَتَّى إِذَا كَانَ عِنْدَ بَابِ الْكُوفَةِ إِذَا نَحْنُ بِقُبُورٍ سَبْعَةٍ عَنْ أَيْمَانِنَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا هَذِهِ الْقُبُورُ؟، فَقَالُوا: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ خَبَّابَ بْنَ الْأَرَتِّ تُوُفِّيَ بَعْدَ مَخْرَجِكَ إِلَى صِفِّينَ وَأَوْصَى أَنْ يُدْفَنَ فِي ظَهْرِ الْكُوفَةِ وَكَانَ النَّاسُ إِنَّمَا يَدْفِنُونَ مَوْتَاهُمْ فِي أَفْنِيَتِهِمْ وَعَلَى أَبْوَابِ دُورِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوْا خَبَّابًا أَوْصَى أَنْ يُدْفَنَ بِالظَّهْرِ دَفَنَ النَّاسِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: رَحِمَ اللّٰهُ خَبَّابًا لَقَدْ أَسْلَمَ رَاغِبًا، وَهَاجَرَ طَائِعًا، وَعَاشَ مُجَاهِدًا، وَابْتُلِيَ فِي جِسْمِهِ أَحْوَالًا، وَلَنْ يُضَيِّعَ اللّٰهُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا، ثُمَّ دَنَا مِنَ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ صفین سے واپس آئے تو ہم آپ کے ساتھ چل رہے تھے جب ہم کوفہ کے دروازے کے پاس آئے تو ہم نے اپنی دائیں جانب سات قبریں دیکھیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کس کی قبریں ہیں؟ انہوں نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! حضرت خباب بن ارت کا وصال ہوا آپ کے صفین کی طرف نکلنے کے بعد آپ نے وصیت کی تھی کہ کوفہ کے ایک طرف دفن ہونے کی لوگ اپنے مردوں کو باہر دفن کرتے ہیں ان کے گھر اور ہوتے ہیں جب حضرت خباب نے دیکھا تو آپ نے لوگوں کو اس جگہ دفن کرنے کی وصیت کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل خباب پر رحم کرے! خوشی سے اسلام لائے تھے اور خوشی سے ہجرت کی مجاہدانہ زندگی

الْقُبُورِ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ فَارِطٌ، وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ عَمَّا قَلِيلٍ لَاحِقٌ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهُمْ، وَتَجَاوَزْ بِعَفْوِكَ عَنَّا وَعَنْهُمْ، طُوبَى لِمَنْ ذَكَرَ الْمَعَادَ وَعَمِلَ لِلْحِسَابِ وَقَنِعَ بِالْكَفَافِ وَرَضِيَ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

گزاری اپنے جسم کو مختلف آزمائشوں میں مبتلا رکھا' جو اچھے اعمال کرتے ہیں اللہ ان کے اجر کو ضائع نہیں کرتا ہے' پھر قبروں کے قریب ہوئے اور فرمایا: اے ایمان والو اور مسلمانوں کے گھروں والو! تم پر سلامتی ہو! تم ہم سے پہلے آ گئے' ہم تمہارے تھوڑی دیر بعد آ رہے ہیں' اے اللہ! ہمیں اور انہیں بخش دے! اور ہماری اور ان کی غلطیوں سے درگزر کر! اس کے لیے خوشخبری جس نے قیامت کے دن کو یاد رکھا اور حساب کے لیے عمل کیا' جو مل گیا اس پر راضی ہوا اور اللہ کی رضا پر خوش رہا۔

## مَا اَسْنَدَ خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ اَبُو اُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ

## حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث حضرت ابوامامہ باہلی' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3538 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ، اَنَا وَنَفَرٌ مَعِي عَلَى خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَقَدِ اكْتَوَى فِي جَنْبِهِ، فَقُلْنَا: اكْتَوَيْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي سَبْعُونَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ لَا يَرْقُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَكْتَوُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے ساتھ چند لوگ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے اپنی پیشانی پر داغا تھا' ہم نے کہا: آپ نے پیشانی پر داغا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری اُمت کے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے' وہ نہ منتر کرتے ہیں اور نہ کرواتے ہیں اور نہ داغتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

3539 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا أَنْفَقَ الْمُؤْمِنُ مِنْ نَفَقَةٍ إِلَّا أُجِرَ فِيهَا، إِلَّا النَّفَقَةَ فِي هَذَا التُّرَابِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مؤمن جو بھی خرچ کرتا ہے اس پر اُسے ثواب دیا جاتا ہے سوائے اس کے جو (ناجائز) عمارتیں بنانے کے لیے خرچ کرتا ہے۔

## عَبْدُ اللّٰهِ خَبَّابٌ، عَنْ أَبِيهِ

## حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

3540 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ، وَمُوسَى بْنُ عِيسَى، قَالَا: ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا شُعَيْبٌ ح، وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيهِ خَبَّابٍ، أَنَّهُ: رَاقَبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً، فَصَلَّى حَتَّى إِذَا كَانَ مَعَ الْفَجْرِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَأَيْتُكَ اللَّيْلَةَ صَلَّيْتَ صَلَاةً مَا رَأَيْتُكَ صَلَّيْتَ مِثْلَهَا؟ قَالَ: أَجَلْ، إِنَّهَا صَلَاةُ رَغَبٍ وَرَهَبٍ، سَأَلْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ خِصَالٍ فَأَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُهْلِكَنَا بِمَا أَهْلَكَ بِهِ الْأُمَمَ

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک رات حضور ﷺ کو دیکھا' آپ فجر تک نماز پڑھتے رہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج رات اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے' میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو' تو مجھے یہ دی گئی' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی'

فَاَعْطَانِي ذٰلِكَ، وَسَالْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْنَا عَدُوًّا فَيُهْلِكُونَا فَاَعْطَانِي ذٰلِكَ، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَ اُمَّتِي شِيَعًا فَمَنَعَنِي

پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

**3541** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ، اَنَّ خَبَّابًا، قَالَ: رَمَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ صَلَّاهَا حَتّٰى كَانَ مَعَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَلَاتِهِ قَامَ خَبَّابٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي لَقَدْ صَلَّيْتَ اللَّيْلَةَ صَلَاةً مَا رَاَيْتُكَ صَلَّيْتَ نَحْوَهَا؟ قَالَ: اَجَلْ اِنَّهَا صَلَاةُ رَغَبٍ وَرَهَبٍ سَاَلْتُ فِيهَا رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ خِصَالٍ، فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَنَا بِمَا اَهْلَكَ بِهِ الْاُمَمَ قَبْلَنَا فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُظْهِرَ عَلَيْنَا عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَنَا شِيَعًا فَمَنَعَنِيهَا

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک رات حضورﷺ کو دیکھتے رہے' آپ فجر تک نماز پڑھتے رہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج رات نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے' میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو' تو مجھے یہ دی گئی' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی' پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

**3542** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ، يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن خباب بن ارت رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک نماز پڑھی' اسے لمبا کیا تو لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح کی نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟

الْاَرَتِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً فَاَطَالَهَا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّيْتَ صَلَاةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيهَا قَالَ: اَجَلْ اِنَّهَا صَلَاةُ رَغَبٍ وَرَهَبٍ، وَاِنِّي سَاَلْتُ رَبِّي فِيهَا ثَلَاثًا فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَ اُمَّتِي بِسُنَّةٍ، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَلَّا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُذِيقَ بَعْضَهُمْ بَاْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو تو مجھے یہ دی گئی اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

**3543** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، فَقَالَ: رَمَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ كَيْفَ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى، فَلَمَّا انْصَرَفَ جِئْتُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ صَلَّيْتَ اللَّيْلَةَ صَلَاةً مَا رَاَيْتُكَ صَلَّيْتَ مِثْلَهَا فَقَالَ: اِنَّهَا صَلَاةُ رَهَبٍ وَرَغَبٍ، سَاَلْتُ رَبِّي فِيهَا ثَلَاثًا، فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَنَا بِمَا اَهْلَكَ بِهِ الْاُمَمَ قَبْلَنَا، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْنَا عَدُوًّا، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَنَا شِيَعًا فَمَنَعَنِيهَا .

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کر کے فرماتے ہیں کہ پس میں نے دل میں کہا کہ میں دیکھوں کہ رسول اللہ ﷺ کی نماز کیسی ہے؟ پس آپ ﷺ نے نماز پڑھی جب آپ لوٹے تو میں آپ کے سامنے آیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج رات نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح کی نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو تو مجھے یہ دی گئی اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا۔

گیا۔

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے وہ حضورﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، ثنا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے وہ حضورﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

3544 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ ح، وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْغُدَانِيُّ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَبُو يُونُسَ الْقُشَيْرِيُّ حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا عَلَى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ: أَتَسْمَعُونَ؟ ، قُلْنَا: قَدْ سَمِعْنَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ فَلَا تُصَدِّقُوهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَا تُعِينُوهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ .

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے دروازے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے فرمایا: کیا تم سن رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: عنقریب تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے' تم ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کرنا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہ کرنا' جو ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کرے گا' اُنہیں میرے حوض پر آنے نہیں دیا جائے گا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ الْبَرَّادُ الْحِمْصِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے وہ حضورﷺ سے حضرت حاتم بن ابومغیرہ والی حدیث

رَوْحٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْاَبْرَشُ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِيِّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. نَحْوَ حَدِيثِ حَاتِمِ بْنِ اَبِي صَغِيرَةَ

روایت کرتے ہیں.

عبد اللّٰہ خباب عن ابیہ

**3545** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا شَيْبَانُ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، ثنا رَجُلٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ كَانَ يُجَالِسُنَا فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ، قَالَ: صَحِبْتُ اَصْحَابَ النَّهَرِ، فَكُنْتُ فِيهِمْ، ثُمَّ كَرِهْتُ اَمْرَهُمْ خَشِيتُ اَنْ يَقْتُلُونِي، فَبَيْنَا اَنَا مَعَ طَائِفَةٍ مِنْهُمْ اِذْ اَتَيْنَا عَلَى قَرْيَةٍ وَبَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَرْيَةِ نَهَرٌ اِذْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنَ الْقَرْيَةِ مُرَوَّعًا، فَقَالُوا لَهُ: كَاَنَّا رَوَّعْنَاكَ، قَالَ: اَجَلْ، قَالُوا: لَا رَوْعَ لَكَ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَعْرِفُوهُ وَلَمْ اَعْرِفْهُ، فَقَالُوا: اَنْتَ ابْنُ خَبَّابٍ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: نَعَمْ، فَقَالُوا: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ اَبِيكَ حَدِيثًا تُحَدِّثُنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ اَبِي، يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ فِتْنَةً، فَقَالَ: الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، فَاِنْ اَدْرَكَتْكَ فَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُولَ، قَالَ: فَقَرَّبُوهُ اِلَى شَطِّ النَّهَرِ فَذَبَحُوهُ، فَرَاَيْتُ دَمَهُ يَسِيلُ فِي الْمَاءِ مِثْلَ الشِّرَاكِ

حضرت حمید بن ہلال فرماتے ہیں کہ عبدالقیس سے ایک آدمی نے ہمیں بتایا کہ ہم جامع مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے' اُس نے کہا: میں اصحاب نہر کی صحبت میں رہا' میں ان میں شریک تھا' پھر میں نے ان کے معاملہ کو ناپسند کیا اور میں ڈر گیا کہ مجھے قتل نہ کریں' ہم اسی حالت میں تھے کہ میں ان میں سے ایک گروہ کے ساتھ تھا کہ اچانک ہم ایک بستی کے پاس آئے' ہمارے اور اس بستی کے درمیان ایک نہر تھی' اچانک بستی سے ایک آدمی ڈرتا ہوا نکلا' ہم نے اس سے کہا: گویا ہم ین تمہیں ڈرا دیا ہے' اس نے کہا: ہاں! اُنہوں نے کہا: تو نہ ڈر! میں نے کہا: اللہ کی قسم! اس کو پہچانو یا نہ پہچانو۔ اُنہوں نے کہا: تُو ابن خباب صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے؟ اُس نے کہا: ہاں! اُنہوں نے کہا: کیا آپ نے اپنے والد سے کوئی حدیث سنی ہے! ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنائیں! اُس نے کہا: جی ہاں! میں نے اپنے والد سے حدیث سنی ہے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے حدیث ذکر کرتے ہیں کہ آپ نے فتنے کا ذکر کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس میں بیٹھنے والا کھڑا ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہو

مَا ابْذَقَرَّ قَالَ: فَاَخَذُوا أُمَّ وَلَدِهِ فَقَتَلُوها وَكَانَتْ حُبْلَى فَبَقَرُوا بَطْنَهَا، لَمْ اَصْحَبْ قَوْمًا هُمْ اَبْغَضُ اِلَيَّ صُحْبَةً مِنْهُمْ حَتَّى وَجَدْتُ خَلْوَةً فَانْفَلَتُّ

گا' چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا' اگرتو اس زمانہ کو پائے تو عبداللہ مقتول ہو جاتا۔ وہ ان کو نہر کے پاس لے گئے' وہاں ذبح کیا' میں نے ان کا خون پانی پر ایسے دیکھا جس طرح تسمہ پانی میں چلتا ہے' اُنہوں نے ان کی اُم ولد کو پکڑا اور اسے قتل کیا حالانکہ وہ حاملہ تھی' اُنہوں نے اُس کا پیٹ چاک کیا' میں نے کسی ایسی قوم کی صحبت اختیار نہ کی' جو مجھے ان سے زیادہ ناپسند تھے میں نے ان کو اکیلے پایا تو میں وہاں سے بھاگ گیا۔

عبد اللّٰه خباب عن ابيه

3546 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ، حَدَّثَنِي اَبِي مَسْلَمَةُ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ الْخَوَارِجِ فَاَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ فَقَالُوا: اَنْتَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَبَّابٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: فَهَلْ اَنْتَ مُحَدِّثُنا عَنْ اَبِيكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَكُونُ فِتْنَةٌ، الْقَاعِدُ فِيهَا اَفْضَلُ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا اَفْضَلُ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا اَفْضَلُ مِنَ السَّاعِي، فَاِذَا كَانَ ذَلِكَ فَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُولَ، فَقَالُوا لَهُ: فَكُنْ اَنْتَ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُولَ، قَالَ: فَقَدَّمُوهُ اِلَى ضَفَّةِ النَّهرِ فَضَرَبُوا عُنُقَهُ فَجَرَى دَمُهُ كَاَنَّهُ شِرَاكُ نَعْلٍ، مَا ابْذَقَرَّ ثُمَّ قَرَّبُوا اُمَّ وَلَدِهِ فَبَقَرُوها عَمَّا فِي بَطْنِهَا، فَلَمَّا رَاَيْتُ ذَلِكَ فَارَقْتُهُمْ

حضرت حمید بن ہلال ایک آدمی سے' وہ عبدالقیس کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ میں خارجیوں کے ساتھ تھا' ہم ایک آدمی کے پاس آئے اُنہوں نے کہا: عبداللہ بن خباب صحابی رسول ﷺ ہیں؟ حضرت عبداللہ نے کہا: جی ہاں! اُنہوں نے کہا: ہمیں اپنے والد کے حوالہ سے حدیث بیان کریں جو آپ کے والد نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت عبداللہ نے کہا: جی ہاں! میں نے اپنے والد کو حضور ﷺ کی حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ فتنے ہوں گے' ان فتنوں میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے افضل ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے افضل ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے افضل ہوگا' جب ایسا ہو تو عبداللہ مقتول ہو جانا۔ اُنہوں نے کہا: تو عبداللہ نے قتل ہونا ہے؟ اُنہوں نے نہر کے پاس لے گئے اور اس کی گردن کاٹ دی' اس سے خون جاری ہوا' وہ خون ایسے بہنے لگا جس طرح تسمہ پانی میں چلتا ہے'

پھر اُنہوں نے اُم ولد کو پکڑا اور جو اُس کے پیٹ میں تھا اُسے چیر کر باہر نکالا' جب میں نے ان کی یہ حالت دیکھی تو ان سے جدا ہو گیا۔

**3547** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ: لَمَّا تَفَرَّقَ النَّاسُ صَحِبْتُ قَوْمًا لَمْ أَصْحَبْ قَوْمًا أَحَبَّ إِلَيَّ صُحْبَةً مِنْهُمْ، فَسِرْنَا عَلَى شَطِّ نَهَرٍ، فَرُفِعَ لَنَا مَسْجِدٌ فَإِذَا فِيهِ رَجُلٌ، فَلَمَّا نَظَرَ إِلَى نَوَاصِي الْخَيْلِ خَرَجَ فَزِعًا يَجُرُّ ثَوْبَهُ، فَقَالَ لَهُ أَمِيرُنَا: لِمَ تُرَعُ؟ فَقَالَ: قَدْ رُعْتُمُونِي قَالَ: فَإِذَا هُوَ عَبْدُ اللهِ بْنُ خَبَّابٍ، قَالَ لَهُ أَمِيرُنَا: حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ أَبِيكَ يُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَحَدَّثَ عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ فِتْنَةً الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، فَإِنْ أَدْرَكْتَكَ فَكُنْ عَبْدَ اللهِ الْمَقْتُولَ، قَالَ: فَقَرَّبُوهُ إِلَى شَطِّ النَّهَرِ فَذَبَحُوهُ، فَرَأَيْتُ دَمَهُ يَسِيلُ فِي الْمَاءِ مِثْلَ الشِّرَاكِ مَا ابْذَقَرَّ قَالَ: ثُمَّ أَخَذُوا أُمَّ وَلَدِهِ فَقَتَلُوهَا، وَكَانَتْ حُبْلَى فَبَقَرُوا بَطْنَهَا فَلَمْ أَصْحَبْ قَوْمًا أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْهُمْ حَتَّى وَجَدْتُ خَلْوَةً فَانْفَلَتُّ

حضرت حمید بن ہلال' عبدالقیس کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ جب لوگ علیحدہ ہوئے تو میں ایسی قوم کے پاس رہا' میں ایسی قوم کی محبت میں رہنا پسند نہیں کرتا تھا' ہم نہر کے کنارے چل رہے تھے' ہمارے سامنے مسجد آئی تو وہاں ایک آدمی تھا' جب گھوڑے کی پیشانی دیکھی تو وہ گھبراہٹ سے اپنے کپڑے کو گھسیٹتا ہوا نکلا' ہمارے امیر نے اسے کہا: تم کیوں ڈرتے ہو؟ اُس نے کہا: مجھے ڈرایا گیا ہے؟ وہ حضرت عبداللہ بن خباب تھے' ان کو ہمارے امیر نے کہا: ہمیں ایسی حدیث بتائیں جو اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے سنی ہے! حضرت عبداللہ نے بتایا کہ میرے والد نے بتایا کہ حضور ﷺ نے ایک دن فتنے کا ذکر کیا' فرمایا: ان فتنوں میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہو گا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہو گا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہو گا' اگر تُو ان کا زمانہ پائے تو عبداللہ مقتول بنو؟ اُنہوں نے آپ کو پکڑا اور نہر کے کنارہ پر لے گئے' وہاں ذبح کیا' میں نے آپ کا خون پانی میں ایسے بہتے ہوئے دیکھا جس طرح تسمہ پانی پر چلتا ہے' پھر اُنہوں نے آپ کی اُم ولد کو پکڑا اور اُسے قتل کیا حالانکہ وہ حاملہ تھی تو اس کا پیٹ چاک کیا' میں ایسی قوم کے پاس نہیں رہنا

چاہتا جو مجھے سب سے زیادہ ناپسند ہو میں نے تنہائی پائی تو میں وہاں سے بھاگ گیا۔

## قَيْسُ بْنُ اَبِي حَازِمٍ عَنْ خَبَّابٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ حَازِمٍ، عَنْ خَبَّاب

## حضرت قیس بن ابوحازم حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں حضرت اسماعیل بن ابوخالد حضرت قیس سے روایت کرتے ہیں

3548 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابٍ اَعُودُهُ وَقَدِ اكْتَوَى فِي بَطْنِهِ سَبْعًا فَقَالَ خَبَّابٌ: لَوْلَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ، اَلَا اِنَّ اَصْحَابَنَا مَضَوْا، وَلَمْ يُصِيبُوا مِنَ الدُّنْيَا شَيْئًا اَلَا، وَاَنَّا قَدْ اَصَبْنَا بَعْدَهُمْ حَتَّى لَمْ نَجِدْ لَهُ مَوْضِعًا اِلَّا فِي التُّرَابِ، اِنَّ الْمَرْءَ يُؤْجَرُ فِي نَفَقَتِهِ كُلِّهَا، اِلَّا فِي شَيْءٍ يَجْعَلُهُ فِي هَذَا التُّرَابِ، قَالَ: وَهُوَ يَوْمَئِذٍ يَبْنِي حَائِطًا لَهُ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں خباب کے پاس ان کی عیادت کرنے کے لیے آیا تو آپ نے اپنے پیٹ کو سات مرتبہ داغا تھا' حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہ سنا ہوتا ہے کہ آپ نے موت کی تمنا کرنے سے منع کیا ہے تو موت کی دعا کرتا' ہمارے ساتھی تو گزر گئے' اُنہوں نے دنیا سے کوئی شی نہیں لی' ہم نے ان کے بعد دنیا پائی ہے' ہمارے پاس کوئی جگہ نہیں ہے سوائے مٹی میں خرچ کے لیے' آدمی کو ہر شے خرچ کرنے پر ثواب ملتا ہے سوائے اس کے جو (ناجائز بلاوجہ) عمارتیں بنائی جاتیں' یہ اس دن مٹی کی دیوار بنا رہے تھے۔

3549 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں



3549- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد 7 صفحه 265 رقم الحديث: 2999 عن اسماعيل بن أبي خالد عن قيس بن حازم عن خباب بن الأرت به .

الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: اَتَيْنَا خَبَّابًا نَعُودُهُ وَقَدِ اكْتَوَى فِي بَطْنِهِ سَبْعًا، فَقَالَ: لَوْلَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ، ثُمَّ ذَكَرَ مَنْ مَضَى مِنْ اَصْحَابِهِ اَنَّهُمْ مَضَوْا وَلَمْ يَاْكُلُوا مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَاِنَّا بَقِينَا بَعْدَهُمْ حَتَّى نِلْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا لَا يَدْرِي اَحَدُنَا، مَا يَصْنَعُ بِهِ اِلَّا اَنْ يُنْفِقَهُ فِي التُّرَابِ، وَاَنَّ الْمُسْلِمَ لَيُؤْجَرُ فِي كُلِّ شَيْءٍ اَنْفَقَهُ اِلَّا مَا اَنْفَقَهُ فِي التُّرَابِ

خباب کے پاس ان کی عیادت کرنے کے لیے آیا تو آپ نے اپنے پیٹ کو سات مرتبہ داغا تھا' حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہ سنا ہوتا ہے کہ آپ نے موت کی تمنا کرنے سے منع کیا ہے تو موت کی دعا کرتا' ہمارے ساتھی تو گزر گئے' اُنہوں نے دنیا سے کوئی شی نہیں لی' ہم نے ان کے بعد دنیا پائی ہے' ہمارے پاس کوئی جگہ نہیں ہے سوائے مٹی میں خرچ کے لیے' آدمی کو ہر شے خرچ کرنے پر ثواب ملتا ہے سوائے اس کے جو (ناجائز بلاوجہ) عمارتیں بنائی جائیں۔

**3550** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: اَتَيْتُ خَبَّابًا وَقَدِ اكْتَوَى فِي بَطْنِهِ سَبْعًا، فَقَالَ: لَوْلَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے اپنے پیٹ میں سات مرتبہ داغا تھا' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے نہ سنا ہوتا ہے کہ آپ نے موت کی دعا کرنے سے منع کیا ہے تو میں ضرور اس کے لیے دعا کرتا۔

**3551** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ نَعُودُهُ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ، فَقَالَ: اِنَّ اَصْحَابَنَا الَّذِينَ سَلَفُوا مَضَوْا، وَذَهَبُوا لَمْ تَنْقُصْهُمُ الدُّنْيَا شَيْئًا، وَاِنَّا اَصَبْنَا بَعْدَهُمْ مَا لَا نَجِدُ لَهُ مَوْضِعًا اِلَّا التُّرَابَ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْنَا بَعْدَ ذٰلِكَ نَعُودُهُ وَهُوَ يَبْنِي حَائِطًا لَهُ، فَقَالَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ شَيْءٍ يُنْفِقُهُ اِلَّا شَيْئًا

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی عیادت کے لیے آئے تو آپ نے سات داغ لگائے تھے' آپ نے فرمایا: ہمارے اصحاب جو پہلے گزر گئے وہ چلے گئے' اُنہوں نے دنیا سے کوئی شی نہ لی' ہمیں ان کے بعد دنیا ملی' مگر اس دنیا کو خرچ کرنے کے لیے مٹی ہی پاتے ہیں۔ حضرت قیس فرماتے ہیں: پھر اس کے بعد ہم ان کی عیادت کرنے کے لیے آئے تو وہ دیوار بنا رہے تھے۔ آپ

يَجْعَلُهُ فِي التُّرَابِ، وَلَوْلَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَوْ نَهَانَا اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ

نے فرمایا کہ مسلمان کو ہر شی خرچ کرنے پر ثواب دیا جاتا ہے سوائے اس شی کے کہ جو (ناجائز بلاوجہ) عمارتیں بنائی جائیں' اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے نہ سنا ہوتا کہ آپ نے موت کی دعا سے منع کیا ہے تو میں ضرور موت کی دعا کرتا۔



**3552** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ فِي بَطْنِهِ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهِ .

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے اپنے پیٹ میں سات داغ لگائے تھے' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے موت کی دعا کی ممانعت نہ سنی ہوتی تو میں ضرورت موت کی دعا کرتا۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، وَوَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

**3553** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ قَالَ: شَكَوْنَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقُلْنَا: اَلَا تَسْتَنْصِرُ لَنَا اَلَا تَدْعُو لَنَا، فَقَالَ: قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُمْشَطُ بِاَمْشَاطِ الْحَدِيدِ مَا دُونَ لَحْمِهِ وَعَظْمِهِ فَمَا يُصَدُّ ذٰلِكَ عَنْ دِينِهِ، وَاللّٰهِ لَيَتِمَّنَّ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں شکایت کی اس حال میں کہ آپ کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر سے ٹیک لگا کر تشریف فرما تھے' ہم نے عرض کی: کیا آپ ہمارے لیے مدد مانگیں گے! کیا آپ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے؟ آپ نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی کو پکڑا جاتا اور لوہے کی کنگھیوں سے اس کا گوشت ہڈیوں

**3553**- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3صفحه1322 رقم الحديث: 3416' جلد6صفحه2546 رقم الحديث: 6544 عن اسماعيل عن قيس عن خباب به .

هَـذَا الْاَمْرُ حَتَّى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلَى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ اَوِ الذِّئْبَ عَلَى غَنَمِهِ وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُونَ

سے نوچا جاتا' پھر بھی وہ اپنے دین سے پلٹتے نہیں' اللہ کی قسم! یہ دین مکمل ہوگا یہاں تک کہ ایک سوار صنعاء سے حضر موت تک چلے گا' اس کو صرف اللہ کا خوف ہوگا یا اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا' لیکن تم جلدی کر رہے ہو۔

**3554** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، انا خَالِدٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ رِدَاءَهُ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ، فَقُلْنَا: اَلَا تَسْتَنْصِرُ لَنَا اَلَا تَدْعُو اللّٰهَ لَنَا؟، قَالَ: فَجَلَسَ مُحْمَارٌّ لَوْنُهُ، فَقَالَ: قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُحْفَرُ لَهُ فِي الْاَرْضِ، ثُمَّ يُجَاءُ بِالْمِنْشَارِ فَيُجْعَلُ عَلَى رَاْسِهِ فَيُجْعَلُ فِلْقَتَيْنِ مَا يَصْرِفُهُ عَنْ دِينِهِ، وَاللّٰهِ لَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هَذَا الْاَمْرَ حَتَّى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلَى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخْشَى اِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلَى غَنَمِهِ وَلٰكِنَّكُمْ تَعْجَلُونَ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں شکایت کی اس حال میں کہ آپ کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر سے ٹیک لگا کر تشریف فرما تھے' ہم نے عرض کی: کیا آپ ہمارے لیے مدد مانگیں گے! کیا آپ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے؟ یہ سن کر آپ کا رنگ سرخ ہو گیا' آپ نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی کو پکڑا جاتا' زمین میں اس کے لیے گڑھا کھودا جاتا' پھر آرا لایا جاتا' اس کے سر پر رکھ کر اسے دو ٹکڑے کر دیا جاتا' پھر بھی وہ اپنے دین سے پلٹتے نہیں' اللہ کی قسم! یہ دین مکمل ہوگا یہاں تک کہ ایک سوار صنعاء سے حضر موت تک چلے گا' اس کو صرف اللہ کا خوف ہوگا یا اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا' لیکن تم جلدی کر رہے ہو۔

**3555** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقُلْنَا: اَلَا تَدْعُو لَنَا فَجَلَسَ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ، فَقَالَ: قَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُحْفَرُ لَهُ فِي الْاَرْضِ، ثُمَّ يُجَاءُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کعبہ کے سایہ میں چادر لے کر ٹیک لگائے ہوئے تھے' ہم نے عرض کی: آپ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے' آپ کا چہرۂ مبارک سرخ ہو گیا' آپ نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی کو پکڑا جاتا اور اسے زمین کے گڑھے میں پھینکا جاتا' پھر ایک آرا منگوایا جاتا اور اس کے سر کے اوپر رکھا

بِالْمِنْشَارِ فَيُجْعَلُ فَوْقَ رَأْسِهِ مَا يَصْرِفُهُ عَنْ دِينِهِ وَيُمْشَطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيدِ مَا دُونَ عَظْمِهِ مِنْ لَحْمٍ وَعَصَبٍ، وَلَا يَصْرِفُهُ عَنْ دِينِهِ، وَلَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْأَمْرُ حَتّٰى يَسِيرُ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخْشَى إِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ وَلٰكِنَّكُمْ تَعْجَلُونَ

جاتا' پھر بھی وہ دین سے نہ پھرتا' اس کا گوشت اور پٹھے نوچے جاتے' اللہ کی قسم! یہ دین مکمل ہوگا یہاں تک کہ ایک سوار صنعاء سے حضر موت تک چلے گا تو وہ اللہ سے ہی ڈرے گا اور اس کو اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا خوف ہو گا لیکن تم جلدی کر رہے ہو۔



**3556** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بِرِدَاءٍ لَهُ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا تَدْعُو اللّٰهَ أَلَا تَسْتَنْصِرُ؟ فَجَلَسَ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ غَضْبَانًا، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ وَإِنَّ أَحَدَهُمْ لَتُحْفَرُ لَهُ الْحُفْرَةُ، ثُمَّ يُوضَعُ فِيهَا ثُمَّ يُوضَعُ الْمِنْشَارُ عَلٰى رَأْسِهِ، ثُمَّ يُمْشَطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيدِ مَا دُونَ عَظْمِهِ فَمَا يَصْرِفُهُ ذٰلِكَ عَنْ دِينِهِ وَلٰكِنَّكُمْ تَعْجَلُونَ، وَاللّٰهِ لَيُتِمَّنَّ هٰذَا الْأَمْرُ حَتّٰى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر کی ٹیک سے تشریف فرما تھے' ہم نے عرض کی: آپ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے' آپ ہمارے لیے مدد نہیں مانگیں گے' آپ کا چہرۂ مبارک سرخ ہوگیا' آپ نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی کو پکڑا جاتا اور اسے زمین میں گڑھا کھود کے گڑھے میں پھینکا جاتا' پھر اس کے سر کے اوپر رکھا جاتا' پھر اس کا گوشت لوہے کی کنگھیوں سے نوچا جاتا لیکن وہ اپنے دین سے نہ پھرتا' "اللہ کی قسم! یہ دین مکمل ہوگا یہاں تک کہ ایک سوار صنعاء سے حضر موت تک چلے گا تو وہ اللہ سے ہی ڈرے گا یا اس کو اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا خوف ہوگا لیکن تم جلدی کر رہے ہو۔

**3557** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بندہ کو ہر شی خرچ کرنے پر ثواب دیا جاتا ہے' سوائے (ناجائز بلاوجہ) عمارتیں بنانے پر جو خرچ کیا جائے۔

يَقُولُ: كُلُّ نَفَقَةٍ يُنْفِقُهَا الْعَبْدُ يُؤْجَرُ فِيهَا اِلَّا الْبُنْيَانُ

**3558** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: كَانَ خَبَّابٌ يَضَعُ الْعَنَزَةَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نیزہ رکھتے تھے۔

**3559** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حِمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُكَيْنٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ النَّضْرِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ اَضَعُ الْعَنَزَةَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نیزہ رکھتا تھا۔



## عِيسَى بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ قَيْسٍ

## حضرت عیسیٰ بن مسیّب حضرت قیس سے روایت کرتے ہیں

**3560** - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عِيسَى بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے داغا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہ ہوتا کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی موت کی تمنا نہ کرے' تو میں موت کی تمنا کرتا۔

**3561** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے

عِيسَى بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا وَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

داغا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے نہ ہوتا کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی موت کی تمنا نہ کرے' تو میں موت کی تمنا کرتا۔

# بَيَانُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ

# حضرت بیان بن بشر' حضرت قیس بن ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

**3562** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَالِدٍ، ثنا اَبِي، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، وَابْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ نَعُودُهُ وَقَدِ اكْتَوَى، فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَدَعَوْتُ وَهُوَ يُعَالِجُ حَائِطًا لَهُ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے آئے تو آپ نے سات داغ لگائے تھے' آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے موت کی دعا کرنے سے منع کیا ہے' اگر آپ نے منع نہ کیا ہوتا تو میں ضرور دعا کرتا۔

**3563** - فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ يُؤْجَرُ فِي نَفَقَتِهِ كُلِّهَا اِلَّا مَا يَجْعَلُهُ فِي التُّرَابِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو ہر شی خرچ کرنے پر ثواب دیا جاتا ہے سوائے اس کے جو (ناجائز بلاوجہ) عمارتیں بنائی جائیں۔

**3564** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، وَبَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِينَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ شِدَّةً،

حضرت خباب فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' جبکہ آپ کعبہ کے سائے میں اپنی چادر کے ذریعے ٹیک لگا کر تشریف فرما تھے جبکہ ہمیں مشرکوں سے تکلیف پہنچی تھی' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے؟ پس آپ

فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَا تَدْعُو اللّٰهَ لَنَا؟ فَجَلَسَ مُغْضَبًا مُحْمَرًّا وَجْهُهُ وَقَالَ: اِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لِيُسْاَلُ الْكَلِمَةَ فَمَا يُعْطِيهَا فَيُوضَعُ عَلَيْهِ الْمِنْشَارُ فَيُشَقُّ بِاثْنَتَيْنِ مَا يَصْرِفُهُ ذَلِكَ عَنْ دِينِهِ، وَاِنْ كَانَ اَحَدُهُمْ لَيُمْشَطُ مَا دُونَ عِظَامِهِ مِنْ لَحْمٍ، اَوْ عَصَبٍ بِاَمْشَاطِ الْحَدِيدِ مَا يَصْرِفُهُ ذَلِكَ عَنْ دِينِهِ وَلَكِنَّكُمْ تَعْجَلُونَ، وَلَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هَذَا الْاَمْرَ حَتَّى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلَى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ، وَزَادَ فِيهِ بَيَانٌ اَوِ الذِّئْبَ عَلَى غَنَمِهِ

سیدھے ہوکر بیٹھ گئے اس حال میں کہ غصے سے آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا' فرمایا: بے شک تم سے پہلے لوگوں سے کوئی خاص کلام بولنے کا مطالبہ کیا جاتا لیکن وہ نہ کہتا تو اس پر آرا رکھ کر دو ٹکڑے کر دیا جاتا' لیکن وہ اپنے دین سے نہ پھرتا اوران میں سے کسی کے جسم پر لوہے کی کنگھی چلائی جاتی' لیکن وہ اپنے دین سے نہ پھرتا' لیکن تم جلدی کر رہے ہو حالانکہ اللہ اس کام کو ضرور مکمل فرمائے گا یہاں تک کہ صنعاء سے ایک سوار حضر موت تک جائے گا' اسے صرف اللہ کا خوف ہوگا اور اس میں ان الفاظ کا اضافہ کیا: یا اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا۔

**3565** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، وَبَيَانَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِينَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ شِدَّةً وَبَلَغُوا مِنَّا الْجَهْدَ، فَقُلْتُ: اَلَا تَدْعُو لَنَا؟ فَقَالَ: قَدْ كَانَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يُؤْخَذُ الرَّجُلُ فَيُمْشَطُ الْحَدِيدَ مَا دُونَ لَحْمِهِ وَعَظْمِهِ مَا يَصُدُّهُ ذَلِكَ عَنْ دِينِهِ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا اس حال میں کہ آپ چادر سے ٹیک بنائے کعبہ کے سایہ میں تھے جبکہ مشرکین نے ہم پر بہت سختی کی اور ہم ہمت ہار گئے' میں نے عرض کی: کیا آپ ہمارے لیے مدد مانگیں گے! کیا آپ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے؟ آپ نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی کو پکڑا جاتا اور لوہے کی کنگھیوں سے اس کا گوشت ہڈیوں سے نوچا جاتا' پھر بھی وہ اپنے دین سے پلٹے نہیں۔

## الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَشْكُرِيُّ، عَنْ قَيْسٍ

## حضرت مغیرہ بن عبداللہ الیشکری' حضرت قیس بن ابوحازم سے

## بْنِ اَبِی حَازِمٍ

## روایت کرتے ہیں

3566 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ تَحْتَ شَجَرَةٍ وَاضِعٌ يَدَهُ تَحْتَ رَاْسِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَا تَدْعُو اللّٰهَ عَلَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِينَ قَدْ خَشِينَا اَنْ يَرُدُّونَا عَنْ دِينِنَا؟، قَالَ: فَصَرَفَ وَجْهَهُ عَنِّي، فَتَحَوَّلْتُ اِلَيْهِ، فَصَرَفَ وَجْهَهُ عَنِّي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ ذَلِكَ اَقُولُ لَهُ فَيَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنِّي، فَجَلَسَ فِي الثَّالِثَةِ ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰهَ فَوَاللّٰهِ اِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ قَبْلَكُمْ لَيُوضَعُ الْمِنْشَارُ عَلَى رَاْسِهِ فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ، وَمَا يَرْتَدُّ عَنْ دِينِهِ، اتَّقُوا اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، فَاتِحٌ لَكُمْ وَصَانِعٌ.

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ اپنا دست مبارک اپنے سر کے نیچے رکھ کر ایک درخت کے نیچے لیٹے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ہمارے لیے اللہ سے دعانہیں کریں گے ان لوگوں کے خلاف جو ہم کو دین سے پھیرنے کے لیے ڈرا رہے ہیں؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ نے اپنا چہرۂ مبارک مجھ سے پھیرلیا' میں دوسری طرف سے آیا جدھر آپ کا چہرۂ مبارک تھا' آپ نے تین مرتبہ اپنا چہرۂ مبارک پھیرا' جب بھی میں عرض کرتا تو آپ اپنا چہرہ پھیر لیتے' تیسری مرتبہ آپ بیٹھے' پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور تم میں سے پہلے کوئی آدمی ایمان والا ہوتا اس کے سر پر آرا رکھا جاتا اور اس کے سر کے دوٹکڑے کردیئے جاتے' لیکن پھر بھی وہ دین سے نہ پھرتا' اللہ سے ڈرو! تمہارے لیے کھولنے والا ہے اور سارے کام بنانے والا ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا اَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## مَسْرُوقُ بْنُ

## حضرت مسروق بن اجدع'

# الْاَجْدَعِ، عَنْ خَبَّابٍ

# حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3567** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَاَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَعَمِلْتُ لِلْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ سَيْفًا فَجِئْتُ اَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لَا اُعْطِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لَا اَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ حَتَّى يُمِيتَكَ اللّٰهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَفَرَاَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَاُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَنِ عَهْدًا) قَالَ: مُوَثَّقًا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جاہلیت کے زمانہ میں تلواریں بناتا تھا' میں نے عاص بن وائل کے لیے تلوار بنائی' میں ان سے اس کی قیمت لینے کے لیے آیا تو اُس نے کہا: میں اس وقت تک نہیں دوں گا جب تک تُو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا انکار نہ کرے۔ میں نے کہا: اللہ تجھے موت دے! میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار نہیں کروں گا' میں نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کیا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''کیا آپ نے اُس کو دیکھا جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہتا ہے: مجھے (اگلے جہان میں) ضرور مال اور اولاد ملے گی' کیا وہ غیب پر مطلع ہوگیا ہے' یا رحمٰن سے اس نے کوئی وعدہ لیا ہوا ہے''۔ عہداً کا معنی ہے: پختہ وعدہ۔

**3568** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الضُّحَى، يُحَدِّثُ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ لِي عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَرَاهِمُ، فَاَتَيْتُهُ اَتَقَاضَاهُ، لَا اَقْضِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لَا اَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ حَتَّى يُمِيتَكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَبْعَثَكَ، فَقَالَ:

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں زمانۂ جاہلیت میں تلواریں بناتا تھا' عاص بن وائل کے ذمہ میرا ایک درہم تھا' میں اُس سے لینے کے لیے آیا تو اُس نے کہا: میں نہیں دوں گا یہاں تک کہ تُو محمد کا انکار کرے۔ میں نے کہا: میں محمد کا انکار نہیں کروں گا یہاں تک کہ اللہ تجھے مارے او. پھر زندہ کرے' اس نے کہا: مجھے چھوڑ دے' میں مروں' پھر اُٹھوں اور میرے لیے



3567- أخرجه البخاري في صحيحه جلد2صفحه736 رقم الحديث: 1985' جلد4صفحه1760 رقم الحديث: 4455' جلد4صفحه1671 رقم الحديث: 4456' عن أبي الضحى عن مسروق عن خباب به .

دَعْنِي حَتَّى اَمُوتَ ثُمَّ اُبْعَثَ فَيَصِيرَ لِي مَالٌ وَوَلَدٌ فَاَقْضِيَكَ، قَالَ: فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (اَفَرَاَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَاُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا) (مريم: 77) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

مال اور اولاد ہو تو میں اس کو ادا کروں گا۔ یہ آیت نازل ہوئی: ''اَفَرَاَیْتَ الَّذِیْ اِلٰی آخرہٖ''۔

**3569** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَفْصٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: عَمِلْتُ لِلْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ عَمَلًا فَاَتَيْتُهُ اَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ تَزْعُمُونَ اَنَّكُمْ تَرْجِعُونَ اِلَى مَالٍ وَوَلَدٍ وَاِنِّي اَرْجِعُ اِلَى مَالٍ وَوَلَدٍ فَاِذَا رَجَعْتَ اِلَيَّ ثُمَّ اَعْطَيْتُكَ: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَفَرَاَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا) (مريم: 77) الْآيَةَ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عاص بن وائل کے لیے کام کیا تھا تو میں اس سے پیسہ لینے کے لیے آیا' اس نے کہا: تم' خیال کرتے ہو کہ تم مال اور اولاد کی طرف واپس آؤ گے' اور میں مال و اولاد کی طرف واپس آؤں گا' جب تُو میری طرف واپس آئے گا تو پھر میں آپ کو دوں گا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''افرایت الذی الی آخرہٖ''۔

**3570** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا اَبِي، وَوَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كَانَ لِي عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ حَقٌّ فَاَتَيْتُهُ اَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ: لَا اَقْضِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ لَا اَكْفُرُ بِهِ حَتَّى تَمُوتَ وتُبْعَثَ، قَالَ: اِذَا بُعِثْتُ فَسَيَكُونُ لِي مَالٌ وَوَلَدٌ فَاَقْضِيكَ حَقَّكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَفَرَاَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا) (مريم: 77) الْآيَةَ.

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں زمانۂ جاہلیت میں تلواریں بناتا تھا' عامر بن وائل کے ذمہ میرا ایک درہم تھا' میں اُس سے لینے کے لیے آیا تو اُس نے کہا: میں نہیں دوں گا یہاں تک کہ تُو محمد کا انکار کرے۔ میں نے کہا: میں محمد کا انکار نہیں کروں گا یہاں تک کہ اللہ تجھے مارے اور پھر زندہ کرے' اس نے کہا: مجھے چھوڑ دے' میں مروں' پھر اُٹھوں اور میرے لیے مال اور اولاد ہو تو میں اس کو ادا کروں گا۔ یہ آیت نازل ہوئی: ''اَفَرَاَیْتَ الَّذِیْ اِلٰی آخرہٖ''۔

حَدَّثَنَا اَبُو الْحُصَيْنِ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَاَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خَبَّابًا، قَالَ: كُنْتُ قَيْنًا وَكَانَ لِي عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ- فَذَكَرَ الْحَدِيثَ-

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں تلواریں بناتا تھا' عاص بن وائل کے ذمہ میرا قرض تھا' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

## اَبُو وَائِلٍ شَقِيقُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ' حضرت مسروق سے' یہ حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3571** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْاَحْوَلُ، ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خَبَّابَ بْنَ الْاَرَتِّ يَقُولُ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَلَمْ يَتْرُكْ اِلَّا نَمِرَةً وَكَانَ اِذَا غَطَّى بِهَا وَجْهَهُ وَرَاْسَهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غَطَّى بِهَا رِجْلَاهُ بَدَا رَاْسُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَطُّوا بِهَا رَاْسَهُ وَضَعُوا عَلَى رِجْلَيْهِ شَيْئًا مِنَ الْاِذْخِرِ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اُحد کا دن تھا تو حضرت مصعب بن عمیر کو شہید کیا گیا' اُنہوں نے صرف ایک چادر چھوڑی تھی' جب ان کا چہرہ ڈھانپا جاتا تو پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپے جاتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا سر ڈھانپ دو اور اس کے پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو۔

## اَبُو وَائِلٍ شَقِيقُ

## حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ'



3571- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 2 صفحه 649 رقم الحديث: 940' وأخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد 4 صفحه 1487 رقم الحديث: 3821' جلد 4 صفحه 1498 رقم الحديث: 3854 كلاهما عن الأعمش عن شقيق عن الخباب به .

## بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَبَّابٍ

3572 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ فَوَجَبَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ ذَهَبَ لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ كَانَ مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ إِلَّا نَمِرَةٌ كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَطُّوا بِهَا رَأْسَهُ وَاجْعَلُوا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الْإِذْخِرِ وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا.

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّنَافِسِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

## حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے ساتھ ہجرت کی' ہماری ہجرت صرف اللہ کے لیے تھی' ہم اس کا ثواب اللہ سے لیتے ہیں' ہم میں سے کچھ صحابہ کرام تو دنیا سے چلے گئے' انہوں نے اس اجر سے کچھ نہ کھایا' ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر کی ذات بھی ہے' آپ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا' آپ کے پاس صرف ایک چادر تھی' اس چادر سے جب ہم آپ کا سر ڈھانپتے تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا سر ڈھانپ دو اور دونوں پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو اور ہم میں سے کچھ ایسے تھے کہ پھل لگائے اور وہ اسے استعمال کر رہے ہیں۔

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول کریم ﷺ کی معیت میں ہجرت کرنے کا شرف پایا' ہم اللہ کی رضا طلب کر رہے تھے' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**3573** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خَبَّابَ بْنَ الْاَرَتِّ يَقُولُ: اِنَّا هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَوَجَبَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْ حَسَنَاتِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ وَتَرَكَ بُرْدَةً اِذَا جَعَلْنَاهَا عَلَى رِجْلَيْهِ بَدَا رَاْسُهُ، وَاِذَا جَعَلْنَاهَا عَلَى رَاْسِهِ بَدَتْ رِجْلَاهُ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ نَجْعَلَهَا عَلَى رَاْسِهِ وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ شَيْئًا مِنَ الْاِذْخِرِ وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا - يَعْنِي يَاْكُلُهَا-

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضورﷺ کے ساتھ ہجرت کی' ہماری ہجرت صرف اللہ کے لیے تھی' ہم اس کا ثواب اللہ سے لیتے ہیں' ہم میں سے کچھ صحابہ کرام تو دنیا سے چلے گئے' انہوں نے اس اجر سے کچھ نہ کھایا' ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر کی ذات بھی ہے' آپ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا' آپ کے پاس صرف ایک چادر تھی' اس چادر سے جب ہم آپ کا سر ڈھانپتے تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ حضورﷺ نے فرمایا: اس کا سر ڈھانپ دو اور دونوں پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو اور ہم میں سے کچھ ایسے تھے کہ پھل لگائے اور وہ اسے استعمال کر رہے ہیں۔

**3574** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ شَقِيقَ بْنَ سَلَمَةَ، يَقُولُ: حَدَّثَنَا خَبَّابٌ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَوَجَبَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَضَى وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْ اَجْرِهِ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ شَيْئًا نُكَفِّنُهُ فِيهِ اِلَّا نَمِرَةً اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهُ، فَاَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ نُغَطِّيَ رَاْسَهُ وَنَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ اِذْخِرًا، وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضورﷺ کے ساتھ ہجرت کی' ہماری ہجرت صرف اللہ کے لیے تھی' ہم اس کا ثواب اللہ سے لیتے ہیں' ہم میں سے کچھ صحابہ کرام تو دنیا سے چلے گئے' انہوں نے اس اجر سے کچھ نہ کھایا' ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر کی ذات بھی ہے' آپ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا' آپ کے پاس صرف ایک چادر تھی' اس چادر سے جب ہم آپ کا سر ڈھانپتے تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ حضورﷺ نے فرمایا: اس کا سر ڈھانپ دو اور دونوں پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو اور ہم میں سے کچھ ایسے تھے کہ پھل لگائے اور وہ اسے استعمال کر رہے ہیں۔

**3575** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: اِنَّا قَوْمٌ هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَبَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ قُبِضَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْ اَجْرِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ، وَلَمْ يُوجَدْ لَهُ اِلَّا نَمِرَةٌ، كَانَ اِذَا غُطِّيَ بِهَا رَاْسُهُ خَرَجَ رِجْلَاهُ، وَاِذَا غُطِّيَ بِهَا رِجْلَاهُ خَرَجَ رَاْسُهُ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: غَطُّوا بِهَا رَاْسَهُ وَاجْعَلُوا عَلَيْهِ اِذْخِرًا ، وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا.

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضورﷺ کے ساتھ ہجرت کی' ہماری ہجرت صرف اللہ کے لیے تھی' ہم اس کا ثواب اللہ سے لیتے ہیں' ہم میں سے کچھ صحابہ کرام تو دنیا سے چلے گئے' انہوں نے اس اجر سے کچھ نہ کھایا' ان میں سے حضرت مصعب بن عمیر کی ذات بھی ہے' آپ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا' آپ کے پاس صرف ایک چادر تھی' اس چادر سے جب ہم آپ کا سر ڈھانپتے تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ حضورﷺ نے فرمایا: اس کا سر ڈھانپ دو اور دونوں پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو اور ہم میں سے کچھ ایسے تھے کہ پھل لگائے اور وہ اسے استعمال کر رہے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہﷺ کے ساتھ ہجرت کی اللہ کی رضا کے لیے' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ' اس کی مثل حدیث ذکر کی۔



**3576** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الزَّجَّاجُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كَانَ لِي

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جاہلیت کے زمانہ میں تلواریں بناتا تھا' میں نے عاص بن وائل کے لیے تلوار بنائی' میں ان سے اس کی قیمت لینے کے لیے آیا تو اُس نے کہا: میں اس وقت تک نہیں

عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ وَكُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ فَقَالَ: لَا أُعْطِيكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لَا أَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَمُوتَ ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: وَإِنِّي لَمَبْعُوثٌ بَعْدَ الْمَوْتِ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّهُ سَيَكُونُ لِي مَالٌ وَوَلَدٌ؟ قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا) (مريم: 77) إِلَى (فَرْدًا) (مريم: 80) قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: هٰكَذَا رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ كَمَا ذَكَرْنَاهُ أَوَّلًا عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، فَإِنْ كَانَ حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ ضَبَطَهُ عَنِ الْأَعْمَشِ فَهُوَ غَرِيبٌ مِنْ حَدِيثِ أَبِي وَائِلٍ

دوں گا جب تک تُو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کا انکار نہ کرے۔ میں نے کہا: اللہ تجھے موت دے! میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا انکار نہیں کروں گا' میں نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں کیا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''کیا آپ نے اُس کو دیکھا جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہا کہ میں ضرور مال اور اولاد دوں گا' کیا وہ غیب پر مطلع ہوگیا تھا' یا رحمٰن نے اس سے وعدہ لیا تھا''۔ عہداً کا معنی ہے: پختہ وعدہ۔ امام طبرانی فرماتے ہیں کہ حماد بن شعیب نے حضرت اعمش سے' وہ ابووائل سے لوگوں نے اس کو اوّلاً ذکر کیا ہے' اعمش سے' وہ ابوضحیٰ سے' وہ مسروق سے' وہ خباب سے' حضرت حماد بن شعیب نے اس کو اعمش سے ضبط کیا ہے' یہ حدیث ابووائل کی حدیث سے غریب ہے۔

**3577** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ أَبِيهِ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْأَخْرَمِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا أَبُو السَّرِيِّ سَهْلُ بْنُ مَحْمُودٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ فِي مَرَضِهِ فَقَالَ: إِنَّ فِي هٰذَا التَّابُوتِ ثَمَانِينَ أَلْفَ دِرْهَمٍ، وَاللّٰهِ مَا شَدَدْتُ لَهَا مِنْ خَيْطٍ، وَلَا مَنَعْتُهَا مِنْ سَائِلٍ، ثُمَّ بَكَى فَقِيلَ: مَا يُبْكِيكَ؟، قَالَ: أَبْكِي إِنَّ أَصْحَابِي مَضَوْا وَلَمْ

حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کے پاس آپ کی بیماری میں آئے تو آپ نے فرمایا: اس تابوت میں اسّی ہزار درہم ہیں' اللہ کی قسم! میں نے اس کو تالا نہیں لگایا اور کسی سائل کو منع نہیں کیا۔ پھر آپ رو پڑے' آپ سے کہا گیا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں اس لیے رویا ہوں کہ میرے ساتھ والے چلے گئے اُنہوں نے دنیا سے کوئی شی نہیں لی' ہم ان کے بعد آئے' ہم اس کو خرچ کرنے کے لیے کوئی جگہ نہیں پاتے۔

تَنقُصُهُمُ الدُّنْيَا شَيْئًا وَاِنَّا بَقِينَا بَعْدَهُمْ حَتَّى مَا نَجِدُ لَهُ مَوْضِعًا

3578 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ نَعُودُهُ فَبَكَى، وَقَالَ: فِي هَذَا التَّابُوتِ سَبْعُونَ اَلْفًا مَا شُدَّ لَهَا وِكَاءٌ وَلَا مُنِعَ مِنْهَا سَائِلٌ، وَدِدْتُ اَنَّهَا كَذَا وَكَذَا، اِمَّا قَالَ: بَعْرٌ، وَاِمَّا قَالَ: غَيْرُهُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے ساتھ آیا تو آپ نے فرمایا: اس تابوت میں اسی ہزار ہیں اور اسے حفاظت کے لیے کسی چیز سے نہیں باندھا گیا اور کسی مانگنے والے کو منع بھی نہیں کیا گیا اور جانتا ہوں کہ ایسے ایسے کر دیا جائے؟ فرمایا: اونٹ اور اس کے علاوہ اور چیزیں ہیں۔

## حَارِثَةُ بْنُ مُضَرِّبٍ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت حارثہ بن مضرب حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3579 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ کوئی بھی موت کی تمنا نہ کرے تو میں موت کی تمنا کرتا۔

3580 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: لَوْلَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَانَا اَنْ يُتَمَنَّى الْمَوْتُ لَتَمَنَّيْتُهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہوتا کہ آپ نے ہمیں موت کی تمنا کرنے سے منع کیا ہے تو میں تمنا کرتا۔

3581 - حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ابْنُ ابْنَةَ السُّدِّيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ نَعُودُهُ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ فِي بَطْنِهِ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَمَنَّوُا الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

حضرت حارثہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو آپ نے اپنے پیٹ میں سات داغ لگائے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ موت کی تمنا نہ کرو تو میں موت کی تمنا کرتا۔

3582 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعًا، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

حضرت حارثہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو آپ نے اپنے پیٹ میں سات داغ لگائے تھے آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ موت کی تمنا نہ کرو تو میں موت کی تمنا کرتا۔

3583 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى فِي بَطْنِهِ سَبْعَ كَيَّاتٍ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

حضرت حارثہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو آپ نے اپنے پیٹ میں سات داغ لگائے تھے آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ موت کی تمنا نہ کرو تو میں موت کی تمنا کرتا۔



3584 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَسْلَمَ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنْ

حضرت حارثہ بن مضرب فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے آپ نے

زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ، فَقَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُنِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا اَمْلِكُ دِرْهَمًا وَهَذِهِ اَرْبَعُونَ اَلْفًا مَوْضُوعَةً

فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہا ہوں' میں صرف ایک درہم کا مالک ہوں' اس وقت چالیس ہزار ہیں۔

3585 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّنَافِسِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ، فَقَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُنِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لا اَمْلِكُ دِرْهَمًا وَاَنَّ فِي جَانِبِ بَيْتِي الْيَوْمَ لَاَرْبَعِينَ اَلْفَ دِرْهَمٍ

حضرت حارثہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو آپ نے اپنے پیٹ میں سات داغ لگائے تھے' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ موت کی تمنا نہ کرو تو میں موت کی تمنا کرتا۔

3586 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ وَفِي دَارِهِ حَائِطٌ يُبْنَى، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُؤْجَرُ فِي نَفَقَتِهِ اِلَّا فِي شَيْءٍ يَجْعَلُهُ فِي التُّرَابِ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بندہ کو ہر شی خرچ کرنے پر ثواب دیا جاتا ہے' سوائے (ناجائز بلاوجہ) عمارتیں بنانے پر جو خرچ کیا جائے۔

3587 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَلَمْ يُشْكِنَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے نماز کے دوران گرم جگہ کی شکایت کی' لیکن آپ ﷺ نے ہماری شکایت نہیں کی۔

3588 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے

بْنُ مُوسَى ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ فِي الرَّمْضَاءِ فَلَمْ يُشْكِنَا

رسول اللہ ﷺ سے نماز کے دوران گرم جگہ کی شکایت کی ہم نے شکایت نہیں کی۔

**3589** - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ فِي الرَّمْضَاءِ فَلَمْ يُشْكِنَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے نماز کے دوران گرم جگہ کی شکایت کی لیکن آپ ﷺ نے گویا فرمایا کہ اسی گرمی میں پڑھتے رہو۔

**3590** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: لَقَدْ خَشِينَا أَنْ يَذْهَبَ بِأُجُورِنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَصَبْنَا بَعْدَهُ مِنَ الدُّنْيَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں خوف ہے کہ ہمارا وہ ثواب نہ چلا جائے جو ہم نے دنیا ملنے کے بعد حاصل کیا تھا۔

**3591** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَارِثَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: كُفِّنَ حَمْزَةُ فِي بُرْدَةٍ إِذَا غُطِّيَ رَأْسُهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غُطِّيَتْ رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو ایک چادر میں کفن دیا گیا' جب ان کا سر ڈھانپا جاتا تو پاؤں ننگے ہو جاتے' پھر پاؤں ڈھانپے جاتے تو سر ننگا ہو جاتا۔



---

3590- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 432 رقم الحديث: 5644 عن أبي اسحاق عن حارثة بن مضرب عن خباب به .

3592 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ حَمْزَةَ وَمَا وَجَدْنَا ثَوْبًا نُكَفِّنُهُ فِيهِ غَيْرَ بُرْدَةٍ اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهُ، وَاِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَهُ خَرَجَتَا رِجْلَاهُ فَغَطَّيْنَا رَاْسَهُ، وَوَضَعْنَا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الْاِذْخِرِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ہم نے انہیں کفن دینے کے لیے سوائے ایک چادر کفن کے کچھ نہ پایا' جب ہم اس چادر سے پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا' جب ہم سر ڈھانپتے تو پاؤں ننگے ہو جاتے' ہم نے ان کا سر ڈھانپ دیا اور پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دی۔

3593 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّنَافِسِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ ثُمَّ اَتَى بِكَفَنِهِ، فَلَمَّا رَآهُ بَكَى، ثُمَّ قَالَ: لَكِنَّ حَمْزَةَ لَمْ يُوجَدْ لَهُ كَفَنٌ اِلَّا بُرْدَةً اِذَا جُعِلَتْ عَلَى رَاْسِهِ قَلَصَتْ عَنْ قَدَمَيْهِ، وَاِذَا جُعِلَتْ عَلَى قَدَمَيْهِ قَلَصَتْ عَلَى رَاْسِهِ حَتَّى مُدَّتْ عَلَى رَاْسِهِ وَجُعِلَ عَلَى قَدَمَيْهِ الْاِذْخِرُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ہم نے انہیں کفن دینے کے لیے سوائے ایک چادر کفن کے کچھ نہ پایا' جب ہم اس چادر سے پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا' جب ہم سر ڈھانپتے تو پاؤں ننگے ہو جاتے' ہم نے ان کا سر ڈھانپ دیا اور پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دی۔

## اَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَخْبَرَةَ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت ابومعمر عبداللہ بن سخبرہ' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3594 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر و



---

3594- اخرجه البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 260 رقم الحديث: 713' جلد 1 صفحه 264 رقم الحديث: 726' جلد 1 صفحه 269 رقم الحديث: 744 عن عمارة بن عمير عن أبي معمر عن خباب به .

الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: سَاَلْنَا خَبَّابًا: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟، فَقَالَ: نَعَمْ، قُلْنَا: بِاَيِّ شَيْءٍ عَرَفْتَ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لَحْيَيْهِ

عصر میں قرأت کرتے تھے؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! ہم نے کہا: آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی حرکت کر رہی ہوتی تھی۔

**3595** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: سَاَلْنَا خَبَّابًا: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟، فَقَالَ: نَعَمْ، فَقُلْنَا: كَيْفَ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ذٰلِكَ؟، قَالَ: بِاضْطِرَابِ لَحْيَيْهِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر و عصر میں قرأت کرتے تھے؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! ہم نے کہا: آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی حرکت کر رہی ہوتی تھی۔

**3596** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِخَبَّابٍ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟، قَالَ: نَعَمْ، قُلْنَا: بِمَ كُنْتُمْ تَعْرِفُونَ ذٰلِكَ، قَالَ: بِاضْطِرَابِ لَحْيَيْهِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر و عصر میں قرأت کرتے تھے؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! ہم نے کہا: آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی حرکت کر رہی ہوتی تھی۔

**3597** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَلَمْ يُشْكِنَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نماز کے دوران گرم جگہ کے متعلق شکایت کی، لیکن کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری شکایت کا مداوا نہ کیا۔

**3598** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، وَوَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: قُلْنَا

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر و عصر میں قرأت کرتے تھے؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ

لِخَبَّابٍ: بِاَيِّ شَيْءٍ كُنْتُمْ تَعْرِفُونَ قِرَاءَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لَحْيَيْهِ

نے کہا: جی ہاں! ہم نے کہا: آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ کی داڑھی حرکت کر رہی ہوتی تھی۔

**3599** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: سَاَلْنَا خَبَّابًا: اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟، قَالَ: نَعَمْ، قُلْنَا: بِاَيِّ شَيْءٍ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لَحْيَيْهِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ ظہر و عصر میں قرأت کرتے تھے؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! ہم نے کہا: آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ کی داڑھی حرکت کر رہی ہوتی تھی۔

**3600** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَنْمَاطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا مَرْوَانُ، وَاَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: قُلْنَا لِخَبَّابٍ: بِاَيِّ شَيْءٍ كُنْتُمْ تَعْرِفُونَ قِرَاءَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، قَالَ: بِاضْطِرَابِ لَحْيَيْهِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ ظہر و عصر میں قرأت کرتے تھے؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! ہم نے کہا: آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ کی داڑھی حرکت کر رہی ہوتی تھی۔

## اَبُو مَيْسَرَةَ عَمْرُو بْنُ شُرَحْبِيلَ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت ابومیسرہ عمرو بن شرحبیل، حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3601** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا فِطْرٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابٍ اَعُودُهُ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي

حضرت عمرو بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آپ کی عیادت کرنے کے لیے آیا تو آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ نہ سنا ہوتا کہ آپ نے فرمایا: تم

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

میں سے کوئی بھی موت کی تمنا کرے تو میں ضرور تمنا کرتا۔

## هُبَيْرَةُ بْنُ يَرِيمَ، عَنْ خَبَّاب

## حضرت ہبیرہ بن مریم' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَسَا الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ خَبَّابٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُرِيدُ اَنْ يَصُومَ هٰذَا الْيَوْمَ فَلْيَصُمْهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ اَكَلَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، وَمَنْ اَكَلَ فَلْيَصُمْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے عاشوراء کے دن فرمایا: اے لوگو! جو کوئی تم میں سے اس دن روزہ رکھنے کا ارادہ کرے تو وہ اس دن کا روزہ رکھے' جس نے نہیں کھایا ہے وہ روزہ مکمل کرلے' جس نے کھایا ہے وہ اپنا بقیہ دن روزہ مکمل کرے۔

3603 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ: اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ اَكَلَ فَلَا يَاْكُلْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ وَمَنْ نَوَى مِنْكُمُ الصَّوْمَ فَلْيَصُمْهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے عاشوراء کے دن فرمایا: اے لوگو! جس نے کھایا ہے وہ اپنا بقیہ دن روزہ مکمل کرے اور تم میں سے جس نے روزے کی نیت کر لی ہے' اسے چاہیے کہ وہ روزے سے ہی رہے۔

## اَبُو الْكَنُودِ، عَنْ

## حضرت ابوالکنوذ' حضرت خباب سے روایت

# خَبَّاب

3604 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْاَزْدِيِّ، عَنْ اَبِي الْكَنُودِ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ) (الانعام: 52)، قَالَ: جَاءَ - يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ وَعُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ فَوَجَدُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا مَعَ بِلَالٍ وَعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَصُهَيْبٍ وَخَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فِي اُنَاسٍ مِنَ الضُّعَفَاءِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، فَلَمَّا رَاَوْهُمْ حَوْلَهُ حَقَرُوهُمْ، فَاَتَوْهُ فَخَلَّوْا بِهِ، فَقَالُوا: اِنَّا نُحِبُّ اَنْ تَجْعَلَ لَنَا مِنْكَ مَجْلِسًا تَعْرِفُ بِهِ الْعَرَبُ فَضْلَنَا، فَاِنَّ وُفُودَ الْعَرَبِ تَاْتِيكَ فَنَسْتَحِي اَنْ تَرَانَا الْعَرَبُ قُعُودًا مَعَ هَؤُلَاءِ الْعَبِيدِ، اَوْ اِذَا نَحْنُ جِئْنَاكَ فَاَقِمْهُمْ عَنَّا، وَاِذَا نَحْنُ فَرَغْنَا فَاَقْعِدْهُمْ اِنْ شِئْتَ، فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالُوا: فَاكْتُبْ لَنَا عَلَيْكَ كِتَابًا، فَدَعَا بِالصَّحِيفَةِ لِيَكْتُبَ لَهُمْ وَدَعَا عَلِيًّا لِيَكْتُبَ، فَلَمَّا اَرَادَ ذَلِكَ وَنَحْنُ قُعُودٌ فِي نَاحِيَةٍ اِذْ نَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ)



# کرتے ہیں

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے روایت ہے: ''(یارسول اللہ!) ان لوگوں کو بارگاہِ کرم سے کبھی دور نہ کیجئے گا جو صبح وشام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں اور اسی کی رضا کے طلب گار ہیں''۔ کہا: اقرع بن حابس تمیمی اور عیینہ بن حصن فزاری' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اس حالت میں آئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' حضرت بلال' عمار بن یاسر' صہیب اور خباب بن ارت رضی اللہ عنہم کے پاس یعنی ایمان والوں میں کمزور لوگوں میں تشریف فرما تھے' جب انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد ان حضرات کو دیکھا تو ان کو حقیر کہا' پس وہ آپ کے پاس آئے اور اکیلے میں مجلس کرنے کے لیے وقت مانگا۔ کہنے لگے: ہم پسند کرتے ہیں کہ آپ اپنے ساتھ بیٹھنے کو ہمارے لیے ایک جگہ مقرر کریں جس کے ذریعے سارے عرب والے ہماری فضیلت پہچانیں۔ کیونکہ عرب کے کونے کونے سے وفد آپ کی خدمت میں آتے ہیں' پس ہمیں اس بات سے شرم محسوس ہوتی ہے کہ وہ لوگ آپ کو ان غلاموں کے ساتھ بیٹھا ہوا دیکھیں یا جب ہم آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ ان کو ہمارے پاس سے اُٹھا دیا کریں اور جب ہم فارغ ہو جائیں تو ان کو اپنے پاس بٹھالیں' اگر آپ کی مرضی ہو تو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے! اس کے بعد

(الانعام: 52 ) الْآيَةَ. ثُمَّ ذَكَرَ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ وَصَاحِبُهُ قَالَ: (وَكَذَلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا أَهَؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ) (الانعام: 53 )، ثُمَّ ذَكَرَهُ فَقَالَ: (وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ) (الانعام: 54)، فَرَمَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّحِيفَةِ، فَدَعَانَا فَأَتَيْنَاهُ وَهُوَ يَقُولُ: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ فَدَنَوْنَا مِنْهُ حَتَّى وَضَعْنَا رُكَبَنَا عَلَى رُكْبَتِهِ

وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ مَعَنَا، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَقُومَ قَامَ وَتَرَكَنَا، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ) (الکهف: 28 ) يُرِيدُونَ وَجْهَهُ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا يَقُولُ: لَا تُجَالِسِ الْأَشْرَافَ (وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا) (الکهف: 28 )، أَمَا الَّذِي أُغْفِلَ قَلْبُهُ فَهُوَ عُيَيْنَةُ، وَالْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ، وَأَمَّا فُرُطًا فَهَلَاكًا ثُمَّ ضَرَبَ مَثَلَ رَجُلَيْنِ وَمَثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا قَالَ: فَكُنَّا بَعْدَ ذَلِكَ نَقْعُدُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا بَلَغْنَا السَّاعَةَ الَّتِي كَانَ يَقُومُ فِيهَا قُمْنَا وَتَرَكْنَاهُ حَتَّى يَقُومَ وَإِلَّا صَبَرَ حَتَّى نَقُومَ

انہوں نے ایک دستاویز لکھنے کا مطالبہ کیا' ان کی خاطر کچھ لکھنے کیلئے پہلے آپ ﷺ نے کاغذ منگوایا' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا تا کہ وہ لکھیں۔ پس جب آپ ﷺ نے اس کا ارادہ فرمایا جبکہ ہم ایک کونے میں بیٹھے ہوئے تھے' اچانک حضرت جبریل علیہا لسلام یہ آیت لے کر نازل ہوئے: ''اور آپ ان لوگوں کو دور نہ فرمائیں جو صبح شام اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں''۔ پھر اقرع بن حابس اور اس کے ساتھی نے کہا' فرمایا: ''اور ہم نے انہیں ایک دوسری کی وجہ سے مشکل میں ڈال دیا ہے' وہ کہتے ہیں: کیا یہی لوگ رہ گئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے درمیان میں سے ان پر احسان کیا ہے' کیا اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں کو بہت اچھی طرح نہیں جانتا''۔ پھر اس کا ذکر فرماتے ہوئے کہا: ''تمہارے رب نے رحمت کو اپنی ذات کیلئے لکھ رکھا ہے''۔ رسول کریم ﷺ نے ورق پھینک دیا اور (اسی وقت) ہم غریبوں کو بلا لیا' پس ہم آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ کی زبان مبارک پر جاری تھا: سلام علیکم! پس ہم آپ ﷺ کے اتنا قریب ہوئے کہ ہم نے اپنے گھٹنے حضور ﷺ کے گھٹنوں پر رکھ دیئے اور رسول کریم ﷺ ہمیشہ ہمارے ساتھ ہی مجلس سجایا کرتے تھے' پس جب آپ ﷺ اُٹھنے کا ارادہ فرماتے تو اُٹھ جاتے اور ہم کو وہیں چھوڑ جاتے تو یہ آیت نازل ہوئی: ''اور اپنے آپ کو کیفیت صبر میں ان لوگوں کے ساتھ رکھئے جو صبح اور شام اپنے پروردگار کو

پکارتے ہیں اور خالصۃً اسی کی جستجو میں رہتے ہیں اور اپنی آنکھیں ان سے پھیر نہ لینا کہ دنیوی زندگی کی آرائش سامنے آئے اور کسی ایسے شخص کی اطاعت نہ کرنا' جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور اس نے اپنی ذاتی خواہش کی اتباع کر رکھی ہے اور اس کا معاملہ حد سے نکلا ہوا ہے''۔ اس آیت کے درمیان والے کلمات کا مفہوم ہے کہ اشرافیہ کے ساتھ ہم مجلس نہ ہوں' لیکن غافل دل' عیینہ اور اقرع بن حابس ہیں' بہرحال ''فرطًا'' کا معنی ہلاک ہونا ہے' پھر اللہ نے دو آدمیوں کی مثال دی اور دنیوی زندگی کی مثال دی۔ راوی نے کہا: پس اس کے بعد ہم ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھا کرتے تھے' پس جب ہم اس لمحے تک پہنچتے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُٹھنا ہوتا تو ہم اُٹھ جاتے لیکن ہم آپ کو وہیں بیٹھا چھوڑ جاتے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُٹھتے ورنہ (اگر ہم نہ اُٹھتے) تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبر سے کام لیتے یہاں تک کہ ہم اپنی مرضی سے اُٹھیں۔



## الشَّعْبِيُّ، عَنْ خَبَّاب

## امام شعبی' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3606** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ إِلَّا أَعْطَى مَا سَأَلُوهُ يَوْمَ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کوئی ایسا نہیں تھا جس نے مانگا ہو اور اس کو دیا نہ گیا ہو' جس دن مشرکوں نے عذاب دیا سوائے میرے' ان کو انگاروں پر لٹایا جاتا' اس سے کوئی شی نہ چھوڑتے۔ ایک

عَذَّبَهُمُ الْمُشْرِكُونَ، اِلَّا خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ كَانُوا يُضْجِعُونَهُ عَلَى الرَّضْفِ فَلَمْ يَسْتَقِلُّوا مِنْهُ شَيْئًا، قَالَ: فَاَتَى بِكَفَنِهِ فَنَشَرَ عَلَيْهِ قَبَاطِيَّ بِيضًا فَبَكَى، فَقَالُوا: مَا يُبْكِيكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ فَاَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: ذَكَرْتُ مُصْعَبَ بْنَ عُمَيْرٍ لَمْ يَتَعَجَّلْ شَيْئًا مِنْ طَيِّبَاتِهِ كُفِنَ فِي بُرْدَةٍ، فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا يُكَفَّنُ فِيهِ، وَكَانَ اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهُ، حَتَّى جَعَلْنَا عَلَيْهِ مِنَ الْاِذْخِرِ وَمِنْ نَبَاتِ الْاَرْضِ

کفن لایا گیا' وہ سفید کفن ان پر بچھایا گیا' حضرت خباب رضی اللہ عنہ رو پڑے' آپ سے عرض کی گئی: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں روتے ہیں؟ آپ صحابیِ رسول ﷺ نہیں ہیں؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت مصعب کا ذکر کیا کہ آپ نے اپنی زندگی میں دنیا میں کوئی شی نہیں لی' آپ کو ایک چادر میں کفن دیا گیا' کفن کے لیے کوئی شی نہیں تھی' جب ہم آپ کا سر ڈھانپتے تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا' ہم نے ان کے سر کو ڈھانپ دیا اور پاؤں پر اذخر گھاس رکھی۔

## يَحْيَى بْنُ جَعْدَةَ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت یحییٰ بن جعدہ' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3607 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، قَالَ: عَادَ خَبَّابًا نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اَبْشِرْ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَرِدُ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَوْضَ، قَالَ: كَيْفَ بِهَا اَوْ بِهٰذَا وَاَشَارَ اِلَى اَعْلَى بَيْتِهِ وَاِلَى اَسْفَلِهِ وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت یحییٰ بن جعدہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ اصحابِ رسول ﷺ میں سے حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے تو اُنہوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ کے لیے خوشخبری ہو! آپ تو رسول اللہ ﷺ کے حوضِ کوثر پر آئیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیسے؟ کیا اس کے ذریعہ آپ نے اپنے گھر کی بلندی اور پستی کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کے لیے دنیا اتنی ہی کافی ہے جتنا مسافر کے پاس زادِ راہ ہوتا ہے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَكْفِي اَحَدَكُمْ مَا كَانَ فِي الدُّنْيَا مِثْلُ زَادِ الرَّاكِبِ

## عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَبَّابٍ

3608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا كَيْسَانُ اَبُو عُمَرَ الْعَطَّارُ، عَنْ يَزِيدَ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: وَثنا كَيْسَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا صُمْتُمْ فَاسْتَاكُوا بِالْغَدَاةِ وَلَا تَسْتَاكُوا بِالْعَشِيِّ، فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ صَائِمٍ تَيْبَسُ شَفَتَاهُ بِالْعَشِيِّ اِلَّا كَانَ نُورًا بَيْنَ عَيْنَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . لَمْ يَرْفَعْهُ عَلِيٌّ

## حضرت عمرو بن عبدالرحمٰن' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب روزہ رکھو تو صبح مسواک کرو اور شام کو مسواک نہ کرو کیونکہ شام کے وقت جب روزہ دار کے ہونٹ خشک ہوتے ہیں تو وہ قیامت کے دن اس کے لیے دونوں آنکھوں کے درمیان نور ہوگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کو مرفوعاً بیان نہیں کرتے ہیں۔

## مُجَاهِدٌ، عَنْ خَبَّابٍ

3609 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَاَصَابَنَا الْعَطَشُ، وَلَيْسَ

## حضرت مجاہد' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا' ہمیں پیاس لگی تو ہمارے ساتھ پانی نہیں تھا' ہم میں سے کسی نے اونٹنی کو بٹھایا اور اس کے دونوں پاؤں کے درمیان مشکیزہ کی

مَعَنَا مَاءٌ فَتَنَوَّخَتْ نَاقَةٌ لِبَعْضِنَا، وَإِذَا بَيْنَ رِجْلَيْهَا مِثْلُ السِّقَاءِ فَشَرِبْنَا مِنْ لَبَنِهَا

طرح کوئی چیز رکھی ہم نے اس سے اس کا دودھ نکال کر اُسے پیا۔

# سَعِيدُ بْنُ وَهْبٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ خَبَّابٍ

# حضرت سعید بن وہب الہمدانی' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ انہیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کی معیت میں حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' وہ ان کی خالہ ہیں۔ اُنہوں نے گوہ کا گوشت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور پھر اس کی مثل حدیث بیان کی۔

وَسَلَّمَ لَحْمُ ضَبٍّ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

**3731** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَحْمَدَ بْنِ خَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى مَيْمُونَةَ، فَقَدَّمَتْ اِلَيْهِ ضَبًّا مَطْبُوخًا بِتَمْرٍ، فَقَالَتْ مَيْمُونَةُ: اَخْبِرُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يَاْكُلَ، فَلَمَّا اُخْبِرَ بِهِ اَمْسَكَ يَدَهُ عَنْهُ، فَقَالُوا: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ اَعَافُهُ فَاجْتَرَّهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَاَكَلَهُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے تو اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں خشک کھجور کے ساتھ پکی ہوئی گوہ پیش کی پس حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھانے سے پہلے (کھانے کے بارے میں) بتاؤ (کہ کھانے میں کیا ہے) جب آپ کو بتایا گیا تو آپ نے اپنے ہاتھ کھانے سے روک لیے تو صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا وہ حرام ہے؟ تو آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اس سے عافیت چاہتا ہوں۔ پس حضرت خالد بن ولید نے اسے کھینچا اور کھایا درانحالیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں دیکھ رہے تھے۔

**3732** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت خالد بن ولید سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔



## خَالِدُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## حضرت خالد بن حکیم بن حزام' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3733** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

ابونجیح' حضرت خالد بن حکیم بن حزام روایت

الْحُمَيْدِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، حَدَّثَنِي اَبُو نَجِيحٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: تَنَاوَلَ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ بِشَيْءٍ، فَكَلَّمَهُ فِيهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَقِيلَ لَهُ: اَغَضِبَ الْاَمِيرَ؟ فَقَالَ: اِنِّي لَمْ اُرِدْ اَنْ اُغْضِبَهُ، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اَشَدُّهُمْ لِلنَّاسِ عَذَابًا فِي الدُّنْيَا

کرتے ہیں' فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو کسی شی کے بدلے پکڑا تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے بارے میں حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے بات کی تو اُن سے کہا گیا: کیا آپ سپہ سالار کو غصہ دکھانا چاہتے ہیں؟ تو اُنہوں نے فرمایا کہ میں انہیں غصہ کرنے کا ارادہ تو نہیں رکھتا لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے سخت تر عذاب والا وہ ہوگا جو دنیا میں لوگوں کو زیادہ تکلیف دے گا۔

## جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت

3734 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى، ثنا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِينٌ، وَاَمِينُ هَذِهِ الْاُمَّةِ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر اُمت کا امین ہوتا ہے اور اس اُمت کے امین ابوعبیدہ بن جراح ہیں۔



3734- اورده الطبرانی فی الأوسط جلد 6 صفحه 68' رقم الحدیث: 5815 عن أبی الزبیر عن جابر عن خالد بن الولید به.

# الْمِقْدَامُ بْنُ مَعْدِی كَرِبَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

# حضرت مقدام بن معدی کرب' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3735 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا بَقِيَّةُ، حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ اَكْلُ لُحُومِ الْخَيْلِ، وَالْبِغَالِ، وَالْحَمِيرِ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: خچر اور گھوڑا اور گدھے کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔

3736 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَتِ الْيَهُودُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَكَوْا اِلَيْهِ اَنَّ النَّاسَ اَسْرَعُوا فِي حَظَائِرِهِمْ، فَبَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَيْتُ فِي النَّاسِ اِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةٌ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر جہاد کیا' یہودی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ سے شکایت کی کہ لوگ ان کے باڑے کی طرف تیزی سے جا رہے ہیں' مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا کہ میں لوگوں میں اعلان کروں کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے اور جنت میں صرف مسلمان ہی داخل ہو گا' جب لوگ جمع ہو گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: یہودیوں کو کیا ہوا کہ وہ شکایت کر رہے ہیں کہ تم ان کے باڑے کی طرف جانے میں جلدی کی ہے؟ خبردار! کبھی بغیر حق



---

3735- اورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3صفحه352' رقم الحديث: 3790 عن يزيد بن صالح بن يحيى بن المقدام بن معدى كرب عن أبيه عن جده عن خالد بن الوليد به .

3736- ذكر نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد2صفحه29' رقم الحديث: 703 عن صالح بن يحيى بن المقدام بن معديكرب عن جده عن خالد بن الوليد به .

مُسْلِمٌ، فَلَمَّا اجْتَمَعَ النَّاسُ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا بَالُ الْيَهُودِ شَكَوْا اَنَّكُمْ اَسْرَعْتُمْ فِي حَظَائِرِهِمْ؟ اَلَا لَا يَحِلُّ اَمْوَالُ الْمُعَاهَدِينَ بِغَيْرِ حَقِّهَا، وَحَرَامٌ عَلَيْكُمْ حُمُرُ الْاَهْلِيَّةِ، وَخَيْلُهَا، وَكُلُّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ، وَكُلُّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ

کے کسی معاہدے والے کا مال لینا جائز نہیں' تم پر پالتو گدھے کا گوشت حرام ہے اور پالتو گھوڑے' ہر پھاڑنے والے درندے کا گوشت اور پنجے سے شکار کرنے والے سے پرندوں کا گوشت۔

**3737** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ غَزْوَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، اَلَا لَا يَقُولُ رَجُلٌ مُتَّكِءٌ عَلَى اَرِيكَتِهِ مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ مِنْ حَلَالٍ اَحْلَلْنَاهُ، وَمَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ، اَلَا وَاِنِّي اُحَرِّمُ عَلَيْكُمْ اَمْوَالَ الْمُعَاهَدِينَ - الْحَدِيثَ۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: خبردار! ایک آدمی ہوگا وہ اپنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا' وہ کہے گا: ہم اس کو حلال جانتے ہیں جو قرآن میں حلال ہے اور اس کو حرام کہتے ہیں جس کو قرآن نے حرام کیا' خبردار! میں معاہدہ والوں کا مال حرام کر رہا ہوں۔ الحدیث!

**3738** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّهُ، سَمِعَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَالِدُ اَذِّنْ فِي النَّاسِ الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے خالد! لوگوں میں اعلان کرو کہ نماز کا وقت ہے اور جنت میں صرف مسلمان ہی داخل ہوگا۔ پھر آپ ﷺ نکلے' دوپہر کے وقت (ظہر کی) نماز پڑھائی' پھر آپ لوگوں میں کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: معاہدہ والوں کا مال ناحق لینا میں حلال قرار نہیں دیتا ہوں' یقیناً تم میں سے کہنے والا کہے گا اس

المقدام بن معدی کرب عن خالد بن الولید

---

3738- ذکرہ الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 155 وقال: روى الطبراني في الكبير وروى أبو داؤد طرفا منه وفيه بقية وهو ضعيف .

بِالْهَاجِرَةِ ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ فَقَالَ: مَا أُحِلُّ أَمْوَالَ الْمُعَاهَدِينَ بِغَيْرِ حَقِّهَا، عَسَى الرَّجُلُ مِنكُمْ أَنْ يَقُولَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى أَرِيكَتِهِ: مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، مِنْ حَلَالٍ أَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ، وَإِنِّي أُحَرِّمُ عَلَيْكُمْ أَمْوَالَ الْمُعَاهَدِينَ بِغَيْرِ حَقِّهَا

حالت میں کہ وہ اپنے تکیے پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا کہ ہم اس کو حلال جانتے ہیں جس کو اللہ نے حلال کیا ہے اور حرام اس کو کرتے ہیں جو قرآن نے حرام کیا' میں تم پر معاہدہ والوں کا مال ناحق لینے کو حرام کرتا ہوں۔

## مَالِكُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## حضرت مالک بن حارث بن اشتر' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3739** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ الْجُعْفِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْاَشْتَرِ، قَالَ: كَانَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ يَضْرِبُ النَّاسَ عَلَى الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ، قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ، فَأَصَبْنَا أَهْلَ بَيْتٍ كَانُوا وَحَّدُوا، فَقَالَ عَمَّارٌ: قَدِ احْتَجَزَ هَؤُلَاءِ مِنَّا بِتَوْحِيدِهِمْ، فَلَمْ أَلْتَفِتْ إِلَى قَوْلِ عَمَّارٍ، فَقَالَ: أَمَا لَأُخْبِرَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَانِي إِلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْتَصُّ

حضرت اشتر فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اُن لوگوں کو مارتے تھے جو نمازِ عصر کے بعد نماز پڑھتے۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ میں بھیجا' ہم نے ایک گھر والوں کو پایا کہ وہ اللہ کی توحید کا اقرار کرتے تھے۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان لوگوں نے توحید کا اقرار کر کے اپنے آپ کو ہم سے محفوظ کرنا چاہا ہے' میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی بات کی طرف متوجہ نہ ہوا' حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ضرور بضرور رسول اللہ ﷺ کو بتاؤں گا۔ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو اُنہوں نے میری شکایت کی' جب حضور ﷺ نے مجھے دیکھا تو مجھ سے بدلہ نہ دلوایا۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ واپس گئے اس

مِنِّی، اَدْبَرَ وَعَیْنَاهُ تَدْمَعَانِ، فَرَدَّهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا خَالِدُ لَا تَسُبَّ عَمَّارًا، فَاِنَّهُ مَنْ سَبَّ عَمَّارًا سَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ یُبْغِضْ عَمَّارًا اَبْغَضَهُ، وَمَنْ سَفَّهَ عَمَّارًا سَفَّهَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ خَالِدٌ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِی یَا رَسُولَ اللّٰهِ فَوَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِی اَنْ اُحِبَّهُ اِلَّا تَسْفِیهِی اِیَّاهُ، قَالَ خَالِدٌ: فَمَا مِنْ ذُنُوبِی شَیْءٌ اَخْوَفَ عِنْدِی مِنْ تَسْفِیهِی عَمَّارًا

حالت میں کہ اُن کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ حضورﷺ نے انہیں بلوایا' فرمایا: اے خالد! عمار کو بُرا بھلا نہ کہو کیونکہ جس نے عمار کو بُرا بھلا کہا اللہ اس کو ہلاک کرے گا اور جس نے عمار سے بغض رکھا' اللہ اس سے ناراض ہوگا' جس نے عمار کو حقیر جانا اللہ عزوجل اس کو ذلیل کرے گا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش کی دعا مانگیں' اللہ کی قسم! مجھے ان سے محبت کرنے سے رکاوٹ صرف ان کو ناسمجھ جاننا ہے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے آپ کے قریب کرنے سے کوئی شی رکاوٹ نہ تھی' حضرت خالد کا قول ہے: بے وقوف عمار کو جاننے سے زیادہ خوفناک گناہ میرے نزدیک کوئی نہ ہے۔

**3740** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، وَیُوسُفُ الْقَاضِی، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَیْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ یَزِیدَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنِ الْاَشْتَرِ، قَالَ: كَانَ بَیْنَ عَمَّارٍ وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ كَلَامٌ فَشَكَاهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ مَنْ یُعَادِی عَمَّارًا یُعَادِیهِ اللّٰهُ، وَمَنْ یُسَفِّهْ عَمَّارًا سَفَّهَهُ اللّٰهُ ۔ قَالَ شُعْبَةُ: قَالَ سَلَمَةُ نَحْوَ هَذَا

حضرت اشتر فرماتے ہیں کہ حضرت عمار اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کے درمیان کوئی گفتگو ہوئی' حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے رسول اللہﷺ کو شکایت کی تو حضورﷺ نے فرمایا: جو عمار سے عداوت رکھے گا اللہ عزوجل اس سے دشمنی رکھے گا' جو عمار کو حقیر جانے گا اللہ اس کو حقیر کرے گا۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: حضرت سلمہ اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**3741** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت اشتر فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید



---

**3741**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه294 وقال: رواه الطبراني مطولًا ومختصرًا بأسانيد منها ما وافق أحمد ورجاله ثقات ومنها ما هو مرسل وفي الأوسط منه من سب عمارا سبه الله ومن ابغض عمارا أبغضه الله فقط

حَنْبَلٍ، ثنا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا يَحْيَى، يَقُولُ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ يَاْثُرُهُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْاَشْتَرِ، قَالَ: ابْتَدَاَنَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ مِنْ غَيْرِ اَنْ نَسْاَلَهُ فَقَالَ: مَا عَمِلْتُ عَمَلًا اَخْوَفَ عِنْدِي عَلَى اَنْ يُدْخِلَنِي النَّارَ مِنْ شَاْنِ عَمَّارٍ، فَقُلْنَا: يَا اَبَا سُلَيْمَانَ وَمَا هُوَ؟ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي نَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهِ اِلَى حَيٍّ مِنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ، فَاَصَبْتُهُمْ وَفِيهِمْ اَهْلُ بَيْتٍ مُسْلِمِينَ، فَكَلَّمَنِي عَمَّارٌ فِي اُنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اَرْسِلْهُمْ، فَقُلْتُ: لَا حَتَّى آتِيَ بِهِمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنْ شَاءَ اَرْسَلَهُمْ، وَاِنْ شَاءَ صَنَعَ بِهِمْ مَا اَرَادَ، فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاْذَنَ عَمَّارٌ، فَدَخَلَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَمْ تَرَ اِلَى خَالِدٍ فَعَلَ وَفَعَلَ، فَقَالَ خَالِدٌ: اَمْ وَاللّٰهِ فَلَوْلَا مَجْلِسُكَ مَا سَبَّنِي ابْنُ سُمَيَّةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ يَا عَمَّارُ فَخَرَجَ وَهُوَ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا نَصَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَالِدٍ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اَجَبْتَ الرَّجُلَ؟ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا مَنَعَنِي مِنْهُ اِلَّا مَحْقَرَتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

رضی اللہ عنہ نے ہمارے پوچھے بغیر ہم سے گفتگو کی ابتداء کی' آپ نے فرمایا: میں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا ہے جس کے لیے جہنم میں جانے کا خوف ہو سوائے حضرت عمار کو عیب لگانے کے۔ ہم نے کہا: اے ابوسلیمان! وہ کیا ہے؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرب کے قبیلوں میں سے کسی قبیلہ کی طرف صحابہ کے ساتھ بھیجا' میں نے ان کو قتل کیا جبکہ ان میں ایک گھر مسلمانوں کا تھا۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے ان لوگوں کے متعلق گفتگو کی' حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو! میں نے کہا: نہیں! جب تک ہم ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جائیں' آپ اگر چاہیں تو چھوڑ دیں' اگر چاہیں تو جو ارادہ فرمائیں کریں۔ جب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی' حضرت عمار داخل ہوئے' حضرت عمار نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے دیکھا نہیں خالد کی طرف کہ اس نے کیا کیا ہے؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! اگر آپ کی مجلس کا لحاظ نہ ہوتا تو ابن سمیہ مجھے گالی نہ دیتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عمار! نکل جاؤ! حضرت عمار رضی اللہ عنہ روتے ہوئے نکلے' کہنے لگے: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری مدد نہیں کی حضرت خالد کے خلاف! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: کیا تم اس آدمی سے محبت نہیں کرتے ہو؟ میں



وفی واحد مختلف فیه .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَحْقِرُ عَمَّارًا يَحْقِرُهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسُبُّ عَمَّارًا يَسُبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَنْتَقِصُ عَمَّارًا يَنْتَقِصُهُ اللّٰهُ ، فَخَرَجْتُ فَاتَّبَعْتُهُ فَكَلَّمْتُهُ حَتّٰى اسْتَغْفَرَ لِي۔

نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اُن سے محبت کرنے سے صرف رکاوٹ یہ ہے کہ میں نے اس کو حقیر جانا ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: جو عمار کو حقیر جانے گا' اللہ اس کو حقیر کرے گا' جو عمار کو گالی دے گا' اللہ اس کو ہلاک کرے گا' جو عمار کی عزت میں کمی کرے گا اللہ اس کی عزت میں کمی کرے گا۔ (حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) حضرت عمار کے پیچھے نکلا اور ان سے بات کی یہاں تک کہ انہوں نے میرے لیے دعائے بخشش فرمائی۔ (یہ رضامندی کی علامت ہے کہ ایک مسلمان (دوسرے مسلمان کیلئے بخشش کی دعا کردے)

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ الْكُوفِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْأَشْتَرِ، قَالَ: ابْتَدَأَنَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ مِنْ غَيْرِ أَنْ نَسْأَلَهُ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى حَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت اشتر فرماتے ہیں کہ ہمارے پوچھے بغیر حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ہم سے گفتگو کی ابتداء کی' کہا: مجھے رسول اللہﷺ نے عرب کے قبیلوں میں سے کسی قبیلے کی طرف بھیجا' پھر اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**3742** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَارِثِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَابِسٍ، عَنْ عَمِّهِ مَخْرَمَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ الْأَشْتَرِ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: سَبَّنِي عَمَّارٌ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے حضورﷺ کے زمانہ میں مجھے گالی دی' میں حضورﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ نہ ہوتے تو ابن سمیہ مجھے گالی نہ دیتا۔ آپ نے فرمایا: اے خالد! چھوڑو! جس نے عمار کو گالی دی اللہ اس کو ہلاک کرے گا' جس نے عمار کو حقیر جانا اللہ اس کو حقیر بنا دے گا۔

لَوْلَاكَ مَا سَبَّنِي ابْنُ سُمَيَّةَ، فَقَالَ: مَهْلًا يَا خَالِدُ، مَنْ سَبَّ عَمَّارًا سَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ حَقَّرَ عَمَّارًا حَقَّرَهُ اللّٰهُ

## عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## حضرت علقمہ بن قیس' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3743 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، ثنا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: اَتَيْتُ الشَّامَ فَلَقِيتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ، قَالَ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ بَعْضُ مَا يَكُونُ بَيْنَ النَّاسِ، فَاَقْبَلْتُ فَعَذَّمْتُهُ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُونِي اِلَيْهِ، فَلَمَّا رَاَيْتُهُ يَشْكُونِي اَقْبَلْتُ اَيْضًا عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَا تَرَى اِلَى مَا يَقُولُ وَاَنْتَ حَاضِرٌ؟ فَقَالَ: مَهْلًا يَا خَالِدُ لَا تَقُلْ اِلَّا خَيْرًا، فَاِنَّهُ مَنْ يُبْغِضْ عَمَّارًا يُبْغِضْهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يُعَادِيهِ يُعَادِيهِ اللّٰهُ، فَلَمَّا سَمِعْتُ ذَاكَ جَعَلْتُ اَتَعَرَّضُ لِعَمَّارٍ حَتَّى لَقِيتُهُ، فَاعْتَذَرْتُ اِلَيْهِ وَسَاَلْتُ مَا كَانَ فِي نَفْسِهِ عَلَيَّ

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ میں ملک شام آیا' میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے سنا کہ آپ بیان کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: میرے اور حضرت عمار کے درمیان کوئی بات ہوئی جو لوگوں کے درمیان تھی' میں آیا' میں نے اس کو کچھ کہا' حضرت عمار رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' میری شکایت کی' جب میں نے دیکھا میری شکایت کرتے ہوئے تو میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! آپ دیکھ رہے ہیں کہ آپ کی موجودگی میں حضرت عمار کیا کہہ رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے خالد! چھوڑو! آپ کے متعلق بھلائی کا کلمہ ہی کہا کرو کیونکہ جو عمار سے بغض رکھتا ہے اللہ اس سے ناراض ہوگا اور جو ان سے دشمنی کرے گا' اللہ اس کے ساتھ دشمنی رکھے گا۔ جب میں نے یہ سنا تو میں حضرت عمار کے سامنے آیا' میں آپ کو ملا' میں نے آپ سے معذرت کی' میں نے اس کے متعلق پوچھا جو ان

کے دل میں میرے خلاف بات تھی۔

## قَيْسُ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## حضرت قیس بن ابوحازم' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3744** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مِقْلَاصٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ اِلَى نَاسٍ مِنْ خَثْعَمٍ فَاعْتَصَمُوا بِالسُّجُودِ، فَقَتَلَهُمْ فَوَدَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِصْفِ الدِّيَةِ، ثُمَّ قَالَ: اَنَا بَرِيءٌ مِنْ كُلِّ مُسْلِمٍ اَقَامَ مَعَ الْمُشْرِكِينَ، لَا تَرَاءَى نَارَاهُمَا

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو خثعم قبیلہ کے لوگوں کی طرف بھیجا' وہ لوگ سجدہ کے ذریعے بچنے کی کوشش کرنے لگے' حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ان کو قتل کیا' حضورﷺ نے ان کی نصف دیت ادا کی' پھر فرمایا: میں ہر مسلمان سے بَری ہوں جو مشرکوں کے ساتھ رہائش پذیر ہو' دونوں کی جہنم ایک دوسرے نہیں دیکھے گی۔

**3745** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ مِهْرَانَ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَاَيْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ يَوْمَ الْيَرْمُوكِ يَرْمِي بَيْنَ هَدَفَيْنِ وَمَعَهُ رِجَالٌ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَقَالَ: اُمِرْنَا

حضرت قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو یرموک کے دن دیکھا کہ دو نشانے رکھ کر اُن کے درمیان تیراندازی کی مشق کر رہے تھے' آپ کے ساتھ حضورﷺ کے صحابہ میں سے کچھ مرد تھے' آپ نے فرمایا: ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنی اولاد کو تیراندازی



---

**3744**- لم أجده بهذا الطريق وأورد نحوه الترمذي في سننه جلد 4 صفحه 155' رقم الحديث: 1604 عن جرير بن عبد الله به .

**3745**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 269 وقال: رواه الطبراني وفيه المنذر بن زياد الطائي وهو متروك .

اَنْ نُعَلِّمَهُ اَوْلَادَنَا الرَّمْیَ وَالْقُرْآنَ

اورقرآن سکھائیں۔

## اَبُو الْعَالِيَةِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## حضرت ابوالعالیہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3746** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، اَنَّهُ شَكَى اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اَجِدُ فَزَعًا بِاللَّيْلِ فَقَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ عَلَّمَنِيهِنَّ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَزَعَمَ اَنَّ عِفْرِيتًا مِنَ الْجِنِّ يَكِيدُنِي قَالَ: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ، وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَفِتَنِ النَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَانُ

حضرت ابوالعالیہ فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے شکایت کی کہ مجھے رات کو گھبراہٹ ہوتی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں آپ کو وہ کلمات نہ سکھاؤں جو حضرت جبریل نے مجھے بتائے ہیں اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے خیال کیا کہ کوئی جن مجھے تنگ کرتا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کلمات پڑھو: ''اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ اِلٰى آخرہٖ''۔



## ابْنُ سَابِطٍ، عَنْ خَالِدِ

## حضرت ابن سابط' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے

---

3746- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه126 وقال: رواه الطبراني وفيه المسيب بن واضح وقد ضعفه جماعة وكذلك الحسن بن علي المعمري وبقية رجاله رجال الصحيح .

## بْنِ الْوَلِيدِ

3747 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ ابْنِ سَابِطٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: كُنْتُ آرَقُ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ إِذَا قُلْتُهُنَّ نِمْتَ؟، قُلِ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَمَا أَظَلَّتْ وَرَبَّ الْأَرَضِينَ وَمَا أَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا أَضَلَّتْ كُنْ لِي جَارًا مِنْ شَرِّ جَمِيعِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ، وَأَنْ يُفْرِطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ أَوْ أَنْ يُؤْذِيَنِي عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

## روایت کرتے ہیں

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رات کو ڈر جاتا تھا' مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں آپ کو وہ کلمات نہ سکھاؤں جو آپ سوتے وقت پڑھ لیا کریں؟ تو پڑھ: ''اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ الی آخرہ''۔

## أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْأَشْعَرِيُّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

3748 - حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي شَيْبَةُ بْنُ الْأَحْنَفِ، عَنْ أَبِي سَلَّامٍ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِي

## حضرت ابوعبداللہ اشعری' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوعبداللہ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ رکوع و سجود مکمل نہیں کر رہا تھا' وہ نماز پڑھتے ہوئے سجدہ کرنے میں ٹھونگے مار رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اس کو



3747- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه126 وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح الا أن عبد الرحمٰن بن سابط لم يسمع من خالد بن الوليد ورواه في الكبير بسند ضعيف بنحوه .

3748- ذكره أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد1صفحه456' رقم الحديث: 635 عن أبي صالح الأشعري عن أبي عبد الله الأشعري عن أمراء الأجناد خالد وعمرو وشرحبيل به .

صَالِحِ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ يَنْقُرُ فِي سُجُودِهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ مَاتَ هَذَا عَلَى حَالِهِ هَذِهِ مَاتَ عَلَى غَيْرِ مِلَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الَّذِي لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ وَيَنْقُرُ فِي سُجُودِهِ، مَثَلُ الْجَائِعِ يَأْكُلُ التَّمْرَةَ وَالتَّمْرَتَانِ لَا يُغْنِيَانِ عَنْهُ شَيْئًا . قَالَ اَبُو صَالِحٍ: قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللّٰهِ مَنْ حَدَّثَكَ بِهَذَا؟ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اُمَرَاءُ الْاَجْنَادِ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَشُرَحْبِيلُ بْنُ حَسَنَةَ سَمِعُوهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

موت اسی حالت میں آئے تو وہ دینِ محمد ﷺ کے علاوہ کسی اور دین پر مرے گا۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی مثل جو رکوع مکمل نہیں کرتا ہے اور سجدہ میں ٹھونگے مارتا ہے اس بھوکے کی طرح ہے جو ایک دو کھجوریں کھاتا ہے دونوں اس کو سیر نہیں کرتی ہیں۔ حضرت ابوصالح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ سے کہا: آپ کو یہ حدیث رسول اللہ ﷺ کس نے بتائی ہے؟ حضرت ابوعبداللہ نے فرمایا: لشکروں کے سپہ سالاروں عمرو بن العاص اور خالد بن ولید شرحبیل بن حسنہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے۔

## خَبَّابٌ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، لَمْ يُخَرَّجْ

## مصر کے رہنے والے ایک آدمی خباب حضرت خالد بن ولید سے روایت کرتے ہیں لیکن کوئی حدیث ان کے حوالہ سے تخریج نہیں ہے

## عَزْرَةُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ

## حضرت عزرہ بن قیس حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے

## خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

3749 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ ح، وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ كَتَبَ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، حِينَ اَلْقَى الشَّامُ بَوَانِيَهُ بِثَنِيَّةٍ وَعَسَلًا، فَاَمَرَنِي اَنْ اَسِيرَ اِلَى الْهِنْدِ، قَالَ: وَالْهِنْدُ فِي اَنْفُسِنَا يَوْمَئِذٍ الْبَصْرَةُ، وَاَنَا لِذَلِكَ كَارِهٌ، قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا اَبَا سُلَيْمَانَ اتَّقِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، فَاِنَّ الْفِتَنَ قَدْ ظَهَرَتْ، قَالَ: وَابْنُ الْخَطَّابِ حَيٌّ؟ اِنَّمَا يَكُونُ بَعْدَهُ وَالنَّاسُ بِذِي بِلِّيَانَ، وَذِي بِلِّيَانَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَيَنْظُرُ الرَّجُلُ فَيَتَفَكَّرُ هَلْ يَجِدُ مَكَانًا لَمْ يَنْزِلْ بِهِ مِثْلَ الَّذِي نَزَلَ بِمَكَانِهِ الَّذِي هُوَ مِنَ الْفِتْنَةِ وَالشَّرِّ، فَلَا يَجِدُهُ، قَالَ: وَاُولَئِكَ الْاَيَّامُ الَّتِي ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ اَيَّامُ الْهَرْجِ فَنَعُوذُ بِاللّٰهِ اَنْ تُدْرِكَنَا وَاِيَّاكُمْ تِلْكَ الْاَيَّامُ

## روایت کرتے ہیں

حضرت عزرہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید نے امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی طرف خط لکھا' جس وقت شام والوں نے ثنیہ اور عسل کے مقامات میں اپنے گھروں کی بنیادیں ڈالیں' مجھے حکم دیا ہند کی طرف جانے کا اور ہند ہمارے دلوں میں ان دنوں بصرہ کی طرح تھا' میں اس کو ناپسند کرتا تھا' ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے کہا: اے ابوسلیمان! اللہ عزوجل سے ڈرو! فتنے ظاہر ہو چکے ہیں اور ابن خطاب زندہ ہیں؟ اس کے بعد آپ اور لوگ ذی بلیان میں ہوں گے' ذی بلیان فلاں فلاں جگہ ہے' ایک آدمی دیکھ رہا تھا' وہ غور وفکر کر رہا تھا' کیا وہ ایسی جگہ پاتے ہیں' وہاں نہ اُترے' اس جگہ کی مثال جہاں فتنے اور شر ہوں وہاں اس کو نہ پائے' فرمایا: یہی وہ دن ہیں جن کا ذکر رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے کہ قیامت سے پہلے قتل و غارت ہوگی' اگر ہم پائیں تو اللہ کی پناہ چاہیں اور تم ان دنوں سے بچو!

## الْمُغِيرَةُ اَبُو الْيَسَعِ،

## حضرت مغیرہ ابوالیسع' حضرت



3749- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه90 عن أبي وائل عن عزرة بن قيس عن خالد بن الوليد به .

## عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

## خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3750** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي الْيَسَعُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، اَنَّهُ شَكَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضِّيقَ فِي مَسْكَنِهِ فَقَالَ: ارْفَعْ اِلَى السَّمَاءِ وَسَلِ اللّٰهَ السَّعَةَ .

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی اپنے رہنے والی جگہ کی تنگی کی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: آسمان کی طرف منہ کر کے دعا کرو اور اللہ سے وسعت کی دعا کرو۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الْيَسَعِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ مِثْلَهُ

حضرت یسع بن مغیرہ' حضرت خالد بن ولید سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## خَالِدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ كُلَيْبٍ اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت خالد بن زید بن کلیب' ابوایوب انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**3751** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ خَالِدُ بْنُ زَيْدٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب کا نام خالد بن زید ہے۔

**3752** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ثعلبہ بن عبدمناف بن غنم میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام ابوایوب کا ہے'



---

**3750**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه169 وقال: رواه الطبراني باسنادين وأحدهما حسن .

شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ بْنِ غَنْمٍ: اَبُو اَيُّوبَ وَاسْمُهُ خَالِدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ كُلَيْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

جن کا نام خالد بن زید بن کلیب بن ثعلبہ ہے۔

**3753** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا هَيَّاجُ بْنُ بِسْطَامٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي الْوَرْدِ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: نَزَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ نَزَلَ عَلَيْهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ہجرت کے وقت) میرے گھر تشریف لائے میں پہلا خوش نصیب آدمی ہوں کہ جن کے پاس رحمۃ للعالمین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے۔

**3754** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا اَبِي، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، قَالَ: غَزَا اَبُو اَيُّوبَ الرُّومَ فَمَرِضَ، فَلَمَّا حَضَرَ قَالَ: اِذَا اَنَا مُتُّ فَاحْمِلُونِي، وَاِذَا صَافَفْتُمُ الْعَدُوَّ فَاحْمِلُونِي تَحْتَ اَقْدَامِكُمْ

حضرت ابوظبیان فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے روم میں جہاد کیا' وہاں بیمار ہوئے' جب آپ کے وصال کا وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا: جب میں دنیا سے چلا جاؤں تو مجھے اُٹھانا' جب تم دشمن کا صفایا کرو تو مجھے تم اپنے قدموں کے نیچے اُٹھا کر دفنانا۔

**3755** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ اَبُو الْاَنْصَارِيِّ فِي اَرْضِ الرُّومِ زَمَنَ مُعَاوِيَةَ

حضرت عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کا وصال روم کے ملک میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوا۔

**3756** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک



---

**3753**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **323** وقال: قلت هو في قوله كنت أول من نزل عليه رواه الطبراني وفيه هياج بن بسطام التميمي وهو ضعيف .

**3754**- أورده ابن ابي شيبة في مصنعه جلد **4** صفحه **215** عن الأعمش عن أبي ظبيان عن أبي ايوب به .

مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَبُو أَيُّوبَ خَالِدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ كُلَيْبٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ

نام ابوایوب خالد بن زید بن کلیب بنی نجار والے ہیں۔

**3757** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ أَبُو أَيُّوبَ خَالِدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ كُلَيْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ بْنِ غَنْمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ وَتُوُفِّيَ بِالْقُسْطَنْطِينِيَّةِ مَعَ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ سَنَةَ إِحْدَى وَخَمْسِينَ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی خزرج اور بنی نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام ابوایوب خالد بن زید بن کلیب بن ثعلبہ بن عبد مناف بن غنم بن مالک بن النجار کا بھی ہے' آپ کا وصال مقامِ قسطنطنیہ میں یزید بن معاویہ بن ابوسفیان کے ساتھ 51 ہجری میں ہوا۔

**3758** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ أَبُو أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيُّ سَنَةَ خَمْسِينَ بِأَرْضِ الرُّومِ وَهُوَ غَازٍ مَعَ يَزِيدَ

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کا وصال 50 ہجری میں ملک روم میں یزید کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے ہوا۔

**3759** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، قَالَ: قَدِمَ أَبُو أَيُّوبَ عَلَى مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ فَشَكَى إِلَيْهِ أَنَّ عَلَيْهِ دَيْنًا - فَذَكَرَ الْحَدِيثَ-

حضرت حبیب بن ابوثابت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور آپ سے شکایت کی اس کی جو آپ کے ذمہ قرض تھا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

**3760** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت سالم بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میرے والد کے زمانہ میں میری شادی ہوئی' میرے والد نے

خالد بن زید بن کلیب ابو ایوب الانصاری بدری

---

**3760**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه55 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَعْرَسْتُ فِي عَهْدِ اَبِي فَاَذِنَ اَبِي النَّاسَ، وَكَانَ اَبُو اَيُّوبَ فِيمَنْ آذَنَّا وَقَدْ سَتَرُوا بَيْتِي بِبِجَادٍ اَخْضَرَ، فَاَقْبَلَ اَبُو اَيُّوبَ فَدَخَلَ فَرَآنِي قَائِمًا، فَاطَّلَعَ فَرَاَى الْبَيْتَ مُسْتَتِرًا بِبِجَادٍ اَخْضَرَ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَتَسْتُرُونَ الْجُدُرَ؟ قَالَ اَبِي وَاسْتَحْيَى: غَلَبَتْنَا النِّسَاءُ يَا اَبَا اَيُّوبَ، قَالَ: مَنْ خَشِيَ اَنْ يَغْلِبْنَهُ النِّسَاءُ فَلَمْ اَخْشَ اَنْ يَغْلِبْنَكَ، ثُمَّ قَالَ: لَا اَطْعَمُ لَكُمْ طَعَامًا وَلَا اَدْخَلُ لَكُمْ بَيْتًا ثُمَّ خَرَجَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

لوگوں کو اطلاع دی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ ان میں سے تھے جن کو اطلاع دی گئی' میرے گھر والوں نے گھر میں سبز دھاری دار کپڑے کا پردہ لٹکا رکھا تھا' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ آئے' آپ داخل ہوئے' مجھے کھڑا دیکھا' آپ نے جھانکا تو گھر میں سبز دھاری دار کپڑے کا پردہ دیکھا' آپ نے فرمایا: اے عبداللہ! کیا تم نے دیواروں کو چھپا رکھا ہے؟ میرے والد نے کہا اور جھجک محسوس کر رہے تھے' اے ابوایوب! ہم پر ہماری عورتیں غالب آ گئی ہیں۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس کو خوف ہو کہ عورتیں اس پر غالب آئیں گی' مجھے خوف نہیں ہے کہ وہ تجھ پر غالب آئے' پھر آپ نے فرمایا: میں تمہارا کھانا نہیں کھاؤں گا' نہ تمہارے گھر میں داخل ہوں گا' پھر آپ نکل گئے' اللہ آپ پر رحم کرے!

## اَبُو اُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت ابوامامہ باہلی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3761** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس ایک ماہ ٹھہرے' میں نے آپ کو دیکھا کہ جب سورج ڈھل جاتا یا جس طرح فرمایا' اگر دنیا کے کام کر رہے ہوتے تو اس کو چھوڑ دیتے' اگر

**3761**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائدجلد 2صفحه220 وقال: رواه الطبراني في الكبير وروى أبو داؤد وابن ماجه بعضه .

الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: نَزَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا، فَرَاَيْتُهُ اِذَا مَالَتِ الشَّمْسُ اَوْ زَالَتِ الشَّمْسُ اَوْ كَمَا قَالَ: فَاِنْ كَانَ فِي عَمَلٍ مِنَ الدُّنْيَا رَفَضَ بِهِ، وَاِنْ كَانَ نَائِمًا فَكَاَنَّمَا اُوقِظَ، فَيَقُومُ فَيَغْتَسِلُ اَوْ يَتَوَضَّاُ، ثُمَّ يَرْكَعُ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يُتِمُّهُنَّ وَيُحْسِنُهُنَّ وَيَتَمَكَّنُ فِيهِنَّ، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَنْطَلِقَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَكَ اِذَا مَالَتِ الشَّمْسُ اَوْ زَالَتْ فَاِنْ كَانَ فِي يَدِكَ عَمَلٌ مِنَ الدُّنْيَا رَفَضْتَ اَوْ كُنْتَ نَائِمًا فَكَاَنَّمَا تُوقَظُ، فَتَغْتَسِلُ اَوْ تَتَوَضَّاُ، ثُمَّ تَرْكَعُ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تُتِمُّهُنَّ وَتَتَمَكَّنُ فِيهِنَّ وَتُحْسِنُهُنَّ؟، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبْوَابَ السَّمَاءِ اَوْ اَبْوَابَ الْجَنَّةِ تُفْتَحُ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَلَا يُوَافِي اَحَدٌ بِهٰذِهِ الصَّلَاةِ فَاَحْبَبْتُ اَنْ يَصْعَدَ مِنِّي اِلَى رَبِّي فِي تِلْكَ السَّاعَةِ خَيْرٌ

سوئے ہوتے تو ایسے ہوتا جس طرح اُٹھائے گئے ہوں' آپ اُٹھتے اور غسل کرتے یا وضو کرتے' پھر چار رکعت نفل پڑھتے انہیں بہترین انداز میں مکمل کرتے اور ان میں قابو ہو جاتے' جب آپ نے چلنے کا ارادہ کیا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ جب سورج ڈھل جاتا ہے تو اگر آپ اُمورِ دنیا میں سے کچھ فرما رہے ہوتے تو اس کو چھوڑتے ہیں' اگر آپ سوئے ہوئے ہوں تو اس طرح ہوتا ہے گویا آپ جگائے گئے ہوں' آپ غسل کرتے ہیں یا وضو کرتے ہیں' پھر آپ چار رکعت پڑھتے ہیں' انہیں بہترین انداز میں مکمل کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس وقت جنت کے دروازے یا آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' جو کوئی اس وقت نماز پڑھے تو میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اعمال میرے رب کی بارگاہ میں بھلائی کے ساتھ پیش کیے جائیں۔

**3762** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّاقِدُ الْبَصْرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں ناپسند کرتا ہوں کہ آپ (نیچے رہیں) میں آپ کے اوپر والی منزل پر ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نیچے رہنے میں ہمارے لیے آسانی ہے کیونکہ لوگ ہمارے پاس آتے ہیں' میں نے مٹکا دیکھا' وہ ٹوٹ گیا' اس سے پانی



**3762**- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد **3** صفحه **521**' رقم الحديث: **5939** عن مرثد بن عبد الله عن أبي أمامة الباهلي عن ابي أيوب به ولم يذكر الطعام.

قُلْتُ: بِأَبِی وَأُمِّی إِنِّی أَكْرَهُ أَنْ أَكُونَ فَوْقَكَ وَتَكُونَ أَسْفَلَ مِنِّی، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنِ ارْفِقْ بِنَا أَنْ نَكُونَ فِی السُّفْلِ، لِمَنْ يَغْشَانَا مِنَ النَّاسِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ جَرَّةً لَنَا انْكَسَرَتْ فَأُهْرِيقَ مَاؤُهَا، فَقُمْتُ أَنَا وَأُمُّ أَيُّوبَ بِقَطِيفَةٍ لَنَا مَا لَنَا لِحَافٌ غَيْرُهَا، نُنَشِّفُ بِهَا الْمَاءَ، فَرَقًا مِنْ أَنْ يَصِلَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ شَیْءٌ يُؤْذِيهِ، وَكُنَّا نَصْنَعُ طَعَامًا، فَإِذَا رَدَّ مَا بَقِیَ مِنْهُ تَيَمَّمْنَا مَوَاضِعَ أَصَابِعِهِ، فَأَكَلْنَا مِنْهَا يُرِيدُ بِذَلِكَ الْبَرَكَةَ، فَرَدَّ عَلَيْنَا عَشَاءَهُ لَيْلَةً، وَكُنَّا جَعَلْنَا فِيهِ ثُومًا أَوْ بَصَلًا، فَلَمْ نَرَ فِيهِ أَثَرَ أَصَابِعِهِ، فَذَكَرْتُ لَهُ الَّذِی كُنَّا نَصْنَعُ وَالَّذِی رَأَيْنَا مِنْ رَدِّهِ الطَّعَامَ وَلَمْ يَأْكُلْ فَقَالَ: إِنِّی وَجَدْتُ مِنْهُ رِيحَ هَذِهِ الشَّجَرَةِ، وَأَنَا رَجُلٌ أُنَاجِی فَلَمْ أُحِبَّ أَنْ يُوجَدَ مِنِّی رِيحُهُ، فَأَمَّا أَنْتُمْ فَكُلُوهُ

بہہ گیا' میں اور اُم ایوب تھے' ہمارے پاس ایک چادر تھی' اس کے علاوہ ہمارے پاس لحاف نہیں تھا' ہم نے اس سے پانی نچوڑا اس خوف سے کہ اس سے رسول اللہ ﷺ تک کوئی شی نہ پہنچے جس سے آپ کو تکلیف ہو' ہم آپ کے لیے کھانا بناتے' جب آپ کھا لیتے جو باقی بچتا وہ ہم کو دے دیتے' ہم اس جگہ کو تلاش کرتے جس جگہ آپ ﷺ کی انگلیاں لگی ہوتی تھیں' ہم برکت حاصل کرنے کے لیے اسی جگہ سے کھاتے' ایک رات آپ نے ہم کو شام کا کھانا بھیجا' ہم نے اس میں لہسن یا پیاز ڈالا تھا' ہم نے آپ کو انگلیوں مبارک کے نشانات نہ دیکھے' میں نے آپ ﷺ کی بارگاہ میں ذکر کیا کہ ہم نے آپ کے لیے کھانا بنایا اور اس بات کا تذکرہ کیا کہ آپ نے کھائے بغیر کھانا لوٹا دیا ہے' آپ نے کھانا واپس بھیجا' اس سے نہیں کھایا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس میں لہسن یا پیاز کی بدبو پاتا ہوں' میں اپنے رب سے گفتگو کرتا ہوں' میں پسند نہیں کرتا ہوں کہ مجھ سے اس کی بدبو پائی جائے' تم اس کو کھاؤ۔

## الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، عَنْ أَبِی أَيُّوبَ

## حضرت براء بن عازب' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3763** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



**3763**- أخرج نحوه ابن حبان فی صحيحه جلد **7** صفحه **394**' رقم الحديث: **3124** عن ابی جحيفة عن البراء بن عازب عن ابی أيوب .

وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتًا عِنْدَ مَغْرِبِ الشَّمْسِ، اَوْ عِنْدَ مُغَيْرِبَانِ الشَّمْسِ، فَقَالَ: هَذِهِ الْيَهُودُ تُعَذَّبُ فِي قُبُورِهَا

حضور ﷺ نے سورج کے غروب ہونے کے وقت آواز سنی آپ نے فرمایا: یہ یہودیوں کی آوازیں ہیں جنہیں قبروں میں عذاب دیا جارہا ہے۔

**3764** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ اَبُو سَعِيدٍ الْمُعَلِّمُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ اَبَانَ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَيَّاشٍ الشِّبَامِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ اَوِ اصْفَرَّتْ لِلْمَغِيبِ، وَمَعِي كُوزٌ مِنْ مَاءٍ، فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ لِحَاجَتِهِ، وَقَعَدْتُ اَنْتَظِرُهُ حَتَّى جَاءَ فَوَضَّاْتُهُ، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوبَ اَتَسْمَعُ مَا اَسْمَعُ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اَسْمَعُ اَصْوَاتَ الْيَهُودِ يُعَذَّبُونَ فِي قُبُورِهِمْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلا جس وقت سورج غروب ہوا یا جب وہ غروب ہونے کے لیے پیلا یعنی زرد پڑا' میرے پاس پانی کا برتن تھا' حضور ﷺ قضاء حاجت کے لیے گئے اور میں آپ کے انتظار میں بیٹھ گیا' یہاں تک کہ آپ آئے تو میں نے آپ کو وضو کروایا' پھر آپ نے فرمایا: اے ابوایوب! کیا تم نے سنا ہے جو میں نے سنا ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں! آپ نے فرمایا: میں نے یہودیوں کی آوازیں سنی ہیں' جنہیں ان کی قبروں میں عذاب ہو رہا ہے۔

**3765** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ صَبِيًّا دُفِنَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بچہ دفن کیا گیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی قبر کے دبانے سے محفوظ رہتا تو یہ بچہ محفوظ رہتا۔



---

**3765**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه47 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَفْلَتَ اَحَدٌ مِنْ ضَمَّةِ الْقَبْرِ لَاَفْلَتَ هَذَا الصَّبِيُّ

## الْمِقْدَامُ بْنُ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت مقدام بن معدی کرب' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3766** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ ح، وَحَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الْجُرْجُسِيُّ الْحِمْصِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ السَّرَّاجُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، كِلَاهُمَا، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كِيلُوا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کھانا ناپ لیا کرو' تمہارے لیے اس میں برکت دی جائے گی۔

## زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## زید بن خالد الجہنی' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3767** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے



3766- اوردہ ابن ماجه فی سننه جلد2صفحه751' رقم الحدیث: 2232 عن خالد بن معدان عن المقدام بن معدی کرب عن ابی ایوب به .

3767- ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد5صفحه173 وقال: رواہ الطبرانی فی الأوسط والکبیر ورجاله رجال

وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس گھر میں کتا ہو یا تصویر ہو اس گھر میں فرشتے نہیں آتے ہیں۔

## أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

## حضرت انس بن مالک' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3768 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَأَبْطَأَتِ الْأَنْصَارُ عَنْ تَلَقِّيهِ فَلَمْ يَصْنَعْ بِهِمْ شَيْئًا، فَقَالَ أَبُو أَيُّوبَ: صَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتُصِيبُكُمْ أَثَرَةٌ فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي، قَالَ مُعَاوِيَةُ: فَاصْبِرُوا إِذَنْ، فَقَالَ أَبُو أَيُّوبَ: نَصْبِرُ كَمَا أُمِرْنَا، وَاللَّهِ لَا نفيلكها

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ آئے' انصار نے ملنے سے دیر کردی تو آپ نے ان سے کچھ نہیں کہا۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا ہے! حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم ترجیحات دیکھو گے' تم نے صبر کرنا ہے یہاں تک کہ مجھ سے ملو۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تب تو تم صبر کرو! حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم صبر کریں گے جس طرح ہم کو حکم دیا گیا ہے' اللہ کی قسم! ہم اس کیلئے آپ کے بارے بھی کمزور رائے نہیں رکھتے۔



---

الصحيح .

3768- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 38 وقال: رواه الطبراني وفيه يعقوب بن حميد بن كاسب وهو ضعيف وقد وثق .

# عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْخَطْمِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

# حضرت عبداللہ بن یزید الخطمی، حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3769** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، عَنْ خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَّاهُمَا بِجَمْعٍ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمْعًا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے (مزدلفہ میں) مغرب وعشاء کو اکٹھا پڑھا ہے۔

**3770** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ح، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ ح، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، كُلُّهُمْ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ جَمِيعًا . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُطَرِّفٍ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر مغرب وعشاء کو مزدلفہ میں اکٹھی پڑھی ہیں۔ یہ الفاظِ حدیث حضرت مطرف کے ہیں۔

حضرت ابراہیم بن عبداللہ بن حنین اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہم دونوں کا اختلاف ہو گیا کہ محرم اپنے سر کو پانی کے ساتھ بغیر جنابت کے کیسے دھوئے گا؟ حضرت مسور رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں دھوئے گا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: کیوں نہیں! ضرور دھوئے گا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھے حضرت ابوایوب کی طرف بھیجا کہ آپ

كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ وَيَغْسِلُ رَأْسَهُ إِذَا كَانَ مُحْرِمًا؟ فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ بَيْنَ قَرْنَيْ بِئْرٍ قَدْ سَتَرَ عَلَيْهِ بِثَوْبٍ، فَلَمَّا انْتَسَبْتُ إِلَيْهِ وَسَأَلْتُهُ ضَمَّ الثَّوْبَ إِلَيْهِ حَتَّى بَدَا لِي وَجْهُهُ وَرَأْسُهُ، وَإِنْسَانٌ قَائِمٌ عَلَى الْبِئْرِ يَصُبُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ فَأَمَرَّ أَبُو أَيُّوبَ يَدَيْهِ عَلَى رَأْسِهِ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ فَقَالَ الْمِسْوَرُ، لِابْنِ عَبَّاسٍ: لَا أُمَارِيكَ أَبَدًا، وَلَمْ يَرْفَعْهُ ابْنُ جُرَيْجٍ

کو آپ کے بھائی کے بیٹے حضرت عبداللہ بن عباس سلام کہہ رہے ہیں اور آپ سے پوچھتے ہیں کہ جب رسول کریم ﷺ احرام کی حالت میں ہوتے تو کیسے غسل کرتے اور سر دھوتے تھے؟ پس حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ مکہ میں کسی کنویں کے پاس تھے' میں نے آپ کے متعلق پوچھا' میں آپ کے پاس آیا' میں نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو دو کناروں کے درمیان پایا' آپ اپنے سر کو دھو رہے تھے' آپ نے کپڑے کے ساتھ پردہ کیا ہوا تھا' آپ نے کپڑا اوڑھ لیا اور اپنے سر کو ننگا کیا' کنویں پر کھڑے ہو کر ایک آدمی ان پر پانی ڈال رہا تھا' پھر اپنے سر کے بالوں کو اپنے ہاتھ کے ساتھ حرکت دی' اپنے ہاتھ بالوں میں رکھ کر اپنے بال آگے پیچھے کیے۔ حضرت مسور نے حضرت ابن عباس کی خدمت میں عرض کی: میں کبھی شک نہ کروں گا۔ ابن جریج نے اسے مرفوع ذکر نہیں کیا۔

**3883** - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ رَأْسَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو حالتِ احرام میں سر مبارک دھوتے ہوئے دیکھا۔

## عُمَارَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيَّادٍ، عَنْ

## حضرت عمارہ بن عبداللہ بن صیاد' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے

# اَبِی اَیُّوبَ

**3884** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيَّادٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: عَمَّرْنَا مَعَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَهْلُ الْبَيْتِ يُضَحُّونَ بِالشَّاةِ، ثُمَّ إِنَّ رَجُلًا ضَحَّى بِشَاتَيْنِ وَكَانَتْ بَعْدَ مُبَاهَاةٍ

# روایت کرتے ہیں

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے نبی پاک ﷺ کے ساتھ عمرہ کیا اور گھر والے ایک ہی بکری قربانی کرتے' پھر ایک آدمی دو بکریاں قربان کرتا' اس کے بعد فخر کرنے لگے (ایک سے زیادہ قربانی کرنے پر لوگ فخر کرنے لگے)۔

# اَفْلَحَ مَوْلَى اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

**3885** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا هُشَيْمٌ، أنا مَنْصُورُ بْنُ زَاذَانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَفْلَحَ، مَوْلَى أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ بِالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَيَغْسِلُ رِجْلَيْهِ فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ فَقَالَ: بِئْسَ مَالِي

# حضرت ابوایوب کے غلام حضرت افلح' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت افلح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ موزوں پر مسح کرنے کا حکم دیتے اور پاؤں دھونے کا بھی آپ سے اس کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: کتنا بُرا ہے میرے لیے اگرچہ تمہارے لیے آسانی ہے اور میرے لیے گناہ ہے' میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے اور اس کا حکم دیتے ہوئے دیکھا' لیکن مجھے پاؤں دھونا زیادہ پسند ہے۔

---

3885- أورد نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد 1صفحه293' رقم الحديث: 1300 عن محمد بن سيرين عن أفلح عن ابي أيوب به .

إِنْ كَانَ مَهْنَؤُهُ لَكُمْ وَمَأْثَمُهُ عَلَيَّ، رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَيَأْمُرُ بِهِ وَلَكِنِّي حُبِّبَ إِلَيَّ الْوُضُوءُ

**3886** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا شُعَيْبٍ، يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، ثنا أَفْلَحُ، غُلَامُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے اور موزوں پر مسح کرتے ہوئے اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ) داخل کر کے سر کا مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

**3887** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَفْلَحَ، مَوْلَى أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَلَيْهِ، فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّفْلِ، وَأَبُو أَيُّوبَ فِي الْعُلُوِّ فَانْتَبَهَ أَبُو أَيُّوبَ لَيْلَةً، فَقَالَ: أَنَمْشِي فَوْقَ رَأْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: السُّفْلُ أَرْفَقُ بِنَا قَالَ: وَكَانَ أَبُو أَيُّوبَ إِذَا بَعَثَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ سَأَلَ عَنْ مَوَاضِعِ أَثَرِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ إِلَيْهِ أَبُو أَيُّوبَ بِطَعَامٍ فِيهِ ثُومٌ، فَلَمْ يَرَ فِيهِ أَثَرَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ جب مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کر کے آئے تو میرے ہاں ٹھہرے اور نبی پاک ﷺ نیچے تھے اور میں اوپر تھا' میں ایک رات اُٹھا اور میں نے کہا: کیا ہم رسول اللہ ﷺ کے سر کے اوپر چل رہے ہیں اور حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: نیچے رہنا ہمارے لیے زیادہ بہتر ہے اور میں حضور ﷺ کی طرف کھانا بھیجتا اور حضور ﷺ کھا کر واپس بھیجتے' میں اس کھانے میں آپ ﷺ کی انگلیوں کے نشانات تلاش کرتا' ایک دن میں نے حضور ﷺ کی طرف کھانا بھیجا اور اس میں لہسن تھا اور اس میں رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں کے نشانات نہ دیکھے تو میں نے عرض کی: کیا یہ حرام ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اس کو



3886- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 257 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه الصلت بن دينار وهو متروك.

مَوْضِعَ اَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَرَامٌ هُوَ؟، قَالَ: لَا، وَلٰكِنِّي اَكْرَهُهُ، فَقَالَ: اِنِّي اَكْرَهُ مَا كَرِهْتَ، اَوْ مَا تَكْرَهُ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى

ناپسند کرتا ہوں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جس کو آپ پسند کرتے ہیں' اس کو میں بھی ناپسند کرتا ہوں۔

افلح مولى ابى ايوب عن ابى ايوب

**3888** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاَشْجَعِيُّ، ثنا سَعْدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ اَفْلَحَ، مَوْلَى اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّهُ مَرَّ بِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَاَبِي اَيُّوبَ وَهُمَا قَاعِدَانِ عِنْدَ مَسْجِدِ الْجَنَائِزِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: تَذْكُرُ حَدِيثًا، حَدَّثَنَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَجْلِسِ الَّذِي نَحْنُ فِيهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، عَنِ الْمَدِينَةِ سَمِعْتُهُ وَهُوَ يَزْعُمُ اَنَّهُ سَيَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُفْتَحُ فِيهِ فَتَحَاتُ الْاَرْضِ، فَيَخْرُجُ اِلَيْهَا رِجَالٌ يُصِيبُونَ رَخَاءً وَعَيْشًا وَطَعَامًا فَيَمُرُّونَ عَلَى اِخْوَانٍ لَهُمْ حُجَّاجًا اَوْ عُمَّارًا فَيَقُولُونَ: مَا يُقِيمُكُمْ فِي لَاْوَاءِ الْعَيْشِ وَشِدَّةِ الْجُوعِ؟، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَذَاهِبٌ وَقَاعِدٌ - حَتَّى قَالَهَا مِرَارًا - وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَا يُثْبُتُ بِهَا اَحَدٌ فَيَصْبِرُ عَلَى لَاْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا، حَتَّى يَمُوتَ اِلَّا كُنْتُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَهِيدًا اَوْ شَفِيعًا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت افلح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضرت زید بن ثابت اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہما کے پاس سے گزرے' دونوں جنازگاہ کی مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے' ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: ہم کو رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے حدیث بیان کریں' اس مجلس میں جس میں ہم ہیں۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے! میں نے مدینہ میں یہ حدیث سنی ہے' جس طرح آپ کا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا' ان پر زمین بڑی وسیع کر دی جائے گی' لوگ آسانی حاصل کرنے کے لیے کھانے کے لیے نکلیں گے' وہ ان کے پاس ان کے بھائی حج کرنے والے یا عمرہ کرنے والے گزریں گے۔ وہ کہیں گے: تمہارے لیے یہ عیاش اور سخت بھوک' تم کو سیدھے کرے گی؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جانے والا اور بیٹھنے والا' کئی مرتبہ آپ نے فرمایا: حالانکہ ان کے لیے مدینہ بہتر ہے' جو کوئی اس کی آزمائش اور سختی پر صبر کر کے بیٹھے رہے مرتے دم تک تو میں اس کے لیے قیامت کے دن

---

**3888**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه300 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

سفارش کروں گا یا گواہ ہوں گا۔

3889 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْحَدَّادُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْوَرْدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ غُلَامِ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَنَزَلَ عَلَى اَبِي اَيُّوبَ فَاُنْزِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّفْلَ، وَنَزَلَ اَبُو اَيُّوبَ الْعُلُوَّ، فَلَمَّا اَمْسَى وَبَاتَ، فَجَعَلَ اَبُو اَيُّوبَ يَذْكُرُ اَنَّهُ عَلَى ظَهْرِ بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْفَلَ مِنْهُ، وَهُوَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْوَحْيِ، فَجَعَلَ اَبُو اَيُّوبَ لَا يَنَامُ يُحَاذِرُ اَنْ يَتَنَاثَرَ عَلَيْهِ الْغُبَارُ وَيَتَحَرَّكُ فَيُؤْذِيَهُ، فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا جَعَلْتُ اللَّيْلَةَ فِيهَا غَمْضًا اَنَا وَلَا اُمُّ اَيُّوبَ، قَالَ: وَمِمَّ ذَاكَ يَا اَبَا اَيُّوبَ؟ ، قَالَ: ذَكَرْتُ اَنِّي عَلَى ظَهْرِ بَيْتٍ اَنْتَ اَسْفَلَ مِنِّي، فَاَتَحَرَّكُ فَيَتَنَاثَرُ عَلَيْكَ الْغُبَارُ، وَيُؤْذِيكَ تَحْرِيكِي، وَاَنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْوَحْيِ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلْ يَا اَبَا اَيُّوبَ اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِذَا قُلْتَهُنَّ بِالْغَدَاةِ عَشْرَ مَرَّاتٍ وَبِالْعَشِيِّ عَشْرَ مَرَّاتٍ اُعْطِيتَ بِهِنَّ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَكُفِّرَ لَكَ بِهِنَّ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَكَ بِهِنَّ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكُنَّ لَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَعِدْلِ عَشْرِ مُحَرَّرِينَ، تَقُولُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مدینہ شریف تشریف لائے' آپ میرے گھر ٹھہرے' حضورﷺ نیچے والے حصے میں ٹھہرے اور میں اوپر والے حصے میں ٹھہرا' جب شام ہوئی تو میں ساری رات سوچتا رہا کہ رسول اللہﷺ نیچے والے حصے میں ہیں حالانکہ آپﷺ کے اوپر وحی نازل ہوتی' میں سوتا نہیں تھا اس ڈر (احتیاط) سے کہ آپ پر غبار نہ گرے اور حرکت نہ کرے اور آپ کو تکلیف نہ ہو۔ جب صبح ہوئی تو میں رسول اللہﷺ کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں اور اُم ایوب نے ساری رات آنکھ لگا کر نہیں دیکھی' آپﷺ نے فرمایا: اے ابوایوب! وہ کیوں؟ عرض کی: میں نے خیال کیا کہ آپ گھر کے نیچے والے حصے میں ہیں اور میں اوپر والے حصہ میں حرکت کروں اور آپ پر غبار گرے اور میری حرکت کی وجہ سے آپ کو تکلیف ہو اور میں آپ کے درمیان اور وحی کے درمیان حائل ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے ابوایوب! ایسا نہ کرو' کیا تمہیں چند ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ جب تُو صبح و شام ان کلمات کو دس مرتبہ پڑھ لے تو تجھے دس نیکیاں دی جائیں گی اور تیرے دس گناہ معاف کیے جائیں گے اور تیرے دس درجات بلند کیے جائیں گے اور تیرے لیے قیامت کے دن دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہوگا' تُو پڑھ: "لا الہ الا اللّٰہ الی آخرہٖ"۔

الْحَمْدُ لَا شَرِيكَ لَهُ

## عُثْمَانُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلَى اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت ابوایوب کے غلام عثمان بن جبیر، حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3889** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلَى اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي وَاَوْجِزْ قَالَ: اِذَا قُمْتَ فِي صَلَاتِكَ فَصَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ وَلَا تَكَلَّمْ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْهُ وَاجْمَعِ الْيَاْسَ مِمَّا فِي اَيْدِي النَّاسِ .

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی مختصر بات سکھائیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تُو نماز کے لیے کھڑا ہوتو ایسے کھڑا ہو جیسے کہ یہ الوداعی نماز ہے اور ایسی گفتگو نہ کر جس سے تجھے معذرت کرنی پڑے' جو لوگوں کے پاس ہے اس سے تُو مایوس ہو جا۔

**3890** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

## اَبُو سُفْيَانَ طَلْحَةُ

## حضرت ابوسفیان طلحہ بن نافع'



---

**3890**- أورده ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1396' رقم الحديث: **4171** عن ابن خثيم عن عثمان بن جبير عن أبي أيوب به .

## بْنُ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3891** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِي حَكِيمٍ، حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ، وَاَدَاءُ الْاَمَانَةِ كَفَّارَةٌ مَا بَيْنَهُمَا ، قُلْتُ: مَا اَدَاءُ الْاَمَانَةِ؟، قَالَ: غُسْلُ الْجَنَابَةِ فَاِنَّ تَحْتَ كُلِّ شَعْرَةٍ جَنَابَةٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں اور ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک اور امانت ادا کرنا' یہ دونوں کے درمیان ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے۔ میں نے عرض کی: امانت ادا کرنے سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: غسل جنابت! کیونکہ جب غسل فرض ہو تو ہر بال کے نیچے جنابت ہوتی ہے۔

## مَعْمَرُ بْنُ حَزْمٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت معمر بن حزم' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3892** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْاَيْذَجِيُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَنْبَسَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما آپ کے آگے اور آپ کی گود میں کھیل رہے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ!



---

**3891**- أورده ابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 196' رقم الحديث: 598 عن عتبة بن أبي حكيم عن طلحة بن نافع عن أبي ايوب به .

**3892**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 181 وقال: رواه الطبراني وفيه الحسن بن عنبسة وهو ضعيف .

الْحَزْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَلْعَبَانِ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَفِي حِجْرِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتُحِبُّهُمَا؟، قَالَ: وَكَيْفَ لَا اُحِبُّهُمَا وَهُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا اَشُمُّهُمَا

آپ ان دونوں سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں ان دونوں سے محبت کیوں نہ کروں! یہ دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں' میں ان کو سونگھتا ہوں (یا دوسرا معنی ہے: میں ان سے راحت پاتا ہوں)۔



## اَبُو صِرْمَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

## حضرت ابوصرمہ' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3893** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ قَاصُّ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي صِرْمَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا اَنَّكُمْ تُذْنِبُونَ، لَخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُونَ يَغْفِرُ لَهُمْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تم گناہ نہیں کرو گے تو اللہ عزوجل ایسی مخلوق کو لائے گا جو گناہ کریں گے (اور اللہ عزوجل سے بخشش مانگیں گے تو) اللہ عزوجل ان کو معاف کرے گا۔

## مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت محمد بن کعب القرظی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3894** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

---

**3893**- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2105' رقم الحديث: 2748 عن أبي صرمة عن ابي ايوب به .

حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُذْنِبُونَ وَيَغْفِرُ لَهُمْ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تم گناہ نہیں کرو گے تو اللہ عزوجل ایسی مخلوق کو لائے گا جو گناہ کریں گے (اور اللہ عزوجل سے بخشش مانگیں گے تو) اللہ عزوجل ان کو معاف کرے گا۔

3895 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّهُ كَانَ خَالَفَ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ فِي صَلَاتِهِ، فَقَالَ لَهُ مَرْوَانُ: مَا يَحْمِلُكَ عَلَى هَذَا؟ فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي صَلَاةً اِنْ وَافَقْتَهُ وَافَقْتُكَ، وَاِنْ خَالَفْتَهُ صَلَّيْتُ وانْقَلَبْتُ اِلَى اَهْلِي

حضرت محمد بن کعب القرظی سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ مروان بن حکم کی نماز کے متعلق مخالفت کرتے تھے' مروان نے آپ سے کہا: آپ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اگر تو آپ کے نقش قدم سے ملے گا تو میں تیری موافقت کروں گا' اگر تُو مخالفت کرے گا تو میں اپنی نماز پڑھوں گا اور اپنے گھر چلا جاؤں گا۔

## عَاصِمُ بْنُ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت عاصم بن سفیان ثقفی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3896 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے ایسے وضو کیا جس طرح حکم دیا گیا ہے اور ایسے ہی نماز پڑھی جس طرح کہ حکم دیا گیا ہے تو اس کے پہلے گناہ



3895- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2 صفحه68 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

3896- أورده الدارمي في سننه جلد1 صفحه197' رقم الحديث: 717 عن عاصم بن سفيان عن أبي أيوب به .

الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلَّى كَمَا اُمِرَ غُفِرَ لَهُ مَا قَدَّمَ مِنْ عَمِلٍ اَكَذَلِكَ يَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ

معاف کیے جائیں گے' اے علقمہ بن عامر! کیا ایسے ہی ہے؟ حضرت علقمہ نے عرض کی: جی ہاں!

**3897** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو ثَابِتٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَدِينِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلَّى كَمَا اُمِرَ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذُنُوبِهِ، اَكَذَلِكَ يَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے ایسے وضو کیا جس طرح حکم دیا گیا ہے اور ایسے ہی نماز پڑھی جس طرح کہ حکم دیا گیا ہے تو اس کے پہلے گناہ معاف کیے جائیں گے' اے علقمہ بن عامر! کیا ایسے ہی ہے؟ حضرت علقمہ نے عرض کی: جی ہاں!

## سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت سفیان بن وہب خولانی' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں' حضرت سفیان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے

**3898** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، اَنَّ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمارے لیے کھانا بھیجا اس کھانے میں لہسن یا پیاز تھا' اس کھانے میں رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں کے نشانات نہ تھے' تو میں نے کھانے سے

سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَ اِلَيْهِ بِطَعَامٍ مَعَ خَضِرَةٍ فِيهِ بَصَلٌ اَوْ كُرَّاثٌ لَمْ يَرَ فِيهِ اَثَرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَبَى اَنْ يَاْكُلَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْكُلَ؟ قَالَ: لَمْ اَرَ فِيهِ اَثَرَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْتَحْيِي مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ وَلَيْسَ بِمُحَرَّمٍ

انکار کر دیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں کھانے سے کیا رکاوٹ ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اس میں آپ کی انگلیوں کے نشانات نہیں دیکھے حضور ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے فرشتوں سے حیا کرتا ہوں یہ حرام نہیں۔

حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: لِلرَّجُلِ مِنَ امْرَاَتِهِ كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا الْفَرْجَ- يَعْنِي وَهِيَ حَائِضٌ- قَالَ: يَبِيتَانِ فِي لِحَافٍ وَاحِدٍ، يَعْنِي الْحَائِضَ اِذَا كَانَ عَلَى الْفَرْجِ ثَوْبٌ

حضرت حسن فرماتے ہیں: ایک آدمی کے لیے جائز ہے اس کی عورت سے سوائے اس کی فرج کے یعنی اس حال میں کہ وہ حیض والی ہو فرمایا: وہ دونوں ایک ہی بستر میں لیٹ کر رات گزار سکتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ عورت حیض والی ہو اور اس نے اپنے فرج پر کوئی کپڑا ڈالا ہوا ہو۔

## يَعْقُوبُ بْنُ عَفِيفِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت یعقوب بن عفیف بن میّب حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3899 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَفِيفِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا اَيُّوبَ صَاحِبَ

حضرت یعقوب بن عفیف بن میّب سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آدمی اپنے گھر میں نماز پڑھ لے پھر مسجد میں آئے اور لوگوں کو نماز پڑھتا ہوا پائے تو کیا لوگوں کے ساتھ نماز دوبارہ پڑھے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُ، عَنِ الرَّجُلِ يُصَلِّي فِي بَيْتِهِ، ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ فَيُدْرِكُ تِلْكَ الصَّلَاةَ أَيُعِيدُهَا مَعَ النَّاسِ أَمْ لَا؟، قَدْ سَأَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: نَعَمْ يُعِيدُهَا ذَلِكَ لَهُ سَهْمُ جَمْعٍ

گا یا نہیں؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ہاں! لوٹائے گا' یہ اس کو دُگنا ثواب ملے گا۔

**3900** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَفِيفَ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْمُسَيَّبِ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ، مِنْ أَسَدِ خُزَيْمَةَ، أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: أُصَلِّي فِي مَنْزِلِي الصَّلَاةَ ثُمَّ آتِي الْمَسْجِدَ، فَتُقَامُ الصَّلَاةُ فَأُصَلِّي مَعَهُمْ فَأَجِدُ فِي نَفْسِي مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا، فَقَالَ أَبُو أَيُّوبَ: سَأَلْنَا عَنْ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: بِذَلِكَ لَهُ سَهْمُ جَمْعٍ . قَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: قَالَ ابْنُ وَهْبٍ عَفِيفُ بْنُ عُمَرَ: وَالصَّوَابُ عَفِيفُ بْنُ عَمْرٍو، قَدْ رَوَى مَالِكٌ عَنْ عَفِيفٍ هَذَا الْحَدِيثَ. فَقَالَ عَفِيفُ بْنُ عَمْرٍو، لَمْ يَرْفَعْهُ مَالِكٌ

حضرت بکیر بن عبداللہ بن اشج سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت عفیف بن عمر بن میتب سے سنا' وہ فرمارہے تھے کہ بنواسد خزیمہ کے ایک آدمی نے ان سے حدیث بیان کی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ میں اپنے گھر میں نماز پڑھ لوں پھر مسجد میں آؤں اور لوگوں کو نماز پڑھتا ہوا پاؤں تو کیا لوگوں کے ساتھ نماز دوبارہ پڑھوں گا یا نہیں؟ مجھے اس میں کچھ شک ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ہاں! لوٹائے گا' یہ اس کو دُگنا ثواب ملے گا۔ امام احمد بن صالح فرماتے ہیں: ابن وہب عفیف بن عمر کہتے ہیں: درست عفیف بن عمر ہے۔ مالک نے یہ حدیث عفیف سے روایت کی ہے۔ عفیف بن عمرو نے فرمایا: یہ حدیث مرفوع نہیں ہے۔

## الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

## حضرت مطلب بن عبداللہ بن



---

3900- أورد نحوه مالك في الموطأ جلد 1 صفحه 133' رقم الحديث: 299 عن عفيف عن رجل من بني أسد عن أبي ايوب به .

## بْنِ حَنْطَبِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حنطب' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3901** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ اَبُو اَيُّوبَ لِمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبْكُوا عَلَى الدِّينِ اِذَا وَلِيَتْمُوهُ اَهْلَهُ وَلَكِنِ ابْكُوا عَلَيْهِ اِذَا وَلِيَتْمُوهُ غَيْرَ اَهْلِهِ

حضرت مطلب بن عبداللہ فرماتے ہیں: حضرت ابوایوب نے مروان بن حکم سے فرمایا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: دین پر مت رونا جب تک اہل لوگ اس کے والی ہوں' لیکن اس وقت (دین پر) ضرور رونا جب غیر اہل اس کے والی بن جائیں۔

## اَبُو اِسْحَاقَ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## بنی ہاشم کے غلام ابواسحاق' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3902** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا اِسْحَاقَ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَهُ اَنَّهُمْ ذَكَرُوا يَوْمًا مَا يُنْتَبَذُ فِيهِ، فَتَنَازَعُوا فِي الْقَرْعِ، فَمَرَّ بِهِمْ اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ، فَاَرْسَلُوا اِلَيْهِ اِنْسَانًا، فَقَالَ

حضرت بکیر فرماتے ہیں کہ بنی ہاشم کے غلام ابواسحاق نے بیان کیا ہے کہ وہ ایک دن ذکر کر رہے تھے کہ میں نے نبیذ بنانی چاہی' اُنہوں نے قرع میں جھگڑا کیا' ان کے پاس سے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ گزرے' اُنہوں نے آپ کی طرف کسی کو بھیجا' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول



---

3901- رواه الطبراني في الأوسط جلد 1صفحه94 رقم الحديث: 184' جلد9صفحه144 رقم الحديث: 9366 عن كثير بن زيد عن المطلب بن عبد الله عن أبي أيوب به .

3902- اورده أحمد في مسنده جلد5صفحه414' رقم الحديث: 23559 عن بكير عن أبي اسحاق مولى بني هاشم عن أبي أيوب به .

اَبُو اَيُّوبَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ كُلِّ مُزَفَّتٍ يُنْتَبَذُ فِيهِ، لَمْ يَزِدْ عَلَيْهِ

اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے مزفت برتن میں نبیذ بنانے سے منع کیا' آپ نے اس پر اضافہ نہ کیا۔

## عُبَيْدُ بْنُ تِعْلَى، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ

## حضرت عبید بن تعلیٰ' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3903** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُصَبَّرَ الدَّابَّةُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا۔

**3904** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ فَاُتِيَ بِاَرْبَعَةِ اَعْلَاجٍ مِنَ الْعَدُوِّ، فَاَمَرَ بِهِمْ فَقُتِلُوا صَبْرًا بِالنَّبْلِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ اَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ قَتْلِ الصَّبْرِ

حضرت عبید بن تعلیٰ فرماتے ہیں: ہم نے حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کی معیت میں جہاد کیا' آپ کے پاس چار دشمن لائے گئے' آپ نے ان کو باندھ کر تیروں کے ساتھ قتل کرنے کا حکم دیا' یہ بات حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے باندھ کر قتل کرنے سے منع کیا۔

**3905** - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا۔



---

3903- أورد نحوه في مسنده جلد5صفحه422' رقم الحديث: 23637 عن بكير بن عبد الله عن ابيه عن عبيد بن يعلى عن أبي أيوب به .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ صَبْرِ الْبَهِيمَةِ

**3906** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ تِعْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنْ صَبْرِ الْبَهِيمَةِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا۔

**3907** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ تِعْلَى، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اَيُّوبَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَبْرِ الدَّابَّةِ فَلَوْ كَانَتْ دَجَاجَةٌ مَا صَبَرْتُهَا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا' اگرچہ مرغی ہو میں اس کو نہیں باندھتا ہوں۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک انصاری' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3908** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو جمعہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: جس

---

3907- أورد أحمد في مسنده جلد5صفحه422' رقم الحديث: 23637 عن بكير بن عبد الله عن أبيه عن عبيد بن يعلى عن أبي أيوب به .

3908- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه171 وقال: رواه كله أحمد والطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: مَنِ اغْتَسَلَ وَمَسَّ مِنْ طِيبٍ إِنْ كَانَ عِنْدَهُ وَلَبِسَ مِنْ أَحْسَنِ ثِيَابِهِ، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى يَأْتِيَ الْمَسْجِدَ فَلَمْ يَتَخَطَّ رِقَابَ النَّاسِ، وَأَنْصَتَ إِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ، فَلَمْ يَتَكَلَّمْ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِي تَلِيهَا

نے غسل کیا اور خوشبو لگائی اگر اس کے پاس ہو اور اچھے کپڑے پہنے پھر مسجد میں آئے اور لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے جب امام نکلے تو خاموش رہے اور گفتگو نہ کرے اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے گناہ معاف ہو گئے۔

3909 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَمَسَّ طِيبًا إِنْ كَانَ عِنْدَهُ وَلَبِسَ مِنْ أَحْسَنِ ثِيَابِهِ، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى يَأْتِيَ الْمَسْجِدَ فَيَرْكَعَ مَا بَدَا لَهُ وَلَمْ يُؤْذِ أَحَدًا، ثُمَّ أَنْصَتَ إِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى.

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمعہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: جس نے غسل کیا اور خوشبو لگائی اگر اس کے پاس ہو اور اچھے کپڑے پہنے پھر مسجد میں آیا اور لوگوں کو تکلیف نہ دی جب امام نکلے تو خاموش رہے اور گفتگو نہ کرے اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے گناہ معاف ہو گئے۔



حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک سلمی بیان

3909- أورده احمد في مسنده جلد 5 صفحه 420' رقم الحديث: 23618 عن عمران بن ابي يحيى عن عبد الله بن كعب بن مالك عن ابي ايوب به .

يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي يَحْيَى التَّيْمِيِّ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ السُّلَمِيَّ، حَدَّثَنَا اَنَّ اَبَا اَيُّوبَ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَمَسَّ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ

کرتے ہیں کہ حضرت ابوایوب صحابی رسول ﷺ نے بیان کیا کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور خوشبو لگائی' پھر اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3910** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلِ الَّذِي يَسْمَعُهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَيَرُدُّ عَلَيْهِ يَهْدِيكَ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ پڑھے: ''الحمد للّٰه علٰی کل حال'' اور جو سننے والا ہے وہ اس کے بعد جواب میں یہ کہے: ''یرحمك اللّٰه'' اور چھینک والا اس کا جواب دے: ''یھدیك اللّٰه ویصلح بالك''۔

**3911** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا عَبْدُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ماں کا ذبح' بچہ کا

**3910**- اورده احمد في صحيحه جلد5صفحه422' رقم الحديث: 23636 عن محمد بن عبد الرحمٰن بن ابى ليلٰى عن أخيه عن أبيه عن أبى أيوب به .

**3911**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه128' رقم الحديث: 7112 عن محمد بن عبد الرحمٰن بن أبى ليلٰى عن أخيه عن ابيه عن أبى أيوب به ..

اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ اُمِّهِ

ذبح ہے۔

عبد الرحمن بن ابی لیلی عن ابی ایوب

**3912** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّهُ كَانَ فِي سَهْوَةٍ لَهُ، فَكَانَتِ الْغُولُ تَجِيءُ فَتَدْخُلُ، فَشَكَاهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِذَا رَاَيْتَهَا فَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتْ، فَقَالَ لَهَا، فَاَخَذَهَا، فَقَالَتْ: لَا اَعُودُ، فَاَرْسَلَهَا فَجَاءَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ اَسِيرُكَ؟ فَقَالَ: اَخَذْتُهَا، فَقَالَتْ: لَا اَعُودُ فَاَرْسَلْتُهَا، فَقَالَ: اِنَّهَا عَائِدَةٌ فَاَخَذْتُهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا كُلُّ ذٰلِكَ تَقُولُ: لَا اَعُودُ، وَيَجِيءُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: مَا فَعَلَ اَسِيرُكَ، فَيَقُولُ: اَخَذْتُهَا فَتَقُولُ: لَا اَعُودُ، فَيَقُولُ: اِنَّهَا عَائِدَةٌ فَاَخَذْتُهَا،

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی خزانہ کی کوٹھڑی تھی' چوری کرنے والا آتا اور اس میں داخل ہو جاتا' آپ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب تُو اس کو دیکھے تو پڑھ: اللہ کے نام سے شروع! رسول اللہ ﷺ آپ کو بلا رہے ہیں' وہ (جنّی) آئی' میں نے اس کو دیکھا' اس کو کہا: اس کو پکڑا' اس نے کہا: میں دوبارہ نہیں آؤں گی' آپ نے اس کو چھوڑ دیا' حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ ﷺ نے فرمایا: آپ نے اپنے چور کے ساتھ کیا کیا؟ عرض کی: میں نے اس کو پکڑا ہے' اس نے کہا: میں دوبارہ نہیں آؤں گی' میں نے اس کو چھوڑ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ آئے گی' میں نے اس کو دو مرتبہ یا تین مرتبہ پکڑا' ہر مرتبہ اس نے کہا: میں نہیں آؤں گی! آپ ﷺ نے فرمایا: آپ نے قیدی چور کے ساتھ کیا کیا؟ عرض کی: میں نے اس کو پکڑا' اس نے کہا: میں دوبارہ نہیں آؤں گی' آپ ﷺ نے فرمایا: وہ دوبارہ آئے گی! میں نے اس کو پکڑا تو اس نے کہا: مجھے چھوڑ دے! میں تمہیں ایسی

3912- اورده الترمذی فی سننه جلد 5صفحه158' رقم الحديث: 2880 عن محمد بن عبد الرحمن بن أبی ليلى عن اخيه عن أبيه عن ابی ايوب به .

فَقَالَتْ: اَرْسِلْنِي وَاُعَلِّمُكَ شَيْئًا تَقُولُهُ وَلَا يَقْرَبُكَ شَيْءٌ، آيَةَ الْكُرْسِيِّ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: صَدَقَتْ وَهِيَ كَذُوبٌ

شی کے متعلق بتاتی ہوں کہ تُو اس کو پڑھے گا تو تیرے قریب کوئی شی (جن' بھوت' بلا) نہیں آئے گی' وہ آیۃ الکرسی ہے۔ میں حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے آپ کو بتایا' آپ نے فرمایا: وہ سچ کہہ گئی لیکن تھی وہ جھوٹی۔



**3913** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْجَارُودِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ شَاذَانُ، ثنا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ لِي نَخْلٌ فِي سَهْوَةٍ لِي، فَجَعَلْتُ اَرَاهُ يَنْقُصُ مِنْهُ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّكَ سَتَجِدُ فِيهِ غَدًا هِرَّةً فَقُلْ: اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ وَجَدْتُ فِيهِ هِرَّةً، فَقُلْتُ: اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَحَوَّلَتْ عَجُوزًا وَقَالَتْ: اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ لَمَا تَرَكْتَنِي، فَاِنِّي غَيْرُ عَائِدَةٍ، فَتَرَكْتُهَا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ الرَّجُلُ وَاَسِيرُهُ؟ فَاَخْبَرْتُهُ خَبَرَهَا، فَقَالَ: كَذَبَتْ هِيَ عَائِدَةٌ، فَقُلْ لَهَا: اَجِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَتَحَوَّلَتْ عَجُوزًا، فَقَالَتْ: اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا اَيُّوبَ لَمَا تَرَكْتَنِي هَذِهِ الْمَرَّةَ، فَاِنِّي غَيْرُ عَائِدَةٍ فَتَرَكْتُهَا، ثُمَّ اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي كَمَا قَالَ لِي، فَقُلْتُ ذَلِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے ہاں ایک کھجوروں کی کوٹھڑی تھی' میں اس میں دیکھتا تو وہ کم ہوئی ہوتی تھیں' میں نے اس کا ذکر حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کیا تو آپ نے فرمایا: تُو کل ایک بلی کو پائے گا' تُو اس سے کہہ: تجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا رہے ہیں' جب آئندہ کل آیا تو میں نے بلی پائی' میں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں بلا رہے ہیں۔ وہ بوڑھی ہوگئی' اس نے کہا: میں تمہیں اللہ کی قسم دلاتی ہوں کہ تم مجھے چھوڑ دو' دوبارہ نہیں آؤں گی۔ میں نے اس کو چھوڑ دیا' میں حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آدمی اور چور کا کیا کیا؟ میں نے آپ کو تمام بات بتائی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ جھوٹی تھی' دوبارہ آئے گی۔ تو اس کو کہنا: تجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا رہے ہیں' وہ بوڑھی ہو جائے گی۔ اس نے کہا: اے ابوایوب! میں تمہیں اللہ کی قسم دلاتی ہوں' اس بار تم مجھے چھوڑ دو میں دوبارہ نہیں آؤں گی۔ میں نے اس کو چھوڑ دیا پھر میں حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو آپ نے دوبارہ مجھے پہلے والی بات فرمائی' میں نے تین مرتبہ عرض کیا' تیسری مرتبہ اس نے

ثَلاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَتْ لِي فِي الثَّالِثَةِ: أُذَكِّرُكَ اللَّهَ يَا أَبَا أَيُّوبَ لَمَا تَرَكْتَنِي حَتَّى أُعَلِّمَكَ شَيْئًا لَا يَسْمَعُهُ شَيْطَانٌ فَيَدْخُلُ ذَلِكَ الْبَيْتَ، فَقُلْتُ: مَا هُوَ؟ فَقَالَتْ: آيَةُ الْكُرْسِيِّ، لَا يَسْمَعُهَا شَيْطَانٌ إِلَّا ذَهَبَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقَتْ وَإِنْ كَانَتْ كَذُوبًا

مجھے کہا: اے ابوایوب! تم مجھے اس مرتبہ چھوڑ دو! میں تمہیں ایسی شی بتاؤں گی کہ شیطان اس کو سنے گا تو تیرے گھر داخل نہ ہوگا۔ میں نے کہا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: آیۃ الکرسی! جب کوئی شیطان اسے سنے گا تو وہ چلا جائے گا۔ میں نے اس بات کا ذکر حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کیا تو آپ نے فرمایا: اگرچہ وہ جھوٹی تھی لیکن بات سچی کرگئی ہے۔

3914 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: أَصَبْتُ جِنِّيَّةً، فَقَالَتْ لِي: دَعْنِي وَلَكَ عَلَيَّ أَنْ أُعَلِّمَكَ شَيْئًا إِذَا قُلْتَهُ لَمْ يَضُرَّكَ مِنَّا أَحَدٌ، قَالَ: قُلْتُ: مَا هُوَ؟ قَالَتْ: آيَةُ الْكُرْسِيِّ (اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة:255) فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقَتْ وَهِيَ كَذُوبٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک جنی کو پایا' اُس نے مجھے کہا: مجھے چھوڑیں! میں تمہیں ایسی شی بتاتی ہوں کہ جب تم اسے پڑھ لو گے تو ہم میں سے کوئی شی تمہیں نقصان نہیں دے گی۔ میں نے کہا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: آیۃ الکرسی! ''اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم'' ہے۔ میں نے اس کا ذکر حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں کیا تو آپ نے فرمایا: وہ جھوٹی تھی لیکن بات سچی کرگئی۔

3915 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَابِقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا أَبُو فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: كُنْتُ مُؤْذًى بِسَامِرِ الْبَيْتِ فَشَكَوْتُ ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَكَانَتْ رَوْزَنَةٌ فِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے گھر میں جن تکلیف دیتا تھا' میں نے اس کا ذکر حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کیا' وہ ہمارے گھر میں رہتی تھی' آپ نے فرمایا: اس کو دیکھنا! جب تم سے کوئی شی مانگے تو اس کو کہنا: تُو ہلاک ہو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تجھے بلا رہے ہیں۔ میں اس کے انتظار میں رہا' جب میرے گھر آیا تو

بَيْتٍ لَنَا، فَقَالَ: ارْصُدْهُ فَإِذَا اَنْتَ عَايَنْتَ شَيْئًا، فَقُلْ: اخْسَ يَدْعُوكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَرَصَدْتُ فَإِذَا شَيْءٌ قَدْ تَدَلَّى مِنْ رَوْزَنَةٍ، فَوَثَبْتُ اِلَيْهِ، وَقُلْتُ: اخْسَ يَدْعُوكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخَذْتُهُ فَتَضَرَّعَ اِلَيَّ وَقَالَ لِي لَا اَعُودُ، قَالَ: فَاَرْسَلْتُهُ، فَلَمَّا اَصْبَحْتُ غَدَوْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ اَسِيرُكَ؟ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي كَانَ فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَيَعُودُ قَالَ: فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ آخُذُهُ وَاُخْبِرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِي كَانَ، فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ اَخَذْتُهُ، ثُمَّ قُلْتُ: مَا اَنْتَ بِمُفَارِقِي حَتَّى آتِيَ بِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَاشَدَنِي وَتَضَرَّعَ اِلَيَّ وَقَالَ: اُعَلِّمُكَ شَيْئًا اِذَا قُلْتَهُ مِنْ لَيْلَتِكَ لَمْ يَقْرَبْكَ جَانٌّ وَلَا لِصٌّ، قَالَ: تَقْرَاُ آيَةَ الْكُرْسِيِّ، قَالَ: فَاَرْسَلْتُهُ، ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ اَسِيرُكَ؟، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَاشَدَنِي وَتَضَرَّعَ اِلَيَّ حَتَّى رَحِمْتُهُ وَعَلَّمَنِي شَيْئًا اَقُولُهُ اِذَا قُلْتُهُ لَمْ يَقْرَبْنِي جِنٌّ وَلَا لِصٌّ قَالَ: صَدَقَ وَاِنْ كَانَ كَذُوبًا

میں نے اس کو پکڑا' میں نے کہا: تُو ہلاک ہو! رسول اللہﷺ تجھے بلا رہے ہیں! میں نے اس کو پکڑا' وہ رونے لگی اور مجھے کہا: میں نہیں آؤں گی! میں نے اس کو چھوڑا' جب میں نے صبح کی تو میں رسول اللہﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: تُو نے اپنے قیدی سے کیا کیا؟ میں نے آپ کو بتایا جو اس نے کہا۔ آپ نے فرمایا: وہ کل دوبارہ آئے گی! میں نے تین مرتبہ ایسے کیا' ہر مرتبہ رسول اللہﷺ کو بتایا جو اس نے کہا' جب تیسری دفعہ آئی تو میں نے اس کو پکڑا' پھر میں نے کہا: میں تجھے نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ تجھے رسول اللہﷺ کے پاس لے جاؤں۔ وہ میرے سامنے رونے لگی' اس نے کہا: کیا میں تجھے ایسی شی نہ بتاؤں کہ جب تُو رات کو پڑھ لے گا تو تیرے پاس کوئی چور اور جن نہیں آئے گا' تُو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کر۔ میں نے اس کو چھوڑا پھر میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: تُو نے اپنے قیدی کے ساتھ کیا کیا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کو باندھا' وہ رونے لگی' مجھے اس پر رحم آیا' اس نے مجھے کوئی شی سکھائی تو اس نے کہا: جب تُو اس کو پڑھ لے گا تو تیرے پاس کوئی جن اور چور نہیں آئے گا۔ آپﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ جھوٹا تھا لیکن بات سچی کرگیا ہے۔



**3916** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

3916- أورده الترمذي في سننه جلد 5 صفحه 555' رقم الحديث: 3553 عن الشعبي عن عبد الرحمن بن أبي ليلى عن أبي أيوب به .

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ دُبُرَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ عَشْرَ مَرَّاتٍ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ كُنَّ لَهُ عِدْلَ اَرْبَعِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ

حضورﷺ نے فرمایا: جس نے دس مرتبہ نمازِ فجر کے بعد یہ کلمات پڑھے: ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ '' اس کو اولادِ اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

**3917** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ جَمِيعًا، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ، كُنَّ لَهُ بِعِدْلِ عَشْرِ مُحَرَّرِينَ، اَوْ مُحَرَّرٍ . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَبْدِ الْوَهَّابِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ '' دس مرتبہ پڑھا تو اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ یہ الفاظِ حدیث عبدالوہاب کی حدیث کے ہیں۔

**3918** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ '' پڑھا تو اس کو ایک یا دو غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

لَـهُ الْـمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ كَانَ لَهُ كَعِدْلِ مُحَرَّرٍ، اَوْ مُحَرَّرِينَ

**3919** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، فَحَدَّثَ يَوْمَئِذٍ اَنَّهُ مَنْ قَالَ لَا اِلَـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ مَرَّةً اَوْ عَشْرَ مَرَّاتٍ، كَانَ لَهُ ذَلِكَ يَعْدِلُ رَقَبَةً اَوْ عَشَرَ رِقَابٍ، قُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟، قَالَ: مِنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى فَاَتَيْتُهُ فَحَدَّثَ، فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنْ اَبِي اَيُّوبَ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الـہ الا اللّٰہ الی آخرہ'' ایک مرتبہ یا دس مرتبہ پڑھا تو اس کو ایک یا دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ میں نے کہا: آپ نے کس سے سنا؟ اُنہوں نے فرمایا: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے۔ پس میں ان کے پاس آیا' اُنہوں نے اس کو بیان کیا۔ پس میں نے عرض کی: آپ نے اس کو کس سے سنا؟ اُنہوں نے کہا: حضرت ابوایوب سے' وہ رسول کریم ﷺ سے بیان کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

**3920** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الـہ الا اللّٰہ الی آخرہ'' پڑھا تو اس کو اولادِ اسماعیل میں سے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ كُنَّ لَهُ كَعِدْلِ عَشْرِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

**3921** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، قَالَ: مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَانَ كَمَنْ أَعْتَقَ أَرْبَعَةَ أَنْفُسٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: فَقُلْتُ لِلرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، فَأَتَيْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، فَأَتَيْتُ ابْنَ أَبِي لَيْلَى فَقُلْتُ: مِمَّنْ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: مِنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ يُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، وَعَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (رِجَالٌ يُحِبُّونَ اَنْ يَتَطَهَّرُوا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ) (التوبة: 108) ؟ ، قَالَ: كَانُوا يَسْتَنْجُونَ بِالْمَاءِ وَكَانُوا لَا يَنَامُونَ اللَّيْلَ كُلَّهُ

پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ کون لوگ ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ وہ پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ بھی پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے؟ فرمایا: جو پانی کے ساتھ استنجاء کرتے ہیں اور ساری رات سوتے نہیں ہے۔

**3964** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ الطَّرَائِفِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ اِبْرَاهِيمُ ابْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشَى الْمُشْرِكُونَ بَعْضُهُمْ اِلَى بَعْضٍ، فَقَالُوا: اِنَّ هَذَا الصَّابِءَ قَدْ بُتِرَ اللَّيْلَةَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1 )- اِلَى آخِرِ السُّورَةِ -

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو مشرکین ایک دوسرے کی طرف چلے کہنے لگے: آج رات اس صابی (اپنے آباء واجداد کے دین کو چھوڑنے والے) کی نسل ختم ہوگئی' اللہ پاک نے یہ سورۃ نازل فرمائی: ''انا اعطیناك الکوثر الی آخر السورۃ''۔

**3965** - وَعَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ التَّصْعِيرِ؟ فقَالَ: لَيُّ فِي الشِّدْقِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ سے رخسار ٹیڑھے کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: باچھیں کھینچنا ہے۔

**3966** - وَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے



---

سورة عن ابی ایوب به .

**3964**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه**143** وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

**3966**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه**137** وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ؟ فَقَالَ: يَوْمَانِ وَلَيْلَةٌ: يَوْمُ عَرَفَةَ، وَيَوْمُ النَّحْرِ، وَالْوِتْرُ: لَيْلَةُ النَّحْرِ لَيْلَةُ جَمْعٍ

روایت کرتے ہیں کہ آپ سے جفت اور طاق کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: دو دن ہے اور ایک رات ہے' نویں ذی الحجہ کا دن اور دسویں کا دن' طاق دسویں کی رات اور مزدلفہ کی رات ہے۔

**3967** - وَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (مُدْهَامَّتَانِ) (الرحمن: **64**)؟ فَقَالَ: خَضْرَاوَانِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ''مُدْهَامَّتَانِ'' کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: دو سبز ہیں۔

**3968** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: اَتَى اَعْرَابِيٌّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اُحِبُّ الْخَيْلَ وَهَلْ فِي الْجَنَّةِ خَيْلٌ؟، فَقَالَ: اِذَا دَخَلْتَ الْجَنَّةَ اُتِيتَ بِفَرَسٍ مِنْ يَاقُوتٍ لَهُ جَنَاحَانِ فَحُمِلْتَ عَلَيْهِ فَطَارَ بِكَ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْتَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں گھوڑے کو پسند کرتا ہوں' کیا جنت میں گھوڑا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جب تُو جنت میں داخل ہو تو یاقوت کا گھوڑا لایا جائے گا' اس کے دو پَر ہوں گے' تُو اس پر سوار ہوگا اور جنت میں جہاں جانا چاہے گا وہ تجھے اُڑا کر لے جائے گا۔

## زِيَادُ بْنُ اَنْعُمٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت زیاد بن انعم' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3969** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى ثنا اَبُو

حضرت زیاد بن انعم فرماتے ہیں کہ وہ سمندر میں



---

**3967**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه118 وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

**3968**- اورده الترمذي في سننه جلد4صفحه682' رقم الحديث: 2544 عن واصل بن السائب عن ابي سورة عن أبي أيوب به .

**3969**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8صفحه185 وقال: رواه الطبراني وعبد الرحمن وثقه يحيى القطان وغيره

عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَنْعُمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي زِيَادَ بْنَ أَنْعُمٍ، يَقُولُ: إِنَّهُ جَمَعَهُمْ مَرْسَى لَهُمْ فِي الْبَحْرِ وَمَرْكَبَ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: كُلَّمَا حَضَرَ غِذَاؤُنَا أَرْسَلْنَا إِلَى أَبِي أَيُّوبَ وَإِلَى أَهْلِ مَرْكَبِهِ، فَأَتَى أَبُو أَيُّوبَ فَقَالَ: دَعَوْتُمُونِي وَأَنَا صَائِمٌ، فَكَانَ عَلَيَّ مِنَ الْحَقِّ أَنْ أُجِيبَكُمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسْلِمِ عَلَى أَخِيهِ الْمُسْلِمِ سِتُّ خِصَالٍ وَاجِبَةٍ فَمَنْ تَرَكَ خَصْلَةً مِنْهَا فَقَدْ تَرَكَ حَقًّا وَاجِبًا لِأَخِيهِ، إِذَا دَعَاهُ أَنْ يُجِيبَهُ، وَإِذَا لَقِيَهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْهِ، وَإِذَا عَطَسَ أَنْ يُشَمِّتَهُ، وَإِذَا مَرِضَ أَنْ يَعُودَهُ، وَإِذَا مَاتَ أَنْ يَتْبَعَ جِنَازَتَهُ، وَإِذَا اسْتَنْصَحَهُ أَنْ يَنْصَحَهُ . قَالَ أَبِي: وَكَانَ فِينَا رَجُلٌ مَزَّاحٌ وَكَانَ عَلَى نَفَقَاتِنَا رَجُلٌ فَكَانَ الْمَزَّاحُ يَقُولُ لِلَّذِي يَلِي الطَّعَامَ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَبِرًّا، فَلَمَّا أَكْثَرَ عَلَيْهِ جَعَلَ يَغْضَبُ وَيَشْتُمُهُ، فَقَالَ الْمَزَّاحُ: يَا أَبَا أَيُّوبَ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ إِذَا قُلْتُ لَهُ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَبِرًّا غَضِبَ وَشَتَمَنِي، فَقَالَ أَبُو أَيُّوبَ: كُنَّا نَقُولُ: مَنْ لَمْ يُصْلِحْهُ الْخَيْرُ أَصْلَحَهُ الشَّرُّ فَأَقْلِبْ لَهُ فَلَمَّا جَاءَ الرَّجُلُ قَالَ لَهُ الْمَزَّاحُ: جَزَاكَ اللّٰهُ شَرًّا وَعُسْرًا فَضَحِكَ الرَّجُلُ وَرَضِيَ، وَقَالَ: إِنَّكَ لَا تَدَعُ بِطَالَتَكَ عَلَى كُلِّ حَالٍ، فَقَالَ الْمَزَّاحُ: جَزَى اللّٰهُ

بندرگاہ پر اکٹھے تھے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی کشتی پر اور جب بھی ہمارا کھانا آتا' ہم حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اور ان کی کشتی والوں کو بھیجتے' آپ نے فرمایا: آپ لوگ مجھے دعوت دیتے ہیں حالانکہ میں روزے کی حالت میں ہوتا ہوں' مجھ پر حق ہے کہ میں تمہاری دعوت قبول کروں' میں نے رسول پاک ﷺ سے سنا ہے کہ ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں جس نے ایک حق کو بھی چھوڑا اُس نے اپنے بھائی کا حق چھوڑ دیا: وہ جب اس کو دعوت دے تو اس کی دعوت کو قبول کرے اور جب اس کو ملے تو اس کو سلام کرے' جب اس کو چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دے اور جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے اور جب مر جائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو' جب نصیحت مانگے تو اس کو نصیحت کرے۔ میرے والد نے کہا: ہم میں ایک مذاق کرنے والا آدمی تھا اور ہمارے خرچ پر ایک آدمی تھا' مذاق کرنے والا کھانے کے قریب آ کر کہتا: اللہ آپ کو اچھی جزاء دے اور نیکی دے جب کئی بار اس نے کہا تو وہ غصے ہونے لگا اور گالی دینے لگا' مذاق کرنے والے نے کہا: اے ابوایوب! آپ اس آدمی کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں کہ جب میں اس کو کہتا ہوں کہ اللہ آپ کو بہتر نیکی دے جزاء دے تو وہ غصہ ہوتا ہے اور مجھے گالی دیتا ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے کہا: جس کو نیکی اچھی نہ لگے

زیاد بن انعم عن ابی ایوب

وضعفه جماعة وبقية رجاله موثقون .

اَبَا اَيُّوبَ خَيْرًا وَبِرًّا فَقَدْ قَالَ لِي.

اس کو بُرائی اچھی لگتی ہے' تو اس کو اس کا اُلٹ کہہ۔ جب وہ آدمی آیا تو مذاق کرنے والے نے اس کو کہا: اللہ تمہیں بُرا بدلہ دے اور تنگی کرے! تو وہ آدمی خوش ہوا اور راضی ہو گیا' اس نے کہا: ہر حالت میں لمبائی نہ مانگو۔ مزاح کرنے والے نے کہا: اللہ تعالیٰ ابوایوب کو بھلائی دے اور نیکی دے! مجھے آپ نے (یہ) فرمایا۔

## سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت سفیان بن وہب' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3970** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، اَنَّ سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرْسِلَ اِلَيْهِ بِطَعَامٍ مَعَ خَضِرَةٍ فِيهِ بَصَلٌ اَوْ كُرَّاثٌ لَمْ يَرَ فِيهِ اَثَرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبَى اَنْ يَاْكُلَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْكُلَ؟، قَالَ: لَمْ اَرَ فِيهِ اَثَرَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْتَحْيِي مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ وَلَيْسَ بِمُحَرَّمٍ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کو کھانا بھیجا گیا جس میں سبزی میں پیاز یا لہسن تھا اور سالن میں رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں کے نشانات نہ دیکھے گئے تو میں نے کھانے سے انکار کر دیا' نبی پاک ﷺ نے فرمایا: تم نے کیوں نہیں کھایا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی انگلیوں کے نشانات نہیں دیکھے' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے فرشتوں سے حیا کرتا ہوں اور یہ حرام نہیں ہے۔

# عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

# حضرت عبداللہ بن یزید ابوعبدالرحمٰن الحبلی' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

**3971** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَوْحَةٌ اَوْ غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ

حضرت ابوایوب فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ایک شام یا ایک صبح اللہ کی راہ میں ہر اس چیز سے بہتر ہے' جس پر سورج طلوع وغروب ہوتا ہے۔

**3972** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ

حضرت عبدالرحمٰن حبلی فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان بیان کرتے ہوئے حضرت ابوایوب کو سنا: ایک صبح اللہ کی راہ میں یا ایک شام بہتر ہے' ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع وغروب ہوتا ہے۔

**3973** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے



---

**3971**- ذكره الطبراني في الأوسط جلد8صفحه291' رقم الحديث: 8667 عن شرحبيل بن شريك عن أبي عبد الرحمن عن أبي أيوب به .

**3973**- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه134' رقم الحديث: 1566 عن حيى بن عبد الله عن أبي عبد الرحمن الحبلي عن أبي أيوب به .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ حُيَيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَحِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہیں کہ میں نے نبی پاک ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے والدہ اور بچے کے درمیان جدائی ڈالی اللہ تعالیٰ اس کے اور محبت کرنے والوں کے درمیان قیامت کے دن جدائی ڈال دے گا۔

**3974** - حَدَّثَنَا اَبُو الْجَارُودِ مَسْعُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ هَارُونَ الصُّوفِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَعَا بَدَاَ بِنَفْسِهِ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب دعا کرتے تو اپنے آپ سے شروع کرتے۔

**3975** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِى اَيُّوبَ، عَنْ اَبِى عَقِيلٍ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَوْ شَرِبَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اَطْعَمَ وَسَقَى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کھانا کھاتے یا پانی پیتے تو یہ دعا کرتے: ''الحمد للّٰہ الذی الٰی آخرہ''۔

## اَبُو الْخَيْرِ مَرْثَدُ بْنُ

## حضرت ابوالخیر مرثد بن عبداللہ



**3974**- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد10صفحه152 وقال: رواه الطبرانى واسناده حسن .

**3975**- أورده أبو داؤد فى سننه جلد3صفحه366' رقم الحديث: 3851 عن أبى عبد الرحمٰن الحبلى عن أبى أيوب

## عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## الیزنی' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3976 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَزَالُ اُمَّتِي بِخَيْرٍ اَوْ عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ حَتَّى تَشْتَبِكَ النُّجُومُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت ہمیشہ فطرت پر رہے گی جب تک نمازِ مغرب میں تاخیر نہیں کرے گی یہاں تک کہ ستارے طلوع ہو جائیں۔

## اَبُو تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت ابوتمیم الجیشانی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3977 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذِهِ الصَّلَاةَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نمازِ عصر تم سے پہلے لوگوں پر فرض کی گئی تو اُنہوں نے اس کو ضائع کر دیا' تم میں سے جو آج اس پر ہمیشگی کرے گا اسے دُگنا ثواب دیا جائے گا' اس کے بعد کوئی نماز نہیں یہاں تک کہ



---

3976- أخرج نحوه ابن خزيمة في صحيحه جلد 1 صفحه 174' رقم الحديث: 339 عن يزيد بن أبي حبيب عن مرثد بن عبد الله عن ابي ايوب به .

3977- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 308 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابن اسحاق وهو ثقة مدلس .

- يَعْنِي الْعَصْرَ - فُرِضَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَضَيَّعُوهَا، فَمَنْ حَافَظَ مِنكُمُ الْيَوْمَ عَلَيْهَا أُعْطِيَ أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتَّى يُرَى الشَّاهِدُ - يَعْنِي النَّجْمَ -

ستارے طلوع ہو جائیں۔

## أَبُو الشِّمَالِ بْنُ ضِبَابٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

## حضرت ابوالشمال بن ضباب' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3978** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو ظُفُرَ عَبْدُ السَّلَامِ بْنِ مُطَهَّرٍ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، ح وَحَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانَ الْعَوَقِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي الشِّمَالِ بْنِ ضِبَابٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِينَ: الْحَيَاءُ، وَالتَّعَطُّرُ، وَالنِّكَاحُ، وَالسِّوَاكُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں رسولوں کی سنت ہیں: (۱) حیا (۲) خوشبو (۳) نکاح (۴) مسواک۔

## سُلَيْمَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، عَنْ

## حضرت سلیمان بن فروخ' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ



**3978**- أورده الترمذي في سننه جلد3 صفحه391' رقم الحديث: 1080 عن مكحول عن أبي الشمال عن أبي أيوب به .

## اَبِی اَیُّوبَ

**3979** - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، وَالْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْمُجَوِّزُ الْبَصْرِیُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِیدِ الطَّیَالِسِیُّ، ثنا قُرَیْشُ بْنُ حَیَّانَ الْعِجْلِیُّ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ فَرُّوخٍ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ خَبَرِ السَّمَاءِ؟، فَقَالَ: تَسْاَلُنِی عَنْ خَبَرِ السَّمَاءِ وَتَدَعُ اَظْفَارَكَ كَاَظْفَارِ الطَّیْرِ، تَجْتَمِعُ فِیهَا الْخَبَاثَةُ، وَالتَّفَثُ

## سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے آپ سے آسمان کی خبر کے بارے میں پوچھا' آپ نے فرمایا: تُو مجھ سے آسمان کی خبر کے بارے میں پوچھتا ہے اور تُو نے اپنے ناخن پرندوں کے ناخنوں کی طرح چھوڑے ہوئے ہیں کہ اس میں گندگی جمع ہو۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْحَزْمِیُّ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ

**3980** - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ كَثِیرٍ التَّمَّارُ الْكُوفِیُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَزْمِیِّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِیٍّ: اَنْتَ مِنِّی بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَی اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِیَّ بَعْدِی

## حضرت عبدالرحمٰن الحزمی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہارا مقام میرے ہاں وہی ہے جو جناب ہارون کا حضرت موسیٰ کے ہاں تھا' لیکن فرق یہ ہے کہ میرے بعد نبی نہیں ہے۔

---

**3979**- أورد نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد 1 صفحه 175' رقم الحديث: 798 عن قريش بن حيان عن سليمان بن فروخ عن أبي ايوب به .

**3980**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 111 وقال: رواه الطبراني وفيه ضرار بن صرد وهو ضعيف .

## اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت ابومحمد حضرمی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3981 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْوَرْدِ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ: رَجُلٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَاحِبُ الْكَلِمَةِ؟ فَسَكَتَ الرَّجُلُ وَرَاَى اَنَّهُ قَدْ هُجِمَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَيْءٍ كَرِهَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هُوَ؟ فَاِنَّهُ لَمْ يَقُلْ اِلَّا صَوَابًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: اَنَا قُلْتُهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرْجُو بِهَا الْخَيْرَ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ رَاَيْتُ ثَلَاثَةَ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُونَ كَلِمَتَكَ اَيُّهُمْ يَرْفَعُهَا اِلَى اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' اس نے پڑھا: ''الحمد لله كثيرًا الى آخره'' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ بات کہنے والا کون ہے؟ وہ آدمی خاموش ہو گیا' بعض حضرات نے سمجھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لیے پوچھا کہ آپ نے اس کو ناپسند سمجھا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ پڑھنے والا کون ہے؟ اس نے اچھا ہی کہا ہے۔ اُس آدمی نے کہا: یارسول اللہ! میں نے کہا ہے اور میں نے اس سے نیکی کا ارادہ کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں نے تیرہ فرشتے دیکھے جو تیرے کلمات کے پڑھنے کا ثواب لکھنے میں جلدی کر رہے تھے کہ کون اللہ عزوجل کی بارگاہ میں سے ثواب پیش کرتا ہے۔

3982 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْوَرْدِ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے ابوایوب! کیا میں تمہیں کچھ کلمات نہ سکھاؤں؟ آپ نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: صبح کے وقت تُو یہ کلمات پڑھ لیا کر: ''لا



3981- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه96 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

وَسَلَّمَ: اَلا اُعَلِّمُكَ يَا اَبَا اَيُّوبَ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: تَقُولُ حِينَ تُصْبِحُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَا شَرِيكَ لَهُ عَشْرًا، فَمَا قَالَهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ عَشْرَ مِرَارٍ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَاِلَّا حَطَّ بِهَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ، وَاِلَّا كُنَّ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ اَنْ يَعْتِقَ عَشَرَةً، وَلَا قَالَهَا حِينَ يُمْسِي اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ

الـه الا اللّٰـه الٰى آخره" تو جو کوئی مسلمان یہ کلمات دس مرتبہ پڑھے گا تو اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی اور دس گناہ معاف کیے جائیں گے اور قیامت کے دن اللہ کے ہاں اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور جس نے شام کے وقت یہ کلمات پڑھے' اسے بھی اسی طرح ثواب ملے گا۔



**3983** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي اِسْرَائِيلَ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، ثنا اَبُو الْوَرْدِ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: صَنَعْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِي بَكْرٍ طَعَامًا قَدْرَ مَا يَكْفِيهِمَا، فَاَتَيْتُهُمَا بِهِ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَادْعُ لِي ثَلَاثِينَ مِنْ اَشْرَافِ الْاَنْصَارِ فَشَقَّ عَلَيَّ ذَلِكَ، قُلْتُ: مَا عِنْدِي شَيْءٌ اَزِيدُهُ، فَكَاَنِّي تَغَفَّلْتُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَادْعُ لِي ثَلَاثِينَ مِنْ اَشْرَافِ الْاَنْصَارِ فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوا فَقَالَ: اطْعَمُوا فَاَكَلُوا حَتَّى صَدَرُوا ثُمَّ شَهِدُوا اَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَايَعُوهُ قَبْلَ اَنْ يَخْرُجُوا، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَادْعُ لِي سِتِّينَ مِنْ اَشْرَافِ الْاَنْصَارِ، قَالَ اَبُو اَيُّوبَ: وَاللّٰهِ لَاَنَا بِسِتِّينَ اَجْوَدُ مِنِّي بِالثَّلَاثِينَ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے اتنی مقدار میں کھانا تیار کیا جو ان کے لیے کافی تھا' میں ان دونوں کے پاس آیا تو حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: میرے پاس انصار کے تیس افراد بلاؤ! مجھ پر یہ دشوار گزرا' میں نے عرض کی: میرے پاس اتنی زیادہ کوئی شی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: جاؤ! میرے پاس انصار کے تیس افراد کو بلاؤ! میں نے ان کو بلوایا' وہ آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کھاؤ! اُنہوں نے سیر ہو کر کھایا' پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آپ نے نکلنے سے پہلے ان سے بیعت لی' پھر فرمایا: جاؤ! میرے پاس انصار کے ساٹھ آدمی بلواؤ! حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ساٹھ افراد تیس سے زیادہ میرے لیے دشوار معاملہ تھا' میں نے ان کو بلوایا' حضور ﷺ نے فرمایا: ٹھہرو! اُنہوں نے بھی سیر ہو کر کھایا' پھر

3983- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه303 وقال: رواه الطبراني وفي اسناده من لم اعرفه .

قَالَ: فَدَعَوْتُهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَقَّفُوا فَأَكَلُوا حَتَّى صَدَرُوا، ثُمَّ شَهِدُوا أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَايَعُوهُ قَبْلَ أَنْ يَخْرُجُوا، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَادْعُ لِي تِسْعِينَ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: فَلَأَنَا أَجْوَدُ بِالتِّسْعِينَ وَالسِّتِّينَ مِنِّي بِالثَّلَاثِينَ، قَالَ: فَدَعَوْتُهُمْ فَأَكَلُوا حَتَّى صَدَرُوا، ثُمَّ شَهِدُوا أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَايَعُوهُ قَبْلَ أَنْ يَخْرُجُوا، فَأَكَلَ مِنْ طَعَامِي ذٰلِكَ مِائَةٌ وَثَمَانُونَ رَجُلًا كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ

حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ نے ان سے بیعت لی نکلنے سے پہلے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ستّر انصار کو میرے پاس بلاؤ! اُنہوں نے سیر ہو کر کھایا پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے آپ نے ان کے نکلنے سے پہلے ان سے بیعت لی میرا کھانا ایک سو اسّی (۱۸۰) افراد نے کھایا سارے کے سارے انصار کے افراد تھے۔

## جُبَيْرُ بْنُ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

## حضرت جبیر بن نفیر حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3984 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، أنا بَقِيَّةُ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ الْأَنْصَارَ اقْتَرَعُوا مَنَازِلَهُمْ، أَيُّهُمْ يُؤْوِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَعَهُمْ أَبُو أَيُّوبَ، فَأَوَى إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُهْدِيَ إِلَيْهِ طَعَامٌ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار نے اپنے گھروں کی قرعہ اندازی کی کہ کس کے ہاں رسول اللہ ﷺ ٹھہریں گے اور اس کو عزت بخشیں گے میں نے بھی قرعہ اندازی کی حضور ﷺ میرے گھر ٹھہرے اور مجھے عزت بخشی۔ حضور ﷺ کے پاس جب کھانا تحفہ کے طور پر آتا تو آپ اس سے خود بھی تناول کرتے اور پھر ہماری طرف بھیج دیتے تھے۔



3984- أورد نحوه الطبراني في مسند الشاميين جلد 2 صفحه 181، رقم الحديث: 1149 عن خالد بن معدان عن جبير بن نفير عن أبي أيوب به .

اَصَابَ مِنْهُ، ثُمَّ بَعَثَ بِهِ اِلَيْنَا

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَعِيشَ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ

## حضرت عبداللہ بن یعیش، حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3985 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِى اَبِى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِى يَزِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَعِيشَ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَشْرٌ مَنْ قَالَهُنَّ فِى دُبُرِ صَلَوَاتِهِ اِذَا صَلَّى: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ، كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهِنَّ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَمَحَا عَنْهُ بِهِنَّ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ، وَرَفَعَ لَهُ بِهِنَّ عَشْرَ دَرَجَاتٍ، وَكُنَّ عِدْلَ عَشْرِ رَقَبَاتٍ وَكُنَّ لَهُ حَرَسًا مِنَ الشَّيْطَانِ حَتَّى يُمْسِىَ، وَمَنْ قَالَهُنَّ حِينَ يُمْسِى كَانَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى يُصْبِحَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فرض نماز پڑھنے کے بعد دس مرتبہ ''لا الہ الا اللّٰہ الٰی آخرہٖ'' پڑھا' اللہ عزوجل اس کے لیے دس نیکیاں لکھتا ہے اور دس گناہ معاف کرے گا اور دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا' شام تک شیطان سے اس کی حفاظت کی جائے گی' جس نے شام کے وقت یہ کلمات پڑھے اس کی صبح تک حفاظت کی جائے گی اور اس کو بھی یہی ثواب ملے گا۔

## الْقَاسِمُ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِى اَيُّوبَ

## حضرت قاسم ابوعبدالرحمٰن، حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3986 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّهُ قَالَ: وَهُوَ فِي اَرْضِ الرُّومِ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ: غُدْوَةً لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ، كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ، وَكُنَّ كَعِدْلِ عَشْرِ رِقَابٍ، وَاَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَمَنْ قَالَهَا عَشِيَّةً كَانَ مِثْلَ ذَلِكَ

حضورﷺ نے فرمایا: جس نے فرض نماز پڑھنے کے بعد دس مرتبہ ''لا الہ الا اللّٰہ الی آخرہٖ'' پڑھا' اللہ عزوجل اس کے لیے دس نیکیاں لکھتا ہے اور دس گناہ معاف کرے گا اور دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا' شام تک شیطان سے اس کی حفاظت کی جائے گی' جس نے شام کے وقت یہ کلمات پڑھے' اس کو بھی یہی ثواب ملے گا۔

## مَحْفُوظُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

## حضرت محفوظ بن علقمہ' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3987- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَخِيهِ مَحْفُوظِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَبَرَ حَتَّى يُقْتَلَ اَوْ يَغْلِبَ لَمْ يُفْتَنْ فِي قَبْرِهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو دشمن سے لڑے وہ صبر کرے یہاں تک کہ شہید ہو جائے یا غالب آ جائے' اس کو عذابِ قبر نہیں ہوگا۔

## خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

## حضرت خالد بن عبدالعزیز بن



3987- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه327 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه مصفى بن بهلول والد محمد ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

## بْنِ سَلَامَةَ الْخُزَاعِيُّ

**3988** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا اَبُو مَالِكِ بْنِ اَبِي فَارِةَ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ مَسْعُودِ بْنِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سَلَامَةَ، ذَكَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَلَيْهِ بِالْجِعْرَانَةِ وَاَجْزَرَهُ وَظَلَّ عِنْدَهُ وَاَمْسَى عِنْدَهُ خَالِدٌ، ثُمَّ نَدَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُمْرَةَ، فَانْحَدَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُحْرِشٌ اِلَى الْوَادِي حَتَّى بَلَغَا مَكَانًا يُقَالُ لَهُ: اَشْقَابُ، فَقَالَ: يَا مُحْرِشُ مَاءُ هٰذَا الْمَكَانَ اِلَى الْكُرِّ وَمَا لِخَالِدٍ وَمَا بَقِيَ مِنَ الْوَادِي فَهُوَ لَكَ يَا مُحْرِشُ ثُمَّ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَصَ الْكُرَّ بِيَدِهِ فَانْبَجَسَ الْمَاءُ مِنْهُ فَشَرِبَ ثُمَّ نَدَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُمْرَةَ وَاَرْسَلَ خَالِدًا اِلَى رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهِ يُقَالُ لَهُ مُحْرِشُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ خَائِفٌ مِنْ دُخُولِ مَكَّةَ، فَسَارَ بِهِ طَرِيقًا يَعْدِلُهُ عَمَّنْ يَخَافُ مِنْ ذٰلِكَ قَدْ عَرَفَهَا، حَتَّى قَضَى نُسُكَهُ وَاَصْبَحَا عِنْدَ خَالِدٍ رَاجِعِينَ وَاَحَلَّهُ مُحْرِشٌ- يَعْنِي حَلْقَهُ-

## سلامہ الخزاعی رضی اللہ عنہ

حضرت مسعود بن خالد بن عبدالعزیز بن سلامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ ان کے ہاں جعرانہ کے مقام پر اُترے' اُنہوں نے بکری ذبح کی' وہاں دن گزارا' وہاں حضرت خالد رضی اللہ عنہ آپﷺ کے پاس شام کو آئے' پھر حضورﷺ نے عمرہ کا ارادہ کیا' حضورﷺ اور مُحرش ایک وادی کی طرف چلے' دونوں ایک جگہ پہنچے جس کو اشقاب کہا جاتا تھا۔ آپ نے فرمایا: اے محرش! اس جگہ کا پانی کنویں کی طرف جاتا ہے' خالد کیلئے نہیں اور وادی سے باقی بچے' وہ تیرا ہے۔ پھر نبی کریمﷺ نے اپنے دست مبارک سے کنویں کو کھودا تو اس سے پانی اُبل پڑا۔ پس آپﷺ نے پیا۔ پھر آپﷺ نے عمرہ کا ارادہ فرمایا اور حضرت خالد کو اپنے صحابہ میں سے ایک آدمی کی طرف بھیج دیا' جس کا نام محرش بن عبداللہ تھا۔ حال یہ تھا کہ رسول کریمﷺ اس دن مکہ میں داخل ہونے سے خوف کر رہے تھے۔ پس وہ آپﷺ کو ایک ایسا راستہ لے چلے جو خوفناک لوگوں سے ہٹ کر گزرتا تھا۔ وہ اس کو پہچانتے تھے حتیٰ کہ آپﷺ نے عمرہ کے احکام ادا فرمائے اور دونوں حضرات نے واپس لوٹتے ہوئے' صبح حضرت خالد کے پاس کی اور حضرت محرش نے ان کا احرام کھلوا دیا' یعنی ان کا حلق (ٹنڈ) کیا۔



---

3988- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه279 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه من لم اعرفه .

## خَالِدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ

## حضرت خالد بن زید انصاری رضی اللہ عنہ

3989 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمَدِينِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّي خَالِدَ بْنَ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَرِيءٌ مِنَ الشُّحِّ: مَنْ اَدَّى الزَّكَاةَ، وَقَرَى الضَّيْفَ، وَاَعْطَى فِي النَّائِبَةِ

حضرت خالد بن زید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ بخل سے بری ہو گیا جس نے زکوٰۃ دی، مہمان نوازی اور معیت میں دیا۔

3990 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا فَضَالَةُ بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَمِّهِ خَالِدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وُقِيَ شُحَّ نَفْسِهِ: مَنْ اَدَّى الزَّكَاةَ، وَقَرَى الضَّيْفَ، وَاَعْطَى فِي النَّائِبَةِ

حضرت خالد بن زید بن جاریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس میں تین باتیں ہوں وہ بخل سے بَری ہو گا: (۱) جس نے زکوٰۃ دی (۲) جس نے مہمان نوازی کی (اور مصیبت میں دیا)۔

## خَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ الْعُذْرِيُّ

## حضرت خالد بن عرفطہ العذری رضی اللہ عنہ

وَعُذْرَةُ مِنْ قُضَاعَةَ وَكَانَ خَلِيفَةَ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ عَلَى الْكُوفَةِ ثُمَّ اسْتَعْمَلَهُ زِيَادٌ عَلَى

قبیلہ عذرہ قبیلہ قضاعہ سے ہے، یہ کوفہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے خلیفہ تھے، پھر زیاد



3989- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 68 رواه الطبراني في الكبير وفيه ابراهيم بن اسماعيل بن مجمع وهو ضعيف .

الْكُوفَةِ

نے ان کو کوفہ کا امیر مقرر کیا۔

**3991** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ خَلِيفَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ خَالِدٍ وَكَانَ سَعْدٌ اسْتَخْلَفَهُ عَلَى الْكُوفَةِ

حضرت خلیفہ بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کوفہ کا خلیفہ مقرر کیا تھا۔

**3992** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا، ثنا، حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا خَالِدُ اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتَنٌ وَاَحْدَاثٌ وَاخْتِلَافٌ وَفُرْقَةٌ، فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُونَ الْمَقْتُولَ لَا الْقَاتِلَ فَافْعَلْ

حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! عنقریب فتنے ہوں گے اور نئی نئی باتیں ہوں گی اور اختلاف اور اپنے دین میں جدائی' جب ایسا ہوگا تو اگر تو طاقت رکھتا ہے تو مقتول بننا اور قاتل نہ بننا۔

**3993** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، وَشِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا

حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔



---

**3992**- اخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه316' رقم الحديث: **5223** عن علي بن زيد عن أبي عثمان النهدي عن خالد بن عرفطة به .

**3993**- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد5صفحه292' رقم الحديث: **22554** عن خالد بن سلمة عن مسلم مولى خالد بن عرفطة عن خالد بن عرفطة به .

زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مُسْلِمٍ، مَوْلَى خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

**3994** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَسَارٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، وَخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ فَبَلَغَهُمَا اَنَّ رَجُلًا مَاتَ بِالْبَطْنِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِلْآخَرِ: اَلَمْ يَبْلُغْكَ اَوْ اَلَمْ تَسْمَعْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ فَلَنْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ، قَالَ: بَلَى

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلیمان بن صرد اور حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا' دونوں کو معلوم ہوا کہ ایک آدمی پیٹ کی بیماری میں مرا ہے' ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: کیا آپ کو معلوم ہے' کیا آپ نے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو پیٹ کی بیماری میں مرا' اس کو عذاب نہیں ہوگا! دوسرے نے کہا: جی ہاں!

**3995** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، ثنا جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، لِخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ: اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ قَالَ خَالِدٌ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اپنے پیٹ کی بیماری میں مرا اس کو عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!



---

3994- أورده النسائي في سننه (المجتبٰى) جلد4صفحه98' رقم الحديث: 2052 عن جامع بن شداد عن عبد الله بن يسار عن سليمان بن صرد أو خالد بن عرفطة به .

3996 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَاَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ جُهَيْنَةَ فِي يَوْمٍ حَارٍّ، فَلَمَّا كَانَ كَالْغَدِ جَلَسْتُ اِلَى سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، وَخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ فَقَالَا: مَا مَنَعَكَ اَنْ تُؤْذِنَنَا بِجِنَازَةِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ فَنَشْهَدَهُ؟، قُلْنَا: كَانَ الْحَرُّ وَكَانَ الرَّجُلُ مَبْطُونًا، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: اَلَمْ تَسْمَعِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يَقْتُلُهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ ، قَالَ: بَلَى

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گرمی کے دن قبیلہ جہینہ کا ایک آدمی مرگیا' جب دوسرا دن ہوا تو میں حضرت سلیمان بن صرد اور حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا' دونوں نے کہا: آپ کو کیا رکاوٹ ہے کہ ہمیں ایک نیک آدمی کے جنازہ کے متعلق تکلیف دیں' ہم اس میں شریک ہوں؟ ہم نے کہا: گرمی تھی اور وہ آدمی پیٹ کی بیماری میں مرا تھا۔ ایک نے دوسرے سے کہا: کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ جو پیٹ کی بیماری میں مرے گا اس کو عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: کیوں نہیں (سنا ہے)۔

3997 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي صَخْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، وَخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ فَبَلَغَهُمَا اَنَّ رَجُلًا مَاتَ بِالْبَطْنِ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِلْآخَرِ: اَلَمْ تَسْمَعْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يَقْتُلُهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ قَالَ: بَلَى

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا' ان دونوں کے پاس یہ بات پہنچی کہ ایک آدمی بیماری بطن میں مرا ہے تو ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اپنے پیٹ کی بیماری میں مرا اس کو عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

3998 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُو شَيْبَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے رسول

سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدٍ، وَهُوَ يَقُولُ لِخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ: اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ

اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اپنے پیٹ کی بیماری میں مرا اس کو عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

**3999** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يُونُسَ الزَّيَّاتُ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، وَخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يَقْتُلْهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ

حضرت عبداللہ بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اپنے پیٹ کی بیماری میں مرا اس کو عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

**4000** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ نُبَاتَةَ الرَّازِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ الْخَرَّازُ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ ابْنِ اَشْوَعَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنَّا كَانَ بِهِ الْبَطْنُ فَبَكَّرْنَا بِهِ فَاَتَيْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، وَخَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ فَقَالَ سُلَيْمَانُ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تُؤْذِنَنَا بِصَاحِبِكُمْ؟ قُلْتُ: كَانَ بِهِ الْبَطْنُ فَبَكَّرْنَا بِهِ، فَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُعَذَّبُ فِي الْقَبْرِ صَاحِبُ الْبَطْنِ اَمَا تَشْهَدُ يَا، خَالِدُ؟، قَالَ: بَلَى

حضرت عبداللہ بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی پیٹ کی بیماری میں فوت ہوا' ہم نے اس کو جلدی دفن کیا' میں مسجد میں آیا تو وہاں حضرت سلیمان بن صرد اور حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ تھے' حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہیں کیا رکاوٹ تھی کہ تم اپنے ساتھی کے ذریعے ہم کو تکلیف دو۔ میں نے عرض کی: وہ پیٹ کی بیماری میں مرا تھا' ہم نے اس کو جلدی دفن کیا۔ حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پیٹ کی بیماری میں مرنے والے کو عذابِ قبر نہیں ہوگا' اے خالد! کیا تم اس کے گواہ ہو؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: کیوں نہیں (سنا ہے)۔

**4001** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَشْوَعَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: كَانَ لَنَا مَيِّتٌ فَعَجَّلْنَا بِهِ فَجِئْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَقِيَنِي خَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، فَقَالَا: اَلَا آذَنْتَنَا بِهِ؟، فَقُلْتُ: كَانَ مَبْطُونًا، فَقَالَا: سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَاحِبُ الْبَطْنِ لَا يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ

حضرت عبداللہ بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی پیٹ کی بیماری میں فوت ہوا' ہم نے اس کو جلدی دفن کیا' میں مسجد میں آیا تو وہاں حضرت سلیمان بن صرد اور حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ تھے' حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہیں کیا رکاوٹ تھی کہ تم اپنے ساتھی کے ذریعے ہم کو تکلیف دو۔ میں نے عرض کی: وہ پیٹ کی بیماری میں مرا تھا' دونوں نے کہا: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پیٹ کی بیماری میں مرنے والے کو عذابِ قبر نہیں ہوگا۔

**4002** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ اَسْبَاطٍ، ثنا اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، ثنا اَبُو سِنَانَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ، لِسُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، اَوْ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، لِخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ: اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: نَعَمْ

حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ سے یا حضرت سلیمان بن صرد' حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہما سے کہا: کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پیٹ کی بیماری میں مرنے والے کو عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ دوسرے صاحب نے کہا: جی ہاں!

**4003** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّورِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانَ الْوَاسِطِيُّ، قَالُوا: ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا

حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعا کرتے ہوئے دیکھا کہ اے اللہ! قبیلہ احمس کے گھڑسوار اور ان کے پیدل چلنے والوں میں برکت دے۔



---

**4003**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه49 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفهم .

مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الزِّيَادِيُّ، قَالَا: ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْعُرْفُطِيُّ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْبَزَّازُ، عَنْ كِلَابِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى خَيْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِهَا

**4004** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ يَوْمَ قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ لَنَا خَالِدٌ: هَذَا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّكُمْ سَتُبْتَلَوْنَ فِي اَهْلِ بَيْتِي مِنْ بَعْدِي

حضرت عمارہ بن یحییٰ بن خالد بن عرفطہ فرماتے ہیں کہ ہم اُس دن حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے جس دن سیّد الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک تم کو میرے اہل بیت کے متعلق آزمائش میں ڈالا جائے گا۔

## خَالِدٌ اَبُو نَافِعٍ الْخُزَاعِيُّ

## حضرت خالد ابونافع الخزاعی رضی اللہ عنہ

**4005** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ طَارِقٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَلِيُّ

حضرت سعید بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نافع بن خالد الخزاعی فرماتے ہیں: مجھے میرے والد نے بتایا کہ وہ درخت والوں میں سے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک دن نماز پڑھائی' آپ نے مختصر نماز پڑھائی اور دیر تک



---

**4004**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 194 وقال: رواه الطبراني والبزار ورجال الطبراني رجال عمارة وثقه ابن حبان .

بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ جَمِيعًا، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، ثنا نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ صَلَاةً، فَاَخَفَّ وَجَلَسَ، فَاَطَالَ الْجُلُوسَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَطَلْتَ الْجُلُوسَ فِي صَلَاتِكَ قَالَ: اِنَّهَا صَلَاةُ رَغْبَةٍ وَرَهْبَةٍ سَاَلْتُ اللّٰهَ فِيهَا ثَلَاثَ خِصَالٍ فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ، وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ اَصَابَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَى بَيْضَتِكُمْ عَدُوًّا فَيَجْتَاحَهَا، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

بیٹھے رہے جب آپ نے سلام پھیرا تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے آج زیادہ لمبا کیا اپنی نماز کو آپ نے فرمایا: یہ نماز رغبت اور خوف والی ہے میں نے اس میں تین باتیں مانگیں دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا میں نے مانگا کہ تم پر وہ عذاب مسلط نہ ہو جو تم سے پہلے ہوا ہے تو یہ مجھے دیا گیا میں نے مانگا کہ تم پر دشمن مسلط نہ کیا جائے جو ان کے لیے رکاوٹ بنائے تو مجھے یہ بھی دیا گیا میں نے مانگا کہ یہ آپس میں ایک دوسرے سے نہ لڑیں تو مجھے اس سے منع کر دیا گیا۔

4006 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اِذَا صَلَّى وَالنَّاسُ يَنْظُرُونَ صَلَّى صَلَاةً خَفِيفَةً تَامَّةَ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ

حضرت نافع بن خالد الخزاعی فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز پڑھتے تو لوگ آپ کو دیکھتے آپ نے مختصر نماز پڑھائی اور رکوع و سجود مکمل کیا۔

4007 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت نافع بن خالد الخزاعی اپنے والد سے

---

4006- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه277 وقال: رواه الطبراني في الكبير ونافع ذكره ابن حبان في الثقات وبقية رجاله رجال الصحيح .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثنا اَبُو مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى وَالنَّاسُ حَوْلَهُ صَلَّى صَلَاةً خَفِيفَةً تَامَّةَ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ، فَجَلَسَ يَوْمًا، فَاَطَالَ الْجُلُوسَ حَتَّى اَوْمَاَ بَعْضُنَا اِلَى بَعْضٍ اَنِ اسْكُتُوا، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوحَى اِلَيْهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَطَلْتَ الْجُلُوسَ حَتَّى اَوْمَاَ بَعْضُنَا اِلَى بَعْضٍ اَنَّهُ يُنَزَّلُ عَلَيْكَ فَقَالَ: لَا وَلَكِنَّهَا صَلَاةُ رَغْبَةٍ وَرَهْبَةٍ سَاَلْتُ اللّٰهَ فِيهَا ثَلَاثًا فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُعَذِّبَكُمْ بِعَذَابٍ عُذِّبَ بِهِ مَنْ قَبْلَكُمْ، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَى عَامَّتِكُمْ عَدُوًّا يَسْتَبِيحُهَا، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا قُلْتُ لَهُ: اَبُوكَ سَمِعَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ اِنَّهُ سَمِعَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَدَدَ اَصَابِعِي هَذِهِ الْعَشْرِ الْاَصَابِعِ

روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ جب نماز پڑھتے' لوگ آپ کے اردگرد ہوتے' آپ نے مختصر نماز پڑھائی' رکوع و سجود مکمل کیا' ایک دن آپ دیر تک بیٹھے رہے یہاں تک کہ ہم ایک دوسرے کو خاموش کروانے لگے کہ رسولﷺ کی طرف وحی کی جا رہی ہے۔ جب آپ فارغ ہوئے تو بعض لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ دیر تک بیٹھے رہے یہاں تک کہ ہم ایک دوسرے کی طرف اشارہ کرنے لگے کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے۔ آپﷺ نے فرمایا: نہیں! لیکن یہ نماز رغبت اور ڈر والی ہے' میں نے اللہ عزوجل سے تین چیزوں کا سوال کیا' مجھے دو دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے مانگا کہ تم پر وہ عذاب مسلط نہ کیا جائے جو تم سے پہلے لوگوں پر مسلط کیا گیا' میں نے مانگا کہ تم پر دشمن مسلط نہ کیا جائے تو مجھے یہ دونوں دیئے گئے ہیں' میں نے مانگا کہ یہ ایک دوسرے کو قتل نہ کریں تو مجھے اس سے منع کیا گیا۔ میں نے کہا: آپ کے والد نے رسول اللہﷺ سے سنا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! میں نے ان کو فرماتے ہوئے سنا کہ انہوں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' اپنی انگلیوں سے دس مرتبہ شمار کر کے۔



## خَالِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت خالد بن سعید بن عاص رضی اللہ عنہ

4008 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ

حضرت امام زہری فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی وفات رسول اللہﷺ کے بعد ہوئی'

الزُّهْرِيِّ: اَنَّ اَبَا بَكْرٍ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أُمَرَاءَ اِلَى الشَّامِ فَاَمَّرَ خَالِدَ بْنَ سَعِيدٍ عَلَى جُنْدٍ

آپ نے امراءِ ملک شام کی طرف لشکر بھیجا' حضرت خالد بن سعید کو اس لشکر کا امیر مقرر کیا۔

**4009** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَذْكُرُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: مَنْ مَرَرْتَ بِهِ مِنَ الْعَرَبِ فَسَمِعْتَ فِيهِمُ الْاَذَانَ فَلَا تَعْرِضْ لَهُ، وَمَنْ لَمْ تَسْمَعْ فِيهِمُ الْاَذَانَ فَادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ لَمْ يُجِيبُوا فَجَاهِدْهُمْ

حضرت خالد بن سعید فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے یمن کی طرف بھیجا' آپ نے فرمایا: عرب کے جن افراد سے گزرے ان میں اذان سنے تو ان سے لڑائی نہ کرنا' جب اذان نہ سنے تو ان کو اسلام کی دعوت دے' اگر اسلام کی دعوت قبول نہ کریں تو ان سے جہاد کرو۔

**4010** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَذْكُرُ، عَنْ عَمِّهِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَدِمَ مِنْ مُهَاجِرِ الْحَبَشَةِ وَمَعَهُ بِنْتُهُ أُمُّ خَالِدٍ، فَجَاءَ بِهَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهَا قَمِيصٌ اَصْفَرُ قَدْ اَعْجَبَ الْجَارِيَةَ قَمِيصُهَا، وَقَدْ كَانَتْ فَهِمَتْ بَعْضَ كَلَامِ الْحَبَشَةِ، فَرَاطَنَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلَامِ الْحَبَشَةِ، فَقَالَ: سَنَهْ سَنَهْ

حضرت خالد بن سعید بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا کہ وہ اپنے چچا خالد بن سعید سے کہ وہ حضور ﷺ کے پاس جس وقت حبشہ سے ہجرت کر کے آئے تو ان کے ساتھ ان کی بیٹی اُم خالد تھیں' ان کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لائے' اس لڑکی پر زرد رنگ کی قمیص تھی' لونڈی کو وہ قمیص اچھی لگ رہی تھی' وہ لونڈی کچھ حبشی کلام سمجھتی تھی' رسول اللہ ﷺ نے حبشی زبان میں گفتگو کی' آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا ہے! وہ حبشی زبان میں اچھا ہے کے معنی میں ہے' پھر آپ ﷺ نے اس کو کہا: ''اَبلی واَخلقی ثم اَبلی واَخلقی''۔ راوی کہتا ہے: اس کا معنی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: وہ اس قمیص کو پرانا



---

**4010**- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه279' رقم الحديث: 5090 عن خالد بن سعيد عن أبيه عن عمه به .

وَهِيَ بِالْحَبَشِيَّةِ حَسَنٌ ثُمَّ قَالَ لَهَا: أَبْلِي وَأَخْلِقِي، ثُمَّ أَبْلِي وَأَخْلِقِي، قَالَ: فَأَبْلَتْ وَاللّٰهِ ثُمَّ أَخْلَقَتْ، ثُمَّ أَبْلَتْ ثُمَّ أَخْلَقَتْ، ثُمَّ مَالَتْ إِلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَتْ يَدَهَا عَلَى مَوْضِعِ خَاتَمِ النُّبُوَّةِ، فَأَخَّرَهَا أَبُوهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا

کرے قسم بخدا! اور بہت بوسیدہ بنا دے (یعنی اس کی زندگی بھی لمبی ہو اور قمیص بھی دیر تک اس کے پاس رہے) دوسری بار بھی اسی طرح فرمایا۔ پھر وہ رسول کریم ﷺ کی پیٹھ کی طرف جھکی اور اس نے اپنا ہاتھ نبوت کی مہر والی جگہ رکھ دیا۔ پس اس کے والد نے اسے ہٹایا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو۔

**4011** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنْ أَبِيهِ سَعِيدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ خَاتَمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَالِدُ مَا هَذَا الْخَاتَمُ؟ قَالَ: خَاتَمٌ اتَّخَذْتُهُ قَالَ: فَاطْرَحْهُ إِلَيَّ قَالَ: فَطَرَحْتُهُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ مُلَوَّنٌ عَلَيْهِ فِضَّةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا نَقْشُهُ؟ قُلْتُ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ فَأَخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَبِسَهُ وَهُوَ الْخَاتَمُ الَّذِي كَانَ فِي يَدِهِ

حضرت خالد بن سعید سے روایت ہے کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے آپ کے ہاتھ میں انگوٹھی تھی آپ نے اس کو میری طرف پھینکا میں نے آپ کی طرف پھینکا وہ لوہے کی انگوٹھی تھی اور اس میں چاندی کا نگ تھا حضور ﷺ نے فرمایا: اس پر لکھا کیا ہے؟ میں نے عرض کی: محمد رسول اللہ! حضور ﷺ نے اس کو پکڑا اس کو پہنا یہ وہی انگوٹھی تھی جو آپ کے ہاتھ میں تھی۔

**4012** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ، عَنْ جَدِّهِ سَعِيدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: مَرِضَ أَبِي مَرَضًا شَدِيدًا، فَقَالَ: لَئِنْ

حضرت خالد بن سعید فرماتے ہیں کہ میرے والد سخت بیمار ہوئے اُنہوں نے کہا: اگر اللہ نے مجھے اس بیماری میں شفاء دی وہ وادیٔ مکہ میں محمد بن ابی کبشہ کے معبود کی عبادت نہیں کرے گا۔ حضرت خالد فرماتے:



4011- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 279 رقم الحديث: 5089 عن اسحاق بن سعيد عن أبيه عن عمه به.

شَفَانِيَ اللّٰهُ مِنْ وَجَعِي هَذَا لَا يُعْبَدُ اِلٰهُ مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِي كَبْشَةَ بِبَطْنِ مَكَّةَ، قَالَ خَالِدٌ: فَهَلَكَ

پس وہ فوت ہوگئے۔

## خَالِدُ بْنُ الْعَاصِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيُّ

## حضرت خالد بن العاص بن ہاشم بن مغیرہ مخزومی رضی اللہ عنہ

**4013** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَقَعَ الطَّاعُونُ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَا فَلَا تَدْخُلُوهَا

حضرت عکرمہ بن خالد اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب طاعون کی بیماری کسی شہر میں پھیلے تو اس سے بھاگو نہیں جب کسی شہر میں ہو اور تم وہاں نہ ہو تو وہاں داخل نہ ہو۔

## خَالِدُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

## حضرت خالد بن حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ

**4014** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، اَنَّ اَبَا عُبَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَنَاوَلَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، فَنَهَاهُ عَنْهُ خَالِدُ بْنُ

حضرت خالد بن حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبیدہ نے کسی شہر کے ایک آدمی کو پکڑا میں نے ان کو منع کیا خالد نے کہا: آپ نے ابوعبیدہ کو ناراض کیا ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب اس کو ہوگا جو دنیا میں لوگوں کو عذاب دیتے

---

4013- أورده أحمد في مسنده جلد3صفحه416' جلد4صفحه186' جلد5صفحه273' رقم الحديث: 23214 عن عكرمة بن خالد عن أبيه أو عمه عن جده به .

4014- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه90 عن عمرو بن دينار عن أبي نجيح عن خالد بن حكيم بن حزام به .

حَكِيمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالُوا لِخَالِدٍ: اَغْضَبْتَ اَبَا عُبَيْدَةَ، فَقَالَ: اِنِّي لَمْ اُغْضِبْهُ، وَلٰكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا لِلنَّاسِ فِي الدُّنْيَا اَشَدُّهُمْ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہوں گے۔

**4015** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي نَجِيحٍ، اَنَّ خَالِدَ بْنَ حَكِيمٍ مَرَّ بِاَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَهُوَ يُعَذِّبُ النَّاسَ فِي الْجِزْيَةِ، فَقَالَ لَهُ: اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَشَدُّهُمْ عَذَابًا فِي الدُّنْيَا ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَخَلِّ سَبِيلَهُمْ

حضرت ابونجیح سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن حکیم رضی اللہ عنہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے وہ لوگوں کو جزیہ کی وجہ سے عذاب دے رہے تھے اُنہوں نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا نہیں ہے کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب ان کو ہوگا جو دنیا میں لوگوں کو عذاب دیتے ہیں! حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ! ان کا راستہ چھوڑ۔

## خَالِدُ بْنُ الْحَوَارِيِّ الْحَبَشِيُّ

## حضرت خالد بن حواری حبشی رضی اللہ عنہ

**4016** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: رَاَيْتُ خَالِدَ بْنَ الْحَوَارِيِّ رَجُلًا مِنَ الْحَبَشَةِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى اَهْلَهُ، فَلَمَّا فَرَغَ حَضَرَهُ الْوَفَاةُ فَقَالَ: اغْسِلُونِي غُسْلَيْنِ غَسْلَةً لِلْجَنَابَةِ، وَغَسْلَةً لِلْمَوْتِ

حضرت اسحاق بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خالد بن حواری رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ حبشہ میں حضور ﷺ کے صحابہ میں سے تھے اپنے گھر والوں کے پاس آتے جب یہ فارغ ہوئے تو ان کی موت کا وقت آیا آپ نے فرمایا: مجھے دو غسل دینا ایک غسل جنابت اور ایک غسلِ موت۔

## خَالِدُ بْنُ عَدِيٍّ الْجُهَنِيُّ

**4017** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَدِيٍّ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ بَلَغَهُ مَعْرُوفٌ مِنْ اَخِيهِ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ وَلَا اِشْرَافٍ فَلْيَقْبَلْهُ وَلَا يَرُدُّهُ، فَاِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ

## حضرت خالد بن عدی الجہنی رضی اللہ عنہ

حضرت خالد بن عدی الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس کو اپنے بھائی سے بغیر مانگے اور بغیر طمع کے مال ملے تو وہ لے لے اور قبول کر لے اس کو واپس نہ کرے کہ وہ اللہ نے اس کی طرف بھیجا ہے۔

## خَالِدُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

**4018** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ

## حضرت خالد بن ابوخالد رضی اللہ عنہ ان کی نسبت معلوم نہیں

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع رضی اللہ عنہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں شریک ہیں ان کے ناموں میں سے ایک نام خالد بن ابوخالد ہے۔



## خَالِدُ بْنُ اَبِي جَبَلٍ الْعَدْوَانِيُّ

## حضرت خالد بن ابوجبل العدوانی رضی اللہ عنہ

---

**4017**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه101 وقال: رواه الطبراني في الكبير وابو يعلى عن احمد بن ابراهيم الموصلي وهو ثقة وبقية رجاله رجال الصحيح وفيه ابن لهيعة وفيه كلام .

4019 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اَبِي جَبَلٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ اَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى قَوْسٍ اَوْ عَصًا فِي مَشْرِقِ ثَقِيفٍ وَهُوَ يَقْرَاُ وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ حَتَّى خَتَمَهَا، فَوَعَيْتُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَاَنَا مُشْرِكٌ، ثُمَّ قَرَاْتُهَا وَاَنَا فِي الْإِسْلَامِ

حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ابوجبل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ ایک کمان یا عصا کا سہارا لے کر بنوثقیف مشرق (سورج طلوع ہونے کی جگہ) میں کھڑے تھے آپ پڑھ رہے تھے: ''والسماء والطارق'' مکمل پڑھی' میں نے زمانۂ جاہلیت میں حالتِ شرک میں اس کو یاد کیا' پھر میں نے اس کو پڑھا' میں مسلمان ہو چکا تھا۔

4020 - وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَرْبَهَارِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالُوا: ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَالِدٍ الْعَدْوَانِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ اَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَشْرِقِ ثَقِيفٍ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى قَوْسٍ اَوْ عَصًا حِينَ اَتَاهُمْ يَبْتَغِي عِنْدَهُمُ النَّصْرَ قَالَ: فَسَمِعْتُهُ يَقْرَاُ وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ حَتَّى خَتَمَهَا ، قَالَ: فَوَعَيْتُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَاَنَا مُشْرِكٌ، ثُمَّ قَرَاْتُهَا فِي الْإِسْلَامِ، فَقَالُوا: مَاذَا سَمِعْتَ مِنْ

حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ابوجبل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ ایک کمان یا عصا کا سہارا لے کر مشرق بنوثقیف میں کھڑے تھے جب آپ ان کے پاس آئے تو ان کے ہاں نصیر کو تلاش کرتے ہوئے آپ پڑھ رہے تھے: ''والسماء والطارق'' مکمل پڑھی' میں نے زمانۂ جاہلیت میں حالتِ شرک میں اس کو یاد کیا' پھر میں نے اس کو پڑھا' میں مسلمان ہو چکا تھا' اُنہوں نے کہا: آپ نے اس آدمی سے کیا سنا ہے؟ میں نے ان پر اس کی قرأت کی' جو ان کے ساتھ قریش تھے' اُنہوں نے کہا: ہم اپنے صاحب کو زیادہ جانتے ہیں' اگر ہم جانتے



---

4019- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه335 عن عبد الله بن عبد الرحمن الطائفي عن عبد الرحمن بن خالد عن أبيه به .

هَـٰذَا الـرَّجُلِ؟ فَقَرَاْتُهَا عَلَيْهِمْ، فَقَالَ مَنْ مَعَهُمْ مِنْ قُـرَيْـشٍ: نَـحْـنُ اَعْلَمُ بِصَاحِبِنَا، لَوْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّ مَا يَقُولُ حَقٌّ لَاتَّبَعْنَاهُ.

کہ یہ جو کہتا ہے حق کہتا ہے تو ہم اس کی اتباع کرتے۔

حَـدَّثَـنَـا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْـنُ عَبْـدِ الْـعَظِيـمِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَـاصِـمٍ، ثـنـا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اَبِي جَبَلٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّـهُ رَاَى رَسُولَ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اَتَـاهُمْ يَعْنِي ثَقِيفَ يَبْتَغِي عِنْدَهُمُ النَّصْرَ - فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ مَرْوَانَ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ابوجبل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جس وقت آپ قبیلہ ثقیف کے ہاں تشریف لے آئے اور ان کے پاس نصر کو تلاش کر رہے تھے اس کے بعد مروان والی حدیث ذکر کی۔

## خَالِدُ بْنُ عُبَيْدٍ السُّلَمِيُّ

## حضرت خالد بن عبید السلمی رضی اللہ عنہ

**4021** - حَـدَّثَـنَـا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الـلّٰـهِ بْـنِ زَكَـرِيَّـا الْاَعْرَجُ الْاَيَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الْـوَهَّـابِ بْـنُ نَـجْـدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّـاشٍ، عَـنْ عَـقِيـلِ بْـنِ مُدْرِكٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ السُّلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَعْطَاكُمْ عِنْدَ وَفَاتِكُمْ ثُلُثَ اَمْوَالِكُمْ زِيَادَةً فِي اَعْمَالِكُمْ

حضرت حارث بن عبید السلمی رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تم کو تمہاری وفات کے وقت تمہارے اموال کا تہائی دے گا' جو تمہارے اعمال میں اضافہ ہوگا۔

## خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

## حضرت خالد بن عبداللہ بن حرملہ



**4021**- أورد نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 3صفحه70' رقم الحديث: **1385** عن عقيل بن مدرك عن الحارث بن خالد عن أبيه به .

## حَرْمَلَةَ الْمُدْلِجِيُّ وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي صُحْبَتِهِ

**4022** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سَحْبَلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ اَبُو اُمَيَّةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَحْبَلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيِّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْمُدْلِجِيِّ، قَالَ: وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ، فَقَالَ رَجُلٌ: هَلْ لَكَ فِي عَقَائِلِ النِّسَاءِ وَاُدْمِ الْإِبِلِ مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ؟ وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ فَعُرِفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الْقَوْمِ الْمُدَافِعُ عَنْ قَوْمِهِ مَا لَمْ يَأْثَمْ

## المدلجی رضی اللہ عنہ آپ کے صحابی ہونے میں اختلاف کیا گیا

حضرت خالد بن عبداللہ بن حرملہ المدلجی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مقامِ عسفان میں ٹھہرے ایک آدمی نے کہا: کیا آپ کو بنومدلج کی عورتوں کے ہاروں اور عقل اور اونٹوں کے گندمی رنگ (سالن) میں کوحاجت ہے؟ قوم میں بنی مدلج کا ایک آدمی تھا' یہ اس کے چہرے سے معلوم ہورہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: قوم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنی قوم کا دفاع کرے بشرطیکہ ناجائز نہ ہو۔

## خَالِدُ بْنُ اَبِي دُجَانَةَ الْاَنْصَارِيُّ

**4023** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، : فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَالِدُ بْنُ اَبِي دُجَانَةَ رَضِيَ

## حضرت خالد بن ابی دجانہ انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے جو شریک ہوئے اُن میں سے ایک نام خالد بن ابودجانہ رضی اللہ عنہم بھی ہے۔

4022- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه110 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفهم .

اللّٰهُ عَنْهُمْ

## خُوَيْلِدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیُّ

4024 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خُوَيْلِدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ مِنْ بَنِی سَلَمَةَ

## حضرت خویلد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے شریک ہوئے اُن ناموں میں سے ایک نام بنی سلمہ کے خویلد بن عمروالانصاری بدری بھی ہیں۔

## خَلَّادُ بْنُ السَّائِبِ الْاَنْصَارِیُّ

4025 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مَحْبُوبُ بْنُ مُحْرِزٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِیِّ، عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ شَیْءٍ يُصِيبُ مِنْ زَرْعِ اَحَدِكُمْ وَلَا ثَمَرَةٍ مِنْ طَيْرٍ وَلَا سَبُعٍ اِلَّا وَلَهُ فِيهِ اَجْرٌ

## حضرت خلاد بن سائب انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت خلاد بن سائب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کی زمین سے کوئی شی یا پرندے، پھل یا درندے کھائیں، اس اُگانے والے کے لیے ثواب ہوگا۔

4026 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت خلاد بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں



4026- اورده أحمد فی مسنده جلد4صفحه55 عن عبد الله بن حنطب عن خلاد بن السائب عن أبيه به .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَرَعَ زَرْعًا فَاَكَلَ مِنْهُ طَيْرٌ اَوْ عَافِيَةٌ كَانَ لَهُ صَدَقَةٌ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کھیتی لگائی پھر اس سے پرندے کھائیں یا کوئی شی کھائے تو اس اُگانے والے کے لیے صدقہ ہوگا۔

## خَلَّادُ بْنُ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيُّ

## حضرت خلاد بن رافع انصاری رضی اللہ عنہ

**4027** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا رِفَاعَةُ بْنُ يَحْيَى الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: خَرَجْتُ اَنَا وَاَخِي خَلَّادٌ اِلَى بَدْرٍ عَلَى بَعِيرٍ لَنَا اَعْجَفَ

حضرت معاذ بن رفاعہ بن رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں اور میرا بھائی خلاد ایک اونٹ پر بدر کی طرف نکلے جو کمزور تھا۔

## خَارِجَةُ بْنُ حُذَافَةَ الْعَدَوِيُّ

## حضرت خارجہ بن حذافہ العدوی رضی اللہ عنہ

هُوَ خَارِجَةُ بْنُ حُذَافَةَ بْنِ غَانِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُوَيْجِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ وَكَانَ فِيمَنْ حَضَرَ فَتْحَ مِصْرَ وَمَاتَ بِهَا

یہ خارجہ بن حذافہ بن غانم بن عبداللہ بن عوف بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب ہیں' یہ مصر کی فتح کے وقت موجود تھے' وہاں ان کا وصال ہوا۔

**4028** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا

حضرت خارجہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

**4027**- أورد نحوه البزار في مسنده جلد**6**صفحه**74**' رقم الحديث: **3728** عن رفاعة بن يحيى عن معاذ بن رفاعة عن أبيه به .

**4028**- أورده الترمذي في سننه جلد**2**صفحه**314**' رقم الحديث: **452** عن عبد الله بن راشد عن عبد الله بن أبي مرة عن خارجة بن حذافة به .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَاشِدٍ الزَّوْفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُرَّةَ الزَّوْفِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَدَّكُمْ بِصَلَاةٍ خَيْرٍ لَكُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ جُعِلَتْ لَكُمْ فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلَى اَنْ يَطْلُعَ الْفَجْرُ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے وہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے اس کا وقت تمہاری نمازِ عشاء اور فجر کے طلوع ہونے تک ہے (وہ وتر ہیں)۔

4029 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَاشِدٍ الزَّوْفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُرَّةَ الزَّوْفِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ فَقَالَ: لَقَدْ اَمَدَّكُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اللَّيْلَةَ بِصَلَاةٍ هِيَ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ: الْوِتْرُ فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلَى طُلُوعِ الْفَجْرِ

حضرت خارجہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے وہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے اس کا وقت تمہاری نمازِ عشاء اور فجر کے طلوع ہونے تک ہے۔

## خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ

## حضرت خارجہ بن زید بن

# بْنِ اَبِی زُهَیْرٍ اَخِی بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

**4030** - حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ زَكَرِیَّا التُّسْتَرِیُّ، ثنا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِیُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، قَالَ: نَزَلَ اَبُو بَكْرٍ عَلَی حَبِیبِ بْنِ اِسَافٍ اَخِی بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بِالسُّنْحِ، وَیُقَالُ: بَلْ نَزَلَ عَلَی خَارِجَةَ بْنِ زَیْدِ اَبِی زُهَیْرٍ اَخِی بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

# ابی زہیر حضرت حارث بن خزرج کے بھائی

حضرت بکیر بن سلیمان فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حارث بن خزرج کے بھائی حبیب بن اساف کے پاس مقام سنح میں آئے' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حضرت حارث بن خزرج کے بھائی خارجہ بن زید ابوزہیر کے پاس آئے۔

# خَارِجَةُ بْنُ زَیْدٍ الْاَنْصَارِیُّ

**4031** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّی الدِّمَشْقِیُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ یَزِیدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عُمَیْرِ بْنِ هَانِیٍ، اَنَّ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیرٍ، حَدَّثَهُ، قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ مِنَّا یُقَالُ لَهُ خَارِجَةُ بْنُ زَیْدٍ فَسَجَّیْنَاهُ بِثَوْبٍ، وَقُمْتُ اُصَلِّی اِذْ سَمِعْتُ ضَوْضَاءَةً وَانْصَرَفْتُ، فَاِذَا اَنَا بِهِ یَتَحَرَّكُ، فَقَالَ: اَجْلَدُ الْقَوْمِ اَوْسَطُهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ، عُمَرُ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ الْقَوِیُّ فِی جِسْمِهِ الْقَوِیُّ فِی اَمْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ الْعَفِیفُ

# حضرت خارجہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت نعمان بن بشیر بیان کرتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی فوت ہوا' اس کا نام خارجہ بن زید ہے' ہم ن ان کو کپڑے میں لپیٹا' میں نماز پڑھنے کے لیے کھڑا ہوا' اچانک میں نے شور کی آواز سنی اور میں پھرا' میں نے اچانک دیکھا وہ حرکت کر رہے ہیں اور کہا: اللہ کے بندو! ان کی قوم میں سخت جان بلند درجہ حضرت عمر امیر المؤمنین ہیں جو اپنے جسم کے لحاظ سے طاقت ور تھے اور اللہ کے معاملہ میں بھی سخت تھے' امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ پاک دامن اور پاک دامنی چاہنے والوں میں سے ہیں' بہت زیادہ عیب



**4031**- اورده ابو بكر الشيبانی فی الأحاد والمثانی جلد 1صفحه96' رقم الحديث: 66 عن عمير بن هانئ عن النعمان بن بشير عن خارجة بن زيد به .

الْمُتَعَفِّفُ الَّذِی یَعْفُو عَنْ ذُنُوبٍ کَثِیرَةٍ حَلَّتْ لَیْلَتَانِ، وَبَقِیَتْ اَرْبَعٌ، وَاخْتَلَفَ النَّاسُ وَلَا نِظَامَ لَهُمْ، یَا اَیُّهَا النَّاسُ اَقْبِلُوا عَلَی اِمَامِکُمْ وَاسْمَعُوا لَهُ وَاَطِیعُوا، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَابْنُ رَوَاحَةَ، ثُمَّ قَالَ: مَا فَعَلَ زَیْدُ بْنُ خَارِجَةَ - یَعْنِی اَبَاهُ - ، ثُمَّ قَالَ: اَخَذْتُ سَرَارِیسَ ظُلْمًا ثُمَّ خَفَتَ الصَّوْتُ

معاف کرتے تھے اور دوراتیں گذر گئیں' باقی چار رہ گئیں' لوگوں نے اختلاف کیا' ان کے لیے کوئی نظام نہیں ہے' اے لوگو! اپنے امام کے پاس آؤ' اس کی بات سنو اور اطاعت کرو۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابن رواحہ ہیں' پھر فرمایا: زید بن خارجہ نے کیا کیا یعنی ان کے والد نے' پھر فرمایا: میں نے سراریس ظلماً لیے پھر ان کی آواز آہستہ ہوئی۔

## خَارِجَةُ بْنُ عَمْرٍو الْجُمَحِیُّ

## حضرت خارجہ بن عمرو جمحی رضی اللہ عنہ

**4032** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْجَارُودِ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَیْرِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ قُدَامَةَ الْجُمَحِیِّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَمْرٍو الْجُمَحِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَوْمَ الْفَتْحِ وَاَنَا عِنْدَ نَاقَتِهِ: لَیْسَ لِوَارِثٍ وَصِیَّةٌ قَدْ اَعْطَی اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ کُلَّ ذِی حَقٍّ حَقَّهُ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ، مَنِ ادَّعَی اِلَی غَیْرِ اَبِیهِ، اَوْ تَوَلَّی غَیْرَ مَوَالِیهِ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِینَ، لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ

حضرت خارجہ بن عمرو جمحی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا جبکہ میں آپ کی اونٹنی کے پاس تھا کہ وارث کے لیے وصیت نہیں ہے' اللہ عزوجل نے ہر حق والے کو حق دیا ہے' زانی کے لیے پتھر ہیں' جس آدمی نے اپنا نسب بدلا یا غلام نے اپنے آقا کے علاوہ کسی اور کی طرف نسبت کی تو اس پر اللہ اور تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کے فرض و نفل قبول نہیں کرے گا۔

## خَوَّاتُ بْنُ جُبَیْرٍ

## حضرت خوات بن جبیر

**4032**- ذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد4صفحه214 وقال: رواه الطبرانی وفیه عبد الملك بن قدامة الجمحی وثقه ابن معین وضعفه الناس .

## الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَيُقَالُ اَبُو صَالِحٍ

## انصاری بدری' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے' ان کوابوصالح بھی کہا جاتا ہے

4033 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: خَوَّاتُ بْنُ جُبَيْرٍ يُكْنَى اَبَا صَالِحٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت خوات بن جبیر کی کنیت ابوصالح ہے۔

4034 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، خَوَّاتُ بْنُ جُبَيْرٍ بَدْرِیٌّ مِنْ بَنِی حَارِثَةَ رَجَعَ مِنَ الطَّرِيقِ فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمًا

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: جو حضورﷺ کے ساتھ شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام حضرت خوات بن جبیر کا ہے' بنی حارث کے رہنے والے بدری ہیں' آپ راستہ سے واپس آ گئے' حضورﷺ نے ان کے لیے حصہ مقرر کیا تھا۔

4035 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِیُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِیُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: خَوَّاتُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ الْبُرْكِ وَاسْمُ، الْبُرْكِ امْرُؤُ الْقَيْسِ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ ضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ بِسَهْمِهِ وَاَجْرِهِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: حضرت خوات بن جبیر بن نعمان بن امیہ بن برک اور برک کا نام امرؤالقیس بن ثعلبہ بن عمرو بن عوف تھا' حضورﷺ نے آپ کے لیے بدر کے دن حصہ اور ثواب بھی مقرر کیا تھا۔

4036 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّیَ خَوَّاتُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں: حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ کا وصال 40 ہجری میں ہوا' ان کی

بْنُ جُبَيْرٍ سَنَةَ اَرْبَعِينَ وَسِنُّهُ اَرْبَعٌ وَسَبْعُونَ

عمر 74 سال تھی۔

**4037** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ خَوَّاتُ بْنُ جُبَيْرٍ فِي سَنَةِ اَرْبَعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں: حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ کا وصال 40 ہجری میں ہوا۔

**4038** - حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو غَسَّانَ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَسْلَمَ، يُحَدِّثُ، اَنَّ خَوَّاتَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: نَزَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ الظَّهْرَانِ، قَالَ: فَخَرَجْتُ مِنْ خِبَائِي فَاِذَا اَنَا بِنِسْوَةٍ يَتَحَدَّثْنَ، فَاَعْجَبْنَنِي، فَرَجَعْتُ فَاسْتَخْرَجْتُ عَيْبَتِي، فَاسْتَخْرَجْتُ مِنْهَا حُلَّةً فَلَبِسْتُهَا وَجِئْتُ فَجَلَسْتُ مَعَهُنَّ، وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قُبَّتِهِ فَقَالَ: اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا يُجْلِسُكَ مَعَهُنَّ؟، فَلَمَّا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِبْتُهُ وَاخْتَلَطْتُ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ جَمَلٌ لِي شَرَدَ، فَاَنَا اَبْتَغِي لَهُ قَيْدًا فَمَضَى وَاتَّبَعْتُهُ، فَاَلْقَى اِلَيَّ رِدَاءَهُ وَدَخَلَ الْاَرَاكَ كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى بَيَاضِ مَتْنِهِ فِي خُضْرَةِ الْاَرَاكِ، فَقَضَى حَاجَتَهُ وَتَوَضَّاَ، فَاَقْبَلَ

حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مرُ ظہران کے مقام پر اترے ہوئے تھے' میں اپنے خیمہ سے نکلا' وہاں عورتیں گفتگو کر رہی تھیں' مجھے پسند آئیں' میں واپس آیا' میں نے اپنی تھیلی کو نکالا' میں نے اس میں سے حلّہ نکالا' میں نے اس کو پہنا اور میں آیا' میں ان کے پاس بیٹھ گیا' حضور ﷺ اپنے خیمہ سے نکلے اور فرمایا: اے عبداللہ! تم ان کے ساتھ کیوں بیٹھے ہو؟ جب میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو میں ڈر گیا اور میں گھل مل گیا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرا اونٹ سرکش ہو گیا ہے۔ میں اس کی رسّی (ڈھنگا) تلاش کر رہا ہو۔ پس آپ ﷺ تشریف لے گئے اور میں بھی آپ ﷺ کے پیچھے پیچھے نکلا۔ میں نے آپ کی چادر ڈال لی اور آپ جھاڑیوں میں تشریف لے گئے' گویا اب بھی میں جھاڑیوں کی سبزی میں آپ کی پیٹھ کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔ پس آپ ﷺ نے قضائے حاجت کر کے وضو کیا' آپ ﷺ واپس آئے اس

خوات بن جبیر الانصاری

---

**4038**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 401 وقال: رواه الطبراني من طريقين ورجال أحدهما رجال الجراح بن مخلد وهو ثقة .

وَالْمَاءُ يَسِيلُ مِنْ لِحْيَتِهِ عَلَى صَدْرِهِ- أَوْ قَالَ: يَقْطُرُ مِنْ لِحْيَتِهِ عَلَى صَدْرِهِ - فَقَالَ: أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا فَعَلَ شِرَادُ جَمَلِكَ؟ ، ثُمَّ ارْتَحَلْنَا فَجَعَلَ لَا يَلْحَقُنِي فِي الْمَسِيرِ إِلَّا قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا فَعَلَ شِرَادُ ذٰلِكَ الْجَمَلِ؟ ، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذٰلِكَ تَعَجَّلْتُ إِلَى الْمَدِينَةِ، واجْتَنَبْتُ الْمَسْجِدَ وَالْمُجَالَسَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا طَالَ ذٰلِكَ تَحَيَّنْتُ سَاعَةَ خَلْوَةِ الْمَسْجِدِ، فَأَتَيْتُ الْمَسْجِدَ فَقُمْتُ أُصَلِّي، وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعْضِ حِجْرِهِ فَجَاءَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ وطَوَّلْتُ رَجَاءَ أَنْ يَذْهَبَ وَيَدَعُنِي فَقَالَ: طَوِّلْ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا شِئْتَ أَنْ تُطَوِّلَ فَلَسْتُ قَائِمًا حَتَّى تَنْصَرِفَ ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: وَاللّٰهِ لَأَعْتَذِرَنَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَأُبْرِئَنَّ صَدْرَهُ، فَلَمَّا قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا فَعَلَ شِرَادُ ذٰلِكَ الْجَمَلِ؟ فَقُلْتُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا شَرَدَ ذٰلِكَ الْجَمَلُ مُنْذُ أَسْلَمَ، فَقَالَ: رَحِمَكَ اللّٰهُ ثَلَاثًا ثُمَّ لَمْ يُعِدْ لِشَيْءٍ مِمَّا كَانَ

حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی سے سینے پر پانی بہہ رہا تھا' یا کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینے پر قطرے گر رہے تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! تیرے اونٹ کی آوارگی کا کیا بنا؟ پھر ہم نے کوچ کیا' پس اس سفر میں جو بھی مجھے پیچھے سے آ کر ملتا' یہی کہتا: السلام علیک ابا عبداللہ! اس اونٹ کی آوارگی کا کیا ہوا؟ پس میں نے جب یہ صورتِ حال دیکھی تو میں جلدی سے مدینے آ گیا' مسجد میں آنا جانا ترک کر دیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں جانا چھوڑ دیا۔ پس جب یہ سلسلہ لمبا ہوا تو میں نے اس گھڑی کو تلاش کیا جب مسجد میں کوئی نہ ہوا' تو میں نے مسجد میں آ کر نماز شروع کر دی۔ اِدھر سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی حجرہ سے نکل کر تشریف لے آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہلکی سی دو رکعتیں پڑھیں لیکن میں نے اس اُمید پر اپنی نماز کو لمبا کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے چھوڑ کر تشریف لے جائیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! لمبی کر جتنی لمبی کرنا چاہتا ہے' میں تیرے فارغ ہونے تک کھڑا ہونے والا نہیں۔ میں نے اپنے دل میں کہا: قسم بخدا! ضرور میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں معذرت کروں گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینہ کو اس بات سے خالی کروں گا۔ پس جب (پھر) آپ نے فرمایا: السلام علیک ابا عبداللہ! اس اونٹ کی آواردگی نے کیا کیا؟ تو میں نے عرض کی: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے۔ وہ اونٹ آوارہ

نہیں ہوا' جب سے میں مسلمان ہوا ہوں تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تیرے اوپر رحم فرمائے۔ تین بار کہا' پھر آپ ﷺ نے اس میں سے کوئی بات نہیں دُہرائی۔

**4039** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ وَاَوْصَى اِلَيَّ فَكَانَ فِيمَا اَوْصَى بِهِ اُمُّ وَلَدِهِ وَامْرَاَةٌ حُرَّةٌ، فَوَقَعَ بَيْنَ اُمِّ الْوَلَدِ وَالْمَرْاَةِ كَلَامٌ، فَقَالَتْ لَهَا الْمَرْاَةُ: يَا لَكْعَاءُ غَدًا يُؤْخَذُ بِاُذُنِكِ فَتُبَاعِينَ فِي السُّوقِ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا تُبَاعُ

حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی فوت ہوا' اس کی وصیت میرے پاس تھی' اس نے اُم ولد اور اپنی آزاد بیوی کے لیے وصیت کی تھی' اُم ولد اور اس کی بیوی کے درمیان کوئی گفتگو ہوئی' اس کی بیوی نے اُم ولد سے کہا: اے لکعاء! (چھوٹی بچی) جو تیرے کانوں میں ہو اس کو لے اور بازار میں فروخت کر۔ میں نے اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا تو آپ نے فرمایا: اس کو فروخت نہیں کیا جا سکتا۔

**4040** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمُصَفِّرُ، ثنا اَبُو صَالِحٍ خَوَّاتُ بْنُ جُبَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَاشِمِيُّ، ثنا خَوَّاتُ بْنُ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ،

حضرت خوات رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بیمار ہوا' حضور ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے' جب میں ٹھیک ہوا تو آپ نے فرمایا: جو کوئی بیمار ہو' وہ کسی شی (کی نذر مانے) اور کسی نیک کام کی نیت کرے' جو اسنے وعدہ کیا وہ اللہ کے لیے پورا کرے۔

خوات بن جبیر الانصاری

---

**4039**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 249 وقال: رواه الطبراني وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف وبقية رجاله ثقات .

**4040**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 467' رقم الحديث: 5750 عن خوات بن صالح بن خوات بن جبير عن أبيه عن جده به .

قَالَ: مَرِضْتُ فَعَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا بَرِئْتُ قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ مِنْ مَرِيضٍ يَمْرَضُ اِلَّا نَذَرَ شَيْئًا وَنَوَى شَيْئًا مِنَ الْخَيْرِ فَفِ لِلّٰهِ بِمَا وَعَدْتَهُ

**4041** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنُ نَصْرٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ خَوَّاتِ بْنِ صَالِحٍ خَوَّاتُ بْنُ جُبَيْرٍ، عن اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو شے تھوڑا یا زیادہ نشہ دے وہ حرام ہے۔

**4042** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ اُصَلِّي فَاِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِي يَقُولُ: خَفِّفْ فَاِنَّ لَنَا اِلَيْكَ حَاجَةً فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا' میرے پیچھے ایک آدمی تھا' اس نے کہا: مختصر کرو! ہمیں تم سے کام ہے۔ میں (نماز مکمل کر کے) متوجہ ہوا تو وہ رسول اللہﷺ کی ذاتِ مبارک تھی۔

## خُرَيْمُ بْنُ فَاتِكٍ

## حضرت خریم بن فاتک الاسدی



**4041**- أورده الدارقطني في سننه جلد 4صفحه254' رقم الحديث: 44 عن صالح بن خوات بن صالح بن خوات بن جبير عن أبيه عن جده عن خوات بن جبير به .

**4042**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه 81 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن زيد بن أسلم ضعفه ابن معين وغيره ووثقه أبو حاتم ومعن بن عيسى وقال أبو داؤد هو أمثل من أخيه .

## الْاَسَدِيُّ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

4043 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الرُّكَيْنَ اَبَا الرَّبِيعِ الْفَزَارِيَّ، حَدَّثَنِي عَمِّي، عَنْ اَبِي عَبْدِ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّاسُ اَرْبَعَةٌ، وَالْاَعْمَالُ سِتَّةٌ، فَالْاَعْمَالُ: مُوجِبَتَانِ وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ وَعَشَرَةُ اَضْعَافٍ وَسَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ، مُوجِبَتَانِ مَنْ مَاتَ مُسْلِمًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَمَنْ مَاتَ كَافِرًا وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ، وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ الْعَبْدُ يَهُمُّ بِالْحَسَنَةِ فَيُكْتَبُ لَهُ حَسَنَةٌ، وَيَهُمُّ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى اِلَّا بِمِثْلِهَا وَالْعَبْدُ يَعْمَلُ الْحَسَنَةَ فَيُكْتَبُ لَهُ عَشْرًا، وَالْعَبْدُ يُنْفِقُ النَّفَقَةَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَيُضَاعَفُ لَهُ سَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ، وَالنَّاسُ اَرْبَعَةٌ فَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ وَشَقِيٌّ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ



## رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے

حضرت ابوعبد خریم بن فاتک الاسدی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگ چار طرح کے ہیں اور عمل چھ قسم کے ہیں دو اعمال واجب کرنے والے ہیں ایک کا ثواب برابر ہے اور ایک کا دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ہے دو واجب کرنے والے ہیں جو حالت اسلام میں مرا اس کے لیے جنت واجب ہوگئی جو حالت کفر میں مرا اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی جو برابر برابر ثواب رکھتی ہے وہ یہ ہے کہ بندہ نیکی کا ارادہ کرے تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی اور جو بُرائی کا ارادہ کرے تو اس کے لیے ایک ہی گناہ لکھا جائے اور ایک بندہ نیکی کرتا ہے تو اس کے لیے دس نیکیوں کا ثواب لکھا جاتا ہے ایک بندہ اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے تو اس کے لیے سات سو نیکیوں کا اضافہ لکھا جاتا ہے لوگ چار طرح کے ہیں ایک کے لیے دنیا و آخرت کشادہ کی جاتی ہے ایک کے لیے دنیا تنگ ہو جاتی ہے اور آخرت کشادہ کی جاتی ہے ایک کے لیے دنیا کشادہ اور آخرت تنگ ایک دنیا و آخرت میں بدبخت ہوتا ہے۔

4044 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مِهْرَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ چار طرح کے ہیں اور

4043- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه96' رقم الحديث: 2442 عن الركين عن عمه عن خريم بن فاتك به .

بَشِيرِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّاسُ اَرْبَعَةٌ، وَالْاَعْمَالُ سِتَّةٌ، فَمِنْهُمْ مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ، وَمِنْهُمْ مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا مُقَتَّرٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمِنْهُمْ مُقَتَّرٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الْآخِرَةِ، وَمِنْهُمْ شَقِيٌّ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالْاَعْمَالُ مُوجِبَتَانِ وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ وَعَشَرَةِ اَضْعَافٍ وَسَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ، فَالْمُوجِبَتَانِ مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً، وَمَنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ عَلَيْهِ سَيِّئَةً، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشَرَةَ اَضْعَافٍ، وَالنَّفَقَةُ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ سَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ

**4045** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ يَسِيرِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّاسُ اَرْبَعَةٌ، وَاَعْمَالٌ سِتَّةٌ، فَالنَّاسُ مُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا،

اعمال چھ طرح کے ہیں‘ ان میں سے کچھ کے لیے دنیا و آخرت وسیع کی جاتی ہے‘ کسی کے لیے دنیا وسیع اور آخرت تنگ‘ کسی کے لیے دنیا تنگ اور آخرت وسیع‘ کوئی دنیا و آخرت میں بدبخت ہوتا ہے۔ دو اعمال واجب کرنے والے ہیں‘ ایک کا ثواب برابر برابر اور ایک کا دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ثواب لکھا جاتا ہے اور دو واجب کرنے والیاں ہیں‘ جو اس حالت میں مرے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا‘ جو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہوئے مرا وہ جہنم میں داخل ہوگا‘ جس نے بُرائی کا ارادہ کیا اور کی نہیں تو اُس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی‘ جس نے بُرائی کی تو اُس کے لیے ایک بُرائی لکھی جائے گی‘ جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور کی نہیں تو اُس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی‘ اگر نیکی کر لی تو اُس کے لیے دس گنا زیادہ نیکیاں لکھی جائیں گی‘ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے سات سو گنا زیادہ ثواب ملے گا۔

حضرت خریم بن فاتک الاسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: لوگ چار طرح کے ہیں اور اعمال چھ طرح کے ہیں‘ کچھ لوگوں کے لیے دنیا و آخرت وسیع کی جاتی ہے‘ کسی کے لیے دنیا وسیع اور آخرت تنگ‘ کسی کے لیے دنیا تنگ اور آخرت وسیع‘ کچھ دنیا و آخرت میں بدبخت ہوتے ہیں‘ اعمال دو قسم کے واجب کرنے والے ہیں‘ ایک کا ثواب برابر برابر اور ایک کا دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک لکھا جاتا

مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَشَقِيٌّ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالْأَعْمَالُ مُوجِبَتَانِ، وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ، وَعَشَرَةُ أَضْعَافٍ وَسَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ . وَالْمُوجِبَتَانِ، مَنْ مَاتَ مُسْلِمًا أَوْ مُؤْمِنًا لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَمَنْ مَاتَ كَافِرًا وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ وَلَمْ يَعْمَلْهَا، فَعَلِمَ اللَّهُ أَنَّهُ قَدْ أَشْعَرَهَا قَلْبُهُ وَحَرَصَ عَلَيْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً وَلَمْ يُضَاعَفْ شَيْءٌ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ وَلَمْ يَعْمَلْهَا لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْهِ، وَمَنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ عَلَيْهِ وَاحِدَةً وَلَمْ يُضَاعَفْ عَلَيْهِ، وَمَنْ عَمِلَ حَسَنَةً كَانَتْ لَهُ عَشْرَ أَمْثَالِهَا، وَمَنْ أَنْفَقَ نَفَقَةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَانَتْ لَهُ بِسَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ .

ہے اور دو واجب کرنے والیاں ہیں جو حالتِ اسلام یا ایمان میں مرا اور اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی اور جو حالتِ کفر میں مرا تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور نیکی کی نہیں تو اللہ عزوجل کو معلوم ہے کہ اس کا دل اس نیکی کے کرنے پر یقین اور حریص ہے تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جاتی ہے کسی شی کا اضافہ نہیں کیا جائے گا اور جس نے بُرائی کا ارادہ کیا اور بُرائی کی نہیں تو اس کے لیے بُرائی لکھی نہیں جائے گی اور جس نے بُرائی کی تو اس کے لیے ایک بُرائی کا گناہ لکھا جائے گا اور کچھ اضافہ نہیں کیا جائے گا اور جس نے ایک نیکی کی تو اس کے لیے دس نیکیوں کے برابر ثواب لکھا جائے گا اور جس نے اللہ کی راہ میں تھوڑا خرچ کیا تو اس کے لیے سات سو گنا نیکیاں لکھی جائیں گی۔

خریم بن فاتک الاسدی

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، ثنا أَبُو النَّضْرِ، ثنا الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَسِيرِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**4046** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ غَنَّامٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَسِيرِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْأَسَدِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ چار طرح کے ہیں اور اعمال چھ طرح کے ہیں کچھ لوگوں کے لیے دنیا و آخرت وسیع کی جاتی ہے کسی کے لیے دنیا وسیع اور آخرت تنگ کسی کے لیے دنیا تنگ اور آخرت وسیع

النَّاسُ اَرْبَعَةٌ، وَالْاَعْمَالُ سِتَّةٌ، مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ لَهُ فِي الدُّنْيَا، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، وَالْاَعْمَالُ سِتَّةٌ مُوجِبَتَانِ، وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ، وَعَشَرَةُ اَضْعَافِهِ، وَسَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ، مَنْ مَاتَ مُسْلِمًا اَوْ مُؤْمِنًا لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا اُدْخِلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ كَافِرًا اُدْخِلَ النَّارَ، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ حَتّٰى يُشْعِرَهَا قَلْبُهُ كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ لَا تُضَاعَفُ وَمَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً كُتِبَتْ عَلَيْهِ سَيِّئَةٌ وَاحِدَةٌ لَمْ تُضَاعَفْ عَلَيْهِ، وَمَنْ عَمِلَ حَسَنَةً كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا، وَمَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كُتِبَتْ لَهُ سَبْعُمِائَةِ ضِعْفٍ

کچھ دنیا و آخرت میں بدبخت ہوتے ہیں' اعمال دو قسم کے واجب کرنے والے ہیں' ایک کا ثواب برابر برابر اور ایک کا دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک لکھا جاتا ہے' اور جو حالتِ اسلام یا ایمان میں مرا اور اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی اور جو حالتِ کفر میں مرا تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی' جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور نیکی کی نہیں تو اللہ عزوجل کو معلوم ہے کہ اس کا دل اس نیکی کے کرنے پر یقین اور حریص ہے تو اس کے لیے ایک نیکی لکھی جاتی ہے' کسی شی کا اضافہ نہیں کیا جائے گا اور جس نے بُرائی کا ارادہ کیا اور بُرائی کی نہیں تو اس کے لیے بُرائی لکھی نہیں جائے گی اور جس نے بُرائی کی تو اس کے لیے ایک بُرائی کا گناہ لکھا جائے گا اور کچھ اضافہ نہیں کیا جائے گا اور جس نے ایک نیکی کی تو اس کے لیے دس نیکیوں کے برابر ثواب لکھا جائے گا اور جس نے اللہ کی راہ میں تھوڑا خرچ کیا تو اس کے لیے سات سو گنا نیکیاں لکھی جائیں گی۔



**4047** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ رَجُلٍ اَنْتَ لَوْلَا خَلَّتَانِ فِيكَ ،

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے آدمی! اگر آپ میں دو باتیں نہ ہوں (تو اچھا آدمی ہے)۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ دونوں کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: تُو اپنا تہبند لٹکاتا ہے اور بال حد سے زیادہ رکھتا ہے' میں نے

---

**4047**- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد **2** صفحه **285**' رقم الحديث: **1044** عن ابي اسحاق عن شمر بن عطية عن خريم بن فاتك به .

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا هُمَا؟، قَالَ: تُسْبِلُ إِزَارَكَ وَتُرْخِي شَعْرَكَ ، قُلْتُ: لَا جَرَمَ لَا أَعُودُ، قَالَ: فَجَزَّ شَعْرَهُ، وَرَفَعَ إِزَارَهُ

عرض کی: یقیناً میں ایسا نہیں کروں گا' میں نے اپنے بال کٹوائے اور اپنا تہبند ٹخنوں سے اونچا رکھا۔

**4048** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا خَلَّتَانِ فِيكَ كُنْتَ أَنْتَ الرَّجُلَ تَسْبِيلُ الْإِزَارِ، وإِرْخَاءُ الشَّعْرِ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تم میں دو باتیں نہ ہوں تو اچھے آدمی ہو: (۱) تہبند کا لٹکانا اور (۲) بال حد سے زیادہ رکھنا۔

**4049** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، وَأَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نِعْمَ الْفَتَى خُرَيْمٌ لَوْ أَخَذَ مِنْ شَعْرِهِ وَقَصَّرَ مِنْ إِزَارِهِ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خریم اچھا نوجوان ہے' اگر اپنے بال کٹوائے اور تہبند ٹخنوں سے اُٹھا کر رکھے۔

**4050** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ الْمَسْعُودِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا خُرَيْمُ بْنُ فَاتِكٍ لَوْلَا خَصْلَتَانِ فِيكَ لَكُنْتَ أَنْتَ الرَّجُلَ ، قَالَ: مَا هُمَا بِأَبِي أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَسْبِي وَاحِدَةٌ؟، قَالَ: تَوْفِيرُ شَعْرِكَ، وَتَسْبِيلُ إِزَارِكَ ، فَانْطَلَقَ خُرَيْمٌ فَجَزَّ شَعْرَهُ،

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو جیسا آدمی بھی ہے' اگر آپ میں دو باتیں نہ ہوں (تو اچھا آدمی ہے)۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ دونوں کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: تُو اپنا تہبند لٹکاتا ہے اور بال حد سے زیادہ رکھتا ہے' میں نے عرض کی: یقیناً میں ایسا نہیں کروں گا' میں نے اپنے بال کٹوائے اور اپنا تہبند ٹخنوں سے اونچا رکھا۔

وَقَصَّرَ اِزَارَهُ.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو الْجَوَّابِ، ثنا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

**4051** - حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ اركينَ الْفَرْغَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُفَضَّلٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْفَتَى خُرَيْمٌ لَوْ قَصَّرَ مِنْ شَعْرِهِ، وَرَفَعَ مِنْ اِزَارِهِ ، قَالَ: فَقَالَ خُرَيْمٌ: لَا يُجَاوِزُ شَعْرِى اُذُنِى، وَلَا اِزَارِى عَقِبِى

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خریم اچھا نوجوان ہے اگر اپنے بال کٹوائے اور تہبند ٹخنوں سے اُٹھا کر رکھے۔ حضرت خریم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نہ میرے بال کانوں کے نیچے نہیں ہوئے اور نہ میرا تہبند ٹخنوں سے نیچے ہوا۔

**4052** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِى، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ الْعُصْفُرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ النُّعْمَانِ الْاَسَدِيِّ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَائِمًا قَالَ:

حضرت خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی' جب سلام پھیرا تو آپ کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: جھوٹی گواہی اور اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے سے بچو' تین مرتبہ فرمایا' پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی: ''واجتنبوا قول الزور الٰی آخرہ''۔



**4052**- اورده ابو داؤد فى سننه جلد3صفحه305' رقم الحديث: 3599 عن سفيان بن زياد العصفرى عن أبيه عن حبيب بن النعمان عن خريم بن فاتك به .

عَدَلَتْ شَهَادَةُ الزُّورِ الْإِشْرَاكَ بِاللّٰهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: (وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ) (الحج: 31 )

4053 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوبَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَهْلُ الشَّامِ سَوْطُ اللّٰهِ فِي اَرْضِهِ، يَنْتَقِمُ بِهِمْ مِمَّنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَحَرَامٌ عَلَى مُنَافِقِيهِمْ اَنْ يَظْهَرُوا عَلَى مُؤْمِنِيهِمْ، وَلَا يَمُوتُوا اِلَّا غَمًّا وَهَمًّا

حضرت خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملک شام میں فرماتے ہوئے سنا: اہل شام زمین میں اللہ کا کوڑا ہیں ان کے ذریعے اپنے بندوں سے انتقام لے گا جس سے چاہے گا' منافقوں پر حرام ہے کہ مؤمنوں پر غلبہ حاصل کریں وہ منافق نہیں مریں گے مگر غم اور پریشانی میں۔

4054 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ هِلَالٍ، ثنا اَبِي، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَابِصَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ، مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ اَسَدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَتَكُونُ فِتْنَةٌ النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے' ان فتنوں کے دور میں سونے والا بیٹھنے والے سے بہتر ہوگا اور بیٹھنے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا اور دوڑنے والا سوار سے بہتر ہوگا۔

خریم بن فاتک الاسدی

4053- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه60 وقال: رواه الطبراني واحمد موقوفًا على خريم ورجالهما ثقات .

4054- لم أجده بهذا الطريق واخرجه نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2212' رقم الحديث: 2886 عن أبي هريرة به .

الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، وَالسَّاعِي خَيْرٌ مِنَ الرَّاكِبِ

**4055** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ خُرَيْمُ بْنُ فَاتِكٍ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَلَا أُخْبِرُكَ كَيْفَ كَانَ بُدُوُّ إِسْلَامِي؟، قَالَ: بَلَى، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا أَطُوفُ فِي طَلَبِ نَعَمٍ لِي إِذَا أَنَا مِنْهَا عَلَى أَثَرٍ إِذْ أَجَنَّنِي اللَّيْلُ بِأَبْرَقِ الْعَزَّافِ فَنَادَيْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي أَعُوذُ بِعَزِيزِ هَذَا الْوَادِي مِنْ سُفَهَاءِ قَوْمِهِ فَإِذَا هَاتِفٌ يَهْتِفُ:

(البحر الرجز)

وَيْحَكَ عُذْ بِاللَّهِ ذِي الْجَلَالِ ... وَالْمَجْدِ وَالنَّعْمَاءِ وَالْأَفْضَالِ

وَاقْتَرِ آيَاتٍ مِنَ الْأَنْفَالِ ... وَوَحِّدِ اللَّهَ وَلَا تُبَالِ

قَالَ: فَذُعِرْتُ ذُعْرًا شَدِيدًا، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى نَفْسِي قُلْتُ:

(البحر الرجز)

يَا أَيُّهَا الْهَاتِفُ مَا تَقُولُ ... أَرَشَدٌ عِنْدَكَ أَمْ تَضْلِيلُ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے امیر المؤمنین! کیا میں آپ کو خبر نہ دوں کہ میرے اسلام کی ابتداء کیسے ہوئی؟ انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں! آپ نے عرض کی: اس اثناء میں کہ میں اپنے اونٹوں کی تلاش میں چکر لگا رہا تھا' میں ان کے قدموں کے نشانات پہ تھا' اچانک مجھ پر رات چھا گئی' ابرقِ عزاف کے مقام پر۔ میں نے بلند آواز سے نداء دی: اس کی قوم کے بیوقوفوں سے میں اس وادی کے عزیز کی پناہ مانگتا ہوں۔ پس غیب سے ایک آواز آئی:

''تُو ہلاک ہو! اللہ کی پناہ مانگ جو جلال اور بزرگی والا ہے' نعمتوں اور فضیلتوں کا مالک ہے'

انفال کی نشانیوں سے تعلق قائم کر' اللہ کو ایک مان اور پرواہ نہ کر''۔

عرض کرتے ہیں: پس میں سخت مرعوب ہوا' جب میں نے اپنے دل کی طرف توجہ کی تو میں نے کہا:

''اے ہاتف غیبی! تُو کیا کہتا ہے؟ کیا تیرے پاس ہدایت ہے یا گمراہی؟

ہمارے لیے بیان کر' تجھے ہدایت دی گئی ہے''۔

کہا:



4055- ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد8 صفحہ 251 وقال: رواہ الطبرانی .

بَيِّنْ لَنَا هُدِيتَ مَا الْحَوِيلُ

قَالَ:

هَـذَا رَسُولُ اللّٰهِ ذِی الْخَيْرَاتِ ... بِيَثْرِبَ يَدْعُو اِلَى النَّجَاةِ

يَـأْمُرُ بِالصَّوْمِ وَبِالصَّلَاةِ ... وَيَـنْزِعُ النَّاسَ عَنِ الْهَنَاتِ

قَالَ: فَاتَّبَعْتُ رَاحِلَتِي، فَقُلْتُ:

اَرْشِـدْنِـى رُشْـدًا هُدِيتَ ... لَا جُعْتَ وَلَا عُرِيتَ

بَرِحْتَ سَعِيدًا مَا بَقِيتَ ... وَلَا تُؤْثِرَنَّ عَلَى الْخَيْرِ الَّذِی اُتِيتَ

قَالَ: فَاتَّبَعَنِي وَهُوَ يَقُولُ:

صَاحَبَكَ اللّٰهُ وَسَلَّمَ نَفْسَكَا ... وَبَلَغَ الْاَهْلَ وَاَدَّى رِحْلَكَا

آمِنْ بِهِ اَفْلَحَ رَبِّي حَقَّكَا ... وَانْصُرْهُ اَعَزَّ رَبِّي نَصْرَكَا

قَالَ: فَدَخَلْتُ الْمَدِينَةَ، وَذَلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَاطَّلَعْتُ فِي الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: ادْخُلْ رَحِمَكَ اللّٰهُ، فَاِنَّهُ قَدْ بَلَغَنَا اِسْلَامُكَ، قُلْتُ: لَا اُحْسِنُ الطُّهُورَ فَعَلَّمَنِي، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ كَاَنَّهُ الْبَدْرُ وَهُوَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ ثُمَّ صَلَّى صَلَاةً يَحْفَظُهَا وَيَعْقِلُهَا اِلَّا

یہ اللہ کے رسول ہیں' بھلائیوں والے ہیں' یثرب کے مقام پر موجود ہیں' نجات کی طرف بلاتے ہیں'

روزے اور نماز کا حکم دیتے ہیں اور لوگوں کو زمانے کے فتنوں سے نکالتے ہیں''۔

کہتے ہیں: میں اپنی سواری کے پیچھے چلا' پس میں نے کہا:

''میری راہنمائی فرمائی' آپ ہدایت یافتہ ہیں' بھوکے ننگے نہیں ہیں'

آپ خوش بخت ہیں جب تک آپ زندہ ہیں' جو بھلائی آپ کو عطا کی گئی ہے آپ اس پر کسی چیز کو ترجیح نہیں دیتے''۔

عرض کرنے لگے: پس وہ یہ کہتے ہوئے میرے پیچھے چلے:

''اللہ تیرا ساتھی ہو' تیری جان کو سلامت رکھے' تجھے تیرے اہل خانہ تک پہنچائے اور تیرا سفر بخیر پورا کرے'

اس پہ ایمان لے آ' میرا رب فلاں عطا کرے گا' اس کے دین کی مدد کر' میرا رب تیری مدد فرمائے گا''۔

کہتے ہیں: میں مدینے داخل ہوا' وہ جمعہ کا دن تھا۔ میں مسجد کے سامنے آیا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے' آپ نے فرمایا: داخل ہو! اللہ آپ پر رحم کرے! کیونکہ تیرے اسلام لانے کی خبر ہمیں پہنچ گئی ہے۔ میں نے عرض کی: پاکی حاصل

دَخَلَ الْجَنَّةَ ، فَقَالَ لِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، لَتَأْتِيَنَّ عَلَى هَذَا الْبَيِّنَةَ اَوْ لَاُنَكِّلَنَّ بِكَ، فَشَهِدَ لِي شَيْخُ قُرَيْشٍ، عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَجَازَ شَهَادَتَهُ

کرنا نہیں جانتا ہوں پس اُنہوں نے مجھے سکھایا۔ پس میں مسجد میں داخل ہوا۔ میں نے رسول کریم ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آپ ﷺ منبر پر بیٹھ کر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے گویا چودھویں کا چاند ہے۔ آپ فرما رہے تھے: جس مسلمان نے وضو کیا اور اچھے طریقے سے وضو کیا پھر نماز پڑھی ایسی نماز جس کی وہ حفاظت کرتا ہے اور اسے سمجھتا ہے تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: اپنے اس بیان پر گواہ لے آ ورنہ میں تجھے عبرت ناک سزا دوں گا۔ پس ایک بوڑھے قریشی حضرت عثمان بن عفان نے میری گواہی دی پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی گواہی کو مان لیا۔

**4056** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ تَسْنِيمٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَلِيفَةَ الْاَسَدِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ ذَاتَ يَوْمٍ لِابْنِ عَبَّاسٍ: حَدِّثْنِي بِحَدِيثٍ تُعْجِبُنِي بِهِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي خُرَيْمُ بْنُ فَاتِكٍ الْاَسَدِيُّ، قَالَ: خَرَجْتُ فِي بُغَاءِ اِبِلٍ فَاَصَبْتُهَا بِالْاَبْرَقِ الْعَزَّافِ فَعَقَلْتُهَا وَتَوَسَّدْتُ ذِرَاعَ بَعِيرٍ مِنْهَا، وَذَلِكَ حِدْثَانَ خُرُوجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قُلْتُ: اَعُوذُ بِعَظِيمِ هَذَا الْوَادِي، قَالَ: وَكَذَلِكَ كَانُوا يَصْنَعُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاِذَا هَاتِفٌ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے اونٹ تلاش کرنے نکلا میں نے ان کو ابرق عزاف کے مقام پر پایا میں نے ان کو ڈھنگا لگایا اور ان میں سے ایک اونٹ کے بازو کو میں نے تکیہ بنایا۔ درانحالیکہ نبی کریم ﷺ کی آمد نئی نئی ہوئی تھی پھر میں نے بلند آواز میں کہا: میں اس وادی کے بڑے کی پناہ مانگتا ہوں! وہ کہتے ہیں: یہ زمانۂ جاہلیت کا رواج تھا پس اچانک ہاتف نے مجھے آواز دی اور کہنے لگا: تجھے افسوس! پناہ مانگ اس اللہ کی جو جلال والا اور حرام و حلال کو نازل کرنے والا ہے۔ اور اللہ کو ایک مان اور پرواہ نہ کر ہولنا کیوں میں سے جنوں والی وادی کے ہول



4056- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه250 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفهم .

يَهْتِفُ بِي وَيَقُولُ:

(البحر الرجز)

وَيْحَكَ عُذْ بِاللّٰهِ ذِي الْجَلَالِ ... مُنَزِّلِ الْحَرَامِ وَالْحَلَالِ

وَوَحِّدِ اللّٰهَ وَلَا تُبَالِي ... مَا هَوْلُ ذِي الْجِنِّ مِنَ الْأَهْوَالِ

إِذْ تَذْكُرُ اللّٰهَ عَلَى الْأَمْيَالِ ... وَفِي سُهُولِ الْأَرْضِ وَالْجِبَالِ

وَصَارَ كَيْدُ الْجِنِّ فِي سَفَالِ ... إِلَّا التُّقَى وَصَالِحَ الْأَعْمَالِ

قَالَ: فَقُلْتُ:

(البحر الرجز)

يَا أَيُّهَا الدَّاعِي مَا تَحِيلُ ... أَرَشَدٌ عِنْدَكَ أَمْ تَضْلِيلُ

قَالَ:

هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ ذِي الْخَيْرَاتِ ... جَاءَ بِيس وَحَامِيمَاتِ

وَسُوَرٍ بَعْدُ مُفَصَّلَاتِ ... مُحَرِّمَاتٍ وَمُحَلِّلَاتِ

يَأْمُرُ بِالصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ ... وَيَزْجُرُ النَّاسَ عَنِ الْهَنَاتِ

قَدْ كُنَّ فِي الْأَيَّامِ مُنْكَرَاتِ

قَالَ: قُلْتُ مَنْ أَنْتَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ؟ قَالَ: أَنَا مَلِكُ بْنُ مَالِكٍ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کی' جب تُو کئی میلوں سے اللہ کو یاد کرے گا اور ہموار زمین اور پہاڑوں میں اور جن کا دھوکہ ومکر نیچے چلا جائے گا اور تقویٰ و نیک اعمال باقی رہیں۔ کہتے ہیں (یہ سن کر) میں نے کہا: اے داعی! تیری کیا صورتِ حال ہے' کیا تیرے پاس ہدایت ہے یا گمراہی؟ مزید اس نے کہا: یہ اللہ کے رسول ہیں' خیرات والے ہیں' سورۂ یٰسین اور بہت ساری حٰم لے کر آئے ہیں' مفصل سورتوں کے بعد دوسری (درمیانی چھوٹی) سورتیں بھی لائے ہیں جو حرام وحلال کے احکام بتانے والی ہیں۔ وہ روزے اور نماز کا حکم دیتے ہیں' لوگوں کو گناہوں سے روکتے بھی ہیں' زمانے میں بڑی زیادہ بُرائیاں ہیں۔ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: تُو کون ہے؟ اللہ تجھ پر رحم کرے؟ اس نے جواب دیا: میں مالک بن مالک ہوں۔ مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل نجد کے جن پر قابو ڈالنے کیلئے بھیجا ہے۔ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: اگر میرا کوئی ایسا بندہ ہو جو میرے اس اونٹوں کو کفایت کرے تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہو کر ان پر ایمان لاؤں۔ اس نے کہا: میں تجھے تیری کے لیے کافی ہوں' حتیٰ کہ میں اس کو صحیح سلامت تیرے گھر والوں کے حوالے کر کے آؤں گا' انشاء اللہ۔ پس میں نے ان میں سے ایک اونٹ کو ڈھنگا لگایا۔ پھر میں مدینے آیا تو میں نے لوگوں سے جمعہ کے دن موافقت کی جبکہ وہ نماز میں تھے۔ پس میں نے کہا: یہ نماز ادا کر لیں پھر میں داخل ہوں گا۔ میری عادت تھی' میں اپنی سواری کو بٹھاتا۔

وَسَلَّمَ عَلَى جِنِّ اَهْلِ نَجْدٍ، قَالَ: قُلْتُ: لَوْ كَانَ لِي مَنْ يَكْفِينِي اِبِلِي هَذِهِ لَاَتَيْتُهُ حَتَّى اُومِنَ بِهِ، قَالَ: اَنَا اَكْفِيكُهَا حَتَّى اُوَدِّيَهَا اِلَى اَهْلِكَ سَالِمَةً اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَاعْتَقَلْتُ بَعِيرًا مِنْهَا، ثُمَّ اَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَوَافَقْتُ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهُمْ فِي الصَّلَاةِ، فَقُلْتُ: يَقْضُونَ صَلَاتَهُمْ، ثُمَّ اَدْخُلُ فَاِنِّي دَائِبٌ اُنِيخُ رَاحِلَتِي اِذْ خَرَجَ اِلَيَّ اَبُو ذَرٍّ رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ لِي: يَقُولُ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُدْخُلْ فَدَخَلْتُ، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: مَا فَعَلَ الشَّيْخُ الَّذِي ضَمِنَ لَكَ اَنْ يُوَدِّيَ اِبِلَكَ اِلَى اَهْلِكَ سَالِمَةً؟ اَمَا اِنَّهُ اَدَّاهَا اِلَى اَهْلِكَ سَالِمَةً؟ قَالَ: قُلْتُ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجَلْ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحَسُنَ اِسْلَامُهُ

اچانک حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے' مجھ سے کہا: رسول کریم ﷺ تجھے فرما رہے ہیں: مسجد میں آ جا! پس میں داخل ہوا' پس جب آپ ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: اس بوڑھے نے کیا کیا جس نے تیرے اونٹ تیرے گھر والوں تک سلامت پہنچانے کی ضمانت لی؟ کیا اس نے سلامتی سے ان کو تیرے گھر والوں تک پہنچایا؟ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اللہ اس پہ رحم کرے! پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہاں! اللہ اس پہ رحم فرمائے! آپ نے پڑھا: اشهد ان لا اله الا الله اور اس کا اسلام خوبصورت ہوا۔

## خُرَيْمُ بْنُ اَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامِ الطَّائِيُّ

## حضرت خریم بن اوس بن حارثہ بن لام الطائی رضی اللہ عنہ

4057 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ حَمَّادٍ الْبَرْبَرِيُّ، قَالُوا: ثنا اَبُو السُّكَيْنِ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنِي عَمُّ اَبِي زَحْرُ بْنُ حِصْنٍ، عَنْ جَدِّهِ

حضرت حمید بن منهب فرماتے ہیں کہ حضرت خریم بن اوس بن حارثہ بن لام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں



4057- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه217 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفهم .

حُمَيْدِ بْنِ مَنْهَبٍ، قَالَ: قَالَ خُرَيْمُ بْنُ اَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَمْدَحَكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَاتِ لَا يَفْضُضِ اللّٰهُ فَاكَ فَاَنْشَاَ الْعَبَّاسُ يَقُولُ:

(البحر الطويل)

مِنْ قَبْلِهَا طِبْتَ فِي الظِّلَالِ وَفِي... مُسْتَوْدَعٍ حَيْثُ يُخْصَفُ الْوَرَقُ

ثُمَّ هَبَطْتَ الْبِلَادَ لَا بَشَرٌ... اَنْتَ وَلَا مُضْغَةٌ وَلَا عَلَقُ

بَلْ نُطْفَةٌ تَرْكَبُ السَّفِينَ وَقَدْ... اَلْجَمَ نَسْرًا وَاَهْلَهُ الْغَرَقُ

تُنْقَلُ مِنْ صَالِبٍ اِلَى رَحِمٍ... اِذَا مَضَى عَالِمٌ بَدَا طَبَقُ

حَتَّى احْتَوَى بَيْتَكَ الْمُهَيْمِنُ مِنْ... خِنْدِفَ عَلْيَاءَ تَحْتَهَا النُّطُقُ

وَاَنْتَ لَمَّا وُلِدْتَ اَشْرَقَتِ... الْاَرْضُ وَضَاءَتْ بِنُورِكَ الْاُفُقُ

فَنَحْنُ فِي الضِّيَاءِ وَفِي النُّورِ... وَسُبُلُ الرَّشَادِ نَخْتَرِقُ

آپ کی تعریف کرنا چاہتا ہوں' حضور ﷺ نے فرمایا: پڑھو! اللہ آپ کے منہ کو رسوا نہ کرے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہ شعر پڑھنے شروع کیے۔ فرماتے ہیں:

"اس کی جانب سے آپ کو سایوں میں ہونا مبارک ہو اور ودیعت کی گئی جگہ میں جہاں چاندی لگائی جاتی ہے'

پھر آپ ملکوں میں اُترے اس حال میں کہ نہ آپ عام بشر تھے نہ لوتھڑا اور جما ہوا خون'

بلکہ ایک ایسا نطفہ جو کشتیوں پر سوار ہوتا ہے اور اس نے نسر بت کو چپ کروادیا اور اس کے ماننے والوں کو غرق'

آپ صلبوں سے رحموں میں منتقل ہوتے آئے' جب (عالم) جاننے والے گزرا تو طبق ظاہر ہوا'

حتیٰ کہ نگہبان نے آپ کے گھر کو گھیرے میں لے لیا' خندف قبیلہ سے' ایسی بلندیاں جس کے نیچے بولنا تھا'

اور جب آپ پیدا ہوئے تو زمین روشن ہوئی اور آپ کے نور سے زمین و آسمان کے کنارے بھی روشن ہو گئے'

پس ہم روشنی اور نور میں ہیں اور ہدایت کے راستوں کو طے کر رہے ہیں"۔

**4058** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ حَمَّادٍ الْبَرْبَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا اَبُو

حضرت خریم بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یہ حیرہ کی



---

4058- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه288 وقال: رواه الطبراني .

السُّكَيْنِ، ثنا عَمُّ اَبِی زَحْرِ بْنِ حِصْنٍ، عَنْ جَدِّهِ حُمَيْدِ بْنِ مَنْهَبٍ، قَالَ: قَالَ خُرَيْمُ بْنُ اَوْسٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: هَذِهِ الْحِيرَةُ الْبَيْضَاءُ قَدْ رُفِعَتْ لِی، وَهَذِهِ الشَّيْمَاءُ بِنْتُ بُقَيْلَةَ الْاَزْدِيَّةُ عَلَى بَغْلَةٍ شَهْبَاءَ مُعْتَجِرَةٌ بِخِمَارٍ اَسْوَدَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَاِنْ نَحْنُ دَخَلْنَا الْحِيرَةَ وَوَجَدْتُهَا عَلَى هَذِهِ الصِّفَةِ فَهِیَ لِی؟، قَالَ: هِیَ لَكَ، ثُمَّ ارْتَدَّتِ الْعَرَبُ فَلَمْ يَرْتَدَّ اَحَدٌ مِنْ طَيِّءٍ، وَكُنَّا نُقَاتِلُ بَنِی اَسَدٍ، وَفِيهِمْ طُلَيْحَةُ بْنُ خُوَيْلِدٍ الْفَقْعَسِیُّ فَامْتَدَحَنَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَكَانَ فِيمَا قَالَ فِينَا:

(البحر الطويل)

جَزَى اللّٰه عَنَّا طَيِّئًا فِی دِيَارِهَا ... بِمُعْتَرَكِ الْاَبْطَالِ خَيْرَ جَزَاءِ

هُمْ اَهْلُ رَايَاتِ السَّمَاحَةِ وَالنَّدَى ... اِذَا مَا الصَّبَا اَلْوَتْ بِكُلِّ خِبَاءِ

هُمْ ضَرَبُوا قَيْسًا عَلَى الدِّينِ بَعْدَمَا ... اَجَابُوا مُنَادِی ظُلْمَةٍ وعَمَاءِ

ثُمَّ سَارَ خَالِدٌ اِلَى مُسَيْلِمَةَ، فَسِرْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنْ مُسَيْلِمَةَ وَاَصْحَابِهِ، اَقْبَلْنَا اِلَى نَاحِيَةِ الْبَصْرَةِ، فَلَقِينَا هُرْمُزَ بِكَاظِمَةٍ فِی جَمْعٍ عَظِيمٍ، وَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَعْدَى لِلْعَرَبِ مِنْ هُرْمُزَ قَالَ اَبُو السُّكَيْنِ: وَبِهِ يُضْرَبُ الْمَثَلُ تَقُولُ الْعَرَبُ: اَنْتَ اَكْفَرُ مِنْ هُرْمُزَ فَبَرَزَ لَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَدَعَا اِلَى

سفید زمین ہے جو میرے لیے اُٹھائی گئی' یہ شیماء بنت بقیلہ ازدیہ ہے جو شہباء خچر پر ہے' اپنے آپ کو سیاہ چادر میں لپیٹا ہوا ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم حیرہ کے پاس آئے' میں نے اس کو اس طرح پایا کیا یہ میرے لیے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لیے ہے' پھر عرب کے لوگ مرتد ہوئے' ان میں سے کوئی بھی بنوطی سے مرتد نہیں ہوا' ہم بنی اسد کے ساتھ لڑے' ان میں طلیحہ بن خویلد فقعسی تھے' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے ہماری تعریف کی' جو اُنہوں نے کہا اس میں یہ اشعار بھی تھے:

''ہماری طرف سے بنوطی قبیلہ کو ان کے ملک میں جزا دے' نوجوانوں کی لڑائی کے بدلے بہترین جزا ہو'

درگزر اور سخاوت کے لشکروں کے جھنڈے ان کے ہاتھ میں ہیں' جب محبت نے ہر خیمہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا'

اُنہوں نے دین کے نام پر قیس کو مارا' بعد اس کے کہ تاریکی اور نابینا پن کے پکارنے والے کی پکار کو وہ قبول کر چکے تھے''۔

پھر حضرت خالد رضی اللہ مسیلمہ کی طرف چلے' ہم ان کے ساتھ چلے' جب ہم مسیلمہ اور ان کے ساتھیوں سے فارغ ہوئے تو ہم بصرہ کی ایک بستی کی طرف گئے' ھرمز نے مقامِ کاظمہ میں ایک جم غفیر کو اکٹھا کیا تھا' ہم اس سے ملے' عرب کے لیے ھرمز سے بھاری کوئی نہیں تھا۔ ابوسکین نے کہا: اس کی مثال دی جاتی۔ عرب کے

الْبِرَازِ فَبَرَزَ لَهُ هُرْمُزُ، فَقَتَلَهُ خَالِدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَكَتَبَ بِذَلِكَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَنَفَّلَهُ سَلَبَهُ، فَبَلَغَتْ قَلَنْسُوَةُ هُرْمُزَ مِائَةَ أَلْفِ دِرْهَمٍ، وَكَانَتِ الْفُرْسُ إِذَا أَشْرَفَ فِيهَا رَجُلٌ جَعَلُوا قَلَنْسُوَتَهُ بِمِئَةِ أَلْفِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ سِرْنَا عَلَى طَرِيقِ الطَّفِّ حَتَّى دَخَلْنَا الْحِيرَةَ، فَكَانَ أَوَّلَ مِنْ تَلَقَّانَا فِيهَا شَيْمَاءُ بِنْتُ بُقَيْلَةَ الْأَزْدِيَّةُ عَلَى بَغْلَةٍ لَهَا شَهْبَاءَ بِخِمَارٍ أَسْوَدَ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَعَلَّقْتُ بِهَا وَقُلْتُ: هَذِهِ وَهَبَهَا لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَانِي خَالِدٌ عَلَيْهَا الْبَيِّنَةَ فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَسَلَّمَهَا إِلَيَّ، وَنَزَلَ إِلَيْنَا أَخُوهَا عَبْدُ الْمَسِيحِ فَقَالَ لِي بِعْنِيهَا، فَقُلْتُ: لَا أَنْقُصُهَا وَاللّٰهِ مِنْ عَشْرِ مِائَةٍ شَيْئًا، فَدَفَعَ إِلَيَّ أَلْفَ دِرْهَمٍ، فَقِيلَ لِي: لَوْ قُلْتَ مِائَةَ أَلْفٍ لَدَفَعَهَا إِلَيْكَ، فَقُلْتُ: مَا أَحْسِبُ أَنَّ مَالًا أَكْثَرَ مِنْ عَشْرِ مِائَةٍ، . وَبَلَغَنِي فِي غَيْرِ هَذَا الْحَدِيثِ أَنَّ الشَّاهِدَيْنِ كَانَا مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ

لوگ کہتے: آپ ھرمز سے زیادہ انکار کرنے والے ہیں۔ پس ھرمز آپ کے سامنے آیا' پس حضرت خالد بن ولید نے اس کو قتل کیا۔ اس سے حاصل ہونے والے مال کو غنیمت بنایا۔ پس ھرمز کی ٹوپی کی قیمت ہزار درہم تک پہنچی۔ پھر ہم طف کے راستے چلے حتیٰ کہ ہم حیرہ پہنچے۔ اس میں سب سے پہلے ہماری ملاقات شیما بنت بقیلہ ازدیہ سے ہوئی' وہ شہباء نامی خچر پر سوار تھی۔ سیاہ چادر اوڑھی ہوئی تھی جیسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا' پس میں اس سے لپٹ گیا اور میں نے کہا: یہ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے عطا فرمائی ہے۔ پس حضرت خالد بن ولید نے اس پر مجھ سے گواہ طلب کیا' پس میں گواہ لایا۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے وہ میرے حوالے کر دی' اس کا بھائی عبدالمسیح ہمارے پاس آیا۔ اس نے مجھ سے کہا: اس کو میرے ہاتھ بیچ دو۔ میں نے اس سے کہا: قسم بخدا! دس سو سے کوئی چیز کم نہیں کروں گا۔ اس نے ہزار درہم میرے حوالے کیے۔ مجھ سے کہا گیا: اگر تُو لاکھ درہم بھی مانگتا تو وہ تجھے دے دیتا۔ پس میں نے کہا: میں گمراہ یہی تھا کہ دس سو سب سے زیادہ مال ہے۔ اور اس حدیث کے علاوہ ایک اور حدیث سے مجھے معلوم ہوا کہ وہ دو گواہ (جو پیش کیے گئے) حضرت محمد بن مسلمہ اور حضرت عبداللہ بن عمر تھے۔

## خُفَافُ بْنُ إِيمَاءَ بْنِ

## حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری

## رَحَضَةَ الْغِفَارِيُّ

## رضی اللہ عنہ

وَهُوَ خُفَافُ بْنُ إِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ بْنِ قَحْلَانَ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ غِفَارٍ

یہ خفاف بن ایماء بن رحضہ بن قحلان بن حارثہ بن غفار ہیں۔

**4059** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ حَرْمَلَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَسْلَمِيِّ، أَنَّ خُفَافَ بْنَ إِيمَاءَ الْغِفَارِيَّ، أَخْبَرَهُ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي صَلَاةٍ مِنَ الصَّلَوَاتِ، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ قَالَ: اللَّهُمَّ الْعَنْ لِحْيَانًا وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللهَ وَرَسُولَهُ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللهُ.

حضرت خفاف بن ایماء الغفاری رضی اللہ عنہ صحابیٔ رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازوں کے لیے کھڑے ہوتے' جب آپ رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اے اللہ! لحیان اور رعل' ذکوان اور عصیہ قبیلہ والے جنہوں نے اللہ اور اللہ کے رسول کی نافرمانی کی' پر لعنت فرما اور قبیلہ غفار والوں کو بخش دے اور قبیلہ اسلم والوں کو سلامت رکھ۔

حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا أَبُو ضَمْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ الْغِفَارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حضرت خفاف بن ایماء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' حضور ﷺ نے نماز پڑھی' پھر اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

حضرت خفاف بن ایماء رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔



---

4059- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد2صفحه240' رقم الحديث: 995 عن ابن حرملة عن حنظلة بن الأسقع عن خفاف بن ايماء به .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

**4060** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ اَبِي اَنَسٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيِّ اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لِحْيَانَ وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَوُا اللّٰهَ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ

حضرت خفاف بن ایماء الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازوں کے لیے کھڑے ہوتے' جب آپ رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اے اللہ! لحیان اور رعل' ذکوان اور عصیہ قبیلہ والے جنہوں نے اللہ اور اللہ کے رسول کی نافرمانی کی' پر لعنت فرما اور قبیلہ غفار والوں کو بخش دے اور قبیلہ اسلم والوں کو سلامت رکھ۔

**4061** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ، فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ لِحْيَانًا وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي لَسْتُ اَنَا قُلْتُ هٰذَا، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَهُ

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں نمازِ فجر پڑھاتے' آخری رکعت کے رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اللہ کی لعنت ہو لحیان اور رعل' ذکوان اور عصیہ قبیلہ والوں پر جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی' اللہ عزوجل قبیلہ اسلم کو سلامت رکھے اور قبیلہ غفار کو اللہ بخشے' پھر آپ سجدہ میں گئے' پس جب نماز سے فارغ ہوئے تو اپنا چہرۂ اقدس لوگوں کی طرف کر لیا اور فرمایا: اے لوگو! یہ میں نے نہیں کہا بلکہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

**4062** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی

حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْرَقُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ، قَالَ: قَالَ خُفَافُ بْنُ اِيمَاءَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ: غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لِحْيَانَ وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ، ثُمَّ اِنَّهُ وَقَعَ سَاجِدًا . قَالَ خُفَافٌ: فَجُعِلَتْ لَعْنَةُ الْكَفَرَةِ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ

اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں نمازِ فجر پڑھاتے‘ آخری رکعت کے رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اللہ کی لعنت ہولحیان اور رعل‘ ذکوان اور عصیہ قبیلہ والوں پر جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی‘ اللہ عزوجل قبیلہ اسلم کو سلامت رکھے اور قبیلہ غفار کو اللہ بخشے‘ پھر آپ سجدہ میں گئے۔ حضرت خفاف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کافروں پر اسی وجہ سے لعنت کی گئی ہے۔

4063 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ: غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَعُصَيَّةُ عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لِحْيَانَ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ رِعْلًا وَذَكْوَانَ اللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے رکوع کر کے اس سے سر اُٹھایا تو کہا: بنوغفار کی اللہ مغفرت فرمائے! بنوسالم کو اللہ سلامت فرمائیے اور عصیہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی! اللہ کی لعنت ہولحیان اور رعل‘ ذکوان اللہ سب سے بڑا ہے‘ پھر آپ سجدہ میں گئے۔

4064 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَلَسَ فِي آخِرِ صَلَاتِهِ يُشِيرُ بِإِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ، وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَقُولُونَ يَسْحَرُ بِهَا وَكَذَبُوا، وَلَكِنَّهُ التَّوْحِيدُ

اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب نماز کے آخر میں التحیات میں بیٹھتے تو اپنی سبابہ انگلی سے اشارہ کرتے' مشرکین کہتے تھے: اس کے ذریعہ یہ جادو کرتے ہیں' وہ جھوٹ بولتے تھے بلکہ آپﷺ تو توحید کا اقرار کرتے تھے۔

## خَشْخَاشٌ الْعَنْبَرِيُّ

## حضرت خشخاش العنبری رضی اللہ عنہ

4065 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالُوا: ثنا هُشَيْمٌ، ثنا يُونُسُ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ أَبِي الْحُرِّ، أَنَّ الْخَشْخَاشَ الْعَنْبَرِيَّ، قَالَ: جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي ابْنِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْنِي عَلَيْهِ وَلَا يَجْنِي عَلَيْكَ

حضرت خشخاش العنبری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا اور میرے ساتھ میرا بیٹا بھی تھا' حضورﷺ نے فرمایا: تیرے بیٹے کے قصور کا تجھ سے اور تیرے قصور کا تیرے بیٹے سے مواخذہ نہ ہوگا۔

## خَلِيفَةُ بْنُ عَدِيٍّ

## حضرت خلیفہ بن عدی الانصاری

4065- أورده ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 890' رقم الحديث: 2671 عن يونس عن حصين بن أبي الحر عن الخشخاش به .

## الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

**4066** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ، فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْاَنْصَارِ، خَلِیفَةُ بْنُ عَدِیٍّ مِنْ بَنِی بَیَاضَةَ بَدْرِیٌّ

## بدری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ انصار میں سے شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت خلیفہ بن عدی بنی بیاضہ بدری کا بھی ہے۔

## خِذَامٌ اَبُو وَدِیعَةَ

**4067** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمُجَمِّعٍ ابْنَیْ یَزِیدَ بْنِ جَارِیَةَ، قَالَا: اَنْكَحَ خِذَامٌ ابْنَتَهُ وَهِیَ كَارِهَةٌ رَجُلًا وَهِیَ ثَیِّبٌ، فَاَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ فَرَدَّ نِكَاحَهَا

## حضرت خذام ابوودیعہ رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن اور مجمع' یزید بن جاریہ کے بیٹے دونوں فرماتے ہیں کہ حضرت خذام رضی اللہ عنہ نے اپنی بیٹی کا نکاح ایسے آدمی سے کیا جس کو یہ ناپسند کرتی تھی' یہ ثیب تھی' حضور ﷺ کے پاس آئی اور اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے نکاح ختم کر دیا۔

## خَرَشَةُ الْمُحَارِبِیُّ

**4068** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی

## حضرت خرشہ المحاربی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوکثیر المحاربی فرماتے ہیں کہ میں نے

---

4067- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 5صفحه1974' رقم الحديث: 4845 عن يحيى بن سعيد عن القاسم بن محمد عن عبد الرحمٰن ومجمع ابني يزيد بن جارية به .

4068- أورده أبو يعلى في مسنده جلد 2صفحه225' رقم الحديث: 924' جلد12صفحه257 رقم الحديث: 6854 عن ثابت بن عجلان عن أبي كثير عن خرشة به .

مُوسَى الْاَنطاكِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ كِلَاهُمَا، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِي اَبُو كَثِيرٍ الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ خَرَشَةَ الْمُحَارِبِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ فِتَنٌ النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْيَقْظَانِ، وَالْجَالِسُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، اَلَا فَمَنْ اَتَتْ عَلَيْهِ فَلْيَمْشِ بِسَيْفِهِ اِلَى الصَّفَاةِ فَلْيَضْرِبْهُ حَتَّى يَنْكَسِرَ، ثُمَّ يَضْطَجِعُ حَتَّى تَنْجَلِيَ عَمَّا انْجَلَتْ

حضرت خرشہ المحاربی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے ان فتنوں کے دنوں میں سونے والا جاگنے والے سے بہتر ہوگا اور بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا' اگر تُو اس وقت ہوا تو اپنی تلوار لے کر صفا پہاڑ کی طرف جانا' اس کو وہاں مارنا یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے پھر پہلو کے بل لیٹ جانا حتیٰ کہ چھٹ جائے جو چھٹ جانا ہے۔

## خَرَشَةُ بْنُ الْحَارِثِ

## حضرت خرشہ بن حارث رضی اللہ عنہ

4069 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحَارِثَةِ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَشْهَدُ اَحَدٌ مِنْكُمْ قَتِيلًا قُتِلَ صَبْرًا فَعَسَى اَنْ يُقْتَلَ مَظْلُومًا،

حضرت خرشہ بن حارثہ صحابیٔ رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسی لڑائی میں حاضر نہ ہو' جہاں باندھ کر مارا جائے' یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ ظلماً کیا جارہا ہو' ان پر اللہ کا غضب اُترے' ان کے ساتھ تجھے بھی پہنچے۔



4069- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 284' جلد 7 صفحه 300 وقال: رواه أحمد والطبراني الا أنه قال: فعسى أن يقتل مظلومًا فتنزل السخطة عليهم فتصيبه معهم وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف وبقية رجالهما رجال الصحيح .

فَتَنْزِلَ السَّخْطَةُ عَلَيْهِمْ فَتُصِيبَهُ مَعَهُمْ

## الْخِرْبَاقُ

**4070** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثِ رَكَعَاتٍ مِنَ الْعَصْرِ، فَدَخَلَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ الْخِرْبَاقُ، وَكَانَ طَوِيلَ الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: أَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَخَرَجَ مُغْضَبًا يَجُرُّ رِدَاءَهُ فَقَالَ: أَصَدَقَ، فَقَالُوا: نَعَمْ، فَقَامَ فَصَلَّى تِلْكَ الرَّكْعَةَ

## حضرت خرباق رضی اللہ عنہ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ عصر کی تین رکعتیں پڑھائیں' آپ داخل ہوئے تو ایک آدمی کھڑا ہوا' اس کو خرباق کہا جاتا تھا' اس کے دونوں ہاتھ لمبے تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی کا حکم نازل ہوا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غصہ کی حالت میں چادر گھسیٹتے ہوئے نکلے' آپ نے فرمایا: کیا یہ سچ بولتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! آپ کھڑے ہوئے اور ایک رکعت مکمل فرمائی۔

## خِدَاشُ أَبُو سَلَامَةَ السُّلَمِيُّ

**4071** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: نَزَلَ بِنَا أَبُو سَلَامَةَ السُّلَمِيُّ فَأَضَفْنَاهُ شَهْرَيْنِ

## حضرت خداش ابوسلامہ السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت عاصم بن عبیداللہ بن عاصم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوسلامہ السلمی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے اور ہمارے پاس دو ماہ تک رہے۔

**4072** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عُرْفُطَةَ السُّلَمِيِّ، عَنْ

حضرت خداش ابوسلامہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی کو ماں باپ اور غلاموں کے متعلق بھلائی کا حکم دیا گیا ہے'



---

**4070**- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 1 صفحه 404' رقم الحديث: 574 عن أبی قلابة عن أبی المهلب عن عمران بن حصين به .

خِدَاشٍ اَبِی سَلَامَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاَبِیهِ، اُوصِی امْرَاً بِمَوْلَاهُ الَّذِی یَلِیهِ، وَاِنْ کَانَ عَلَیْهِ اَذًی یُؤْذِیهِ

اور اگر ان کو تکلیف ہو تو اس کو تکلیف ہونی چاہیے۔

**4073** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَیْهِ، ثنا اَبِی، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا جَرِیرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ خِدَاشٍ اَبِی سَلَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاَبِیهِ، اُوصِی امْرَاً بِمَوْلَاهُ الَّذِی یَلِیهِ، وَاِنْ کَانَ عَلَیْهِ مِنْهُ اَذًی یُؤْذِیهِ

حضرت خداش ابوسلامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی کو ماں باپ اور غلاموں کے متعلق بھلائی کا حکم دیا گیا ہے، اگر ان کو تکلیف ہو تو اس کو تکلیف ہونی چاہیے۔

**4074** - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا شَرِیکٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ اَبِی سَلَامَةَ السُّلَمِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاَبِیهِ، اُوصِی امْرَاً بِمَوْلَاهُ الَّذِی یَلِیهِ، وَاِنْ کَانَتْ عَلَیْهِ فِیهِ اَذًی یُؤْذِیهِ .

حضرت خداش ابوسلامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی کو ماں باپ اور غلاموں کے متعلق بھلائی کا حکم دیا گیا ہے، اگر ان کو تکلیف ہو تو اس کو تکلیف ہونی چاہیے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، ثنا عَبِیدَةُ بْنُ حُمَیْدٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ عُرْفُطَةَ، عَنْ اَبِی

حضرت ابوسلامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔



---

4073- اورده ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1206، رقم الحديث: 3657 عن منصور عن عبيد الله بن علي عن خداش

سَلَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

## خَزْرَجٌ الْاَنْصَارِيُّ

4075 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا عَمْرُو بْنُ شِمْرٍ الْجُعْفِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ الْخَزْرَجِ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي، اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: وَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى مَلَكِ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ رَاْسِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا مَلَكَ الْمَوْتِ ارْفُقْ بِصَاحِبِي فَاِنَّهُ مُؤْمِنٌ، فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: طِبْ نَفْسًا وَقَرَّ عَيْنًا، وَاعْلَمْ اَنِّي بِكُلِّ مُؤْمِنٍ رَفِيقٌ، وَاعْلَمْ يَا مُحَمَّدُ اَنِّي لَاَقْبِضُ رُوحَ ابْنِ آدَمَ فَاِذَا صَرَخَ صَارِخٌ مِنْ اَهْلِهِ قُمْتُ فِي الدَّارِ وَمَعِي رُوحُهُ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا الصَّارِخُ؟ وَاللّٰهِ مَا ظَلَمْنَاهُ وَلَا سَبَقْنَا اَجَلَهُ وَلَا اسْتَعْجَلْنَا قَدَرَهُ، وَمَا لَنَا فِي قَبْضِهِ مِنْ ذَنْبٍ، فَاِنْ تَرْضَوْا بِمَا صَنَعَ اللّٰهُ تُؤْجَرُوا، وَاِنْ تَحْزَنُوا وَتَسْخَطُوا تَاْثَمُوا وَتُؤْزَرُوا، مَا لَكُمْ عِنْدَنَا مِنْ عُتْبَى، وَاِنَّ لَنَا عِنْدَكُمْ

## حضرت خزرج انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت حارث بن خزرج فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے ملک الموت کو دیکھا' اس کو سلام کیا' ملک الموت انصار کے ایک آدمی کے سر کے پاس تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ملک الموت! میرے صحابی پر نرمی کرنا کیونکہ یہ مؤمن ہے' ملک الموت نے عرض کی: آپ اپنے آپ کو خوش کریں اور اپنی آنکھ کو ٹھنڈا کریں اور جان لیں کہ میں ہر مؤمن کے ساتھ نرمی کرتا ہوں' اے محمد ﷺ! جان لیں کہ میں ابن آدم کی روح قبض کرتا ہوں' اس کے گھر والے چیختے ہیں تو میں گھر سے اُٹھتا ہوں اور اس کی روح میرے پاس ہوتی ہے۔ میں کہتا ہوں: یہ چیخنا کیا ہے؟ اللہ کی قسم! میں نے نہ ظلم کیا نہ اس کی موت وقت سے پہلے ہوئی' نہ ہم کو جلدی نکالنے کی قدرت ہے' ہمارے قبضہ میں ذنب بھی نہیں ہے' اگر تم راضی ہو جو اللہ نے کیا ہے تو ثواب ملے گا' اگر غم زدہ ہو اور ناراض ہو گے تو گناہ گار ہو گے اور گناہ کا بوجھ اُٹھائیں گے' تمہارے لیے ہمارے پاس کوئی اچھا بُرا انجام نہیں' تمہارے پاس ایک



---

4075- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 4 صفحه 251' رقم الحديث: 2254 عن جعفر بن محمد عن أبيه عن الحارث بن الخزرج عن أبيه به .

بَعْدُ عَوْدَةً وَعَوْدَةً، فَالْحَذَرُ وَمَا مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ يَا مُحَمَّدُ شَعْرٌ وَلَا مَدَرٌ، بَرٌّ وَلَا بَحْرٌ، سَهْلٌ وَلَا جَبَلٌ، اِلَّا اَنَا اَتَصَفَّحُهُمْ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ حَتّٰى لَاَنَا اَعْرَفُ بِصَغِيرِهِمْ وَكَبِيرِهِمْ مِنْهُمْ بِاَنْفُسِهِمْ، وَاللّٰهِ يَا مُحَمَّدُ لَوْ اَرَدْتُ اَنْ اَقْبِضَ رُوحَ بَعُوضَةٍ مَا قَدَرْتُ عَلَى ذَلِكَ حَتّٰى يَكُونَ اللّٰهُ هُوَ اٰذِنَ بِقَبْضِهَا قَالَ جَعْفَرٌ: بَلَغَنِي اَنَّهُ اِنَّمَا يَتَصَفَّحُهُمْ عِنْدَ مَوَاقِيتِ الصَّلَاةِ فَاِذَا نَظَرَ عِنْدَ الْمَوْتِ، فَمَنْ كَانَ يُحَافِظُ عَلَى الصَّلَوَاتِ دَنَا مِنْهُ الْمَلَكُ وَدَفَعَ عَنْهُ الشَّيْطَانَ، وَيُلَقِّنُهُ الْمَلَكُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَذَلِكَ الْحَالُ الْعَظِيمُ

دفعہ کے بعد دوسری دفعہ آتا ہے وہ ڈریں اے محمد! کوئی گھر اور شہر اور دیہات اور خشکی و سمندر اور ہموار زمین و پہاڑ نہیں ہے مگر ہر دن ورات ہم ان کو یاد کرتے ہیں میں ان کے چھوٹے اور بڑوں کو ان سے زیادہ جانتا ہوں قسم بخدا! اے محمد! اگر میں کسی مچھر کی روح نکالنا چاہوں تو میں اس پر قادر نہیں ہوں جب تک اللہ کا حکم نہ ہو قبض کرنے کا۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے معلوم ہوا کہ نمازوں کے اوقات کے وقت آتا ہے جب ملک الموت اپنے پاس دیکھتا ہے جو پانچ نمازوں پر ہیشگی کرتا ہے فرشتہ اس کے قریب ہوتا ہے اور شیطان کو دور کرتا ہے اور فرشتہ اس کو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی تلقین کرتا ہے یہ بڑی حالت ہے۔

## خَوْطُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى وَيُقَالُ حَوْطٌ

## حضرت خوط بن عبدالعزیٰ ان کو حوط بھی کہا جاتا ہے

**4076** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، حَدَّثَنِي خَوْطُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَطْعِ الْجَرَسِ

حضرت خوط بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے گھنٹیاں کاٹنے کا حکم دیا۔

**4077** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت خوط بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ مضر کے لوگوں کے پاس سے گزرے ان کے

---

4076- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه175 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

4077- أورد نحوه البخاري في التاريخ الكبير جلد 3صفحه90 رقم الحديث: 314 عن حسين عن ابن بريدة عن حوط به .

الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ اَبِی بُرَيْدَةَ، عَنْ خَوْطِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى، اَنَّهُ حَدَّثَنِی اَنَّ رُفْقَةً مَرَّتْ مِنْ مُضَرَ وَفِيهَا جَرَسٌ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْرَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جَرَسٌ

پاس گھنٹیاں ہوں' نبی پاک ﷺ نے فرمایا: اس کے قریب فرشتے نہیں ہوتے جس کے پاس گھنٹی ہو۔

## خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ الْاَنْصَارِیُّ

## حضرت خبیب بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ

4078 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِی سُفْيَانَ الثَّقَفِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً عَيْنًا لَهُ، وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ، وَهُوَ جَدُّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، فَانْطَلَقَ حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ، نُزُولًا ذَكَرُوا لِحَيٍّ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ بَنُو لِحْيَانَ، فَتَبِعُوهُمْ بِقَرِيبٍ مِنْ رَجُلٍ رَامٍ، فَاقْتَصُّوا آثَارَهُمْ حَتّٰى نَزَلُوا مَنْزِلًا، فَوَجَدُوا فِيهِ نَوَاةَ تَمْرٍ تَزَوَّدُوهُ مِنْ تَمْرِ الْمَدِينَةِ، فَقَالُوا: هٰذَا مِنْ تَمْرِ يَثْرِبَ، فَاتَّبَعُوا آثَارَهُمْ حَتّٰى لَحِقُوهُمْ، فَلَمَّا آنَسَهُمْ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ وَاَصْحَابُهُ لَجَئُوا اِلَى فَدْفَدٍ، وَجَاءَ الْقَوْمُ فَاَحَاطُوا بِهِمْ، فَقَالُوا: لَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيثَاقُ اِنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے ایک چھوٹے لشکر کو جاسوس بنا کر بھیجا۔ ان پر حضرت عاصم بن ثابت کو ان پر امیر بنایا اور یہ عاصم بن عمر کے دادا ہیں۔ پس وہ چل کر جب مکہ اور عسفان کے درمیان کسی راستہ پر اُترے ہوئے تھے۔ اُنہوں نے ہذیل قبیلہ کا ذکر کیا جنہیں بنولحیان کہا جاتا تھا۔ پس اُنہوں نے ان کا پیچھا کیا' ایک تیرانداز آدمی کے قریب سے' پس اُنہوں نے ان کی نشانیاں تلاش کیں حتیٰ کہ ان کی منزل پر آ کر پڑاؤ ڈالا۔ پس انہوں نے اُس منزل پر آ کر پڑاؤ ڈالا۔ پس انہوں نے اس منزل پر کھجور کی گٹھلیوں کو پایا جو ان کا زادِراہ بنیں مدینہ کی کھجوروں سے۔ پا اُنہوں نے کہا: یہ تو یثرب کی کھجور ہے۔ پس وہ ان کے آثار دیکھتے دیکھتے ان کو پیچھے سے آ ملے۔ پس جب عاصم بن ثابت اور ان کے

4078- أورده عبد الرزاق فی مصنفه جلد 5صفحه353' رقم الحديث: 9730 عن الزهری عن عمرو بن أبی سفيان عن أبی هريرة به .

نَزَلْتُمْ اِلَيْنَا اَنْ لَا نَقْتُلَ مِنْكُمْ رَجُلًا، فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ: اَمَّا اَنَا فَلَا اَنْزِلُ فِي ذِمَّةِ كَافِرٍ، اللّٰهُمَّ اَخْبِرْ عَنَّا رَسُولَكَ، قَالَ: فَقَاتَلُوهُمْ فَرَمَوْهُمْ حَتّٰى قَتَلُوا عَاصِمًا فِي سَبْعَةِ نَفَرٍ، وَبَقِيَ خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ وَزَيْدُ بْنُ دَثِنَةَ حَتّٰى بَاعُوهُمَا بِمَكَّةَ، وَاشْتَرَى خُبَيْبًا بَنُو الْحَارِثِ بْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ، وَكَانَ قَتَلَ الْحَارِثَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَمَكَثَ عِنْدَهُمْ اَسِيرًا حَتّٰى اِذَا اَجْمَعُوا عَلٰى قَتْلِهِ اسْتَعَارَ مُوسٰى مِنْ اِحْدٰى بَنَاتِ الْحَارِثِ، فَاَعَارَتْهُ لِيَسْتَحِدَّ بِهَا قَالَ: فَغَفَلَتْ عَنْ صَبِيٍّ لِي، فَدَرَجَ اِلَيْهِ حَتّٰى اَتَاهُ، قَالَتْ: فَاَخَذَهُ فَوَضَعَهُ عَلٰى فَخِذِهِ، فَلَمَّا رَاَتْهُ فَزِعَتْ فَزَعًا عَرَفَهُ فِيَّ وَالْمُوسٰى فِي يَدِهِ، فَقَالَ: اَتَخْشَيْنَ اَنْ اَقْتُلَهُ؟ مَا كُنْتُ لِاَفْعَلَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَكَانَتْ تَقُولُ: مَا رَاَيْتُ اَسِيرًا خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ، لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَاْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ، وَمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ مِنْ ثَمَرَةٍ، وَاِنَّهُ لَمُوثَقٌ فِي الْحَدِيدِ، وَمَا كَانَ اِلَّا رِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجُوا بِهِ الْحَرَمَ لِيَقْتُلُوهُ، فَقَالَ: دَعُونِي اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا اَنْ تَرَوْنَ اَنَّ مَا بِي جَزَعٌ مِنَ الْمَوْتِ لَزِدْتُ، فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ سَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ هُوَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا، ثُمَّ قَالَ:

(البحر الطويل)

وَلَسْتُ اُبَالِي حِينَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا ... عَلٰى اَيِّ

ساتھیوں نے اُن کو محسوس کیا تو ایک جگہ پناہ لی۔ اس قوم نے آ کر گھیرا ڈال لیا اور انہوں نے کہا: تمہارے لیے وعدہ اور پکا معاہدہ ہے (آ جاؤ) اگر تم ہمارے پاس اترے تو ہم تم میں سے کسی آدمی کو شہید نہیں کریں گے۔ تو حضرت عاصم بن ثابت نے کہا: میں تو بھائی کافر کی پناہ میں نہیں اُتروں گا۔ اے اللہ! اپنے رسول کو ہماری خبر کر دے۔ راوی کا بیان ہے: پس ان میں باہم جنگ ہوئی۔ انہوں نے ان پر تیر پھینکے۔ حتیٰ کہ حضرت عاصم سات آدمیوں سمیت شہید ہوئے۔ حضرت خبیب بن عدی اور زید بن دثنہ باقی رہ گئے حتیٰ کہ وہ ان کو گرفتار کر کے مکے لے گئے اور وہاں ان دونوں کو بیچ دیا' حضرت خبیب کو حارث بن عامر بن نوفل کے بیٹوں نے خریدا۔ وہ حارث جو غزوۂ بدر میں مارا گیا۔ پس آپ ان کے پاس قیدی کی حیثیت سے ٹھہرے رہے حتیٰ کہ جب آپ کے شہید کرنے پر ان کا اتفاق ہو گیا تو آپ نے حارث کی ایک بیٹی سے استرا اُدھار مانگا تو اس نے دے دیا تا کہ آپ اس کے ساتھ زیرِ ناف بال لیں۔ راوی کہتا ہے: پس وہ عورت اپنے ایک بیٹے سے غافل ہوئی' وہ کمرے میں داخل ہو کر آپ کے پاس آ گیا' وہ کہتی ہے: آپ نے اسے پکڑ کر اپنی ران پہ بٹھا لیا۔ پس جب اس نے دیکھا تو وہ گھبرائی۔ آپ نے اس کی گھبراہٹ کو پہچان لیا جبکہ استرا آپ کے ہاتھ میں تھا۔ آپ نے فرمایا: کیا تجھے یہ ڈر ہے کہ میں اسے قتل کر دوں گا؟ یہ کام کرنا میرے شایانِ شان نہیں ہے

خبیب بن عدی الانصاری

شِقٍّ كَانَ فِي اللّٰهِ مَصْرَعِي

وَذٰلِكَ فِي ذَاتِ الْإِلٰهِ وَإِنْ يَشَأْ... يُبَارِكْ عَلَى أَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: فَقَتَلَهُ، قَالَ: وَبَعَثَتْ قُرَيْشٌ إِلَى عَاصِمٍ لِيُؤْتَوْا بِشَيْءٍ مِنْ جَسَدِهِ يَعْرِفُونَهُ، وَكَانَ قَتَلَ عَظِيمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَبَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدُّبُرِ، فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ، فَلَمْ يَقْدِرُوا عَلَى شَيْءٍ مِنْهُ.

(میں محمد عربی کا غلام ہوں) اگر اللہ نے چاہا تو میں یہ کام نہیں کروں گا۔ وہ کہنے لگی: میں نے خبیب سے بہتر کوئی قیدی نہیں دیکھا' میں نے اس کو دیکھا کہ وہ انگور کے ٹکڑے کھا رہا ہے جبکہ اس وقت مکہ میں کوئی پھل نہیں ملتا تھا جبکہ وہ لوہے کی بیڑیوں میں جکڑے ہوئے تھے (وہ عورت کہتی ہے:) میں نے یقین کر لیا کہ یہ وہ رزق ہے جو اسے اللہ کی خصوصی جناب سے حاصل ہوا ہے۔ پھر آپ کو شہید کرنے کیلئے حرم میں لے گئے۔ آپ نے فرمایا: مجھے چھوڑ دو تا کہ میں دو رکعت پڑھ لوں۔ پھر فرمایا: اگر تمہارا خیال یہ نہ ہوتا کہ موت سے مجھے ڈر ہے تو اور نماز پڑھتا۔ پس وہ ہستی جس نے شہادت کے وقت سب سے پہلے دو رکعت نماز پڑھی وہ آپ ہیں۔ پھر کہا: اے اللہ! ان کو شمار کروا لے۔ پھر عرض کی:

''مجھے کوئی پروا نہیں ہے کہ جب میں مسلمان شہید ہو رہا ہوں' (اور پرواہ نہیں) جس پہلو پر اللہ کی راہ میں گروں'

اور یہ سارا کچھ ذاتِ الٰہی کیلئے ہے اور اگر وہ چاہے تو روئی کے گالوں کی طرح بنے جسم کے اعضاء پر برکتیں ڈال دے''۔

پھر عقبہ بن عامر آپ کی طرف اُٹھ کھڑا ہوا۔ راوی کا بیان ہے: پس اس نے اسے قتل کیا۔ راوی کہتا ہے: اور اس نے قریش کو حضرت عاصم کی طرف بھیجا تا کہ ان کے جسم کے کسی عضو کو پہچان کر لے آئیں

حالانکہ اُنہوں نے بدن کے دن ان کے بڑوں میں سے ایک بڑے کو مارا تھا' پس اللہ تعالیٰ نے عاصم کی طرف پیچھے سے چھتری کی مانند کوئی چیز بھیجی' پس اس نے آپ کو قاصدوں کے سامنے کوئلہ کر دیا' وہ آپ کا کوئی عضو دیکھنے پر قادر نہ ہو سکے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اُسَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَةَ رَهْطٍ عَيْنًا مِنْهُمْ خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ، وَزَيْدُ بْنُ دَثِنَةَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے دس گروپ بھیجے' ان میں سے جاسوس حضرت خبیب بن عدی اور زید بن دثنہ تھے۔ پھر معمر کی حدیث جیسی ذکر کی ہے۔

4079 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَحْدَهُ عَيْنًا اِلَى قُرَيْشٍ، قَالَ: فَجِئْتُ اِلَى خَشَبَةِ خُبَيْبٍ وَاَنَا اَتَخَوَّفُ الْعَيْنَ، فَرَقِيتُ فِيهَا فَحَلَلْتُ خُبَيْبًا، فَوَقَعَ اِلَى الْاَرْضِ، فَانْتَبَذْتُ غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ اَرَى خُبَيْبًا كَاَنَّمَا ابْتَلَعَتْهُ الْاَرْضُ، فَمَا رُؤِيَ خُبَيْبٌ اِلَى السَّاعَةِ . قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ: وَقَدْ كَانَ جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے ان کو قریش کے ایک قبیلہ کی طرف بھیجا' میں حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کی لکڑی کے پاس آیا' مجھے جاسوس کا ڈر تھا' میں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو اس لکڑی میں رکھا تو حضرت خبیب رضی اللہ عنہ زمین میں دھنس گئے' پھر میں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ زمین نے انہیں نگل لیا تھا' اس کے بعد اس گھڑی تک خبیب کو نہیں دیکھا گیا۔ حضرت ابوبکر نے کہا: وہ جعفر بن عون تھا' کہا: حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ سے مروی ہے' وہ اپنے باپ سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے



4079- أورده أحمد في مسنده جلد 4صفحه139' جلد5صفحه287 رقم الحديث: 22530 عن جعفر بن عمرو بن امية عن أبيه به .

عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ

ہیں۔

# خُبَيْبُ بْنُ اِسَافٍ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ عَمْرٍو

# حضرت خبیب بن اساف ابوعبدالرحمٰن بن عتبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ

اَىُّ اَخْلِقُ عَانَتِى - فَدَخَلَ ابْنُ الْمَرْاَةِ الَّتِى كَانَتْ تَنْجِدُهُ وَالْمُوسَى فِى يَدِهٖ، فَاَخَذَ بِيَدِ الْغُلَامِ، فَقَالَ: هَلْ اَمْكَنَ اللّٰهُ مِنْكُمْ؟ فَقَالَتْ: مَا هٰذَا ظَنِّى بِكَ، ثُمَّ نَاوَلَهَا الْمُوسَى، فَقَالَ: اِنَّمَا كُنْتُ مَازِحًا، وَخَرَجَ بِهِ الْقَوْمُ الَّذِينَ شَرَكُوا فِيهِ وَخَرَجَ مَعَهُمْ اَهْلُ مَكَّةَ وَخَرَجُوا مَعَهُمْ بِخَشَبَةٍ حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِالتَّنْعِيمِ نَصَبُوا تِلْكَ الْخَشَبَةَ فَصَلَبُوهُ عَلَيْهَا، وَكَانَ الَّذِى وَلِىَ قَتْلَهُ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ وَكَانَ اَبُو حُسَيْنٍ صَغِيرًا وَكَانَ مَعَ الْقَوْمِ وَاِنَّمَا قَتَلُوهُ بِالْحَارِثِ بْنِ عَامِرٍ وَكَانَ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ كَافِرًا وَقَالَ لَهُمْ خُبَيْبٌ عِنْدَ قَتْلِهٖ: اَطْلِقُونِى مِنَ الرِّبَاطِ حَتّٰى اَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ فَاَطْلِقُوهُ، فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: لَوْلَا اَنْ تَظُنُّوا اَنِّى جَزِعٌ مِنَ الْمَوْتِ لَطَوَّلْتُهُمَا فَلِذٰلِكَ خَفَّفْتُهُمَا، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّى لَا اَنْظُرُ اِلَّا فِى وَجْهِ عَدُوٍّ اَللّٰهُمَّ اِنِّى لَا اَجِدُ رَسُولًا اِلٰى رَسُولِكَ، فَبَلِّغْهُ عَنِّى السَّلَامَ، فَجَاءَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ ذٰلِكَ، وَقَالَ خُبَيْبٌ وَهُمْ يَرْفَعُونَهُ عَلَى الْخَشَبَةِ: اَللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا، وَاقْتُلْهُمْ بَدَدًا، وَلَا تُبْقِ مِنْهُمْ اَحَدًا، وَقَتَلَ خُبَيْبَ بْنَ عَدِىٍّ اَبْنَاءُ الْمُشْرِكِينَ الَّذِينَ قُتِلُوا يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَمَّا وَضَعُوا فِيهِ السِّلَاحَ وَهُوَ مَصْلُوبٌ نَادَوْهُ وَنَاشَدُوهُ: اَتُحِبُّ مُحَمَّدًا مَكَانَكَ؟ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ الْعَظِيمِ مَا اُحِبُّ اَنْ يَفْدِيَنِى بِشَوْكَةٍ

نے آپ کو شہید کرنے کا ارادہ کیا تو اس عورت نے آپ کو خبر دی‘ پس آپ نے اس سے کہا: مجھے استرا لا کر دو تا کہ میں اس سے اپنے بغلوں کے بال اتار لوں۔ اسی حال میں اس عورت کا چھوٹا بیٹا آپ کے پاس داخل ہوا جبکہ اُسترا آپ کے ہاتھ میں تھا‘ پس آپ نے بچے کا ہاتھ پکڑ کر کہا: کیا تم میں سے کسی کو اللہ نے قدرت دی ہے؟ (کہ یہ بچہ زندہ میرے ہاتھ سے چھڑا لے) پس وہ عورت بولی: تیرے حق میں میرا یہ گمان تو نہیں تھا‘ پھر آپ نے استرا اس عورت کو پکڑانے کے بعد فرمایا: میں تو مزاح کر رہا تھا۔ قوم آپ کو لے کر نکلی جو آپ کو خریدنے میں شریک تھے اور اُن کے ساتھ (تماشائی) اہل مکہ بھی نکلے اور وہ ایک لکڑی اپنے ساتھ لے کر گئے‘ حتیٰ کہ جب تنعیم کے مقام پر پہنچے تو انہوں نے اس لکڑی کو گاڑ دیا اور آپ کو اس پر سولی دے دی۔ اور وہ آدمی جو آپ کے قتل کا ولی بنا جو عقبہ بن حارث جبکہ ابوحسین ابھی چھوٹا بچہ تھا اور قوم کے ساتھ تھا اور انہوں نے آپ کو صرف حارث بن عامر کی وجہ سے قتل کیا‘ جبکہ وہ کافر ہی رہا حتیٰ کہ بدر کے دن قتل ہوا اور اپنی شہادت کے وقت حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میری رسیاں کھول دو تا کہ میں دو رکعت نماز ادا کر لوں۔ پس انہوں نے آپ کو رسیوں سے آزاد کیا‘ آپ نے انتہائی اختصار کے ساتھ دو رکعتیں ادا فرمائیں پھر آپ نے فارغ ہو کر فرمایا: تم لوگ یہ گمان نہ کرنا کہ میں موت سے گھبرایا ہوا ہوں‘ اگر ایسا ہوتا تو میں ان دو

يُشَاكُهَا فِي قَدَمِهِ، فَضَحِكُوا وَقَالَ خُبَيْبٌ حِينَ رَفَعُوهُ عَلَى الْخَشَبَةِ:

(البحر الطويل)

لَقَدْ جَمَعَ الْاَحْزَابُ حَوْلِي وَاَلَّبُوا ... قَبَائِلَهُمْ وَاسْتَجْمَعُوا كُلَّ مَجْمَعِ

وَقَدْ جَمَعُوا اَبْنَاءَهُمْ وَنِسَاءَهُمْ ... وَقُرِّبْتُ مِنْ جِذْعٍ طَوِيلٍ مُمَنَّعِ

اِلَى اللّٰهِ اَشْكُو غُرْبَتِي بَعْدَ كُرْبَتِي ... وَمَا اَرْصَدَ الْاَحْزَابُ بِي عِنْدَ مَصْرَعِي

فَذَا الْعَرْشِ صَبِّرْنِي عَلَى مَا يُرَادُ بِي ... فَقَدْ بَضَّعُوا لَحْمِي وَقَدْ يَئِسَ مَطْمَعِي

وَذَلِكَ فِي ذَاتِ الْاِلَهِ وَاِنْ يَشَأْ ... يُبَارِكْ عَلَى اَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

لَعَمْرِي مَا اَحْفَلُ اِذَا مِتُّ مُسْلِمًا ... عَلَى اَيِّ حَالٍ كَانَ لِلّٰهِ مَضْجَعِي

وَاَمَّا زَيْدُ بْنُ الدِّثِنَةِ فَاشْتَرَاهُ صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ فَقَتَلَهُ بِاَبِيهِ اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، قَتَلَهُ نِسْطَاسُ مَوْلَى بَنِي جُمَحَ، وَقُتِلَا بِالتَّنْعِيمِ، فَدَفَنَ عَمْرُو بْنُ اُمَيَّةَ خُبَيْبًا، وَقَالَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ فِي شَاْنِ خُبَيْبٍ:

(البحر الطويل)

لَيْتَ خُبَيْبًا لَمْ تَخُنْهُ دَمَامَةٌ ... وَلَيْتَ خُبَيْبًا كَانَ بِالْقَوْمِ عَالِمَا

شَرَاكَ زُهَيْرُ بْنُ الْاَغَرِّ وَجَامِعٌ ... وَكَانَا



رکعتوں کو لمبا کرتا۔ پس میں تمہارے اسی بُرے گمان کے ڈر سے ان کو مختصر کیا اور دعا کی: اے اللہ! دشمن کے سامنے میں کوئی مہلت نہیں مانگتا۔ اے اللہ! میرے پاس قاصد نہیں جو تیرے رسول تک پہنچ سکے' پس تُو خود میری طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میرا اسلام پہنچا دینا۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام آئے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اور آپ کو آ کر (ساری صورتِ حال سے) آ گاہ کیا اور جب انہوں نے آپ کو لکڑی پر چڑھا دیا تو حضرت خبیب نے دعا کی: اے اللہ! ان کو گن لے' ان کو برباد کر کے مارنا اور ان میں سے کسی کو نہ چھوڑنا۔ حضرت خبیب بن عدی کو مشرکوں کے ان بیٹوں نے شہید کیا جو (بعد میں) بدر میں قتل ہوئے۔ پس جب انہوں نے آپ میں اپنا ہتھیار رکھا اس حال میں کہ آپ کو پھانسی دی جا رہی تھی' اُنہوں نے آپ کو پکار کر کہا اور آپ کو قسمیں دیں' (کہا: بتا!) کیا تُو پسند کرتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیری جگہ ہُوں؟ پس آپ نے فوراً جواب دیا: نہیں! قسم بخدا!! میں تو یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاؤں مبارک میں کانٹا بھی چبھے۔ پس وہ ہنس پڑے جب اُنہوں نے حضرت خبیب کو لکڑی پر بلند کیا تو آپ نے فرمایا:

"تحقیق میرے آس پاس بہت سارے گروہ جمع ہو گئے اور اُنہوں نے ہر قسم کا مجمع اکٹھا کرنے کی کوشش کی'

اور اُنہوں نے اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بھی اکٹھا

قَدِيمًا يَرْكَبَانِ الْمَحَارِمَا
اَجَرْتُمْ فَلَمَّا اَنْ اَجَرْتُمْ غَدَرْتُمْ... وَكُنْتُمْ
بِاَكْنَافِ الرَّجِيعِ اللَّهَازِمَا

کیا اور مجھے لمبی جزع فزع کے قریب کرنے کی کوشش کی گئی جو کہ سخت منع ہے'

میں اپنی غربت کی شکایت اللہ سے کرتا ہوں' اپنی مصیبت کے بعد اور میرے مرنے کے وقت تمام گروہ مجھے تاڑ رہے ہیں'

پس اے عرش والے! مجھے صبر دے اس چیز پر جو میرے ساتھ کرنے کا ارادہ کیا گیا ہے' پس اُنہوں نے میرے گوشت کے ٹکڑے کر دیئے اور جو انہیں مجھ سے لالچ تھا اس سے مایوس ہو گئے'

اور یہ چیز معبود کی ذات میں ہے اور اگر وہ چاہے تو بکھرے ہوئے اعضاء کے جوڑوں پر برکت فرمائے'

مجھے میری عمر کی قسم! مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ جب میں مسلمان ہوا ہوں اور میرا مرنا اللہ کے لیے ہے خواہ میں جس حال پہ کر رہا ہوں''۔

بہرحال زید بن دثنہ کو صفوان بن امیہ بن خلف نے خریدا اور آپ کو اپنے باپ امیہ بن خلف کی وجہ سے شہید کیا' آپ کو شہید کرنیوالا نسطاس بنو جمح کا غلام تھا' ان دونوں حضرات کو تنعیم کے مقام پر شہید کیا گیا۔ پس عمرو بن امیہ نے حضرت خبیب کو دفن کیا اور حضرت حسان بن ثابت نے حضرت خبیب کی شان میں کہا ہے:

''کاش! حضرت خبیب سے دمام والوں نے خیانت نہ کی ہوتی' کاش! حضرت خبیب اس قوم (کی غداری) کو جان لیتے'

(اے خبیب!) زہیر بن اغر نے آپ کو خریدا اور

جامع نے اور یہ دونوں پرانے جنگوں کی سواریوں پر سوار ہونے والے تھے'

تم نے اجارہ کیا پس جب تم نے اجارہ کیا تو دھوکہ کیا جبکہ تم مقامِ رجیع کے کناروں میں تھے''۔

## زَيْدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الْاَنْصَارِيُّ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِى اُرِىَ النِّدَاءَ

## حضرت زید بن عبدربہ انصاری' ابوعبداللہ جن کی سخاوت میں نے دیکھی

## مَنِ اسْمُهُ زِيَادٌ

## جن کا نام زیاد ہے

## زِيَادُ بْنُ الْحَارِثِ الصُّدَائِيُّ كَانَ يَنْزِلُ مِصْرَ

## زیاد بن حارث صدائی' آپ مصر میں آئے

5147 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهُ، فَبَلَغَنِي اَنَّهُ يُرِيدُ اَنْ يُرْسِلَ جَيْشًا اِلَى قَوْمِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ رُدَّ الْجَيْشَ، فَاَنَا لَكَ بِاِسْلَامِهِمْ وطَاعَتِهِمْ، قَالَ: افْعَلْ فَكَتَبَ اِلَيْهِمْ، فَاَتَى وَفْدٌ مِنْهُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِسْلَامِهِمْ وطَاعَتِهِمْ، فَقَالَ: يَا اَخَا صُدَاءَ اِنَّكَ لَمُطَاعٌ فِي قَوْمِكَ قُلْتُ: بَلْ هَدَاهُمُ اللّٰهُ وَاَحْسَنَ اِلَيْهِمْ قَالَ: اَفَلَا اُؤَمِّرُكَ عَلَيْهِمْ؟

حضرت زیاد بن حارث فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آ کر آپ ﷺ کی بیعت کی' مجھے معلوم ہوا کہ آپ میری قوم کی طرف لشکر بھیجنے کا ارادہ رکھتے ہیں' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! لشکر واپس بلا لیں! میں آپ کو ضمانت دیتا ہوں کہ وہ اسلام بھی لائیں گے اور اطاعت بھی کریں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (جلدی) ایسا کرو۔ پس آپ ﷺ نے ان کی طرف خط لکھا' (میں گیا میرا ارادہ پورا ہوا) ان کا ایک وفد اسلام لانے اور اطاعت قبول کرنے کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' پس آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے صداء کے بھائی یا

5147- مسند الحارث بن ابى أسامة (أو زوائد الهيثمي) جلد2صفحه626' رقم الحديث: 598 . وأورد نحوه مختصرًا الدارقطني في سننه جلد2صفحه137' رقم الحديث: 9 .

قُلْتُ: بَلَى، فَأَمَّرَنِي عَلَيْهِمْ، فَكَتَبَ لِي بِذَلِكَ كِتَابًا، وَسَأَلْتُهُ مِنْ صَدَقَاتِهِمْ، فَفَعَلَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَنَزَلَ مَنْزِلًا فَأَعْرَسْنَا مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، فَلَزِمْتُهُ وَجَعَلَ أَصْحَابُهُ يَنْقَطِعُونَ حَتَّى لَمْ يَبْقَ مَعَهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ غَيْرِي، فَلَمَّا تَحَيَّنَ الصُّبْحُ أَمَرَنِي فَأَذَّنْتُ، ثُمَّ قَالَ لِي: يَا أَخَا صُدَاءٍ مَعَكَ مَاءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَلِيلٌ لَا يَكْفِيكَ قَالَ: صُبَّهُ فِي الْإِنَاءِ ثُمَّ ائْتِنِي بِهِ فَأَتَيْتُهُ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهِ، فَرَأَيْتُ بَيْنَ كُلِّ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِهِ عَيْنًا تَفُورُ قَالَ: يَا أَخَا صُدَاءٍ لَوْلَا أَنِّي أَسْتَحْيِي مِنْ رَبِّي لَسَقَيْنَا وَاسْتَقَيْنَا، نَادِ فِي النَّاسِ: مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْوُضُوءَ قَالَ: فَاغْتَرَفَ مَنِ اغْتَرَفَ، وَجَاءَ بِلَالٌ لِيُقِيمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَخَا صُدَاءٍ أَذَّنَ، وَمَنْ أَذَّنَ فَهُوَ يُقِيمُ فَلَمَّا صَلَّى الْفَجْرَ أَتَى أَهْلُ الْمَنْزِلِ يَشْكُونَ عَامِلَهُمْ، وَيَقُولُونَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَدِّثْنَا بِمَا كَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَالْتَفَتَ إِلَى أَصْحَابِهِ وَأَنَا فِيهِمْ، فَقَالَ: لَا خَيْرَ فِي الْإِمَارَةِ لِرَجُلٍ مُؤْمِنٍ فَوَقَعَتْ فِي نَفْسِي وَأَتَاهُ سَائِلٌ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: مَنْ سَأَلَ النَّاسَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى فَصُدَاعٌ فِي الرَّأْسِ وَدَاءٌ فِي الْبَطْنِ قَالَ: فَأَعْطِنِي مِنَ الصَّدَقَاتِ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَرْضَ فِي الصَّدَقَاتِ بِحُكْمِ نَبِيٍّ وَلَا غَيْرِهِ حَتَّى جَعَلَهَا ثَمَانِيَةَ أَجْزَاءٍ، فَإِنْ كُنْتَ مِنْهُمْ أَعْطَيْتُكَ حَقَّكَ فَلَمَّا أَصْبَحْتُ

صاحب! تیری قوم میں تیری بات مانی جاتی ہے۔ میں نے عرض کی: بلکہ اللہ نے ان کو ہدایت دی ہے اور ان پر احسان فرمایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں ان پر امیر ہی نہ بنا دوں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ان پر امیر بنا دیا۔ میرے لیے اس بات کا ایک خط آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحریر کروایا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان کے صدقات کا سوال کیا تو آپ نے وہ کیا۔ اس دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی سفر پر تھے پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ پس رات کے پہلے حصے میں سوئے' پس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ساتھ رہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیگر صحابہ نے جدا ہونا شروع کر دیا حتیٰ کہ میرے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کوئی نہ رہا۔ پس جب صبح ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اذان دینے کا حکم فرمایا۔ پھر مجھے فرمایا: اے صدائی! کیا تیرے پاس پانی ہے؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! تھوڑا سا ہے' آپ کو کافی نہیں ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے برتن میں ڈال کر میرے پاس لے آؤ۔ پس میں آپ کے پاس لے آیا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک اس میں ڈال دیا۔ پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگلیوں میں سے ہر دو میں ڈال دیا۔ پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگلیوں میں سے ہر دو انگلیوں کے درمیان سے ایک چشمہ پھوٹ رہا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے صدائی! اگر مجھے اپنے رب کا لحاظ نہ ہوتا تو ہم پلاتے اور پینے والوں کو بلاتے' لوگوں میں آواز لگاؤ'

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اقْبَلْ إِمَارَتَكَ فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهَا قَالَ: وَلِمَ؟ قُلْتُ: سَمِعْتُكَ تَقُولُ: لَا خَيْرَ فِي الْإِمَارَةِ لِرَجُلٍ مُؤْمِنٍ وَقَدْ آمَنْتُ وَسَمِعْتُكَ تَقُولُ: مَنْ سَأَلَ النَّاسَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى فَصُدَاعٌ فِي الرَّأْسِ وَدَاءٌ فِي الْبَطْنِ فَقَدْ سَأَلْتُكَ وَأَنَا غَنِيٌّ قَالَ: هُوَ ذَاكَ، فَإِنْ شِئْتَ فَخُذْ، وَإِنْ شِئْتَ فَدَعْ قُلْتُ: بَلْ أَدَعُ قَالَ: فَدُلَّنِي عَلَى رَجُلٍ أُوَلِّيهِ فَدَلَلْتُهُ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْوَفْدِ فَوَلَّاهُ

جو وضو کرنا چاہتا ہے (وہ کرلے)۔ راوی کا بیان ہے: اس سے چُلّو بھرا' جس نے بھرا۔ حضرت بلال آئے تا کہ اقامت پڑھیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک صدائی نے اذان کہی ہے اور جو اذان کہے وہی اقامت پڑھے۔ پس جب آپ ﷺ نے فجر کی نماز ادا فرمالی تو اس مقام کے لوگ حاضر ہوئے' وہ اپنے عامل کی شکایت کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں بتائیں کہ وہ بات جو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان زمانۂ جاہلیت میں تھی۔ پس آپ ﷺ اپنے صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے' میں بھی ان میں موجود تھا۔ ایک مؤمن آدمی کیلئے امارت میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ پس یہ بات میرے دل میں تیر کی طرح پیوست ہوگئی۔ آپ ﷺ کے پاس سائل آیا۔ پس اس نے آپ سے مانگا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے مالدار ہونے کے باوجود لوگوں سے مانگا' پس وہ اس کے سر کا درد اور پیٹ کی بیماری ہے۔ اس نے عرض کی: صدقات میں سے مجھے عطا کیجئے! آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ راضی نہیں ہے' صدقات کے بارے میں کسی نبی یا غیر نبی کے فیصلے کے ساتھ یہاں تک کہ وہ اس کے آٹھ حصے کرے۔ پس اگر تُو ان میں سے ہے تو میں تجھے تیرا حق دے دیتا ہوں۔ پس جب صبح ہوئی تو میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اپنی امارت قبول فرمالیں۔ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ میں

نے عرض کی: میں نے آپ کی زبان مبارک سے سنا ہے: مؤمن آدمی کیلئے امارت میں کوئی بھلائی نہیں ہے' میں آپ پر ایمان لایا ہوں اور میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو مالداری کے پیچھے لوگوں سے سوال کرے وہ اس کے سر درد اور پیٹ کی بیماری ہے۔ پس میں نے آپ سے سوال کیا جبکہ میں مالدار ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تیرا ہے' پس اگر چاہے تو لے اور اگر چاہے تو چھوڑ دے۔ میں نے عرض کی: میں چھوڑتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی ایسا آدمی بتائیں جس کو میں والی بناؤں! پس میں نے وفد میں سے ایک آدمی بتایا' آپ ﷺ نے اسے والی بنایا۔



**5148** - قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ لَنَا بِئْرًا إِذَا كَانَ الشِّتَاءُ وَسِعَنَا مَاؤُهَا، فَاجْتَمَعْنَا عَلَيْهِ، وَإِذَا كَانَ الصَّيْفُ قَلَّ وَتَفَرَّقْنَا عَلَى مِيَاهٍ حَوْلَنَا، وَإِنَّا لَا نَسْتَطِيعُ الْيَوْمَ أَنْ نَتَفَرَّقَ، كُلُّ مَنْ حَوْلَنَا عَدُوٌّ، فَادْعُ اللّٰهَ يَسَعُنَا مَاؤُهَا، فَدَعَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، فَنَقَدَهُنَّ فِي كَفِّهِ ثُمَّ قَالَ: إِذَنْ اسْتَتَمُّوهَا فَأَلْقُوا وَاحِدَةً وَاحِدَةً وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فَمَا اسْتَطَاعُوا أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى قَعْرِهَا بَعْدُ

صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا ایک کنواں ہے' جب سردیوں کا موسم ہوتا ہے تو اس کا پانی وسیع ہو جاتا ہے' ہم اس پر اکٹھے ہوتے ہیں اور جب گرمیاں آتی ہیں تو کم ہوتا ہے' ہم اردگرد کے پانیوں پہ بکھر جاتے ہیں اور اب صورتِ حال یہ ہے کہ ہم کہیں جا نہیں سکتے' ہمارے گرد ہمارے دشمن ہیں' اللہ سے دعا کریں کہ اس کا پانی زیادہ ہو جائے' آپ نے سات کنکریاں منگوائیں' ان کو اپنے ہاتھ میں لیا' پھر فرمایا: جب تم اسے مکمل کرلو تو ایک ایک کر کے ڈال دینا اور اللہ کا ذکر بلند کرنا پس اس کے بعد وہ اس کی گہرائی کو نہ دیکھ سکے۔

**5149** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ

5149- أورده الترمذي في سننه جلد 1 صفحه 383' رقم الحديث: 199 .

الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَنِی فَاَذَّنْتُ لِلْفَجْرِ، فَجَاءَ بِلَالٌ لِيُقِيمَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ اِنَّ اَخَا صُدَاءٍ اَذَّنَ، وَمَنْ اَذَّنَ فَهُوَ يُقِيمُ

فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھا' پس آپ ﷺ نے مجھے حکم دیا' میں نے فجر کی اذان کہی' پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ تشریف لائے تاکہ اقامت کہیں تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: صدا کے بھائی نے اذان پڑھی ہے اور جو اذان کہے وہی اقامت کہے۔

**5150** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی سَفَرٍ، فَحَضَرَتْ صَلَاةُ الصُّبْحِ، فَقَالَ لِی: اَذِّنْ يَا اَخَا صُدَاءٍ فَاَذَّنْتُ وَاَنَا عَلَى رَاحِلَتِی

حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا' پس صبح کی نماز کا وقت ہوگیا' پس آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے صداء قبیلہ کے بھائی (صدائی)! اذان دو۔ پس میں نے اذان دی جبکہ میں اپنی سواری پر تھا۔

## زِيَادُ بْنُ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ عَقَبِیٌّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

## حضرت زیاد بن لبید انصاری بدری عقبی رضی اللہ عنہ' آپ کوفہ آئے تھے' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے

**5151** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، ثنا اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی بَيَاضَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ زُرَيْقِ بْنِ عَبْدِ بْنِ حَارِثَةَ، زِيَادِ بْنِ لَبِيدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ سِنَانِ بْنِ عَامِرِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی بیاضہ بن عامر بن زریق بن عبداللہ بن حارثہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زیاد بن لبید بن ثعلبہ بن سنان بن عامر بن عدی بن اُمیہ کا بھی ہے۔

بْنِ عَدِيِّ بْنِ اُمَيَّةَ

**5152** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ، زِيَادُ بْنُ لَبِيدٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی بیاضہ میں سے جو بدر اور عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں سے ایک نام زیاد بن لبید کا بھی ہے اور وہ بدر میں موجود تھے۔

**5153** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ، قَالَا، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ اَصْحَابَهُ وَهُوَ يَقُولُ: كَيْفَ وَقَدْ ذَهَبَ اَوَانُ الْعِلْمِ قُلْتُ: بِاَبِي وَاُمِّي كَيْفَ يَذْهَبُ اَوَانُ الْعِلْمِ وَنَحْنُ نَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَنُعَلِّمُهُ اَبْنَاءَنَا وَيُعَلِّمُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَاءَهُمْ اِلَى اَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا ابْنَ لَبِيدٍ، اِنْ كُنْتُ لَاَرَاكَ مِنْ اَفْقَهِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ اَوَلَيْسَ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى يَقْرَءُونَ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيلَ، ثُمَّ لَا يَنْتَفِعُونَ مِنْهَا بِشَيْءٍ؟

حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ اپنے صحابہ کو بیان کر رہے تھے' آپ فرما رہے تھے: کیا حال ہوگا جب علم کا زمانہ چلا گیا؟ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کا زمانہ کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی اولاد کو سکھائیں گے' قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! میں نے تجھے دیکھا ہے کہ تو اہل مدینہ سے زیادہ فقیہ ہے' کیا یہودی وعیسائی تورات و انجیل پڑھتے تھے' پھر اس سے کوئی شی کا نفع نہیں اُٹھاتے تھے۔

**5154** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ

حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ اپنے صحابہ کو



5153- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه681' رقم الحديث: 6500 .

بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ زِیَادِ بْنِ لَبِیدٍ، قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَالَ: ذٰلِكَ عِنْدَ اَوَانِ ذَهَابِ الْعِلْمِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَذْهَبُ الْعِلْمُ وَنَحْنُ نَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَنُقْرِئُهُ اَبْنَاءَنَا وَيُقْرِئُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَاءَهُمْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ زِيَادُ، اِنْ كُنْتُ لَاَرَاكَ مِنْ اَفْقَهِ رَجُلٍ بِالْمَدِينَةِ اَوَ لَيْسَ هٰذِهِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى يَقْرَءُونَ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيلَ وَلَا يَعْمَلُونَ بِشَيْءٍ مِنْهَا؟

بیان کر رہے تھے' آپ فرما رہے تھے: یہ علم جانے کے وقت ہوگا؟ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی اولاد کو سکھائیں گے' قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! میں نے تجھے دیکھا ہے کہ تو مدینہ کا بڑا فقیہ ہے' کیا یہودی و عیسائی تورات وانجیل پڑھتے تھے' پھر اس سے کوئی شی کا نفع نہیں اُٹھاتے تھے۔

5155 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا اَوَانُ ذَهَابِ الْعِلْمِ، قُلْتُ: وَكَيْفَ وَفِينَا كِتَابُ اللّٰهِ نُعَلِّمُهُ اَبْنَاءَنَا وَيُعَلِّمُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَاءَهُمْ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ ابْنَ لَبِيدٍ مَا كُنْتُ اَحْسِبُكَ اِلَّا مِنْ اَعْقَلِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، اَلَيْسَ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى فِيهِمْ كِتَابُ اللّٰهِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيلُ وَلَمْ يَنْتَفِعُوا مِنْهُ بِشَيْءٍ؟

حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ اپنے صحابہ کو بیان کر رہے تھے' آپ فرما رہے تھے: یہ علم جانے کا وقت ہے۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی اولاد کو سکھائیں گے' قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! یقیناً میں نے تجھے دیکھا ہے کہ تو مدینہ والوں میں سے زیادہ عقل مند ہے' کیا یہودی و عیسائی تورات وانجیل پڑھتے تھے' پھر اس سے کوئی شی کا نفع نہیں اُٹھاتے تھے۔

5156 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ اَبِي طُوَالَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ يُقْبَضُ الْعِلْمُ وَنَحْنُ نَقْرَاُ

حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! علم کیسے ختم ہوگا؟ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں اور وہ اپنی

الْقُرْآنَ وَنُعَلِّمُهُ أَبْنَاءَنَا وَنِسَاءَنَا وَأَرِقَّاءَنَا؟ قَالَ: وَاللّٰهِ إِنْ كُنْتُ لَأَحْسَبُكَ يَا زِيَادُ لَمِنْ فُقَهَاءِ الْمُسْلِمِينَ، أَلَسْتَ تَعْلَمُ أَنَّ التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ أُنْزِلَتْ عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى فَمَا نَفَعَهُمْ إِذْ لَمْ يَعْمَلُوا بِهِ؟

اولاد کو سکھائیں گے قیامت قائم ہونے تک؟ آپ نے فرمایا: اے ابن لبید! تیری ماں تجھ پر روئے! قسم بخدا! اگر میں تجھ پر یقین کروں کہ تُو مسلمانوں کے فقہاء میں سے ہے (تو درست ہوگا)' کیا تو نہیں جانتا کہ یہود و نصاریٰ پر تورات وانجیل اتریں' پس اس نے ان کو کوئی نفع نہ دیا' جب انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا۔

## زِيَادُ أَبُو الْأَغَرِّ النَّهْشَلِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

## حضرت زیاد ابوالاغر النہشلی رضی اللہ عنہ بصرہ آئے تھے

5157 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، ثنا أَبُو الْهَيْثَمِ الْقَصَّابُ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الْأَغَرِّ النَّهْشَلِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ قَدِمَ بِبَعِيرٍ لَهُ إِلَى الْمَدِينَةِ وَهُوَ مُحَمَّلٌ طَعَامًا، فَلَقِيَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا أَعْرَابِيُّ مَا تَحْمِلُ؟ قُلْتُ: أُجَهِّزُ قَمْحًا فَقَالَ لِي: مَا تُرِيدُ؟ قُلْتُ: أُرِيدُ بَيْعَهُ فَمَسَحَ رَأْسِي وَقَالَ: أَحْسِنُوا مُبَايَعَةَ الْأَعْرَابِيِّ

حضرت غسان بن اغر النہشلی فرماتے ہیں کہ میرے والد نے بیان کیا کہ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے اونٹ پر مدینہ آئے' کھانے کا سامان اُٹھائے ہوئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملے' آپ نے فرمایا: اے دیہاتی! کیا اُٹھایا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے کھانے کے لیے سامان اُٹھا رکھا ہے' آپ نے مجھے فرمایا: تیرا کیا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کی: میں اس کو فروخت کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں' آپ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور فرمایا: دیہاتی سے اچھی خرید و فروخت کرو۔

## زِيَادُ بْنُ عَمْرٍو الْجُهَنِيُّ

## حضرت زیاد بن عمرو الجہنی انصار



5157- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه75 وقال: وفي رواية عن غسان ابن الأغر النهشلي حدثنا عمي زياد بن الحصين عن أبيه حصين بن قيس أنه حمل طعاما الى المدينة فذكر نحوه قلت روى النسائي بعضه رواه الطبراني في الكبير وفيه اسحاق بن ابراهيم الصواف وهو ضعيف .

## حَلِيفُ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ لِبَنِي سَاعِدَةَ بَدْرِيٌّ

## کے حلیف اور بنی ساعدہ بدری کے

**5158** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ الْخَزْرَجِ، زِيَادُ بْنُ عَمْرٍو الْجُهَنِيُّ حَلِيفٌ لَهُمْ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ بن کعب بن خزرج سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام زیاد بن عمرو الجہنی کا بھی ہے۔

## زِيَادُ بْنُ الْفَرْدِ

## حضرت زیاد بن فرد رضی اللہ عنہ

**5159** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فِرْدَوْسُ بْنُ الْاَشْعَرِيِّ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو، وَزِيَادِ بْنِ الْفَرْدِ، اَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَمَّارٍ: تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت ابو یسر بن عمرو اور زیاد بن فرد رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے لیے فرماتے ہوئے سنا: تمہیں باغی گروہ قتل کرے گا۔

## زِيَادُ بْنُ جَهْوَرٍ اللَّخْمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ

## حضرت زیاد بن جہور لخمی رضی اللہ عنہ' آپ شام آئے تھے

**5160** - حَدَّثَنَا حُذَافِيُّ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ

حضرت زیاد بن جہور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

**5159**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9**صفحه**296** وقال: رواه الطبراني وفيه مسعود بن سليمان قال الذهبي: مجهول قلت والزهري لم يدرك ابا اليسر .

**5160**- الطبراني في المعجم الصغير جلد**1**صفحه**258**' رقم الحديث: **422** .

الْمُسْتَنِيرِ بْنِ الْمُسَاوِرِ بْنِ حُذَافِيِّ بْنِ عَامِرِ بْنِ عِيَاضِ بْنِ مُحْرِقِ الْعَمِّيِّ اللَّخْمِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي حُمَيْدُ بْنُ الْمُسْتَنِيرِ، عَنْ خَالِهِ اَخِي اُمِّهِ وَهُوَ خَالِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّهِ زِيَادِ بْنِ جَهْوَرٍ قَالَ: وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَى زِيَادِ بْنِ جَهْوَرٍ سَلِّمْ اَنْتَ فَاِنِّي اَحْمَدُ اِلَيْكَ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلَهَ اِلَّا هُوَ، اَمَا بَعْدُ فَاِنِّي اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ. اَمَا بَعْدُ فَلْيُوضَعَنَّ كُلُّ دِينٍ دَانَ بِهِ النَّاسُ اِلَّا الْاِسْلَامَ فَاعْلَمْ ذَلِكَ

میرے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط آیا' اس میں تھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے! محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے زیاد بن جہور کی طرف' آپ اسلام لائیں! میں اُس رب کی حمد کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' اس کے بعد میں آپ کو اللہ اور آخرت کے دن کے متعلق نصیحت کرتا ہوں' حمد وثناء کے بعد لوگوں کا بنایا ہوا دین سوائے اسلام کے ضرور ختم ہو جائے گا' اس پر یقین رکھو۔

## زُبَيْبُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْعَنْبَرِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

## حضرت زبیب بن ثعلبہ عنبری رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ آئے تھے

**5161** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا شُعَيْثُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زُبَيْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ عَلَيْهِ رَقَبَةٌ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ فَلْيَعْتِقْ مِنْ بَلْعَنْبَرِ

حضرت شعیب بن عبداللہ بن زبیب بن ثعلبہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کے ذمہ اولادِ اسماعیل میں سے غلام آزاد کرنا ہے' وہ بلعنبر سے آزاد کرے۔

**5162** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت عبداللہ بن زبیب بن ثعلبہ عنبری نے



---

**5161**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **47** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الله بن زبيب وبقية رجاله ثقات.

**5162**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **202** وقال: قلت روى له أبو داؤد حديثًا بغير هذا السياق وفيه أنهم ردوا عليه نصف الذى لهم وهنا أنهم ردوا الجميع وهناك لم يشهد سمرة وأبى أن يشهدوا هنا أنه شهد رواه

الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُبَيْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا سَعْدُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ شُعَيْثِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زُبَيْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي عَمَّارٌ، حَدَّثَنِي جَدِّي شُعَيْثٌ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زُبَيْبِ بْنِ ثَعْلَبَةِ الْعَنْبَرِيُّ، اَنَّ اَبَاهُ زُبَيْبَ بْنَ ثَعْلَبَةَ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ صَحَابَتَهُ، فَاَخَذُوا سَبْيَ بَنِي الْعَنْبَرِ وَهُمْ مُخَضْرَمُونَ، وَقَدْ اَسْلَمُوا، فَرَكِبَ زُبَيْبٌ نَاقَةً لَهُ ثُمَّ اسْتَقْدَمَ الْقَوْمَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، اِنَّ صَحَابَتَكَ اَخَذُوا سَبْيَ بَنِي الْعَنْبَرِ، وَهُمْ مُخَضْرَمُونَ، وَقَدْ اَسْلَمُوا قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَكَ بَيِّنَةٌ يَا زُبَيْبُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَشَهِدَ سَمُرَةُ بْنُ عَمْرٍو وَحَلَفَ زُبَيْبٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدُّوا عَلَى بَنِي الْعَنْبَرِ كُلَّ شَيْءٍ لَهُمْ فَرَدَّ عَلَيْهِمْ غَيْرَ زِرْبِيَّةِ اُمِّي - قَالَ سَعْدٌ: وَالزِّرْبِيَّةُ الْقَطِيفَةُ- فَاَتَى زُبَيْبٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي قَدْ رُدَّ عَلَى بَنِي الْعَنْبَرِ كُلُّ شَيْءٍ لَهُمْ غَيْرَ زِرْبِيَّةِ اُمِّي، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعْرِفُ مَنْ اَخَذَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِذَا حَضَرَ النَّاسُ الصَّلَاةَ فَاجْلِسْ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَاِذَا بَصُرْتَ بِصَاحِبِكَ فَالْزَمْهُ حَتَّى يَنْصَرِفَ مِنَ

حدیث بیان کی کہ ان کے باپ زبیب بن ثعلبہ نے ان سے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کو بھیجا۔ پس انہوں نے بنوعنبر کے قیدیوں کو گرفتار کیا' وہ مخضرم (جنہوں نے رسول کریم ﷺ کا زمانہ پایا' مسلمان ہوئے لیکن زیارت نہیں ہوئی) تھے جبکہ وہ اسلام لا چکے تھے۔ پس حضرت زبیب اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر قوم کے آگے چلے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! بے شک آپ کے صحابہ نے بنوعنبر کے قیدیوں کو گرفتار کیا ہے حالانکہ وہ مخضرم ہیں' وہ اسلام لا چکے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے زبیب! تیرے پاس اس بات کا کوئی گواہ ہے؟ عرض کی: جی ہاں! پس حضرت سمرہ بن عمرو نے گواہی دی اور حضرت زبیب نے حلف اُٹھایا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بنی عنبر کی ہر چیز واپس کر دو۔ پس آپ ﷺ نے ان کی ہر شی لوٹا دی سوائے میری والدہ کے غالیچہ کے۔ حضرت سعد کا قول ہے کہ زربیہ کا معنی قطیفہ ہے۔ پس حضرت زبیب رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان! بنوعنبر کو ہر چیز سوائے میری والدہ محترمہ کے غالیچہ کے مل چکی ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا آپ اُس آدمی کو پہچانتے ہیں' جس نے اسے لیا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! فرمایا: پس جب لوگ نماز کیلئے مسجد میں حاضر



---

الطبراني في الكبير وفيه من لم أعرفه .

الصَّلَاةِ فَتَنَصَّفُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ فَفَعَلَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ أَقْبَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا زُبَيْبُ يَا أَخِي بَنِي الْعَنْبَرِ مَا تُرِيدُ بِأَسِيرِكَ؟ وَاجْهَشَ زُبَيْبٌ بَاكِيًا وَخَلَّى عَنِ الرَّجُلِ، فَقَالَ: خَيْرًا نُرِيدُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: أَمَعَكَ زِرْبِيَّةُ أُمِّ زُبَيْبٍ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ خَرَجَتْ مِنْ يَدِي، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْلَعْ لَهُ سَيْفَكَ وَزِدْهُ آصُعًا مِنْ طَعَامٍ فَفَعَلَ وَدَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زُبَيْبٍ، فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ حَتَّى أَجْرَاهَا عَلَى صِرَّتِهِ، قَالَ زُبَيْبٌ: حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَ كَفِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صِرَّتِي، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ ثُمَّ انْصَرَفَ زُبَيْبٌ بِالسَّيْفِ، فَبَاعَهُ بِبَكْرَتَيْنِ مِنْ صَدَقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَالَدَتَا عِنْدَ زُبَيْبٍ حَتَّى بَلَغَتَا مِائَةً وَنَيِّفًا

ہوں تو وہ مسجد کے دروازے پر بیٹھ جانا' پس جب تُو اپنے ساتھی کو دیکھے تو اس کے ساتھ ہو جانا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو' پس وہ تیرے اور اس کے درمیان نصف نصف ہوگا۔ پس انہوں نے ایسا ہی کیا' پس جب رسول کریم ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو اس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے زبیب! اے بنی عنبر کے بھائی! تُو اپنے قیدی سے کیا سلوک کرنا چاہتا ہے؟ حضرت زبیب قریب تھا کہ رو پڑتے اور آدمی کی راہ چھوڑ دی اور عرض کی: اچھا سلوک! ہم تو اللہ اور اس کے رسول کے چاہنے والے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے آدمی سے فرمایا: کیا تیرے پاس ام زبیب کا غالیچہ ہے؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ہاتھ سے نکل گیا۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان کو اپنی تلوار دے اور اس پر کچھ کھانے کا اضافہ کر۔ پس اس نے ایسا ہی کیا۔ رسول کریم ﷺ نے حضرت زبیب کے قریب ہو کر اپنا ہاتھ اس کے سر پر پھیرا یہاں تک کہ اپنا ہاتھ اس کے گالوں پر چلایا۔ حضرت زبیب فرماتے ہیں: حتیٰ کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی ہتھیلی کی ٹھنڈک کو اپنے رخساروں پر پایا (یا محسوس کیا) پھر دعا کی: اے اللہ! اس کو عفو اور عافیت عطا فرما! پھر حضرت زبیب وہ تلوار لے کر تشریف لے گئے۔ جب انہوں نے اسے بیچا تو انہیں اسکے بدلے میں دو اونٹنی کے بچے ملے' نبی کریم ﷺ کے صدقے میں' پس وہ اونٹنیاں بنیں' بچے دیئے' جن کی تعداد سو سے اوپر چلی گئی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ شُعَيْبٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت عمار بن شعیب نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

## زِنْبَاعُ اَبُو رَوْحٍ الْجُذَامِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ

## حضرت زنباع ابوروح جذامی رضی اللہ عنہ ملک شام آئے تھے

**5163** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ زِنْبَاعًا اَبَا رَوْحٍ وَجَدَ غُلَامًا لَهُ مَعَ جَارِيَتِهِ، فَقَطَعَ ذَكَرَهُ وَجَدَعَ اَنْفَهُ، فَاَتَى الْعَبْدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: فَعَلَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبْدِ: اذْهَبْ فَاَنْتَ حُرٌّ

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت ابوروح زنباع رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو اپنی لونڈی کے ساتھ پایا' پس اس کا عضو تناسل بھی اور ناک بھی کاٹ دی۔ پس وہ غلام نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اس بات کا ذکر کیا۔ پس نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوروح سے فرمایا: جو کام تُو نے کیا ہے' تجھے کس چیز نے اس پر اُبھارا؟ آپ نے عرض کی: اس نے یہ کام کیا۔ تو نبی کریم ﷺ نے اس غلام سے فرمایا: جا! تُو آزاد ہے۔

**5164** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، قَالَا، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ رَوْحِ بْنِ زِنْبَاعٍ، اَنَّ جَدَّهُ اَخَصَّ عَبْدًا لَهُ، فَقَدِمَ

حضرت سلمہ بن روح بن زنباع سے مروی ہے کہ ان کے دادا کا ایک خاص غلام تھا' پس وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو رسول کریم ﷺ نے اس کو آزاد کر دیا' اس وجہ سے کہ میرے دادا نے اس کا مثلہ کیا تھا۔



---

5163- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد4صفحه176' رقم الحديث: 4519 . وابن ماجه في سننه جلد 2صفحه894 رقم الحديث: 2680 .

5164- أورده ابن ماجه في سننه جلد2صفحه894' رقم الحديث: 2679 .

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْتَقَهُ لِلْمُثْلَةِ

## مَنِ اسْمُهُ زُهَيْرٌ

جس کا نام زہیر ہے

## زُهَيْرُ بْنُ صُرَدٍ الْجُشَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ

حضرت زہیر بن صرد الجشمی رضی اللہ عنہ آپ ملک شام آئے تھے

5165 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ رَمَاحِيٍّ الْجُشَمِيُّ، ثنا اَبُو عَمْرٍو زِيَادُ بْنُ طَارِقٍ، - وَكَانَ قَدْ لَبِثَ عَلَيْهِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ سَنَةٍ - قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا جَرْوَلٍ زُهَيْرَ بْنَ صُرَدٍ الْجُشَمِيَّ، يَقُولُ: لَمَّا اَسَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ يَوْمَ هَوَازِنَ، وَذَهَبَ يُفَرِّقُ الشُّبَّانَ وَالسَّبْيَ اَنْشَدْتُهُ هَذَا الشِّعْرَ:

(البحر البسيط)

امْنُنْ عَلَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي كَرَمٍ ... فَاِنَّكَ الْمَرْءُ نَرْجُوهُ وَنَنْتَظِرُ

امْنُنْ عَلَى بَيْضَةٍ قَدْ عَاقَهَا قَدَرٌ ... مُفَرَّقًا شَمْلُهَا فِي دَهْرِهَا غِيَرُ

اَبْقَتْ لَنَا الدَّهْرَ هَتَّافًا عَلَى حُزْنٍ ... عَلَى قُلُوبِهِمُ الْغَمَّاءُ وَالْغُمَرُ

اِنْ لَمْ تَدَارَكْهُمُ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا ... يَا اَرْجَحَ النَّاسِ حِلْمًا حِينَ يُخْتَبَرُ

امْنُنْ عَلَى نِسْوَةٍ قَدْ كُنْتَ تَرْضَعُهَا ... وَاِذْ

ہمیں حضرت عبداللہ بن رماحی جشمی نے حدیث سنائی، ہمیں حضرت ابوعمرو زیاد بن طارق نے حدیث سنائی اور وہ اس پر ایک سو بیس سال رہے تھے، وہ فرماتے ہیں: میں نے ابوجرول زہیر بن صرد جشمی کو کہتے ہوئے سنا: جب رسول کریم ﷺ نے ہمیں قیدی بنایا، حنین و ہوازن کے دن اور آپ ﷺ جوانوں اور قیدیوں کو تقسیم کرنے لگے تو میں نے یہ شعر کہے:

"یارسول اللہ! اپنے کرم اور مہربانی سے ہم پر احسان فرمایئے، بلاشبہ آپ ایسے شخص ہیں جس سے ہم مہربانی اور کرم کے امیدوار اور منتظر ہیں،

اس قبیلہ پر احسان فرمایئے کہ جس کی حاجتوں کو قضاء وقدر نے روک دیا ہے، تغیراتِ زمانہ سے اس کا شیرازہ پراگندہ ہوگیا ہے،

اس قبیلہ نے ہمارے زمانے کو غم پر نعرہ لگانے والا بنا دیا ہے، ان کے دلوں پر غم اور سختیاں ہیں،

اگر آپ کا انعام واحسان ان کی خبرگیری نہ کرے تو وہ ہلاک ہو جائیں گے، اے وہ ذات کہ جس کا حلم اور



---

5165- الطبرانی فی الأوسط جلد5 صفحہ45، رقم الحدیث: 4630 .

يَزِينُكَ مَا تَأْتِي وَمَا تَذَرُ
لَا تَجْعَلَنَّا كَمَنْ شَالَتْ نَعَامَتُهُ... فَاسْتَبْقِ مِنَّا فَإِنَّا مَعْشَرٌ زُهَرُ
إِنَّا لَنَشْكُرُ لِلنَّعْمَاءِ إِذْ كُفِرَتْ ... وَعِنْدَنَا بَعْدَ هَذَا الْيَوْمِ مُدَّخَرُ
فَالْبِسِ الْعَفْوَ مَنْ قَدْ كُنْتَ تَرْضَعُهُ... مِنْ أُمَّهَاتِكَ إِنَّ الْعَفْوَ مُشْتَهَرُ
يَا خَيْرَ مَنْ مَرَحَتْ كُمْتُ الْجِيَادِ بِهِ... عِنْدَ الْهَيَّاجِ إِذَا مَا اسْتَوْقَدَ الشَّرَرُ
إِنَّا نُؤَمِّلُ عَفْوًا مِنْكَ نَلْبَسُهُ... هَادِي الْبَرِيَّةِ إِذْ تَعْفُو وَتَنْتَصِرُ
فَاعْفُ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا أَنْتَ رَاهِبُهُ ... يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِذْ يَهْدِي لَكَ الظَّفَرُ
فَلَمَّا سَمِعَ هَذَا الشِّعْرَ قَالَ: مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ وَقَالَتْ قُرَيْشٌ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ، وَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ

بردباری میں سب سے پلہ بھاری ہے اور امتحان اور آزمائش کے وقت اس کا علم نمایاں اور ظاہر ہو جاتا ہے' ہم پر احسان فرما'

ان عورتوں پر احسان فرمایئے جن کا آپ دودھ پیتے تھے اور ان کے خالص اور بہتے ہوئے دودھ سے آپ اپنے منہ کو بھرتے تھے'

ہم کو ان لوگوں کے مانند مت کیجئے کہ جن کے قدم اکھڑ گئے ہوں اور اپنے جود و کرم کے شکر و امتنان کو ہمیشہ کے لیے ہم میں باقی چھوڑیے' ہم شریف گروہ کسی کے احسان کو فراموش نہیں کرتے'

تحقیق ہم انعام و احسان کے بہت زیادہ مشکور ہوتے ہیں جبکہ لوگ اس کی ناشکری کریں'

بس آپ ان ماؤں کو جن کا آپ نے دودھ پیا ہے اپنے دامن عفو میں چھپا لیں' تحقیق آپ کا عفو تو مشہور ہے'

اے وہ ذات کہ جس کی سواری سے کست گھوڑے نشاط اور طرب میں آ جاتے ہیں جبکہ لڑائی کی آگ بھڑک جائے'

ہم آپ سے ایسے عفو کی اُمید لگائے ہوئے ہیں جو ان سب کو اپنے اندر چھپالے'

ہمیں معاف فرما دیجئے' اللہ آپ کو معاف فرمائے اس چیز کو جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ڈرانے والے ہیں قیامت کے دن جب کامیابی آپ کے لیے راہنمائی کرے گی''۔

پس جب آپ ﷺ نے یہ شعر سماعت فرمائے تو فرمایا: جو میرے اور بنوعبدالمطلب کے پاس ہیں وہ تیرے ہوئے۔ قریشیوں نے عرض کی: جو ہمارے پاس ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول کیلئے' اور انصار نے کہا: جو ہمارے پاس ہے وہ بھی اللہ اور اس کے رسول کے ہوئے۔

**5166** - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ وَفْدَ هَوَازِنَ لَمَّا اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ، وَقَدْ اَسْلَمُوا، قَالُوا: اِنَّا اَصْلٌ وَعَشِيرَةٌ وَقَدْ اَصَابَنَا مِنَ الْبَلَاءِ مَا لَا يَخْفَى عَلَيْكَ، فَامْنُنْ عَلَيْنَا مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ، وَقَامَ رَجُلٌ مِنْ هَوَازِنَ، ثُمَّ اَحَدُ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ يُقَالُ لَهُ زُهَيْرٌ يُكْنَى بِاَبِي صُرَدٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ نِسَاؤُنَا عَمَّاتُكَ وَخَالَاتُكَ وَحَوَاضِنُكَ اللَّاتِي كَفَلْنَكَ، وَلَوْ اَنَّا لَحِقْنَا الْحَارِثَ بْنَ اَبِي شِمْرٍ وَالنُّعْمَانَ بْنَ الْمُنْذِرِ، ثُمَّ نَزَلَ بِنَا مِنْهُ الَّذِي اَنْزَلْتَ بِنَا لَرَجَوْنَا عَطْفَهُ وَعَائِدَتَهُ عَلَيْنَا، وَاَنْتَ خَيْرُ الْمَكْفُولِينَ، ثُمَّ اَنْشَدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِعْرًا قَالَهُ وَذَكَرَ فِيهِ قَرَابَتَهُمْ وَمَا كَفَلُوا مِنْهُ فَقَالَ:

(البحر البسيط)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد گرامی سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب قبیلہ ہوازن کا وفد رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو آپ ﷺ جعرانہ کے مقام پر تھے جبکہ وہ اسلام قبول کر چکے تھے' اُنہوں نے عرض کی: بے شک ہم اصل ہیں اور ایک خاندان ہیں' ہم مصیبت کا شکار ہوئے ہیں جو آپ پر مخفی نہیں ہے' پس ہم پر احسان کیجئے' اللہ آپ پر احسان فرمائے اور ہوازن قبیلہ سے ایک آدمی کھڑا ہوا' پھر بنوسعد بن بکر کا ایک آدمی جس کا نام زہیر اور کنیت ابوصرد تھی' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہماری عورتوں میں سے بعض آپ کی پھوپھیاں (رضاعی) بعض ماسیاں اور بعض آپ کو گود میں لینے والی وہ ہیں جنہوں نے آپ کی کفالت کی' اگر ہم حارث بن ابوشمر اور نعمان بن منذر (دوسرے بادشاہوں کے نام) سے ملے ہوئے ہوتے (یعنی ان کو دودھ پلایا ہوتا) پھر ہم پر مصیبت ٹوٹی ہوتی جو مصیبت ٹوٹی ہے تو ہم ان کی مہربانی کے اُمیدوار ہوتے اور ان کی طرف لوٹ کر



5166- أورد نحوه في مسنده جلد2صفحه218' رقم الحديث: 7037 .

امْنُنْ عَلَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي كَرَمٍ ... فَإِنَّكَ الْمَرْءُ نَرْجُوهُ وَنَدَّخِرُ

امْنُنْ عَلَى بَيْضَةٍ قَدْ عَاقَهَا قَدَرٌ ... مُفَرَّقٌ شَمْلُهَا فِي دَهْرِهَا غِيَرُ

اَبْقَتْ لَنَا الْحَرْبُ هَتَّافًا عَلَى حَزَنٍ ... عَلَى قُلُوبِهِمُ الْغَمَّاءُ وَالْغُمَرُ

اِنْ لَمْ تَدَارَكْهُمْ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا ... يَا اَعْظَمَ النَّاسِ حِلْمًا حِينَ يُخْتَبَرُ

امْنُنْ عَلَى نِسْوَةٍ مَنْ كُنْتَ تَرْضِعُهَا ... اِذْ فُوكَ يَمْلَاُهُ مِنْ مَحْضِهَا دُرَرُ

اِذْ كُنْتَ طِفْلًا صَغِيرًا كُنْتَ تَرْصُفُهَا ... وَاِذْ يَزِينُكَ مَا تَاْتِي وَمَا تَذَرُ

لَا تَجْعَلَنَّا كَمَنْ شَالَتْ نَعَامَتُهُ ... وَاسْتَبْقِ مِنْهُ فَاِنَّا مَعْشَرٌ زُهُرُ

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْنَاؤُكُمْ وَنِسَاؤُكُمْ اَحَبُّ اِلَيْكُمْ اَوْ اَمْوَالُكُمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ خَيَّرْتَنَا بَيْنَ اَمْوَالِنَا وَنِسَائِنَا، بَلْ تَرُدُّ عَلَيْنَا اَمْوَالَنَا وَنِسَاءَنَا. فَقَالَ: اَمَّا مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ فَاِذَا صَلَّيْتُ الظُّهْرَ بِالنَّاسِ فَقُومُوا فَقُولُوا اِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُسْلِمِينَ وَبِالْمُسْلِمِينَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَبْنَائِنَا وَنِسَائِنَا فَسَاُعْطِيكُمْ عِنْدَ ذٰلِكَ وَاَسْاَلُ لَكُمْ فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ



جاتے۔ آپ ایسے سب لوگوں سے زیادہ بہتر ہیں جن کی کفالت کی جاتی ہے' پھر اس نے رسول کریم ﷺ کو شعر سنائے جو اس نے خود پڑھے اور ان میں اپنی رشتہ داریوں (رضاعی) کا تذکرہ کیا اور ذکر کیا جو انہوں نے کفالت کی تھی' پس اس نے کہا:

''یارسول اللہ! اپنے کرم اور مہربانی سے ہم پر احسان بلائیے' بلاشبہ آپ ایسے شخص ہیں جس سے ہم مہربانی اور کرم کے اُمیدوار اور منتظر ہیں'

اس قبیلہ پر مہربانی فرمایئے جس کی حاجتوں کو قضاء وقدر نے روک دیا ہے' تغیراتِ زمانہ سے اس کا شیرازہ پراگندہ ہو گیا ہے'

اگر آپ کا انعام واحسان ان کی خبرگیری نہ کرے گا تو ہلاک ہو جائیں گے' اے وہ ذات کہ جس کا حلم اور بردباری میں پلہ بھاری ہے اور امتحان اور آزمائش کے وقت اس کا علم نمایاں اور ظاہر ہو جاتا ہے ہم پر احسان فرما'

ان عورتوں پر احسان فرمایئے جن کا آپ دودھ پیتے تھے اور ان کے خالص اور بہتے ہوئے دودھ سے آپ اپنے منہ کو بھرتے تھے'

جب تم چھوٹے بچے تھے' تم اسی کے مناسب تھے اور جب آپ کو زینت عطا کرتی تھی تو آنے والی اور چھوٹ جانے والی چیز'

ہم کو ان لوگوں کی مانند مت کیجئے جن کے قدم اکھڑ گئے ہوں اور اپنے جودوکرم کے شکر و امتنان کو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ الظُّهْرَ، قَامُوا فَكَلَّمُوهُ بِمَا أَمَرَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا مَا كَانَ لِي وَلِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ وَقَالَ الْمُهَاجِرُونَ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَتِ الْأَنْصَارُ مِثْلَ ذَلِكَ، وَقَالَ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ: أَمَّا أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَبَنُو تَمِيمٍ فَلَا، وَقَالَ عُيَيْنَةُ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ عَبَّاسُ بْنُ مِرْدَاسٍ: أَمَّا أَنَا وَبَنُو سُلَيْمٍ فَلَا، وَقَالَتْ بَنُو سُلَيْمٍ: أَمَّا مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِرَسُولِ اللّٰهِ، قَالَ: يَقُولُ الْعَبَّاسُ لِبَنِي سُلَيْمٍ: وَهَّنْتُمُونِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا مَنْ تَمَسَّكَ مِنْكُمْ بِحَقِّهِ مِنْ هَذَا السَّبْيِ فَلَهُ سِتُّ قَلَائِصَ مِنْ أَوَّلِ فَيْءٍ نُصِيبُهُ فَرَدُّوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْنَاءَهُمْ وَنِسَاءَهُمْ

ہمارے لیے ہم میں باقی چھوڑیئے' ہم شریف گروہ کسی کے احسان کوفراموش نہیں کرتے''۔

پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے بیٹے اور تمہاری عورتیں تمہیں زیادہ پیارے ہیں یا تمہارے مال؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے ہمیں ہمارے مالوں اور عورتوں کے درمیان اختیار دیا ہے بلکہ آپ ہمیں ہمارے مال اور ہماری عورتیں سب لوٹا دیں۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو میرے اور بنوعبدالمطلب کے پاس ہے' وہ تمہارا ہوا۔ پس جب میں ظہر کی نماز پڑھ لوں تو تم کھڑے ہو کر کہنا: ہم مسلمانوں کے پاس اللہ کے رسول کی اور اللہ کے رسول کی بارگاہ میں مسلمانوں کی سفارش پیش کرتے ہیں۔ اپنے بیٹوں اور اپنی عورتوں کے حق میں۔ پس اس وقت میں تمہیں دوں گا اور تمہارے لیے (دوسروں سے) مانگوں گا' پس جب رسول کریم ﷺ نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھالی تو وہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے آپ ﷺ سے وہی کلام کیا' جس کا آپ ﷺ نے حکم دیا تھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لیکن جو میرے اور بنوعبدالمطلب کے قبضے میں ہیں' وہ تمہارے ہوئے۔ مہاجرین نے کہا: جو ان کا مال ہمارے قبضے میں ہے' وہ اللہ کے رسول کا ہوا۔ (انصار بھی پیچھے نہ رہے) کہا: اسی کی مثل (جو مہاجرین نے کہا تھا)۔ اقرع بن حابس نے کہا: بہرحال اے اللہ کے رسول! میں اور بنوتمیم تو ایسا

کرنے کو تیار نہیں ہیں اور عیینہ نے بھی اسی کی مثل کہا۔ پس عباس بن مرداس نے کہا: بہرحال میں اور بنوسلیم بھی یہ کام نہ کریں گے' لیکن بنوسلیم بولے: جو ہمارے قبضے میں ہے وہ اللہ کے رسول کا ہے۔ راوی کا بیان ہے: عباس نے بنوسلیم سے کہا: تم نے مجھے کمزور ثابت کیا ہے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: لیکن جو بھی تم ان قیدیوں میں سے اپنے حق کے بدلے کوئی چیز لینا چاہے تو اس کیلئے چھ اونٹنیاں پہلی مالِ غنیمت سے جو (اب) ہم پائیں گے' پس ان سب نے رسول کریم ﷺ کی طرف ان کے بیٹے اوران کی عورتیں سب کچھ لوٹا دیا۔

## زُهَيْرُ بْنُ عَمْرٍو الْهِلَالِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

## حضرت زہیر بن عمرو الہلالی رضی اللہ عنہ آپ بصرہ آئے تھے

**5167** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ، وَزُهَيْرِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَا: لَمَّا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةُ (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214) انْطَلَقَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَضْمَةٍ مِنْ جَبَلٍ، فَعَلَا أَعْلَاهَا حَجَرًا ثُمَّ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ إِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ، إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ

حضرت قبیصہ بن مخارق الہلالی اور زہیر بن عمرو رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ پر یہ آیت: ''آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں'' نازل ہوئی تو حضور ﷺ پہاڑ کی طرف گئے' اس کے اونچے پتھر کے اوپر چڑھے' پھر فرمایا: اے بنی عبد مناف! میں تم کو ڈرانے والا ہوں' میری اور تمہاری مثال اس آدمی کی طرح ہے جس نے دشمن کو دیکھا' وہ گیا اور اپنے گھر والوں کو روکا' اس ڈر سے کہ وہ اس کے گھر والوں کی طرف نہ جائے' وہ آوازیں دینے لگا' اے صبح! اے صبح! تم آئے' تم آئے۔

5167- أخرجه مسلم في صحيحه جلد1صفحه193' رقم الحديث: 207 .

رَجُلٍ رَاَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَصُدُّ اَهْلَهُ، فَخَشِيَ اَنْ يَسْبِقُوهُ اِلَى اَهْلِهِ، فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهُ يَا صَبَاحَاهُ اُتِيتُمْ اُتِيتُمْ

## زُهَيْرُ بْنُ عُثْمَانَ الثَّقَفِيُّ

**5168** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا اَبِي، ثنا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ رَجُلٍ اَعْوَرَ مِنْ ثَقِيفٍ - قَالَ قَتَادَةُ: وَكَانَ يُقَالُ لَهُ مَعْرُوفٌ اِنْ لَمْ يَكُنِ اسْمُهُ زُهَيْرُ بْنُ عُثْمَانَ، فَلَا اَدْرِي مَا اسْمُهُ - اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَلِيمَةُ اَوَّلُ يَوْمٍ حَقٌّ، وَالثَّانِي مَعْرُوفٌ، وَالثَّالِثُ سُمْعَةٌ وَرِيَاءٌ

## حضرت زید بن عثمان ثقفی رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن عثمان الثقفی رضی اللہ عنہ قبیلہ ثقیف کے ایک کانے آدمی سے روایت کرتے ہیں' حضرت قتادہ فرماتے ہیں: اس کا نام معروف تھا' اگر اس کا نام زہیر بن عثمان نہیں ہے' مجھے اس کا نام معلوم نہیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ولیمہ پہلے دن حق ہے' دوسرے دن نیکی اور تیسرے دن ریاکاری اور دکھاوا ہے۔

## زُهَيْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ الثَّقَفِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ وَيُقَالُ الْبَجَلِيُّ

**5169** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح

## حضرت زہیر بن علقمہ الثقفی البجلی رضی اللہ عنہ' آپ کوفہ آئے تھے

حضرت زہیر بن علقمہ فرماتے ہیں کہ انصار کی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئی اپنے اس بیٹے کے لیے جو فوت ہوا تھا' لوگ اس کو یا ڈانٹ چکے



---

5168- أورده الدارمي في سننه جلد2صفحه143' رقم الحديث: 2065 .

5169- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه8 وقال: رواه البزار ورجاله ثقات .

وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالُوا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ، ثنا اِيَادٌ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ابْنٍ لَهَا مَاتَ، فَكَانَّ الْقَوْمَ عَنَّفُوهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ مَاتَ لِي اثْنَانِ مُذْ دَخَلْتُ الْإِسْلَامَ سِوَى هَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَقَدِ احْتَظَرْتِ مِنَ النَّارِ احْتِظَارًا شَدِيدًا

اس نے عرض کی: یارسول اللہ! جب سے میں اسلام لائی ہوں' میرے اس کے علاوہ دو بیٹے اور بھی فوت ہوئے ہوئے تھے' حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تیرے لیے جہنم سے سخت رکاوٹ بن گئے ہیں۔

## زُهَيْرُ بْنُ اَبِي عَلْقَمَةَ الضُّبَعِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ

## حضرت زہیر بن ابوعلقمہ ضبعی رضی اللہ عنہ' آپ بصرہ آئے تھے

5170 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَسْلَمَ الْمِنْقَرِيِّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ اَبِي عَلْقَمَةَ الضُّبَعِيِّ، قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ سَيِّءُ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ: اَلَكَ مَالٌ؟ قَالَ: نَعَمْ مِنْ كُلِّ اَنْوَاعِ الْمَالِ، قَالَ: فَلْيُرَ عَلَيْكَ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ اَنْ يَرَى اَثَرَهُ عَلَى عَبْدِهِ حَسَنًا وَلَا يُحِبُّ الْبُؤْسَ وَالتَّبَاؤُسَ

حضرت زہیر بن ابوعلقمہ ضبعی فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس ایک آدمی آیا' اس کی حالت انتہائی خستہ تھی' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس مال نہیں ہے؟ اس نے عرض کی: ہر قسم کا مال ہے' آپ نے فرمایا: اس کا اثر تم پر دکھائی دینا چاہیے' اللہ عزوجل پسند کرتا ہے کہ اپنی نعمتیں اپنے بندے پر دیکھے' اچھے طریقے سے اللہ عزوجل خستہ حالت میں رہنے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُشَمِيُّ لَمْ يَخْرُجْ

زہیر بن معاویہ نے اس کو روایت نہیں کیا۔

## زُهَيْرُ بْنُ اُمَيَّةَ

## حضرت زہیر بن امیہ



5170- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه132 وقال: رواه الطبراني وترجم لزهير ورجاله ثقات .

## الْهَاشِمِيُّ

**5171** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيلٍ الْعَنَزِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنِي إِسْرَائِيلُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ السَّائِبِ، قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَزُهَيْرُ بْنُ أُمَيَّةَ، فَاسْتَأْذَنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيَا عَلَيَّ عِنْدَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَعْلَمُ بِهِ مِنْكُمَا، كَانَ شَرِيكِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ

## مَنِ اسْمُهُ زَاهِرٌ

## زَاهِرُ بْنُ حَرَامٍ الْأَشْجَعِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ

**5172** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا شَاذُّ بْنُ الْفَيَّاضِ، ثنا رَافِعُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَشْجَعَ، يُقَالُ لَهُ زَاهِرُ بْنُ حَرَامٍ الْأَشْجَعِيُّ، قَالَ: وَكَانَ رَجُلًا بَدَوِيًّا لَا يَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاهُ إِلَّا بِطُرْفَةٍ أَوْ هَدِيَّةٍ يُهْدِيهَا، فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسُّوقِ يَبِيعُ سِلْعَةً

## الہاشمی رضی اللہ عنہ

حضرت سائب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان اور زہیر بن امیہ رضی اللہ عنہما دونوں نے حضورﷺ سے اجازت مانگی' دونوں نے آپ کے پاس تعریف کی' حضورﷺ نے فرمایا: میں تم دونوں کو جانتا ہوں' تم زمانۂ جاہلیت میں میرے شریک تھے۔

## جس کا نام زاہر ہے

## حضرت زاہر بن حرام الاشجعی رضی اللہ عنہ' آپ کوفہ آئے تھے

بنواشجع کے ایک آدمی جنہیں زاہر بن حرام اشجعی کہا جاتا تھا (وہ دیہاتی آدمی تھے)' نے کہا: وہ جب نبی کریمﷺ کی بارگاہ میں آتے تو تحفے کے بغیر نہ آتے' جو آپﷺ کی خدمت میں پیش کرتے' پس (ایک دن) رسول کریمﷺ نے انہیں بازار میں سامان بیچتے ہوئے دیکھ لیا۔ آپﷺ کم ہی کبھی اس کے پاس آئے تھے' آپ اپنی ہتھیلیوں کے ساتھ اس کو پیچھے سے



---

5171- الآحاد والمثاني جلد1صفحه358' رقم الحديث: 480 .

5172- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه369 وقال: رواه البزار والطبراني ورجاله موثقون .

وَلَمْ يَكُنْ اَتَاهُ فَاحْتَضَنَهُ مِنْ وَرَائِهِ بِكَفَّيْهِ، فَالْتَفَتَ وَاَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَّلَ كَفَّيْهِ فَقَالَ: مَنْ يَشْتَرِي الْعَبْدَ؟ قَالَ: اِذَنْ تَجِدُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَاسِدًا، قَالَ: وَلٰكِنَّكَ عِنْدَ اللّٰهِ رَبِيحٌ

اپنے کلاوے میں لے گیا' پس اس نے متوجہ ہو کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو آپ کی ہتھیلیوں کو بوسہ دیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس غلام کو کون خریدے گا؟ اس نے عرض کی: آپ دیکھ رہے ہیں کہ میں کھوٹا ہوں (اے اللہ کے رسول! مجھے کون خریدے گا؟) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لیکن اللہ کے نزدیک تو نفع والا سودا ہے۔

## زَاهِرُ بْنُ الْاَسْوَدِ اَبُو مَجْزَاةَ الْاَسْلَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ

## حضرت زاہر بن الاسود ابو مجزاہ اسلمی رضی اللہ عنہ' آپ کوفہ آئے تھے

**5173** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ مَجْزَاةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ اَبُوهُ مِمَّنْ شَهِدَ الشَّجَرَةَ قَالَ: اِنِّي لَاُوقِدُ تَحْتَ الْقُدُورِ - اَوْ قَالَ: عَنِ الْقُدُورِ - بِلُحُومِ الْحُمُرِ اِذْ نَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

حضرت مجزاہ بن زاہر اپنے والد سے' ان کے والد صلح حدیبیہ کے موقع پر موجود تھے' یہ فرماتے ہیں: میں نے ہنڈیا کے نیچے آگ لگائی تھی' یا فرمایا: ہنڈیا کے اندر گوشت اُبل رہا تھا' اچانک ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ بے شک اللہ عزوجل پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کرتا ہے۔

**5174** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرَ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ،

حضرت مجزاہ بن زاہر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاشوراء کے روزے رکھنے کا حکم دیا' آپ نے فرمایا: جو روزے کی حالت میں ہو وہ مکمل کرے اور جس نے روزہ نہیں رکھا وہ بقیہ

---

5173- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد4صفحه1530' رقم الحديث: 3940 .

5174- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد2صفحه798' رقم الحديث: 1136 .

عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصِيَامِ عَاشُورَاءَ فَقَالَ: مَنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ صَائِمًا فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

دن کا ہی روزہ رکھے۔

## زَارِعُ الْعَبْدِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

**5175** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا مَطَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْنَقُ، عَنْ اُمِّ اَبَانَ بِنْتِ الْوَازِعِ بْنِ زَارِعٍ، عَنْ جَدِّهَا الزَّارِعِ، وَكَانَ فِي وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ: لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ جَعَلْنَا نَتَحَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا، فَنُقَبِّلُ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَيْهِ، وَانْتَظَرَ الْمُنْذِرُ الْاَشَجُّ حَتَّى اَتَى عَيْبَتَهُ فَلَبِسَ ثَوْبَهُ، ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيكَ لَخَلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَا اَتَخَلَّقُ بِهِمَا اَمِ اللّٰهُ جَبَلَنِي عَلَيْهِمَا؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلِ اللّٰهُ جَبَلَكَ عَلَيْهِمَا فَقَالَ الْمُنْذِرُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَبَلَنِي عَلَى خَلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَيُقَالُ اسْمُ الْاَشَجِّ عَائِذُ بْنُ عَمْرٍو، ذَكَرَهُ اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ مَطَرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، بِهَذَا

## حضرت زراع العبدی رضی اللہ عنہ آپ بصرہ آئے تھے

حضرت ام ابان بنت وازع بن زارع اپنے دادا زارع سے روایت کرتی ہیں' وہ عبدالقیس قبیلہ کے وفد میں شامل تھے۔ فرماتے ہیں: جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے اپنی سواریوں سے اترنا شروع کر دیا۔ پس ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسے دے رہے تھے لیکن منذر اشج انتظار میں رہا حتیٰ کہ وہ تھیلی کے پاس آیا' اس نے (سفر والے کپڑے اتار کر دوسرے) کپڑے پہنے' پھر وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: تیرے اندر دو صفتیں ایسی ہیں جو اللہ کو پسند ہیں: (۱) حلم (بردباری' برداشت) (۲) اناۃ (وقار' انتظار' مہلت)۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ میری بناوٹی ہیں یا اللہ نے پیدائشی میری فطرت میں رکھی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ اللہ نے یہ دونوں تیری فطرت میں رکھی ہیں' تو حضرت منذر بولے: شکر ہے اللہ کا جس نے مجھے فطرۃً ایسی دو خصلتوں پر پیدا فرمایا جو اللہ اور اس کے



5175- أورده أبو داؤد في سننه جلد4صفحه357' رقم الحديث: 5225 .

الْإِسْنَادِ حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ عَبْدَةَ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ

رسول ﷺ کو پسند ہیں۔ حضرت اشج کا اصل نام عائذ بن عمرو کہا جاتا ہے' اس کو حضرت ابوداؤد طیالسی سے ذکر کیا' حضرت مطر بن عبدالرحمٰن سے اس سند کے ساتھ ہمیں حدیث بیان کی حضرمی نے' انہوں نے محمود بن عبدہ سے اور انہوں نے ابوداؤد سے روایت کی ہے۔

زارع العبدی کان ینزل البصرۃ

5176 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا مَطَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْنَقُ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ أَبَانَ بِنْتُ الْوَازِعِ، عَنْ أَبِيهَا، أَنَّ جَدَّهَا الزَّارِعَ، انْطَلَقَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَ مَعَهُ بِابْنٍ لَهُ مَجْنُونٍ أَوِ ابْنِ أُخْتٍ لَهُ، قَالَ جَدِّي: فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ مَعِي ابْنًا لِي أَوِ ابْنَ أُخْتٍ لِي مَجْنُونٌ أَتَيْتُكَ بِهِ تَدْعُو اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ، فَقَالَ: ائْتِنِي بِهِ فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَيْهِ، وَهُوَ فِي الرِّكَابِ، فَأَطْلَقْتُ عَنْهُ وَأَلْقَيْتُ عَنْهُ ثِيَابَ السَّفَرِ وَأَلْبَسْتُهُ ثَوْبَيْنِ حَسَنَيْنِ، وَأَخَذْتُ بِيَدِهِ حَتَّى انْتَهَيْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ادْنُهُ مِنِّي اجْعَلْ ظَهْرَهُ مِمَّا يَلِينِي قَالَ: فَأَخَذَ بِمَجَامِعِ ثَوْبِهِ مِنْ أَعْلَاهُ وَأَسْفَلِهِ، فَجَعَلَ يَضْرِبُ ظَهْرَهُ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ: اخْرُجْ عَدُوَّ اللّٰهِ اخْرُجْ عَدُوَّ اللّٰهِ فَأَقْبَلَ يَنْظُرُ نَظَرَ الصَّحِيحِ لَيْسَ بِنَظَرِهِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ

حضرت ام ابان بنت وازع نے اپنے والد سے روایت کر کے حدیث بیان کی کہ ان کے دادا زارع' رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان کے ساتھ ان کا پاگل بیٹا یا بھانجا بھی آیا۔ میرے دادا کہتے ہیں: پس جب ہم رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں مدینے آئے تو میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ساتھ میرا بیٹا (یا ان کا بھانجا) بھی ہے جو کہ پاگل ہے۔ میں آپ ﷺ کے پاس دعا کیلئے حاضر ہوا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ' میں اُسے لانے کیلئے گیا جبکہ اسے بیڑیاں ڈالی ہوئی تھیں۔ میں نے اس کی بیڑیاں کھولیں' سفر کا لباس اتار کر میں نے دو خوبصورت کپڑے اسے پہنائے' میں نے اس کا ہاتھ پکڑا یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ تک پہنچ گئے۔ آپ نے فرمایا: اسے میرے قریب کرو' اس کی پیٹھ میری طرف کر دو۔ راوی کا بیان ہے: آپ ﷺ نے اس کے کپڑوں کو اوپر نیچے سے پکڑا اور اس کی پیٹھ پر مارنے لگے یہاں تک کہ میں نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لی۔ آپ ﷺ فرما رہے تھے: اے اللہ کے دشمن!

---

5176- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه2 وقال: رواه الطبراني وأم أبان لم يرو مطر .

اَقْعَدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَدَعَا لَهُ بِمَاءٍ، فَمَسَحَ وَجْهَهُ وَدَعَا لَهُ، فَلَمْ يَكُنْ فِي الْوَفْدِ اَحَدٌ بَعْدَ دَعْوَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْضُلُ عَلَيْهِ

نکل' اے اللہ کے دشمن! نکل۔ (اس کے ساتھ ہی) وہ تندرست آدمی کی طرح دیکھنے لگا' اس طرح پہلے نہیں دیکھتا تھا۔ پھر رسول کریم ﷺ نے اسے اپنے سامنے بٹھالیا' پانی منگوایا۔ پس اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور اس کے لیے دعا کی۔ پس رسول کریم ﷺ کی دعا کے بعد پورے وفد میں کوئی آدمی ایسا نہ تھا جو اس پر فضیلت والا ہو۔

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## مَنِ اسْمُهُ زُرَارَةَ

## جس کا نام زرارہ ہے

## زُرَارَةُ بْنُ كَرِبِ السَّهْمِيُّ لَمْ يَخْرُجْ

## حضرت زرارہ بن کرب سہمی' ان سے کوئی حدیث تخریج نہیں کی گئی

## زُرَارَةُ بْنُ جُزَيٍّ

## حضرت زرارہ بن جزی رضی اللہ عنہ

**5177** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ، عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِيمَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ زُرَارَةَ بْنَ جُزَيٍّ، قَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى الضَّحَّاكِ بْنِ سُفْيَانَ اَنْ يُوَرِّثَ امْرَاَةَ اَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

حضرت زرارہ بن جزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب سے عرض کی گئی کہ حضور ﷺ نے حضرت ضحاک بن سفیان کی طرف لکھا کہ وہ اشیم ضبابی کی عورت کو اپنے شوہر کی دیت کا وارث بنائے۔

## زُرَارَةُ رَجُلٌ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

## حضرت زرارہ ایسے آدمی ہیں جن کا نسب معلوم نہیں

**5178** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا قُرَّةُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَعْدَةَ الْمَخْزُومِيِّ، عَنِ ابْنِ زُرَارَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ اِنَّا كُلَّ

حضرت ابن زرارہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس آیت: ''چکھو دوزخ کی پیپ بے شک ہم نے ہر شی ایک اندازے سے پیدا فرمائی'' کے متعلق فرمایا: یہ آیت میری اُمت کے آخر زمانہ کے لوگوں کے متعلق نازل ہوئی ہے' جو اللہ عزوجل

---

5177- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

5178- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7 صفحه117 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفه .

شَیْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ) (القمر:49) ، قَالَ: نَزَلَتْ فِی أُنَاسٍ مِنْ أُمَّتِی فِی آخِرِ الزَّمَانِ یُکَذِّبُونَ بِقَدَرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

کی تقدیر کا انکار کریں گے۔

## زِبْرِقَانُ بْنُ بَدْرٍ کَانَ یَنْزِلُ فِی نَاحِیَةِ الْمَدِینَةِ مَا اَسْنَدَ الزِّبْرِقَانُ بْنُ بَدْرٍ

## حضرت زبرقان بن بدر رضی اللہ عنہ آپ مدینہ کے ایک طرف آئے تھے حضرت زبرقان بن بدری کی روایت کردہ حدیثیں

**5179** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ عَقِیلٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ وَقَّاصٍ الْاَعْرَجِیُّ، حَدَّثَنِی جَرْوَةُ بْنُ جُرْثُومَةَ الْاَعْرَجِیُّ، حَدَّثَنِی کَهْدَلُ بْنُ وَقَّاصٍ، حَدَّثَنِی اَبِی وَقَّاصُ بْنُ سَرِیعٍ، اَنَّ اَبَاهُ سَرِیعَ بْنَ الْحَکَمِ، حَدَّثَهُ قَالَ: حَدَّثَنِی الزِّبْرِقَانُ بْنُ بَدْرٍ، اَنَّهُ قَدِمَ عَلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ شَیْئًا، فَقَالَ الزِّبْرِقَانُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ نُشْهِرُ؟ فَقَالَ: لَا یَا زِبْرِقَانُ فَاسْمَعْ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ وَاَطِعْ قَالَ: سَمْعٌ وَطَاعَةٌ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ

حضرت زبرقان بن بدر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے آپ نے کوئی شی ذکر کی میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم تشہیر کریں؟ آپ نے فرمایا: اے زبرقان! نہیں! اللہ اور اس کے رسول کی بات سنو اور اطاعت کرو۔ میں نے عرض کی: سنا اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی۔

## بَابُ السِّینِ

## باب السین

## سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِیُّ

## حضرت سعد بن معاذ انصاری پھر

5179- ذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 221 وقال: قلت هکذا وجدته فی الأصل المسموع رواه الطبرانی .

## ثُمَّ الْاَشْهَلِيُّ بَدْرِيٌّ اُحُدِيٌّ، يُكْنَى اَبَا عَمْرٍو اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ

## اشہلی بدری اُحدی رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوعمرو ہے آپ خندق کے دن شہید کیے گئے تھے

**5180** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، سَعْدُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعد بن معاذ بن نعمان بن امرء القیس بن زید بن عبدالاشہل کا بھی ہے۔

**5181** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنَ النَّبِيتِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، سَعْدُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی عبدالاشہل سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن معاذ بن نعمان بن امرء القیس کا بھی ہے۔

**5182** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، سَعْدُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ بْنِ جُشَمَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن معاذ بن نعمان بن امرء القیس بن زید بن عبدالاشہل بن جشم بن حارث بن خزرج بن عمرو بن عوف بن مالک بن اوس ہے۔

**5183** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، عَنِ الْمَاجِشُونِ، قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ: ثَلَاثٌ اَنَا عَمَّا سِوَاهُنَّ ضَعِيفٌ: مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا اِلَّا عَلِمْتُ اَنَّهُ حَقٌّ، وَلَا صَلَّيْتُ صَلَاةً فَحَدَّثْتُ نَفْسِي بِغَيْرِهَا حَتَّى انْفَتِلَ عَنْهَا، وَلَا تَبِعْتُ جِنَازَةً فَحَدَّثْتُ نَفْسِي بِغَيْرِ مَا اِيَّاهُ قَائِلَةٌ وَمَقُولٌ لَهَا

حضرت ماجشون فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تین چیزیں ہیں ان کے علاوہ کمزور ہیں' جو میں نے جو رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے' میرا یقین ہے کہ وہ حق ہے' میں نے کوئی نماز پڑھی ہے' میرے دل میں اس کے علاوہ کوئی شی آئی ہے' میں اس سے جدا ہوا' میں جس جنازہ میں شریک ہوا ہوں' میرے دل میں نماز کے علاوہ کچھ پیدا ہوا' جس کا کوئی کہنے والا ہے اور جس کیلئے کچھ کہا ہوا ہے۔

**5184** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ هَارُونَ الْعُكْلِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي، مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ قَالَ: ثَلَاثُ خِصَالٍ فِيَّ: مَا حَدَّثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثٍ اِلَّا صَدَّقْتُهُ وَعَلِمْتُ اَنَّهُ حَقٌّ، وَمَا حَضَرْتُ مَيِّتًا اِلَّا حَضَرْتُ نَفْسِي بِمَا يَقُولُ وَمَا يُقَالُ لَهُ، وَلَا صَلَّيْتُ صَلَاةً فَحَدَّثْتُ نَفْسِي بِغَيْرِهَا حَتَّى اَقْضِيَ صَلَاتِي

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین باتیں مجھ میں ہیں' حضور ﷺ نے کوئی بات بیان کی' اس کی میں نے تصدیق کی ہے' اور میں نے یقین کر لیا کہ وہ حق ہے' جو کوئی جنازہ آیا ہے' میں خود حاضر ہوا ہوں' جو کہتا ہے یا اس کیلئے کہا جاتا ہے' میں نے کوئی نماز پڑھی ہے' میرے دل میں اس کے علاوہ خیال پیدا ہوا' تو میں نے نماز قضاء کی ہے۔

**5185** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سعد ابوسعید الخدری فرماتے ہیں کہ

سعد بن معاذ الانصاری

---

5183- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 308 وقال: وفي رواية ولا عملا ميتا الا حدثت نفسي بما يقول ويقال له رواه الطبراني باسنادين أحدهما عن أبي سلمة مرسلا والآخر عن الماجشون منقطعا وفي اسناده من لم أعرفه .

5185- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1388' رقم الحديث: 1768 . والبخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1107 رقم الحديث: 2878' جلد 4 صفحه 1511 رقم الحديث: 3895' جلد 5 صفحه 2310 رقم الحديث: 5907 .

مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَعْدٍ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي اَمْرِ بَنِي قُرَيْظَةَ، فَجَاءَ سَعْدٌ عَلَى حِمَارٍ قَدْ كَادَتْ رِجْلَاهُ تَبْلُغَانِ الْاَرْضَ، فَلَمَّا رَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَصْحَابِهِ: قُومُوا اِلَى سَيِّدِكُمْ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَؤُلَاءِ قَدْ رَضُوا بِحُكْمِكَ، فَاحْكُمْ فِيهِمْ، قَالَ: اَحْكُمُ فِيهِمْ اَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَاَنْ تُسْبَى ذَرَارِيُّهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَحُكْمِ الْمَلِكِ

حضورﷺ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا' بنی قریظہ کے معاملہ میں' حضرت سعد رضی اللہ عنہ گدھے پر آئے' آپ کے پاؤں زمین پر لگنے لگے' جب حضورﷺ نے ان کو دیکھا تو آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: تم اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو۔ حضورﷺ نے ان کو فرمایا: یہ تمام تیرے فیصلہ پر راضی ہیں' ان میں فیصلہ کر۔ حضرت سعد نے عرض کی: ان کے باہم لڑائی کرنے والوں کو قتل کیا جائے اور ان کے بچوں کو قیدی کیا جائے۔ حضورﷺ نے فرمایا: آپ نے اللہ عزوجل کے حکم کے ساتھ اور بادشاہ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

5186 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا سَيِّدُكُمْ

حضرت سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ آئے' حضورﷺ نے فرمایا: یہ تمہارا سردار ہے۔

5187 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے



5186- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 308 وقال: رواه البزار والطبراني وفيه صدقة بن عبد الله السمين وهو ضعيف وبقية رجاله رجال الصحيح .

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ رُمِيَ فِي أَكْحَلِهِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَاءً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُودَهُ قَرِيبًا، فَبَرَأَ حَتَّى تَحَجَّرَ كَلْمُهُ لِلْبُرْءِ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّ أَحَبَّ النَّاسِ كَانَ إِلَيَّ قِتَالًا لَقَوْمٌ كَذَّبُوا نَبِيَّكَ، وَأَخْرَجُوهُ، وَقَاتَلُوهُ، وَفَعَلُوا، وَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ أَبْقَيْتَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ قِتَالًا فَأَبْقِنِي لِقِتَالِهِمْ، فَبَيْنَمَا هُوَ ذَاتَ لَيْلَةٍ إِذْ تَفَجَّرَ كَلْمُهُ فَسَالَ الدَّمُ مِنْ جُرْحِهِ، حَتَّى دَخَلَ خِبَاءً إِلَى جَنْبِهِ، فَقَالَ الْهنه أَهْلَ الْخِبَاءِ: يَا أَهْلَ الْخِبَاءِ، مَا هَذَا الَّذِي يَأْتِينَا مِنْ قِبَلِكُمْ، فَنَظَرُوا فَإِذَا سَعْدٌ قَدِ انْفَجَرَ كَلْمُهُ وَالدَّمُ لَهُ هَدِيرٌ، فَمَاتَ

کہ خندق کے دن حضرت سعد بن معاذ کے ٹخنے میں تیر لگا' رسول کریم ﷺ نے مسجد میں ان کیلئے خیمہ نصب کروایا تا کہ قریب سے آپ ﷺ ان کی عیادت کر سکیں' پس زخم چھوٹ گیا یہاں تک کہ آپ کا زخم پتھر کی طرح سخت ہو گیا۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! بے شک تُو جانتا ہے کہ جہاد مجھے سب چیزوں سے زیادہ پسند ہے' ایک ایسی قوم ہے جس نے تیرے نبی کو جھٹلایا ہے اور آپ ﷺ کو ہجرت کرنے پر مجبور کر دیا' انہوں نے آپ ﷺ سے جنگ کی اور بُرا سلوک کیا۔ میرا گمان ہے کہ تُو ہمارے اور ان کے درمیان جنگ کروائے گا' اے اللہ! اگر تُو نے ہمارے اور ان کے درمیان جنگ باقی رکھنی ہے تو ان کے ساتھ جہاد کیلئے مجھے باقی رکھنا' پس دوران ایک رات ان کے زخم سے خون پھوٹ پڑا تو ان کے زخم سے یوں خون بہا کہ ساتھ والے خیمے میں داخل ہو گیا' پس مسافروں نے کہا: اے خیمہ والو! یہ کیا چیز ہے جو تمہاری طرف سے ہماری طرف آ رہی ہے۔ پس انہوں نے دیکھا تو اچانک نگاہ پڑی کہ حضرت سعد کے زخم سے خون پھوٹ پڑا ہے اور خون اتنا بہا کہ (اسی میں) آپ کا وصال ہو گیا۔



**5188** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْعَامِرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيمِ أَبُو أُمَيَّةَ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو قریظہ اور نضیر کے دن تیر لگا' ان کا ٹخنہ کٹ گیا' حضور ﷺ نے ان کو آگ

---

**5188**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6 صفحه140 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الكريم بن أمية وهو ضعيف .

عَنِ الْحَسَنِ، وَعَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رُمِيَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ، فَقُطِعَ أَكْحَلُهُ، فَحَسَمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَفَّرَ وَانْتَفَضَ، فَحَسَمَهُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ سَعْدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اللّٰهُمَّ لَا تَنْزِعْ نَفْسِي حَتَّى تُقِرَّ عَيْنِي مِنْ قُرَيْظَةَ، وَالنَّضِيرِ

سے داغ دیا' وہ اس طرح ہو گیا جیسے مٹی ڈال دی گئی ہو اور پھر جھاڑ دی گئی' دوسری مرتبہ آیا' تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ! مجھے موت نہ دینا یہاں تک کہ قبیلہ قریظہ اور نضیر سے آنکھیں ٹھنڈی کروں۔

**5189** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رُمِيَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ رَمْيَةً، فَقَطَعَتِ الْأَكْحَلَ مِنْ عَضُدِهِ، فَزَعَمُوا أَنَّهُ رَمَاهُ حِبَّانُ بْنُ قَيْسٍ، أَحَدُ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، ثُمَّ أَخُو بَنِي الْعَرِقَةِ، وَيَقُولُ آخَرُونَ: رَمَاهُ أَبُو أُسَامَةَ الْجُشَمِيُّ. فَقَالَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَبِّ اشْفِنِي مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ قَبْلَ الْمَمَاتِ، فَرَقَأَ الْكَلْمُ بَعْدَمَا قَدِ انْفَجَرَ. قَالَ: وَأَقَامَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَنِي قُرَيْظَةَ حَتَّى سَأَلُوهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ حَكَمًا يَنْزِلُونَ عَلَى حُكْمِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَارُوا مِنْ أَصْحَابِي مَنْ أَرَدْتُمْ، فَلْنَسْتَمِعْ لِقَوْلِهِ، فَاخْتَارُوا سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ، فَرَضِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَلَّمُوا، وَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ سے مروی ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو خندق کے دن تیر لگا' جس نے ان کے بازو سے' لوگوں کا گمان ہے کہ آپ کو بنو عامر بن لؤی کے ایک آدمی حبان بن قیس نے تیر مارا پھر بنو عرقہ کا بھائی۔ کچھ دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ آپ کو ابو اسامہ جشمی نے تیر مارا۔ حضرت سعد بن معاذ دعا کرتے: اے میرے رب! موت سے پہلے مجھے بنو قریظہ سے شفا دے! پس آپ کا زخم پھوٹنے کے بعد خشک ہو گیا۔ راوی کا بیان ہے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو بنی قریظہ کے سامنے کھڑا کیا حتیٰ کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ وہ ان کے اور اپنے درمیان ثالث مقرر کریں' وہ آپ کے فیصلے کو مانیں گے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ میں سے جس کو چاہو چن لو' ہم اس کی بات غور سے سنیں گے۔ پس انہوں نے حضرت سعد بن معاذ کا انتخاب کیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں کے ساتھ اپنی رضامندی کا اظہار کیا اور انہوں نے بھی تسلیم کیا۔



---

5189- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 138 وقال: قلت في الصحيح بعضه عن عائشة متصل الاسناد رواه الطبراني مرسلا وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف .

بِاَسْلِحَتِهِمْ، فَجُعِلَتْ فِي بَيْتٍ، وَاَمَرَ بِهِمْ فَكُتِّفُوا، وَاُوثِقُوا، فَجُعِلُوا فِي دَارِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاَقْبَلَ عَلَى حِمَارٍ اَعْرَابِيٍّ، يَزْعُمُونَ اَنَّ وَطَاءَةَ بَرْذَعِهِ مِنْ لِيفٍ، وَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، فَجَعَلَ يَمْشِي مَعَهُ يُعَظِّمُ حَقَّ بَنِي قُرَيْظَةَ، وَيَذْكُرُ حِلْفَهُمْ وَالَّذِي اَبْلَوْهُمْ يَوْمَ بُعَاثٍ، وَاَنَّهُمُ اخْتَارُوكَ عَلَى مَنْ سِوَاكَ رَجَاءَ عَطْفِكَ، وَتَحَنُّنِكَ عَلَيْهِمْ، فَاسْتَبْقِهِمْ، فَاِنَّهُمْ لَكَ جَمَالٌ وَعَدَدٌ، قَالَ: فَاَكْثَرَ ذَلِكَ الرَّجُلُ، وَلَمْ يَحِرْ اِلَيْهِ سَعْدٌ شَيْئًا، حَتَّى دَنَوْا، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: اَلَا تَرْجِعُ اِلَيَّ شَيْئًا، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَا اُبَالِي فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، فَفَارَقَهُ الرَّجُلُ، فَاَتَى اِلَى قَوْمِهِ، قَدْ يَئِسَ مِنْ اَنْ يَسْتَبْقِيَهُمْ، وَاَخْبَرَهُمْ بِالَّذِي كَلَّمَهُ بِهِ، وَالَّذِي رَجَعَ اِلَيْهِ، وَنَفَذَ سَعْدٌ، حَتَّى اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا سَعْدُ، احْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَقَالَ سَعْدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَحْكُمُ فِيهِمْ بِاَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَيُغْتَنَمَ سَبْيُهُمْ، وَتُؤْخَذَ اَمْوَالُهُمْ، وَتُسْبَى ذَرَارِيهِمْ وَنِسَاؤُهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَكَمَ فِيهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ بِحُكْمِ اللّٰهِ، وَيَزْعُمُ نَاسٌ اَنَّهُمْ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُكْمَ فِيهِمْ اِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاَخْرِجُوا رَسْلًا رَسْلًا،

پس رسول کریم ﷺ نے ان کو ان اسلحہ کے حوالے سے حکم جاری کیا اور وہ سارا ایک گھر میں رکھ دیا گیا' آپ نے ان کے لیے حکم فرمایا: ان کی مشکیں کس دی گئیں اور انہیں بیڑیاں ڈال دی گئیں' پس وہ حضرت اسامہ بن زید کے گھر میں اکٹھے ہو گئے۔ رسول کریم ﷺ نے حضرت سعد بن معاذ کی طرف آدمی بھیجا۔ پس آپ ایک دیہاتی کے گدھے پر آئے' وہ گمان کر رہے تھے کہ اس کی جھل کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی تھی۔ آپ کے پیچھے بنوعبدالاشہل کا ایک آدمی تھا' پس وہ آپ کے ساتھ چل رہا تھا اور بنوقریظہ کے حق کو ثابت کر رہا تھا' ان کے حلیفوں کا ذکر کر رہا تھا اور اس آدمی کا جس نے ان کو بعاث کی جنگ میں آزمایا تھا اور بے شک اُنہوں نے تیرے سوا کو چھوڑ کر تجھے انتخاب کیا ہے' تیری مہربانی پہ بھروسہ کیا ہے اور جو تیرا ان سے پہلا ہے پس ان کو مدینہ میں باقی رکھنا کیونکہ وہ تیری خوبصورتی اور تعداد ہیں۔ راوی کا بیان ہے: اس آدمی نے بہت باتیں کیں لیکن حضرت سعد نے کسی پر توجہ نہ دھری یہاں تک کہ وہ لوگ قریب ہوئے۔ پس اس آدمی نے آپ سے کہا: مجھے کسی بات کا جواب نہیں دیں گے۔ پس حضرت سعد نے فرمایا: قسم بخدا! اللہ کے معاملہ میں مجھے کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں ہے۔ پس وہ آدمی آپ سے جدا ہو گیا۔ پس وہ اپنی قوم کی طرف اس حال میں آیا کہ وہ ان کو باقی رکھنے سے مایوس ہو چکا تھا۔ اس نے اپنی قوم کے افراد کو

فَضَرَبْتَ اَعْنَاقَهُمْ، وَاُخْرِجَ حُيَيُّ بْنُ اَخْطَبَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ اَخْزَاكَ اللّٰهُ، فَقَالَ: قَدْ ظَهَرْتَ عَلَيَّ، وَمَا اَلُومُ نَفْسِي فِيكَ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُخْرِجَ اِلَى اَحْجَارِ الزَّيْتِ الَّتِي بِالسُّوقِ، فَضُرِبَتْ عُنُقُهُ، كُلُّ ذٰلِكَ بِعَيْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَزَعَمُوا اَنَّهُ كَانَ بَرِءَ كَلْمُ سَعْدٍ، وَتَحَجَّرَ بِالْبُرْءِ، ثُمَّ اِنَّهُ دَعَا فَقَالَ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، فَاِنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الْاَرْضِ قَوْمٌ اَبْغَضُ اِلَيَّ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوا رَسُولَكَ، وَاَخْرَجُوهُ، وَاِنِّي اَظُنُّ اَنْ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَاِنْ كَانَ بَقِيَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ قِتَالٌ، فَاَبْقِنِي اُقَاتِلْهُمْ فِيكَ، وَاِنْ كُنْتَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَافْجُرْ هٰذَا الْمَكَانَ، وَاجْعَلْ مَوْتِي فِيهِ، فَفَجَرَهُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، وَاِنَّهُ لَرَاقِدٌ بَيْنَ ظَهْرَيِ اللَّيْلِ، فَمَا دَرَوْا بِهِ حَتَّى مَاتَ، وَمَا رَقَاَ الْكَلْمُ حَتَّى مَاتَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

اس بات کی خبر دی جو اس نے آپ رضی اللہ عنہ سے کی اور اس کا جو جواب آپ نے دیا اور حضرت سعد آگے بڑھ گئے' یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کے پاس آئے' پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے سعد! ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ کیجئے! پس حضرت سعد نے فرمایا: ان کے بارے میرا فیصلہ یہ ہے کہ ان کے باہم لڑنے والوں کو قتل کر دیا جائے' ان کے قیدیوں کو مالِ غنیمت بنا لیا جائے' ان کے مال لے لیے جائیں اور ان کے بچوں اور ان کی عورتوں کو غلام بنا لیا جائے۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت سعد نے اللہ کے حکم کے ساتھ فیصلہ کیا ہے' لوگ گمان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کے فیصلے پہ اعتماد کیا تھا اور رسول کریم ﷺ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹا دیا' پس آہستہ آہستہ انہیں نکالا گیا' پس ان کی گردنیں مار دی گئیں۔ حیی بن اخطب کو نکالا گیا تو رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: اللہ نے تجھے رسوا نہیں کیا۔ اس نے کہا: آپ نے مجھ پر ظاہر کر دیا اور آپ کے بارے میں میں اپنے آپ کو ملامت نہیں کرتا۔ پس رسول کریم ﷺ نے اس کو بازار کے ساتھ ریت کے پتھروں کی طرف نکالنے کا حکم دیا۔ پس اس کی گردن مار دی گئی۔ یہ سارا کام حضرت سعد بن معاذ کی آنکھوں کے سامنے ہوا' لوگوں ں نے گمان کیا کہ حضرت سعد کا زخم چھوٹ گیا ہے جبکہ وہ چھوٹنے کے ساتھ پتھر کی طرح ہو گیا' پھر انہوں نے دعا کی' عرض کی:

اے اللہ! آسمانوں اور زمینوں کے رب! پس تیری زمین میں میرے نزدیک اس قوم سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی نہیں جس نے تیرے رسول کو جھٹلایا اور اپنے شہر سے نکال دیا اور میرا کامل گمان ہے کہ ہمارے اور ان کے درمیان جنگ برپا ہوگی۔ پس اگر ہمارے اور ان کے درمیان قتال باقی رہا تو مجھے بھی باقی رکھنا' میں تیری رضا کی خاطر ان سے جہاد کروں گا اور اگر تُو ہمارے اور ان کے درمیان جنگ برپا کر چکا ہے (اور نہیں کرے گا) تو اس جگہ سے خون جاری فرما دے اور میری شہادت کا سبب اسی کو بنا دے' پس اللہ تعالیٰ نے اس سے خون جاری کر دیا' اس حال میں کہ وہ رات کے پچھلے پہر سوئے ہوئے تھے' پس خون بہتا رہا حتیٰ کہ آپ نے شہادت پائی' آپ کی وفات تک وہ زخم خشک نہیں ہوا۔



**5190** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَعَلَتْ أُمُّ سَعْدٍ تَقُولُ:

(البحر الرجز)

وَيْلُ أُمِّكَ سَعْدًا... حَزَامَةً وَجِدًّا

، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اُم سعد کہنے لگیں: تیری ماں کی بربادی ہے' اے سعد! ایک ہی زخم ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے زیادہ نہ کہنا' اللہ کی قسم! مجھے اس کے متعلق علم ہے' یہ اپنے معاملہ میں محتاط اور اللہ کے معاملہ میں طاقتور تھا۔

---

**5190**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 15 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه مسلم الملائي وهو ضعيف .

تَزِيدِينَ عَلَى هَذَا، وَكَانَ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ حازِمًا فِي اَمْرِهِ، قَوِيًّا فِي اَمْرِ اللّٰهِ

**5191** - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَتْ اُمُّ سَعْدٍ حِينَ احْتُمِلَ نَعْشُهُ وَهِيَ تَبْكِيهِ:

(البحر الرجز)

وَيْلُ اُمِّ سَعْدٍ سَعْدًا

حَزامَةً وَجِدًّا

وسَيِّدًا سُدَّ بِهِ مَسَدًّا

، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَاكِيَةٍ تَكْذِبُ اِلَّا بَاكِيَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو اُم سعد رونے لگیں' اُم سعد کے لیے ہلاکت ہے! اے سعد! دوراندیش ہے' پانے والا ہے اور سردار ہے' جو قائم مقام ہوا۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر رونے والی جھوٹی ہوسکتی ہے سوائے سعد بن معاذ کی رونے والی (ان کی ماں) کے۔

**5192** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، بَكَى اَبُو بَكْرٍ، وَبَكَى عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، حَتَّى عُرِفَ بُكَاءُ اَبِي بَكْرٍ مِنْ بُكَاءِ عُمَرَ، وَبُكَاءُ عُمَرَ مِنْ بُكَاءِ اَبِي بَكْرٍ، فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي؟ قَالَتْ: لَا، لَكِنَّهُ كَانَ يَقْبِضُ عَلَى لِحْيَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما رونے لگے' ابوبکر کا رونا حضرت عمر کے رونے سے زیادہ تھا اور حضرت عمر کا رونا حضرت ابوبکر سے زیادہ رونا تھا۔ حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روئے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ روئے نہیں تھے لیکن آپ نے اپنی داڑھی کو پکڑا ہوا تھا۔

**5193** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ

---

**5192**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه309 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات وفيي بعضهم خلاف .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا، مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الثَّقَفِيُّ، ثنا سَهْلٌ أَبُو حَرِيزٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَنَازَةِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَدُمُوعُهُ تَحَادَرُ عَلَى لِحْيَتِهِ، وَيَدُهُ فِي لِحْيَتِهِ

حضورﷺ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے جنازہ سے فارغ ہوئے تو آپ کی آنکھوں کے آنسو آپ کی داڑھی شریف پر تھے اور آپ کی داڑھی مبارک آپ کے دست مبارک میں تھی۔

## بَابُ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

## یہ باب ہے حضرت سعد بن معاذ کے جنازہ میں عرش کانپ اُٹھا

**5194** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَدِمَ ذَا الْحُلَيْفَةِ، تَلَقَّاهُ غِلْمَانُ الْأَنْصَارِ يُخْبِرُونَهُ عَنْ أَهْلِيهِمْ، فَقِيلَ لِأُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ: مَاتَتِ امْرَأَتُكَ، فَبَكَى، وَكُنْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: أَتَبْكِي وَأَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ تَقَدَّمَ لَكَ مِنَ السَّوَابِقِ مَا تَقَدَّمَ، قَالَ: فَيَحِقُّ لِي أَنْ لَا أَبْكِي، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اهْتَزَّتْ أَعْوَادُ الْعَرْشِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضورﷺ جب ذی الحلیفہ سے آئے تو آپ کو انصار کے بچے ملے اپنے گھر والوں کے بارے میں خبر دینے لگے حضرت اُسید بن حضیر سے کہا گیا: آپ کی بیوی فوت ہوگئی ہے حضرت اُسید رو پڑے میں اُن کے اور حضورﷺ کے درمیان تھی' میں نے کہا: آپ صحابیٔ رسولﷺ ہیں' آپ رو رہے ہیں' آپ نے پالیا جو پانا تھا؟ حضرت اُسید بن حضیر نے کہا: مجھے رونے کا حق نہیں ہے' میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: سعد بن معاذ کی موت پر عرش بھی کانپ اُٹھا ہے۔

**5195** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ يَعْنِي ابْنَ رَاهَوَيْهِ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، ثنا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هٰذَا الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ، وَفُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشَهِدَهُ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: یہ وہ ہے جس کی وجہ سے عرش کانپ اُٹھا ہے اور اسکے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں اور اس کے لیے ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے ہیں' ان کو قبر نے دبایا ہے پھر وسیع ہو گئی۔

**5196** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدٍ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سعد کی موت کی وجہ سے رحمٰن کا عرش کانپ اُٹھا ہے۔

**5197** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سعد کی موت پر رحمٰن کا عرش کانپ اُٹھا ہے۔

**5198** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ سب لوگوں کے آگے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا' (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال



5195- النسائی فی المجتبیٰ جلد4صفحه100' رقم الحدیث: 2055 .

5197- البخاری جلد3صفحه1384' رقم الحدیث: 3592 .

اَيْدِيهِمْ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ تَعَالَى

پر کانپ اُٹھا ہے۔

**5199** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ يَدَيْهِ يَقُولُ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ آپ کے آگے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

**5200** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَابْنِ لَهِيعَةَ، وَاَبِي عَمْرٍو التُّجِيبِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ تمام لوگوں کے آگے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

**5201** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي يَحْيَى الْمِصْرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَقَّارُ، ثني بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: لَقَدِ اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ آپ کے سامنے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

**5202** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعد بن معاذ کیلئے فرمایا جس دن وہ فوت ہوئے اس حالت میں کہ انہیں دفن کیا جا رہا تھا: یہ وہ نیک آدمی ہے جس کے لیے رحمٰن کا عرش



5202- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه227' رقم الحديث:4923 .

يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اُسَامَةَ اللَّيْثِيُّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ يَوْمَ مَاتَ وَهُوَ يُدْفَنُ: لِهَذَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمَنِ، وَفُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشُدِّدَ عَلَيْهِ، ثُمَّ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ

اُٹھا ہے اور آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ قبر نے ان پر سختی کی لیکن اللہ تعالیٰ نے ان سے اس کو دور فرما دیا ہے یا اللہ نے اسے کشادہ کر دیا۔

5203 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ مُعَيْقِيبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت معیقیب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رحمٰن کا عرش سعد بن معاذ کے وصال کی وجہ سے کانپ اُٹھا ہے۔

5204 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، ثنا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِنَازَةُ سَعْدٍ مَوْضُوعَةٌ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدٍ

حضرت انس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا اس حالت میں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ رکھا ہوا تھا (فرمایا:) رحمٰن کا عرش سعد کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

5205 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمَنِ لِمَوْتِ سَعْدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رحمٰن کا عرش سعد کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

**5206** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهَا أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيدَ بْنِ سَكَنٍ قَالَتْ: لَمَّا خُرِجَ بِجِنَازَةِ سَعْدٍ، صَاحَتْ أُمُّهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا يَرْقَأُ دَمْعُكِ، وَيَذْهَبُ حُزْنُكِ، فَإِنَّ ابْنَكِ أَوَّلُ مَنْ ضَحِكَ اللّٰهُ لَهُ، وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ

حضرت اسحاق بن راشد ایک انصاری عورت سے روایت کرتے ہیں جن کا نام اسماء بنت یزید بن سکن ہے وہ فرماتی ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ نکلا ان کی والدہ کی بے اختیار چیخ نکل گئی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لیے فرمایا: کیا اب بھی تیرے آنسو نہیں تھمیں گے اور تیرا غم ختم نہیں ہوگا کیونکہ آپ کا بیٹا وہ پہلا شخص ہے جس نے جب اللہ سے ملاقات کی تو اللہ عزوجل ان کو دیکھ کر مسکرایا اور اس کے لیے عرش جھوم اُٹھا۔

**5207** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا حُمِلَتْ جِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ الْمُنَافِقُونَ: مَا أَخَفَّ جِنَازَتَهُ لِحُكْمِهِ فِي قُرَيْظَةَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَحْمِلُهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو منافقین کہنے لگے: اس کا جنازہ کم وزن والا ہو گیا ہے قریظہ میں حکم بننے کی وجہ سے یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی آپ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے بلکہ ان کے جنازہ کو فرشتے اُٹھائے ہوئے ہیں۔

**5208** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُعَاذُ بْنُ رِفَاعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا دُفِنَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّحَ، فَسَبَّحَ النَّاسُ مَعَهُ طَوِيلًا، ثُمَّ كَبَّرَ، فَكَبَّرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو دفن کیا گیا تو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے آپ نے سبحان اللہ کہا لوگ آپ کے ساتھ دیر تک سبحان اللہ کہتے رہے پھر آپ نے اللہ اکبر کہا صحابہ نے آپ کے ساتھ اللہ اکبر کہا صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے سبحان اللہ کیوں کہا ہے؟ یہ قبر اس نیک آدمی پر تنگ ہو

باب اهتزاز العرش لموت سعد بن معاذ

---

5206- أورده أحمد في مسنده جلد6صفحه456' رقم الحديث: 27622 .

5207- ابو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد7صفحه28' رقم الحديث: 2411 .

النَّاسُ مَعَهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مِمَّ سَبَّحْتَ؟ قَالَ: لَقَدْ تَضَايَقَ عَلَى هَذَا الرَّجُلِ الصَّالِحِ قَبْرُهُ، حَتَّى فَرَّجَهُ اللَّهُ بِرَحْمَتِهِ

رہی تھی تو اللہ عزوجل نے اپنی رحمت سے اسے کشادہ کر دیا ہے۔

فائدہ: اس حدیث کی شرح حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: اس سے معلوم ہوا کہ بعد دفن قبر پر تسبیح و تکبیر پڑھنا سنت ہے کہ اس سے غضب الٰہی دفع ہو جاتا ہے' لگی ہوئی آگ بجھ جاتی ہے' اس سے قبر پر اذان کا مسئلہ ماخوذ ہے کہ اس میں تکبیر بھی ہے اور تلقین بھی اور یہ اقوال سنت ہیں' یہ تنگی قبر عذاب نہ تھی بلکہ قبر کا پیار تھا' قبر مؤمن کو دباتی ہے جیسے ماں بچے کو گود میں لے کر' مگر میت اس سے ایسے گھبراتی ہے جس طرح ماں کے دبانے پر بچہ روتا ہے' اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبد صالح فرمایا' عذابِ قبر کافر یا گنہگار پر ہوتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت اور تکبیر و تہلیل کے ذریعہ یہ تنگی بھی دور ہوئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ قبر پر تسبیح و تکبیر میت کو مفید ہے' نیز پتا چلا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ اوپر سے قبر کے اندر کا حال دیکھ لیتی ہے' آپ کے لیے کوئی شی آڑ نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم کی برکت سے قبر کی مصیبتیں دور ہوتی ہیں' یہ تکبیر فرمانا ہم کو تعلیم دینے کے لیے ہے۔

(مرآۃ المناجیح جلد اوّل صفحہ ۱۴۰' مطبوعہ قادری پبلشرز' اُردو بازار' لاہور)

**5209** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ مِنْ إِسْتَبْرَقٍ، فَجَعَلَ نَاسٌ يَجُسُّونَهَا بِأَيْدِيهِمْ، وَيَتَعَجَّبُونَ مِنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُعْجِبُكُمْ هَذِهِ، فَوَاللَّهِ لَمَنَادِيلُ سَعْدٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے استبرق (جنتی ریشم) کا حُلّہ لایا گیا' صحابہ کرام اس کو مس کر کے اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی نرمی پر تعجب کر رہے ہو' اللہ کی قسم! حضرت سعد کے لیے جنت میں جو رومال ہیں وہ اس سے بھی زیادہ اچھے ہیں۔

**5210** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

5209- مسلم جلد4صفحہ1916 رقم الحديث: 2468 . والبخاری جلد2صفحہ922 رقم الحديث: 2473' جلد3 صفحہ1187 رقم الحديث: 3076' جلد3صفحہ1383 رقم الحديث: 3591' جلد6صفحہ2448 رقم الحديث: 6264 .

الْقَاضِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِثَوْبِ حَرِيرٍ، فَجَعَلُوا يَعْجَبُونَ مِنْ لِينِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنْدِيلٌ أَوْ بَعْضُ مَنَادِيلِ سَعْدٍ فِي الْجَنَّةِ أَلْيَنُ مِنْهُ أَوْ خَيْرٌ مِنْهُ

حضورﷺ کے پاس ریشم کا کپڑا لایا گیا' صحابہ کرام اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے' حضورﷺ نے فرمایا: حضرت سعد کا رومال یا ان کے بعض رومال جنت میں اس سے بھی زیادہ نرم یا بہتر ہیں۔

**5211** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَتِ الْخَنْدَقُ فِي شَوَّالٍ سَنَةَ خَمْسٍ، وَفِيهَا مَاتَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ غزوۂ خندق شوال ۵ ہجری کو ہوا' اس جنگ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا ہے۔

## مَا أَسْنَدَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی وہ احادیث جو رسول اللہﷺ سے روایت کرتے ہیں

**5212** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: انْطَلَقَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ مُعْتَمِرًا، فَنَزَلَ عَلَى أَبِي صَفْوَانَ أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَكَانَ أُمَيَّةُ إِذَا انْطَلَقَ إِلَى الشَّامِ فَمَرَّ بِالْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى سَعْدٍ، فَقَالَ أُمَيَّةُ لِسَعْدٍ: انْتَظِرْ حَتَّى إِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَفَلَ النَّاسُ انْطَلَقْتَ فَطُفْتَ، وَبَيْنَا سَعْدٌ يَطُوفُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ عمرہ کے لیے چلے' آپ ابوصفوان امیہ بن خلف کے پاس آئے' امیہ جب شام کی طرف گیا تو مدینہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تھا' اُمیہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ دیکھیں کہ جب دوپہر کا وقت ہو' لوگ غافل ہوں' آپ جائیں اور طواف کریں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ طواف کعبہ کر رہے تھے سکون کے ساتھ' ابوجہل



5212- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3 صفحه1328' رقم الحديث: 3433 .

بِالْكَعْبَةِ آمِنًا، اَتَاهُ اَبُو جَهْلٍ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا الَّذِي يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ آمِنًا؟ فَقَالَ سَعْدٌ: اَنَا سَعْدٌ، فَقَالَ اَبُو جَهْلٍ: تَطُوفُ بِالْبَيْتِ آمِنًا، وَقَدْ آوَيْتُمْ مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهُ؟ فَكَانَ بَيْنَهُمَا، حَتَّى قَالَ اُمَيَّةُ لِسَعْدٍ: لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ عَلَى اَبِي الْحَكَمِ، فَاِنَّهُ سَيِّدُ اَهْلِ الْوَادِي، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَئِنْ مَنَعْتَنِي اَنْ اَطُوفَ بِالْبَيْتِ، لَاَقْطَعَنَّ عَلَيْكَ مَتْجَرَكَ اِلَى الشَّامِ، فَجَعَلَ اُمَيَّةُ يَقُولُ لِسَعْدٍ: لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ عَلَى اَبِي الْحَكَمِ يُمْسِكُهُ، فَغَضِبَ سَعْدٌ وَقَالَ: دَعْنَا مِنْكَ، فَاِنِّي سَمِعْتُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزْعُمُ اَنَّهُ قَاتِلُكَ، قَالَ: اِيَّايَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا يَكْذِبُ مُحَمَّدٌ. فَلَمَّا خَرَجُوا، رَجَعَ اِلَى امْرَاَتِهِ، فَقَالَ: اَمَا عَلِمْتَ مَا قَالَ اَخِي الْيَثْرِبِيُّ، فَاَخْبَرَهَا، فَقَالَتِ امْرَاَةُ اُمَيَّةَ: مَا يَدَعُنَا مُحَمَّدٌ، فَلَمَّا جَاءَ الصَّرِيخُ، وَخَرَجُوا اِلَى بَدْرٍ، قَالَتْ لَهُ: اَمَا تَذْكُرُ مَا قَالَ لَكَ اَخُوكَ الْيَثْرِبِيُّ، فَاَرَادَ اَنْ لَا يَخْرُجَ، فَقَالَ اَبُو جَهْلٍ: اِنَّكَ مِنْ اَشْرَافِ اَهْلِ الْوَادِي، فَسِرْ مَعَنَا يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ، فَسَارَ مَعَهُمْ فَقَتَلَهُ اللّٰهُ

**5497** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ، وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُودٍ أَتَيَا خَيْبَرَ فِي حَاجَةٍ، فَتَفَرَّقَا فِي نَخْلِهَا، فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ، فَأَتَى أَخُوهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، وَابْنَا عَمِّهِ مُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ، ابْنَا مَسْعُودٍ، فَبَدَأَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَتَكَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَبِّرِ الْكُبْرَ، يَقُولُ: يَبْدَأُ بِالْكَلَامِ الْأَكْبَرُ، وَكَانَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ أَكْبَرَ مِنْ صَاحِبَيْهِ، فَتَكَلَّمَا فِي قَتْلِ صَاحِبِهِمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَحِقُّوا قَتِيلَكُمْ أَوْ صَاحِبَكُمْ بِأَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ، فَقَالُوا: قَوْمٌ كُفَّارٌ، قَالَ: فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ سَهْلٌ: فَأَدْرَكْتُ نَاقَةً مِنْ تِلْكَ الْإِبِلِ، فَرَكَضَتْنِي رَكْضَةً فِي مِرْبَدٍ لَهُمْ

حضرت رافع بن خدیج فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعود دونوں خیبر میں ایک کام کے لیے آئے' دونوں کھجور کے باغ میں علیحدہ ہوئے' حضرت عبداللہ بن سہل کو شہید کیا گیا' ان کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن سہل اور دونوں چچازاد حضرت محیصہ اور حویصہ حضورﷺ کے بیٹے آئے' حضرت عبدالرحمٰن نے گفتگو کرنا شروع کی' حضورﷺ نے فرمایا: بڑا گفتگو کرے! گفتگو بڑا شروع کرتا ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن اپنے دونوں ساتھیوں سے بڑا تھا' دونوں نے اپنے ساتھی کے قتل کے متعلق گفتگو کی' حضورﷺ نے فرمایا: تم اپنے مقتول کے خون کے مستحق ہو' جب تم پچاس مرتبہ قسم اُٹھاؤ۔ اُنہوں نے عرض کی: وہ کافر لوگ ہیں' حضورﷺ نے دیت ادا کی' حضرت سہل فرماتے ہیں: میں نے ان اونٹوں میں سے ایک اونٹنی پائی' مجھے تھان میں ایک اونٹ نے لات ماری۔

**5498** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْحَضْرَمِيُّ، وَثنا عِلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَاغَمَّهُ، قَالَا: ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ: خَرَجَ قَوْمٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقُتِلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ، فَرُفِعَ ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بَيِّنَتُكُمْ؟، قَالُوا: مَا لَنَا بَيِّنَةٌ، قَالَ: فَأَيْمَانُهُمْ؟، قَالُوا: إِذَنْ يَقْتُلُنَا يَهُودُ، ثُمَّ يَحْلِفُونَ، قَالَ: فَأَيْمَانُكُمْ أَنْتُمْ، قَالُوا: لَمْ نَشْهَدْ، فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ انصار سے کچھ لوگ نکلے' ان میں سے ایک آدمی شہید کیا گیا' اس کا معاملہ حضورﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس گواہ ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: ہمارے پاس تو گواہ نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا: قسم اُٹھاؤ گے؟ اُنہوں نے کہا: یہودیوں نے ہمارے آدمی کو قتل کیا' پھر حلف دینے لگے' آپ نے فرمایا: یہی تمہاری قسمیں ہیں' اُنہوں نے عرض کی: ہم وہاں موجود نہیں تھے' حضورﷺ نے دیت ادا کی۔

5499 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّائِيُّ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: سَهْلُ بْنُ أَبِي حَثْمَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَفَرًا مِنْ قَوْمِهِ انْطَلَقُوا إِلَى خَيْبَرَ، فَتَفَرَّقُوا فِيهَا، فَوَجَدُوا أَحَدَهُمْ قَتِيلًا، فَقَالُوا لِلَّذِينَ وَجَدُوهُ عِنْدَهُمْ: قَتَلْتُمْ صَاحِبَنَا؟ فَقَالُوا: مَا قَتَلْنَاهُ، وَلَا عَلِمْنَا، فَانْطَلَقُوا إِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، انْطَلَقْنَا إِلَى خَيْبَرَ، فَوَجَدْنَا أَحَدَنَا قَتِيلًا، فَتَكَلَّمَ أَصْغَرُ الْقَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكُبْرَ الْكُبْرَ، فَقَالَ لَهُمْ: تَأْتُونَ بِالْبَيِّنَةِ عَلَى مَنْ قَتَلَ، قَالُوا: مَا لَنَا مِنْ بَيِّنَةٍ، قَالَ: فَيَحْلِفُونَ لَكُمْ، قَالُوا: لَا نَرْضَى بِأَيْمَانِ الْيَهُودِ، فَكَرِهَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبْطُلَ دَمُهُ، فَوَدَاهُ بِمِائَةٍ مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ

حضرت بشیر بن یسار سے روایت ہے کہ انصار سے ایک آدمی جس کا نام سہل بن ابوحثمہ تھا' اُس نے بتایا کہ کچھ لوگ ان کی قوم سے خیبر کی طرف گئے' وہ وہاں علیحدہ علیحدہ ہوئے' ان میں سے ایک قتل کیا ہوا پایا گیا جن کے پاس پایا گیا' ان سے اُنہوں نے کہا: تم نے ہمارے ساتھی کو قتل کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: ہم نے اسے قتل نہیں کیا نہ ہمیں علم ہے۔ یہ لوگ حضورﷺ کی طرف گئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم خیبر کی طرف گئے تو ہم نے اپنے ایک آدمی کو مقتول پایا ہے۔ قوم میں سے چھوٹے نے گفتگو کی' حضورﷺ نے فرمایا: بڑا گفتگو کرے! ان سے فرمایا: جس نے قتل کیا اس حوالہ سے گواہ لاؤ' اُنہوں نے عرض کی: ہمارے پاس گواہ نہیں ہیں' آپ نے فرمایا: تم ان سے قسم لے لو' اُنہوں نے عرض کی: ہم یہودیوں کی قسم پر راضی نہیں' حضورﷺ نے خون کے ضائع ہونے کو ناپسند کیا'

5500 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي لَيْلَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، عَنْ رِجَالٍ مِنْ كُبَرَاءِ قَوْمِهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ خَرَجَا إِلَى خَيْبَرَ مِنْ جَهْدٍ أَصَابَهُمْ، فَأَتَى مُحَيِّصَةُ، فَأُخْبِرَ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ قَدْ قُتِلَ وَطُرِحَ فِي فَقِيرٍ أَوْ عَيْنٍ، فَأَتَى يَهُودَ، فَقَالَ: أَنْتُمْ وَاللّٰهِ قَتَلْتُمُوهُ، قَالُوا: وَاللّٰهِ مَا قَتَلْنَاهُ، ثُمَّ أَقْبَلَ، حَتَّى قَدِمَ عَلَى قَوْمِهِ فَذَكَرَ لَهُمْ ذَلِكَ، فَأَقْبَلَ هُوَ وَأَخُوهُ حُوَيِّصَةُ وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْهُ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، فَذَهَبَ حُوَيِّصَةُ لِيَتَكَلَّمَ، وَهُوَ الَّذِي كَانَ بِخَيْبَرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُحَيِّصَةَ: كَبِّرْ كَبِّرْ -يُرِيدُ السِّنَّ- فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ، ثُمَّ تَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِمَّا أَنْ يَدُوا صَاحِبَكُمْ، وَإِمَّا أَنْ يَأْذَنُوا بِحَرْبٍ، فَكَتَبَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ، فَكَتَبُوا: إِنَّا وَاللّٰهِ مَا قَتَلْنَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُوَيِّصَةَ وَمُحَيِّصَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْلٍ: تَحْلِفُونَ وَتَسْتَحِقُّونَ دَمَ صَاحِبِكُمْ؟، فَقَالُوا: لَا، قَالَ: فَيَحْلِفُ لَكُمْ يَهُودُ؟، قَالُوا: لَيْسُوا بِمُسْلِمِينَ، فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ

آپ نے زکوٰۃ کے سو اونٹ دیت کے دیئے۔

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ان کی قوم کے بڑے لوگوں نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور محیصہ دونوں محنت مزدوری کے لیے خیبر کی طرف گئے' حضرت محیصہ آئے' بتایا گیا کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا گیا اور کسی کنویں میں پھینک دیا گیا' یہود کے پاس آئے اور کہا: اللہ کی قسم! تم نے قتل کیا ہے' اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم نے قتل نہیں کیا' پھر آئے' اپنی قوم کے پاس اس کا ذکر کیا' یہ خود اور ان کے بھائی حضرت حویصہ جو ان سے بڑے تھے اور عبدالرحمٰن بن سہل آئے' حضرت حویصہ گفتگو کرنے لگے' وہ خیبر میں تھے' حضور ﷺ نے محیصہ سے فرمایا: جو عمر میں بڑا ہے وہ گفتگو کرے۔ حضرت حویصہ نے گفتگو کی' پھر حضرت محیصہ نے گفتگو کی' حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کے خون کا مطالبہ کرتے ہو' حضور ﷺ نے ان یہود کی طرف خط لکھا' یہود نے خط کا جواب لکھا کہ اللہ کی قسم! ہم نے قتل نہیں کیا۔ حضور ﷺ نے حضرت حویصہ اور محیصہ اور عبدالرحمٰن بن سہل سے فرمایا: تم قسم اُٹھاؤ! تم اپنے ساتھی کے خون کے مستحق ہو؟ اُنہوں نے کہا: ہم قسم نہیں اُٹھائیں گے۔ آپ نے فرمایا: پھر یہود قسم اُٹھائیں گے! اُنہوں نے عرض کی: وہ مسلمان نہیں ہیں' حضور ﷺ نے اپنی طرف سے دیت دی' ان کو سو اونٹ دیت کے دیئے' ان کے گھر داخل کیے۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: ان میں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ بِمِائَةِ نَاقَةٍ، حَتَّى أُدْخِلَتْ عَلَيْهِمْ فِي الدَّارِ، قَالَ سَهْلٌ: لَقَدْ رَكَضَتْنِي مِنْهَا نَاقَةٌ حَمْرَاءُ

سے ایک سرخ اونٹنی نے مجھے لات ماری۔

**5501** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، فِي صَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ: يَقُومُ الْإِمَامُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، وَتَقُومُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مِنْ قِبَلِ الْعَدُوِّ، وُجُوهُهُمْ إِلَى الْعَدُوِّ، فَيُصَلِّي بِالَّذِينَ مَعَهُ رَكْعَةً، ثُمَّ يَقُومُ، فَيَرْكَعُونَ لِأَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً، وَيَسْجُدُونَ سَجْدَتَيْنِ فِي مَكَانِهِمْ، ثُمَّ يَذْهَبُ هَؤُلَاءِ إِلَى مَقَامِ أُولَئِكَ، فَيَجِيءُ أُولَئِكَ، فَيَرْكَعُ بِهِمْ رَكْعَةً، فَهِيَ لَهُ اثْنَتَانِ وَلَهُمْ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ يَرْكَعُونَ لِأَنْفُسِهِمْ، وَيَسْجُدُونَ سَجْدَتَيْنِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن ابوحثمہ نمازِ خوف کے متعلق فرماتے ہیں کہ امام آگے کھڑا ہوگا' ایک گروہ دشمن کے مقابلہ میں کھڑا ہوگا' ان کے چہرے دشمن کی طرف ہوں گے' ایک گروہ امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھے گا' پھر یہ کھڑے ہوں گے' دوسری رکعت خود پڑھیں گے' اپنی جگہ دو سجدہ کریں گے' پھر دشمن کے مقابلہ میں جائیں' وہ دشمن کے سامنے والا گروہ آئے' امام ان کو ایک رکعت پڑھائے گا' امام کی دو رکعت ہو جائیں گی اور ان کی ایک ایک' پھر یہ خود ایک رکعت پڑھیں گے اور دو سجدہ کریں گے۔ حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**5502** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي

حضرت سہل بن ابوحثمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھجور کے بدلے کھجور بیع کرنے سے منع کیا اور عرایا کو اندازے سے فروخت کرنے کی اجازت دی اور مالک کو تازہ کھجوریں کھانے کی اجازت دی۔



---

5501- البخاري في صحيحه جلد4صفحه1514' رقم الحديث: 3902 .

5502- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد2صفحه764' رقم الحديث: 2079 .

حَثْمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ، وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا أَنْ يُبَاعَ بِخَرْصِهَا، يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا

**5503** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، قَالَ: قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ نِصْفَيْنِ، نِصْفٌ لِنَوَائِبِهِ وَخَاصَّتِهِ، وَنِصْفٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ، فَقَسَمَهَا بَيْنَهُمْ عَلَى ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دو حصے کیے؛ ایک حصہ نوائب اور خاص کے لیے اور نصف مسلمانوں کے درمیان؛ ان کے درمیان اٹھارہ حصے تقسیم کیے۔

**5504** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو أُسَامَةَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ مَوْلَى بَنِي حَارِثَةَ، أَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ وَسَهْلَ بْنَ أَبِي حَثْمَةَ، حَدَّثَاهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُزَابَنَةِ -وَالْمُزَابَنَةُ التَّمْرُ بِالتَّمْرِ- إِلَّا أَصْحَابَ الْعَرَايَا فَإِنَّهُ قَدْ أَذِنَ لَهُمْ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مزابنہ سے منع کیا؛ مزابنہ یہ ہے کہ کھجور کو کھجور کے بدلے فروخت کرنا اور عرایا کے مالک کو اجازت دی۔

**5505** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلِ بْنِ أَبِي

حضرت محمد بن سہل بن ابوحثمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں؛ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ سات بڑے



---

5503- أورده أبو داؤد في سننه جلد3صفحه159' رقم الحديث: 3010 .

5504- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1170' رقم الحديث: 1540 .

5505- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه103 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابن لهيعة .

حَثْمَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ يَقُولُ: اجْتَنِبُوا الْكَبَائِرَ السَّبْعَ، فَسَكَتَ النَّاسُ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ أَحَدٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَسْأَلُونِي عَنْهُنَّ؟ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَالْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ، وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ، وَأَكْلُ الرِّبَا، وَقَذْفُ الْمُحْصَنَةِ، وَالتَّعَرُّبُ بَعْدَ الْهِجْرَةِ

گناہوں سے بچو! لوگ خاموش ہوئے' کسی نے گفتگو نہ کی' حضور نے فرمایا: کیا تم ان کے متعلق پوچھو گے نہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا' کسی کو قتل کرنا' جنگ سے بھاگنا' یتیم کا مال کھانا' سود کھانا' پاکدامن پر جھوٹی تہمت لگانا' ہجرت کے بعد دیہاتی بننا۔

5506 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، ثنا حَجَّاجٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَالْحَجَّاجِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، عَنْ عَمِّهِ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ، قَالَا: كَانَتْ حَبِيبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ تَحْتَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ الْأَنْصَارِيِّ، فَكَرِهَتْهُ، وَكَانَ رَجُلًا ذَمِيمًا، فَجَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَرَاهُ، فَلَوْلَا مَخَافَةَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَبَزَقْتُ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَرُدِّينَ عَلَيْهِ حَدِيقَتَهُ الَّتِي أَصْدَقَكِ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَرَدَّتْ إِلَيْهِ حَدِيقَتَهُ، وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا، وَكَانَ ذَلِكَ أَوَّلَ خُلْعٍ كَانَ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حبیبہ بنت سہل' حضرت ثابت بن شماس انصاری رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں' یہ ان کو ناپسند کرتی تھیں' یہ برے آدمی تھے' یہ حضورﷺ کے پاس آئیں اور عرض کی: یارسول اللہ! میری رائے یہ ہے کہ مجھے اللہ کا خوف نہ ہوتا تو میں اس کے منہ پر تھوکتی۔ حضورﷺ نے فرمایا: کیا تُو چاہتی ہے کہ اپنے باغ جو حق مہر کے طور پر ملا ہے' واپس کر دے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے ان کی طرف پیغام بھیجا' ان کو باغ دیا گیا' دونوں کے درمیان جدائی کرا دی گئی' یہ اسلام میں سب سے پہلا خلع ہوا تھا۔

## سَهْلٌ أَبُو إِيَاسٍ الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت سہل ابوایاس انصاری



5506- اورده احمد في مسنده جلد4صفحه3 .

# ثُمَّ السَّاعِدِيُّ

# پھر ساعدی رضی اللہ عنہ

5507 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ، جَلَسَ إِلَى جَنْبِ إِيَاسِ بْنِ سَهْلٍ الْأَنْصَارِيِّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ فِي مَسْجِدِهِمْ، فَقَالَ: أَقْبِلْ عَلَى مَا قَبِلْتَ عَلَيْهِ يَا أَبَا حَازِمٍ أَلَا أُحَدِّثُكَ، عَنْ أَبِي، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَأَنْ أُصَلِّيَ الصُّبْحَ، ثُمَّ أَجْلِسَ فِي مَجْلِسٍ أَذْكُرُ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ، حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَدٍّ عَلَى جِيَادِ الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں ایاس بن سہل انصاری کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اے ابوحازم! کیا میں آپ کو اپنے والد کی حضور ﷺ کے حوالہ سے حدیث بیان نہ کروں کہ آپ نے فرمایا: سورج کے طلوع میں صبح کی نماز پڑھ کر اس جگہ اللہ کے ذکر کے لیے بیٹھا رہوں' سورج کے طلوع ہونے تک' مجھے اللہ کی راہ میں عمدہ گھوڑے دینے سے زیادہ پسند ہے۔

# سَهْلُ بْنُ حَارِثَةَ الْأَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

# حضرت سہل بن حارثہ انصاری رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ شریف آئے تھے



5508 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حَارِثَةَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: اشْتَكَى قَوْمٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُمْ سَكَنُوا دَارًا وَهُمْ

حضرت سہل بن حارثہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے حضور ﷺ سے شکایت کی کہ وہ ایک گھر میں رہتے ہیں' ان کی تعداد کافی ہے' وہ گھر تھوڑا ہے' آپ نے فرمایا: وہ بُرا ہے' تم اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیتے ہو۔

---

5507- الآحاد والمثاني جلد4صفحه214' رقم الحديث: 2199 .

5508- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه105 وقال: رواه الطبراني وفيه يعقوب بن حميد بن كاسب وثقه ابن حبان وغيره وضعفه جماعة .

عَدَدٌ، فَفَنَوْا، قَالَ: فَهَلَّا تَرَكْتُمُوهَا وَهِيَ ذَمِيمَةٌ

## سَهْلُ بْنُ مَالِكٍ ابْنِ أَخِي كَعْبٍ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

## حضرت سہل بن مالک' کعب کے بھائی کے بیٹے' آپ بھی مدینہ آئے تھے

**5509** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْحَاقَ الْوَزِيرُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ بْنِ سِنَانِ بْنِ مَالِكِ بْنِ مُسَمِّعٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ سَهْلِ ابْنِ أَخِي كَعْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ مِنْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ أَبَا بَكْرٍ لَمْ يَسُؤْنِي قَطُّ، فَاعْرَفُوا ذَلِكَ لَهُ.

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجۃ الوداع سے واپسی پر مدینہ شریف آئے آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! ابوبکر نے مجھ پر کبھی بھی اعتراض نہیں کیا' اس کا مقام جانو!

**5510** - يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي رَاضٍ عَنْ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، وَطَلْحَةَ، وَالزُّبَيْرِ، وَسَعْدٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَالْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ رَاضٍ، فَاعْرَفُوا ذَلِكَ لَهُمْ

اے لوگو! ابوبکر و عمر' عثمان' علی' طلحہ' زبیر' سعد' عبدالرحمٰن بن عوف' اوّلین مہاجرین سے راضی ہوں' ان کا مقام بھی جانو!

**5511** - أَيُّهَا النَّاسُ، احْفَظُونِي فِي أَصْحَابِي وَأَصْهَارِي وَأَخْتَانِي، لَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ بِمَظْلِمَةِ أَحَدٍ مِنْهُمْ.

اے لوگو! میرے صحابہ وسسرال اور میرے داماد کا خیال کرو' اللہ عزوجل تم سے ان کے متعلق نہیں پوچھے ایسا نہ ہو کہ تم نے ان پر ظلم کیا ہو۔

**5512** - يَا أَيُّهَا النَّاسُ، ارْفَعُوا الْمُسْتَنْكَرَ

اے لوگو! لوگوں کی برائیاں بیان کرنے سے رُک

---

5509- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه157 وقال: رواه الطبراني وفيه جماعة لم أعرفهم .

عَنِ الْمُسْلِمِينَ، وَإِذَا مَاتَ أَحَدٌ مِنْهُمْ فَقُولُوا فِيهِ خَيْرًا

جاؤ' جب تم میں سے کوئی مرجائے تو اس کے متعلق اچھی بات کرو۔

## سَهْلُ بْنُ صَخْرٍ، وَيُقَالُ: سُهَيْلٌ، وَالصَّوَابُ سَهْلٌ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

## حضرت سہل بن صخر' ان کا نام سہیل ہے' لیکن بہتر سہل ہے' آپ بصرہ آئے تھے

5513 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، قَالَ: قَالَ لِي سُهَيْلُ بْنُ صَخْرٍ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ: إِنِّي إِذَا مَلَكْتُ ثَمَنَ عَبْدٍ فَأَشْتَرِي بِهِ عَبْدًا، فَإِنَّ الْجُدُودَ فِي نَوَاصِي الرِّجَالِ

حضرت خالد بن یوسف بن خالد سمتی فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سہیل بن صخر نے کہا' انہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' فرماتے ہیں: جب غلام کی قیمت کے برابر قیمت کا مالک ہوں تو میں اس غلام کو خریدوں گا کیونکہ بزرگیاں لوگوں کی پیشانیوں میں ہیں۔

## سُهَيْلُ بْنُ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ، اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ

## حضرت سہیل بن قیس انصاری بدری' احد کے دن شہید کیے گئے تھے

5514 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جُشَمَ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَهْلُ بْنُ قَيْسٍ أَبِي الْقَيْنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَوَّادِ بْنِ غَنْمِ بْنِ

حضرت ابواسود' حضرت عروہ سے روایت کرتے ہیں کہ انصار اور بنی جشم بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن قیس ابی القین بن کعب بن سواد بن غنم بن کعب بن سلمہ کا بھی ہے۔



---

5513- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه236 وقال: رواه الطبراني وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف .

كَعْبِ بْنِ سَلَمَةَ

**5515** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ مِنْ بَنِي سَوَّادِ بْنِ غَنْمٍ، سَهْلُ بْنُ قَيْسِ بْنِ أَبِي كَعْبِ بْنِ الْقَيْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی سواد بن غنم میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن قیس بن ابی کعب بن القین کا بھی ہے۔

**5516** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَوَّادٍ، سَهْلُ بْنُ قَيْسِ بْنِ أَبِي كَعْبِ بْنِ الْقَيْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن انصار اور بنی سواد میں سے جو اُحد میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن قیس بن ابی کعب بن القین کا بھی ہے۔

## سَهْلُ بْنُ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت سہل بن عدی انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**5517** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَهْلُ بْنُ عَدِيٍّ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ماویہ بن عوف بن خزرج سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن عدی کا بھی ہے۔

## سَهْلُ بْنُ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ

## حضرت سہل بن عامر انصاری رضی اللہ عنہ بیر معونہ کے دن

## يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ

## شہید کیے گئے تھے

**5518** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، سَهْلُ بْنُ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ ثَقِيفٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار سے جو بئر معونہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن عامر بن سعد بن عمرو بن ثقیف کا بھی ہے۔

**5519** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، سَهْلُ بْنُ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار سے جو بئر معونہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن عامر بن سعد بن عمرو بن ثقیف کا بھی ہے۔

## سَهْلُ بْنُ عَدِيٍّ التَّمِيمِيُّ حَلِيفُ الْأَنْصَارِ، اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

## حضرت سہل بن عدی تمیمی' انصار کے حلیف' یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

**5520** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، سَهْلُ بْنُ عَدِيٍّ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ حَلِيفٌ لَهُمْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن عدی' بنی تمیم کے حلیف کا بھی ہے۔

## سَهْلُ بْنُ

## حضرت سہل بن عتیک

## عَتِيكٍ عَقَبِيٌّ

**5521** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ لِبَيْعَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، سَهْلُ بْنُ عَتِيكٍ

## عقبی رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کے لیے انصار اور بنی نجار میں سے عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن عتیک کا بھی ہے۔

## سَهْلٌ الْبَلَوِيُّ صَاحِبُ الصَّاعَيْنِ الْأَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

**5522** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عُمَرُ بْنُ زُرَارَةَ الْحَدَثِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَلَوِيُّ، عَنْ جَدَّتِهِ بِنْتِ عَدِيٍّ، أَنَّ أُمَّهَا عَمِيرَةَ بِنْتَ سَهْلٍ صَاحِبِ الصَّاعَيْنِ الَّذِي لَمَزَهُ الْمُنَافِقُونَ حَدَّثَتْهَا، أَنَّهُ خَرَجَ بِزَكَاتِهِ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ، وَبِابْنَتِهِ عَمِيرَةَ، حَتَّى أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَبَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لِي إِلَيْكَ حَاجَةً، قَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَ: تَدْعُو اللّٰهَ لِي وَلَهَا بِالْبَرَكَةِ، وَتَمْسَحُ رَأْسَهَا، فَإِنَّهُ لَيْسَ لِي وَلَدٌ غَيْرُهَا، قَالَتْ: فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَيَّ، فَأُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَكَأَنَّ بَرْدَ يَدِ رَسُولِ

## حضرت سہل' دو صاع والے انصاری رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ آئے تھے

حضرت سعید بن عثمان البلوی اپنی دادی بنت عدی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمیرہ بنت سہل کی والدہ دو صاعوں والے' جن کو منافقوں نے طعنہ دیا تھا' وہ بیان کرتی ہیں کہ حضرت سہل کھجور کا ایک صاع اور اپنی بیٹی عمیرہ کو لے کر نکلے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ کے آگے رکھا' پھر عرض کی: یارسول اللہ! میرا ایک کام ہے' آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: اللہ سے دعا کریں میرے لیے اور اس میری بیٹی کے لیے برکت کی' اور اس کے سر پر اپنا دست مبارک پھیریں' کیونکہ میری اس کے علاوہ اولاد نہیں ہے۔ حضرت عمیرہ فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست



---

**5522**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 33 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير وفيه انيسة بنت عدى ولم اعرفها وبقية رجاله ثقات .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كَبِدِى

مبارک میرے سر کے اوپر رکھا' اللہ کی قسم! میں رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کی ٹھنڈک اپنے جگر میں پاتی ہوں۔

# سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ

# ذِكْرُ سِنِّ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَوَفَاتِهِ

# حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ' حضرت سہل بن سعد کی عمر اور وفات کے ذکر میں

5523 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَيُكْنَى أَبَا الْعَبَّاسِ، بِالْمَدِينَةِ سَنَةَ إِحْدَى وَتِسْعِينَ وَسِنُّهُ سِتٌّ وَتِسْعُونَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد کا وصال مدینہ میں ۷۱ ہجری میں ۹۶ سال کی عمر میں مدینہ شریف میں ہوا۔

5524 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: مَاتَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ سَنَةَ إِحْدَى وَتِسْعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد الساعدی کا وصال ۷۱ ہجری میں ہوا۔

5525 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ: وَكَانَ قَدْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مِنْهُ، وَذَكَرَ أَنَّهُ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً يَوْمَ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا بھی ہے اور سنا بھی ہے' اور ذکر کیا کہ میری عمر ۱۵ سال تھی جس وقت نبی کریم ﷺ کا وصال ہوا۔

5526 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا بھی ہے اور سنا بھی ہے' اور ذکر کیا کہ میری عمر ۱۵ سال تھی جس وقت نبی کریم ﷺ کا

شِهَابٍ قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، وَكَانَ قَدْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مِنْهُ، وَأَنَّهُ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً يَوْمَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وصال ہوا۔

**5527** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيُّ وَقَدْ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فِي زَمَانِهِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا' اس وقت ان کی عمر ۱۵ تھی۔

**5528** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ كَانَ فِي مَجْلِسِ قَوْمِهِ، وَهُوَ يُحَدِّثُهُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَعْضُهُمْ مُقْبِلٌ عَلَى بَعْضٍ يَتَحَدَّثُونَ، فَغَضِبَ، ثُمَّ قَالَ: انْظُرْ إِلَيْهِمْ، أُحَدِّثُهُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَمَّا رَأَتْ عَيْنَايَ وَسَمِعَتْ أُذُنَايَ، وَبَعْضُهُمْ مُقْبِلٌ عَلَى بَعْضٍ، أَمَا وَاللّٰهِ لَأَخْرُجَنَّ مِنْ بَيْنِ أَظْهُرِكُمْ، ثُمَّ لَا أَرْجِعُ إِلَيْكُمْ أَبَدًا، قُلْتُ لَهُ: أَيْنَ تَذْهَبُ؟ قَالَ: أَذْهَبُ فَأُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قُلْتُ: مَا بِكَ جِهَادٌ، وَمَا تَسْتَمْسِكُ عَلَى الْفَرَسِ، وَمَا تَسْتَطِيعُ أَنْ تَضْرِبَ بِالسَّيْفِ، وَمَا تَسْتَطِيعُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ایک مجلس میں تھے' وہ لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کر رہے تھے' وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ تھے' گفتگو کر رہے تھے' یہ ناراض ہوئے' پھر فرمایا: ان کی طرف دیکھو' ان کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کی جا رہی ہے' میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور کانوں سے سنا ہے' یہ ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے ہیں' اللہ کی قسم! میں ضرور ان کے درمیان سے نکلوں گا' پھر ان کی طرف واپس نہیں آؤں گا ہمیشہ کے لیے' میں نے عرض کی: آپ کہاں جائیں گے؟ فرمایا: میں جاؤں گا' اللہ کی راہ میں جہاد کروں گا۔ میں نے عرض کی: جہاد کیسے کریں گے! آپ تو گھوڑے پر سوار نہیں ہو سکتے ہیں اور تلوار نہیں چلا سکتے ہیں' نیزہ مار



---

5528- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه155 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الحميد بن سليمان وهو ضعيف .

أَنْ تَطْعَنَ بِالرُّمْحِ، فَقَالَ: يَا أَبَا حَازِمٍ، أَذْهَبُ فَأَكُونُ فِي الصَّفِّ، فَيَأْتِينِي بَيْنَهُمْ عَابِرٌ أَوْ حَجَرٌ، فَيَرْزُقُنِي اللّٰهُ الشَّهَادَةَ، قَالَ: فَذَهَبَ لَعَمْرِي فَمَا رَجَعَ إِلَّا مَطْعُونًا

نہیں سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے ابوحازم! میں ان کی صفوں میں شامل ہو جاؤں گا' ان کے درمیان دیوار بن جاؤں گا' یا رکاوٹ' اللہ عزوجل مجھے شہادت دے گا' آپ گئے' میری عمر کی قسم! آپ اس حالت میں واپس آئے کہ آپ پر نیزہ لگا ہوا تھا۔

**5529** - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ أَحْصَنَ سَبْعِينَ امْرَأَةً، فَإِمَّا مِتْنَ، أَوْ فَارَقَ، وَلَمْ يَرَ بِذَلِكَ شَيْئًا

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ستر عورتوں سے شادی کی' وہ فوت ہو گئیں یا اُنہوں نے ان کو چھوڑا' انہوں نے اس میں کوئی حرج نہیں دیکھا۔

# وَمِمَّا أَسْنَدَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

# حضرت سہل بن سعد کی روایت کردہ احادیث' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

**5530** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُشْهِرَنَّ أَحَدُكُمْ عَلَى أَخِيهِ بِالسَّيْفِ، لَعَلَّ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ہرگز اپنے بھائی کی طرف تلوار کے ساتھ اشارہ بھی نہ کرے' ہوسکتا ہے کہ شیطان اس کے ہاتھ سے لے لے' اس کو جہنم کے گڑھے میں گرادے۔



5530- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه586' رقم الحديث: 6176 .

الشَّيْطَانَ يَنْزِعُ فِي يَدِهِ، فَيَقَعَ فِي حُفْرَةٍ مِنْ حُفَرِ النَّارِ

## سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

## حضرت سعید بن المسیب‘ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5531 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا أَبُو الْغُصْنِ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ، أَنَّهُ: سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ حَضَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجَ رَجُلًا عَلَى سُورَتَيْنِ يُعَلِّمُهُمَا مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس موجود تھا‘ آپ نے ایک آدمی کی شادی کی‘ اس کا حق مہر رکھا کہ اس کو قرآن کی دو سورتیں سکھانا۔

## مَا رَوَى الزُّهْرِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

## وہ حدیثیں جو حضرت زہری‘ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5532 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سُتْرَةِ الْحُجْرَةِ، وَفِي يَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّ هَذَا يَنْتَظِرُنِي حَتَّى آتِيَهُ، لَطَعَنْتُ بِالْمِدْرَى فِي عَيْنِهِ،

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک کے پردہ میں میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا‘ یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت طلب کرنا صرف آنکھ کے سبب ہی ہے۔



---

5532- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1698 رقم الحديث: 2156 . والبخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2304 رقم الحديث: 5887 .

وَهَلْ جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ إِلَّا مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

**5533** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُجْرَةِ، وَفِي يَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّ هَذَا يَنْتَظِرُنِي حَتَّى آتِيَهُ، لَطَعَنْتُ بِالْمِدْرَى فِي عَيْنَيْهِ، وَهَلْ جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ إِلَّا مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت مانگنا تو آنکھ کی وجہ سے ہے۔

**5534** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ قِبَلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) طلبِ اجازت آنکھ کی خاطر ہے۔

**5535** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر کھجلاتے تھے (یا

حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو اس کو میں تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت مانگنا آنکھ کی خاطر ہے۔

5536 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابْلُتِّيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُكُّ رَأْسَهُ بِمِدْرًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ عَلِمْتُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر کھجلاتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی خاطر طلب کی جاتی ہے۔

5537 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي جُحْرٍ مِنْ بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُرَجِّلُ، أَوْ يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے یا کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی وجہ سے مقرر کی گئی ہے۔

بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

**5538** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَنَا خَالِدٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي جُحْرٍ فِي بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ السِّتْرُ لِلْإِذْنِ أَوْ قَالَ: مِنْ أَجْلِ النَّظَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں دروازہ سے جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر کھجلاتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) پردہ اجازت کیلئے بنایا گیا ہے یا فرمایا: نظر کی خاطر ہے۔

**5539** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ عُثْمَانَ الْكِسَائِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُجْرَتِهِ مَعَهُ مِدْرًى، يُسَرِّحُ بِهِ لِحْيَتَهُ، إِذْ جَاءَ إِنْسَانٌ فَاطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَتِهِ، فَأَبْصَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَفَقَأْتُ بِهَذَا الْمِدْرَى عَيْنَكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ، أَبُو سَلَمَةَ هَذَا رَوَى عَنْهُ سُفْيَانُ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنی داڑھی کو کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی خاطر ہے۔ ان ابوسلمہ سے حضرت سفیان نے روایت کیا' وہ اصل میں محمد بن ابوحفصہ ہیں۔

**5540** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک

أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُ، لَقُمْتُ حَتَّى أَطْعَنَ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی وجہ سے مقرر ہے۔

**5541** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى كَاتِبُ الْعُمَرِيِّ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اطَّلَعَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، وَفِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُودٌ أَوْ مِدْرًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُنِي، لَفَقَأْتُ عَيْنَكَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں تیری آنکھ پھوڑ دیتا۔

**5542** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ الْبَزَّازُ، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تُبْصِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) طلبِ اجازت تو آنکھ کی خاطر ہے۔

**5543** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ يَنْظُرُ فِي بَيْتِهِ، وَفِي يَدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُرَجِّلُ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تُبْصِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنے سر میں کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا۔

**5544** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْأَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُرَجِّلُ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ النَّظَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں دروازے سے جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنے سر میں کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) طلب اجازت تو آنکھ کی خاطر ہے۔

## بَابٌ

## باب

**5545** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنِ الْمُلَاعَنَةِ، وَعَنِ السُّنَّةِ فِيهَا، عَنْ

حضرت ابن شہاب نے لعان کرنے والوں کے بارے اور اس میں سنت طریقہ کے بارے بنوساعدہ کے ایک فرد حضرت سہل بن سعد کی حدیث کے حوالے

---

5545- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه1130 رقم الحديث: 1492 . والبخاري جلد 4صفحه1771 رقم الحديث: 4468' جلد5صفحه2033 رقم الحديث: 5003,5002 .

حَدِيثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخِي بَنِي سَاعِدَةَ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي شَأْنِهِ مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنْ أَمْرِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ قَضَى اللّٰهُ فِيكَ وَفِي امْرَأَتِكَ ، قَالَ: فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ، وَأَنَا شَاهِدٌ، فَلَمَّا فَرَغَا، قَالَ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ فَرَغَا مِنَ التَّلَاعُنِ، فَفَارَقَهَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَلِكَ التَّفْرِيقُ بَيْنَ كُلِّ مُتَلَاعِنَيْنِ ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ قَصِيرًا، كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلَا أُرَاهَا إِلَّا قَدْ صَدَقَتْ وَكَذَبَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْوَدَ أَعْيَنَ ذَا أَلْيَتَيْنِ، فَلَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا ، فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى الْمَكْرُوهِ مِنْ ذَلِكَ

سے خبر دی کہ ایک انصاری نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس آدمی کے بارے آپ کا کیا حکم ہے جو اپنی بیوی کے پاس (مشکوک حالت میں) کسی آدمی کو پائے' کیا وہ اس کو قتل کر دے تو لوگ اس کو قتل کر دیں یا وہ کیسے عمل کرے؟ پس اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں نازل کیا وہ جو لعان کرنے والوں کے بارے میں قرآن میں ذکر کیا گیا ہے' پس رسول کریم ﷺ نے اس کو فرمایا: تیرے اور تیری بیوی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا ہے' پس ان دونوں نے مسجد میں لعان کیا' میں اس کا عینی شاہد ہوں۔ پس جب وہ دونوں فارغ ہوئے تو اس آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اب اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں جھوٹا ہوں۔ نبی کریم ﷺ کے کوئی حکم فرمانے سے پہلے ہی اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں' جوں ہی وہ دونوں لعان سے فارغ ہوئے' پس اس آدمی نے نبی کریم ﷺ کے پاس ہی اس کو اپنے سے جدا کر دیا' پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر دو لعان کرنے والوں کے درمیان یہی تفریق ہوگی اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر یہ عورت سرخ رنگ کا اور چھوٹے قد کا بچہ جنے گویا چھوٹے قد کا اونٹ (یا چھپکلی نما جانور) ہے' تو میرا خیال ہے کہ وہ سچی ہوگی اور وہ جھوٹا ہوگا اور اگر وہ کالے رنگ کا موٹی آنکھوں والا اور بڑی سرین والا بچہ جنے تو میری رائے ہے کہ اس آدمی نے سچ بولا (اور اس

عورت نے جھوٹ بولا)۔ پس وہ عورت اس سے بھی زیادہ ناپسندیدہ شکل والا بچہ لے کر آئی۔

**5546** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، أَخْبَرَهُ أَنَّ عُوَيْمِرَ بْنَ أَشْقَرَ الْعَجْلَانِيَّ أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيَّ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَاصِمُ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟، سَلْ لِي يَا عَاصِمُ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَ عَاصِمٌ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، حَتَّى كَبُرَ عَلَى عَاصِمٍ مَا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلَى أَهْلِهِ أَتَاهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ لِعُوَيْمِرٍ: لَمْ تَأْتِنِي بِخَيْرٍ قَطُّ، قَدْ كَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْأَلَةَ الَّتِي سَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا أَنْتَهِي حَتَّى أَسْأَلَهُ عَنْهَا، فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ، حَتَّى أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي وَسَطِ النَّاسِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أُنْزِلَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ

حضرت شہاب سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن سعد ساعدی نے ان کو خبر دی کہ عویمر بن اشقر عجلانی' حضرت عاصم بن عدی انصاری کے پاس آیا تو اس نے ان سے کہا: اے عاصم! اس آدمی کے بارے تیری کیا رائے جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو دیکھے' کیا وہ اس کو قتل کر دے تو لوگ اس کو قتل کریں یا وہ کیسے کرے؟ اے عاصم! اس بارے میں میرے لیے آپ رسول کریم ﷺ سے سوال کریں۔ پس حضرت عاصم نے اس بارے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو رسول کریم ﷺ نے اس قسم کے سوالات کو ناپسند کیا اور اسے معیوب قرار دیا' حتیٰ کہ حضرت عاصم پر یہ بات گراں گزری جو اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا' پس جب حضرت عاصم اپنے گھر والوں کی طرف واپس آئے تو حضرت عویمر نے ان کے پاس آ کر کہا: اے عاصم! رسول کریم ﷺ نے تجھے کیا فرمایا؟ پس حضرت عاصم نے عویمر سے فرمایا: تُو میرے پاس خیر کے ساتھ کبھی نہیں آیا' رسول کریم ﷺ نے اس سوال کو ہی ناپسند کیا ہے جس کے بارے تُو نے پوچھا تھا۔ پس عویمر نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں رُکوں گا حتیٰ کہ اس بارے آپ ﷺ سے پوچھ لوں۔ پس عویمر بذاتِ خود آگے بڑھے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے جبکہ رسول کریم ﷺ

فَائْتِ بِهَا .فَقَالَ سَهْلٌ: فَتَلاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا عُوَيْمِرٌ ثَلاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتْ سُنَّةَ الْمُتَلاعِنَيْنِ

**5592** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ عَامِرَ بْنَ الطُّفَيْلِ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، فَرَاجَعَ النَّبِيَّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَارْتَفَعَ صَوْتُهُ، وَثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ قَائِمٌ بِسَيْفِهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَامِرُ، غُضَّ مِنْ صَوْتِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَمَا أَنْتَ وَذَاكَ؟ فَقَالَ ثَابِتٌ: أَمَا وَالَّذِي أَكْرَمَهُ، لَوْلَا أَنْ يَكْرَهَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَضَرَبْتُ بِهَذَا السَّيْفِ رَأْسَكَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ عَامِرٌ وَهُوَ جَالِسٌ وَثَابِتٌ قَائِمٌ، فَقَالَ لَهُ: أَمَا وَاللهِ يَا ثَابِتُ، لَئِنْ عُرِضَتْ نَفْسُكَ لِي لَتُوَلِّيَنَّ عَنِّي، فَقَالَ ثَابِتٌ: أَمَا وَاللهِ يَا عَامِرُ، لَئِنْ عُرِضَتْ نَفْسُكَ لِلسَانِي لَتَكْرَهَنَّ حَيَاتِي، فَعَطَسَ ابْنُ أَخٍ لِعَامِرٍ، فَحَمِدَ اللهَ، فَشَمَّتَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ عَطَسَ عَامِرٌ، فَلَمْ يَحْمَدِ اللهَ، فَلَمْ يُشَمِّتْهُ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَامِرٌ: شَمَّتَّ هَذَا الصَّبِيَّ وَتَرَكْتَنِي؟ قَالَ: إِنَّ هَذَا حَمِدَ اللهَ، فَقَالَ: فَمَحْلُوفَةٌ، لَأَمْلَأَنَّهَا عَلَيْكَ خَيْلًا وَرِجَالًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكْفِينِيكَ اللهُ وَابْنَا قَيْلَةَ، ثُمَّ خَرَجَ عَامِرٌ، فَجَمَعَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاجْتَمَعَ إِلَيْهِ مِنْ بَنِي

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ عامر بن طفیل‘ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں مدینے آیا‘ اس نے نبی کریم ﷺ پر مراجعت کی‘ یعنی آپ ﷺ کی بات کو لوٹایا اور اس کی آواز بلند ہوئی جبکہ حضرت ثابت بن قیس تلوار لے کر نبی کریم ﷺ کے پاس کھڑے تھے تو انہوں نے کہا: اے عامر! اپنی آواز کو نبی کریم ﷺ سے پست رکھ۔ اس نے کہا: تو اور وہ کیا ہے؟ (یعنی یہ میرا اور ان کا معاملہ ہے تو بیچ میں کہاں آ گیا ہے) پس حضرت ثابت نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو عزت کا مقام عطا فرمایا ہے! اگر رسول کریم ﷺ کو یہ بات ناپسند نہ ہوتی تو میں اپنی تلوار سے تیرا سر مار دیتا۔ پس عامر نے ان کی طرف دیکھا جبکہ وہ بیٹھا تھا اور حضرت ثابت کھڑے تھے‘ لیکن قسم بخدا! اے ثابت! اگر تیری جان مجھے پیش کی جائے تو تو مجھ سے پھر جائے۔ حضرت ثابت نے فرمایا: بہرحال قسم بخدا! اے عامر! اگر تیری جان میری زبان کو پیش کی جائے تو تُو میری زندگی کو ناپسند کرے۔ اتنے میں عامر کے بھتیجے کو چھینک آئی تو اس نے اللہ کی حمد کی‘ نبی کریم ﷺ نے اس کی چھینک کا جواب دیا‘ پھر عامر کو چھینک آئی تو اس نے اللہ کی حمد نہیں کی تو نبی کریم ﷺ نے اس کی چھینک کا جواب نہ دیا۔ پس عامر نے کہا: (اے محمد!) آپ نے اس بچے کی چھینک

العباس بن سهل بن سعد عن أبيه

---

5592- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه125' جلد8صفحه58 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

سُلَيْمٍ أَبْطُنٌ ثَلَاثَةٌ، هُمُ الَّذِينَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو عَلَيْهِمْ: عُصَيَّةُ وَذَكْوَانُ وَرِعْلٌ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو عَلَيْهِمْ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ لِحْيَانًا وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً، فَلَمَّا سَمِعَ أَنَّ عَامِرًا قَدْ جَمَعَ لَهُ، بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ عَمْرَو بْنَ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيَّ وَسَائِرُهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ وَأَمِيرُهُمُ الْمُنْذِرُ بْنُ عَمْرٍو، فَمَضَوْا حَتَّى نَزَلُوا بِئْرَ مَعُونَةَ، فَأَقْبَلَ، حَتَّى هَجَمَ عَلَيْهِمْ، فَقَتَلَهُمْ كُلَّهُمْ، فَلَمْ يُفْلِتْ مِنْهُمْ إِلَّا عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ، كَانَ فِي الرِّكَابِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُتِلُوا خَبَرَ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: قَدْ قُتِلَ أَصْحَابُكُمْ فَرُوا رَأْيَكُمْ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَامِرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اكْفِنِي عَامِرًا، فَكَفَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ، فَأَقْبَلَ حَتَّى نَزَلَ بِفِنَائِهِ، فَرَمَاهُ اللّٰهُ بِالذُّبَحَةِ فِي حَلْقِهِ فِي بَيْتِ امْرَأَةٍ مِنْ سَلُولٍ، وَأَقْبَلَ يَنْزُو وَهُوَ يَقُولُ: يَا لَعَامِرٍ مِنْ غُدَّةٍ كَغُدَّةِ الْجَمَلِ، فِي بَيْتِ سَلُولِيَّةٍ، يَرْغَبُ أَنْ يَمُوتَ فِي بَيْتِهَا، فَلَمْ يَزَلْ كَذَلِكَ حَتَّى مَاتَ فِي بَيْتِهَا، وَكَانَ أَرْبَدُ بْنُ قَيْسٍ أَصَابَتْهُ صَاعِقَةٌ فَاحْتَرَقَ فَمَاتَ، وَرَجَعَ مَنْ كَانَ مَعَهُمْ

کا جواب دیا اور مجھے چھوڑ دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اس نے اللہ کی حمد کی (تو میں نے اس کا جواب دیا اور تُو نے حمد نہیں کی تو میں نے تجھے چھوڑ دیا) اس نے کہا: یہ قسمیہ بات ہے میں آپ پر اس کو گھوڑوں اور مردوں سے بھر دوں گا۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیری طرف سے مجھے میرا اللہ کافی ہے اور قیلہ کے دونوں بیٹے یعنی قبیلہ اوس و خزرج انصار کافی ہیں۔ پھر عامر چلا گیا' پس اس نے نبی کریم ﷺ (سے لڑائی) کے لیے (لوگوں کو) جمع کیا تو تین قبیلے اس کے پاس اکٹھے ہو گئے' یہ وہی ہیں جن کے خلاف رسول کریم ﷺ نے دعا کی: (۱)عصیہ (۲)ذکوان (۳)رعل۔ نبی کریم ﷺ صبح کی نماز میں ان کے خلاف دعا کرتے رہے: اے اللہ! اپنی رحمت سے دور فرما دے! بنولحیان' رعل' ذکوان اور عصیہ کو' انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی ہے' اللہ اکبر! پس نبی کریم ﷺ نے سترہ راتیں ان کے خلاف دعا کی۔ پس جب آپ ﷺ نے سنا کہ عامر نے آپ کے لیے لوگوں کو اکٹھا کیا ہے تو آپ ﷺ نے عمرو بن امیہ ضمری اور دیگر انصار کو روانہ کیا اور ان کا امیر منذر بن عمرو تھا' وہ چلے یہاں تک کہ بئر معونہ پر جا ٹھہرے' پس اس نے آگے بڑھ کر ان سب پر حملہ کر دیا اور تمام کو شہید کر دیا' ان میں سے صرف عمرو بن امیہ بچے جو اونٹوں کے قافلے میں تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی طرف وحی فرمائی' اس دن جس دن وہ شہید

ہوئے' آپ ﷺ کو آپ کے صحابہ کی خبر دی' فرمایا: آپ کے صحابہ شہید ہو چکے ہیں' پس تم اپنی رائے قائم کرو۔ پس نبی کریم ﷺ نے عامر کے خلاف دعا کی' نبی کریم ﷺ نے کہا: اے اللہ! میری طرف سے عامر کو کافی ہو جا! پس نبی کریم ﷺ کی طرف سے اللہ اس کو کافی ہو گیا' (یوں کہ) وہ آگے بڑھ کر اپنے صحن میں اترا تو اللہ کی طرف سے سلول کی بیوی کے گھر میں اس کے حلق میں جان لیوا درد ہوا اور اُترتے ہوئے فرما رہے تھے: اے عامر کو اونٹ کی غدود کی مانند غدود ہو گئی ہے' سلولیہ کے گھر میں اس کو اس کے گھر میں مرنا پسند تھا' پس وہ مسلسل وہیں رہا حتیٰ کہ اس کے گھر میں مر گیا اور اربد بن قیس کو کڑک (آسمانی بجلی) نے آلیا' پس وہ جل گیا اور مر گیا اور جو اس کے ساتھ تھے' وہ سارے اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔

**5593** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ بَايَعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هُوَ وَأَبُو ذَرٍّ وَأَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَجُلٌ آخَرُ، عَلَى أَنْ لَا يَأْخُذَهُمْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اور حضرت ابوذر اور حضرت ابوسعید الخدری اور محمد بن مسلمہ اور ایک اور آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' اس بات پر کہ اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والی ملامت قبول نہیں کریں گے۔

**5594** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد بننے سے پہلے لکڑی آگے رکھ کر نماز



---

**5593**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**264** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

**5594**- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد**3**صفحه**1314**' رقم الحديث: **3392** .

بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَبْنِيَ الْمَسْجِدَ يُصَلِّي إِلَى خَشَبَةٍ، فَلَمَّا بَنَى الْمَسْجِدَ، بَنَى لَهُ مِحْرَابٌ، فَتَقَدَّمَ إِلَيْهِ فَحَنَّتِ الْخَشَبَةُ حَنِينَ الْبَعِيرِ، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَيْهَا فَسَكَنَتْ

پڑھتے تھے جب مسجد بنائی گئی تو اس کی محراب بنائی گئی آپ آگے ہوئے نماز پڑھانے کے لیے تو وہ لکڑی کا تنا اونٹ کی طرح رونے لگا حضورﷺ نے اس پر اپنا دست مبارک رکھا تو وہ خاموش ہو گیا۔

**5595** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ: حَمَلَ دَرَجَةً مِنْ دَرَجِ الْمِنبَرِ مِنَ الْغَابَةِ، حَتَّى وَضَعَهَا فِي الْمَسْجِدِ، وَأَنَّ عُودَ الْمِنبَرِ مِنْ أَثْلٍ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منبر کی سیڑھیاں غابہ لکڑی کی تھیں اور ان کو مسجد میں رکھا منبر کی سیڑھیاں جماؤ کے درخت کی لکڑی کی تھیں۔

**5596** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ وَالضُّفْدَعِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ چیونٹی شہد کی مکھی ہُد ہُد اور لٹور اور بیناء اور مینڈک کو مارنے سے منع فرماتے تھے۔

**5597** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ کے تین گھوڑے میرے پاس تھے میں ان کو چارہ ڈالتا اور فرمایا: میں نے اپنے والد سے سنا وہ



---

**5596**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **41** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس بن سهل وهو ضعيف .

**5597**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **261** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ أَبِي ثَلَاثَةُ أَفْرَاسٍ يَعْلِفُهُنَّ، قَالَ: وَسَمِعْتُ أَبِي يُسَمِّيهِنَّ اللِّدَانَ، وَاللَّحِيفَ، وَالظَّرِبَ

ان جانوروں کے لدان لحیف اور ظرب نام لیتے تھے۔

**5598** - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ، وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَخَذَ الرَّايَةَ فَقَالَ: أُعْطِي هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، فَتَطَاوَلَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ مَنْ يُعْطِيهَا فَدَعَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، وَعَلِيٌّ أَرْمَدُ، فَبَصَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ، ثُمَّ أَعْطَاهَا إِيَّاهُ، فَفَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ

جب خیبر کا دن تھا تو ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے جھنڈا پکڑا' فرمایا: یہ جھنڈا اس کو دیا جائے گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا۔ لوگوں نے اس کو لینے کی اُمیدیں کیں' آپ ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو بلوایا' حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' حضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن آنکھوں میں ڈالا' پھر آپ نے جھنڈا دیا' اللہ عزوجل نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پر فتح دی۔

**5599** - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللَّهَ، فَإِنَّكُمْ إِنِ اتَّقَيْتُمُ اللَّهَ، يُوشِكُ اللَّهُ أَنْ يُشْبِعَكُمْ مِنْ زَيْتِ الشَّامِ وَقَمْحِ الشَّامِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے لوگو! اللہ عزوجل سے ڈرو' اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو اللہ عزوجل تمہیں ملک شام کے زیتون اور گندم سے سیر کرے گا۔

**5600** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' جب لوگ زیادہ ہوئے تو آپ سے عرض کی گئی: لوگ



---

5598- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد1 صفحه185 رقم الحديث: 1608' جلد4 صفحه51 .

5599- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه325 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

5600- أحمد في مسنده جلد5 صفحه337' رقم الحديث: 22905 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَنِدُ إِلَى جِذْعٍ، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ قَالَ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ كَثُرُوا، فَلَوْ كَانَ مِنبَرٌ أَقْعُدُ عَلَيْهِ، قَالَ عَبَّاسٌ: فَذَهَبَ أَبِي فَقَطَعَ عِيدَانَ الْمِنبَرِ مِنَ الْغَابَةِ، فَلا أَدْرِي عَمِلَهَا أَوِ اسْتَعْمَلَهَا

زیادہ ہوگئے ہیں' آپ منبر پر تشریف فرما ہوں۔ حضرت عباس فرماتے ہیں کہ میرے والد گئے' جنگل سے منبر کی لکڑیاں کاٹیں' مجھے معلوم نہیں ہے کہ خود بنایا یا کسی سے بنوایا۔

**5601** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ سَهْلٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَنْدَقِ، فَأَخَذَ الْكِرْزِينَ، فَحَفَرَ بِهِ، فَصَادَفَ حَجَرًا فَضَحِكَ، فَقِيلَ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ضَحِكْتُ مِنْ نَاسٍ يَأْتُونَكُمْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَيُسَاقُونَ إِلَى الْجَنَّةِ وَهُمْ كَارِهُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا' خندق میں آپ نے کدال پکڑی اور اس کے ساتھ خندق کھودی' ایک پتھر کو توڑا تو آپ مسکرائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں ان لوگوں کی وجہ سے ہنسا ہوں جو تمہارے پاس مشرق سے آئیں گے' وہ جنت کی طرف ہانکے جائیں گے' اس حال میں کہ وہ مجبور ہوں گے۔

**5602** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمَّا تَلاعَنَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْبِضْهَا إِلَيْكَ حَتَّى تَلِدَ، فَإِنْ تَلِدْهُ أَحْمَرَ مِثْلَ وَحَرَةٍ، فَهُوَ لِأَبِيهِ عُوَيْمِرٍ الَّذِي انْتَفَى مِنْهُ، وَإِنْ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ جب دونوں نے لعان کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اپنے پاس رکھو یہاں تک کہ بچہ جن دے' اگر سرخ اونٹ کے بچہ کی طرح جنے تو یہ اپنے والد عویمر کا ہوگا جس کی یہ نفی کر رہی ہے' اگر سیاہ زبان وبال والا جنے تو یہ ابن سحماء کا ہے جس آدمی کی طرف اس کی نسبت کی جاتی تھی۔ حضرت عویمر



---

**5601**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه333 وقال: رواه أحمد والطبراني الا أنه قال يؤتى بهم الى الجنة في كبول الحديد وفي رواية عنده يساقون الى الجنة وهم كارهون ورجاله رجال محمد بن يحيى الأسلمي وهو ثقة .

**5602**- أحمد في مسنده جلد5صفحه335' رقم الحديث: 22888 .

تَلِدْهُ أَسْوَدَ اللِّسَانِ وَالشَّعْرِ، فَهُوَ لِابْنِ السَّحْمَاءِ، الرَّجُلِ الَّذِي يَرْمِي بِهِ، قَالَ عُوَيْمِرٌ: فَلَمَّا وَلَدَتْهُ أَتَيْتُ بِهِ، فَاسْتَقْبَلَنِي مِثْلَ الْفَرْوَةِ السَّوْدَاءِ، ثُمَّ أَخَذْتُ بِلِحْيَيْهِ، فَاسْتَقْبَلَنِي لِسَانُهُ مِثْلُ التَّمْرَةِ، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اس نے بچہ جنا تو میں اس کے پاس آیا' میں نے دیکھا کہ وہ کالا سیاہ دانہ کی طرح ہے' پھر میں نے اس کی ٹھوڑی پکڑی اور زبان دیکھی تو کھجور کی طرح تھی' میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔

العباس بن سهل بن سعد عن أبيه

**5603** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ذَهَبَ أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ، فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء جائے تو قبلہ رُخ اپنی پیٹھ اور منہ نہ کرے۔

**5604** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، وَأَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ سَهْلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ قَبَائِلِ الْأَنْصَارِ دُورُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنِي الْحَارِثِ، ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ، وَفِي كُلِّ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انصار کے قبائل میں بہتر بنی نجار کا قبیلہ ہے پھر بنی عبدالاشہل کا' پھر بنی حارث کا' پھر بنی ساعدہ کا' ہر انصاری بہتر ہے۔

**5605** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت سہل انصاری ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے

---

5603- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1صفحه224 رقم الحديث: 265 . والبخاري جلد 1صفحه66 رقم الحديث: 144 .

5604- احمد في مسنده جلد3صفحه497 .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِي حَازِمُ بْنُ تَمَامٍ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ الْأَنْصَارِيِّ ثُمَّ السَّاعِدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ أُصَلِّيَ الصُّبْحَ، ثُمَّ أَجْلِسَ مَجْلِسِي، فَأَذْكُرَ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَدٍّ عَلَى جِيَادِ الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، هَكَذَا قَالَ الدَّبَرِيُّ: عَيَّاشٌ، وإِنَّمَا هُوَ عَبَّاسٌ

ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: صبح کی نماز پڑھ کر اسی جگہ بیٹھ جانا اور سورج طلوع ہونے تک اللہ کا ذکر کرنا' مجھے اللہ کی راہ میں کئی عمدہ گھوڑے باندھنے سے زیادہ پسند ہے۔ اسی طرح دبری نے کہا: عیاش اور یہی عباس ہیں۔

**5606** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ أَحَدِ بَنِي مَالِكٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّهُ كَانَ فِي مَجْلِسٍ فِيهِ أَبُوهُ، وَأَبُو هُرَيْرَةَ، وَأَبُو أُسَيْدٍ، وَأَبُو حُمَيْدٍ، وَأَنَّهُمْ تَذَاكَرُوا صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوا أَنَّهُ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت عباس بن سہل الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد اور حضرت ابوہریرہ' ابواُسید'ابوحمید رضی اللہ عنہم ایک مجلس میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کے متعلق مذاکرہ کررہے تھے' انہوں نے ذکر کیا کہ آپ نماز میں دائیں وبائیں جانب سلام پھیرتے تھے۔

## مَا رَوَى أَبُو حَازِمٍ سَلَمَةُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

## وہ حدیثیں جو ابوحازم سلمہ بن دینار' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

رِوَايَةُ الْمَدَنِيِّينَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ

مدنی حضرات کی روایت' حضرت ابوحازم'



**5606**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه146 وقال: قلت حديث ابي حميد في الصحيح رواه الطبراني في الكبير ورجاله موثقون .

عُمَرَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ

عبیداللہ بن عمر سے ہے' وہ ابوحازم عبیداللہ بن عمر' ابوحازم وہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

**5607** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ حَمَّادٌ: ثُمَّ لَقِيتُ أَبَا حَازِمٍ فَحَدَّثَنِي بِهِ، فَلَمْ أُنْكِرْ مِمَّا حَدَّثَنِي بِهِ شَيْئًا فَذَكَرَ حَدِيثَ الصَّلَاةِ، قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: إِذَا نَابَكُمْ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ، فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ، وَلْتُصَفِّقِ النِّسَاءُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حماد نے فرمایا: میں ابوحازم سے ملا' آپ نے مجھے حدیث بیان کی' جو مجھے بیان کیا میں اس کا انکار نہیں کرتا ہوں' اس کے بعد نماز والی حدیث ذکر کی' کہا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی جرأت نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ہوتے ہوئے امامت کروائے۔ پھر آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے تو وہ سبحان اللہ کہے اور عورتیں تالی بجائیں۔

## عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

## حضرت عمارہ بن غزیہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

**5608** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يُلَبِّي، إِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَمَا عَنْ شِمَالِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مؤمن تلبیہ پڑھتا ہے اس کی دائیں و بائیں جانب درخت و پتھر تلبیہ پڑھتے ہیں یہاں تک کہ زمین یہاں اور یہاں سے ختم ہو' اعلیٰ درجات والے اپنے سے نیچے درجات والوں کو دیکھیں گے جس طرح آسمان میں ستارہ دیکھا جاتا ہے۔

5608- اورد نحوه الترمذی فی سننه جلد 3صفحه189 رقم الحديث: 828 . وابن ماجه فی سننه جلد 2صفحه974 رقم الحديث: 2921 .

مِنْ شَجَرٍ أَوْ حَجَرٍ، حَتَّى يَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هَهُنَا وَهَهُنَا، إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَتَرَاآهُمْ مَنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، كَمَا يُرَى الْكَوْكَبُ فِي السَّمَاءِ

5609 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُلَبٍّ يُلَبِّي، إِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ وَشَجَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی تلبیہ پڑھتا ہے تو اس کی دائیں و بائیں جانب درخت و پتھر تلبیہ پڑھتے ہیں۔

## مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

## حضرت محمد بن عجلان' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5610 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اسْتُصْرِخَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ لِشَيْءٍ كَانَ بَيْنَهُمْ يُصْلِحُهُ، فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَانْتَظَرُوا، فَلَمَّا أَبْطَأَ تَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَفَّقَ الْقَوْمُ لِأَبِي بَكْرٍ لِيَتَأَخَّرَ، فَتَأَخَّرَ أَبُو بَكْرٍ، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ، أَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: مَا بَالُ التَّصْفِيقِ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو بنی عمرو بن عوف کے درمیان صلح کروانے کے لیے بلوایا گیا' آپ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' نماز کا وقت ہوا تو صحابہ کرام آپ کا انتظار کرنے لگے' جب دیر ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے' پھر رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے' جب رسول اللہ ﷺ آ گئے' جب لوگوں نے حضور ﷺ کو دیکھا تو وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیچھے کرنے کے لیے تالیاں بجانے لگے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے اور رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے' جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل کی تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے! تالیاں بجانے کی بجائے

إِنَّمَا التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

سبحان اللہ مردوں کے لیے اور عورتوں کے لیے تالیاں ہیں۔

## مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

## حضرت مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

**5611** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ مِنْ أَهْلِ الْإِيمَانِ، بِمَنْزِلَةِ الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ، يَأْلَمُ الْمُؤْمِنُ لِأَهْلِ الْإِيمَانِ، كَمَا يَأْلَمُ الْجَسَدُ لِمَا فِي الرَّأْسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایمان والوں کا آپس میں رشتہ ایسے ہے جس طرح سر کا تعلق جسم سے ہوتا ہے' ایک مؤمن کو تکلیف ہو تو سارے ایمان والوں کو ہونی چاہیے جس طرح سر کو تکلیف ہوتی ہے تو سارے جسم کو ہوتی ہے۔

**5612** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ سَلَمَةَ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ مَأْلَفَةٌ، وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن محبت کرتا ہے' اس میں بھلائی ہی نہیں ہے جو نہ محبت کرتا ہے' نہ اس سے کی جاتی ہے۔



---

5611- أحمد في مسنده جلد5صفحه340' رقم الحديث: 22928 .

5612- أحمد في مسنده جلد5صفحه335' رقم الحديث: 22891 .

**5613** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَإِذَا حَسٌّ فَنَظَرْتُ، فَإِذَا هُوَ بِلَالٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے آواز سنی' میں نے دیکھا تو وہ حضرت بلال تھے۔

**5614** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں سے جہاد کرنے کا حکم دیا گیا لا الہ الا اللہ پڑھنے تک' جب وہ لا الہ الا اللہ پڑھیں گے تو انہوں نے مجھ پر اپنا خون اور اموال بچالیے مگر حق کے ساتھ' اس کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

## هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

## حضرت ہشام بن سعد' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

**5615** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ لِسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الشُّؤْمُ، فَقَالَ: إِنَّمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ فَهُوَ فِي

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی شی میں ہوتی تو اکھڑ مزاج بیوی اور تنگ گھر اور سرکش



---

5613- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه299 وقال: رواه الطبراني في الصغير والكبير وفيه مصعب بن ثابت الزبيري وثقه ابن حبان وضعفه جماعة وبقية رجاله ثقات .

5614- مسلم جلد 1صفحه52 رقم الحديث: 21' جلد1صفحه53 رقم الحديث: 22 . والبخاري جلد 1صفحه17 رقم الحديث: 25 جلد1صفحه153 رقم الحديث: 385' جلد3صفحه1077 رقم الحديث: 2786 .

الْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ وَالْفَرَسِ

گھوڑے میں ہوتی۔

**5616** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

**5617** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ فِي شَيْءٍ اخْتَلَفُوا فِيهِ، فَلَمْ يَأْتِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أُقِيمَتْ صَلَاةُ الظُّهْرِ، وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ لِيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ وَكَبَّرَ، ثُمَّ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَآهُ النَّاسُ، فَجَعَلُوا يُصَفِّقُونَ لِأَبِي بَكْرٍ، لِيَفْطِنَ بِدُخُولِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا سَمِعَ بِفَرْجِ الصُّفُوفِ خَلْفَهُ، عَرَفَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ، فَاسْتَأْخَرَ إِلَى الصَّفِّ فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْنَ كَتِفَيْ أَبِي بَكْرٍ، حَتَّى قَدَّمَهُ إِلَى مَقَامِهِ، فَثَبَتَ، أَبُو بَكْرٍ قَلِيلًا، ثُمَّ حَمَلَ حَمْلَةً وَاحِدَةً الْقَهْقَرَى، وَدَخَلَ فِي الصَّفِّ، فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ تَقَدَّمَ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ بنوعمر بن عوف کی طرف تشریف لے گئے تا کہ ان کے درمیان کسی معاملہ میں صلح کروائیں جس میں ان کا اختلاف ہو گیا تھا۔ پس آپ ﷺ نہ آئے حتیٰ کہ ظہر کی نماز کھڑی ہو گئی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مصلے پر کھڑے ہو گئے تا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں اور انہوں نے اللہ اکبر کہہ لی اس کے بعد رسول کریم ﷺ تشریف لائے پس لوگوں نے آپ ﷺ کو دیکھا تو انہوں نے حضرت ابوبکر کیلئے تالیاں بجانا شروع کر دیں تا کہ انہیں رسول کریم ﷺ کی تشریف آوری کا علم ہو جائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت یہ تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوا کرتے تھے پس جب انہوں نے اپنے پیچھے صفوں کے کھلا ہونے کی آواز سنی تو سمجھ لیا کہ رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے ہیں۔ پس وہ پیچھے صف کی طرف ہوئے تو رسول کریم ﷺ نے حضرت ابوبکر کے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھا یہاں تک کہ ان کو اپنی جگہ آگے کر دیا پس حضرت ابوبکر تھوڑی دیر ٹھہرے پھر

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى لَهُمْ حَتَّى قَضَى الصَّلَاةَ، ثُمَّ سَلَّمَ فَأَقْبَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ عَلَى مَا صَنَعْتَ، أَلَا ثَبَتَّ حِينَ قَدَّمْتُكَ؟ ، قَالَ: قَدْ أَرَدْتُ ذَلِكَ، ثُمَّ إِنَّهُ لَمْ أَرَ أَنَّهُ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَمَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: إِذَا نَابَتْكُمْ نَائِبَةٌ، فَعَلَيْكُمْ بِالتَّسْبِيحِ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

ایک دم پچھلے پاؤں پلٹے اور صف میں داخل ہو گئے' پس جب رسول کریم ﷺ نے یہ بات دیکھی تو آپ ﷺ نے آگے ہو کے لوگوں کو نماز پڑھائی حتیٰ کہ نماز مکمل ہو گئی' پھر آپ ﷺ نے سلام پھیرا' پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے ابوبکر! تجھے کس چیز نے اس پر اُبھارا جو تو نے کیا' جب میں نے تجھے آگے کر دیا تو تم اپنی جگہ ٹھہرے کیوں نہیں؟ آپ نے عرض کی: ایک بار میں نے ارادہ کیا پھر میں نے خیال کیا کہ ابوقحافہ کے بیٹے کیلئے مناسب نہیں کہ وہ رسول کریم ﷺ کے سامنے آگے ہو۔ پھر آپ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جب تمہیں کوئی چیز پیش آئے تو تم پر سبحان اللہ کہنا لازم ہے کیونکہ تسبیح مردوں کیلئے ہے جبکہ تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

**5618** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: إِنِّي جِئْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَهَبُ لَكَ نَفْسِي، فَصَعَّدَ فِيهَا النَّظَرَ وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ سَكَتَ، فَقَامَ رَجُلٌ مَا عَلَيْهِ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ، عَاقِدٌ طَرَفَيْهِ عَلَى عُنُقِهِ، فَقَالَ: إِنْ

حضرت سہل بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے فرمایا: اسی دوران کہ ہم رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھے تھے' آپ ﷺ کی طرف ایک عورت آئی' اس نے عرض کی: بے شک اے اللہ کے رسول! میں اپنا آپ تمہارے لیے وقف کرنے آئی ہوں۔ پس آپ ﷺ نے ایک نظر اُٹھا کر اس میں دیکھا' اپنی نظر کو سیدھا کیا پھر خاموشی اختیار کر لی۔ پس ایک ایسا آدمی کھڑا ہوا جس کے تن بدن پر صرف



5618- اخرجه نحوه مسلم في صحيحه جلد 2صفحه1040 رقم الحديث: 1425 . والبخاري جلد 5صفحه1956 رقم الحديث: 4799 .

لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ لَهُ: أَعِنْدَكَ شَيْءٌ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: فَلَا بُدَّ لَهَا مِنْ شَيْءٍ، فَاذْهَبْ فَالْتَمِسْ، فَذَهَبَ فَالْتَمَسَ، فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا، فَرَجَعَ فَقَالَ: لَمْ أَجِدْ شَيْئًا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ لَمْ أَجِدْهُ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟، فَقَالَ: سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا، فَقَالَ: قَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

ایک ہی کپڑا تھا' اس نے اس کی دونوں طرفوں کو اپنی گردن سے باندھ رکھا تھا' اس نے عرض کی: اگر آپ کو ضرورت نہیں ہے تو اس کی شادی مجھ سے فرما دیں۔ پس آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس عورت کو کوئی چیز دینا تو ضروری ہے' پس جا کر تلاش کر۔ پس اس نے جا کر تلاش کی تو کوئی چیز نہ پائی' پس وہ لوٹ کر آیا' عرض کی: میں نے کوئی چیز نہیں پائی۔ پس رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: (ایک بار) جا کر تلاش کر' اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ پس وہ گیا پھر واپس آیا۔ عرض کی: لوہے کی انگوٹھی بھی مجھے نہیں ملی۔ پھر وہ بیٹھ گیا' پس رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا تیرے پاس قرآن میں سے بھی کچھ نہیں ہے؟ تو اس نے عرض کی: فلاں سورت اور فلاں سورت (مجھے یاد ہیں)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پس میں نے تیرا نکاح اس کے ساتھ کر دیا اسی چیز کی شرط پر جو تیرے پاس قرآن میں سے موجود ہے۔

**5619** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ قَالَ: أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ بِبُرْدَةٍ، فَقَالَتْ: عَمِلْتُ هَذِهِ لَكَ بِيَدَيَّ، فَقَبِلَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس چادر لے کر آئی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنے ہاتھ سے بنائی ہے' رسول اللہ ﷺ نے اس کو قبول کیا' آپ کو اس کی ضرورت بھی تھی' آپ نے تہبند پہنا' پھر آپ



5619- اخرج نحوه البخاری فی صحیحه جلد1صفحه429 رقم الحدیث: 1218' جلد2صفحه737 رقم الحدیث: 1987' جلد5صفحه2189 رقم الحدیث: 5473.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنهَا، وَبِهِ حَاجَةٌ إِلَيْهَا فَاتَّزَرَهَا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: اكْسُنِيهَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا، قَالَ سَهْلٌ: فَقُلْتُ لِلرَّجُلِ: قَدْ رَأَيْتَ حَاجَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهَا؟ فَقَالَ: قَدْ رَأَيْتُ مَا رَأَيْتُمْ، وَلَكِنْ أَرَدْتُ أَنْ أُخَبِّأَهَا حَتَّى أُكَفَّنَ فِيهَا، فَكُفِّنَ فِيهَا

نکلے آپ کے صحابہ میں سے ایک نے عرض کی: مجھے آپ پہنائیں گے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! آپ نے اس کو دے دی۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس آدمی سے کہا: تمہیں علم تھا کہ رسول اللہ ﷺ کو اس کی ضرورت ہے پھر بھی تم نے مانگ لی؟ اُس نے کہا: میں نے بھی دیکھا ہے جو تم نے دیکھا ہے میں نے سنبھال کر رکھنے کے لیے مانگی تھی کہ اس سے میرا کفن بنے اس میں ان کو کفن دیا گیا۔

**5620** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ أَتَاهُ نَفَرٌ امْتَرَوْا فِي مِنْبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ أَيِّ أَعْوَادٍ هُوَ؟ فَقَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ مِنْ أَيِّ عُودٍ هُوَ، وَمَنْ صَنَعَهُ، وَالْيَوْمَ الَّذِي قَامَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ أَنْ تَأْمُرَ غُلَامًا لَهَا نَجَّارًا، فَصَنَعَ لَهُ أَعْوَادًا يَخْطُبُ النَّاسَ عَلَيْهَا، فَصَنَعَ لَهُ مِنْ أَثْلِ الْغَابَةِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ، أَخْبَرَتِ الْمَرْأَةُ بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَحُمِلَ، فَخَطَبَ النَّاسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَكَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ رَكَعَ عَلَيْهِ، ثُمَّ نَزَلَ لِلسُّجُودِ فَسَجَدَ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے منبر کے متعلق جھگڑا کیا کہ وہ کس لکڑی کا تھا اور بنانے والا کون تھا؟ جس دن رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے انصار کی ایک عورت کو حکم دیا کہ اپنے غلام جو کہ ترکھان ہے اس کو بنانے کا حکم دیا اُس نے لکڑی کا منبر بنایا آپ لوگوں کو اس پر خطبہ دیتے تھے وہ جنگل کی لکڑی سے بنایا گیا ہے جب آپ فارغ ہوئے تو عورت کو پایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی طرف بھیجا اس منبر کو لایا گیا آپ نے اس پر بیٹھ کر لوگوں کو خطبہ دیا پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی تو رسول اللہ ﷺ نے منبر پر تکبیر کہی پھر رکوع کیا پھر سجدہ کے لیے اُترے آپ نے سجدہ کیا پھر منبر پر رکوع کیا اپنی نماز سے فارغ ہونے تک ایسے کرتے رہے۔



---

5620- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد1صفحه148' رقم الحديث: 370 .

ثُمَّ رَكَعَ عَلَى الْمِنبَرِ، فَصَنَعَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ

**5621** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَى الْفَرْوِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

**5622** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبُرْجَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يُدْعَى لَهُ الصَّائِمُونَ، مَنْ كَانَ مِنَ الصَّائِمِينَ دَخَلَهُ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے' اس سے گزرنے کے لیے روزہ داروں کو بلوایا جائے گا' جو روزہ دار ہوگا وہ داخل ہوگا اور کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا۔

**5623** - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرَسَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا يَوْمَ أُصِيبَ وَجْهُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَحْرِقُ الْحَصِيرَ، تُدَاوِي بِهِ جُرْحَهُ، تُلْصِقُهُ عَلَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس دن رسول اللہ ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا' چٹائی کو جلا کر دواء رکھی گئی' تو اس کے ساتھ خون بند ہوگیا۔

## مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ

## موسیٰ بن یعقوب زمعی' حضرت



5622- الترمذی جلد3 صفحہ137 رقم الحدیث: 765 . وابن ماجہ جلد1 صفحہ525 رقم الحدیث: 1640 .

## عَنْ أَبِي حَازِمٍ

## ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

**5624** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمِ بْنُ دِينَارٍ، أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ، -أَوْ قَالَ: مَا تُرَدَّانِ -الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ، وَعِنْدَ الْبَأْسِ، حِينَ يَلْتَحِمُ بَعْضُهُ بَعْضًا ، قَالَ مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ: وَحَدَّثَنِي رُزَيْقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَتَحْتَ الْمَطَرِ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: لَيْسَ لِرُزَيْقٍ حَدِيثٌ مُسْنَدٌ إِلَّا هَذَا الْحَدِيثُ، وَحَدِيثٌ آخَرُ مُنْقَطِعٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: دو چیزیں کبھی بھی ردّ نہیں ہوتی ہیں یا فرمایا: دو چیزیں ردّ نہیں کی جاتی ہیں: (۱) اذان کے وقت کی دعا (۲) جنگ کے وقت یہاں تک کہ ایک دوسرے کو ماریں۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بارش کے نیچے۔ حضرت ابوالقاسم فرماتے ہیں: رزیق کی حدیث اسی طرح مسند ہے اور دوسری حدیث منقطع ہے۔

**5625** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيُعَزِّي النَّاسُ بَعْضُهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: عنقریب لوگ میرے بعد میری تعزیت کی وجہ سے ایک دوسرے سے تعزیت کریں گے' لوگ کہنے لگے: یہ کیا ہے؟ جب رسول اللہﷺ کا وصال ہوا تو لوگ ایک دوسرے سے مل کر رسول اللہﷺ کے وصال پر ایک دوسرے کو حوصلہ دینے



---

5624- أورد نحوه الدارمي في سننه جلد 1 صفحه 293 رقم الحديث: 1200 . وأبو داؤد في سننه جلد 3 صفحه 21 رقم الحديث: 2540 .

5625- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 38 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني ورجاله رجال موسى بن يعقوب الزمعي وثقه جماعة .

بَعْضًا مِنْ بَعْدِي لِلتَّعْزِيَةِ فِيَّ، فَكَانَ النَّاسُ يَقُولُونَ: مَا هَذَا؟، فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَقِيَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا يُعَزِّي بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لگے۔

موسى بن يعقوب الزمعي عن أبي حازم

**5626** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ الْعُودَ الَّذِي كَانَ فِي الْمَقْصُورَةِ، جُعِلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَسَنَّ، فَكَانَ يَتَّكِءُ عَلَيْهِ إِذَا قَامَ، فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُرِقَ، فَطُلِبَ فَوُجِدَ فِي مَسْجِدِ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَكَانَتِ الْأَرَضَةُ قَدْ أَصَابَتْهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ لکڑی جو مقصودہ (گنبد) میں تھی' رسول اللہ ﷺ کے لیے بنائی گئی' جس وقت آپ کی عمر زیادہ ہوگئی' آپ جب کھڑے ہوتے تھے تو اس کا سہارا لیتے تھے' جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو وہ چوری ہوگئی' اسے تلاش کیا گیا تو وہ بنی عمرو بن عوف کی مسجد میں پائی گئی' اسے دیمک لگ گئی۔

**5627** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وحَسَنٌ، وَحُسَيْنٌ يَبْكِيَانِ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيهِمَا؟ قَالَتِ: الْجُوعُ، قَالَ: فَأَرْسِلِي إِلَى أَبِيكِ، فَأَرْسَلَتْ، فَجَاءَهُ الرَّسُولُ وَبَيْنَ يَدَيْهِ فَضْلَةُ تَمْرٍ،

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اس حالت میں کہ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں رو رہے تھے' آپ نے فرمایا: دونوں کیوں رو رہے ہو؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بھوک کی وجہ سے! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اپنے والد کی طرف کسی کو بھیجیں! حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے بھیجا' پھر وہ بھیجا ہوا اس حالت میں

---

5626- الرویانی فی مسنده جلد2صفحه217' رقم الحدیث: 1071 .

5627- أورد نحوه أبو داؤد فی سننه جلد2صفحه138' رقم الحدیث: 1716 .

فَقَالَ: إِنَّ ابْنَتَكَ تَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ: إِنْ كَانَ عِنْدَكَ شَيْءٌ فَأَبْلِغْنَاهُ، فَإِنَّ حَسَنًا، وَحُسَيْنًا يَبْكِيَانِ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّسُولَ فَحَمَلَهُ إِلَيْهِمَا، فَجَاءَ بِهِ فَاطِمَةَ، فَدَخَلَ عَلِيٌّ عَلَيْهَا وَهُوَ بَيْنَ يَدَيْهَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا وَجَدَ غَيْرَ هَذَا؟ قَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: لَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا فِي هَذَا مَا يُسَكِّنُهُمَا، فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَجَدَ دِينَارًا فِي السُّوقِ، فَجَاءَ بِهِ إِلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَأَخْبَرَهَا وَقَالَ: هَذَا الدِّينَارُ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: اذْهَبْ بِهِ إِلَى فُلَانٍ الْيَهُودِيِّ، فَخُذْ لَنَا مِنْهُ دَقِيقًا، فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَاءَ الْيَهُودِيَّ فَاشْتَرَى بِهِ دَقِيقًا، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ الْيَهُودِيُّ: أَنْتَ خَتَنُ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَخُذْ دِينَارَكَ وَلَكَ الدَّقِيقُ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ حَتَّى جَاءَ بِهِ فَاطِمَةَ، فَأَخْبَرَهَا وَقَالَ: هَذَا الدِّينَارُ، قَالَتْ: فاطمة: اذْهَبْ بِهِ إِلَى فُلَانٍ الْجَزَّارِ، فَخُذْ لَنَا بِدِرْهَمٍ لَحْمًا، نُرْسِلُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَأْكُلُ مَعَنَا، فَذَهَبَ فَرَهَنَ الدِّينَارَ بِدِرْهَمٍ، فَجَاءَ بِهِ، فَعَجَنَتْ وَنَصَبَتْ وَخَبَزَتْ، فَأَرْسَلَتْ إِلَى أَبِيهَا، فَجَاءَهَا فَإِذَا جَفْنَةٌ فِيهَا خُبْزٌ، وَإِذَا اللَّحْمُ يَغْلِي، وَإِذَا دَقِيقٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَذْكُرُ لَكَ، فَإِنْ رَأَيْتَهُ لَنَا حَلَالًا أَكَلْنَا وَأَكَلْتَ، مِنْ شَأْنِهِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: كُلُوا بِسْمِ

حضورﷺ کے پاس آیا کہ آپ کے آگے بچی ہوئی کھجوریں تھیں' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی بیٹی کہہ رہی ہیں کہ اگر آپ کے پاس کوئی شی ہے تو وہ ہمیں پہنچا دیں کیونکہ حسن وحسین دونوں (بھوک کی وجہ سے) رو رہے ہیں۔ رسول اللہﷺ نے اس بھیجے ہوئے کو حکم دیا اُٹھانے کا۔ پھر وہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' وہ کھجوریں آپ کے سامنے تھیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اس کے علاوہ کچھ نہیں ملا؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: نہیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اس میں ان دونوں کی تسکین کا سامان نہیں ہے۔ حضرت علی تشریف لے گئے تو بازار میں انہیں دینار ملا' آپ وہ لے کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ کو بتایا کہ کیا یہ دینار ہے؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: یہ فلاں یہودی کے پاس لے جائیں' اس سے ہمارے لیے آٹا لائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نکلے اور اس یہودی کے پاس آئے' اس سے آٹا خریدا' جب خرید کر فارغ ہوئے تو اس یہودی نے کہا: آپ اس شخص کے داماد ہیں جس کا خیال ہے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں' تو آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: اپنا دینار بھی لے لو اور آٹا بھی آپ کا ہوا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں سے نکلے اور اسے لے کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' انہیں بتایا اور کہا: یہ دینار ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اب اسے فلاں

اللّٰهِ ، فَأَكَلُوا فَبَيْنَمَا هُمْ مَكَانَهُمْ، إِذَا غُلَامٌ يَنْشُدُ الدِّينَارَ بِاللّٰهِ وَبِالْإِسْلَامِ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُعِيَ لَهُ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: أَرْسَلَنِي أَهْلِي بِدِينَارٍ أَشْتَرِي بِهِ، فَسَقَطَ مِنِّي بِالسُّوقِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ إِلَى الْجَزَّارِ فَقُلْ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرْسِلْ إِلَيَّ بِالدِّينَارِ وَدِرْهَمُكَ عَلَيَّ ، فَأَرْسَلَ بِهِ، فَدَفَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِ

قصاب کے پاس لے جا کر ہمارے لیے ایک درہم کے بدلے گوشت لے آؤ' ہم اسے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بھیجیں گے' پس آپ ہمارے ساتھ کھائیں گے۔ آپ رضی اللہ عنہ گئے' آپ نے ایک درہم کے بدلے اس دینار کو رہن رکھا اور گوشت لائے' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آٹا گوندھ کر روٹی پکائی اور اپنے والد گرامی کی خدمت میں پیغام بھیجا' پس آپ ﷺ تشریف لائے اچانک آپ ﷺ کی نظر پڑی تو ایک بڑا پیالہ تھا جس میں روئی تھی اور گوشت جوش مار رہا تھا اور آٹا تھا۔ پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں آپ کی خدمت میں عرض کرتی ہوں' پس اگر تو آپ اس کو ہمارے لیے حلال خیال کریں تو ہم بھی کھائیں اور آپ بھی تناول فرمائیں' اس کا معاملہ اس اس طرح ہے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ۔ پس وہ کھانے لگے جبکہ ایک غلام آواز لگا رہا تھا: راہِ خدا اور اسلام کے نام پر ایک دینار! پس رسول کریم ﷺ نے حکم دیا' پس اس کو آپ کی طرف بلایا گیا تو آپ نے اس سے سوال کیا' اس نے عرض کی: میرے گھر والوں نے مجھے دینار دے کر بھیجا تاکہ میں اس کے بدلے کچھ خریدوں' پس وہ مجھ سے بازار میں گر گیا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قصاب کی طرف جا اور اس سے کہہ کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے: دینار میری طرف بھیج دے اور وہ تیرا درہم (جس کے بدلے تُو نے گوشت دیا ہے) میرے

اوپر قرض رہا' اس قصاب نے وہ بھیج دیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ دینار اس غلام کو دے دیا۔

**5628** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ فَرَطًا، وَإِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَمَنْ وَرَدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ فَشَرِبَ، لَمْ يَظْمَأْ، وَمَنْ لَمْ يَظْمَأْ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر قوم کے لیے آگے جا کر کوئی نہ کوئی انتظار کرنے والا ہے' میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا جو میرے حوض پر آئے گا' اس سے پئے گا تو وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا' جو پئے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

## حَمَّادُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ وَهُوَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ الْمَدَنِيُّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

## حضرت حماد بن ابوحمید' یہ محمد بن ابوحمید مدنی ہیں' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

**5629** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَأَنْ أَشْهَدَ الصُّبْحَ، ثُمَّ أَجْلِسَ أَذْكُرُ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْمِلَ عَلَى جِيَادِ الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت ابوحازم سے مروی ہے کہ وہ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ میں صبح کی نماز پر حاضر ہوں' میں وہیں اللہ کا ذکر کرنے کیلئے بیٹھ جاؤں یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے' مجھے زیادہ پسند ہے' اس سے کہ میں اللہ کی راہ میں کسی کو عمدہ گھوڑوں پر سوار کروں حتیٰ کہ سورج طلوع ہو جائے۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ

## حضرت عبدالرحمٰن بن اسحاق' حضرت ابوحازم سے روایت

5628- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه364 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال موسى بن يعقوب الزمعي وفيه ضعيف .

## أَبِى حَازِمٍ

## کرتے ہیں

5630 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِى حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ مِنْ غُرَفِ الْجَنَّةِ، كَمَا يَتَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الْغَارِبَ الدُّرِّىَّ الشَّرْقِىَّ وَالْغَرْبِىَّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت والے جنت کے کمروں کو دیکھیں گے جس طرح (آسمان کے اوپر) غروب ہونے والے چمکتے ہوئے ستارے کو مشرق ومغرب میں دیکھا جاتا ہے۔

5631 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِى حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّ النِّسَاءُ فِى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْمَرْنَ فِى الصَّلَاةِ أَنْ لَا يَرْفَعْنَ رُءُوسَهُنَّ حَتَّى يَأْخُذَ الرِّجَالُ مَقَاعِدَهُمْ مِنَ الْأَرْضِ مِنْ قَبَاحَةِ الثِّيَابِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں عورتوں کو حکم دیا گیا کہ اپنے سر نہ اُٹھائیں یہاں تک کہ مرد زمین سے اپنی مقعد اُٹھائیں کپڑوں کی کمی کی وجہ سے۔

5632 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِى حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِلْجَنَّةِ بَابًا يُدْعَى الرَّيَّانَ، يُقَالُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الصَّائِمُونَ؟ فَإِذَا دَخَلُوا أُغْلِقَ وَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کا ایک دروازہ ہے جس کو ریان کہا جاتا ہے قیامت کے دن کہا جائے گا: روزہ دار کہاں ہیں؟ جب وہ داخل ہو جائیں گے تو وہ دروازہ بند کر دیا جائے گا اس میں سے ان کے علاوہ کوئی نہیں گزرے گا۔



---

5630- أبو يعلى فى مسنده جلد13صفحه524 رقم الحديث: 7528 .

5631- أبو يعلى فى مسنده جلد13صفحه535 رقم الحديث: 7542 .

غَيْرُهُمْ

**5633** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ، وَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تالیاں بجانا عورتوں کے لیے ہیں اور سبحان اللہ مردوں کے لیے ہیں۔

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ ایک جگہ نماز پڑھنے کے لیے تلاش کر رہے تھے' آپ کو علجہ نے کہا: آپ پاک دل تلاش کریں اور تو جہاں چاہے نماز پڑھ۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو فقیہ ہے۔

**5937** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْحَجَّاجِ الْأَزْدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ، بِأَصْبَهَانَ يَقُولُ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَمَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ

حضرت ابوحجاج ازدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو مقامِ اصبہان میں فرماتے ہوئے سنا: کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ اس کو علم یقین ہو کہ جو دکھ اسے پہنچا ہے وہ ٹل نہیں سکتا ہے جو نہیں ملا ہے اس کو مل نہیں سکتا ہے۔

## مَا أَسْنَدَ

## حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ



5936- عبد الرزاق فی مصنفه جلد1صفحه412' رقم الحديث: 1612 .

5937- أورد نحوه الترمذی فی سننه جلد4صفحه451' رقم الحديث: 2144 .

# سَلْمَانُ
# مَا رَوَى أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

# کی روایت کردہ احادیث
# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**5938** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَلْمَانُ بْنُ الْإِسْلَامِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ، وَأُشْهِدُ مَلَائِكَتَكَ، وَحَمَلَةَ الْعَرْشِ، وَالسَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَالْأَرَضِينَ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَأُشْهِدُ جَمِيعَ خَلْقِكَ، بِأَنَّكَ اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَأُكَفِّرُ مَنْ أَبَى ذَلِكَ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، مَنْ قَالَهَا مَرَّةً عُتِقَ ثُلُثُهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ عُتِقَ ثُلُثَاهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا ثَلَاثًا عُتِقَ مِنَ النَّارِ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میں تجھ کو اور تیرے فرشتوں اور عرش اُٹھانے والوں اور آسمان اور زمین والوں اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جو اوّلین و آخرین میں سے تیر اندازی کرتا ہے' اس کا انکار کرتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے' جس نے ایک مرتبہ پڑھا اس کا تہائی حصہ جہنم سے آزاد ہوگا' جس نے دو مرتبہ پڑھا اس کا دو تہائی جہنم سے آزاد ہوگا' جس نے تین مرتبہ پڑھا اسے جہنم سے آزادی ہوگی۔

**5939** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ، مَوْلَى آلِ عَلْقَمَةَ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میں تجھ کو اور تیرے فرشتوں اور عرش اُٹھانے والوں اور آسمان اور زمین

---

**5938**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **87** وقال: رواه الطبراني باسنادين وفي أحدهما أحمد بن اسحاق الصوفي ولم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح ـ

الْمَكِّيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ، وَأُشْهِدُ مَلَائِكَتَكَ، وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَأُشْهِدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، مَنْ قَالَهَا مَرَّةً أَعْتَقَ اللّٰهُ ثُلُثَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَعْتَقَ اللّٰهُ ثُلُثَيْهِ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا ثَلَاثًا أَعْتَقَ كُلَّهُ مِنَ النَّارِ

والوں اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جو اوّلین و آخرین میں سے تیر اندازی کرتا ہے' اس کا انکار کرتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے' جس نے ایک مرتبہ پڑھا اس کا تہائی حصہ جہنم سے آزاد ہوگا' جس نے دومرتبہ پڑھا اس کا دوتہائی جہنم سے آزاد ہوگا' جس نے تین مرتبہ پڑھا اسے جہنم سے آزادی ہوگی۔

## أَبُو سَعِيدٍ عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت ابوسعید' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**5940** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الثَّعْلَبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لِكُلِّ نَبِيٍّ وَصِيٌّ، فَمَنْ وَصِيُّكَ؟ فَسَكَتَ عَنِّي، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ رَآنِي، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ فَأَسْرَعْتُ إِلَيْهِ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ، قَالَ: تَعْلَمُ مَنْ وَصِيُّ مُوسَى؟ قُلْتُ: نَعَمْ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ، قَالَ: لِمَ؟ قُلْتُ: لِأَنَّهُ كَانَ أَعْلَمُهُمْ، قَالَ: فَإِنَّ وَصِيِّي وَمَوْضِعُ سِرِّي، وَخَيْرُ مَنْ أَتْرُكُ بَعْدِي، وَيُنْجِزُ عِدَتِي، وَيَقْضِي دَيْنِي

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہر نبی کا وصی ہوتا ہے' آپ کا وصی کون ہے؟ آپ میرا جواب دینے سے خاموش رہے' جب بعد میں مجھے دیکھا' تو آپ نے فرمایا: اے سلمان! میں جلدی آپ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: حاضر ہوں! آپ نے فرمایا: تُو جانتا ہے کہ حضرت موسیٰ کا وصی کون تھا؟ میں نے عرض کی: یوشع بن نون! آپ نے فرمایا: کس وجہ سے؟ میں نے عرض کی: کیونکہ وہ سب سے بڑے عالم تھے' آپ نے فرمایا: بے شک میرا وصی اور میرے رازوں کی جگہ میں اپنے بعد بہتر جس کو چھوڑ رہا ہوں اور وہ میرا وعدہ پورا کرے گا اور میرا

**5940**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه113 وقال: وفي اسناده ناصح بن عبد الله وهو متروك .

عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: قَوْلُهُ: وَصِيٍّ: يَعْنِي أَنَّهُ أَوْصَاهُ فِي أَهْلِهِ لَا بِالْخِلَافَةِ، وَقَوْلُهُ: خَيْرُ مَنْ أَتْرُكُ بَعْدِي: يَعْنِي مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قرض ادا کرے گا' وہ حضرت علی بن ابوطالب ہیں۔ حضرت ابوالقاسم فرماتے ہیں: وصی سے مراد گھر والوں کا وصی نہ کہ خلافت مراد ہے' آپ نے فرمایا: میں اپنے بعد جس بہتر کو چھوڑ رہا ہوں' یعنی اپنے گھر والوں میں۔

## كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

## حضرت کعب بن عجرہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

**5941** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نَسِيٍّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، أَنَّ سَلْمَانَ، مَرَّ بِهِ وَهُوَ مُرَابِطٌ بِأَرْضِ فَارِسَ، فَقَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَمْرٍ يَكُونُ لَكَ عَوْنًا عَلَى رِبَاطِكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ، خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ

حضرت کعب بن عجرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا' آپ ایک گھوڑوں کی حفاظت کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: کیا آپ کو اس کام کے متعلق بتاؤں! میں آپ کے گھوڑوں کی کیوں حفاظت کر رہا ہوں؟ عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک دن اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنا' ایک ماہ روزے رکھنے اور قیام کرنے سے بہتر ہے۔

## مَا رَوَى ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

## حضرت سلمان فارسی سے جو حضرت عباس نے روایات کی ہیں

**5942** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَكَّائِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے اپنی زبانی مجھے حدیث سنائی' فرمایا: میں فارسی آدمی ہوں' علاقہ اصفہان کے ایک گاؤں جس کا نام جی ہے۔ میرے والد گرامی



---

5941- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1520' رقم الحديث: 1913 .

5942- أحمد في مسنده جلد5صفحه441' رقم الحديث: 23788 .

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ كُلُّهُمْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ حَدِيثَهُ مِنْ فِيهِ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا فَارِسِيًّا مِنْ أَهْلِ أَصْبَهَانَ مِنْ قَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا: جَيٌّ، وَكَانَ أَبِي دِهْقَانَ قَرْيَتِهِ، وَكُنْتُ أَحَبَّ خَلْقِ اللّٰهِ إِلَيْهِ، فَلَمْ يَزَلْ بِي حُبُّهُ إِيَّايَ، حَتَّى حَبَسَنِي فِي بَيْتِهِ كَمَا تُحْبَسُ الْجَارِيَةُ، فَاجْتَهَدْتُ فِي الْمَجُوسِيَّةِ، حَتَّى كُنْتُ قَاطِنَ النَّارِ، أُوقِدُهَا لَا أَتْرُكُهَا تَخْبُو سَاعَةً وَاحِدَةً، وَكَانَتْ لِأَبِي ضَيْعَةٌ عَظِيمَةٌ، فَشُغِلَ يَوْمًا، فَقَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِنِّي قَدْ شُغِلْتُ هَذَا الْيَوْمَ عَنْ ضَيْعَتِي، فَاذْهَبْ إِلَيْهَا فَطَالِعْهَا، فَأَمَرَهُ فِيهَا بِبَعْضِ مَا يُرِيدُ، ثُمَّ قَالَ لِي: لَا تَحْتَبِسْ عَلَيَّ، فَإِنَّكَ إِنِ احْتَبَسْتَ عَلَيَّ كُنْتَ أَهَمَّ عَلَيَّ مِنْ ضَيْعَتِي وَشَغَلْتَنِي عَنْ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِي، فَخَرَجْتُ أُرِيدُ ضَيْعَتَهُ أَسِيرُ إِلَيْهَا، فَمَرَرْتُ بِكَنِيسَةٍ مِنْ كَنَائِسِ النَّصَارَى فَسَمِعْتُ أَصْوَاتَهُمْ فِيهَا، وَهُمْ يُصَلُّونَ، وَكُنْتُ لَا أَدْرِي مَا أَمْرُ النَّاسِ لِحَبْسِ أَبِي إِيَّايَ فِي بَيْتِهِ، فَلَمَّا سَمِعْتُ أَصْوَاتَهُمْ دَخَلْتُ عَلَيْهِمْ أَنْظُرُ مَا يَصْنَعُونَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ أَعْجَبَتْنِي صَلَاتُهُمْ، وَرَغِبْتُ فِي دِينِهِمْ، وَقُلْتُ: هَذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدِّينِ الَّذِي نَحْنُ عَلَيْهِ، فَمَا بَرِحْتُ مِنْ

اپنے گاؤں کے کسان تھے میں ان کو اللہ کی ساری مخلوق سے زیادہ محبوب تھا' مجھ سے ان کی محبت مسلسل رہی حتیٰ کہ وہ مجھے گھر میں روک کے رکھتے تھے جس طرح دوشیزہ کو روک کے رکھا جاتا ہے' میں نے مجوسیت کو سمجھنے کی کوشش کی حتیٰ کہ میں یوں آگ کا پجاری بن گیا کہ میں اسے جلاتا تھا اور ایک لحہ بھی اسے بجھا ہوا نہ چھوڑتا تھا۔ میرے باپ کا عظیم مال تھا۔ پس ایک دن' وہ مشغول کر دیئے گئے اور مجھ سے کہا: اے میرے بیٹے! میرے ساز و سامان کی طرف جا کر دیکھ۔ پس انہوں نے اس میں سے کچھ لانے کا حکم دیا۔ پھر مجھ سے کہا: وہیں رک نہ جانا کہ میں یہاں انتظار کرتا رہوں کیونکہ اگر تُو میرے پاس آنے سے رُک گیا تو تُو مجھ پر میرے سامان کا غم ڈالنے والا ہو گا اور تُو مجھے میرے ہر کام سے غافل کر دے گا۔ پس میں ان کے سامان کی طرف جانے کا ارادہ لے کر نکلا' اس کی طرف چلتا جا رہا تھا تو میں عیسائیوں کی عبادت گاہوں میں سے ایک عبادت گاہ کے پاس سے گزرا۔ میں نے اس میں ان کی آوازیں سنیں' اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور میں نہیں جانتا تھا' میرے والد کے مجھے اپنے گھر میں روکنے کی وجہ سے لوگوں کا معاملہ کیا ہے۔ پس جب میں نے ان کی آوازیں سنیں تو میں ان کے پاس گیا تا کہ دیکھوں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ پس جب میں نے ان کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو بہت خوش ہوا اور ان کے دین میں دلچسپی لی اور اپنے دل میں کہا: بے شک یہ اس

عِنْدَهُمْ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَتَرَكْتُ ضَيْعَةَ أَبِي، ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ: مَنْ أَبْصَرُكُمْ بِهَذَا الدِّينِ؟ قَالُوا: رَجُلٌ بِالشَّامِ، ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى أَبِي وَقَدْ بَعَثَ فِي طَلَبِي، وَقَدْ شَغَلْتُهُ عَنْ عَمَلِهِ، قَالَ أَبِي: بُنَيَّ، أَيْنَ كُنْتَ؟ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكَ مَا عَهِدْتُ؟ قُلْتُ: إِنِّي مَرَرْتُ بِنَاسٍ يُصَلُّونَ فِي كَنِيسَةٍ لَهُمْ، فَدَخَلْتُ إِلَيْهِمْ، فَمَا زِلْتُ عِنْدَهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، لَيْسَ فِي ذَلِكَ الدِّينِ خَيْرٌ، دِينُكَ وَدِينُ آبَائِكَ خَيْرٌ مِنْهُ، ثُمَّ حَبَسَنِي فِي بَيْتِهِ، وَبَعَثْتُ إِلَى النَّصْرَانِيِّ، فَقُلْتُ: إِذَا قَدِمَ إِلَيْكُمْ رَكْبٌ مِنَ الشَّامِ، فَأَخْبِرُونِي بِهِمْ، فَقَدِمَ عَلَيْهِمْ رَكْبٌ مِنَ الشَّامِ تُجَّارٌ مِنَ النَّصَارَى، فَأَخْبَرُونِي بِهِمْ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِذَا قَضَوْا حَوَائِجَهُمْ وَأَرَادُوا الرَّجْعَةَ إِلَى بِلَادِهِمْ أَخْبِرُونِي بِهِمْ، فَأَلْقَيْتُ الْحَدِيدَ مِنْ رِجْلَيَّ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُمْ حَتَّى قَدِمْتُ الشَّامَ، فَلَمَّا قَدِمْتُهَا قُلْتُ: مَنْ أَفْضَلُ أَهْلِ هَذَا الدِّينِ عِلْمًا؟ قَالُوا: الْأَسْقُفُ فِي الْكَنِيسَةِ، فَجِئْتُهُ فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ رَغِبْتُ فِي هَذَا الدِّينِ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَكُونَ مَعَكَ أَخْدُمُكَ فِي كَنِيسَتِكَ، وَأَتَعَلَّمُ مِنْكَ، وَأُصَلِّي مَعَكَ، قَالَ: فَادْخُلْ، فَدَخَلْتُ مَعَهُ، وَكَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُ بِالصَّدَقَةِ وَيُرَغِّبُهُمْ فِيهَا، فَإِذَا جَمَعُوا بِهِ إِلَيْهِ شَيْئًا مِنْهَا اكْتَنَزَهُ لِنَفْسِهِ، فَلَمْ يُعْطِ إِنْسَانًا مِنْهَا شَيْئًا، حَتَّى جَمَعَ قِلَالًا مِنْ ذَهَبٍ وَوَرِقٍ، فَأَبْغَضْتُهُ بُغْضًا



سے بہتر دین ہے' جس میں میں ہوں' سورج غروب ہونے تک میں ان کے پاس رہا؟ اور اپنے باپ کے سامان کو وہیں کا وہیں چھوڑ دیا' پھر میں نے ان سے کہا: تم میں سے سب سے زیادہ اس دین میں بصیرت کس کو حاصل ہے؟ انہوں نے کہا: ایک آدمی ہے جو شام میں رہتا ہے' میں اپنے باپ کی طرف آیا جبکہ وہ میری تلاش میں لوگ بھیج چکے تھے اور میں نے ان کو ان کے کام سے غافل کر دیا تھا۔ میرے باپ نے پوچھا: اے میرے بیٹے! تم کہاں تھے؟ کیا میں نے تم سے وعدہ نہیں لیا تھا جو لیا تھا؟ میں نے جواب دیا: میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا جو اپنے عبادت خانے میں نماز پڑھ رہے تھے' میں ان کے پاس چلا گیا' بس ان کے پاس ہی رہا وہ نماز میں مصروف رہے حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا۔ انہوں نے کہا: اے میرے بیٹے! اس دین میں کوئی بھلائی نہیں ہے' تیرا اور تیرے آباءواجداد کا دین اس سے بہتر ہے' پھر مجھے اپنے گھر میں روک لیا' میں نے عیسائی کی طرف آدمی بھیجا اور کہا: جب شام سے تمہارے پاس کوئی قافلہ آئے تو مجھے بتانا' پس عیسائی تاجروں کا ایک قافلہ شام سے آیا تو انہوں نے مجھے بتایا' میں نے انہیں فرمایا: جب وہ اپنے کام کاج کر لیں اور اپنے غلاموں میں واپس جانے کا ارادہ کریں تو مجھے خبر دینا۔ پس میں نے اپنے پاؤں سے بیڑیاں اتار کر پھینک دیں پھر ان کے ساتھ نکل کر شام آ گیا۔ پس جب میں ان کے پاس ان کی عبادت گاہ میں آیا تو میں

شَدِيدًا، لِمَا رَأَيْتُهُ يَصْنَعُ، ثُمَّ مَاتَ وَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ النَّصَارَى لِيَدْفِنُوهُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِنَّ هَذَا كَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَيُرَغِّبُكُمْ فِيهَا، فَإِذَا جِئْتُمُوهُ بِهَا اكْتَنَزَهَا لِنَفْسِهِ، وَلَمْ يُعْطِ الْمَسَاكِينَ مِنْهَا شَيْئًا، قَالُوا: وَمَا عِلْمُكَ بِذَلِكَ؟ قُلْتُ لَهُمْ: فَأَنَا أَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزِهِ، قَالُوا: فَدُلَّنَا عَلَيْهِ، فَدَلَلْتُهُمْ عَلَيْهِ فَاسْتَخْرَجُوا ذَهَبًا وَوَرِقًا فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا: وَاللّٰهِ لَا نَدْفِنُهُ أَبَدًا، فَصَلَبُوهُ، ثُمَّ رَجَمُوهُ بِالْحِجَارَةِ، وَكَانَ ثَمَّ رَجُلٌ آخَرُ فَجَعَلُوهُ مَكَانَهُ، قَالَ: يَقُولُ سَلْمَانُ: فَمَا رَأَيْتُ رَجُلًا لَا يُصَلِّي الْخَمْسَ أَفْضَلَ مِنْهُ، أَزْهَدَ فِي الدُّنْيَا، وَلَا أَرْغَبَ فِي الْآخِرَةِ، وَلَا أَدْأَبَ لَيْلًا وَنَهَارًا مِنْهُ، فَأَحْبَبْتُهُ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، فَمَا زِلْتُ مَعَهُ زَمَانًا ثُمَّ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي قَدْ كُنْتُ مَعَكَ فَأَحْبَبْتُكَ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، وَقَدْ حَضَرَكَ مَا تَرَى مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، لَقَدْ هَلَكَ النَّاسُ وَبَدَّلُوا وَتَرَكُوا كَثِيرًا مِمَّا كَانُوا عَلَيْهِ، إِلَّا رَجُلًا بِالْمَوْصِلِ وَهُوَ فُلَانٌ، وَهُوَ عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، فَالْحَقْ بِهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ الْمَوْصِلِ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي عِنْدَ مَوْتِهِ أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّكَ عَلَى أَمْرِهِ، قَالَ: فَأَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَهُ، فَوَجَدْتُهُ خَيْرَ

نے ان سے سوال کیا: اس دین والوں میں سے سب سے زیادہ فضیلت وعلم رکھنے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا: عبادت خانے میں...... پس میں اس کے پاس آیا' میں نے کہا: مجھے اس دین کو حاصل کرنے کا شوق ہے۔ میں آپ کے پاس آپ کے عبادت خانے میں آپ کی خدمت کرنے کی خواہش رکھتا ہوں' آپ سے کچھ سیکھنا چاہتا ہوں اور آپ کے ساتھ مل کر نماز پڑھوں گا۔ اس نے کہا: داخل ہو جائیں۔ پس میں اس کے پاس داخل ہوا جبکہ وہ اچھا آدمی نہ تھا' لوگوں کو حکم دیتا تھا کہ صدقہ دو اور ان لوگوں کو صدقہ کرنے کا شوق دلاتا۔ پس جب وہ لوگ کچھ نہ کچھ صدقہ اس کے پاس جمع کر لیتے تو وہ اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا۔ لوگوں میں سے کسی (غریب) آدمی کو کوئی شی نہ دیتا تھا حتیٰ کہ اس نے سونا چاندی کے ڈھیر اکٹھے کر لیے۔ پس مجھے اس سے سخت نفرت ہوگئی کیونکہ میں نے اس کا بھیانک کردار دیکھ لیا تھا' پھر وہ مر گیا اور عیسائی اکٹھے ہوئے تا کہ اس کو دفن کریں۔ پس میں نے ان سے کہا: یہ تو بُرا آدمی تھا' تمہیں صدقہ کرنے کا حکم دیتا اور اس میں تمہیں شوق دلاتا' پس جب تم اس کے پاس وہ اکٹھا کر لیتے تھے تو اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا اور اس میں سے مسکینوں کو کوئی شی نہیں دیتا تھا۔ انہوں نے (ایک بار تو) کہا: تمہیں کیا معلوم؟ لیکن میں نے ان سے کہا: آؤ! میں تمہیں اس کا جمع شدہ مال دکھاتا ہوں۔ انہوں نے کہا: دکھاؤ! میں نے انہیں دکھایا' پس

رَجُلٍ عَلَى أَمْرِ صَاحِبِهِ، فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ مَاتَ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي إِلَيْكَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَقَدْ حَضَرَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا تَرَى، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا أَعْلَمُ بَقِيَ أَحَدٌ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ إِلَّا رَجُلًا بِعَمُّورِيَّةَ بِأَرْضِ الرُّومِ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ عَمُّورِيَّةَ فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِي، فَقَالَ: أَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَ خَيْرِ رَجُلٍ عَلَى هَدْيِ أَصْحَابِهِ وَأَمْرِهِمْ، وَاكْتَسَبْتُ حَتَّى كَانَتْ عِنْدِي بُقَيْرَاتٌ وَغُنَيْمَةٌ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَمَّا حُضِرَ قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي كُنْتُ مَعَ فُلَانٍ فَأَوْصَانِي إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَى فُلَانٌ إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَانِي فُلَانٌ إِلَيْكَ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَإِلَى مَنْ تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَصْبَحَ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ فِيهِ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ، وَلَكِنْ أَظَلَّكَ زَمَانُ نَبِيٍّ هُوَ مَبْعُوثٌ بِدِينِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْرُجُ بِأَرْضِ الْعَرَبِ إِلَى أَرْضٍ -أَظُنُّهُ قَالَ -ذَاتِ نَخْلٍ بِهِ عَلَامَاتٌ لَا تَخْفَى، يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَلْحَقَ بِذَلِكَ الْبِلَادِ فَافْعَلْ، ثُمَّ مَاتَ وَغُيِّبَ، فَمَكَثْتُ بِعَمُّورِيَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَمْكُثَ، مَرَّ بِي نَفَرٌ مِنْ كَلْبٍ تُجَّارٌ، فَقُلْتُ لَهُمْ: تَحْمِلُونِي إِلَى أَرْضِ الْعَرَبِ وَأُعْطِيكُمْ



اُنہوں نے سونا چاندی نکالے۔ پس جب اُنہوں نے یہ دیکھا تو کہا: ہم اس کو کبھی بھی دفن نہیں کریں گے۔ پس انہوں نے اسے سولی چڑھا دیا پھر اس کو پتھر مارے اور وہاں ایک اور آدمی تھا جس کو اُنہوں نے اس کے قائم مقام بنا دیا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت سلمان فرماتے ہیں کہ پس میں نے پانچ وقت کا نمازی اس سے بہتر نہیں دیکھا' دنیا سے کنارہ کش' آخرت میں راغب' رات دن کی اس کی عادتیں (کمال تھیں) پس میں نے اس سے ٹوٹ کر محبت کی' اتنی کہ کبھی کسی شے سے نہیں کی۔ ایک زمانہ میں اس کے ساتھ رہا پھر اس کے پاس موت کا فرشتہ حاضر ہوا۔ میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک میں تیرے ساتھ تھا' پس میں نے تیرے ساتھ اتنی محبت کی جتنی کسی اور شی سے نہیں کی۔ اب تیرے پاس اللہ کے حکم میں سے وہ آ گیا ہے جو تُو خود دیکھ رہا ہے۔ پس اب تو مجھے کسی کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! قسم بخدا! لوگوں میں سے کسی کو میں نہیں جانتا جو میری روش پر ہو' تحقیق لوگ ہلاک ہوئے' بدل دیا اور ترک کر دیا' بہت ساری ان چیزوں کو جن کو وہ اپنائے ہوئے تھے مگر ایک آدمی موصل میں رہتا ہے اور وہ فلاں آدمی ہے یعنی نام بتایا۔ وہ میری روش پر ہے۔ پس جا کر اس سے مل جا۔ پس جب وہ مر گیا اور اسے دفن کر دیا گیا تو میں موصل والے آدمی سے جا ملا۔ میں نے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے وصیت کی ہے اپنی

بَقَرَاتِي هَذِهِ وَغُنَيْمَتِي هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَأَعْطَيْتُهُمْ وَحَمَلُونِي مَعَهُمْ حَتَّى إِذَا قَدِمُوا وَادِي الْقُرَى ظَلَمُونِي، فَبَاعُونِي مِنْ رَجُلٍ يَهُودِيٍّ، فَكُنْتُ عِنْدَهُ فَرَأَيْتُ النَّخْلَ، فَرَجَوْتُ الْبَلَدَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِبِي، وَلَمْ يَحِقَّ فِي نَفْسِي، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ قَدِمَ عَلَيْهِ ابْنُ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ، وَابْتَاعَنِي مِنْهُ، فَحَمَلَنِي إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُهَا عَرَفْتُهَا بِصِفَةِ صَاحِبِي، فَأَقَمْتُ بِهَا، فَبَعَثَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَقَامَ بِمَكَّةَ مَا أَقَامَ مَا أَسْمَعُ لَهُ بِذِكْرٍ، مَعَ مَا أَنَا فِيهِ مِنْ شُغْلِ الرِّقِّ، ثُمَّ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ إِنِّي لَفِي رَأْسِ عِذْقٍ لِسَيِّدِي أَعْمَلُ فِيهِ بَعْضَ الْعَمَلِ، وَسَيِّدِي جَالِسٌ تَحْتِي إِذْ أَقْبَلَ ابْنُ عَمٍّ لَهُ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: قَاتَلَ اللَّهُ بَنِي قَيْلَةَ، وَاللَّهِ إِنَّهُمْ لَيَجْتَمِعُونَ عَلَى رَجُلٍ قَدِمَ عَلَيْهِمْ مِنْ مَكَّةَ الْيَوْمَ، يَزْعُمُونَ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَلَمَّا سَمِعْتُهَا أَخَذَنِي الْفَرَحُ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي سَأَسْقُطُ عَلَى سَيِّدِي، وَنَزَلْتُ عَنِ النَّخْلَةِ، وَجَعَلْتُ أَقُولُ لِابْنِ عَمِّهِ ذَلِكَ: مَاذَا يَقُولُ؟ فَغَضِبَ سَيِّدِي، فَلَطَمَنِي لَطْمَةً شَدِيدَةً، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلِهَذَا؟ أَقْبِلْ عَلَى عَمَلِكَ، قُلْتُ: لَا شَيْءَ، إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَسْتَفْتِيَهُ عَمَّا قَالَ، وَقَدْ كَانَ عِنْدِي شَيْءٌ قَدْ جَمَعْتُهُ، فَلَمَّا أَمْسَيْتُ أَخَذْتُهُ ثُمَّ ذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِقُبَاءَ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ

موت کے وقت کہ میں تجھ سے ملوں اور مجھے بتایا کہ تیرا اور اس کا عبادت کا طریقہ ایک ہے۔ اس نے کہا: میرے پاس مقیم ہو سکتے ہو۔ پس میں اس کے پاس مقیم ہو گیا۔ پس میں نے پایا کہ اس کا اور اس کے ساتھی کا معاملہ ایک ہے۔ پس میں اس کی موت تک اس کے پاس ہی رہا۔ پس جب اس کی وفات کا وقت آیا تو میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے تیری طرف وصیت کی اور مجھے تجھ سے ملنے کا حکم دیا جبکہ اب تیرا وہ وقت آ گیا ہے جو تُو دیکھ رہا ہے' پس تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے بیٹے! میں نہیں جانتا ہوں کہ کوئی آدمی رہ گیا ہو جس کی طرف جانے کا میں تجھے حکم دوں۔ ہاں عموریہ میں ایک آدمی ہے روم کی سرزمین پر' بس اس کا طریقہ عبادت وہی ہے جو ہمارا ہے۔ پس جب وہ مر گیا اور دفن ہو گیا تو میں عموریہ والے آدمی سے جا ملا۔ پس اسے اپنی خبر دی تو اس نے کہا: میرے پاس رہ سکتے ہو۔ پس میں اس بہتر آدمی کے پاس رہ گیا جس کا گزارہ اپنے دوستوں کے ہدیوں اور کاموں پر تھا۔ میں نے بھی خوب کمائی کی حتیٰ کہ میرے پاس بہت ساری گائیں اور بکریاں جمع ہو گئیں' پھر اس پر بھی اللہ کا حکم آیا' پس جب اس کی موت کا وقت آیا تو میں نے کہا: اے فلاں! پہلے میں فلاں آدمی کے پاس تھا' پھر اس نے مجھے تیری طرف وصیت کی۔ پس اب تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے؟ اور مجھے کس کے پاس جانے کا

لَهُ: إِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي أَنَّكَ رَجُلٌ صَالِحٌ، وَمَعَكَ أَصْحَابٌ لَكَ غُرَبَاءُ ذَوُو حَاجَةٍ، وَهَذَا شَيْءٌ كَانَ عِنْدِي صَدَقَةٌ، فَرَأَيْتُكُمْ أَحَقَّ بِهِ مِنْ غَيْرِكُمْ، وَقَرَّبْتُهُ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا وَأَمْسَكَ هُوَ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: هَذِهِ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ انْصَرَفْتُ عَنْهُ، فَجَمَعْتُ شَيْئًا، فَتَحَوَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ ثُمَّ جِئْتُهُ بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: رَأَيْتُكَ لَا تَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، وَهَذِهِ هَدِيَّةٌ أَكْرَمْتُكَ بِهَا، فَأَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا وَأَمَرَ أَصْحَابَهُ فَأَكَلُوا، وَقُلْتُ فِي نَفْسِي: هَاتَانِ ثِنْتَانِ، ثُمَّ جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ قَدِ اتَّبَعَ جِنَازَةَ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَدَرْتُ أَنْظُرُ إِلَى ظَهْرِهِ: هَلْ أَرَى الْخَاتَمَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِبِي؟ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَدَرْتُ عَرَفَ أَنِّي أَسْتَثْبِتُ فِي شَيْءٍ وُصِفَ لِي، فَأَلْقَى رِدَاءَهُ عَنْ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْخَاتَمِ فَعَرَفْتُهُ، فَأَكْبَبْتُ عَلَيْهِ أُقَبِّلُهُ وَأَبْكِي، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَحَوَّلْ، فَتَحَوَّلْتُ فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ حَدِيثِي كَمَا حَدَّثْتُكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، فَأَعْجَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَسْمَعَ ذَلِكَ أَصْحَابُهُ، ثُمَّ شَغَلَ سَلْمَانَ الرِّقُّ حَتَّى فَاتَهُ مَعَ



حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں جانتا کہ کوئی آدمی ہمارے طریقۂ عبادت پر ہو لوگوں میں سے جس کے پاس جانے کا میں تجھے حکم دوں لیکن اس نبی کے تشریف لانے کا زمانہ آ گیا ہے جو دین ابراہیمی کے ساتھ بھیجا جائے گا' عرب کی ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف ہجرت کرے گا۔ میرا گمان ہے کہ اس نے کہا: کھجوروں والی زمین ہے۔ نشانیاں مخفی نہیں ہیں۔ وہ ہدیہ تو کھائے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا' ان کے دونوں کندھوں کے درمیان ختم نبوت کی مہر ہے۔ پس اگر تیرے اندر طاقت ہے کہ اس علاقے میں پہنچے گا تو ایسا کر لے' پھر وہ مرگیا اور دفن کر دیا گیا تو میں عموریہ میں ٹھہرا رہا جتنا اللہ نے چاہا کہ میں ٹھہروں۔ بنوکلب کے تاجروں کا ایک قافلہ میرے پاس سے گزرا تو میں نے ان سے کہا: عرب کی زمین تک مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ اور میں تمہیں اپنی یہ گائیں اور بکریاں دیتا ہوں؟ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے! پس میں نے وہ ان کے حوالے کر دیں اور انہوں نے مجھے اپنے ساتھ سوار کر لیا حتیٰ کہ وہ وادیٔ قریٰ آ گئے لیکن انہوں نے مجھ پر ظلم کمایا۔ مجھے ایک یہودی کے پاس بیچ دیا۔ پس میں اس کے پاس تھا تو کھجوروں پر میری نظر پڑی۔ میں نے اُمید باندھی کہ یہ وہی علاقہ ہے جس کی صفت میرے دوست نے کی تھی' لیکن مجھے یقین نہ ہوا۔ پس اسی دوران کہ میں اس کے پاس تھا۔ اس کا چچازاد بھائی اس کے پاس آیا' اس کا تعلق بنوقریظہ سے تھا' اس نے مجھے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا، وأُحُدًا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَاتِبْ يَا سَلْمَانُ، فَكَاتَبْتُ صَاحِبِي عَلَى ثَلَاثِمِائَةِ نَخْلَةٍ أُحْيِيهَا لَهُ، وَبِأَرْبَعِينَ أُوقِيَّةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: أَعِينُوا أَخَاكُمْ فَأَعَانُونِي فِي النَّخْلِ الرَّجُلُ بِثَلَاثِينَ، وَالرَّجُلُ بِعِشْرِينَ، وَالرَّجُلُ بِخَمْسَ عَشْرَةَ، وَالرَّجُلُ بِعَشْرٍ، وَالرَّجُلُ بِقَدْرِ مَا عِنْدَهُ، حَتَّى اجْتَمَعَتْ لِي ثَلَاثُمِائَةِ نَخْلَةٍ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ يَا سَلْمَانُ، فَآذِنِّي حَتَّى أَكُونَ أَنَا أَضَعُهَا بِيَدِي، فَفَقَّرْتُ لَهَا وَأَعَانَنِي أَصْحَابِي، حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ جِئْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعِي إِلَيْهَا، فَجَعَلْتُ إِلَيْهَا، فَجَعَلْتُ أُقَرِّبُ لَهُ الْوَدِيَّ وَيَضَعُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، حَتَّى فَرَغْنَا، وَالَّذِي نَفْسُ سَلْمَانَ بِيَدِهِ، مَا مَاتَ مِنْهُ وَدِيَّةٌ وَاحِدَةٌ، فَأَدَّيْتُ النَّخْلَ، وَبَقِيَ عَلَيَّ الْمَالُ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ بَيْضَةِ الدَّجَاجَةِ مِنْ ذَهَبٍ، مِنْ بَعْضِ الْمَغَازِي، فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْفَارِسِيُّ الْمُكَاتَبُ؟ فَدُعِيتُ لَهُ، فَقَالَ: خُذْ هَذِهِ فَأَدِّ بِهَا مَا عَلَيْكَ، فَقُلْتُ: وَأَيْنَ تَقَعُ هَذِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِمَّا عَلَيَّ؟ فَقَالَ: خُذْهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُؤَدِّيهَا عَنْكَ فَوَزَنْتُ لَهُ مِنْهَا، فَوَالَّذِي نَفْسُ سَلْمَانَ بِيَدِهِ أَرْبَعِينَ أُوقِيَّةً، وَأَوْفَيْتُهُمْ

اس سے خرید لیا' وہ مجھے مدینے لے آیا۔ پس قسم بخدا! جوں ہی میں نے مدینے کو دیکھا تو اپنے دوست کی بتائی ہوئی علامتوں سے اسے پہچان لیا۔ پس میں وہیں مقیم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو مبعوث فرمایا۔ آپ مکہ میں مقیم رہے جتنا مقیم رہے لیکن میں آپ کا ذکر نہ سن سکا' اس کی وجہ یہی تھی کہ میں غلامی کی زندگی گزار رہا تھا' پھر آپ ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی' پس قسم بخدا! میں اپنے مالک کے کھجور کے پھلدار درخت پر تھا' اس میں کچھ کام کر رہا تھا اور میرا مالک اس کے نیچے بیٹھا ہوا تھا' جب اس کے چچا کا ایک بیٹا آیا اور اس کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا' کہنے لگا: بنوقیلہ کو اللہ ہلاک کرے! قسم بخدا! وہ سارے ایک ایسے آدمی کے پاس اکٹھے ہو رہے ہیں' جو مکہ سے آیا ہے اور ان کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس جب یہ بات میرے کانوں پر پڑی تو میری خوشی کی حد نہ رہی حتیٰ کہ میں نے گمان کیا کہ (خوشی سے) میں اپنے مالک کے اوپر گر پڑوں گا' بہرحال میں کھجور کے درخت سے نیچے اتر آیا۔ پس میں نے اس کے چچا کے بیٹے سے کہنا شروع کر دیا: تم کیا کہہ رہے تھے؟ (یہ بات سن کر) میرے مالک کو غصہ آیا تو اس نے مجھے زبردست قسم کا طمانچہ رسید کیا' پھر کہا: اس سے تجھے غرض ہے؟ تو اپنا کام کر۔ میں نے کہا: کوئی غرض نہیں۔ بس میرا ارادہ تھا کہ جو کچھ اس نے کہا' اس کے بارے اس کا نظریہ معلوم کروں۔ میں نے اپنے پاس کچھ پونجی جمع کی ہوئی تھی۔ پس جب شام

حَقِّهِمْ، وَعُتِقَ سَلْمَانُ وَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَنْدَقَ، ثُمَّ لَمْ يَفُتْهُ مَشْهَدٌ

ہوئی تو میں نے اس کو لیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف گیا جبکہ آپ قباء کے مقام پر موجود تھے۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس داخل ہوا۔ میں نے عرض کی: مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ نیک آدمی ہیں اور آپ کے ساتھ آپ کے غریب حاجت مند ساتھی بھی ہیں اور یہ میرے پاس صدقہ کی کچھ چیز ہے پس میں نے خیال کیا کہ آپ لوگ اس کے زیادہ حقدار ہیں اور میں نے وہ چیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھا لو لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ہاتھ روک لیا کوئی چیز نہیں کھائی۔ پس میں نے اپنے دل میں کہا: یہ ایک نشانی ہوی۔ پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے آ گیا۔ پس میں نے کچھ پونجی جمع کی۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ شہر میں منتقل ہو گئے پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے گیا۔ میں نے عرض کی: میرا خیال ہے یا میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ صدقہ نہیں کھاتے لیکن یہ ہدیہ ہے جس کے ساتھ میں نے آپ کی عزت افزائی کی ہے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے کھایا اور اپنے صحابہ کرام کو حکم دیا پس اُنہوں نے بھی کھایا۔ میں نے اپنے دل میں کہا: یہ نشانیاں ہو گئیں پھر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا آپ جنت البقیع میں تھے ایک انصاری کے جنازہ کے پیچھے آئے تھے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے میں نے آپ پر سلام کیا پھر میں گھوما تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیٹھ کو دیکھوں کہ کیا میں وہ مہر دیکھ سکتا ہوں جس کی

تعریف میرے سامنے میرے دوست نے کی؟ پس
جب رسول کریم ﷺ نے مجھے گھومتے ہوئے دیکھا تو
آپ ﷺ سمجھ گئے کہ میں کوئی چیز تلاش کر رہا ہوں جو
مجھے بتائی گئی ہے۔ پس آپ ﷺ نے خود ہی اپنی پیٹھ
سے اپنی چادر اُلٹ دی تو میں نے مہرِ نبوت کو دیکھ کر
پہچان لیا۔ پس میں اسے چومنے کیلئے جھکا اور رونے لگا
تو رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: سامنے آؤ! پس میں
آپ کے سامنے آ کر بیٹھ گیا' پس میں نے آپ ﷺ
کو اپنی ساری بات بتائی جیسے اے ابن عباس! آپ کو
بتائی ہے' تو رسول کریم ﷺ نے پسند کیا کہ اس کو آپ
کے صحابہ کرام سنیں! پھر حضرت سلمان غلامی کی زندگی
میں مصروف کر دیئے گئے حتیٰ کہ بدر واُحد میں شامل نہ
ہو سکے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے سلمان!
اپنے مالک کو مالِ کتابت دے کر آزادی حاصل کر لو۔
پس میں نے اپنے مالک سے کتابت طے کی' تین سو
کھجور کے درخت جو میں اس کیلئے لگا کر پالوں گا اور
چالیس اوقیہ سونا بھی دوں گا۔ رسول کریم ﷺ نے
اپنے صحابہ سے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو! پس ایک
آدمی نے تین درخت' ایک نے بیس' ایک نے پندرہ اور
ایک آدمی نے دس درخت میری امداد کی اور دیگر نے
اپنی اپنی طاقت کے مطابق جوان کا پاس تھا' میری خوب
مدد کی حتیٰ کہ میرے پاس تین سو درخت جمع ہو گئے۔
پس رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے سلمان! جاؤ
اور مجھے بتاؤ حتیٰ کہ میں اس پر اپنا ہاتھ رکھوں۔ میرے

دوستوں نے میری مدد کی یہاں تک کہ میں اپنے کام سے فارغ ہوا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آ کر آپ کو خبر دی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ساتھ اس کی طرف نکلے۔ پس میں نے کھجور کے چھوٹے پودے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب کرنا شروع کیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ رکھا حتیٰ کہ ہم فارغ ہوئے' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں سلمان کی جان ہے' ان میں سے ایک بوٹا بھی مرتا نہیں (حتیٰ کہ مکمل ہوا) میں نے کھجور کے درخت تو اسے پورے کر دیئے لیکن مال میرے ذمہ باقی رہا۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سونا لائے جو مرغی کے انڈے کی مقدار تھا' جو کسی غزوہ کے موقعہ پر ملا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فارسی مکاتب غلام کا کیا بنا؟ پس مجھے بلا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ پکڑ کر اپنا مالِ کتابت ادا کرو' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جو مجھ پر واجب ہے' اس میں سے کتنا حصہ اس کے ساتھ ادا ہوگا؟ فرمایا: اسے پکڑ (اور جا کر مالک کے حوالے کر دو) پس اللہ تعالیٰ خود اپنی جنابِ خاص سے اس کو تیری طرف سے ادائیگی بنا دے گا۔ پس میں نے اس کیلئے اس کا وزن کیا' پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں سلمان کی جان ہے! وہ چالیس اوقیہ تھا۔ پس میں نے ان کا حق ان کو دے دیا۔ (راوی کا بیان ہے:) حضرت سلمان کو آزاد کر دیا گیا اور حضرت سلمان' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ غزوۂ خندق میں

شریک ہوئے پھر اس کے بعد کسی غزوہ میں پیچھے نہیں رہے۔

5943 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ النَّاقِدُ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ، أَنَّهُ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَدِيَّةٍ، فَأَكَلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، وَأَتَاهُ بِصَدَقَةٍ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس ہدیہ لے کر آئے' آپ ﷺ نے خود بھی کھایا اور آپ کے صحابہ نے بھی کھایا' آپ کے پاس صدقہ لایا گیا' آپ نے اس سے نہیں کھایا۔

5944 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ فَرُّوخَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ سَلْمَانُ مِنْ غَيْبَةٍ لَهُ، فَتَلَقَّاهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: أَرْضَاكَ لِلّٰهِ عَبْدًا، قَالَ: فَتَزَوَّجَ فِي كِنْدَةَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الَّتِي يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِهِ إِذِ الْبَيْتُ مُنَجَّدٌ، وَإِذَا فِيهِ نِسْوَةٌ، فَقَالَ: أَتَحَوَّلَتِ الْكَعْبَةُ فِي كِنْدَةَ أَمْ هِيَ حُمْرَةٌ؟ أَمَرَنَا خَلِيلِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ لَا نَتَّخِذَ مِنَ الْمَتَاعِ إِلَّا أَثَاثًا كَأَثَاثِ الْمُسَافِرِ، وَلَا نَتَّخِذَ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا نَنْكِحُ، فَخَرَجَ النِّسْوَةُ وَدَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ، فَقَالَ: يَا هَذِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان غیبہ سے آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو ملے' فرمایا: آپ اللہ کی عبادت پر خوش ہیں' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے قبیلہ کندہ میں شادی کی' جب وہ رات آئی جس وقت آپ نے اپنے گھر والوں کے پاس آنا تھا تو گھر تو اکیلی جگہ پر تھا لیکن اس کے اندر عورتیں تھیں' آپ نے فرمایا: کیا کندہ میں کعبہ تبدیل ہو گیا ہے یا یہ سرخی ہے؟ ہمیں میرے دوست ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم سامان مسافر جتنا بنائیں اور صرف نکاح والی عورتیں اپنے پاس رکھیں' عورتیں آپ کے پاس سے نکلیں' آپ اپنے گھر والوں کے پاس آئے' فرمایا: کیا تو میری نافرمانی یا

5944- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 291 وقال: هكذا رواه الطبراني ورواه البزار فقال عن سلمان قال رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم اذا تزوج أحدكم فكانت ليلة البناء فليصل ركعتين وليأمرها أن تصلي خلفه فان الله جاعل في البيت خيرا وفي اسنادهما الحجاج بن فروخ وهو ضعيف .

أَتَعْصِينِي أَمْ تُطِيعِينِي؟ قَالَتْ: بَلْ أُطِيعُكَ فِيمَا شِئْتَ، قَالَ: إِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَرَنَا إِذَا دَخَلَ أَحَدُنَا بِأَهْلِهِ أَنْ يَقُومَ فَيُصَلِّي، وَيَأْمُرَهَا أَنْ تُصَلِّيَ خَلْفَهُ، وَيَدْعُوَ وَتُؤَمِّنَ ، فَفَعَلَ وَفَعَلَتْ، فَلَمَّا جَلَسَ فِي مَجْلِسِ كِنْدَةَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ كَيْفَ رَأَيْتَ أَهْلَكَ اللَّيْلَةَ؟ فَسَكَتَ فَعَادَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ لَهُ: وَمَا بَالُ أَحَدِكُمْ يَسْأَلُ عَمَّا وَارَتْهُ الْحِيطَانُ وَالْأَبْوَابُ؟ إِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَنْ يَسْأَلَ عَنِ الشَّيْءِ أُجِيبَ أَمْ سَكَتَ عَنْهُ

اطاعت کرے گی؟ اس نے عرض کی: بلکہ تیری چاہت میں تیری اطاعت کروں گی۔ آپ نے فرمایا: میرے خلیل نے مجھے حکم دیا کہ جب ہم میں سے کوئی اپنے گھر والوں کے پاس داخل ہوتو (رات کو) کھڑے ہو کر خود نماز پڑھے اور اہلیہ کو حکم دے کہ وہ اس کے پیچھے کھڑی ہو کر نماز پڑھے مرد دعا کرے اور وہ آمین کہے۔ حضرت سلمان نے یہ کام کی اور آپ کی بیوی نے بھی کیا۔ پس جب آپ بنوکندہ کی مجلس میں آ بیٹھے تو قوم سے ایک آدمی نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ نے صبح کیسے کی؟ رات کو آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا؟ پس آپ خاموش رہے۔ اس نے اپنی بات دُہرائی' آپ نے فرمایا: آپ لوگوں کو کیا ہے کہ اس چیز کے بارے سوال کرتے ہیں جس کو دیواروں اور دروازوں نے چھپایا ہے؟ تم میں سے کسی ایک کیلئے کافی ہے کہ وہ کسی چیز کے بارے سوال کرے۔ اسے جواب دیا جائے یا اس سے خاموشی اختیار کی جائے۔

## أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت انس بن مالک' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5945 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَخَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، أَنَا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' جبکہ آپ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تکیہ آپ کو دیا' حضرت سلمان رضی

5945- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه692' رقم الحديث: 6542.

سَلْمَانُ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا لَهُ، فَقَالَ سَلْمَانُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ عُمَرُ: حَدِّثْنَا يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ، فَأَلْقَاهَا إِلَيَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا سَلْمَانُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْخُلُ عَلَى أَخِيهِ الْمُسْلِمِ فَيُلْقِي لَهُ وِسَادَةً إِكْرَامًا لَهُ إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

اللہ عنہ نے کہا: اللہ بہت بڑا ہے' اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ کہا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! ہمیں کوئی حدیث بتائیں! حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ تکیہ کا سہارا لیے ہوئے تھے' آپ نے میری طرف پھینکا' پھر فرمایا: اے سلمان! جو مسلمان بھائی کے پاس آئے اور وہ اس کی عزت کی خاطر اسے تکیہ پیش کرے تو اللہ اسے بخشش فرما دیتا ہے۔

**5946** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى سَلْمَانَ فَرَأَيْتُ بَيْتَهُ رَثًّا، فَقَالَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ أَنْ يَكُونَ زَادُكُمْ فِي الدُّنْيَا، كَزَادِ الرَّاكِبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے آپ کے گھر کو دیکھا' اس کی حالت ناگفتہ بہ تھی' آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی' آپ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ تمہارے لیے زادِ راہ دنیا میں اتنی ہی کافی ہے جتنی مسافر کے پاس زادِ راہ ہوتی ہے۔

## بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## بریدہ بن حصیب اسلمی' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

**5947** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ الْكِنَانِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس دسترخوان لے کر آیا' اس پر تازہ کھجوریں تھیں' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ



---

**5946**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **245** وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الحسن بن يحيى بن الجعد وهو ثقة .

**5947**- أورده نحوه أحمد في مسنده جلد **5** صفحه **354**' رقم الحديث: **23047** .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّهُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ؟ قَالَ: هَذِهِ صَدَقَةٌ عَلَيْكَ وَعَلَى أَصْحَابِكَ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ إِنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، فَذَهَبَ بِهَا سَلْمَانُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جَاءَهُ سَلْمَانُ بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْمَائِدَةُ؟، قَالَ: هَذِهِ هَدِيَّةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: ادْنُوا فَكُلُوا فَأَكَلَ

صدقہ آپ کے لیے اور آپ کے غلاموں کے لیے ہے' آپ نے فرمایا: اے سلمان! ہم صدقہ نہیں کھاتے ہیں' میں اس کو لے گیا' جب دوسرا دن آیا تو میں آپ کے پاس تازہ کھجوروں کا دسترخوان لایا' آپ نے فرمایا: اس دسترخوان میں کیا ہے؟ عرض کی: یہ تحفہ ہے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ! پس آپ نے خود بھی کھایا۔

## أَبُو الطُّفَيْلِ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## ابوطفیل عامر بن واثلہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5948 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ فَرَدَّهَا، وَأَتَيْتُهُ بِهَدِيَّةٍ فَقَبِلَهَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس صدقہ لے کر آیا' آپ نے واپس کر دیا' میں آپ کے پاس تحفہ لے کر آیا تو آپ نے قبول کر لیا۔

5949 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: أَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هَذِهِ مِنْ ذَهَبٍ، فَلَوْ وُضِعَ أُحُدٌ فِي كِفَّةٍ، وَوُضِعَتْ فِي أُخْرَى لَرَجَحَتْ بِهِ فَكَاكُ رَقَبَتِي

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اتنی مقدار سونا دیا' اگر اس کو ایک ہتھیلی میں رکھا جائے اور وہ دوسرے ہاتھ میں تو اس کے بدلے میری گردن آزاد ہو جائے گی۔

5950 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، ثنا عُبَيْدُ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک ایسا آدمی تھا جس کا تعلق جی والوں سے تھا' ہمارے گاؤں والے ابلق گھوڑوں کی پوجا کیا کرتے



5950- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه 697' رقم الحديث: 6544 .

الْمُكْتِبُ، حَدَّثَنِي أَبُو الطُّفَيْلِ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، وَكَانَ أَهْلُ قَرْيَتِي يَعْبُدُونَ الْخَيْلَ الْبُلْقَ، وَكُنْتُ أَعْرِفُ أَنَّهُمْ لَيْسُوا عَلَى شَيْءٍ، فَقِيلَ لِي: إِنَّ الدِّينَ الَّذِي تَطْلُبُ، إِنَّمَا هُوَ بِالْمَغْرِبِ، فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الْمَوْصِلَ، فَسَأَلْتُ عَنْ أَفْضَلِ رَجُلٍ فِيهَا، فَدُلِلْتُ عَلَى رَجُلٍ فِي صَوْمَعَةٍ، فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ: إِنِّي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ جَيٍّ، وَإِنِّي جِئْتُ أَطْلُبُ الْعِلْمَ وَأَتَعَلَّمُ، فَضُمَّنِي إِلَيْكَ أَخْدُمُكَ وَأَصْحَبُكَ، وتُعَلِّمُنِي مِمَّا عَلَّمَكَ اللَّهُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَصَحِبْتُهُ، فَأَجْرَى عَلَيَّ مِثْلَ مَا كَانَ يُجْرِي عَلَيْهِ الْخَلَّ وَالزَّيْتَ وَالْحُبُوبَ، فَلَمْ أَزَلْ مَعَهُ حَتَّى نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، فَجَلَسْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِيهِ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ؟ قُلْتُ: يُبْكِينِي أَنِّي خَرَجْتُ مِنْ بِلَادٍ أَطْلُبُ الْخَيْرَ، فَرَزَقَنِي اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فَصَحِبْتُكَ فَعَلَّمْتَنِي، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، فَنَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، وَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَذْهَبُ، قَالَ لِي: أَخٌ بِالْجَزِيرَةِ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَهُوَ عَلَى الْحَقِّ فَائْتِهِ، فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، وَأَخْبِرْهُ أَنِّي أَوْصَيْتُ إِلَيْهِ وَأَوْصَيْتُكَ بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَنْ قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الرَّجُلَ الَّذِي وَصَفَ لِي، فَأَخْبَرْتُهُ بِالْخَبَرِ، وَأَقْرَأْتُهُ السَّلَامَ مِنْ صَاحِبِهِ، وَأَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ هَلَكَ وَأَمَرَنِي بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَلَمَّا أَنْ قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ الرَّجُلَ الَّذِي وَصَفَ لِي،

تھے میں پہچانتا تھا کہ ان کا کوئی دین دھرم نہیں ہے' پس مجھ سے کہا گیا: جو دین تُو تلاش کرتا ہے وہ مغرب میں ہے' پس نکل کر موصل میں آیا' پس میں نے دریافت کیا: یہاں کا سب سے زیادہ فضیلت والا آدمی کون ہے؟ پس لوگوں نے ایک آدمی پر میری راہنمائی کی جو اپنے گرجہ میں تھا' پس میں اس کے پاس آیا' میں نے اس سے کہا: میرا تعلق جیّ والوں سے ہے اور میں علم حاصل کرنے آیا ہوں' میں ضرور علم سیکھوں گا' پس میں آپ کو ضمانت دیتا ہوں کہ میں تیری خدمت کرتا ہوں اور تیری سنگت میں رہوں گا اور آپ مجھے اس علم میں سے کچھ سکھا دیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ پس اس نے کہا: ٹھیک ہے! پس میں نے اس کی صحبت اختیار کر لی' مجھے بھی وہی کچھ ملنے لگا جو اسے ملا کرتا تھا یعنی سرکہ' زیتون اور دانے وغیرہ' اس پر موت نازل ہونے تک میں اس کے پاس رہا۔ پس میں اس کے سر کے پاس بیٹھا رو رہا تھا تو اس نے کہا: کیوں روتے ہو؟ میں نے کہا: میں اس لیے روتا ہوں کہ میں اپنے علاقے سے خیر مانگتے ہوئے نکلا' پس اللہ نے مجھے عطا فرمائی' پس میں نے آپ کی سنگت اختیار کی' آپ نے مجھے سکھایا اور خوب سنگت نبھائی' پس آپ کی موت کا وقت آ گیا ہے اور مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا' اس نے مجھے کہا: جزیرہ میں فلاں فلاں جگہ ایک بھائی ہے وہ حق کے راستے پر گامزن ہے' اس کے پاس چلے جاؤ' پس اسے میرا اسلام کہنا' اسے کہنا کہ میں نے آپ کو

فَأَخْبَرْتُهُ وأَوْفَيْتُهُ السَّلَامَ مِنْ صَاحِبِهِ، أَنَّهُ هَلَكَ وَأَمَرَنِي بِصُحْبَتِهِ، قَالَ: فَضَمَّنِي إِلَيْهِ، وَأَجْرَى عَلَيَّ كَمَا كَانَ يُجْرَى عَلَيَّ مَعَ الْآخَرِ، فَصَحِبْتُهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، فَلَمَّا أَنْ نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ جَلَسْتُ عِنْدَ رَأْسِهِ أَبْكِي، فَقَالَ لِي: مَا يُبْكِيكَ؟ قُلْتُ: خَرَجْتُ مِنْ بِلَادِي أَطْلُبُ الْخَيْرَ، فَرَزَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ صُحْبَةَ فُلَانٍ، فَأَحْسَنَ صُحْبَتِي وَعَلَّمَنِي، فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ أَوْصَى بِي إِلَيْكَ فَضَمَمْتَنِي، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، وَعَلَّمْتَنِي، وَقَدْ نَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، فَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَتَوَجَّهُ؟ قَالَ: فَائْتِ أَخًا لِي عَلَى قُرْبِ الرُّومِ، فَهُوَ عَلَى الْحَقِّ فَائْتِهِ، وَاقْرَأْهُ مِنِّي السَّلَامَ واصْحَبْهُ، فَإِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ، فَلَمَّا قُبِضَ الرَّجُلُ خَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُهُ، فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِي، وبِوَصِيَّةِ الْآخَرِ قَبْلَهُ، قَالَ: فَضَمَّنِي إِلَيْهِ، وَأَجْرَى عَلَيَّ كَمَا يُجْرَى عَلَيَّ، فَلَمَّا نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ، جَلَسْتُ أَبْكِي عِنْدَ رَأْسِهِ، فَقَالَ لِي: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقَصَصْتُ قِصَّتِي، قُلْتُ لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ رَزَقَنِي صُحْبَتَكَ، وَأَحْسَنْتَ صُحْبَتِي، وَقَدْ نَزَلَ بِكَ الْمَوْتُ، فَلَا أَدْرِي أَيْنَ أَتَوَجَّهُ؟ قَالَ: لَا أَيْنَ، مَا بَقِيَ أَحَدٌ أَعْلَمُهُ عَلَى دِينِ عِيسَى فِي الْأَرْضِ، وَلَكِنْ هَذَا أَوَانٌ يَخْرُجُ فِيهِ نَبِيٌّ، أَوْ قَدْ خَرَجَ بِتِهَامَةَ فَأَنْتَ عَلَى الطَّرِيقِ لَا يَمُرُّ بِكَ أَحَدٌ إِلَّا سَأَلْتَهُ عَنْهُ، وَإِذَا بَلَغَكَ أَنَّهُ خَرَجَ فَائْتِهِ، فَإِنَّهُ النَّبِيُّ الَّذِي بَشَّرَ بِهِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَآيَةُ

اس کی طرف راہنمائی کی ہے اور اس کی صحبت اختیار کرنے کی وصیت کی ہے' آپ فرماتے ہیں: جب اس آدمی کی روح قبض کر لی گئی تو میں نکلا حتیٰ کہ دوسرے آدمی کے پاس آیا جس کی تعریف پہلے آدمی نے کی تھی۔ پس میں نے اسے مکمل خبر دی اور اپنے ساتھی کا سلام بھی دیا اور اسے میں نے بتایا کہ وہ دنیا سے چلا گیا ہے' اس نے مجھے آپ کی صحبت اپنانے کا حکم دیا۔ آپ فرماتے ہیں: اس نے مجھے اپنے ساتھ ملا لیا اور مجھے بھی وہی سہولتیں حاصل ہو گئیں جو اسے حاصل تھیں' جتنا اللہ نے چاہا میں اس کی صحبت میں رہا پھر اس کی موت کا وقت بھی آ گیا۔ پس جب اس پر موت آنے لگی تو میں اس کے سر کے پاس بیٹھ کر رونے لگا تو اس نے مجھے کہا: تُو کیوں روتا ہے؟ میں نے کہا: میں اپنے شہر سے نکلا تاکہ خیر تلاش کروں' پس اللہ تعالیٰ نے فلاں کی صحبت سے مجھے فائدہ دیا' انہوں نے اچھی صحبت نبھائی اور مجھے تعلیم دی۔ پس جب اس پر موت آئی تو اس نے مجھے آپ کی طرف آنے کی وصیت کی۔ آپ نے مجھے اپنے ساتھ ملایا' اچھی سنگت نبھائی اور مجھے تعلیم دی۔ اب آپ کی موت کا وقت آ گیا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا؟ اس نے کہا: روم کے قریب میرا بھائی موجود ہے' تم اس کے پاس چلے جاؤ! پس وہ حق پر ہے۔ پس تُو اس کے پاس جا۔ اسے میرا سلام کہنا اور کہنا کہ وہ آپ کو اپنی محبت میں رکھے کیونکہ وہ حق پر ہے' پس جب اس کو موت نے آ لیا تو میں نکل کر اس کے

ذَلِكَ أَنَّ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، وَأَنَّهُ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، قَالَ: فَكَانَ لَا يَمُرُّ بِي أَحَدٌ إِلَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ، فَمَرَّ بِي نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَسَأَلْتُهُمْ، فَقَالُوا: نَعَمْ قَدْ ظَهَرَ فِينَا رَجُلٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَقُلْتُ لِبَعْضِهِمْ: هَلْ لَكُمْ إِلَى أَنْ أَكُونَ عَبْدًا لِبَعْضِكُمْ عَلَى أَنْ تَحْمِلُونِي عُقْبَةً، وَتُطْعِمُونِي مِنَ الْكِسَرِ، فَإِذَا بَلَغْتُمْ إِلَى بِلَادِكُمْ، فَإِنْ شَاءَ أَنْ يَبِيعَ بَاعَ، وَإِنْ شَاءَ أَنْ يَسْتَعْبِدَ اسْتَعْبَدَ، فَقَالَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ: أَنَا، فَصِرْتُ عَبْدًا لَهُ حَتَّى قَدِمَ بِي مَكَّةَ، فَجَعَلَنِي فِي بُسْتَانٍ لَهُ مَعَ حُبْشَانٍ كَانُوا فِيهِ، فَخَرَجْتُ وَسَأَلْتُ، فَلَقِيتُ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ بِلَادِي فَسَأَلْتُهَا، فَإِذَا أَهْلُ بَيْتِهَا قَدْ أَسْلَمُوا، وَقَالَتْ لِي: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجْرِ هُوَ وَأَصْحَابُهُ إِذَا صَاحَ عُصْفُورٌ بِمَكَّةَ، حَتَّى إِذَا أَضَاءَ لَهُمُ الْفَجْرُ تَفَرَّقُوا، فَانْطَلَقْتُ إِلَى الْبُسْتَانِ فَكُنْتُ أَخْتَلِفُ لَيْلَتِي، فَقَالَ لِي الْحُبْشَانُ: مَا لَكَ؟ فَقُلْتُ: أَشْتَكِي بَطْنِي، قَالَ: وَإِنَّمَا صَنَعْتُ ذَلِكَ لِئَلَّا يَفْقِدُونِي إِذَا ذَهَبْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَمَّا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِي أَخْبَرَتْنِي الْمَرْأَةُ الَّتِي يَجْلِسُ فِيهَا هُوَ وَأَصْحَابُهُ، خَرَجْتُ أَمْشِي حَتَّى رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هُوَ مُحْتَبٍ وَأَصْحَابُهُ حَوْلَهُ، فَأَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ، فَعَرَفَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي أُرِيدُ، فَأَرْسَلَ حَبْوَتَهُ، فَنَظَرْتُ إِلَى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ

پاس آیا' اس کو میں نے خبر دی اور دوسرے آدمی کی وصیت کے بارے بتایا' اس نے کہا: تم میرے ساتھ مل جاؤ اور مجھے وہی حقوق حاصل ہوئے جو اسے حاصل تھے۔ پس جب اس پر موت کا وقت آیا تو میں اس کے سر کے پاس بیٹھ کر رونے لگا۔ پس اس نے مجھ سے کہا: تجھے کیا چیز رُلاتی ہے؟ پس میں نے اسے سارا قصہ بتایا تو میں نے اس سے کہا: بے شک اللہ نے مجھے تیری صحبت عطا فرمائی اور تُو نے خوب سنگت نبھائی' اب تیری موت کا وقت قریب آ گیا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں؟ اس نے کہا: کہیں نہ جاؤ! نہیں باقی رہ گیا ہے کوئی ایک میرے علم کے مطابق جو دین عیسیٰ علیہ السلام پر ہو زمین میں' لیکن یہ ایسا وقت ہے جس میں ایک نبی ﷺ تشریف لائیں گے یا تہامہ میں آ چکے ہیں' پس تم راستہ پکڑو' جو آدمی بھی تیرے پاس سے گزرے اس سے سوال کرنا' پس جب تجھے معلوم ہو جائے کہ وہ تشریف لائے ہیں تو ان کے پاس چلے جانا کیونکہ وہ ایسے نبی ہیں جن کی بشارت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے اور ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کے کندھوں کے درمیان نبوت کی مہر ہے' دوسری یہ ہے کہ وہ ہدیہ کھاتا ہے اور صدقہ نہیں کھاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: جو بھی ان کے پاس سے گزرتا' میں اس سے سوال کرتا۔ پس میرے پاس سے کچھ مکی لوگ گزرے تو میں نے ان سے سوال کیا' اُنہوں نے کہا: جی ہاں! ہمارے اندر ایک آدمی ظاہر ہوا ہے' جو گمان کرتا ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس

كَتِفَيْهِ، فَقُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، هَذِهِ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلَةُ الْمُقْبِلَةُ لَقَطْتُ تَمْرًا جَيِّدًا، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قُلْتُ هُوَ هَدِيَّةٌ، فَأَكَلَ مِنْهَا، وَقَالَ لِلْقَوْمِ: كُلُوا، قَالَ: قُلْتُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَسَأَلَنِي عَنْ أَمْرِي، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاشْتَرِ نَفْسَكَ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى صَاحِبِي، فَقُلْتُ: بِعْنِي نَفْسِي؟ قَالَ: نَعَمْ، عَلَى أَنْ تُنْبِتَ لِي مِائَةَ نَخْلَةٍ، فَإِذَا أَنْبَتَتْ جِئْنِي بِوَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرِ نَفْسَكَ بِالَّذِي سَأَلَكَ وَائْتِنِي بِدَلْوٍ مِنْ مَاءِ الْبِئْرِ الَّذِي كُنْتَ تَسْقِي مِنْهَا ذَلِكَ النَّخْلَ، قَالَ: فَدَعَا لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا، ثُمَّ سَقَيْتُهَا فَوَاللّٰهِ لَقَدْ غَرَسْتُ مِائَةَ نَخْلَةٍ، فَمَا غَادَرَتْ مِنْهَا نَخْلَةٌ، إِلَّا نَبَتَتْ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّ النَّخْلَ قَدْ نَبَتْنَ، فَأَعْطَانِي قِطْعَةً مِنْ ذَهَبٍ، فَانْطَلَقْتُ بِهَا فَوَضَعْتُهَا فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَوَضَعَ فِي الْجَانِبِ الْآخَرِ نَوَاةً، فَوَاللّٰهِ مَا اسْتَقَلَّتِ الْقِطْعَةُ الذَّهَبُ مِنَ الْأَرْضِ، قَالَ: وَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْتَقَنِي



آ جاؤ! پس وہ مجھے اپنے ساتھ لے گیا حتیٰ کہ وہ اپنی اس غار میں آیا جس میں وہ رہا کرتا تھا' پس اس نے کہا: اے سلمان! یہ روٹی ہے اور یہ سالن ہے' کھاؤ! جب تم بھوکے ہو اور روزہ رکھو جب تم چست ہو اور نماز پڑھو جو تمہارے لیے ظاہر ہو اور سو جاؤ جب تم پر سستی طاری ہو' پھر وہ اپنی نماز میں کھڑا ہو گیا۔ اس نے مجھ سے بس اتنا ہی کلام کیا اور میری طرف دیکھا تک نہیں۔ پس ان سات دنوں میں غم لگا رہا کہ میرے ساتھ کلام کرنے والا ہی کوئی نہیں یہاں تک کہ اتوار کا دن آ گیا۔ پس ہم ان کی اس جگہ گئے جہاں وہ اکٹھے ہوا کرتے تھے' ایک دوسرے سے ملاقات کرتے اور ایک دوسرے کو سلام کہتے' پھر اس طرح کی کسی بات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے۔ فرماتے ہیں: پھر ہم اپنی منزل کی طرف لوٹ کر آ گئے' پس اس نے مجھے وہی بات کہی جو اس نے پہلی بار کہی تھی: یہ روٹی ہے اور یہ سالن ہے' پس اس سے کھاؤ جب تمہیں سخت بھوک لگے اور جب تم چست ہو تو روزہ رکھو اور جو تمہارے لیے ظاہر ہو نماز پڑھو اور جب تم پر سستی طاری ہو جائے تو سو جاؤ۔ پھر وہ اپنی نماز میں مشغول ہو گئے اور میری طرف متوجہ نہ ہوئے اور مجھ سے کوئی کلام نہ کیا' مجھے غم لاحق ہو گیا' میرے جی نے مجھے کہا: بھاگ جاؤ! پس میں نے کہا: دو یا تین اتوار صبر کرتا ہوں۔ جب اتوار آئی تو ہم ان لوگوں کی طرف لوٹے' پس انہوں نے افطار کیا اور سارے اکٹھے ہوئے۔ پس اس نے ان سے کہا: میں بیت المقدس جانا

لَا يَأْمُرُ إِلَّا بِحَقٍّ، وَلَا يَقُولُ إِلَّا حَقًّا، وَاللّٰهِ لَوْ أَدْرَكْتُهُ ثُمَّ أَمَرَنِي أَنْ أَقَعَ فِي النَّارِ لَوَقَعْتُهَا، ثُمَّ خَرَجْنَا مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَمَرَرْنَا عَلَى ذٰلِكَ الْمَقْعَدِ، فَقَالَ لَهُ: دَخَلْتَ فَلَمْ تُعْطِنِي، وَهٰذَا الْخُرُوجُ فَأَعْطِنِي، فَالْتَفَتَ فَلَمْ يَرَ حَوْلَهُ أَحَدًا، قَالَ: فَأَعْطِنِي يَدَكَ، فَأَخَذَهُ بِيَدِهِ، فَقَالَ: قُمْ بِإِذْنِ اللّٰهِ، قَالَ: فَقَامَ صَحِيحًا سَوِيًّا، فَتَوَجَّهَ نَحْوَ أَهْلِهِ، فَأَتْبَعْتُهُ بَصَرِي تَعَجُّبًا مِمَّا رَأَيْتُ، وَخَرَجَ صَاحِبِي فَأَسْرَعَ الْمَشْيَ، وَتَبِعْتُهُ فَتَلَقَّانِي رُفْقَةٌ مِنْ كَلْبٍ أَعْرَابٌ، فَسَبَوْنِي، فَحَمَلُونِي عَلَى بَعِيرٍ، وَشَدُّونِي وَثَاقًا، فَتَدَاوَلَنِي الْبَيَّاعُ حَتَّى سَقَطْتُ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَاشْتَرَانِي رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَجَعَلَنِي فِي حَائِطٍ لَهُ مِنْ نَخْلٍ، فَكُنْتُ فِيهِ، قَالَ: وَمِنْ ثَمَّةَ تَعَلَّمْتُ عَمَلَ الْخُوصِ، أَشْتَرِي خُوصًا بِدِرْهَمٍ، فَأَعْمَلُهُ فَأَبِيعُهُ بِدِرْهَمَيْنِ، فَأَرُدُّ دِرْهَمًا فِي الْخُوصِ، وَأَسْتَنْفِقُ دِرْهَمًا، أُحِبُّ أَنْ آكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِي، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ أَمِيرٌ عَلَى عِشْرِينَ أَلْفًا، فَبَلَغَنَا وَنَحْنُ بِالْمَدِينَةِ أَنَّ رَجُلًا قَدْ خَرَجَ بِمَكَّةَ يَزْعُمُ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَرْسَلَهُ، فَمَكَثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ نَمْكُثَ، فَهَاجَرَ إِلَيْنَا وَقَدِمَ عَلَيْنَا، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأُجَرِّبَنَّهُ، فَذَهَبْتُ إِلَى السُّوقِ، فَاشْتَرَيْتُ لَحْمَ جَزُورٍ بِدِرْهَمٍ ثُمَّ طَبَخْتُهُ، فَجَعَلْتُ قَصْعَةً مِنْ ثَرِيدٍ، فَاحْتَمَلْتُهَا حَتَّى أَتَيْتُهُ بِهَا عَلَى عَاتِقِي، حَتَّى وَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ، أَصَدَقَةٌ أَمْ



چاہتا ہوں' تو اُنہوں نے اس سے کہا: تُو وہاں جانے کا ارادہ کیوں رکھتا ہے؟ اس نے کہا: اس کے ساتھ میرا معاہدہ تو نہیں ہے' انہوں نے کہا: ہمیں خوف ہے کہ تیرے ساتھ کوئی نئی بات ہو جائے اور ہمارے غیر تیرے ساتھی بن جائیں حالانکہ ہمیں پسند ہے کہ ہم تیرے ساتھی ہوں۔ اس نے کہا: میرے لیے ایسا کوئی عہد نہیں ہے' پس جب میں نے اس سے اس بات کا ذکر سنا تو میں خوش ہوا' میں نے کہا: ہم شکر کریں گے اور لوگوں سے ملیں گے' جو مجھے غم تھا وہ دور ہو گیا۔ پس میں اور وہ نکلے' وہ ایک اتوار سے دوسری اتوار تک روزہ رکھا کرتا تھا' ساری رات نماز پڑھتا اور دن کو سفر کرتا تھا۔ پس جب ہم پڑاؤ ڈالتے وہ نماز پڑھنے کھڑا ہو جایا کرتا تھا۔ پس یہی سلسلہ رہا حتیٰ کہ ہم بیت المقدس پہنچ گئے۔ دروازے پر ایک اپاہج موجود تھا جو لوگوں سے سوال کرتا تھا' پس اس نے کہا: مجھے کچھ دو! اس نے جواب دیا: میرے پاس کچھ نہیں! پس ہم بیت المقدس میں داخل ہو گئے' پس جب بیت المقدس والوں نے اسے دیکھا تو خوش ہوئے' پس اس نے ان سے کہا: میرے اس غلام کو لے جاؤ! پس وہ مجھے لے گئے' اُنہوں نے مجھے روٹی اور گوشت کھلایا لیکن وہ آدمی اپنی نماز میں داخل ہو گیا۔ پس وہ میری طرف نہیں آیا یہاں تک کہ اتوار کا دن آ گیا' پھر وہ آیا' پس اس نے کہا: اے سلمان! میں تھوڑی دیر سر رکھنا چاہتا ہوں۔ پس جب سایہ فلاں فلاں جگہ پہنچ جائے تو مجھے جگا دینا' پس اس نے سر رکھا اور سو گیا' پس

هَدِيَّةٌ؟ قُلْتُ: بَلْ صَدَقَةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا بِسْمِ اللّٰهِ، وَأَمْسَكَ وَلَمْ يَأْكُلْ، فَمَكَثْتُ أَيَّامًا، ثُمَّ اشْتَرَيْتُ لَحْمًا أَيْضًا بِدِرْهَمٍ فَأَصْنَعُ مِثْلَهَا، فَاحْتَمَلْتُهَا حَتَّى أَتَيْتُهُ بِهَا فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ، هَدِيَّةٌ أَمْ صَدَقَةٌ؟ قُلْتُ: لَا بَلْ هَدِيَّةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا بِسْمِ اللّٰهِ وَأَكَلَ مَعَهُمْ، قُلْتُ: هَذَا وَاللّٰهِ يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ، وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، فَنَظَرْتُ فَرَأَيْتُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ مِثْلَ بَيْضَةِ الْحَمَامَةِ فَأَسْلَمْتُ

سایہ اس جگہ پہنچ گیا جہاں اس نے کہا تھا لیکن میں نے اسے نہیں جگایا' رحم کھاتے ہوئے' جو میں نے اس کی محنت اور کوشش دیکھی' پس وہ جاگا اس حال میں کہ گھبرایا ہوا تھا۔ اس نے کہا: اے سلمان! کیا میں نے تجھے نہیں کہا تھا کہ جب سایہ فلاں فلاں جگہ پہنچ جائے تو مجھے جگا دینا؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! پس میں نے جو تمہاری عادت دیکھی تو اس پر رحم کھاتے ہوئے نہیں جگایا۔ اس نے کہا: اے سلمان! افسوس! مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ زمانے کی کوئی گھڑی رہ جائے جس میں اللہ کے لیے میں نے کوئی بھلائی کا عمل نہ کیا ہو' پھر اس نے مجھ سے کہا: اے سلمان! جان لے کہ اس وقت ہمارا افضل دین عیسائیت ہے۔ میں نے کہا: اور اس کے بعد نصرانیت سے افضل دین کون سا ہوگا؟ یہ ایسا کلمہ تھا جو میری زبان پر القاء ہوا' اس نے کہا: جی ہاں! اُمید ہے کہ ایک نبی بھیجا جائے جو ہدیہ کھائے گا لیکن صدقہ نہیں کھائے گا اور اس کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت ہوگی۔ پس جب تُو اس کو پالے تو اس کی اتباع و تصدیق کرنا۔ میں نے کہا: اور اگر وہ مجھے حکم دے کہ میں نصرانیت کو چھوڑ دوں؟ اس نے کہا: جی ہاں! ٹھیک ہے (چھوڑ دینا) کیونکہ وہ نبی (برحق) ہوگا' حق کے ساتھ حکم دے گا اور جو بات کرے گا وہ حق ہوگی' قسم بخدا! اگر میں اس نبی کا زمانہ پالوں پھر وہ مجھے حکم دے کہ میں آگ میں چھلانگ لگا دوں تو میں آگ میں بھی پڑ جاؤں۔ پھر ہم بیت المقدس سے نکلے' پس ہم اس

اپاہج کے پاس سے گزرے اس نے کہا: آپ نے داخل ہوتے وقت بھی کچھ نہیں دیا اور اب نکل رہے ہو اب تو کچھ دے جاؤ۔ پس اس نے توجہ فرمائی' پس اس نے اِدھر اُدھر دیکھا تو کوئی فرد بشر نہ تھا' کہا: اپنا ہاتھ مجھے دو! پس اس نے ہاتھ دیا' پس اس نے کہا: اللہ کے حکم سے اُٹھ کھڑا ہو۔ فرماتے ہیں: پس وہ تندرست ہو کر سیدھا کھڑا ہو گیا۔ اس کے بعد میرے صاحب نے اپنے گھر والوں کی طرف منہ کر لیا' پس میں نے اس کا کارنامہ دیکھ کر اسے تعجب کی نگاہ سے دیکھا' میرے صاحب وہاں سے نکلے' وہ چلنے میں جلدی کر رہے تھے' میں اس کے پیچھے چل تو مجھے بنوکلب قبیلے سے ایک دیہاتیوں کا قافلہ ملا تو اُنہوں نے مجھے قید کر لی اور مجھے ایک اونٹ پر سوار کر لیا' میرے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے' پس بیچنے والے مجھے ایک دوسرے کے ہاتھوں بیچتے آئے یہاں تک کہ میں مدینے آ گرا۔ مجھے ایک انصاری نے خرید لیا اور ایک کھجوروں کے باغ میں میری ڈیوٹی لگا دی۔ پس میں اس باغ میں رہتا تھا اور وہیں سے میں نے کھجور و ناریل کے پتوں کی ٹوکریاں بنانا سیکھا' میں نے ایک درہم کے پتے خرید لیے' پس میں نے ان پر کام کیا تو میں نے ان کو دو درہم کے بدلے بیچا۔ پس میں ایک درہم اپنے کاروبار میں لگاتا اور ایک درہم اپنی ذات پر خرچ کرتا' میں پسند کرتا تھا کہ اپنے ہاتھ سے کما کر کھاؤں۔ وہ اس وقت بیس ہزار پر امیر تھے' وہ ہمارے پاس پہنچے اس حال میں کہ ہم مدینہ میں

تھے کہ مکہ میں ایک آدمی پیدا ہوا ہے' جس کا گمان ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ نے اپنا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنایا ہے' پس ہم ٹھہرے جتنا اللہ نے چاہا کہ ہم ٹھہریں' پس وہ ہماری طرف ہجرت کر کے ہم تک پہنچے۔ میں نے کہا: قسم بخدا! میں (تو پہلے) اس کی آزمائش کروں گا۔ پس میں بازار کی طرف گیا' میں نے ایک درہم کے بدلے اونٹ کا گوشت خریدا' پھر میں نے اس کو اچھی طرح سے پکایا۔ اس کے بعد ثرید کا ایک پیالہ تیار کیا۔ پس میں اس یا پنے کندھے پر اُٹھا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا حتیٰ کہ میں نے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رکھ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ صدقہ یا ہدیہ؟ میں نے عرض کی: بلکہ صدقہ ہے۔ پس آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: بسم اللہ کھاؤ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود رُک گئے' آپ نے نہیں کھایا۔ میں کچھ دن ٹھہرا پھر میں نے ایک درہم کا گوشت خرید کر پہلے کی مثل پکایا' اسے اُٹھا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رکھ دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ ہدیہ یا صدقہ؟ میں نے عرض کی: بلکہ ہدیہ ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ اور خود بھی ان کے ساتھ مل کر کھایا۔ میں نے کہا: قسم بخدا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہدیہ کھاتے ہیں لیکن صدقہ نہیں کھاتے۔ پس میں نے نگاہ اُٹھائی تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھی جیسے کبوتری کا انڈہ ہوتا ہے' پس میں نے اسلام قبول کر لیا۔

5987 - ثُمَّ قُلْتُ لَهُ ذَاتَ يَوْمٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ قَوْمٍ النَّصَارَى؟ قَالَ: لَا خَيْرَ فِيهِمْ، وَكُنْتُ أُحِبُّهُمْ حُبًّا شَدِيدًا لِمَا رَأَيْتُ مِنِ اجْتِهَادِهِمْ، ثُمَّ إِنِّي سَأَلْتُهُ بَعْدَ أَيَّامٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ قَوْمٍ النَّصَارَى؟ قَالَ: لَا خَيْرَ فِيهِمْ وَلَا فِيمَنْ يُحِبُّهُمْ، قُلْتُ فِي نَفْسِي: فَأَنَا وَاللّٰهِ أُحِبُّهُمْ، قَالَ: وَذَاكَ وَاللّٰهِ حِينَ بَعَثَ السَّرَايَا، وَجَرَّدَ السَّيْفَ، فَسَرِيَّةٌ تَدْخُلُ، وَسَرِيَّةٌ تَخْرُجُ وَالسَّيْفُ يَقْطُرُ، قُلْتُ: يُحَدَّثُ بِيَ الْآنَ أَنِّي أُحِبُّهُمْ، فَيَبْعَثُ إِلَيَّ فَيَضْرِبَ عُنُقِي، فَقَعَدْتُ فِي الْبَيْتِ، فَجَاءَنِي الرَّسُولُ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ أَجِبْ، قُلْتُ: مَنْ؟ قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: هَذَا وَاللّٰهِ الَّذِي كُنْتُ أَحْذَرُ، قُلْتُ: نَعَمْ حَتَّى أَلْحَقَكَ، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ حَتَّى تَجِيءَ، وَأَنَا أُحَدِّثُ نَفْسِي أَنْ لَوْ ذَهَبَ أَنْ أَفِرَّ، فَانْطَلَقَ بِي فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ، فَلَمَّا رَآنِي تَبَسَّمَ وَقَالَ لِي: يَا سَلْمَانُ أَبْشِرْ، فَقَدْ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْكَ، ثُمَّ تَلَا عَلَيَّ هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ: (الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِهِ هُمْ بِهِ يُؤْمِنُونَ وَإِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ أُولَئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ، وَإِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ أَعْرَضُوا عَنْهُ، وَقَالُوا لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِينَ)

پھر ایک دن میں نے ان سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! نصاریٰ کیسی قوم ہے؟ فرمایا: ان میں کوئی بھلائی نہیں۔ حالانکہ میں ان سے سخت محبت کرتا تھا کیونکہ میں ان کی عبادت میں ان کی کوشش دیکھ چکا تھا' پھر کچھ دنوں کے بعد میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا: اے اللہ کے رسول! (مذہب کے لحاظ سے) عیسائی کیسی قوم ہے؟ فرمایا: نہ ان میں کوئی خیر ہے نہ ان میں جو ان سے محبت کرتے ہیں۔ میں نے اپنے دل میں کہا: پس میں قسم بخدا! ان سے محبت کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں: یہ وہ وقت تھا جب آپ نے چھوٹے لشکر بھیجے اور تلوار بے نیام کی۔ ایک لشکر آتا تو ایک لشکر جاتا اور تلوار سے خون کے قطرے گرتے۔ میں نے کہا: میرے ساتھ گفتگو کی جائے تو اب میں ان سے محبت کرتا ہوں۔ پس وہ میری طرف بھی لشکر بھیجیں اور وہ مجھے قتل کر دیں' پس میں اپنے گھر میں بیٹھ گیا۔ پس ایک قاصد نے ایک دن میرے پاس آ کر کہا: اے سلمان! جواب دو! میں نے عرض کی: کس کو؟ فرمایا: اللہ کے رسول کو۔ میں نے عرض کی: قسم بخدا! میں اس سے پرہیز کرتا ہوں۔ میں نے عرض کی: ٹھیک ہے یہاں تک کہ میں آپ سے آملوں' فرمایا: نہیں! قسم بخدا! یہاں تک کہ تُو آئے حالانکہ میں اپنے دل سے بات کر رہا تھا کہ وہ چلا جائے تو میں بھاگ جاؤں۔ پس وہ مجھے لے چلے تو میں آپ ﷺ تک پہنچا' پس جب آپ ﷺ نے مجھے دیکھا تو تبسم فرمایا اور مجھ سے فرمایا: اے سلمان! تجھے بشارت ہو' پس

، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَوْ أَدْرَكْتُهُ فَأَمَرَنِي أَنْ أَقَعَ فِي النَّارِ لَوَقَعْتُهَا، إِنَّهُ نَبِيٌّ لَا يَقُولُ إِلَّا حَقًّا، وَلَا يَأْمُرُ إِلَّا بِالْحَقِّ

اللہ نے تجھ سے وہ چیز دور کر دی ہے پھر آپ ﷺ نے مجھ پر یہ آیات تلاوت فرمائیں: ''الذین آتیناهم الکتاب الٰی آخره'' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! میں نے اس کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ اگر میں ان کو پالوں تو وہ مجھے حکم دیں کہ میں آگ میں کود جاؤں تو میں اس میں داخل ہو جاؤں کیونکہ وہ نبی (برحق) ہیں حق ہی کہتے ہیں اور حق کے ساتھ ہی حکم ارشاد فرماتے ہیں۔

## أَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## ابوعثمان نہدی حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

## عَاصِمُ بْنُ سَلْمَانَ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ

## عاصم بن سلمان احول حضرت ابوسلمان نہدی سے روایت کرتے ہیں

**5988** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أُشَيْمِطٌ زَانٍ، وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ، وَرَجُلٌ جَعَلَ اللّٰهَ بِضَاعَةً، لَا يَشْتَرِي إِلَّا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمیوں کی طرف اللہ نظر رحمت نہیں کرے گا: بوڑھا زانی' تکبر کرنے والا فقیر' اور وہ آدمی جس کو اللہ نے مال دیا (یا جس نے اللہ کے نام کو مال کمانے کا ذریعہ بنایا) وہ خریدتا بھی قسم کھا کر ہے اور فروخت بھی نام خدا کی قسم کھا کر کرتا ہے۔



**5988**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه78 وقال: رواه الطبراني في الثلاثة الا أنه قال في الصغير والأوسط ثلاثة لا يكلمهم الله ولا يزكيهم ولهم عذاب أليم فذكره ورجاله رجال الصحيح .

بِيَمِينِهِ، وَلَا يَبِيعُ إِلَّا بِيَمِينِهِ

**5989** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا هِشَامُ بْنُ لَاحِقٍ الْمَدَائِنِيُّ أَبُو عُثْمَانَ، سَنَةَ خَمْسٍ وَثَمَانِينَ ومائَةٍ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا أَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الْآخِرَةِ، وَإِنَّ أَهْلَ الْمُنكَرِ فِي الدُّنْيَا أَهْلُ الْمُنكَرِ فِي الْآخِرَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں بھی نیک ہوں گے دنیا میں بُرائی کرنے والے آخرت میں بھی بُرے ہوں گے۔

**5990** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي رَحِمَهُ اللهُ، ثنا هِشَامُ بْنُ لَاحِقٍ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: اسْتَأْذَنَتِ الْحُمَّى عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا: مَنْ أَنْتِ؟ قَالَتْ: أَنَا الْحُمَّى أَبْرِي اللَّحْمَ، وَأَمُصُّ الدَّمَ، قَالَ: اذْهَبِي إِلَى أَهْلِ قُبَاءَ فَأَتَتْهُمْ، فَجَاءُوا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدِ اصْفَرَّتْ وُجُوهُهُمْ، فَشَكَوُا الْحُمَّى إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا شِئْتُمْ، إِنْ شِئْتُمْ دَعَوْتُ اللهَ فَدَفَعَهَا عَنْكُمْ، وَإِنْ شِئْتُمْ تَرَكْتُمُوهَا فَأَسْقَطَتْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ سے بخار نے اجازت مانگی' آپ نے فرمایا: تُو کون ہے؟ اس نے عرض کی: میں بخار ہوں' گوشت کم کرتا ہوں اور خون چوستا ہوں' آپ نے فرمایا: تُو قباء والوں کے پاس چلا جا۔ بخار ان کے پاس آیا' قباء والے حضورﷺ کے پاس آئے' ان کے چہرے زرد ہو چکے تھے' اُنہوں نے رسول اللہﷺ سے بخار کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا: جو تم چاہتے ہو' اگر میں اللہ سے دعا کروں تو تم سے چلا جائے گا' لیکن اگر تم چاہو تو دعا نہیں کرتا ہوں' تمہارے باقی گناہ بھی معاف ہو جائیں گے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ



---

**5989**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 263 وقال: رواه الطبراني وفيه هشام بن لاحق تركه أحمد وقواه النسائي وبقية رجاله ثقات .

**5990**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 306 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه هشام بن لاحق ولقه النسائي وضعفه أحمد وابن حبان .

بَقِيَّةَ ذُنُوبِكُمْ ، قَالُوا: بَلْ تَدَعُهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ

دعا نہ کریں۔

**5991** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكَ ، فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتَاكَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَحَيَّيْتَهُمَا بِأَفْضَلَ مِمَّا حَيَّيْتَنِي؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ لَنْ أَوْ لَمْ تَدَعْ شَيْئًا، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ، فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا) (النساء : 86) ، فَرَدَدْتُ عَلَيْكَ التَّحِيَّةَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا' اُس نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ پر سلامتی ہو! آپ نے فرمایا: تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت ہو اور برکت ہو! پھر دوسرا آیا' اُس نے عرض کی: السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! حضور ﷺ نے اس کا جواب دیا: وعلیک! اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے پاس فلاں فلاں آیا تو آپ نے میرے سلام کے جواب سے اچھا جواب دیا' حضور ﷺ نے فرمایا: آپ نے ہرگز کوئی چیز نہیں چھوڑی' اللہ عزوجل نے فرمایا ہے کہ جب کوئی تم کو سلام کرے تو تم اس سے اچھا یا اس طرح کا جواب دو' میں نے تمہارے سلام کا جواب دیا ہے۔

**5992** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ بْنِ الصَّبَّاحِ، ثنا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: أَتَيْتُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تین مرتبہ زکوٰۃ لے کر آیا' آپ نے فرمایا: تم اپنے اندر شہید کس کو شمار کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! جو اللہ کی راہ میں لڑتا

عاصم بن سلمان عن ابی عثمان

5991- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 33 وقال: رواه الطبراني وفيه هشام بن لاحق قواه النسائي وترك أحمد حديثه وبقية رجاله ثقات .

5992- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1521 رقم الحديث: 1915 . وأورد نحوه أحمد في مسنده جلد 2 صفحه 441 رقم الحديث: 9693 .

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالزَّكَاةِ ثَلَاثَ مِرَارٍ، فَقَالَ: مَا تَعُدُّونَ الشَّهِيدَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: الَّذِي يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ شُهَدَاءَ أُمَّتِي إِذَنْ لَقَلِيلٌ، الْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ شَهَادَةٌ، وَالطَّاعُونُ شَهَادَةٌ، وَالنُّفَسَاءُ شَهَادَةٌ، وَالْحَرْقُ شَهَادَةٌ، وَالْغَرَقُ شَهَادَةٌ، وَالسُّلُّ شَهَادَةٌ، وَالْبَطْنُ شَهَادَةٌ

ہوا شہید ہو جائے' آپ نے فرمایا: پھر تو میری اُمت میں شہداء کم ہوں گے' جواللہ کی راہ میں لڑے اور طاعون کی بیماری اور حالتِ نفاس میں اور جل کر مرنے والا' ڈوب کر مرنے والا' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا بھی شہید ہیں۔

**5993** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَبَّانَ، ثنا مِنْدَلٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَعُدُّونَ الشَّهِيدَ فِيكُمْ؟ ، قَالُوا: الَّذِي يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ شُهَدَاءَ أُمَّتِي إِذَنْ لَقَلِيلٌ، الْقَتْلُ شَهَادَةٌ، وَالطَّاعُونُ شَهَادَةٌ، وَالْبَطْنُ شَهَادَةٌ، وَالنُّفَسَاءُ شَهَادَةٌ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تین مرتبہ زکوۃ لے کر آیا' آپ نے فرمایا: تم اپنے اندر شہید کس کو شمار کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! جواللہ کی راہ میں لڑتا ہوا شہید ہو جائے' آپ نے فرمایا: پھر تو میری اُمت میں شہداء کم ہوں گے' جواللہ کی راہ میں لڑے اور طاعون کی بیماری اور حالتِ نفاس میں اور جل کر مرنے والا' ڈوب کر مرنے والا' پیٹ کی بیماری میں مرنے والا بھی شہید ہیں۔

**5994** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: تُعْطَى الشَّمْسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَرَّ عَشْرِ سِنِينَ، ثُمَّ تُدْنَى مِنْ جَمَاجِمِ النَّاسِ -فَذَكَرَ الْحَدِيثَ -، قَالَ: فَيَأْتُونَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُونَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، أَنْتَ الَّذِي فَتَحَ اللَّهُ بِكَ، وَغَفَرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن سورج کی گرمی دس سال کے فاصلے سے آئے گی' پھر لوگوں کی کھوپڑیوں کے قریب ہو جائے گا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگ حضور ﷺ کے پاس آئیں گے' وہ عرض کریں گے: یارسول اللہ! آپ وہ ہیں جس کے ذریعے اللہ نے فتح دی ہے اور آپ کے وسیلۂ مبارک سے اللہ



---

5994- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه371 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

وَمَا تَأَخَّرَ، وَقَدْ تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا، فَيَقُولُ: أَنَا صَاحِبُكُمْ، فَيَخْرُجُ يَحُوشُ النَّاسَ، حَتَّى يَنْتَهِيَ إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَأْخُذُ بِحَلْقَةٍ فِي الْبَابِ مِنْ ذَهَبٍ، فَيَقْرَعُ الْبَابَ، فَيُقَالُ: مَنْ هَذَا؟ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ، فَيُفْتَحُ لَهُ، فَيَجِيءُ حَتَّى يَقُومَ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ، فَيَسْجُدَ، فَيُنَادِي ارْفَعْ رَأْسَكَ، سَلْ تُعْطَهُ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَذَلِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُودُ

نے آپ کی اُمت کے پہلے اور پچھلے گناہ معاف کیے ہیں' آپ دیکھتے ہیں کہ جس حالت میں ہم ہیں' آپ ہماری شفاعت کریں' ہمارے رب کے ہاں۔ آپ نے فرمایا: میں تمہارا ساتھی ہوں' لوگ نکالے جائیں گے یہاں تک کہ جنت کے دروازے کے پاس آئیں گے دروازے سے ایک حلقہ پکڑیں گے اور دروازہ کھٹکھٹائیں گے' کہا جائے گا: کون؟ کہا جائے گا: محمد! آپ کے لیے دروازہ کھولا جائے گا' آپ اللہ عزوجل کے سامنے کھڑے ہوں گے' آپ سجدہ کریں گے' آواز دی جائے گی: اپنا سر مبارک اُٹھائیں' آپ مانگیں آپ کو عطا کیا جائے گا' آپ شفاعت کریں آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی' یہ ہی مقامِ محمود ہے۔



5995 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ كُلَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكُنْ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ السُّوقَ، وَلَا آخِرَ مَنْ يَخْرُجُ مِنْهَا، فَفِيهَا بَاضَ الشَّيْطَانُ وَفَرَّخَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بازار میں پہلے داخل نہ ہو اور آخر میں نہ نکلو' بازار میں شیطان انڈے دیتا ہے اور بچے نکالتا ہے۔

5996 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بُنْدَارٍ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ

---

5995- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه77 وقال: وفي رواية فانها معركة أو قال مربض الشيطان وبها ينصب رايته رواه الطبراني في الكبير وفي الرواية الأولى القاسم بن يزيد فان كان هو الجرمي فهو ثقة وبقية رجاله رجال الصحيح وفي الثانية يزيد بن سفيان وهو ضعيف .

5996- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه288 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: جَاءَ قَوْمٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ: أَلَكُمْ طَعَامٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَكُمْ شَرَابٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَقَالَ: فَتُصَفُّونَهُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: وَتُبَرِّدُونَهُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ مَعَادَهُمَا كَمَعَادِ الدُّنْيَا، يَقُومُ أَحَدُكُمْ إِلَى خَلْفِ بَيْتِهِ، فَيُمْسِكُ عَلَى أَنْفِهِ مِنْ نَتْنِهِ

لوگ حضورﷺ کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کھانا ہے' اُنہوں نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تمہارے پاس مشروب ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تم اسے گرم کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تم اس کو ٹھنڈا کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: دونوں کا ٹھکانہ دنیا کے ٹھکانہ کی طرح ہے' تم میں سے کوئی اپنے گھر کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے' اپنے ناک پر بدبو کی وجہ سے کوئی چیز رکھ لیتا ہے۔

## سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ

## سلیمان تیمی' حضرت ابوعثمان نہدی سے روایت کرتے ہیں

**5997** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ الرَّجُلُ بِأَرْضٍ قِيٍّ، فَحَانَتِ الصَّلَاةُ فَلْيَتَوَضَّأْ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ مَاءً فَلْيَتَيَمَّمْ، فَإِنْ أَقَامَ صَلَّى مَعَهُ مَلَكَاهُ، وَإِنْ أَذَّنَ وَأَقَامَ صَلَّى خَلْفَهُ مِنْ جُنُودِ اللّٰهِ مَا لَا يُرَى طَرَفَاهُ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب کوئی چکنی ہموار زمین میں ہو اور نماز کا وقت ہو جائے تو وہ وضو کرے' اگر پانی نہ پائے تو تیمم کرے' اگر نماز کے لیے کھڑا ہو تو اس کے ساتھ دو فرشتے ہوں گے' اور اگر اس نے اذان دی اور اقامت پڑھی تو اس کے پیچھے اللہ کا لشکر نماز پڑھے گا' جنہیں اُس کی آنکھ نہیں دیکھ سکے گی۔

**5998** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ نَافِعٍ الْأَرْسُوفِيُّ، ثنا

حضرت ابوعثمان فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے اسلام لانے کے متعلق بتایا کہ جب



---

**5997**- مصنف عبد الرزاق جلد 1 صفحه 510' رقم الحديث: **1955** .

**5998**- البخاری فی صحیحه جلد 2 صفحه 910' رقم الحديث: **2437** .

السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِي إِسْلَامِهِ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ صَنَعْتُ طَعَامًا، فَجِئْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا هَذَا يَا سَلْمَانُ؟ قُلْتُ: صَدَقَةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا، وَلَمْ يَأْكُلْ، ثُمَّ إِنِّي رَجَعْتُ حَتَّى جَمَعْتُ طَعَامًا فَأَتَيْتُهُ بِهِ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا سَلْمَانُ؟، قُلْتُ: هَدِيَّةٌ، فَضَرَبَ بِيَدِهِ فَأَكَلَ، وَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا

حضورﷺ مدینہ تشریف لائے تو میں نے آپ کے لیے کھانا تیار کیا' میں وہ لے کر حضورﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے سلمان! کیا ہے؟ میں نے عرض کی: صدقہ ہے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ! آپ نے خود نہیں کھایا' پھر میں واپس آیا تو میں نے مال جمع کر کے کھانا پکایا' میں آپ کے پاس لایا' آپ نے فرمایا: اے سلمان! یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: ہدیہ ہے' آپ نے اپنا دست مبارک مارا' خود تناول فرمایا اور اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ!

**5999** - قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَخْبِرْنِي عَنِ النَّصَارَى؟ قَالَ: لَا خَيْرَ فِيهِمْ وَلَا فِيمَنْ أَحَبَّهُمْ، فَقُمْتُ وَأَنَا مُثْقَلٌ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا) (المائدة: 82)، حَتَّى بَلَغَ: (تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ) (المائدة: 83)، فَأَرْسَلَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: يَا سَلْمَانُ إِنَّ أَصْحَابَكَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ ذَكَرَ اللَّهُ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے عیسائیوں کے متعلق بتائیں! آپ نے فرمایا: ان میں بھلائی نہیں ہے' ان سے محبت نہ کر' میں کھڑا ہوا' میں نے بوجھ محسوس کیا' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''ضرور تم مسلمانوں کو سب سے بڑھ کر دشمن یہودیوں اور مشرکوں کو پاؤ گے اور ضرور تم مسلمانوں کی دشمنی میں سب سے زیادہ قریب ان کو پاؤ گے' جو کہتے تھے کہ ہم نصاریٰ ہیں' یہ اس میں عالم اور درویش ہیں اور جب سنتے ہیں وہ جو رسول اللہﷺ کی طرف اُترا تو ان کی آنکھیں دیکھو کہ آنسوؤں سے اُبل رہی ہیں' اس کے لیے وہ حق کو پہچان گئے' کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے' تو ہمیں گواہوں میں لکھ لے۔ حضورﷺ نے میری طرف پیغام بھیجا' مجھے فرمایا: اے سلمان! یہ آپ کے وہ ساتھی ہیں جن کا اللہ نے ذکر کیا ہے۔

**6000** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الصُّورِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ نَافِعٍ الْأَرْسُوفِيُّ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَغَسَهُ اللهُ مَالًا وَوَلَدًا، فَقَالَ لِأَهْلِهِ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَأَحْرِقُونِي، حَتَّى إِذَا صِرْتُ فَحْمًا فَاسْحَقُونِي، ثُمَّ اذْرُونِي، فَإِنَّ رَبِّي إِنْ يَقْدِرْ عَلَيَّ يُعَذِّبْنِي عَذَابًا لَا يُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ، فَفَعَلُوا ذَلِكَ، فَأَمَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ فَجُمِعَ، فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: خَشْيَتُكَ أَيْ رَبِّ، فَغَفَرَ لَهُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ نَافِعٍ الْأَرْسُوفِيُّ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، وَقَالَ: اذْرُوا نِصْفِي فِي الْبَرِّ، وَنِصْفِي فِي الْبَحْرِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں ایک آدمی تھا' اللہ عزوجل نے اس کو مال اور اولاد دی تھی' اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا' جب میں راکھ ہو جاؤں تو میری مٹی ہواؤں میں اُڑا دینا' میرا رب مجھ پر طاقت رکھتا ہے کہ مجھے عذاب دے' جہان والوں میں سے کسی کو عذاب نہیں دے گا' اُنہوں نے ایسے ہی کیا' اللہ عزوجل نے اس کے اعضاء کو جمع کرنے کا حکم دیا' وہ اللہ کے سامنے کھڑا تھا' اللہ عزوجل نے فرمایا: تجھے ایسا کرنے پر کس چیز نے اُبھارا؟ اُس نے عرض کی: اے رب! میں تجھ سے ڈر گیا تھا' اللہ عزوجل نے اسے بخش دیا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں اور اس میں اضافہ ہے کہ آدھا خشکی میں اور آدھا سمندر میں ڈالنا۔

**6001** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا سَيْفُ بْنُ هَارُونَ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفِرَاءِ وَالسَّمْنِ وَالْجُبْنِ، فَقَالَ: الْحَلَالُ مَا أَحَلَّ اللهُ فِي كِتَابِهِ،

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے گاؤخر' گھی اور پنیر کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: جو اللہ نے اپنی کتاب میں حلال کیا وہ حلال ہے' جس کو اللہ نے اپنی کتاب میں حرام کیا وہ حرام ہے' جس کو بیان نہیں کیا وہ معاف ہے۔

سلیمان التیمی عن ابی عثمان النهدی

6001- الترمذی جلد4صفحه220' رقم الحدیث: 1726 .

وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ، وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَا عَنْهُ

**6002** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَشْعَثُ بْنُ أَشْعَثَ السَّعْدَانِيُّ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُسْلِمَ يُصَلِّي وَخَطَايَاهُ مَرْفُوعَةٌ عَلَى رَأْسِهِ، كُلَّمَا سَجَدَ تَحَاتَّتْ، فَيَفْرُغُ حِينَ يَفْرُغُ مِنْ صَلَاتِهِ، وَقَدْ تَحَاتَتْ خَطَايَاهُ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان نماز پڑھتا ہے اس حال میں کہ اس کے گناہ اس کے سر پر چڑھے ہوئے ہوتے ہیں جب سجدہ کرتا ہے تو وہ گر جاتے ہیں پس وہ فارغ ہوتا ہے جس وقت وہ اپنی نماز سے فارغ ہوتا ہے اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

**6003** - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْرَقُ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَا: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ مِائَةَ رَحْمَةٍ، رَحْمَةٌ مِنْهَا يَتَرَاحَمُ بِهَا هَذَا الْخَلْقُ، وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اپنی رحمت کے سو حصے کیے ہیں نانوے حصے رحمت کے قیامت کے دن پورے کرے گا ایک حصہ دنیا میں بھیجا ہے اس کے ذریعے مخلوق آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرتی ہیں۔

**6004** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ،

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

**6002**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **300** وقال: رواه الطبراني في الكبير والصغير والبزار وفيه أشعث بن أشعث السعداني ولم أجد من ترجمه .

**6003**- اورد نحوه احمد في مسنده جلد **5** صفحه **439**' رقم الحديث: **23771** .

**6004**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **151** وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابو عبد الله البصري قال الذهبي لا يعرف وبقية رجاله ثقات .

ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَرَكَةُ فِي ثَلَاثَةٍ: فِي الْجَمَاعَةِ، وَالثَّرِيدِ، وَالسُّحُورِ

حضورﷺ نے فرمایا: برکت تین چیزوں میں ہے: جماعت ثرید اور سحری میں۔

**6005** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ، ثنا أَبُو مَوْدُودٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تقدیر کو دعا ٹال دیتی ہے اور عمر میں اضافہ نیکی سے ہوتا ہے۔

**6006** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، أنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَرَادِ، فَقَالَ: أَكْثَرُ جُنُودِ اللَّهِ فِي الْأَرْضِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے ٹڈیوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: زمین میں اللہ کا لشکروں سے زیادہ ہیں۔

**6007** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

6005- الترمذی جلد4صفحه448' رقم الحدیث: 2139 .

6006- أورد نحوه ابو داؤد فی سننه جلد 3صفحه357 رقم الحدیث: 3813 . وكذلك ابن ماجه جلد 2صفحه1073 رقم الحدیث: 3219 .

6007- الحاكم فی مستدركه جلد1صفحه718' رقم الحدیث: 1962 .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَا: ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَسْتَحِي مِنَ الْعَبْدِ أَنْ يَرْفَعَ إِلَيْهِ يَدَيْهِ فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل حیاء کرتا ہے کہ بندہ دعا کے لیے ہاتھ اُٹھائے اور ان دونوں کو خالی واپس کرے۔

**6008** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكُنْ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ السُّوقَ، وَلَا آخِرَ مَنْ يَخْرُجُ مِنْهَا، فَإِنَّهَا مَعْرَكَةُ -أَوْ قَالَ مَرْبَضُ- الشَّيْطَانِ، وَبِهَا رَايَتُهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے بازار میں داخل ہونے والا نہ بن اور سب سے آخر میں نکلنے والا بھی نہ بن کیونکہ یہ معرکۂ شیطان ہیں یا فرمایا: شیطان کے باڑے ہیں (ان میں شر پھیلاتا ہے) اور میں نے یہیں اس کو دیکھا ہے۔

**6009** - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا، حَتَّى يَرِيَهُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے پیٹ کو قے سے بھرے وہ (بُرے) اشعار بھرنے سے بہتر ہے۔

**6010** - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَنْبٌ لَا يُغْفَرُ، وَذَنْبٌ لَا يُتْرَكُ، وَذَنْبٌ يُغْفَرُ، فَأَمَّا الَّذِي لَا يُغْفَرُ فَالشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَأَمَّا الَّذِي يُغْفَرُ، فَذَنْبٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ

حضور ﷺ نے فرمایا: ایک گناہ جو نہیں بخشا جاتا ہے ایک گناہ چھوڑا نہیں جاتا ہے ایک گناہ ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے وہ گناہ جو نہیں بخشا جاتا وہ اللہ کے ساتھ شرک ہے وہ گناہ جو بخشا جاتا ہے وہ اللہ اور اس

سلیمان التیمی عن ابی عثمان النهدی

---

6009- مسلم جلد4صفحه1769 رقم الحديث: 2258 . والبخاري جلد5صفحه2279 رقم الحديث: 5802 .

6010- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه348 وقال: رواه الطبراني في الكبير والصغير وفيه يزيد بن سفيان بن عبد الله بن رواحة وهو ضعيف تكلم فيه ابن حبان وبقية رجاله ثقات .

وَجَلَّ، وَأَمَّا الَّذِي لَا يُتْرَكُ فَظُلْمُ الْعِبَادِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

کے بندہ کے درمیان ہے وہ گناہ جو نہیں چھوڑا جاتا ہے وہ بندوں کا آپس میں ظلم کرنا ہے۔

6011 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں ایک دن نگہبانی کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے تم میں سے کسی ایک کے لیے کمان کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

6012 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا زِيَادٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَمْنَعَنَّ نِدَاءُ بِلَالٍ أَحَدَكُمْ مِنْ سُحُورِهِ، فَإِنَّمَا بِلَالٌ يُؤَذِّنُ لِيُرَجِّعَ قَائِمَكُمُ الَّذِي فِي الصَّلَاةِ، وَيُنَبِّهَ نَائِمَكُمْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کو بلال کی سحری کی اذان کھانے پینے سے نہ روکے بلال اذان دیتے ہیں تاکہ وہ واپس چلے جائیں جو نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں اور اپنے سوئے ہوؤں کو بھی جگائیں۔

6013 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ أَنَّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے پہلے آمین نہ کہو۔



---

6011- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد3صفحه1059' رقم الحديث: 2735 .

6012- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه153 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه سهل بن زياد وثقه أبو حاتم وفيه كلام لا يضر .

6013- ابو داؤد جلد1صفحه246' رقم الحديث: 937 .

بِلَالًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْبِقْنِي بِآمِينَ

**6014** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ آدَمَ ثَلَاثٌ: وَاحِدَةٌ لِي، وَوَاحِدَةٌ لَكَ، وَوَاحِدَةٌ بَيْنِي وَبَيْنَكَ، أَمَّا الَّتِي لِي: تَعْبُدُنِي لَا تُشْرِكُ بِي شَيْئًا، وَأَمَّا الَّتِي لَكَ: فَمَا عَمِلْتَ مِنْ عَمَلٍ جَزَيْتُكَ بِهِ، فَإِنْ أَغْفِرْ فَأَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ، وَأَمَّا الَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ: فَمِنْكَ الدُّعَاءُ وَالْمَسْأَلَةُ وَعَلَيَّ الِاسْتِجَابَةُ وَالْإِعْطَاءُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے انسان! تین چیزیں ہیں' ایک میرے لیے ہے اور ایک تیرے لیے ہے اور ایک میرے اور تیرے درمیان ہے' وہ جو میرے لیے ہے وہ میری عبادت ہے' میرے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرا' وہ جو تیرے لیے ہے جو عمل کرے گا میں اس کی جزاء دوں گا' میں بخش دوں گا' میں غفور رحیم ہوں' وہ جو میرے اور تیرے درمیان ہے' وہ دعا مانگتا ہے اور میرے ذمہ قبول کرنا اور دینا ہے۔

**6015** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَكَلَ الطِّينَ أَعَانَ عَلَى قَتْلِ نَفْسِهِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے مٹی کھائی' اُس نے خودکشی پر مدد کی۔

## ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

## ثابت بنانی' حضرت ابوعثمان' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے



---

**6014**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 149 وقال: رواه البزار عن حميد بن الربيع عن علي بن عاصم وطلاهما ضعيف وقد وثقا .

**6015**- البيهقي في السنن الكبرى جلد 10 صفحه 11 .

## رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

روایت کرتے ہیں

6016 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ أَتَى الْمَسْجِدَ، فَهُوَ زَائِرُ اللَّهِ، وَحَقٌّ عَلَى الْمَزُورِ أَنْ يُكْرِمَ الزَّائِرَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے گھر سے اچھا وضو کرے' پھر مسجد میں آئے' وہ اللہ کی ملاقات کرنے والا ہے' اور میزبان پر حق ہے کہ ملاقات کرنے والے کی عزت کرے۔

6017 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَشْرَسَ الْوَرَّاقُ، ثنا أَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلَّى، فَقَالَ: أَلَا رَجُلٌ يَتَصَدَّقُ عَلَى هَذَا، فَيُصَلِّيَ مَعَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھا چکے تھے' آپ نے فرمایا: کیا کوئی آدمی اس پر صدقہ کرے گا' اس کے ساتھ نماز پڑھ کر۔

## سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

## سعید الجریری' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6018 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

6016- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 31 وقال: رواه الطبراني في الكبير واحد أسانيده رجاله رجال الصحيح .

6017- الدارمي في سننه جلد 1 صفحه 367 رقم الحديث: 1368 . وابو داؤد جلد 1 صفحه 157 رقم الحديث: 574 .

6018- اخرج نحوه مسلم جلد 4 صفحه 2061 رقم الحديث: 2675 . وكذلك البخاري جلد 6 صفحه 2694 رقم الحديث: 6970' جلد 6 صفحه 2741 رقم الحديث: 7098 .

عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَفَعَهُ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَإِذَا أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: جب میرا بندہ میرے قریب ایک بالشت آتا ہے تو میری رحمت ایک ہاتھ آتی' جب میرے پاس ایک ہاتھ آتا ہے تو میری رحمت دو ہاتھ آتی ہے' جب میرے پاس چل کر آئے تو میری رحمت دوڑ کر آتی ہے۔

**6019** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا شَدَّادٌ أَبُو طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَفَعَ قَوْمٌ أَكُفَّهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَسْأَلُونَهُ شَيْئًا، إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يَضَعَ فِي أَيْدِيهِمُ الَّذِي سَأَلُوا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگ اپنی ہتھیلیاں کوئی شی مانگنے کے لیے اللہ کی بارگاہ میں اُٹھاتے ہیں' اللہ عزوجل پر حق ہے کہ جو وہ مانگ رہا ہیں' وہ ان کے ہاتھوں میں ڈالے۔

**6020** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، قَالَا: ثنا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ: كَتَبَ سَلْمَانُ إِلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ يَا أَخِي لِيَكُنِ الْمَسْجِدُ بَيْتَكَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمَسْجِدُ بَيْتُ كُلِّ تَقِيٍّ،

حضرت ابوعثمان فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا: اے میرے بھائی! مسجد آپ کا گھر ہونا چاہیے کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسجد ہر پرہیزگار کا گھر ہے' جو اس کی مسجدوں کو گھر بناتے ہیں' اللہ تعالیٰ ان کیلئے ضامن ہوتا ہے کہ ان کو آرام دے' اپنی رحمت عطا کرے اور پل صراط سے گزرنا آسان کرے۔



---

**6019**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **169** وقال: قلت له حديث في هذا رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

**6020**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **22** وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه صالح المزى وهو ضعيف .

وَقَدْ ضَمِنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ كَانَ الْمَسَاجِدُ بُيُوتَهُ الرَّوْحَ، وَالرَّحْمَةَ، وَالْجَوَازَ عَلَى الصِّرَاطِ

## دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ

## داؤد بن ابو ہند' حضرت ابوعثمان نہدی سے' وہ حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

**6021** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِائَةَ رَحْمَةٍ، كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، مِنْهَا رَحْمَةٌ وَاحِدَةٌ فِيهَا تَعْطِفُ الْوَالِدَةُ عَلَى وَلَدِهَا، وَالْوَحْشُ بَعْضُهَا عَلَى بَعْضٍ، وَأَخَّرَ تِسْعًا وَتِسْعِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس دن زمین و آسمان کو پیدا کیا' سو رحمتیں پیدا کیں' ہر رحمت کے درمیان زمین و آسمان کے درمیان جتنا فرق ہے' ایک رحمت دنیا میں بھیجی ہے' اس کے ذریعے' ماں باپ' اولاد پر شفقت کرتے ہیں اور وحشی ایک دوسرے سے' اور ننانوے قیامت تک کے لیے روک لی ہیں۔

**6022** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ شُعْبَةَ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا عَمِّي، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوءَهُ، إِلَّا كَانَ زَائِرَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَحَقٌّ عَلَى الْمَزُورِ أَنْ يُكْرِمَ زَائِرَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے گھر سے اچھا وضو کرے' پھر مسجد میں آئے' وہ اللہ کی ملاقات کرنے والا ہے' اور میزبان پر حق ہے کہ ملاقات کرنے والے کی عزت کرے۔

## عَوْنُ بْنُ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## عدی بن ابوشداد' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6023** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، ثنا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَدَا إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ أُعْطِيَ رُبُعَ الْإِيمَانِ، وَمَنْ غَدَا إِلَى السُّوقِ أُعْطِيَ رَايَةَ إِبْلِيسَ، وَهُوَ مَعَ أَوَّلِ مَنْ يَغْدُو وَآخِرِ مَنْ يَرُوحُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو صبح کی نماز کے لیے آئے' اس کو ایمان کا چوتھا حصہ دیا جائے گا' جو بازار آئے گا اس کو ابلیس کا جھنڈا دیا جائے گا' وہ صبح سب سے پہلے آنے والے اور شام سب سے آخر میں جانے والے کے ساتھ ہوتا ہے۔

**6024** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، ثنا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا اور عنقریب غریبوں میں آئے گا۔

## جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُونٍ الْأَنْمَاطِيُّ، عَنْ أَبِي

## جعفر بن میمون انماطی' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان



---

6023- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه77 وقال: قلت روى ابن ماجه بعضه رواه الطبراني في الكبير وفيه عبس بن ميمون وهو ضعيف متروك .

6024- اخرج نحوه مسلم جلد1صفحه130 رقم الحديث: 145' جلد1صفحه131 رقم الحديث: 146 .

## عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

## سے روایت کرتے ہیں

**6025** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُونٍ، سَمِعَ أَبَا عُثْمَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَسْتَحْيِي إِذَا رَفَعَ الْعَبْدُ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا لَا شَيْءَ فِيهِمَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ضرور حیاء فرماتا ہے جب بندہ اپنے ہاتھ (اس کے سامنے) اُٹھاتا ہے کہ ان کو خالی لوٹا دے' ان میں کوئی شی ہی نہ ہو۔

## أَبُو الْعَوَّامِ الْجَزَّارُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## ابوالعوام الجزار' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6026** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الذَّارِعُ، ثنا فَائِدٌ أَبُو الْعَوَّامِ الْجَزَّارُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْجَرَادِ، فَقَالَ: ذَاكَ أَكْثَرُ جُنُودِ اللّٰهِ، لَا آكُلُهُ، وَلَا أُحَرِّمُهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ٹڈیوں کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: یہ زمین میں اللہ کے لشکروں سے زیادہ ہیں' نہ میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ حرام کرتا ہوں۔

## الْجَعْدُ أَبُو عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

## جعد ابوعثمان' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے



---

6025- أورد نحوه الترمذي جلد5صفحه556' رقم الحديث: 3556 . وأبو داؤد جلد2صفحه78' رقم الحديث: 1488 .

## رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

**6027** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَعْدًا أَبَا عُثْمَانَ يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا لَقِيَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَأَخَذَ بِيَدِهِ تَحَاتَّتْ عَنْهُمَا ذُنُوبُهُمَا، كَمَا تَتَحَاتُّ الْوَرَقُ مِنَ الشَّجَرَةِ الْيَابِسَةِ فِي يَوْمِ رِيحٍ عَاصِفٍ، وَإِلَّا غُفِرَ لَهُمَا، وَلَوْ كَانَتْ ذُنُوبُهُمَا مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

## روایت کرتے ہیں

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسلمان جب اپنے مسلمان بھائی سے ملتا ہے تو اس کا ہاتھ پکڑتا ہے' دونوں کے گناہ گر رہے ہوتے ہیں جس طرح سخت ہوا کے وقت خشک پتے گرتے ہیں' دونوں کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اگرچہ ان دونوں کے گناہ سمندر کی جاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

## عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

**6028** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَأَخَذَ غُصْنًا مِنْ أَغْصَانِهَا يَابِسًا فَهَزَّهُ

## علی بن زید بن جدعان' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوعثمان نہدی فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک درخت کے نیچے تھا' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے ایک خشک ٹہنی کو پکڑا' اسے کھینچا تو اس کے پتے گرنے لگے' پھر آپ نے فرمایا: تُو نے مجھ سے پوچھا نہیں ہے کہ میں نے ایسا کیوں کیا؟ میں نے عرض کی: آپ نے ایسے کیوں کیا؟



---

**6155** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: عَدَا عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ عَلَى لِقَاحِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقَهَا، قَالَ سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ الْأَسْلَمِيُّ: فَخَرَجْتُ بِقَوْسِي وَنَبْلِي، وَكُنْتُ أَرْمِي الصَّيْدَ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، نَظَرْتُ فَإِذَا هُمْ يَطْرُدُونَهَا، فَعَدَوْتُ فِي الْجَبَلِ فِي سَلْعٍ، ثُمَّ صِحْتُ: يَا صَبَاحَاهُ، فَانْتَهَى صِيَاحِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصِيحَ فِي النَّاسِ: الْفَزَعَ الْفَزَعَ، وَخَرَجْتُ أَرْمِيهِمْ، وَأَقُولُ: خُذُوهَا وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ، فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ رَأَيْتُ خَيْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ تَخَلَّلُ الشَّجَرَ، فَلَحِقَهُمْ ثَمَانِيَةُ فُرْسَانٍ، وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ لَحِقَهُمْ أَبُو قَتَادَةَ بْنُ رِبْعِيٍّ، فَطَعَنَ رَجُلًا مِنْ بَنِي فَزَارَةَ يُقَالُ لَهُ مَسْعَدَةُ، فَنَزَعَ بُرْدَتَهُ، فَجَلَّلَهُ إِيَّاهَا، ثُمَّ مَضَى فِي أَثَرِ الْعَدُوِّ مَعَ الْفُرْسَانِ، فَمَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ فَزِعَ النَّاسُ، وَهُمْ يَقُولُونَ: أَبُو قَتَادَةَ مَقْتُولٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بِأَبِي قَتَادَةَ، وَلَكِنَّهُ قَتِيلُ أَبِي قَتَادَةَ خَلُّوا عَنْهُ

حضرت عیینہ بن حصن رضی اللہ عنہ' رسول کریم ﷺ کی اونٹنی کے پیچھے دوڑے جبکہ وہ چوری ہو گئی تھی' حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنی کمان اور تیر لے کر نکلا جبکہ میں شکار پر تیراندازی کیا کرتا تھا حتیٰ کہ میں جب ثنیۃ الوداع کے مقام پر تھا تو میں نے دیکھا' اچانک میری نگاہ پڑی تو وہ اس کو لے جا رہے تھے' پس میں سلع کے پہاڑ میں دوڑا۔ پھر میں نے چیخ ماری: اے صبح کی مصیبت! پس میری چیخ و پکار رسول کریم ﷺ تک پہنچی' پس لوگوں میں چیخ و پکار ہونے لگی: گھبراہٹ! گھبراہٹ! جبکہ میں نکلا اس حال میں کہ ان پر تیراندازی کر رہا تھا اور زبان سے کہہ رہا تھا: اسے پکڑو! میں سلمہ بن اکوع ہوں! فوراً ہی میں نے دیکھا کہ رسول کریم ﷺ کے گھوڑے (آپ ﷺ کے بھیجے ہوئے) ہیں۔ یہ درخت کے پیچھے تھے' پس آٹھ شاہسواران کو پیچھے سے جا ملے اور جو سب سے پہلے ان کو ملے وہ حضرت ابوقتادہ ربعی تھے۔ پس انہوں نے بنی فزارہ کے ایک آدمی کو نیزہ مارا جس کا نام مسعدہ تھا۔ پس اس کی چادر چھین لی اور اس سے اس کو ڈھانپ لیا۔ پھر شاہسواروں کے ساتھ دشمن کے پیچھے چلے' پس رسول کریم ﷺ اس حال میں گزرے کہ لوگ گھبرائے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے: ابوقتادہ



**6155**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه143 وقال: رواه الطبراني وفيه موسى بن محمد بن ابراهيم التيمي وهو ضعيف .

، وَعَنْ سَلَبِهِ ، ثُمَّ قَالَ: أَمْعِنُوا فِي أَثَرِ الْقَوْمِ فَأَمْعَنُوا وَاسْتَنْقَذُوا مَا اسْتَنْقَذُوا مِنَ اللِّقَاحِ، وَذَهَبُوا بِمَا بَقِيَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ: وَفِي الْحَدِيثِ: وَكَانَ يُسَمِّيهِمُ الَّذِينَ خَرَجُوا فِي طَلَبِ اللِّقَاحِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ، وَالْمِقْدَادُ بْنُ عَمْرٍو، وَهُوَ الَّذِي يُقَالُ لَهُ ابْنُ الْأَسْوَدِ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ، وَمُحْرِزُ بْنُ نَضْلَةَ الْأَسَدِيُّ حَلِيفُ بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ قِيلَ لَمْ يُقْتَلْ مِنَ الْقَوْمِ غَيْرُهُ، وَمِنَ الْأَنْصَارِ سَعْدُ بْنُ زَيْدٍ الْأَشْهَلِيُّ، وَهُوَ أَمِيرُ الْقَوْمِ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ الْأَشْهَلِيُّ، وَظَهِيرُ بْنُ رَافِعٍ الْحَارِثِيُّ، وَأَبُو قَتَادَةَ بْنُ رِبْعِيٍّ السُّلَمِيُّ، وَمُعَاذُ بْنُ مَاعِصٍ الزُّرَقِيُّ، وَكَانَ أَبُو عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ أَحَدَ النَّفَرِ الْخَمْسَةِ

قتل کیے گئے ہیں، پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابوقتادہ کو کچھ نہیں ہوا، لیکن ابوقتادہ کے مقتول ان سے اور ان کے سامان الگ ہوئے ہیں۔ پھر فرمایا: قوم کے قدموں کے نشانات دیکھ کر ان کی جستجو میں آگے بڑھتے چلے جاؤ۔ پس وہ آگے بڑھے، پس انہوں نے پکڑ لیا، جن اونٹنیوں کو پکڑ لیا اور باقی کو وہ لے کر چلے گئے۔ حضرت محمد بن طلحہ فرماتے ہیں: حدیث میں ہے: جو لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کی تلاش میں نکلے، ان کے نام یہ ہیں: عکاشہ بن محصن، مقداد بن عمرو انہیں کو بنوزہرہ کے حلیف ابن اسود کہا جاتا ہے اور بنوعبدشمس کے حلیف محرز بن نضلہ اسدی ہیں، کہا گیا ہے کہ قوم میں سے ان کے علاوہ شہید کوئی نہیں ہوا اور انصار میں سے سعد بن زید اشہلی یہ قوم کے سردار تھے، عباد بن بشر اشہلی، ظہیر بن رافع حارثی، ابوقتادہ بن ربعی سلمی اور معاذ بن ماعص زرقی اور یہ ابوعیاش زرقی ہیں جو پانچ کے گروہ میں سے ایک تھے۔

6156 - قَالَ: أَقْبَلْتُ عَلَى فَرَسٍ لِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا عَيَّاشٍ، لَوْ أَعْطَيْتَ هَذَا الْفَرَسَ مَنْ هُوَ أَفْرَسُ مِنْكَ قَالَ: قُلْتُ: أَنَا أَفْرَسُ الْعَرَبِ، فَمَا جَرَى الْفَرَسُ خَمْسِينَ ذِرَاعًا حَتَّى طَرَحَنِي، فَكَسَرَ رِجْلِي، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَحَمَلْتُ عَلَى فَرَسِي ابْنَ عَمِّي مُعَاذَ بْنَ مَاعِصٍ الزُّرَقِيَّ

فرماتے ہیں: میں اپنے گھوڑے پر آگے بڑھا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوعیاش! اگر میں تمہیں یہ گھوڑا دوں جو تیرے گھوڑے سے بہتر ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: میں تمام عرب سے بڑا شاہسوار ہوں، پس گھوڑا پچاس ہاتھ نہیں چلا تھا حتیٰ کہ مجھے گرا دیا، پس میری ٹانگ ٹوٹ گئی، پس میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا، پس میں نے اپنے گھوڑے پر اپنے چچا کے بیٹے معاذ بن ماعص زرقی

کو سوار کیا۔

## مَا رَوَى مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

## وہ حدیث جو موسیٰ بن محمد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن ابی ربیعہ' حضرت سلمہ بن اکوع سے روایت کرتے ہیں

**6157** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنى مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ الْأَكْوَعِ يَقُولُ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي أَكُونُ فِي الصَّيْدِ، وَأُصَلِّي، وَلَيْسَ عَلَيَّ إِلَّا قَمِيصٌ وَاحِدٌ؟ قَالَ: زِرَّهُ، وَلَوْ لَمْ تَجِدْ إِلَّا شَوْكَةً

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں شکار کرتا ہوں اور نماز پڑھتا ہوں' میں نے ایک قمیص پہنی ہوتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو بٹن لگا' اگر بٹن نہ پائے تو کانٹا لگالے۔

## يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ

## حضرت سلمہ کے غلام یزید بن ابوعبید' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

**6158** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے حوالے سے حدیث بیان کی جو میں نے نہیں فرمائی تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

---

6157- الحاكم في مستدركه جلد1صفحه379' رقم الحديث: 913 .

6158- أحمد في مسنده جلد1صفحه65 رقم الحديث: 469' جلد5صفحه310 رقم الحديث: 22692 .

النَّارِ

**6159** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، ثُمَّ تَنَحَّيْتُ، فَقَالَ: يَا سَلَمَةُ، أَلَا تُبَايِعُ؟ قُلْتُ: قَدْ بَايَعْتُ، قَالَ: أَقْبِلْ، فَبَايِعْ فَدَنَوْتُ فَبَايَعْتُهُ قُلْتُ: عَلَامَ بَايَعْتَ يَا أَبَا مُسْلِمٍ؟ قَالَ: عَلَى الْمَوْتِ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی حدیبیہ کے دن بیعت کی' پھر میں لیٹا تو آپ نے فرمایا: اے سلمہ! کیا آپ بیعت نہیں کریں گے؟ میں نے عرض کی: میں نے بیعت کی ہے' آپ نے فرمایا: آؤ بیعت کرو! میں قریب ہوا اور میں نے بیعت کی۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: میں نے عرض کی کہ اے ابومسلم! یہ بیعت کس لیے تھی؟ آپ نے فرمایا: موت پر۔

**6160** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَمَعَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، كَانَ يُؤَمِّرُهُ عَلَيْنَا

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شریک ہوا اور زید بن حارثہ کے ساتھ سات غزوات' آپ کو ہم پر امیر بنایا جاتا تھا۔

**6161** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ: أُحُدٌ وَحُنَيْنٌ، وَخَيْبَرُ، وَالْحُدَيْبِيَةُ، وَيَوْمُ ذِي قَرَدٍ قَالَ: وَنَسِيتُ بَقِيَّتَهُ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شریک ہوا: اُحد' حنین' خیبر' حدیبیہ' ذی قرد کے دن۔ راوی کا بیان ہے: میں باقی کے نام بھول گیا۔

**6162** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: خَرَجْتُ أُرِيدُ الْغَابَةَ، فَسَمِعْتُ غُلَامًا لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ يَقُولُ:

حضرت سلمہ فرماتے ہیں: میں جنگل کی طرف جانے کیلئے نکلا تو میں نے عبدالرحمٰن بن عوف کے غلام کو کہتے ہوئے سنا: رسول کریم ﷺ کی اونٹنی کو پکڑ لیا گیا'



---

6160- أورد نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد9صفحه40 .

6162- البخاري جلد3صفحه1106' رقم الحديث: 2876 .

أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: مَنْ أَخَذَهَا؟ قَالَ: غَطَفَانُ وَفَزَارَةُ، فَصَعِدْتُ الثَّنِيَّةَ، فَقُلْتُ: يَا صَبَاحَاهُ، يَا صَبَاحَاهُ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ أَسْعَى فِي آثَارِهِمْ حَتَّى اسْتَنْقَذْتُهَا مِنْهُمْ، وَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ الْقَوْمَ عِطَاشٌ أَعْجَلْنَاهُمْ أَنْ يُسْبِقُوا لِسَقِيهِمْ، قَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ، مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ، إِنَّ الْقَوْمَ غَطَفَانَ يُقْرَوْنَ

میں نے عرض کی: اس کو کس نے پکڑا ہے؟ فرمایا: غطفان اور فزارہ نے۔ پس میں ثنیہ کے مقام پر چڑھا اور میں نے کہا: اے صبح کی مصیبت! اے صبح کی مصیبت! پھر میں ان کے قدموں کے نشانات دیکھتا ہوا چلا حتیٰ کہ میں نے ان سے اس کو چھڑا لیا' اسی حال میں کہ رسول کریم ﷺ اپنے صحابہ کے ایک گروہ میں آئے' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قوم کو پیاس لگی ہے' ہم نے جلدی جلدی ان کی مشکوں کو پکڑا' فرمایا: اے ابن اکوع! تُو مالک ہے' بے شک غطفان کی قوم مہمان نواز ہے۔



**6163** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْمِصْرِيُّ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ، مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّةً، وَمَسَحَ رَأْسَهُ مَرَّةً، وَسَلَّمَ مَرَّةً

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے ایک مرتبہ اعضاءِ وضو کو دھویا اور ایک مرتبہ سر کا مسح کیا اور ایک مرتبہ سلام پھیرا۔

**6164** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَرْدَفَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے اپنی اونٹنی پر اپنے پیچھے سوار کیا یہاں تک کہ ہم مدینہ میں داخل ہوئے۔

**6165** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کی صبح فرمایا: کل یہ جھنڈا ایسے آدمی

أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْلَةَ صَبِيحَةِ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا لِرَجُلٍ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَإِذَا بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَعْطَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

کو دوں گا جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہوگا' اللہ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا۔ وہ آدمی حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے' رسول اللہ ﷺ نے آپ کو جھنڈا دیا' اللہ نے آپ کے ہاتھ پر فتح دے دی۔

**6166** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُنَادِيًا يَوْمَ عَاشُورَاءَ يُنَادِي: مَنْ كَانَ لَمْ يَصُمْ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ صَامَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عاشوراء کے دن ایک اعلان کرنے والے کو بھیجا کہ اعلان کرو کہ جس نے روزہ نہیں رکھا' وہ اپنا بقیہ دن روزہ میں رہے اور جس نے روزہ رکھا ہے وہ روزہ مکمل کرے۔

**6167** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَتَوَارَتْ بِالْحِجَابِ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز مغرب پڑھاتے' جب سورج غروب ہو جاتا اور اندھیرا ہو جاتا۔

**6168** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلِّ عَلَى هَذِهِ؟ قَالَ: هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟ قِيلَ: لَا، قَالَ:

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا تھا' آپ کے پاس جنازہ لایا گیا' عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس کی نمازِ جنازہ پڑھائیں گے؟ آپ نے فرمایا: اس نے کوئی شی چھوڑی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض



---

6166- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه798' رقم الحديث: 1135 .

6167- مسلم جلد1صفحه441' رقم الحديث: 636 .

6168- أحمد في مسنده جلد4صفحه50,47 .

هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوا: لَا ' فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَبَيْنَا أَنَا قَائِمٌ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالَ: هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوا: لَا ' قَالَ: هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟ قَالُوا: نَعَمْ، ثَلَاثَةُ دَنَانِيرَ، قَالَ: ثَلَاثُ كَيَّاتٍ ثُمَّ لَبِثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالَ: هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ قَالَ أَبُو قَتَادَةَ: عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ دَيْنُهُ، فَصَلَّى عَلَيْهِ

ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی' ہم اسی حالت میں ٹھہرے تھے کہ دوسرا جنازہ لایا گیا' آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس نے کوئی شی چھوڑی ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: ہاں! تین دینار' آپ نے فرمایا: تین سانپ ہیں' سو ہم تھوڑی دیر ٹھہرے جتنا اللہ نے چاہا۔ تیسرا جنازہ لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اس نے کوئی شی چھوڑی ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس کے ذمہ قرض ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ پڑھو۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کا قرض میرے ذمہ ہے' پھر آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی۔

يزيد عن سلمة

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالُوا: صَلِّ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے کہ ایک جنازہ لایا گیا' اُنہوں نے عرض کی: یاسول اللہ! اس کا نمازِ جنازہ پڑھائیں۔ اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

**6169** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَفَرٍ مِنْ أَسْلَمَ يَنْتَضِلُونَ فَقَالَ: ارْمُوا يَا بَنِي

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ قبیلہ اسلم والوں کے پاس سے گزرے' وہ تیر اندازی کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے بنی اسماعیل! تیراندازی کرو کیونکہ تمہارے والد تیراندازی

6169- البخاری جلد 3 صفحہ 1062 رقم الحدیث: 2743' جلد 3 صفحہ 1234 رقم الحدیث: 3193' جلد 3 صفحہ 1292 رقم الحدیث: 3316.

إِسْمَاعِيلَ، فَقَدْ كَانَ أَبُوكُمْ رَامِيًا، ارْمُوا وَأَنَا مَعَ بَنِي فُلَانٍ فَأَمْسَكَ أَحَدُ الْفَرِيقَيْنِ بِأَيْدِيهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكُمْ لَا تَرْمُونَ؟ قَالُوا: نَرْمِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَنْتَ مَعَهُمْ؟ قَالَ: ارْمُوا، وَأَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ

کرتے تھے اور میں بنی فلاں کے ساتھ ہوں' دونوں فریقوں میں سے ہرایک فریق نے اپنے ہاتھ میں تیر روک لیے' حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم تیراندازی نہیں کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس کے خلاف تیراندازی کریں حالانکہ آپ ان کے ساتھ ہیں' آپ نے فرمایا: تیراندازی کرو' میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَوْمٍ مِنْ أَسْلَمَ يَتَنَاضَلُونَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور قبیلہ اسلم کی قوم کے پاس سے گزرے' وہ تیراندازی کررہے تھے۔

**6170** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ، فَسِرْنَا لَيْلًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرٍ: يَا عَامِرُ، أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيَّاتِكَ، وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا، فَنَزَلَ يَحْدُو بِالْقَوْمِ، يَقُولُ:

(البحر الرجز)

اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ... وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَاغْفِرْ بِذَلِكَ مَا اقْتَضَيْنَا ... وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے' ہم رات چلتے رہے' لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: حضرت عامر سے' اے عامر! کیا آپ ہمیں اپنے اشعار نہیں سنائیں گے؟ حضرت عامر شاعر آدمی تھے' آپ اُترے اور اشعار پڑھنے لگے:

''اے اللہ! اگر تُو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ زکوٰۃ دیتے اور نہ نماز پڑھتے'

جو ہمارے متعلق فیصلہ کیا معاف فرما اور لڑائی کے وقت ہمارے قدموں کو ثابت رکھ'

انہوں نے ہم سے پہلے بغاوت کی' جب پکارا گیا ہم آئے''۔



6170- مسلم جلد3صفحه1427' رقم الحديث: 1702 .

إِنَّ الْأُولَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا ... إِنَّا إِذَا صِيحَ بِنَا أَتَيْنَا

وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوا عَلَيْنَا

فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَذَا السَّائِقُ؟ قَالُوا: عَامِرُ بْنُ الْأَكْوَعِ، قَالَ: يَرْحَمُهُ اللَّهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَجَبَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ أَمْتَعْتَنَا بِهِ قَالَ: فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ، فَحَاصَرْنَاهُمْ حَتَّى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيدَةٌ، ثُمَّ إِنَّ اللَّهَ فَتَحَهَا عَلَيْنَا، فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ مَسَاءَ الْيَوْمِ الَّذِي فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ رَأَى قُدُورًا كَثِيرَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذِهِ النِّيرَانُ؟ عَلَى أَيِّ شَيْءٍ تُوقِدُونَ؟ قَالُوا: عَلَى لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْرِيقُوهَا وَاكْسِرُوهَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ: أَوْ نُهَرِيقُهَا؟ قَالَ: أَوْ ذَاكَ فَلَمَّا انْصَرَفَ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ فِيهِ قِصَرٌ، فَتَنَاوَلَ سَاقَ يَهُودِيٍّ، فَضَرَبَهُ، وَتَرَجَّعَ ذُبَابُ سَيْفِهِ، فَأَصَابَ رُكْبَةَ عَامِرٍ، فَمَاتَ مِنْهُ، فَحَزِنْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَأَى مَا بِي: مَا لَكَ؟ قُلْتُ لَهُ: فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي، زَعَمُوا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبُوا، مَنْ قَالَهُ؟ إِنَّ لَهُ الْأَجْرَ مَرَّتَيْنِ، إِنَّهُ جَاهِدٌ مُجَاهِدٌ

حضورﷺ نے فرمایا: چلنے والا کون ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: عامر بن اکوع۔ آپ نے فرمایا: اللہ اس پر رحم کرے! قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! واجب ہوگئی' کاش ہم اس سے فائدہ اُٹھاتے پس ہم خیبر آئے' ہم نے ان کا محاصرہ کیا حتیٰ کہ ہمیں سخت بھوک لگی' پھر اللہ عزوجل نے ہم پر مہربانی کی' جب لوگوں نے شام کی تو اس شام کے دن کا وہ ہے' ان پر فتح ہوں' بہت زیادہ ہانڈیاں دیکھیں' حضورﷺ نے فرمایا: یہ آگ کیسی ہے؟ کس شی کے نیچے جل رہی ہے؟ اُنہوں نے کہا: پالتو گدھوں کے گوشت کے نیچے۔ حضورﷺ نے فرمایا: بہا دو اور ہانڈیاں توڑ دو۔ ایک آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا بہا دی جائے' یا کیا کیا جائے؟ جب لوگ چلے گئے تو عامر کی تلوار چھوٹی تھی' وہ یہودی کی پنڈلی کو لگی' اس کو لگی' تلوار آگے پلٹی' حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے گھٹنے پر لگی' حضرت عامر رضی اللہ عنہ اس وجہ سے فوت ہوئے' میں پریشان ہوا' جب حضورﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: آپ کو کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! عامر کے اعمال ختم ہو گئے' لوگ گمان کرتے ہیں' حضورﷺ نے فرمایا: جس نے کہا ہے وہ جھوٹ بولتے ہیں' اس کے لیے دُگنا ثواب ہے' اس نے جہاد کیا ہے۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَیْ عَامِرُ، لَوْ أَسْمَعْتَنَا مِنْ هَنَيَاتِكَ فَنَزَلَ يَحْدُو، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف گئے‘ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اے عامر! آپ ہمیں اشعار سنائیں! آپ اُترے اور اشعار سنانے لگے۔

6171 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَقَحًا لا عَقِيمًا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کی عادت تھی کہ جب سخت ہوا چلتی تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم لقحًا لا عقيمًا''۔

6172 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْأَشْجَعِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحْلِفُ أَحَدٌ عَلَى الْمِنبَرِ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ إِلَّا تَبَوَّأَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو کوئی منبر پر جھوٹی قسم اُٹھائے‘ اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

6173 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حَاتِمٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى الْحَجَّاجِ،

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حجاج کے پاس آئے‘ حجاج نے کہا: اے ابن اکوع! آپ پیچھے پھر گئے ہیں‘ آپ دیہاتی ہو گئے‘ حضرت



---

6171- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه135 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط ورجاله رجال المغيرة بن عبد الرحمن وهو ثقة .

6172- الطبراني في الأوسط جلد8صفحه77‘ رقم الحديث:8014 .

6173- مسلم جلد3صفحه1486‘ رقم الحديث:1862 . والبخاري جلد6صفحه2597‘ رقم الحديث:6676 .

فَقَالَ: يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ، ارْتَدَدْتَ عَلَى عَقِبِكَ تَبَدَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذِنَ لِي فِي الْبَدْوِ

سلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! بلکہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے دیہات میں رہنے کی اجازت دی ہے۔

**6174** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّهُ كَانَ يَسْجُدُ مَوْضِعَ الْمُصْحَفِ، يُسَبِّحُ فِيهِ، وَيَذْكُرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَحَرَّى ذَلِكَ الْمَكَانَ

حضرت یزید بن ابوعبید فرماتے ہیں کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ مصحف کی جگہ پر سجدہ کرتے اس میں نفل ادا کرتے اور ذکر کرتے کہ رسول اللہ ﷺ اس جگہ کو تلاش کرتے تھے۔

**6175** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: جَاءَ عَامِرٌ عَمِّي، فَقَالَ: اعْطِنِي سِلَاحَكَ، فَأَعْطَيْتُهُ، ثُمَّ جِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: ابْغِنِي سِلَاحًا، قَالَ: فَأَيْنَ سِلَاحُكَ؟ قُلْتُ: أَعْطَيْتُهُ عَامِرًا عَمِّي، قَالَ: مَا أَجِدُ أَحَدًا يُشْبِهُكَ إِلَّا الَّذِي قَالَ: هَبْ لِي أَخًا أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي فَأَعْطَانِي قَوْسَهُ وَمِجَنَّهُ وَثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ مِنْ كِنَانَتِهِ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے چچا حضرت عامر رضی اللہ عنہ آئے فرمایا: مجھے اسلحہ دو! میں نے آپ کو دیا' پھر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: مجھے ہتھیار کی تلاش ہے' آپ نے فرمایا: تیرا اپنا ہتھیار کہاں ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اپنے چچا عامر کو دے دیا ہے' آپ نے فرمایا: میں کسی کو تیرے مشابہ نہیں پاتا مگر جس کو تُو نے دیا ہے' آپ نے فرمایا: مجھے اپنا بھائی اپنی ذات کے لیے پسند ہے' مجھے آپ نے کمان' ڈھال اور کنانہ کے تین تیر دیئے۔

**6176** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ يَوْمَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں خیبر کے دن بھوک لگی' لوگوں نے آگ جلائی' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آگ کیسی جل رہی ہے؟



---

6174- أورده نحوه أحمد في مسنده جلد4صفحه54 .

6175- أحمد في مسنده جلد4صفحه54 .

6176- البخاري جلد5صفحه2094 رقم الحديث: 5178' جلد5صفحه2332 رقم الحديث: 5972 .

خَيْبَرَ، وَأَوْقَدَ النَّاسُ النِّيرَانَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذِهِ النِّيرَانُ؟ قَالُوا: الْحُمُرُ الْأَهْلِيَّةُ، قَالَ: أَهْرِيقُوا مَا فِيهَا ' وَاكْسِرُوا الْقُدُورَ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوْ نُهْرِيقُ مَا فِيهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ: أَوْ ذَاكَ

اُنہوں نے عرض کی: پالتو گدھوں کا گوشت پکایا جا رہا ہے' آپ نے فرمایا: جو ان ہانڈیوں میں ہے اسے بہا دو اور ہانڈیاں توڑ دو۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! جو اس میں ہے اس کو بہا دیتے ہیں اور اس کو دھو لیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: یا یہ کرلو۔

**6177** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: كُنَّا فِي رَمَضَانَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' مَنْ شَاءَ صَامَ، وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ، وَافْتَدَى بِطَعَامِ مِسْكِينٍ حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (فَمَنْ شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ) (البقرة: 185)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں رمضان کا مہینہ آیا' آپ نے فرمایا: جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے نہ رکھے اور اس کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دے' یہ آیت نازل ہوئی: ''جب تم میں سے ماہِ رمضان پائے تو وہ روزہ رکھے۔ (تو فرمایا: اب ہر بندے کو فدیہ دینے کی اجازت نہیں ہے)

## بُرَيْدَةُ بْنُ سُفْيَانَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ

## بریدہ بن سفیان اسلمی' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

**6178** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي بُرَيْدَةُ بْنُ سُفْيَانَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دیا' آپ نے اُنہیں خیبر کے بعض قلعوں کی طرف بھیجا' وہ لڑے پھر واپس چلے آئے لیکن فتح نہ ہوئی' آپ نے



---

6177- مسلم جلد 2 صفحہ 802' رقم الحدیث: 1145 . والحاکم فی مستدرکہ جلد 1 صفحہ 584' رقم الحدیث: 1538 . والبیهقی فی سننه الکبری جلد 4 صفحہ 200' رقم الحدیث: 7685 .

6178- مسند الرویانی جلد 2 صفحہ 262' رقم الحدیث: 1172 .

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى الرَّايَةَ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، فَبَعَثَهُ إِلَى بَعْضِ حُصُونِ خَيْبَرَ، فَقَاتَلَ، ثُمَّ رَجَعَ، وَلَمْ يَكُنْ فَتْحٌ، وَقَدْ جَهَدَ، فَقَالَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ، لَيْسَ بِفَرَّارٍ فَدَعَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَهُوَ أَرْمَدُ، فَتَفَلَ فِي عَيْنَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: خُذْ هَذِهِ الرَّايَةَ، حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ لَكَ قَالَ سَلَمَةُ: فَخَرَجَ وَاللّٰهِ يُهَرْوِلُ هَرْوَلَةً، وَأَنَا خَلْفَهُ أَتَّبِعُ أَثَرَهُ، حَتَّى رَكَزَ الرَّايَةَ فِي رَضْمِ حِجَارَةٍ، فَاطَّلَعَ عَلَيْهِ يَهُودِيٌّ مِنْ رَأْسِ الْحِصْنِ، فَقَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ الْيَهُودِيُّ: غَلَبْتُهُمْ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى مُوسَى، فَمَا رَجَعَ حَتَّى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

انکار کر دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: کل یہ جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو گا' اللہ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا' وہ بھاگنے والا نہیں ہے۔ پھر آپ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو بلایا' اُن کی آنکھوں میں تکلیف تھی' آپ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن ڈالا' پھر فرمایا: یہ جھنڈا لے لو' اللہ تمہیں فتح دے گا۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ تیزی سے نکلے' اللہ کی قسم! میں آپ کے پیچھے چلا' آپ نے پتھر پر جھنڈا گاڑا' قلعہ کے اوپر سے یہودی نے دیکھا' اس نے کہا: آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں علی بن ابوطالب ہوں' یہودی نے کہا: تم غالب آ گئے ہو اور جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوا' اس کی قسم! آپ واپس آئے' اللہ نے آپ کے دستِ مبارک پر فتح دے دی۔

## عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ

## سائب بن یزید کے غلام عطا' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

**6179** - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَطَاءٌ مَوْلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ:

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آج میں جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہوں گے اور وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو گا' حضور ﷺ نے مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف



---

6179- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1872' رقم الحديث: 2407 . وكذلك البخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1086' رقم الحديث: 2812 .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، وَيُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ، فَبَعَثَنِي نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَلِيٍّ فَجِئْتُ بِهِ، وَكَانَ أَرْمَدَ فَتَفَلَ فِي عَيْنَيْهِ

بھیجا' میں آپ کو لے کر آیا' آپ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' آپ ﷺ نے اپنا لعابِ اطہر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں ڈالا۔

## يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنْ سَلَمَةَ

## یزید بن خصیفہ' حضرت سلمہ سے روایت کرتے ہیں

**6180** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ فَمَا رَأَيْتُهُ يُصَلِّي بَعْدَ الْفَجْرِ ' وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ قَطُّ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کیا' میں نے نمازِ فجر اور عصر کے بعد آپ کو نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

## زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ

## زید بن عبدالرحمٰن' حضرت سلمہ بن اکوع سے روایت کرتے ہیں

**6181** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: أَقْبَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ الْعَقِيقِ حَتَّى إِذَا كُنَّا عَلَى الثَّنِيَّةِ الَّتِي يُقَالُ لَهَا ثَنِيَّةُ الْحَوْضِ الَّتِي بِالْعَقِيقِ أَوْمَأَ بِيَدِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَقَالَ: إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى مَوَاقِعِ عَدُوِّ اللّٰهِ الْمَسِيحِ، إِنَّهُ يُقْبِلُ حَتَّى يَنْزِلَ مِنْ كَذَا حَتَّى يَخْرُجَ إِلَيْهِ غَوْغَاءُ النَّاسِ، مَا مِنْ نَقْبٍ مِنْ أَنْقَابِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مقامِ عقیق سے آیا' جب ہم مقامِ ثنیہ پر آئے جس کو ثنیۃ الحوض کہا جاتا ہے' جو مقامِ عقیق میں تھا تو آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کیا' آپ نے فرمایا: میں اللہ کے دشمن مسیح کی جگہ کو دیکھ رہا ہوں' جو آئے گا تو اس جگہ اُترے گا' اس کی طرف نکلے گا لوگوں کو گمراہ کرنے کے لیے' مدینہ کی ہر گلی میں ایک یا دو فرشتے مدینہ کی حفاظت کے لیے ہوں گے' اس کے پاس دو صورتیں ہوں گی: ایک صورت جنت کی اور ایک جہنم کی' اس کے ساتھ سرخ

الْمَدِينَةِ إِلَّا عَلَيْهِ مَلَكٌ أَوْ مَلَكَانِ يَحْرُسَانِهِ، مَعَهُ صُورَتَانِ: صُورَةُ الْجَنَّةِ، وَصُورَةُ النَّارِ حَمْرَاءُ، مَعَهُ شَيَاطِينُ يَتَشَبَّهُونَ بِالْأَمْوَاتِ، يَقُولُونَ لِلْحَيِّ: تَعْرِفُنِي؟ أَنَا أَخُوكَ، أَنَا أَبُوكَ، أَنَا ذُو قَرَابَةٍ مِنْكَ، أَلَسْتُ قَدْ مِتُّ؟ هَذَا رَبُّنَا فَاتَّبِعْهُ، فَيَقْضِي اللَّهُ مَا يَشَاءُ مِنْهُ، وَيَبْعَثُ اللَّهُ لَهُ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَيُسْكِتُهُ وَيُبَكِّتُهُ، فَيَقُولُ: هَذَا الْكَذَّابُ أَيُّهَا النَّاسُ، لَا يَغُرَّنَّكُمْ، فَإِنَّهُ كَذَّابٌ، وَيَقُولُ بَاطِلًا، وَلَيْسَ رَبُّكُمْ بِأَعْوَرَ، فَيَقُولُ: هَلْ أَنْتَ مُتَّبِعِي؟ فَيَأْبَى، فَيَشُقُّهُ شِقَّتَيْنِ، وَيُعْطَى ذَلِكَ، فَيَقُولُ: أُعِيدُهُ لَكُمْ، فَيَبْعَثُهُ اللَّهُ أَشَدَّ مَا كَانَ لَهُ تَكْذِيبًا وَأَشَدَّهُ شَتْمًا، فَيَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ مَا رَأَيْتُمْ بَلَاءٌ ابْتُلِيتُمْ بِهِ، وَفِتْنَةٌ افْتُتِنْتُمْ بِهَا، إِنْ كَانَ صَادِقًا فَلْيُعِدْنِي مَرَّةً أُخْرَى، أَلَا هُوَ كَذَّابٌ، فَيَأْمُرُ بِهِ إِلَى هَذِهِ النَّارِ، وَهِيَ صُورَةُ الْجَنَّةِ، يَخْرُجُ قِبَلَ الشَّامِ

شیاطین ہوں گے جو موت کے مشابہ ہوں گے زندہ کو کہیں گے: تُو مجھے جانتا ہے! میں تیرا بھائی اور باپ ہوں میں تیرا قریبی ہوں کیا میں مر نہیں گیا تھا؟ یہ ہمارا رب ہے وہ اس کے پیچھے چل اللہ فیصلہ کرے گا جو اللہ اس سے چاہے گا اللہ عزوجل مسلمانوں میں سے ایک آدمی کو بھیجے گا وہ اس کو خاموش کروائے گا اور رُلائے گا وہ کہے گا: اے لوگو! یہ جھوٹا ہے اور تمہیں دھوکہ نہ دے کیونکہ یہ جھوٹا ہے تمہارا رب آنکھ سے نابینا نہیں ہے۔ وہ کہے گا: کیا تُو میری اتباع کرے گا؟ وہ انکار کرے گا تو اس کے دو ٹکڑے کرے گا اور اس کو دے گا اس کو کہے گا: اس کو تمہارے لیے لوٹا دوں گا! اللہ عزوجل بھیجے گا اس سے بھی سخت جو اس کو جھٹلائے گا اور گالی دے گا وہ کہے گا: اے لوگو! تم ایسی کوئی آزمائش نہیں دیکھو گے جس سے تم آزمائے گئے ہو اس فتنہ سے تم آزمائے گئے ہو اگر سچا ہے تو دوبارہ مجھے لوٹا وہ جھوٹا ہے وہ جو جہنم کو حکم دے گا وہ جنت کی صورت ہو گی شام کی طرف سے نکلے گا۔

## سَلَمَةُ بْنُ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيُّ

## حضرت سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ

6182 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، وَالثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

اللّٰـهُ عَلَيْـهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّـأْتَ فَـانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

**6183** - حَـدَّثَـنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَـافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

**6184** - حَـدَّثَـنَـا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَـافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَاسْتَنْثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

**6185** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَـافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

**6186** - حَـدَّثَـنَـا عُـمَـرُ بْنُ حَـفْـصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَانْتَثِرْ،

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر' جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔



---

6184- الترمذی جلد 1 صفحه 40' رقم الحديث: 27 . والنسائی فی سننه (المجتبیٰ) جلد 1 صفحه 67' رقم الحديث: 89 . وابن ماجه جلد 1 صفحه 142' رقم الحديث: 406 .

وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

6187 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6188 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَاسْتَنْثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6189 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6190 - حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِي سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

6191 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو وضو کرے تو ناک

الْأَحْوَصِ، وَجَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ

صاف کر جب استنجاء کرے تو طاق مرتبہ کر۔

**6192** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: أَرْبَعٌ ، مَا أَنَا الْيَوْمَ بِأَشَحَّ مِنِّي عَلَيْهِنَّ يَوْمَ سَمِعْتُهُنَّ، قَالَ: لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَزْنُوا، وَلَا تَسْرِقُوا

حضرت سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر چار باتیں ارشاد فرمائیں جس دن سے میں نے یہ باتیں سنی ہیں میں نے بیان کرنے میں کنجوسی نہیں کی ہے وہ یہ ارشاداتِ عالیہ ہیں: اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراؤ اس شخص کو قتل نہ کرو جس کے قتل کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ زنا نہ کرو اور چوری نہ کرو۔

**6193** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، وَأَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: أَلَا إِنَّمَا هِيَ أَرْبَعٌ ، فَمَا أَنَا الْيَوْمَ بِأَشَحَّ مِنِّي يَوْمَ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَزْنُوا، وَلَا تَسْرِقُوا

حضرت سلمہ بن قیس الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر چار باتیں ارشاد فرمائیں جس دن سے میں نے یہ باتیں سنی ہیں میں نے بیان کرنے میں کنجوسی نہیں کی ہے وہ یہ ارشاداتِ عالیہ ہیں: اللہ کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہراؤ اس شخص کو قتل نہ کرو جس کے قتل کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ زنا نہ کرو اور چوری نہ کرو۔

**6194** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

**6192**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه104 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله ثقات .

**6194**- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه546' رقم الحديث: 793 .

ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، رَفَعَهُ إِلَى سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى أَبِي مُوسَى، وَهُوَ يَقْرَأُ، فَقَالَ: لَقَدْ أُوتِيَ هَذَا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ

حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے' آپ قرآن کی تلاوت کرر ہے تھے' آپ نے فرمایا: تمہیں داؤد علیہ السلام کی طرف سے دی گئی ہے۔

## سَلَمَةُ بْنُ يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ

## حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ

**6195** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ دَاوُدَ بْنَ أَبِي هِنْدَ، يُحَدِّثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: أَتَيْتُ أَنَا وَأَخِي رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ أُمَّنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَانَتْ تَقْرِي الضَّيْفَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ، هَلْ يَنْفَعُهَا مِنْ عَمَلِهَا ذَلِكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا ' فَقُلْنَا: إِنَّهَا وَأَدَتْ أُخْتًا لَنَا لَمْ تَبْلُغِ الْحِنْثَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَوْءُودَةُ وَالْوَائِدَةُ فِي النَّارِ، إِلَّا أَنْ تُدْرِكَ الْوَائِدَةُ الْإِسْلَامَ فَتُسْلِمَ

حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرا بھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہماری ماں زمانۂ جاہلیت میں تھی' وہ مہمان نوازی کرتی اور صلہ رحمی کرتی' کیا اس کو اس کا نفع ہوگا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ہم نے عرض کی: ہماری ہماری بہن تھی' وہ حد بلوغت کو نہیں پہنچی تھی؟ آپ نے فرمایا: جو جنتی گئی ہے اور جننے والی جہنم میں ہیں' ہاں اگر جننے والی نے اسلام پایا اور مسلمان ہوئی۔

**6196** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَائِدَةُ وَالْمَوْءُودَةُ فِي النَّارِ

حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زندہ درگور کرنے والی اور جس کو کیا گیا (حالت سفر میں) وہ جہنمی ہے۔



---

6195- أحمد في مسنده جلد3صفحه478 .

**6197** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: (إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا، عُرُبًا أَتْرَابًا) (الواقعة: 36) ، قَالَ: مِنَ الثَّيِّبِ وَغَيْرِ الثَّيِّبِ

حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''بے شک ہم نے ان عورتوں کو اچھی اُٹھان اُٹھایا اور انہیں بنایا کنواریاں' اپنے شوہروں پر پیاریاں' انہیں پیار دلاتیاں' ایک عمر والیاں''۔ یہ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ۔

**6198** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، ثنا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِكَ ' يَأْخُذُونَ بِالْحَقِّ الَّذِي عَلَيْنَا ' وَيَمْنَعُونَا الْحَقَّ الَّذِي جَعَلَهُ اللّٰهُ لَنَا ' نُقَاتِلُهُمْ وَنَعْصِيهِمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا، وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ

حضرت سلمان بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر ہم پر آپ کے بعد ایسے حکمران مسلط ہوں جو ہم میں سے اپنا حق لیں اور ہمارا حق جو اللہ نے بنایا ہے' وہ ہمیں نہ دیں تو ہم ان سے لڑیں اور ان کی نافرمانی کریں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ان پر ذمہ داری ہے اُس کا گناہ اُن پر ہے اور جو تم پر ذمہ داری ہے اُس کا بوجھ تم پر ہے۔

**6199** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً) (الواقعة: 35) يَعْنِي: الثَّيِّبَ، وَأَبْكَارًا: اللَّاتِي كُنَّ فِي الدُّنْيَا

حضرت سلمہ بن یزید رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''انا انشأناهن انشاءً'' یعنی شادی شدہ اور کنواری جو دنیا میں ہے' ان کی طرح۔

## سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

## حضرت سلمہ بن سلامہ بن وقش انصاری عقبی بدری رضی اللہ عنہ

**6200** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عبدالاشہل میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلمہ بن سلامہ بن وقش ہے' آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

**6201** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلمہ بن سلامہ بن وقش ہے۔

**6202** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ سَلَمَةُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشِ بْنِ زُغْبَةَ بْنِ زَعُورَاءَ بْنِ عَبْدِ الْأَشْهَلِ بْنِ جُشَمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ الْأَوْسِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عبدالاشہل سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلمہ بن سلامہ بن وقش بن زغبہ بن زعوراء بن عبدالاشہل بن جشم بن حارث بن خزرج بن عمرو بن مالک بن اوس کا بھی ہے۔

**6203** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت جبیرہ بن محمود' حضرت سلمہ بن سلامہ بن

**6203**- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه249 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن صالح كاتب

الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ جَبِيرَةَ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ أَبِي جَبِيرَةَ الْأَنْصَارِيُّ، مِنْ بَنِي الْأَشْهَلِ، عَنْ أَبِيهِ جَبِيرَةَ بْنِ مَحْمُودٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' أَنَّهُمَا دَخَلَا وَلِيمَةً وَسَلَمَةُ عَلَى وُضُوءٍ، فَأَكَلُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، فَتَوَضَّأَ سَلَمَةُ، فَقَالَ لَهُ جَبِيرَةُ: أَلَمْ تَكُنْ عَلَى وُضُوءٍ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' وَخَرَجْنَا مِنْ دَعْوَةٍ دُعِينَا لَهَا ' وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى وُضُوءٍ، فَأَكَلَ ' ثُمَّ تَوَضَّأَ، فَقُلْتُ لَهُ: أَلَمْ تَكُنْ عَلَى وُضُوءٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنَّ الْأَمْرَ يَحْدُثُ، وَهَذَا مِمَّا قَدْ حَدَثَ

وقش صحابیٔ رسول ﷺ سے روایت ہے کہ وہ ایک ولیمہ میں آئے' دونوں نے کھایا' پھر نکلے' حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے وضو کیا' حضرت جبیرہ نے ان سے کہا: کیا آپ کو پہلے وضو نہیں تھا' کہا: کیوں نہیں؟ لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا' ہم دعوت سے نکلے' جو ہمیں دی گئی تھی' رسول اللہ ﷺ نے وضو کیا تھا' آپ نے کھایا' پھر آپ نے وضو کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ وضو کی حالت میں نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن یہ معاملہ نیا ہے' یہ نیا ہے۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، ح وَحَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، ثنا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، أنا صَالِحُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ سَلَامَةَ بْنِ وَقْشٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ أَبْيَاتِنَا رَجُلٌ يَهُودِيٌّ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت سلمہ بن سلامہ بن وقش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے گھروں کے درمیان ایک یہودی کا گھر تھا اور اس کے بعد حدیث ذکر کی ہے۔



الليث وثقه عبد الملك بن شعيب بن الليث وضعفه أحمد وجماعة واتهم بالكذب .

# سَلَمَةُ بْنُ صَخْرٍ الْبَيَاضِيُّ الْأَنْصَارِيُّ

6204 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ صَخْرٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّهُ جَعَلَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ كَظَهْرِ أُمِّهِ حَتَّى يَمْضِيَ رَمَضَانُ، فَسَمِنَتْ، وَتَرَبَّعَتْ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا فِي النِّصْفِ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَأَنَّهُ يُعَظِّمُ ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تُعْتِقَ رَقَبَةً؟ قَالَ: لَا، قَالَ: أَتَسْتَطِيعُ أَنْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: أَفَتَسْتَطِيعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا؟ قَالَ: لَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فَرْوَةُ بْنَ عَمْرٍو، أَعْطِهِ ذَلِكَ الْفَرَقَ وَهُوَ مِكْتَلٌ يَأْخُذُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا فَلْيُعْطِهِ سِتِّينَ مِسْكِينًا، قَالَ: أَعَلَى أَفْقَرَ مِنِّي؟ فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ إِلَيْهِ مِنَّا، فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى أَهْلِكَ

6205 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ

# حضرت سلمہ بن صخر البیاضی الانصاری رضی اللہ عنہ

**6242** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ: عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ

حضرت نعیم بن ابو ہند فرماتے ہیں کہ حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ اصحابِ صفہ میں سے تھے۔

**6243** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ نُبَيْطٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شُرَيْطٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: أُغْمِيَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سالم بن عبید فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرضِ وصال میں آپ پر مدہوشی طاری ہوگئی' اس کے بعد آپ کو افاقہ ہوا تو فرمایا: نماز کا وقت ہوگیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: حضرت بلال کو اذان دینے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: مُرُوا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: إِنَّ أَبِي رَجُلٌ أَسِيفٌ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: هَلْ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مُرُوا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ إِنَّ أَبِي رَجُلٌ أَسِيفٌ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ فَيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: ائْتُونِي بِإِنْسَانٍ أَعْتَمِدُ عَلَيْهِ، فَجَاءَ بُرَيْدَةُ وَإِنْسَانٌ آخَرُ، فَاعْتَمَدَ عَلَيْهِمَا، فَأَتَى الْمَسْجِدَ، فَدَخَلَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَائِمٌ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَذَهَبَ أَبُو بَكْرٍ يَتَنَحَّى، فَمَنَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُجْلِسَ إِلَى جَنْبِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَقُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا أَسْمَعُ رَجُلًا يَقُولُ: مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا ضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ، فَأَخَذَ بِذِرَاعِي، فَاعْتَمَدَ عَلَيَّ، وَقَامَ يَمْشِي حَتَّى جِئْنَا، قَالَ: أَوْسِعُوا، فَأَوْسَعُوا لَهُ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ، وَمَسَّهُ، وَقَالَ: (إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ) (الزمر: 30) قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ كَمَا

کا حکم دو اور حضرت ابوبکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ نرم دل ہیں' پس اگر آپ کسی اور کو حکم دیں تو وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مدہوشی طاری ہوئی' اس کے بعد افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! فرمایا: بلال کو کہو کہ اذان دے اور ابوبکر کو کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ نرم دل آدمی ہیں' پس اگر آپ کسی اور کو حکم دیں کہ وہ نماز پڑھائے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدہوش ہوئے' اس کے بعد افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز قائم ہو گئی؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: مجھے سہارا دینے والا کوئی آدمی لے آؤ۔ پس حضرت بریدہ اور ایک دوسرا آدمی آیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان دونوں پر سہارا لے کر مسجد میں تشریف لائے' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (مسجد میں) داخل ہوئے جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنا شروع کر دیا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو روکا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھا دیا گیا یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو گئے پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصال فرمایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: میں ایسے آدمی کی بات سننے کا سزاوار نہیں جو کہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فوت ہو گئے ہیں ورنہ میں اس کی گردن اتار دوں گا۔ پس انہوں نے

قَالَ، قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَنُصَلِّي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْهِ؟ قَالَ: يَدْخُلُ قَوْمٌ فَيُكَبِّرُونَ، وَيَدْعُونَ وَيُصَلُّونَ، ثُمَّ يَنْصَرِفُونَ، وَيَجِيءُ آخَرُونَ، حَتَّى يَفْرُغُوا، قَالُوا: يَا صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ، أَيُدْفَنُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوا: وَأَيْنَ يُدْفَنُ؟ قَالَ: حَيْثُ قُبِضَ، فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَمْ يَقْبِضْهُ إِلَّا فِي بُقْعَةٍ طَيِّبَةٍ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ كَمَا قَالَ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ: عِنْدَكُمْ صَاحِبُكُمْ، فَأَمَرَهُمْ يُغَسِّلُونَهُ، ثُمَّ خَرَجَ، وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ يَتَشَاوَرُونَ، فَقَالُوا: انْطَلِقُوا إِلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَإِنَّ لَهُمْ فِي هَذَا الْأَمْرِ نَصِيبًا، فَانْطَلَقُوا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: مِنَّا أَمِيرٌ، وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ، فَأَخَذَ عُمَرُ بِيَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: أَخْبِرُونِي مَنْ لَهُ هَذِهِ الثَّلَاثَةُ: (ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ) (التوبة: 40)، مَنْ هُمَا؟ (إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ) (التوبة: 40)، مَنْ صَاحِبُهُ؟ (إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا) (التوبة: 40) فَأَخَذَ بِيَدِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَضَرَبَ عَلَيْهَا، وَقَالَ لِلنَّاسِ: بَايِعُوهُ، فَبَايَعُوهُ بَيْعَةً حَسَنَةً جَمِيلَةً



میرے بازوؤں کو پکڑ کر مجھ پر سہارا لیا اور چلنا شروع کر دیا حتیٰ کہ ہم آئے' فرمایا: کھلے کھلے ہو جاؤ! انہوں نے ان کے لیے جگہ چھوڑی' پس آپ رسول کریم ﷺ پر جھک کر کھڑے ہوئے' آپ ﷺ کو ہاتھ لگایا اور کہا: ''انك ميتٌ وانهم ميتون'' لوگوں نے عرض کی: اے رسول کریم ﷺ کے پیارے صحابی! کیا رسول کریم ﷺ کا وصال ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: جی ہاں! پس لوگوں نے اسی طرح یقین کیا جس طرح اُنہوں نے فرمایا۔ لوگوں نے عرض کی: اے رسول کریم ﷺ کے صحابی! کیا آپ رسول کریم ﷺ پر نماز یا درود پڑھیں گے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! لوگوں نے عرض کی: کیسے پڑھیں گے؟ فرمایا: پہلے گروہ داخل ہوگا' پس وہ تکبیر کہہ کر دعا کریں گے اور درود پڑھیں' پھر واپس آ جائیں گے اور اس کے بعد دوسرا گروہ جائے گا یہاں تک کہ فارغ ہو جائیں۔ انہوں نے عرض کی: اے صحابیٔ رسول! کیا آپ رسول کریم ﷺ کو دفن بھی کریں گے؟ فرمایا: جی ہاں! انہوں نے عرض کی: کہاں دفن کریں گے؟ فرمایا: اسی جگہ جہاں آپ ﷺ کی روح قبض ہوئی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نبی کی روح پاکیزہ ٹکڑے پر قبض فرماتا ہے' پس انہوں نے اسی طرح یقین کیا جس طرح آپ نے فرمایا۔ پھر آپ نے کھڑے ہو کر فرمایا: تمہارے پاس تمہارے صاحب ہیں۔ پس آپ نے ان کو غسل دینے کا حکم دیا اور تشریف لے گئے۔ مہاجر مشورہ کرنے

کیلئے جمع ہو گئے پس انہوں نے کہا: پہلے اپنے انصاری بھائیوں کی طرف جاؤ کیونکہ اس معاملے میں وہ بھی حصہ دار ہیں۔ پس وہ گئے تو انصاریوں میں سے ایک آدمی نے کہا: ایک امیر ہم سے اور ایک امیر تم سے ہوگا پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر کہا: یہ لوگ مجھے بتائیں کہ اس کیلئے یہ تین کون ہیں؟ ''ثانی اثنین اذ هما فی الغار'' یہ دو کون ہیں؟ ''اذ یقول لصاحبه لا تحزن'' ان کا صاحب کون ہے؟ ''ان اللّٰه معنا'' پس انہوں نے حضرت ابوبکر کا ہاتھ پکڑا اس پر ہاتھ مارا (بیعت کی) اور لوگوں سے فرمایا: تم سب اس کی بیعت کرو پس ان کی بیعت کی انتہائی خوبصورت اور جمیل بیعت تھی۔

**6244** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَسَ رَجُلٌ ' فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَى أُمِّكَ ثُمَّ قَالَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ، فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ كَثِيرًا ' أَوِ الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ ' وَلْيَقُلْ مَنْ عِنْدَهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَلْيَرُدَّ عَلَيْهِمْ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِي وَلَكُمْ

حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے ایک آدمی کو چھینک آئی اس نے کہا: السلام علیکم! حضور ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں کو سلام کر! پھر فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے: الحمد للہ رب العالمین کثیرا' یا الحمد للہ علیٰ کل حال' اس کے پاس والا اسکے جواب میں کہے: یرحمک اللہ! وہ اس کے جواب میں کہے: اللہ مجھے اور آپ کو بخشے۔

**6245** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ

ایک آدمی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سالم بن عبید کے ساتھ ایک سفر میں تھے ایک



---

6244- الترمذی جلد5صفحہ82' رقم الحدیث: 2740 .

مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فِي سَفَرٍ، فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ لَهُ سَالِمُ بْنُ عُبَيْدٍ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ فِي نَفْسِكَ شَيْئًا مِمَّا قُلْتُ لَكَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ؟ قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّكَ لَمْ تَذْكُرْ أُمِّي بِخَيْرٍ وَلَا بِشَرٍّ عِنْدَ النَّاسِ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّمَا قُلْتُ لَكَ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَطَسَ رَجُلٌ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلْ لَهُ أَخُوهُ أَوْ صَاحِبُهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَيَقُولُ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ

آدمی کو چھینک آئی' اُس نے کہا: السلام علیکم! حضرت سالم بن عبید نے اسے کہا: تجھ پر اور تیری والدہ پر! پھر فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تُو نے اپنے دل میں کوئی ناراضگی والی بات پائی ہو' جو میں نے آپ کو کہی ہے' تیرے اوپر اور تیری ماں پر؟ انہوں نے کہا: میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ تُو میری ماں کا ذکر نہ کر' نہ خیر کے ساتھ اور نہ ہی شر کے ساتھ۔ پس حضرت سالم نے ان سے کہا: میں نے آپ کو صرف وہی بات کی ہے جو رسول کریم ﷺ نے فرمائی ہے۔ پس ایک آدمی کو چھینک آئی تو اس نے السلام علیکم کہا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تجھ پر اور تیری ماں پر۔ اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے چاہیے کہ وہ الحمد للہ علیٰ کل حال کہے' اس کا بھائی یا اس کا ساتھی یرحمک اللہ کہے اور وہ کہے: یغفر اللہ لنا ولکم۔

## سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ

شَهِدَ بَدْرًا، وَاسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

## حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ

آپ بدر میں شریک ہوئے اور جنگ یمامہ میں شہید ہوئے' اللہ آپ پر رحمت کرے۔

## مِنْ أَخْبَارِ سَالِمٍ وَوَفَاتِهِ

## حضرت سالم کی حدیثیں اور آپ کی وفات کے متعلق

6246 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی عبد شمس بن عبد مناف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن

أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم کا بھی ہے۔

**6247** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید ہوئے تھے۔

**6248** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أنا نَافِعٌ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ رَحِمَهُ اللَّهُ يَقُولُ: كَانَ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ يَؤُمُّ الْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْأَنْصَارَ فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ، فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَأَبُو سَلَمَةَ، وَزَيْدٌ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ مسجد قباء میں انصار اور اوّلین مہاجرین کو امامت کرواتے تھے ان میں حضرت ابوبکر و عمر ابوسلمہ زید اور عامر بن ربیعہ شامل تھے۔

**6249** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ سَالِمًا، مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ كَانَ يَؤُمُّ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ هَاجَرُوا إِلَى الْمَدِينَةِ فِيهِمْ عُمَرُ وَغَيْرُهُ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، لِأَنَّهُ كَانَ أَكْثَرَهُمْ قُرْآنًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم ان مہاجرین کو امامت کرواتے جو مدینہ کی طرف ہجرت کر کے آتے تھے ان میں حضرت عمر اور ان کے علاوہ اکثر مہاجرین تھے کیونکہ یہ ان سے زیادہ قاری تھے۔

**6250** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ،

حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ زوجہ نبی ﷺ نے بتایا کہ حضرت سہلہ

أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو جَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ سَالِمًا -لِسَالِمٍ مَوْلَى حُذَيْفَةَ- مَعَنَا فِي بَيْتِنَا، وَقَدْ بَلَغَ مَا يَبْلُغُ الرِّجَالُ، وَقَدْ عَلِمَ مَا يَعْلَمُ الرِّجَالُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ

بنت سہیل بن عمرو رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں عرض کی: یارسول اللہ! حضرت حذیفہ کا غلام حضرت سالم ہمارے ساتھ گھر میں رہتا ہے وہ مردوں کی طرح بالغ ہے اس کو وہی علم ہے جو مردوں کو علم ہوتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو تُو دودھ پلا دے تُو اس پر حرام ہو جائے گی۔

**6251** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ الْقَدَّاحُ، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ امْرَأَةَ أَبِي حُذَيْفَةَ، جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنَّ سَالِمًا مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ يَدْخُلُ عَلَيَّ، وَأَنَا وَاضِعَةٌ ثَوْبِي، وَأَجِدُ فِي نَفْسِي؟ فَقَالَ: أَرْضِعِيهِ يَذْهَبْ عَنْكَ الَّذِي تَجِدِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ابوحذیفہ کی عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اس نے عرض کی: ابوحذیفہ کا غلام سالم میرے پاس آیا میں نے اپنا کپڑا رکھ لیا اس کے متعلق میں اپنے دل میں جو پاتی ہوں آپ نے فرمایا: تُو اس کو دودھ پلا جو تیرے دل میں اس کے متعلق بات ہے وہ چلی جائے گی۔

**6252** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ الْأُمَوِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَرَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلٍ أَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا لِيَذْهَبَ مَا فِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت سہلہ بنت سہیل کو سالم کو دودھ پلانے کا حکم دیا تاکہ جو تُو ابوحذیفہ کے دل میں پاتی ہے وہ چلا جائے گا۔



**6251**- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد6صفحه249 رقم الحديث: **26158** .

**6253** - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، أنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ أَمْرِ سَالِمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْضِعِيهِ فَقَالَتْ: إِنَّهُ كَبِيرٌ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَوَ لَيْسَ أَعْلَمُ أَنَّهُ رَجُلٌ؟ ثُمَّ جَاءَتْ، فَقَالَتْ: وَالَّذِي أَكْرَمَكَ بِمَا أَكْرَمَكَ بِهِ مَا رَأَيْتُ فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ شَيْئًا بَعْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سہلہ بنت سہیل حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں عرض کی: یارسول اللہ! میں حذیفہ کے غلام کے متعلق بات پاتی ہوں حضور ﷺ نے فرمایا: تُو اس کو دودھ پلا' سہلہ نے عرض کی: وہ بڑا ہے! حضور ﷺ نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا: مجھے علم ہے کہ وہ مرد ہے؟ پھر حضرت سہلہ آئیں اس نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو عزت دی ہے میں نے اس کے بعد ابوحذیفہ کے چہرے پر کوئی شی نہیں پائی ہے۔

**6254** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، وَكَانَ قَدْ تَبَنَّى سَالِمًا الَّذِي يُقَالُ لَهُ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ كَمَا تَبَنَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا، وَأَنْكَحَ أَبُو حُذَيْفَةَ سَالِمًا وَهُوَ يَرَى أَنَّهُ ابْنُهُ ابْنَةَ أُخْتِهِ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَهِيَ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ مِنْ أَفْضَلِ أَيَامَى قُرَيْشٍ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ مَا أَنْزَلَ (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ) (الأحزاب: 5) الْآيَةَ، دُعِيَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْ أُولَئِكَ الْمُتَبَنِّينَ إِلَى أَبِيهِ، فَإِنْ لَمْ يُعْلَمْ أَبُوهُ رُدَّ إِلَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بدری صحابی تھے انہوں نے سالم کو منہ بولا بیٹا بنایا تھا' اس کو ابوحذیفہ کا غلام سالم کہا جاتا تھا' جس طرح کہ حضور ﷺ نے حضرت زید کو منہ بولا بیٹا بنایا تھا' ابوحذیفہ نے اپنی بہن فاطمہ بنت ولید بن عتبہ سے سالم کا نکاح کر دیا' حالانکہ وہ اس کو اپنا بیٹا سمجھتے تھے' وہ پہلی ہجرت کرنے والی عورتوں میں سے تھیں' وہ اس وقت قریش کی بیواؤں میں سے زیادہ فضیلت والی تھیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں حکم نازل فرمایا جو نازل فرمایا: ''ان کو باپوں کے حوالے سے پکارو'' تو منہ بولے بیٹوں میں سے ہر ایک کو اس کے حقیقی باپ کی طرف منسوب کیا گیا' اگر اس



6253- النسائي في سننه (المجتبى) جلد6صفحه104' رقم الحديث: 3320 .

مَوَالِيهِ، فَجَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ، وَهِيَ امْرَأَةُ أَبِي حُذَيْفَةَ، وَهِيَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كُنَّا نَرَى أَنَّ سَالِمًا وَلَدٌ، وَكَانَ يَدْخُلُ عَلَيَّ وَأَنَا فُضُلٌ، وَلَيْسَ لَنَا إِلَّا بَيْتٌ وَاحِدٌ، فَمَاذَا تَرَى؟، فَقَالَ لَهَا: أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ

کے باپ کا نام معلوم نہ ہوتا تھا تو اس کو اس کے موالی (آزاد کرنے والے) کی طرف منسوب کیا گیا۔ پس حضرت سہلہ بنت سہیل آئیں وہ حضرت ابوحذیفہ کی بیوی تھیں اور ان کا تعلق بنو عامر بن لؤی سے تھا' پس انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم سالم کو بچہ سمجھتے تھے' وہ میرے پاس آتے اس حال میں کہ اکیلی ہوتی تھی اور ہمارے لیے ایک ہی کمرہ تھا' پس آپ کیا فرماتے ہیں؟ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم اسے اپنا دودھ پلا کر خود اس کے اوپر حرام کرلو۔

## مَا أَسْنَدَ سَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

## حضرت ابوحذیفہ کے غلام سالم رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

**6255** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ سَالِمٍ، مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ أَنَّهُ كَانَ مَعَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى سَطْحٍ فِي رَمَضَانَ وَهُوَ يُصَلِّي، فَأَتَاهُ: فَقَالَ: أَلَا تَطْعَمُ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَأَشَارَ بِيَدِهِ، حَتَّى فَعَلَ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ، فَلَمَّا كَانَ فِي الثَّالِثَةِ قَالَ: ائْتِنِي بِطَعَامِكَ، فَطَعِمَ، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ

حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام سالم سے روایت ہے کہ وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رمضان شریف میں نماز پڑھ رہے تھے' اے رسول کے خلیفہ! آپ کھانا نہیں کھائیں گے؟ آپ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا' ایسے دو مرتبہ کیا' جب تیسری مرتبہ عرض کی تو آپ نے فرمایا: میرے پاس کھانا لاؤ! آپ نے کھانا کھایا' دو رکعت نفل پڑھے' پھر مسجد میں داخل ہوئے اور نماز کے لیے اقامت کہی گئی۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ الْعَسَّالُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن معقل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَغْفِلٍ، عَنْ سَالِمٍ، مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ مِثْلَهُ.

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ سَالِمٍ، مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ بن معقل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## سَالِمُ بْنُ حَرْمَلَةَ بْنِ زُهَيْرٍ الْعَدَوِيُّ

## حضرت سالم بن حرملہ بن زہیر عدوی رضی اللہ عنہ

6256 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْقَطَّانُ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عِصَامٍ الْجُرْجَانِيُّ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ سَالِمِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ زُهَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، أَخْبَرَنِي أَبِي عَبْدُ الْعَزِيزِ، أَنَّ أَبَاهُ عُتْبَةَ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَاهُ سَالِمًا وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ غُلَامٌ حَدَثٌ فَشَمَّتَ عَلَيْهِ الرَّسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَعَا لَهُ، وَتَطَهَّرَ مِنْ فَضْلِ وَضُوئِهِ وَذَلِكَ الْيَوْمَ عَلَيْهِ ذُؤَابَةٌ، وَقَدْ بَلَغَ، أَوْ كَمَا قَارَبَ يَبْلُغُ

حضرت ابوعتبہ سے روایت ہے کہ حضرت سالم کے والد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' یہ اس وقت چھوٹے تھے' رسول اللہ ﷺ نے ان کی چھینک پر یرحمک اللہ کہا اور دعا کی' اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے بچے ہوئے پانی سے وضو کیا' اس دن ان پر ان کی زلفیں تھیں حالانکہ وہ بالغ تھے یا قریب البلوغ تھے۔

## سَالِمٌ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## رسول اللہ ﷺ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ

6257 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

رسول اللہ ﷺ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ

بَكْرٍ السَّرَّاجُ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَالِمٍ، خَادِمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنَّ يَجْعَلْنَ رُءُوسَهُنَّ أَرْبَعَ قُرُونٍ، فَإِذَا اغْتَسَلْنَ جَمَعْنَهُنَّ عَلَى أَوْسَاطِ رُءُوسِهِنَّ

عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ کی ازواج پاک اپنے بالوں کی چار مینڈھیاں بناتی تھیں جب غسل کرتی تھیں تو بالوں کو اپنے سر پر جمع کرتی تھیں۔

## مَنِ اسْمُهُ سُلَيْمٌ

## سُلَيْمُ بْنُ جَابِرٍ أَبُو جَابِرٍ أَبُو جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيُّ

وَيُقَالُ جَابِرُ بْنُ سُلَيْمٍ، وَالصَّوَابُ سُلَيْمُ بْنُ جَابِرٍ

## جن کا نام سلیم ہے

## حضرت سلیم بن جابر ابو جابر ابو جری ہجیمی رضی اللہ عنہ

آپ کا نام جابر بن سلیم ہے اور زیادہ بہتر سلیم بن جابر ہے۔

6258 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالُوا: ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، ثنا عَقِيلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيُّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ، فَنُحِبُّ أَنْ تُعَلِّمَنَا عَمَلًا، لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَنْفَعَنَا بِهِ؟ قَالَ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا، وَلَوْ أَنْ تُفْرِغَ مِنْ دَلْوِكَ فِي إِنَاءِ الْمُسْتَسْقِي، وَلَوْ أَنْ تُكَلِّمَ أَخَاكَ وَوَجْهُكَ مُنْبَسِطٌ إِلَيْهِ

حضرت ابو جری ہجیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دیہاتی لوگ ہیں ہم علم سیکھنا چاہتے ہیں ہوسکتا ہے کہ اللہ ہمیں نفع دے؟ آپ نے فرمایا: کوئی نیکی والے کام کو حقیر نہ جاننا اگرچہ تُو پانی کھینچنے والا برتن دے اور تُو اپنے بھائی سے گفتگو کر اس حالت میں کہ تیرے چہرے پر خوشی کے آثار ہوں۔

6259 - وَإِيَّاكَ أَنْ تُسْبِلَ الْإِزَارَ فَإِنَّهَا مِنَ الْخُيَلَاءِ لَا يُحِبُّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

اور تہبند لٹکانے سے بچنا کیونکہ یہ تکبر کی نشانی ہے' اللہ عزوجل اسے پسند نہیں کرتا ہے۔

6260 - وَإِذَا سَبَّكَ رَجُلٌ بِمَا يَعْلَمُ فِيكَ، فَلَا تَسُبَّهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ، فَإِنَّ أَجْرَ ذَلِكَ لَكَ ' وَيَكُونُ عَلَيْهِ وَبَالُهُ

جب تجھے کوئی بُرا کہے اس چیز کے ساتھ جو تیرے بارے میں جانتا ہے تو اس کے متعلق جانتا ہے تو اس کو گالی نہ دے' تیرے لیے ثواب ہوگا اور اس کو گناہ ہوگا۔

6261 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو الْخَلِيلِ عَبْدُ السَّلَامِ، ثنا عُبَيْدَةُ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ أَبِي تَمِيمٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو جُرَيٍّ جَابِرٌ: رَكِبْتُ قَعُودًا لِي، فَأَتَيْتُ مَكَّةَ فِي طَلَبِهِ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ قُلْتُ: إِنَّا مَعْشَرَ أَهْلِ الْبَادِيَةِ قَوْمٌ مِنَّا الْجَفَاءُ، فَعَلِّمْنِي كَلَامًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ بِهِ؟ قَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ، وَلَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ أَوِ الْخَيْرِ شَيْئًا

حضرت ابوجری جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی سواری پر بیٹھا' میں مکہ میں آپ ﷺ کو تلاش کرنے آیا' آپ ﷺ بیٹھے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! السلام علیکم! آپ نے فرمایا: وعلیکم! میں نے عرض کی: ہم دیہاتی اور اَن پڑھ لوگ ہیں' مجھے ایسی بات سکھائیں جس کے ذریعہ اللہ مجھے نفع دے! آپ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو! نیکی کے کسی کام کو حقیر نہ جاننا۔

6262 - وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهُ مِنَ الْمَخِيلَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يُحِبُّ الْمُخْتَالَ ' فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَكَرْتَ إِسْبَالَ الْإِزَارِ، وَقَدْ يَكُونُ بِسَاقِ الرَّجُلِ الْقَرْحُ أَوِ الشَّيْءُ ' يَسْتَحِيِي مِنْهُ؟ فَقَالَ: لَا بَأْسَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ، أَوْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ، إِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَبِسَ بُرْدَةً فَتَبَخْتَرَ فِيهَا، فَنَظَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ، فَمَقَتَهُ، فَأَمَرَ الْأَرْضَ فَأَخَذَتْهُ ' فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ بَيْنَ الْأَرْضِ، فَاحْذَرُوا مَقْتَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

آپ نے فرمایا: تہبند لٹکانے سے بچنا کیونکہ یہ تکبر ہے اور اللہ عزوجل تکبر کو پسند نہیں کرتا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے تہبند کے لٹکانے کا ذکر کیا' کبھی ایسے ہوتا ہے کہ آدمی کی پنڈلی پر زخم یا کوئی شی ہوتی ہے جس کو وہ دکھانا نہیں چاہتا ہے؟ فرمایا: نصف پنڈلی یا ٹخنوں تک رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے' تم سے پہلے لوگوں میں ایک آدمی تھا' اس نے ایک چادر پہنی۔ پس اس میں وہ تکبر کرنے لگا۔ پس اللہ نے عرش کے اوپر سے اسے دیکھ کر ناراض ہوا تو زمین کو اسے پکڑ لینے کا حکم دیا' پس زمین کے درمیان اس کی آواز آتی

ہے: پس اللہ کی ناراضگی سے ڈرو!

**6263** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُحْتَبٍ بِشَمْلَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلَى قَدَمَيْهِ، فَقُلْتُ: أَيُّكُمْ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى نَفْسِهِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنِّي مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ وَفِيَّ جَفَاؤُهُمْ، فَأَوْصِنِي؟ قَالَ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا، وَلَوْ أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ وَوَجْهُكَ مُنْبَسِطٌ، وَلَوْ أَنْ تُفْرِغَ مِنْ دَلْوِكَ فِي إِنَاءِ الْمُسْتَسْقِي،

حضرت جابر بن سلیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے چادر پہنی تھی جس کا کچھ حصہ دونوں قدموں پر تھا' میں نے عرض کی: تم میں محمد رسول اللہ کون ہیں؟ آپ نے اپنے ہاتھ کے ساتھ اپنی طرف اشارہ کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں دیہات کا رہنے والا ہوں' میں اَن پڑھ ہوں' مجھے وصیت کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نیکی کے کام کو حقیر نہ جاننا' اگرچہ تُو اپنے بھائی کو خندہ پیشانی سے ملے' اگرچہ تُو اپنے بھائی کو پانی نکالنے والا ڈول دے۔

**6264** - وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ بِمَا فِيكَ، فَلَا تَشْتُمْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ، فَإِنَّهُ يَكُونُ لَكَ أَجْرُهُ، وَعَلَيْهِ وِزْرُهُ

اگر تجھے کوئی آدمی بُرا کہے جو تجھ میں ہے' جو تُو اس میں جانتا ہے تو اُس کو بُرا نہ کہہ' تیرے لیے ثواب ہوگا اور اُس پر گناہ ہوگا۔

**6265** - وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّ إِسْبَالَ الْإِزَارِ مِنَ الْمَخِيلَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ، وَلَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا فَمَا سَبَبْتُ بَعْدَهُ أَحَدًا وَلَا شَاةً وَلَا بَعِيرًا

تہبند لٹکانے سے بچ کیونکہ تہبند لٹکانا تکبر ہے' اللہ عزوجل تکبر کو پسند نہیں کرتا ہے' تُو کسی کو گالی نہ دے' میں نے اس کے بعد کسی کو گالی نہیں دی' نہ بکری اور نہ اونٹ کو۔

**6266** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا الْمُثَنَّى أَبُو غِفَارٍ، ثنا أَبُو تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تَقُلْ عَلَيْكَ

حضرت ابوجری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ علیک السلام! آپ نے فرمایا: علیک السلام نہ کہہ' علیک السلام مُردوں کا سلام ہے' تُو کہہ: السلام علیکم! میں نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول

السَّلَامُ، عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ، قُلِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ قُلْتُ: أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنَا رَسُولُ اللّٰهِ: الَّذِي إِذَا أَصَابَكَ ضُرٌّ دَعَوْتَهُ كَشَفَهُ عَنْكَ، وَإِذَا أَصَابَكَ عَامُ سَنَةٍ، فَدَعَوْتَهُ أَسْهَلَ لَكَ، قُلْتُ: اعْهَدْ إِلَيَّ عَهْدًا، قَالَ: لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا، وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوفِ، وَأَنْ تُكَلِّمَ أَخَاكَ وَأَنْتَ مُنْبَسِطٌ إِلَيْهِ،

ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں اس خدا کا رسول ہوں' جب تجھے کوئی تکلیف پہنچے تو اس سے دعا کر' وہ تیری تکلیف ختم کر دے گا' جب تجھے قحط سالی پہنچے تو اس سے دعا کر وہ تیرے لیے آسانی کر دے گا۔ میں نے عرض کی: مجھ سے وعدہ لیں کسی کام کا؟ آپ نے فرمایا: تُو کسی کو گالی نہ دے' کسی نیکی کے کام کو حقیر نہ جاننا اگرچہ تُو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے گفتگو کرے۔

6267 - وَارْفَعْ إِزَارَكَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَإِلَى الْكَعْبَيْنِ، وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهُ مِنَ الْمَخِيلَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ

اپنا تہبند نصف پنڈلی تک اُٹھا' اگر تُو اس کا انکار کرے تو ٹخنوں تک رکھ اور تہبند لٹکانے سے بچ کیونکہ یہ تکبر ہے کیونکہ اللہ عزوجل تکبر کو پسند نہیں کرتا ہے۔

6268 - وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ بِمَا يَعْلَمُ مِنْكَ، فَلَا تَشْتُمْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ، فَإِنَّمَا وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ

اگر تجھے کوئی گالی دے جو تجھ میں دیکھتا ہے' جو تُو اس میں جانتا ہے تو اس کو گالی نہ دے' تیرے لیے ثواب ہوگا اور اس کے لیے گناہ ہوگا۔

6269 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعْدٍ أَبُو غِفَارٍ، ثنا أَبُو تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ، قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى رَجُلٍ، وَالنَّاسُ لَا يَصْدُرُونَ إِلَّا عَنْ قَوْلِهِ، قُلْتُ: بِاللّٰهِ لِهَذَا الرَّجُلِ، مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تَقُلْ: عَلَيْكَ السَّلَامُ؛ فَإِنَّهَا تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ، وَلَكِنْ قُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوجری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک آدمی کے پاس گیا' لوگ اس کی بات سننے سے روکتے تھے' میں نے کہا: اللہ کی قسم! یہ ہی آدمی ہے' یہ کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: یہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! علیک السلام! آپ نے فرمایا: علیک السلام نہ کہہ کیونکہ یہ مُردوں کا سلام ہے لیکن تُو یہ کہہ: السلام علیک! اس کے بعد اسی طرح کی حدیث ذکر کی۔

6270 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ

حضرت سلیم بن جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا سَالِمٌ أَبُو جُمَيْعٍ، ثنا رَاشِدٌ أَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَوْتُ بِرَاحِلَتِي، فَقُلْتُ: لَآتِيَنَّ هَذَا الرَّجُلَ ' فَلَأَسْمَعَنَّ مِنْهُ، فَأَتَيْتُهُ فَوَجَدْتُهُ قَاعِدًا مُحْتَبِيًا فِي بُرْدَةٍ، فَسَمِعْتُهُ يَرُدُّ عَلَى السَّائِلِ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا ' وَلَوْ أَنْ تَصُبَّ مِنْ فَضْلِ دَلْوِكَ فِي إِنَاءِ الْمُسْتَسْقِي

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق سنا کہ میں نے سواری منگوائی' میں نے کہا: میں ضرور اس آدمی کے پاس جاؤں گا' میں اس کی بات سنوں گا' میں نے آپ کو چادر میں لپٹے ہوئے بیٹھے دیکھا' میں نے سنا کہ آپ ایک مسئلہ کا جواب دے رہے تھے: کسی نیکی کے کام کو حقیر نہ جاننا اگرچہ تُو پانی لینے والے کو پانی نکالنے والا ڈول کا بچا ہوا پانی ہی دے۔

6271 - وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهَا مِنَ الْمَخِيلَةِ، وَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ

آپ نے فرمایا: اپنا تہبند لٹکانے سے بچ کیونکہ یہ تکبر ہے اور تکبر اللہ کو ناپسند ہے۔

6272 - وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ، أَوْ قَالَ مَا لَيْسَ فِيكَ ' فَلَا تَشْتُمْهُ ' وَلَا تَقُلْ لَهُ مَا لَيْسَ فِيهِ، فَيَكُونَ لَكَ أَجْرُهُ، وَعَلَيْهِ وَبَالُهُ، لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا فَمَا سَبَبْتُ شَيْئًا ' بَعِيرًا وَلَا شَاةً وَلَا إِنْسَانًا مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ السَّبِّ

اگر تجھے کوئی آدمی گالی دے اس بات کے ساتھ جو تجھ میں دیکھتا ہے تو اس کو گالی نہ دے جو اس میں ہے اس کو ظاہر نہ کر' تیرے لیے ثواب ہوگا اور اُس کے لیے گناہ ہوگا' کسی کو گالی نہ دے' اس کے بعد میں نے کسی اونٹ اور بکری اور کسی انسان کو گالی نہیں دی' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گالی دینے سے منع کرتے ہوئے سنا۔

6273 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللَّهِ الطَّحَّانَ الْوَاسِطِيَّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: طَلَبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ أَجِدْهُ، فَجَلَسْتُ، فَرَأَيْتُ رَهْطًا خَمْسَةً أَوْ سِتَّةً، وَرَجُلٌ

حضرت ابوجری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملنے گیا' میں نے آپ کو نہیں پایا' میں بیٹھا' میں نے پانچ یا چھ آدمی دیکھے' ایک ان کے درمیان صلح کروا رہا تھا' جب لوگ اُٹھے تو ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! جب سے میں نے آپ کے متعلق سنا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! علیک السلام! تین

يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فِي جِرَاحَاتٍ كَانَتْ، فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ عَلَى غَنَمٍ، فَلَمَّا قَامَ الْقَوْمُ ' قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَلَمَّا سَمِعْتُ ذَلِكَ قُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ -ثَلَاثَ مَرَّاتٍ -فَقَالَ لِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَوْتَى

مرتبہ' مجھے آپ نے تین مرتبہ فرمایا: علیک السلام مُردوں کا سلام ہے۔

حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ تَمَّامِ بْنِ بُزَيْعٍ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ مُوسَى، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

حضرت ابوجری ہجیمی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## سُلَيْمٌ الْأَنْصَارِيُّ ثُمَّ السُّلَمِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ

## سلیم انصاری پھر سلمی رضی اللہ عنہ' آپ اُحد کے دن شہید کیے گئے

**6274** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي سَلِمَةَ يُقَالُ لَهُ سُلَيْمٌ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَظَلُّ فِي أَعْمَالِنَا ' فَنُمْسِي حِينَ نُمْسِي، فَيَأْتِي مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ فَيُنَادِي بِالصَّلَاةِ، فَنَأْتِيهِ ' فَيُطَوِّلُ عَلَيْنَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مُعَاذُ لَا تَكُونُ فَتَّانًا، إِمَّا أَنْ تُصَلِّيَ مَعِي، وَإِمَّا أَنْ تُخَفِّفَ عَنْ قَوْمِكَ

حضرت معاذ بن رفاعہ زرقی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنی سلمہ کا ایک آدمی جس کا نام سلیم تھا' وہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم محنت مزدوری کرتے ہیں' شام کے وقت آتے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تشریف لاتے ہیں اور وہ اذان دیتے ہیں' ہم نماز کے لیے آتے ہیں' وہ نماز میں قرأت لمبی کرتے ہیں' حضور ﷺ نے فرمایا: اے معاذ! قوم کو فتنے ڈالنے والے نہ بنو' یا آپ نے میرے ساتھ نماز پڑھو یا اپنی قوم کی امامت کراتے وقت قرأت مختصر کرو۔

**6275** - ثُمَّ قَالَ: يَا سُلَيْمُ، مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: مَعِي أَنْ أَسْأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَأَعُوذَ بِهِ

پھر فرمایا: اے سلیم! آپ کو کتنا قرآن یاد ہے؟ عرض کی: جی ہاں! میں اللہ سے جنت مانگتا ہوں اور جہنم

مِنَ النَّارِ، وَاللّٰهِ مَا أُحْسِنُ دَنْدَنَتَكَ وَلَا دَنْدَنَةَ مُعَاذٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَلْ دَنْدَنَتِي وَدَنْدَنَةُ مُعَاذٍ إِلَّا أَنْ نَسْأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَنَعُوذَ بِهِ مِنَ النَّارِ ؟ وَلَكِنْ سَتَرَوْنَ غَدًا إِذَا لَقِينَا الْقَوْمَ، وَالنَّاسُ يَتَجَهَّزُونَ إِلَى أُحُدٍ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ فَاسْتُشْهِدَ

سے پناہ مانگتا ہوں' اللہ کی قسم! میری آواز معاذ کی آواز کی طرح سمجھ نہیں آتی ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میری اور معاذ کی بات سمجھ آئی ہے کہ ہم اللہ سے جنت مانگتے ہیں اور جہنم سے پناہ مانگتے ہیں' لیکن عنقریب کل دیکھیں گے جب لوگوں سے لڑیں گے' لوگ اُحد کی طرف جانے کی تیاری کر رہے تھے' وہ آدمی بھی نکلا اور شہید ہو گیا۔

## مَنِ اسْمُهُ سُفْيَانُ

## جس کا نام سفیان ہے

### سُفْيَانُ بْنُ الْحَكَمِ الثَّقَفِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

### حضرت سفیان بن حکم ثقفی رحمہ اللہ تعالیٰ

**6276** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ الْحَكَمِ، أَوِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ أَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ، فَنَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ

حضرت سفیان بن حکم یا حکم بن سفیان سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ جب آپ وضو فرما لیتے تو پانی کا ایک چُلّو لیتے اور اسے اپنی شرمگاہ پر ڈالتے کپڑے کے اوپر سے (تعلیمِ اُمت کے لیے)۔

### سُفْيَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ

### مِنْ أَخْبَارِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

### حضرت سفیان بن عبداللہ کی حدیثیں

**6277** - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ بَنِي شَبَابَةَ، بَطْنٌ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ بنی شبابہ قبیلہ والے بنوفہم کی ایک شاخ تھے' وہ رسول اللہ ﷺ کو شہد پر عشر دیتے تھے' ان کے لیے عشر تھا' دس مشکیزوں سے ایک مشکیزہ

مِنْ فَهْمٍ كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَحْلٍ - كَانَ لَهُمْ - الْعُشْرَ، مِنْ كُلِّ عَشْرِ قِرَبٍ قِرْبَةٌ، وَكَانَ يَحْمِي وَادِيَيْنِ لَهُمْ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَعْمَلَ عَلَى مَا هُنَاكَ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ، فَأَبَوْا أَنْ يُؤَدُّوا إِلَيْهِ شَيْئًا، وَقَالُوا: إِنَّمَا كُنَّا نُؤَدِّيهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَتَبَ سُفْيَانُ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِذَلِكَ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّمَا النَّحْلُ ذُبَابُ غَيْثٍ يَسُوقُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ رِزْقًا إِلَى مَنْ يَشَاءُ، فَإِنْ أَدَّوْا إِلَيْكَ مَا كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحْمِ لَهُمْ أَوْدِيَتَهُمْ، وَإِلَّا فَخَلِّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ، فَأَدَّوْا إِلَيْهِ مَا كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمَى لَهُمْ أَوْدِيَتَهُمْ

ان کی دو وادیاں تھیں حفاظت کے لیے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہاں حضرت سفیان بن عبداللہ کو امیر مقرر کیا تو انہوں نے کوئی بھی شی دینے سے انکار کر دیا' وہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ادا کرتے تھے۔ حضرت سفیان نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف اس کے متعلق خط لکھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواباً خط لکھا کہ شہد کی مکھی' جس کو اللہ چاہتا ہے رزق دے دیتا ہے' اگر وہ دیں جو رسول اللہ ﷺ کو دیتے تھے تو ان کی وادیوں کی حفاظت کی جائے گی ورنہ ان کے اور لوگوں کے درمیان چھوڑ دیا جائے گا' انہوں نے اسی طرح ادا کرنا شروع کر دیا جس طرح وہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں دیتے تھے' تو ان کی وادیوں کی حفاظت کی جانے لگی۔

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ بَطْنًا مِنْ فَهْمٍ كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَحْلٍ لَهُمْ، مِنْ كُلِّ عَشْرِ قِرَبٍ قِرْبَةً، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَعْمَلَ عَلَى هُنَاكَ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ بنوفہم قبیلہ کی ایک شاخ والے رسول کریم ﷺ کو اپنے شہد کا عشر ہر دس مشکیزوں سے ہم اُن سے ایک مشکیزہ شہد لیتے تھے' جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو وہاں حضرت سفیان بن عبداللہ کو امیر مقرر کیا گیا' اس کے بعد حضرت اسامہ بن زید کی حدیث ذکر کی۔

6278 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيلِيِّ، عَنِ ابْنٍ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ جَدِّهِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ

حضرت ابن عبداللہ بن سفیان اپنے دادا سفیان بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو صدقہ لینے کے لیے بھیجا' وہ ...

اللّٰهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بَعَثَهُ مُصَدِّقًا فَكَانَ يَعُدُّ عَلَى النَّاسِ بِالسَّخْلِ، فَقَالُوا: تَعُدُّ عَلَيْنَا بِالسَّخْلِ، وَلَا تَأْخُذُ مِنْهُ شَيْئًا؟ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: نَعَمْ، تَعُدُّ عَلَيْهِمْ بِالسَّخْلَةِ يَحْمِلُهَا الرَّاعِي، وَلَا تَأْخُذُهَا، وَلَا تَأْخُذِ الْأَكُولَةَ وَلَا الرُّبَّى وَلَا الْمَاخِضَ وَلَا فَحْلَ الْغَنَمِ، وَتَأْخُذُ الْجَذَعَةَ وَالثَّنِيَّةَ، وَذَلِكَ عَدْلٌ بَيْنَ غِذَاءِ الْمَالِ وَخِيَارِهِ

جلاوطن خیال کیے جاتے تھے' اُنہوں نے کہا: ہمیں جلاوطن خیال کیا جاتا ہے' ان سے کوئی شی نہ لو۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' اس کا ذکر کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے' ان کو جلاوطن شمار کرو' وہ اپنی حفاظت خود کریں۔

## وَمَا أَسْنَدَ سُفْيَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

## حضرت سفیان بن عبداللہ کی روایت کردہ احادیث

**6279** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالُوا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَاعِزٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنِي بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهِ؟ قَالَ: قُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے حکم کے متعلق بتائیں جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں' آپ نے فرمایا: تُو کہہ: میرا رب اللہ ہے' پھر اس پر استقامت کر۔

**6280** - قُلْتُ: مَا أَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا

میں نے عرض کی: مجھ پر زیادہ کس شی کا خوف ہے؟ آپ نے اپنی زبانِ اطہر پکڑی' پھر فرمایا: اس کا۔

6281 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَاعِزٍ الْعَامِرِيِّ، أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللهِ الثَّقَفِيَّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، حَدِّثْنِي بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ رَبِّيَ اللهُ، وَاسْتَقِمْ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے حکم کے متعلق بتائیں جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں' آپ نے فرمایا: تُو کہہ: اللہ میرا رب ہے' پھر اس پر استقامت کر۔

6282 - قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا أَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا

میں نے عرض کی: مجھ پر زیادہ کس شی کا خوف ہے؟ آپ نے اپنی زبانِ اطہر پکڑی' پھر فرمایا: اس کا۔

6283 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قُلْ لِي فِي الْإِسْلَامِ قَوْلًا لَا أَسْأَلُ أَحَدًا بَعْدَكَ؟ فَقَالَ: قُلْ: آمَنْتُ بِاللَّهِ، ثُمَّ اسْتَقِمْ

حضرت عبداللہ بن سفیان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اسلام کے متعلق بتائیں! آپ کے بعد کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہ رہے؟ آپ نے فرمایا: تُو کہہ کہ میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر استقامت اختیار کر۔

6284 - قُلْتُ: مَا أَتَّقِي يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: فَأَوْمَأَ إِلَى لِسَانِهِ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کس شی سے زیادہ ڈروں؟ آپ نے زبان کی طرف اشارہ کیا۔

6285 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَجْلَانَ الْأَفْطَسِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ لِنَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، قُلْ لِي قَوْلًا أَنْتَفِعُ بِهِ، وَأَقْلِلْ، لَعَلِّي أَعْقِلُهُ؟ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی نفع مند بات بتائیں اور مختصر تاکہ میں اس کو سمجھوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کر' آپ سے کئی مرتبہ پوچھا گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہی فرماتے رہے: غصہ نہ کر۔

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ، فَعَاوَدَهُ مِرَارًا يَسْأَلُهُ عَنْ ذَلِكَ، يَقُولُ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ

6286 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا فِي الْوَفْدِ الَّذِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَضَرَبَ لَنَا قُبَّتَيْنِ عِنْدَ دَارِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، فَكَانَ بِلَالٌ يَأْتِينَا بِفِطْرِنَا، فَنَقُولُ: يَا بِلَالُ أَفْطَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ مَا جِئْتُكُمْ حَتَّى أَفْطَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ، فَيَأْكُلُ، وَنَأْكُلُ، وَكَانَ بِلَالٌ يَأْتِينَا بِسُحُورِنَا

حضرت سفیان بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: ہم اس وفد میں تھے جو رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا ہمارے لیے دو قبے بنائے گئے مغیرہ بن شعبہ کے گھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس افطاری کا سامان لاتے ہم عرض کرتے: اے بلال! رسول اللہ ﷺ نے افطار کیا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے: میں تمہارے پاس آتا ہوں جب رسول اللہ ﷺ افطار کر لیتے ہیں آپ کے لیے رکھا جاتا آپ کھاتے اور ہم کھاتے حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس سحری کا سامان لاتے۔

## سُفْيَانُ بْنُ عَطِيَّةَ بْنِ رَبِيعَةَ الثَّقَفِيُّ

## حضرت سفیان بن عطیہ بن ربیعہ ثقفی رضی اللہ عنہ

6287 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ الرَّازِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ رَبِيعَةَ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَدِمَ وَفْدُنَا مِنْ ثَقِيفٍ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمُوا فِي النِّصْفِ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَمَرَهُمْ

حضرت سفیان بن عطیہ بن ربیعہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کا وفد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا وہ نصف رمضان گزرنے کے بعد اسلام لائے حضور ﷺ نے ان کو روزے رکھنے کا حکم دیا جو روزے رہ گئے وہ رہ گئے تھے ان کی قضاء کا حکم نہیں دیا۔

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَامُوا مَعَهُ مَا اسْتَقْبَلَهُمْ، وَلَمْ يَأْمُرْهُمْ بِقَضَاءِ مَا فَاتَهُمْ

## سُفْيَانُ بْنُ أَسَدٍ الْحَضْرَمِيُّ

## حضرت سفیان بن اسد حضرمی رضی اللہ عنہ

**6288** - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، قَالَا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي أَبُو شُرَيْحٍ ضُبَارَةُ بْنُ مَالِكٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَسَدٍ الْحَضْرَمِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَفَى بِهَا خِيَانَةً أَنْ تُحَدِّثَ أَخَاكَ حَدِيثًا ' هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ، وَأَنْتَ بِهِ كَاذِبٌ

حضرت سفیان بن اسد حضرمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: خائن ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تُو اپنے بھائی کو کوئی بات کرے وہ تیری بات میں تیری تصدیق کرنے والا ہو اور تُو اس کو جھوٹ خیال کرتا ہو۔

## سُفْيَانُ الْمُحَارِبِيُّ

## حضرت سفیان محاربی رضی اللہ عنہ

**6289** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ جَمِيلٍ أَبُو مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ الْخَوَّاصُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُفْيَانَ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْهَ قَوْمَكَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، فَإِنَّهُ حَرَامٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ

حضرت سفیان محاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہاری قوم مٹکے کی نبیذ بناتی ہے' ان کو منع کرو کیونکہ یہ حرام ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے۔

## سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ

## حضرت سفیان بن وہب

## الْخَوْلَانِيُّ

## خولانی رضی اللہ عنہ

6290 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي عُشَّانَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيِّ، أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ ظِلِّ رَاحِلَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، أَوْ أَنَّ رَجُلًا حَدَّثَهُ ذَلِكَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' قَالَ: رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ ' أَوْ غُدْوَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سفیان بن وہب خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ کی سواری کے سایہ کے پاس تھے' ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے بیان کر رہا تھا کہ اللہ کی راہ میں صبح وشام کرنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔

6291 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ أَبِي شِمْرٍ السَّبَائِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَأْتِي مِائَةٌ وَعَلَى ظَهْرِهَا أَحَدٌ بَاقٍ

حضرت سفیان بن وہب خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ۱۰۰ سال نہیں آئے گا کہ کوئی زمین کی پیٹھ پر باقی نہ ہوگا (یعنی ان میں سے جو موجود ہیں)۔

6292 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ أَبِي شِمْرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَأْتِي الْمِائَةُ وَعَلَى ظَهْرِهَا أَحَدٌ بَاقٍ

حضرت سفیان بن وہب خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ۱۰۰ سال نہیں گزرے گا کہ کوئی زمین پر باقی نہ ہوگا (موجودہ میں سے)۔

# سُفْيَانُ بْنُ أَبِي زُهَيْرٍ الْأَزْدِيُّ الشَّنَوِيُّ

# حضرت سفیان بن ابوزہیر ازدی شنوی رضی اللہ عنہ

**6293** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اور جوان کی اطاعت کرے گا' اُٹھائے ہوئے ہوگی لیکن مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے' پھر شام فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ کمزور اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے۔

**6294** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے اور جوان کی اطاعت کرے گا' اور مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے۔

**6295** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ کوشش کریں گے' اپنے

الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَهُ أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ الْأَزْدِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ، وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ، ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے اور جو ان کی اطاعت کرے گا اور مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے' پھر عراق فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ کوشش کرے گی اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے' پھر شام فتح ہوگا تو ایک برداشت کرنے والی قوم آئے گی' پس وہ اپنے اہل وعیال اور اطاعت کرنے والوں کا بوجھ برداشت کریں گے اور مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا' اگر وہ علم رکھتے ہوں۔

6296 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی جو برداشت کرے گی اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں' پھر عراق فتح ہوگا۔ پس ایک برداشت کرنے والی قوم آئے گی جو اپنے گھر والوں اور اطاعت کرنے والوں کا بوجھ اُٹھائے گی لیکن مدینہ ان کیلئے بہتر ہوگا' کاش وہ جانتے ہوں' پھر شام فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ برداشت کرنے والی ہوگی' وہ کمزور اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں۔

6297 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ،

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ

وَمُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ خُزَاعِيِّ بْنِ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَجِيءُ رِجَالٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَلَكِنَّ الْمَدِينَةَ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَجِيءُ رِجَالٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَجِيءُ رِجَالٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ زَادَ أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ فِي حَدِيثِهِ: قَالَ عُرْوَةُ: ثُمَّ لَقِيتُ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ عِنْدَ مَوْتِهِ، فَأَخْبَرَنِي بِهَذَا الْحَدِيثِ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک برداشت کرنے والی قوم آئے گی اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں' پھر عراق فتح ہوگا' پس ایسے لوگ آئیں گے جو برداشت کرنے والے ہوں گے' پس وہ اپنے اہل وعیال اور اپنے اطاعت و فرمانبرداری کرنے والوں کا بوجھ برداشت کریں گے' پھر شام فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوں۔ زیادہ کیا احمد نے اپنی حدیث میں کہ حضرت عروہ نے کہا: پھر میں سفیان بن زہیر سے ان کی موت کے وقت ملا اور انہوں نے اس حدیث کی مجھے خبر دی۔

**6298** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں۔

6299 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں۔

6300 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ، رَجُلٌ مِنْ أَزْدِ شَنُوءَةَ، وَهُوَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُحَدِّثُ نَاسًا عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَا يُغْنِي عَنْهُ زَرْعًا وَلَا ضَرْعًا، نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ قَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

حضرت سائب بن یزید بتاتے ہیں کہ اُنہوں نے سفیان بن ابوزہیر سے سنا' یہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں' وہ لوگوں کو مسجد کے دروازے کے پاس بیان کر رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے بغیر کسی وجہ کے کتا پالا' اس کے اعمال میں ہر روز ایک قیراط (زمین کی پیمائش کے لحاظ سے ایک سو پچھتر میٹر) کی ہوگی' اس نے کہا: آپ نے یہ ارشاد رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ اس نے کہا: ربِ کعبہ کی قسم! سنا ہے۔

6301 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَا يُغْنِي عَنْهُ زَرْعًا وَلَا

حضرت سائب بن یزید بتاتے ہیں کہ اُنہوں نے سفیان بن ابوزہیر سے سنا' یہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں' وہ لوگوں کو مسجد کے دروازے کے پاس بیان کر رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے بغیر کسی وجہ کے کتا پالا' اس کے

ضَرْعًا نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ ، قَالَ لِلسَّائِبُ: أَىْ سُفْيَانَ، أَسَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: إِى وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

اعمال میں ہر روز ایک قیراط (پیمائش میں چیز کا چوبیسواں حصہ) کمی ہوگی' اس نے کہا: آپ نے یہ ارشاد رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ اس نے کہا: رب کعبہ کی قسم! سنا ہے۔

## سُفْيَانُ بْنُ أَبِي الْعَوْجَاءِ أَبُو لَيْلَى الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت سفیان بن ابوعوجاء ابولیلیٰ انصاری رضی اللہ عنہ

مَا رَوَى عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى عَنْ أَبِيهِ الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

جو حدیث عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد حکم بن عتیبہ سے' وہ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں۔

**6302** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي نَصْرٍ السَّكُونِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهِ، وَأَهْلِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ، وَذَاتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ ذَاتِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ مسلمان نہیں ہوسکتا ہے یہاں تک کہ مجھے اپنی ذات سے زیادہ محبوب نہ مانے' میرے گھر والے اس کو اپنے گھر والوں سے اور میری ذات اسے اپنی ذات سے زیادہ محبوب نہ ہوجائے۔

**6303** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي جَرِيرٍ، أَنَّ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ، وَعِيسَى بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، حَدَّثَاهُ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَهُمَا، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ نَبِيَّ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وہ اونٹنی خریدی جس کا دودھ روک لیا گیا تھا' اگر ناپسند ہوتو وہ واپس کر دے اور ایک صاع (ساڑھے چار سیر) کھجور ساتھ دے۔

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اشْتَرَى نَاقَةً مُصَرَّاةً فَإِنْ كَرِهَهَا فَلْيَرُدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

## حضرت عبداللہ بن عیسیٰ بن عبدالرحمٰن اپنے چچا عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں



**6304** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، أنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ، وَمَعَهُ حَسَنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ تَمْرَةً، فَوَضَعَهَا فِي فِيهِ، فَأَدْخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِصْبَعَهُ ' فَأَخْرَجَهَا مِنْ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ صدقہ والے گھر میں داخل ہوئے' آپ کے ساتھ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تھے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کھجور لی اور اس کو اپنے منہ میں ڈالا' حضورﷺ نے اپنی انگلی مبارک اُن کے منہ میں داخل کی اور اس کھجور کو منہ سے نکالا' پھر فرمایا: ہم اہل بیت کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

**6305** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ ' فَقَالَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ فِي الْأَرَاكِ، فَدَخَلْنَا فَأَخَذْنَاهُ، فَجَعَلَ الْمُسْلِمُونَ يَجِيئُونَهُ ' يُخْفُونَ سُيُوفَهُمْ ' حَتَّى جَاءُوا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَقَالَ لَهُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ قَدْ جِئْتُكُمْ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم فتح مکہ کے دن حضورﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے فرمایا: ابوسفیان اراک میں ہے' ہم داخل ہوئے اور اسے پکڑا' مسلمان اس کو لائے' اس پر اپنی تلواریں سونتنے لگے' اسے حضورﷺ کے پاس لائے' آپ نے فرمایا: اے ابوسفیان! تیرے لیے ہلاکت! تُو دنیا اور آخرت کے ساتھ آیا' مسلمان ہو جا' بچ جائے گا۔ حضرت عباس' ابوسفیان کے دوست تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوسفیان آپ کی آواز کو پسند

بِالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَأَسْلِمُوا تَسْلَمُوا، وَكَانَ الْعَبَّاسُ لَهُ صَدِيقًا، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ الصَّوْتَ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُنَادِي بِمَكَّةَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، ثُمَّ بَعَثَ مَعَهُ الْعَبَّاسَ حَتَّى جَلَسَا عَلَى عَقَبَةِ الثَّنِيَّةِ، فَأَقْبَلَتْ بَنُو سُلَيْمٍ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذِهِ بَنُو سُلَيْمٍ، فَقَالَ: وَمَا أَنَا وَسَلِيمٌ؟ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالْمُهَاجِرُونَ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فِي الْمُهَاجِرِينَ، ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الْمَوْتُ الْأَحْمَرُ، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَنْصَارِ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: لَقَدْ رَأَيْتَ مُلْكَ كِسْرَى وَقَيْصَرَ، فَمَا رَأَيْتُ مِثْلَ مُلْكِ ابْنِ أَخِيكَ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: إِنَّمَا هِيَ النُّبُوَّةُ

کرتا ہے۔ حضور ﷺ نے مکہ میں اعلان کرنے والا بھیجا کہ جو اپنا دروازہ بند کرے وہ امان والا ہے' جس نے اسلحہ ڈال دیا وہ امان والا ہے' جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا وہ امان والا ہے۔ پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ساتھ بھیجا' دونوں عقبہ ثنیہ پر بیٹھے' اس کے بعد بنوسلم آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ کہا: قبیلہ بنوسلیم ہے۔ پس کہا: کیا میں اور سلیم ایک ہیں؟ پھر حضرت علی بن ابوطالب اور دیگر مہاجرین آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون لوگ ہیں؟ جواب دیا: یہ علی بن ابوطالب ہیں جو مہاجرین کے ساتھ مل کر آئے ہیں۔ پھر رسول کریم ﷺ انصار کے گروہ میں آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ جواب دیا: یہ سرخ موت ہیں' یہ انصار میں رسول کریم ﷺ ہیں۔ پس حضرت ابوسفیان نے کہا: تحقیق تُو نے کسریٰ اور قیصر کے بادشاہ دیکھے ہیں' پس میں نے تیرے بھائی کے ملک جیسا ملک نہیں دیکھا ہے۔ پس حضرت عباس نے فرمایا: (یہ بادشاہی نہیں) یہ نبوت ہے۔

**عبد اللہ بن عیسیٰ بن عبد الرحمٰن عن عمہ عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ**

**6306** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَأَصَابَنَا عَطَشٌ شَدِيدٌ، فَشَكَوْنَا ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں تھے' ہمیں سخت پیاس لگی' ہم نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق عرض کی' آپ نے فرمایا: کیا کسی کے برتن میں کوئی شی بچی ہوئی ہے؟ ایک آدمی بچا ہوا پانی لایا' حضور ﷺ نے زمین میں گڑھا کھودا'

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ فَضْلَةُ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ؟ فَأَتَاهُ رَجُلٌ بِفَضْلَةِ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ، فَحَفَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَرْضِ حُفْرَةً، وَضَعَ عَلَيْهَا نِطَعًا، وَوَضَعَ كَفَّهُ عَلَى الْأَرْضِ، ثُمَّ قَالَ لِصَاحِبِ الْإِدَاوَةِ: صُبِّ الْمَاءَ عَلَى كَفِّي، وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَفَعَلَ، قَالَ أَبُو لَيْلَى: قَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَوَى الْقَوْمُ، وَسُقُوا كُلُّهُمْ

اس پر چمڑے کا ٹکڑا رکھا اور زمین پر اپنی ہتھیلی رکھی' پھر برتن کے مالک سے کہا: میری ہتھیلی پر سے پانی ڈال اور اللہ کے نام کا ذکر کر۔ اس نے ایسے ہی کیا۔ حضرت ابولیلیٰ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں سے پانی کا چشمہ نکلتے دیکھا' پھر لوگوں نے سیر ہو کر پیا۔

## أَبُو فَرْوَةَ مُسْلِمُ بْنُ سَالِمٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

## حضرت ابوفروہ مسلم بن سالم جہنی' حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6307 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَدَعَا عَلِيًّا، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو گا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہو گا' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور آپ کو جھنڈا دیا۔



## أَبُو فَزَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

## ابوفزارہ' حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6308 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے

عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: اعْتَكَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي قُبَّةٍ مِنْ خُوصٍ

ہیں کہ حضور ﷺ نے رمضان کے آخری عشرے میں ایک قبہ میں اعتکاف کیا۔

## عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ

## حضرت عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

**6309** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ الْحَسَنَ أَوِ الْحُسَيْنَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا كَانَا فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَبَالَ، فَرَأَيْتُ بَوْلَهُ أَسَارِيعَ، فَوَثَبْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ: دَعُوا ابْنِي حَتَّى يَقْضِيَ بَوْلَهُ، وَلَا تُفْزِعُوهُ حَتَّى يَقْضِيَ بَوْلَهُ ' ثُمَّ أَتْبَعَهُ الْمَاءَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما دونوں حضور ﷺ کی گود میں تھے' حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما نے پیشاب کرنا شروع کیا' میں نے دیکھا کہ پیشاب آپ پر گر رہا ہے' میں ان کو پکڑنے لگا تو حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بیٹے کو چھوڑ دو تاکہ پیشاب کر لے' پیشاب کرنے تک پریشان نہ کرو' پھر پانی مانگا' اس پر پانی ڈالا گیا۔

**6310** - فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ، فَأَخَذَ الْغُلَامُ تَمْرَةً، فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ، فَاسْتَخْرَجَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لَنَا

حضور ﷺ نے پانی بہانے کا حکم دیا' آپ صدقہ والے گھر میں داخل ہوئے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کھجور پکڑی اور اپنے منہ میں ڈالی' حضور ﷺ نے ان کے منہ سے نکال دی اور فرمایا: صدقہ ہمارے لیے حلال نہیں ہے۔

**6311** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا وَكِيعٌ، ثنا ابْنُ أَبِي لَيْلَى،

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' حضرت امام حسن رضی اللہ

عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ جَدِّهِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ الْحَسَنُ يَحْبُو حَتَّى صَعِدَ عَلَى صَدْرِهِ، فَبَالَ عَلَيْهِ فَابْتَدَرْنَاهُ لِنَأْخُذَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنِي ابْنِي، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

عنہ تشریف لائے' آپ کے سینے پر چڑھے اور آپ کے سینۂ اطہر پر پیشاب کر دیا' ہم نے پکڑنے کے لیے جلدی کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ میرا لختِ جگر ہے' یہ میرا لختِ جگر ہے۔ پھر آپ نے پانی منگوایا اور اس پر ڈال دیا۔

**6312** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، أَوِ الْحَكَمِ أَوْ كِلَيْهِمَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَأَى حَيَّةً، فَلَمْ يَقْتُلْهَا مَخَافَةَ طَلَبِهَا، فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سانپ دیکھا' اسے ڈرا کر نہ مارا تو اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

## قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْجَدَلِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى

## قیس بن مسلم جدلی' حضرت ابن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

**6313** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ غَنَمًا، فَجَعَلَ لِكُلِّ عَشَرَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ شَاةً، وَأَنَّهَا كَانَتْ نُهْبَةً قَالَ: وَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مالِ غنیمت تقسیم کیا' دس افراد کو ایک بکری دی اور حضور ﷺ نے اس دن ہنڈیا کے متعلق حکم دیا تو انہیں گرا دیا گیا اور وہ خیبر کا دن تھا۔

بِالْقُدُورِ فَأُكْفِئَتْ، وَهُوَ يَوْمُ خَيْبَرَ

## ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

## ثابت البنانی‘ حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

**6314** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَوَكِيعٌ، وَحُمَيْدُ ابْنُ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرَّوَاسِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ لَيْسَتْ بِفَرِيضَةٍ، فَمَرَّ بِذِكْرِ النَّارِ، فَقَالَ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ، وَيْلٌ لِأَهْلِ النَّارِ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نفل نماز میں فرماتے ہوئے سنا: آپ نے دس آیات پڑھیں‘ جن میں دوزخ کا ذکر تھا‘ دس آیات پڑھیں‘ میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں دوزخ سے اور جہنم والوں کے لیے ہلاکت ہے۔ یہ الفاظ حضرت عثمان بن ابوشیبہ کے ہیں۔

**6315** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: قَالَ أَبُو لَيْلَى: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ عَنِ الْحَيَّاتِ فِي الْبُيُوتِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُنَّ فِي مَسَاكِنِكُمْ فَقُولُوا: نُنْشِدُكُمْ بِعَهْدِ اللّٰهِ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ نُوحٌ، نُنْشِدُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ أَنْ لَا تُؤْذُونَا، فَإِنْ عُدْنَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپ سے سانپ کے متعلق پوچھا‘ آپ نے فرمایا: جب تم ان کو اپنے گھروں میں دیکھو تو کہو: ہم تمہیں اللہ کے عہد کی قسم دیتے ہیں جو تم پر حضرت نوح نے لیا تھا اور اس عہد کی قسم دیتے ہیں جو تم سے حضرت سلیمان نے لیا تھا کہ تم ہمیں تکلیف نہ دو گے پس اگر وہ لوٹ کر آئیں (یا گھر سے نہ جائیں) تو ان کا مار دو۔

فَاقْتُلُوهُنَّ

**6316** - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ حَيَّاتِ الْبُيُوتِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهُنَّ شَيْئًا فِي مَسَاكِنِكُمْ، فَقُولُوا: نَشَدْنَاكُمُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ نُوحٌ، نَشَدْنَاكُمُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، فَإِنْ عُدْنَ فَاقْتُلُوهُنَّ

حضرت ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا' فرمایا: جب تم ان میں سے کوئی شی دیکھو اپنے گھروں میں تو کہو: تمہیں نوح و سلیمان کے لیے ہوئے عہد کی قسم (نکل جاؤ)۔ اگر لوٹ آئیں تو ان کو مار دو۔

## عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى

## حضرت عدی بن ثابت' حضرت ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

**6317** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى جَدِّ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي تَطَوُّعًا، فَمَرَّ بِآيَةٍ مِنْ ذِكْرِ النَّارِ، فَقَالَ: وَيْلٌ لِأَهْلِ النَّارِ، أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

حضرت علی بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس سے گزرے اس حالت میں کہ حضور ﷺ نفل ادا کر رہے تھے' آپ اس آیت کو پڑھنے لگے جس میں جہنم کی آگ کا ذکر تھا' آپ نے فرمایا: دوزخ والوں کے لیے ہلاکت ہے' میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جہنم کی آگ سے۔

## سُفْيَانُ بْنُ قَيْس بْنِ أَبَانَ الثَّقَفِيُّ

## حضرت سفیان بن قیس بن ابان ثقفی رضی اللہ عنہ

**6318** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ

حضرت امیمہ اپنی والدہ عقیقہ سے روایت کرتی

فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْلَى بْنِ كَعْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي أُمَيْمَةُ، عَنْ أُمِّهَا رُقَيْقَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهَا قَالَتْ: لَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْتَغِي النَّصْرَ بِالطَّائِفِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَأَمَرَتْ لَهُ بِشَرَابٍ مِنْ سَوِيقٍ، فَشَرِبَ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رُقَيْقَةُ لَا تَعْبُدِي طَاغِيَتَهُمْ، وَلَا تُصَلِّي لَهَا ، قُلْتُ: إِذًا يَقْتُلُونِي، قَالَ: فَإِذَا قَالُوا لَكَ ذَلِكَ، فَقُولِي: رَبِّي رَبُّ هَذِهِ الطَّاغِيَةِ، فَإِذَا صَلَّيْتِ فَوَلِّهَا ظَهْرَكِ ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِمْ، قَالَتْ بِنْتُ رُقَيْقَةَ: فَأَخْبَرَنِي أَخَوَايَ سُفْيَانُ، وَوَهْبٌ ابْنَا قَيْسِ بْنِ أَبَانَ قَالَا: لَمَّا أَسْلَمَ ثَقِيفٌ خَرَجْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا فَعَلَتْ أُمُّكُمَا؟ قُلْنَا: هَلَكَتْ فِي الْحَالِ الَّتِي تَرَكْتَهَا، فَقَالَ: لَقَدْ أَسْلَمَتْ أُمُّكُمَا إِذَنْ

ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ جب حضورﷺ آئے اور طائف والوں کے لیے مدد مانگی تو آپ ان کے گھر آئے' اُنہوں نے آپ کے لیے شہد کا پانی دینے کا حکم دیا' آپ کو دیا گیا' آپ نے نوش کیا' آپﷺ نے مجھے فرمایا: اے رقیقہ! تُو ان کے بتوں کی عبادت نہ کر' نہ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ۔ میں نے عرض کی: پھر تو وہ مجھے مار دے گا' آپ نے فرمایا: جو تجھے یہ کہیں تو کہنا کہ میرا رب وہ ہے جو اس بت کا رب ہے' جب نماز پڑھے تو اپنی پشت اس سے پھر لینا' پھر حضورﷺ ان کے پاس سے نکل۔ بنت رقیقہ نے کہا: مجھے قیس بن ابان کے دونوں بیٹوں میرے دونوں بھائیوں سفیان اور وہب نے بتایا' دونوں نے کہا: جب قبیلہ ثقیف والے اسلام لائے تو ہم حضورﷺ کی طرف نکلے آپ نے فرمایا: تمہاری والدہ نے کیا کیا؟ ہم نے عرض کی: جس حالت پر آپ اس کو چھوڑ کر آئے تھے وہ اسی حالت پر گئی' آپﷺ نے فرمایا: پھر تو تمہاری والدہ مسلمان ہو چکی تھیں۔

## مَنِ اسْمُهُ سَفِينَةُ

## جن کا نام سفینہ ہے

### سَفِينَةُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَوَى مُحَمَّدُ بْنُ

### حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ وہ حدیثیں جو محمد بن منکدر' حضرت

## الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَفِينَةَ

6319 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ حَدَّثَهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، أَنَّ سَفِينَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَكِبْتُ الْبَحْرَ، فَانْكَسَرَتْ سَفِينَتِي الَّتِي كُنْتُ فِيهَا، فَرَكِبْتُ لَوْحًا مِنْ أَلْوَاحِهَا، فَطَرَحَنِي اللَّوْحُ فِي أَجَمَةٍ فِيهَا الْأَسَدُ، فَأَقْبَلَ يُرِيدُنِي، فَقُلْتُ: يَا أَبَا الْحَارِثِ، أَنَا مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَأْطَأَ رَأْسَهُ، وَأَقْبَلَ إِلَيَّ، فَدَفَعَنِي بِمَنْكِبِهِ حَتَّى أَخْرَجَنِي مِنَ الْأَجَمَةِ، وَوَضَعَنِي عَلَى الطَّرِيقِ، وَهَمْهَمَ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُوَدِّعُنِي، فَكَانَ ذَلِكَ آخِرَ عَهْدِي بِهِ

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَرَوِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ، وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ

## سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں کشتی پر سوار ہو کر سمندر میں سفر کر رہا تھا' میں جس کشتی میں تھا وہ ٹوٹ گئی' میں اس کے تختوں سے ایک تخت پر سوار ہوا' تخت نے مجھے جنگل میں پھینکا' وہاں شیر تھا' شیر مجھے کھانے کے لیے آگے بڑھا' میں نے کہا: اے ابوحارث! (سن لے!) میں رسول اللہﷺ کا غلام ہوں۔ شیر نے اپنا سر ڈالا اور میری طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا: میرے اوپر سوار ہو! میں اس کے اوپر سوار ہوا' اُس نے مجھے اس جنگل سے نکالا اور مجھے راستہ پر ڈالا اور اشارہ کرنے لگے' میں نے کہا: یہ مجھے الوداع کر رہا ہے' یہ میری اس سے آخری ملاقات تھی۔

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ' حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں' لیکن اس حدیث کی سند میں محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کا ذکر نہیں ہے۔

## عُمَرُ بْنُ سَفِينَةَ، عَنْ أَبِيهِ

6320 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

## حضرت عمر بن سفینہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت برید بن عمر بن سفینہ' رسول اللہﷺ سے

إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ بُرَيْهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِينَةَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: احْتَجَمَ، فَقَالَ: خُذْ هَذَا الدَّمَ، فَادْفِنْهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالطَّيْرِ وَالنَّاسِ فَتَغَيَّبْتُ فَشَرِبْتُهُ، ثُمَّ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَضَحِكَ وَاللَّفْظُ لِأَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ

غلام اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے پچھنا لگوایا' آپ نے فرمایا: یہ خون لو اور اسے ایسی جگہ دفن کرو جہاں جانوروں' پرندوں اور لوگوں کے پاؤں نہ لگیں۔ میں نے اس کو اس طرح غائب کیا کہ آپ کا خون اطہر نوش کر لیا' پھر میں نے آپ ﷺ کی بارگاہ میں ذکر کیا تو آپ مسکرائے۔ یہ الفاظ احمد بن صالح کے ہیں۔

**6321** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ بُرَيْهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِينَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَكَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارَى

حضرت برید بن عمر بن سفینہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سرخاب ایک پرندہ کا گوشت کھایا۔

## ثَابِتٌ الْبَجَلِيُّ، عَنْ سَفِينَةَ

## حضرت ثابت بجلی' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

**6322** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَسْتَأْذِنُ، فَدَقَّ الْبَابَ دَقًّا خَفِيفًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَفِينَةُ افْتَحْ لَهُ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' اجازت چاہی' آہستہ سے دروازہ کھٹکھٹایا' حضور ﷺ نے فرمایا: اے سفینہ! (آنے والے کے لیے) دروازہ کھولو!

# عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ سَفِينَةَ

6323 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نُعْمٍ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِطَيْرٍ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ ائْتِنِي بِأَحَبِّ خَلْقِكَ إِلَيْكَ يَأْكُلُ مَعِيَ مِنْ هَذَا الطَّيْرِ، فَجَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ وَالِ

# حضرت عبدالرحمٰن بن ابی نعم' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سفینہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھونا ہوا پرندہ لایا گیا' آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو میرے پاس لا جو تجھے مخلوق میں سے سب سے زیادہ پسند ہے' وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! تُو اس سے دوستی کر۔

# أَبُو رَيْحَانَةَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَطَرٍ، عَنْ سَفِينَةَ

6324 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي رَيْحَانَةَ، عَنْ سَفِينَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ، وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ

# حضرت ابوریحانہ عبداللہ بن مطر' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مُد پانی سے وضو اور ایک صاع پانی سے غسل کرتے تھے۔

# سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ

6325 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ

# حضرت سعید بن جمہان' حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سعید بن جمہان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے آپ کے نام کے متعلق

الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالُوا: ثنا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، قَالَ: سَأَلْتُ سَفِينَةَ عَنِ اسْمِهِ، فَقَالَ: أَنَا مُخْبِرُكَ بِاسْمِي، سَمَّانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفِينَةَ، قُلْتُ: لِمَ سَمَّاكَ سَفِينَةَ؟ قَالَ: خَرَجَ وَمَعَنَا أَصْحَابُهُ، فَثَقُلَ عَلَيْهِمْ مَتَاعُهُمْ، فَقَالَ: ابْسُطْ كِسَاءَكَ فَبَسَطْتُهُ، فَجَعَلَ فِيهِ مَتَاعَهُم، ثُمَّ حَمَلَهُ عَلَيَّ، فَقَالَ: احْمِلْ، مَا أَنْتَ إِلَّا سَفِينَةٌ قَالَ: فَلَوْ حَمَلْتُ يَوْمَئِذٍ وِقْرَ بَعِيرٍ أَوْ بَعِيرَيْنِ أَوْ خَمْسَةَ أَوْسُقٍ مَا ثَقُلَ عَلَيَّ

پوچھا تو فرمایا: میں اپنے نام کے متعلق بتاتا ہوں' رسول اللہ ﷺ نے میرا نام سفینہ رکھا تھا' میں نے کہا: سفینہ کیوں رکھا؟ فرمایا: آپ نکلے' ہمارے ساتھ آپ کے صحابہ بھی تھے'ان کا سامان بھاری ہوگیا' آپ نے فرمایا: اپنی چادر کو بچھاؤ! میں نے چادر بچھائی تو آپ نے اس میں سامان رکھا' پھر مجھ پر لاد دیا' آپ نے فرمایا: اُٹھاؤ! تُو سفینہ (یعنی کشتی) ہے۔ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس دن ایک یا دو اونٹ یا پانچ وسق سامان اُٹھایا جو مجھے بھاری نہ لگا۔

6326 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَكُلَّمَا أَعْيَا إِنْسَانٌ أَلْقَى عَلَيَّ سَيْفَهُ وَتُرْسَهُ، حَتَّى حَمَلْتُ شَيْئًا كَثِيرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ سَفِينَةٌ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے' سارے لوگ نے اپنا سامان مجھ پر ڈال دیا' میں نے بہت زیادہ سامان اُٹھایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تُو کشتی ہے۔

6327 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَجَعَلَ كُلُّ مَنْ ثَقُلَ عَلَيْهِ مَتَاعُهُ مِنْ أَصْحَابِهِ حَمَلَهُ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے' سارے لوگ نے اپنا سامان مجھ پر ڈال دیا' میں نے بہت زیادہ سامان اُٹھایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تُو کشتی ہے۔

عَلَيَّ، حَتَّى حَمَلْتُ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا كَثِيرًا، فَمَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا أَنْتَ إِلَّا سَفِينَةٌ

**6328** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، حَدَّثَنِي سَفِينَةُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخِلَافَةُ بَيْنَ أُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ مُلْكٌ بَعْدَ ذَلِكَ، ثُمَّ قَالَ لِي سَفِينَةُ: أَمْسِكْ، فَأَمْسَكْتُ خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ وَخِلَافَةَ عُمَرَ وَخِلَافَةَ عُثْمَانَ وَخِلَافَةَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ، فَوَجَدْتُهَا ثَلَاثِينَ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں خلافت تیس سال رہے گی پھر اس کے بعد بادشاہت ہوگی' پھر مجھے فرمایا: اے سفینہ! تُو ان کی مدتِ خلافت میں رہے گا' میں حضرت ابوبکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم کی خلافت میں رہا' میں نے تیس سال پورے شمار کیے۔

**6329** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخِلَافَةُ بَعْدِي فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ مُلْكٌ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں میرے بعد خلافت تیس سال ہوگی' پھر اس کے بعد بادشاہت ہو گی۔

**6330** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَوَّارٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يُؤْتِي اللَّهُ مَنْ يَشَاءُ، أَوْ قَالَ مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ قَالَ سَعِيدٌ: أَمْسَكَ أَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ، وَعُمَرُ عَشْرًا، وَعُثْمَانُ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: خلافت تیس سال ہوگی' پھر اللہ جیسے چاہے گا رہے گا' یا فرمایا: اس کے بعد بادشاہت ہو گی جیسے اللہ چاہے گا۔ حضرت سعید فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر کی خلافت دو سال' حضرت عمر کی دس سال' حضرت عثمان کی بارہ سال اور حضرت علی کی چھ سال رہی۔

ثِنْتَيْ عَشْرَةَ، وَعَلِيٌّ سِتًّا

**6331** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: ثنا حَشْرَجُ بْنُ نُبَاتَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي إِلَّا حَذَّرَ أُمَّتَهُ الدَّجَّالَ، هُوَ أَعْوَرُ عَيْنُهُ الْيُسْرَى، بِعَيْنِهِ الْيُمْنَى ظَفَرَةٌ غَلِيظَةٌ، بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوبٌ كَافِرٌ، يَخْرُجُ مَعَهُ وَادِيَانِ أَحَدُهُمَا جَنَّةٌ، وَالْآخَرُ نَارٌ، فَجَنَّتُهُ نَارٌ، وَنَارُهُ جَنَّةٌ، مَعَهُ مَلَكَانِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ يُشْبِهَانِ نَبِيَّيْنِ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِهِ، وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ، وَذَلِكَ فِتْنَةُ النَّاسِ، يَقُولُ: أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ أُحْيِي وَأُمِيتُ؟ فَيَقُولُ أَحَدُ الْمَلَكَيْنِ: كَذَبْتَ، فَمَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ إِلَّا صَاحِبُهُ، فَيَقُولُ لَهُ صَاحِبُهُ: صَدَقْتَ، وَيَسْمَعُهُ النَّاسُ، فَيَحْسِبُونَ أَنَّهُ صَدَقَ الدَّجَّالُ، وَذَلِكَ فِتْنَةٌ، ثُمَّ يَسِيرُ حَتَّى يَأْتِيَ الْمَدِينَةَ وَلَا يُؤْذَنَ لَهُ فِيهَا، فَيَقُولُ: هَذِهِ قَرْيَةُ ذَلِكَ الرَّجُلِ، ثُمَّ يَسِيرُ حَتَّى يَأْتِيَ الشَّامَ، فَيُهْلِكُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ عَقَبَةِ أُفِيقٍ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ہمیں خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: مجھ سے پہلے ہر نبی نے اپنی اُمت کو دجال سے ڈرایا' وہ بائیں آنکھ سے کانا ہے اور اس کی دائیں والی آنکھ ناخن کی طرح سخت ہے اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا' وہ دو وادیاں لے کر نکلے گا' ایک میں جنت ہوگی اور دوسری میں آگ' اُس کی جنت دوزخ اور دوزخ جنت ہوگی' اس کے ساتھ دو فرشتے ہوں گے' دونوں انبیاء ہیں اور انبیاء کے مشابہ ہوگا' ان میں ایک اس کی دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب ہوگا' یہ لوگوں کے لیے آزمائش ہوگی۔ وہ کہے گا: میں تمہارا رب نہیں ہوں' زندہ اور مارتا ہوں' دو فرشتوں میں سے ایک کہے گا: تُو جھوٹ بولتا ہے' لوگوں میں سے کوئی اس کی آواز نہیں سنے گا سوائے اس کے ساتھی کے' اس کا ساتھی اس کو کہے گا: تُو سچ کہتا ہے' لوگ اس کی بات سنیں گے' وہ گمان کریں گے کہ دجال نے سچ کہا ہے' یہ بھی آزمائش ہوگی۔ پھر وہ چلے گا اور مدینہ آئے گا' اس کو یہاں اجازت نہیں ملے گی' وہ کہے گا: یہ ایک آدمی کی بستی ہے' پھر ملک شام آئے گا' یہاں پر اللہ عزوجل اس کو عقبہ افیق کے پاس ہلاک کرے گا۔



**6332** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، أَنَّ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دعوت کی' حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر ہم حضورﷺ کو

رَجُلًا دَعَاهُ عَلِيٌّ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: فَلَوْ دَعَوْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَكَلَ مَعَنَا، فَبَعَثَ إِلَيْهِ رَجُلًا، فَجَاءَ، فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، فَرَأَى قِرَامًا فِي نَاحِيَتَيِ الْبَيْتِ، فَرَجَعَ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اتَّبِعْهُ، فَانْظُرْ مَا رَجَعَهُ، فَتَبِعَهُ، فَقَالَ: مَا رَدَّكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَيْسَ لِي أَنْ أَدْخُلَ بَيْتًا مُزَوَّقًا

بلائیں تو آپ بھی ہمارے ساتھ کھائیں۔ آپ نے ایک آدمی کو بھیجا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے' دروازہ کی چوکھٹ پکڑی' آپ نے گھر کے ایک کونے میں پردہ دیکھا تو آپ واپس تشریف لے گئے۔ حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اپنے پیچھے دیکھیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس کیوں گئے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے گئے اور عرض کی: یارسول اللہ! آپ واپس کیوں آئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ایسے گھر نہیں جاتا ہوں جس گھر میں نقش ونگار ہوں۔

**6333** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَمْلُوكًا لِأُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَتْ: أُعْتِقُكَ، وَأَشْتَرِطُ عَلَيْكَ أَنْ تَخْدُمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتَ قُلْتُ: لَوْ لَمْ تَشْتَرِطِي عَلَيَّ مَا فَارَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتُ، فَأَعْتَقَتْنِي، وَاشْتَرَطَتْ عَلَيَّ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا غلام تھا' انہوں نے فرمایا: میں تجھے آزاد کروں گی اس شرط پر کہ تُو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کرے گا' جب تک تُو زندہ رہے گا۔ میں نے عرض کی: اگر آپ مجھ پر شرط نہ لگاتیں تو پھر بھی میں پوری زندگی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جدا نہ ہوتا۔ انہوں نے مجھے آزاد کیا اور مجھ پر شرط لگائی۔

## مَنِ اسْمُهُ سُوَيْدٌ

## جن کا نام سوید ہے

### سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيُّ

### حضرت سوید بن مقرن مزنی رضی اللہ عنہ

**6334** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں بنی مقرن کے

بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ: كُنَّا بَنِي مُقَرِّنٍ سَبْعَةً عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَنَا خَادِمٌ لَيْسَ لَنَا غَيْرُهَا، فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقُوهَا، فَقُلْتُ: لَيْسَ لَنَا خَادِمٌ غَيْرُهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَخْدُمُكُمْ حَتَّى تَسْتَغْنُوا عَنْهَا، ثُمَّ خَلُّوا سَبِيلَهَا

ساتھ تھے ہمارے پاس ان کے علاوہ کوئی غلام نہیں تھا' ہم میں سے کسی نے ان کو طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو آزاد کرو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے علاوہ ہمارے لیے کوئی غلام نہیں ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم اس سے خدمت لیتے رہو یہاں تک کہ تم اس سے بے پرواہ ہو جاؤ' پھر اس کو چھوڑ دینا۔

**6335** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ: كُنَّا بَنِي مُقَرِّنٍ سَبْعَةً عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَنَا خَادِمٌ لَيْسَ لَنَا غَيْرُهَا، فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقُوهَا، فَقُلْتُ: لَيْسَ لَنَا خَادِمٌ غَيْرُهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَخْدُمُكُمْ حَتَّى تَسْتَغْنُوا عَنْهَا، ثُمَّ خَلُّوا سَبِيلَهَا

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بنی مقرن سات تھے ہمارے پاس خادم تھا' ان کے علاوہ کوئی غلام نہیں تھا' ہم میں سے کسی نے ان کو طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو آزاد کرو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے علاوہ ہمارے لیے کوئی غلام نہیں ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم اس سے خدمت لیتے رہو یہاں تک کہ تمہیں اس کی ضرورت نہ رہے' پھر اس کو چھوڑ دینا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت معاویہ بن سوید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**6336** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ،

حضرت ہلال بن یساف فرماتے ہیں کہ ہم سوید بن مقرن کے گھر آئے' پس ہمارے درمیان ایک

وَحُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ: كُنَّا نُزُولًا فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، فَبَيْنَا شَيْخٌ فِيهِ حِدَّةٌ وَجَهْلٌ، وَمَعَهُ جَارِيَةٌ، فَلَطَمَ وَجْهَهَا، فَمَا رَأَيْتُ سُوَيْدًا أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ، ثُمَّ قَالَ: أَعَجَزَ عَلَيْكَ إِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا؟ لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ وَلَدِ مُقَرِّنٍ، وَمَا لَنَا خَادِمٌ إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَ أَصْغَرُنَا وَجْهَهَا، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِتْقِهَا

بزرگ تھے جس میں گرمی اور تکبر تھا' اس کے ساتھ اس کی لونڈی تھی' اسنے اس لونڈی کے چہرے پر مارا' میں نے اس دن حضرت سوید کو سخت غصہ میں دیکھا' پھر فرمایا: کیا تیرا مالک عاجز ہے؟ میں مقرن کی اولاد میں ساتواں تھا' ہمارا ایک خادم تھا' ہم میں سے چھوٹے نے اس کے چہرے پر مارا' رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اسے آزاد کرنے کا حکم دیا۔

**6337** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ: كُنَّا فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، فَخَرَجَتْ جَارِيَةٌ لَهُ، فَقَالَتْ لِرَجُلٍ شَيْئًا مَا أَدْرِي مَا هُوَ فَلَطَمَهَا، فَرَأَى ذَلِكَ سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ، فَقَالَ: لَطَمْتَ وَجْهَهَا لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَا لَنَا إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَهُ رَجُلٌ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَعْتِقَهُ

حضرت ہلال بن یساف فرماتے ہیں کہ ہم سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ کے گھر تھے' ان کی لونڈی نکلی' اس نے ایک آدمی سے کچھ کہا' مجھے معلوم نہیں کہ وہ کون تھا' اس نے اس کے چہرے پر طمانچہ مارا' حضرت سوید بن مقرن نے کہا: تُو نے اسکے چہرے پر مارا ہے۔ ہم سات افراد تھے' میں ساتواں تھا اور ہمارا ایک خادم تھا' ایک آدمی نے اسکو مارا' رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اسے آزاد کرنے کا حکم دیا۔

**6338** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: شُعْبَةُ، فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبُو شُعْبَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: وَرَأَى رَجُلًا لَطَمَ غُلَامًا لَهُ، فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الصُّورَةَ مُحَرَّمَةٌ، لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَأَنَا سَابِعُ سَبْعَةِ إِخْوَةٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا لَنَا إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَهُ أَحَدُنَا، فَأَمَرَهُ

حضرت سوید بن مقرن مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے دیکھا کہ اُس نے اپنے غلام کو مارا' اس کو کہا: کیا تمہیں علم نہیں ہے کہ چہرہ قابل احترام ہے' میں سات میں ساتواں بھائی تھا رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں' ہمارے پاس ایک خادم تھا' ہم میں سے کسی نے اسے طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے اسے آزاد کرنے کا حکم دیا۔

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَعْتِقَهُ

**6339** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَظْلَمَةٍ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ظلماً مارا گیا وہ شہید ہے۔

## سُوَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت سوید بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ

**6340** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، وَابْنِ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ حَتَّى أَدْرَكْنَا بِالصَّهْبَاءِ وَبَيْنَهَا وَبَيْنَ خَيْبَرَ رَوْحَةٌ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَوْمَ بِأَزْوَادِهِمْ، فَمَا أُتِيَ إِلَّا بِسَوِيقٍ، فَلَاكَ وَلُكْنَا، ثُمَّ قَامَ فَمَضْمَضَ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے' جب ہم مقامِ صہباء پر آئے تو ہمارے اور حضور ﷺ کے درمیان ایک شام تھی' رسول اللہ ﷺ نے قوم کو فرمایا: ہتھیار لے کر آؤ! آپ کے پاس ستو پانی میں ڈال کر لائے گئے' پس آپ نے اور ہم نے اسے نوش کیا' پھر آپ کھڑے ہوئے' کلّی کی اور نمازِ ظہر اور عصر پڑھائی۔

**6995** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ الْبَيْرُوتِيُّ مَكْحُولٌ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَمْرِو بْنِ بَكْرٍ السَّكْسَكِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، وَغَالِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ ابْنِ غَنْمٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ، وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ، وَالْعَاجِزُ مَنْ أَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا، وَتَمَنَّى عَلَى اللّٰهِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عقل مند وہ ہے جو اپنی جان کا محاسبہ کرے اور مرنے کے بعد کے لیے عمل کرے اور عاجز وہ ہے جو اپنی خواہشات کی پیروی کرے اور اللہ عزوجل پر تمنا کرے۔

## جُبَيْرُ بْنُ نُفَيْرٍ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## جبیر بن نفیر' حضرت شداد بن اوس سے روایت کرتے ہیں

**6996** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي، ح

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جس رات آپ کو سیر کروائی



---

6995- ورواه أبو نعيم جلد 1 صفحه 267-268 .

6996- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 1894' والبيهقي في دلائل النبوة جلد 2 صفحه 107-109' وقال هذا اسناد صحيح وروى ذلك مفرقًا في أحاديث غيره' ونحن نذكر من ذلك ان شاء الله تعالى ما حضرنا' ثم ساق أحاديث كثيرة في الاسراء كالشاهد لهذا . قال الحافظ ابن كثير في تفسيره جلد 3 صفحه 14' وقد روى هذا الحديث عن شداد بن أوس بطوله الامام أبو محمد عبد الرحمٰن بن أبي حاتم في تفسيره عن أبيه عن اسحاق بن ابراهيم بن العلاء الوبيدي به' ولا شك أن هذا الحديث أعني الحديث المروى عن شداد بن أوس مشتمل على أشياء منها ما هو صحيح كما ذكره البيهقي ومنها ما هو منكر كالصلاة في بيت لحم' وسؤال الصديق عن نعت بيت المقدس وغير ذلك والله اعلم . قلت: واسحاق بن ابراهيم هذا قال فيه الحافظ في التقريب صدوق يهم كثيرًا وأطلق محمد بن عوف أنه يكذب . وقال في المجمع جلد 1 صفحه 47' وفيه اسحاق بن ابراهيم بن العلاء وثقه يحيى بن معين وضعفه النسائي .

حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنُ زِبْرِيقٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ جُبَيْرَ بْنَ نُفَيْرٍ قَالَ: ثنا شَدَّادُ بْنُ أَوْسٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، كَيْفَ أُسْرِيَ بِكَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِكَ؟ قَالَ: صَلَّيْتُ لِأَصْحَابِي صَلَاةَ الْعَتَمَةِ بِمَكَّةَ مُعْتِمًا، فَأَتَانِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِدَابَّةٍ بَيْضَاءَ فَوْقَ الْحِمَارِ، وَدُونَ الْبَغْلِ، فَقَالَ: ارْكَبْ، فَاسْتَصْعَبَ عَلَيَّ فَدَارَهَا بِأُذُنِهَا، ثُمَّ حَمَلَنِي عَلَيْهَا، فَانْطَلَقَتْ تَهْوِي بِنَا، يَقَعُ حَافِرُهَا حَيْثُ أَدْرَكَ طَرْفُهَا، حَتَّى بَلَغْنَا أَرْضًا ذَاتَ نَخْلٍ، فَقَالَ: انْزِلْ، فَنَزَلْتُ، ثُمَّ قَالَ: صَلِّ، فَصَلَّيْتُ، ثُمَّ رَكِبْنَا، فَقَالَ: أَتَدْرِي أَيْنَ صَلَّيْتَ؟ قُلْتُ: اللهُ أَعْلَمُ، قَالَ: صَلَّيْتَ بِيَثْرِبَ، صَلَّيْتَ بِطِيبَةَ، ثُمَّ انْطَلَقَتْ تَهْوِي بِنَا، يَقَعُ حَافِرُهَا حَيْثُ أَدْرَكَ طَرْفُهَا، حَتَّى بَلَغْنَا أَرْضًا بَيْضَاءَ، فَقَالَ: انْزِلْ فَنَزَلْتُ، ثُمَّ قَالَ: صَلِّ، فَصَلَّيْتُ، ثُمَّ رَكِبْنَا، فَقَالَ: تَدْرِي أَيْنَ صَلَّيْتَ؟ قُلْتُ: اللهُ أَعْلَمُ، قَالَ: صَلَّيْتَ بِمَدْيَنَ، صَلَّيْتَ عِنْدَ شَجَرَةِ مُوسَى، ثُمَّ انْطَلَقَتْ تَهْوِي بِنَا، يَقَعُ حَافِرُهَا حَيْثُ أَدْرَكَ طَرْفُهَا، ثُمَّ بَلَغْنَا أَرْضًا بَدَتْ لَنَا قُصُورُهَا، فَقَالَ: انْزِلْ، فَنَزَلْتُ، ثُمَّ قَالَ: صَلِّ، فَصَلَّيْتُ،

گئی تو کس طرح سیر کروائی گئی؟ (یعنی معراج کی رات) تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے رات کے وقت صحابہ کو مکہ میں نمازِ عشاء پڑھائی تو میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے‘ گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا سفید سواری کا جانور لے کر اور کہا: سوار ہو جایئے! تو مجھ پر سوار ہونا دشوار ہوا تو اُنہوں نے اس کو کان سے پکڑا‘ پھر مجھے اس پر سوار کیا‘ پس وہ مجھے لے کر چل دیا‘ اس کا قدم حدِ نگاہ تک پڑتا تھا حتیٰ کہ ہم ایک کھجور والی جگہ پہنچے تو جبریل نے عرض کیا: نیچے تشریف لایئے! پھر کہا: نماز ادا کیجئے! (نفل ادا کیجئے) تو میں نے ادا کیے‘ پھر ہم سوار ہوئے‘ تو جبریل نے پوچھا: کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ نے کہاں نماز ادا کی؟ میں نے کہا: اللہ بہتر جانتا ہے! تو اُنہوں نے بتایا: آپ نے یثرب میں نماز ادا کی‘ آپ نے طیبہ میں نماز ادا کی۔ تو وہ ہمیں لے کر چل دیا‘ اس کا قدم حدِ نگاہ تک پڑتا تھا یہاں تک کہ ہم ایک سفید زمین میں پہنچے تو جبریل نے کہا: نیچے تشریف لایئے! پھر کہا: نماز ادا کیجئے! تو میں نے نماز ادا کی‘ پھر ہم سوار ہوئے تو جبریل نے پوچھا: کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ نے کہاں نماز ادا کی؟ تو میں نے کہا: اللہ بہتر جانتا ہے! تو اُنہوں نے بتایا کہ آپ نے مدین میں نماز ادا کی‘ شپ نے شجرۂ موسیٰ کے پاس نماز ادا کی۔ پھر وہ سواری ہمیں لے کر چلی‘ اس کا قدم حدِ نگاہ تک پڑتا تھا‘ ہم ایک ایسی جگہ پہنچے جس کے محل ہمارے لیے ظاہر ہوئے تو جبریل نے عرض کیا: آپ اُتریئے! میں اُترا‘ پھر اس نے کہا: نماز ادا کیجئے! میں نے نماز ادا کی تو جبریل نے پوچھا: آپ

فَقَالَ: أَتَدْرِي أَيْنَ صَلَّيْتَ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: صَلَّيْتَ بِبَيْتِ لَحْمٍ حَيْثُ وَلِدَ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ مِنْ بَابِهَا الْيَمَانِيِّ، فَأَتَى قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ، فَرَبَطَ دَابَّتَهُ، وَدَخَلْنَا الْمَسْجِدَ مِنْ بَابٍ فِيهِ تَمِيلُ الشَّمْسُ، فَصَلَّيْتُ مِنَ الْمَسْجِدِ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ، وَأَخَذَنِي مِنَ الْعَطَشِ أَشَدَّ مَا أَخَذَنِي، فَأُتِيتُ بِإِنَاءَيْنِ فِي أَحَدِهِمَا لَبَنٌ، وَفِي الْآخَرِ عَسَلٌ، أُرْسِلَ إِلَيَّ بِهِمَا جَمِيعًا، فَعَدَلْتُ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ هَدَانِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَأَخَذْتُ اللَّبَنَ، فَشَرِبْتُ حَتَّى قَرَعْتُ بِهِ جَبِينِي، وَبَيْنَ يَدَيَّ شَيْخٌ مُتَّكِءٌ عَلَى مِشْرَاةٍ لَهُ، فَقَالَ: أَخَذَ صَاحِبُكَ الْفِطْرَةَ، إِنَّهُ لَيُهْدَى، ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى أَتَيْنَا الْوَادِيَ الَّذِي فِي الْمَدِينَةِ، فَإِذَا جَهَنَّمُ تَنْكَشِفُ عَنْ مِثْلِ الزَّرَابِيِّ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ وَجَدْتَهَا؟ فَقَالَ: مِثْلَ الْحَمَّةِ السَّخِنَةِ، ثُمَّ انْصَرَفَ بِي، فَمَرَرْنَا بِعِيرٍ لِقُرَيْشٍ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، قَدْ أَضَلُّوا بَعِيرًا لَهُمْ، قَدْ جَمَعَهُمْ فُلَانٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: هَذَا صَوْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَتَيْتُ أَصْحَابِي قَبْلَ الصُّبْحِ بِمَكَّةَ، فَأَتَانِي أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيْنَ كُنْتَ اللَّيْلَةَ، فَقَدِ الْتَمَسْتُكَ فِي مَكَانِكَ؟

جانتے ہیں کہ آپ نے کہاں نماز ادا کی؟ تو میں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں! تو اُنہوں نے بتایا: آپ نے بیت اللحم جہاں حضرت عیسیٰ مسیح بن مریم پیدا ہوئے' نماز ادا کی۔ پھر مجھے لے کر چلے حتیٰ کہ ہم شہر کے داہنے دروازے سے شہر میں داخل ہوئے' پس وہ مسجد میں قبلہ رخ آئے اور اپنی سواری کو باندھا اور ہم مسجد میں اس دروازے سے داخل ہوئے جس میں سورج جھکا ہوا تھا' میں نے مسجد میں جہاں اللہ نے چاہا نماز ادا کی اور مجھے بڑی شدت کی پیاس لگی تو میرے پاس دو برتن لائے گئے' ایک میں دودھ اور دوسرے میں شہد تھا' میرے پاس دونوں اکٹھے بھیجے گئے۔ میں نے دونوں کو برابر کیا' پھر اللہ تعالیٰ نے میری رہنمائی فرمائی تو میں نے دودھ لیا' اسے پیا یہاں تک کہ میری پیشانی سے جالگا اور میرے سامنے ایک بزرگ تکیہ لگائے ہوئے تھے۔ وہ بولا: تمہارے ساتھی نے فطرت کو اختیار کیا' بے شک ان کی رہنمائی کی گئی' پھر مجھے لے کر چلے حتیٰ کہ ہم شہر میں موجود ایک وادی میں آ گئے' اچانک میری نگاہ پڑی تو جہنم سے پردے ہٹا دیئے گئے تھے برتنوں کی مانند۔ پس ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ نے اسے کیسے پایا۔ کہا: گرم پانی کے چشمے کی طرح۔ پھر مجھے وہاں سے ہٹایا تو ہم قریش کے ایک قافلہ پر فلاں فلاں جگہ کھڑے ہوئے مع اپنے قافلے کے ساتھ الگ تھے۔ فلاں نے ان کو جمع کیا تو میں نے ان پر سلام پیش کیا تو ان میں سے کچھ نے کہا: یہ محمد ﷺ کی آواز ہے۔ پھر میں اپنے صحابہ کے پاس صبح سے پہلے مکہ آ گیا' پس میرے

فَقَالَ: أَعَلِمْتَ أَنِّي أَتَيْتُ مَسْجِدَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ اللَّيْلَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهُ مَسِيرَةُ شَهْرٍ، فَصِفْهُ لِي، فَفُتِحَ لِي مَرْآهُ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ، لَا يَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَنْبَأْتُهُمْ عَنْهُ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ، وَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: انْظُرُوا إِلَى ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ يَزْعُمُ أَنَّهُ أَتَى بَيْتَ الْمَقْدِسِ اللَّيْلَةَ، فَقَالَ: إِنَّ مِنْ آيَةِ مَا أَقُولُ لَكُمْ أَنِّي مَرَرْتُ بِعِيرٍ لَكُمْ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، يَقْدُمُهُمْ جَمَلٌ آدَمُ عَلَيْهِ مِسْحٌ أَسْوَدُ وَغِرَارَتَانِ سَوْدَاوَانِ، فَلَمَّا كَانَ ذَلِكَ الْيَوْمُ أَشْرَفَ الْقَوْمُ، يَنْظُرُونَ حَتَّى كَانَ قَرِيبٌ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ، حَتَّى أَقْبَلَ الْقَوْمُ يَقْدُمُهُمْ ذَلِكَ الْجَمَلُ الَّذِي وَصَفَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ آج رات کہاں تشریف لے گئے تھے؟ میں نے آپ کو آپ کی جگہ تلاش کیا تھا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ میں آج رات بیت المقدس کی مسجد میں تشریف لے گیا تھا' تو آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ تو ایک ماہ کی مسافت پر ہے' آپ ﷺ مجھے اس کی نشانیاں بتائیں تو میرے لیے اس کا دیکھایا جانا کھول دیا گیا' گویا کہ میں اُسے دیکھ رہا تھا' وہ مجھ سے کچھ نہ پوچھتے تھے مگر یہ کہ میں انہیں اس کا جواب دیتا تھا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں' اور مشرکوں نے کہا: ذرا دیکھو ابن ابی کبشہ یہ گمان کرتا ہے کہ وہ آج رات بیت المقدس گیا تھا' تو فرمایا کہ جو کچھ میں کہتا ہوں اس کی نشانی یہ ہے کہ میں فلاں جگہ تمہارے اونٹ کے پاس سے گزرا تھا' ان کے آگے ایک مٹیالے رنگ کا اونٹ تھا اس کے اوپر۔ پس جب وہ دن تھا تو قوم والے سر اُٹھا اُٹھا کر دیکھتے تھے حتیٰ کہ وقت آدھے دن کے قریب ہو گیا' حتیٰ کہ قوم آگے ہوئی کہ (وہ دیکھے) وہ اونٹ ان کے پاس کب آتا ہے' جس کے بارے رسول کریم ﷺ نے بتایا (آخر مغرب کے ساتھ وہ آ گیا جیسے حضور ﷺ نے بتایا)۔

## ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبٍ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## ضمرہ بن حبیب' حضرت شداد بن اوس سے روایت کرتے ہیں

**6997** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ، وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ، وَالْعَاجِزُ مَنْ أَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا، وَتَمَنَّى عَلَى اللّٰهِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عقل مند وہ ہے جو اپنی جان کا محاسبہ کرے اور مرنے کے بعد کے لیے عمل کرے اور عاجز وہ ہے جو اپنی خواہشات کی پیروی کرے اور اللہ عزوجل پر تمنا کرے۔

## عُبَادَةُ بْنُ نَسِيٍّ عَنْ شَدَّادٍ

## عبادہ بن نسی حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

**6998** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نَسِيٍّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ وَهُوَ يَبْكِي، فَقَالَ: حَدِيثَانِ سَمِعْتُهُمَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُلْتُ: وَمَا هُمَا؟ قَالَ:

حضرت عبادہ بن نسی فرماتے ہیں کہ میں حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ رو رہے تھے آپ نے فرمایا: دو باتوں کی وجہ سے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہیں میں نے عرض کی: وہ کیا؟ فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا میں نے آپ کے چہرۂ مبارک پر پریشانی کے آثار دیکھے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے چہرے پر پریشانی دیکھ رہا ہوں؟



---

6997- ورواه -احمد جلد 4صفحه325' والترمذی رقم الحديث: 2577' وقال: حسن . وابن ماجه رقم الحديث: 4260' والحاكم جلد 1صفحه57' جلد4صفحه325' وصححه أولًا على شرط البخاری فرده الذهبی بقوله قلت: لا والله أبو بكر واه . وصححه ثانيًا ولم يعقبه . ورواه البيهقی فی الآداب جلد 1صفحه241' جلد2صفحه240' والمصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 1485,413' وأبو نعيم جلد 1صفحه267 فهو حديث ضعيف من أجل أبی بكر بن ابی نعيم .

6998- الحارث بن نبهان وعبد الواحد بن زيد متروكان . ورواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 2236 من طريق آخر عن عبد الواحد به .

دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُ فِي وَجْهِهِ شَيْئًا سَاءَنِي، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هٰذَا الَّذِي أَرَى فِي وَجْهِكَ؟ قَالَ: أَمْرَانِ أَتَخَوَّفُهُمَا عَلَى أُمَّتِي مِنْ بَعْدِي، الشِّرْكُ وَالشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ، أَمَا إِنَّهُمْ لَا يَعْبُدُونَ شَمْسًا وَلَا قَمَرًا وَلَا حَجَرًا وَلَا وَثَنًا، وَلٰكِنَّهُمْ يُرَاءُونَ بِأَعْمَالِهِمْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَشِرْكٌ ذَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: وَمَا الشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ؟ قَالَ: يُصْبِحُ الْعَبْدُ صَائِمًا، فَتَعْرِضُ لَهُ شَهْوَةٌ مِنْ شَهَوَاتِهِ فَيُوَاقِعُهَا وَيَدَعُ صَوْمَهُ

آپ نے فرمایا: ان دو کاموں کی وجہ سے جن کا مجھے اپنی اُمت پر خوف ہے کہ وہ میرے بعد یہ کام کریں گے: شرک اور پوشیدہ شہوت' بہرحال وہ سورج' چاند' پتھر اور بت کی عبادت نہیں کریں گے لیکن دکھاوے والے اعمال کریں گے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کیا شرک ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: پوشیدہ شہوت سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا: صبح کے وقت بندہ روزہ کی حالت میں ہوگا' اس کے سامنے شہوت ہوگی' وہ شہوت پوری کرے گا اور روزہ چھوڑ دے گا۔

**6999** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُوسَى بْنِ يَزِيدَ السُّلَمِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ وَهُوَ يَبْكِي، فَقُلْتُ: مَا يُبْكِيكَ يَا أَبَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُهُ: إِنَّ مِنْ أَخْوَفِ مَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي: الشِّرْكَ بِاللّٰهِ وَالشَّهْوَةَ الْخَفِيَّةَ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ صَائِمًا فَيَرَى الشَّيْءَ يَشْتَهِيهِ فَيُوَاقِعُهُ، وَالشِّرْكُ قَوْمٌ لَا يَعْبُدُونَ حَجَرًا وَلَا وَثَنًا، وَلٰكِنْ يَعْمَلُونَ عَمَلًا يُرَاءُونَ

حضرت عبادہ بن نسی فرماتے ہیں کہ میں حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ رو رہے تھے' میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمایا: اس حدیث کی وجہ سے جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے' آپ ﷺ کو ذکر کرتے ہوئے کہ مجھے اپنی اُمت پر خوف ہے اللہ کے ساتھ شرک کرنے کا اور پوشیدہ شہوت کا' صبح کے وقت آدمی روزہ کی حالت میں ہو گا تو کوئی پسندیدہ شی دیکھے گا تو وہ کھالے گا اور شرک سے مراد یہ نہیں ہے کہ وہ پتھر اور بت کی عبادت کریں گے لیکن وہ دکھاوے کے طور پر ایسے اعمال کریں گے۔



-6999- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 268 عن المصنف . وعلمت حال عبد الواحد . ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 4205 باسناد آخر فيه مختلط متروك ومجهول ومدلس يخطئ .

# أَبُو أَسْمَاءَ الرَّحْبِيُّ عَنْ شَدَّادٍ

# ابواسماء رحبی' حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

**7000** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا أَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجَرْمِيُّ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِأَلْفَيْ عَامٍ، وَأَنْزَلَ فِيهِ آيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، لَا يُقْرَآنِ فِي دَارٍ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَيَقْرَبُهَا شَيْطَانٌ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے زمین کو آسمان کو پیدا کرنے سے ایک ہزار پہلے لکھا تھا کہ اس میں دو آیتیں ایسی ہیں جو سورۂ بقرہ کے آخر میں ہیں' جس گھر میں تین راتیں یہ پڑھی جاتی ہیں' شیطان وہاں نہیں آتا ہے۔

**7001** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔

**7002** - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ مدینہ شریف کے کسی راستہ پر چل رہا تھا اور حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ ﷺ ایک ایسے آدمی



7000- قال فی المجمع جلد6صفحہ312' ورجالہ ثقات .

7001- رواہ عبد الرزاق رقم الحدیث: 7519 .

أَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذٌ بِيَدِي لِثَمَانِ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ ' إِذْ أَتَى عَلَى رَجُلٍ يَحْتَجِمُ ' فَقَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

7003 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعْدٍ أَبُو عَفَّانَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذٌ بِيَدِي لِثَمَانِ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ ' إِذِ الْتَفَتَ فَرَأَى رَجُلًا يَحْتَجِمُ فَقَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ مدینہ شریف کے کسی راستہ پر چل رہا تھا اور حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ ﷺ ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

7004 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَمَانِ عَشْرَةَ خَلَوْنَ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَبْصَرَ رَجُلًا يَحْتَجِمُ فَقَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ شریف کے کسی راستہ پر چل رہے تھے' رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ ﷺ ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

**7005** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى رَجُلٍ وَهُوَ يَحْتَجِمُ لِثَمَانَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

**7006** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، وَقَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِي صَبِيحَةَ ثَمَانَ عَشْرَةَ، فَحَانَتْ مِنْهُ الْتِفَاتَةٌ، فَرَأَى رَجُلًا يَحْتَجِمُ فَقَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ شریف کے کسی راستہ پر چل رہا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

**7007** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ شریف کے کسی راستہ پر چل رہا تھا' رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِثَمَانِ عَشْرَةَ مَضَتْ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَبْصَرَ رَجُلًا يَحْتَجِمُ فَقَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

افطار کریں۔

**7008** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا أَيُّوبُ أَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِثَمَانِ عَشْرَةَ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَبْصَرَ رَجُلًا يَحْتَجِمُ فَقَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ، وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ شریف کے کسی راستہ پر چل رہا تھا' رمضان کے اٹھارہ دن گزر گئے تھے' اچانک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو پچھنا لگوا رہا تھا' آپ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا افطار کریں۔

**7009** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا جَدِّي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا رَاشِدُ بْنُ دَاوُدَ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ أَئِمَّةٌ يُمِيتُونَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاجْعَلُوا صَلَاتَكُمْ مَعَهُمْ سُبْحَةً

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تمہارے اوپر ایسے حکمران مسلط ہوں گے جو نمازوں کو ان کے اوقات سے آگے پیچھے پڑھ کر ضائع کریں گے' پس تم اپنی نماز اس کے وقت پر ادا کرلیا کرنا اور ان کے ساتھ مل کر نفل پڑھ لینا۔

## أَبُو إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيُّ

## ابوادریس خولانی' حضرت شداد بن



7009- ورواه أحمد جلد4صفحه124' والمصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 1094,1093' والأوسط (51 مجمع البحرين)' ورواه البزار رقم الحديث: 393 قال في المجمع جلد 1صفحه325' وفيه راشد بن داؤد ضعفه الدارقطني ووثقه ابن معين ودحيم وابن حبان .

## عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## اوس سے روایت کرتے ہیں

**7010** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، أنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ، أَخْبَرَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ: شَدَّادُ بْنُ أَوْسٍ، وَثَوْبَانُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَ الْقَلَمُ فِي الْحَدِّ عَنِ الصَّغِيرِ حَتَّى يَكْبُرَ، وَعَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الْمَجْنُونِ حَتَّى يُفِيقَ، وَعَنِ الْمَعْتُوهِ الْهَالِكِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بچہ کے جوان ہونے تک اور سونے والے سے جگانے تک اور مجنون کے افاقہ ہونے تک' بیوقوف کے مرنے تک قلم اُٹھالیا گیا ہے۔

## أَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ مُسْلِمُ بْنُ مِشْكَمٍ عَنْ شَدَّادٍ

## ابوعبیداللہ مسلم بن مشکم' حضرت شداد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**7011** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ،

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب لوگ سونا چاندی اکٹھا کرنے لگیں تو تم ان کلمات کو پڑھ کر نیکیاں جمع کرو: ''اللّٰھم انی اسالك الٰی آخرہٖ''۔



---

7010- قال في المجمع جلد 6صفحه251' ورجاله ثقات . قلت: ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:3500,386 .

7011- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1صفحه266' وفي سويد كلام' ورواه أبو نعيم جلد 1صفحه266' جلد6صفحه77-78 من طريق آخر عن الأوزاعي عن حسان عن شداد ولم يذكر مسلم بن مسلم .

عَنْ أَبِي عُبَيْدِ اللَّهِ مُسْلِمِ بْنِ مِشْكَمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ شَدَّادَ بْنَ أَوْسٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا كَنَزَ النَّاسُ الدَّنَانِيرَ وَالدَّرَاهِمَ فَاكْنِزُوا هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَالْعَزِيمَةَ عَلَى الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ

## كَثِيرُ بْنُ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيُّ عَنْ شَدَّادٍ

## کثیر بن مرہ حضرمی‘ حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

**7012** - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا أَبُو مَهْدِيٍّ سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، عَنْ أَبِي شَجَرَةَ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ الدُّنْيَا عَرَضٌ حَاضِرٌ يَأْكُلُ مِنْهَا الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، وَإِنَّ الْآخِرَةَ وَعْدٌ صَادِقٌ، يَحْكُمُ فِيهَا مَلِكٌ قَادِرٌ، يُحِقُّ بِهَا الْحَقَّ، وَيُبْطِلُ الْبَاطِلَ، أَيُّهَا النَّاسُ كُونُوا أَبْنَاءَ الْآخِرَةِ، وَلَا تَكُونُوا أَبْنَاءَ دُنْيَا، فَإِنَّ كُلَّ أُمٍّ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! دنیا تمہارے سامنے ہے‘ اس سے اچھے اور بُرے لوگ کھا رہے ہیں‘ آخرت کا وعدہ سچا ہے‘ اس دن مالک قدرت والا فیصلہ کرے گا‘ اس کا فیصلہ حق ہوگا اور باطل کو باطل کرے گا‘ اے لوگو! آخرت سے محبت کرنے والے بنو‘ دنیا سے محبت نہ کرنے والے بنو‘ بچہ اپنی ماں کے تابع ہوتا ہے۔



---

7012- قال في المجمع جلد2صفحه189‘ وفيه أبو مهدى سعيد بن سنان وهو ضعيف جدًا ۔ قلت: متروك رواه الدارقطني وغيره بالوضع‘ والحديث رواه عن المصنف أبو نعيم جلد 1 صفحه264-265 ثم رواه من طريق آخر فيه مجهول وضعيف ومتكلم فيهم ۔

يَتْبَعُهَا وَلَدُهَا

## أَبُو الْمُصَبِّحِ الْمُقْرَائِيُّ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

7013 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي قَيْسٍ الشَّامِيُّ، عَنْ أَبِي مُصَبِّحٍ الْحِمْصِيِّ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فِيهِمْ شَدَّادُ بْنُ أَوْسٍ، وَثَوْبَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ يَتَذَاكَرُونَ، فَقَالُوا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْخَيْرِ، وَإِنَّهُ لَمُنَافِقٌ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَكُونُ مُنَافِقًا وَهُوَ مُؤْمِنٌ بِكَ؟ قَالَ: يَلْعَنُ الْأَئِمَّةَ، وَيَطْعَنُ عَلَيْهِمْ

## ابوالمصبح مقرائی' حضرت شداد بن اوس سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوالمصبح حمصی فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے صحابہ کے ایک گروہ میں بیٹھا تھا' ان میں حضرت شداد بن اوس اور رسول اللہﷺ کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہما بھی تھے' یہ آپس میں مذاکرہ کررہے تھے' اُنہوں نے کہا کہ حضورﷺ نے فرمایا: آدمی اس طرح نیک اعمال کرتا ہے حالانکہ وہ منافق ہوتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ منافق کیسے ہوسکتا ہے حالانکہ وہ مؤمن بھی ہو؟ آپ نے فرمایا: ائمہ پر لعنت اور لعن کرنے کی وجہ سے۔

## يَعْلَى بْنُ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِيهِ

7014 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ الرِّيَاءَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشِّرْكِ الْأَصْغَرِ

## یعلیٰ بن شداد بن اوس' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے زمانہ میں ریاکاری کو چھوٹا شرک شمار کرتے تھے۔



7013- قال في المجمع جلد5صفحه249' وفيه محمد بن أبي قيس الشامي ولم أعرفه .

**7015** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي شَدَّادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مِنْ وَلَدِ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَهُوَ جَالِسٌ وَعَمْرُو بْنُ الْعَاصِ عَلَى فِرَاشِهِ، فَجَلَسَ شَدَّادٌ بَيْنَهُمَا وَقَالَ: هَلْ تَدْرِيَانِ مَا يُجْلِسُنِي بَيْنَكُمَا؟ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُمَا جَمِيعًا فَفَرِّقُوا بَيْنَهُمَا، فَوَاللّٰهِ مَا اجْتَمَعَا إِلَّا عَلَى غَدْرَةٍ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُفَرِّقَ بَيْنَكُمَا

حضرت یعلیٰ بن شداد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے' وہاں حضرت عمرو بن عاص بستر پر بیٹھے تھے حضرت شداد ان دونوں کے درمیان بیٹھ گئے' فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے درمیان کیوں بیٹھا ہوں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم دو کو اکٹھے بیٹھے دیکھو تو ان دونوں کے درمیان جدائی کر دو' اللہ کی قسم! وہ دونوں کسی سے دھوکہ کرنے کیلئے ہی اکٹھے ہوئے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ تمہارے درمیان فرق کر دوں۔

**7016** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ وَارَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَذْكُرُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَجُودُ بِنَفْسِهِ، فَقَالَ: مَالَكَ يَا شَدَّادُ؟ قَالَ: ضَاقَتْ بِيَ الدُّنْيَا، فَقَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ، إِنَّ الشَّامَ يُفْتَحُ، وَيُفْتَحُ بَيْتُ الْمَقْدِسِ، فَتَكُونُ أَنْتَ وَوَلَدُكَ أَئِمَّةً فِيهِمْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ خوش تھے' آپ نے فرمایا: اے شداد! کیسے ہو؟ عرض کی: دنیا مجھ پر تنگ ہو گئی ہے' آپ نے فرمایا: تیرے اوپر کچھ نہیں ہے' ملک شام فتح کیا جائے گا اور بیت قدس کو فتح کیا جائے گا تو اور تیری اولاد ان کی پیشوا ہوگی' اگر اللہ نے چاہا۔

**7017** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک آدمی کے گھر میں تھا' آپ نے فرمایا: دیکھو! تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟



7015- قال في المجمع جلد7صفحه248' وفيه عبد الرحمن بن يعلى ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

7016- قال في المجمع جلد9صفحه411' وفيه جماعة لم أعرفهم .

مُحَمَّدٍ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا رَاشِدُ بْنُ دَاوُدَ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: إِنِّي لَمَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: انْظُرُوا هَلْ فِيكُمْ مِنْ غَيْرِكُمْ؟، فَقَالُوا: لَا، فَقَالَ: أَجِفِ الْبَابَ ' فَأَغْلَقَ الْبَابَ، ثُمَّ قَالَ: ارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ، وَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعْنَا أَيْدِيَنَا، ثُمَّ قَالَ: ضَعُوا أَيْدِيَكُمْ وَأَبْشِرُوا، فَقَدْ غُفِرَ لَكُمْ، إِنِّي بُعِثْتُ بِهَا ' وَبِهَا أُمِرْتُ، وَعَلَيْهَا أَدْخُلُ الْجَنَّةَ

صحابہ کرام نے عرض کی: نہیں! حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دروازہ بند کرو! دروازہ بند کیا گیا' پھر آپ نے فرمایا: تم ہاتھ اُٹھاؤ اور پڑھو: لا الٰہ الا اللہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ اُٹھایا تو ہم نے بھی ہاتھ اُٹھایا' آپ نے فرمایا: اپنے ہاتھ نیچے رکھو! خوشخبری ہو! تم کو بخش دیا گیا ہے' مجھے اسی کے ساتھ بھیجا گیا ہے اور اس کا حکم دیا گیا ہے' اس پر میں جنت میں داخل ہوں گا۔

**7018** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَوْ غَيْرِهِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -شَكَّ هِلَالٌ -قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي نِعَالِكُمْ، وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے جوتوں میں نماز پڑھ لیا کرو اور یہودیوں کی مشابہت نہ کرو (یعنی جوتا اگر پاک ہو)۔

**7019** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي نِعَالِكُمْ، خَالِفُوا الْيَهُودَ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے جوتوں میں نماز پڑھ لیا کرو اور یہودیوں کی مشابہت نہ کرو (یعنی جوتا اگر پاک ہو)۔

**7020** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ،

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی حکم سنتے



7018- ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 638' والحاكم جلد 1 صفحه 260' وصححه ووافقه الذهبي .

أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ أَبُو ذَرٍّ يَسْمَعُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَمْرَ فِيهِ الشِّدَّةُ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى بَادِيَتِهِ، ثُمَّ يُرَخِّصُ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ، فَيَحْفَظُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ الْأَمْرِ الرُّخْصَةُ، فَلَا يَسْمَعُهَا أَبُو ذَرٍّ، فَيَأْخُذُ أَبُو ذَرٍّ بِالْأَمْرِ الْأَوَّلِ الَّذِي سَمِعَ قَبْلَ ذَلِكَ

تھے خواہ اس میں سختی بھی ہوتی' پھر اپنے گاؤں جاتے' پھر رسول اللہ ﷺ اس کے بعد رخصت دیتے تھے اُن کے جانے کے بعد' لوگوں کو رسول اللہ ﷺ رخصت والا حکم سنا دیتے' پس وہ لوگ رسول کریم ﷺ اس حکم میں رخصت یاد کر لیتے تھے اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے نہ سنا ہوتا تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ پہلے حکم پر عمل کرتے تھے جو اس سے پہلے سنا ہوتا تھا۔

## مَحْمُودُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## محمود بن ربیع' حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**7021** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا سَهْلُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ السِّنْدِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الشَّامِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ بِبَقِيعٍ وَاحِدٍ، يَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ، وَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِي، قَالَ: أَنَا خَيْرُ شَرِيكٍ، كُلُّ عَمَلٍ كَانَ عُمِلَ لِي فِي دَارِ الدُّنْيَا كَانَ لِي فِيهِ شَرِيكٌ، فَأَنَا أَدَعُهُ الْيَوْمَ، وَلَا أَقْبَلُ الْيَوْمَ إِلَّا خَالِصًا ' ثُمَّ قَرَأَ: (إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِينَ) (الصافات: 40) (فَمَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل اوّلین و آخرین کو ایک جگہ جمع کرے گا تو آنکھیں دیکھیں گی اور دعوت والا سنے گا' فرمائے گا: میں بہتر شریک ہوں جو دنیا میں میرے عمل ہوتے تھے' اس میں میرے ساتھ شریک ٹھہرایا جاتا تھا' آج میں اسے چھوڑتا ہوں' آج میں خالص ہی قبول کروں گا' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اللہ کے بندوں میں سے جو خلوص سے کام کرتے ہیں''۔ ''جو اللہ عزوجل سے ملاقات کی اُمید رکھتا ہے وہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے''۔



7021- حميد الشامي قال الحافظ مجهول .

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا) (الكهف: 110)

## مَحْمُودُ بْنُ لَبِيدٍ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## محمود بن لبید' حضرت شداد بن اوس سے روایت کرتے ہیں

7022 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَا: ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا حُمَيْدٌ الْأَعْرَجُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرْتُمْ مَوْتَاكُمْ فَأَغْمِضُوا الْبَصَرَ، فَإِنَّ الْبَصَرَ يَتْبَعُ الرُّوحَ، وَقُولُوا خَيْرًا، فَإِنَّهُ يُؤَمَّنُ عَلَى مَا قَالَ أَهْلُ الْبَيْتِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت قریب ہو تو تم اس کی آنکھیں بند کر دو' کیونکہ روح کو آنکھ دیکھتی ہے' تم اس کے متعلق اچھے الفاظ کہو کیونکہ جو گھر والے کہتے ہیں اس پر آمین کہی جاتی ہے۔

7023 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ، ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جُرْجَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بھلائی یا نیکی کے ارادے سے جو بات کرتا ہے' وہ جھوٹ نہیں ہے۔



---

7022- ورواه أحمد جلد 4صفحه125' وابن ماجه رقم الحديث: 1455 قال في الزوائد: اسناده حسن لأن قزعة بن سويد مختلف فيه وباقي رجاله ثقات . ورواه الحاكم جلد 1صفحه352' وصححه ووافقه الذهبي . وهذا من أوها مهما فان قزعة ضعيف كما قال الحافظ . ولكن له شاهد في صحيح مسلم وغيره من حديث أم سلمة' فهو به حسن .

7023- ورواه في الأوسط (275 مجمع البحرين) قال في المجمع جلد 8صفحه81' وفيه يحيى بن جرجة وثقه ابن حبان وغيره . وقزعة بن سويد الراوي عنه وثقه ابن معين وغيره وبقية رجال احدى الطريقين رجال الصحيح' قلت: وان كان اسناده ضعيفًا فله شاهد في الصحيح من حديث أم كلثوم بنت عقبة .

شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ بِالْكَاذِبِ مَنْ قَالَ خَيْرًا أَوْ نَمَى خَيْرًا

**7024** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جُرْجَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ظَلَمَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ظلماً ایک بالشت زمین بھی لی تو سات زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا' جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے تو وہ شہید ہے۔

**7025** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ تَدَعْ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ، وَلَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا، حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تُو اپنے خاندان کو مالدار چھوڑے تو یہ تیرے لیے بہتر ہے اس سے کہ وہ لوگوں سے مانگتے پھریں' جو بھی تُو اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرے گا اس پر ثواب ملے گا یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تُو اپنی بیوی کے منہ میں رکھے۔

## بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ الْعَدَوِيُّ عَنْ شَدَّادٍ

## بشیر بن کعب عدوی' حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

**7026** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سیّد الاستغفار یہ ہے:



7024- قال في المجمع جلد4صفحه176' وفيه قزعة بن سويد وثقه ابن عدى وغيره وضعفه أحمد وجماعة .

7026- ورواه أحمد جلد 4صفحه125,124,11' والبخارى رقم الحديث: 6323,6306' والنسائى فى عمل اليوم والليلة (580/19)' والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 620,617 .

مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ كَعْبٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيِّدُ الِاسْتِغْفَارِ أَنْ تَقُولَ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَعَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَأَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوءُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، فَإِنْ قَالَ بَعْدَمَا يُمْسِي، فَمَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَإِنْ قَالَهَا بَعْدَ مَا يُصْبِحُ، فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

''اللّٰهم انت ربی الی آخرہ'' جوکوئی صبح وشام پڑھے گا تو جنت میں داخل ہوگا' اگر اس دن مرگیا تو جنت میں داخل ہوگا۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ.

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## الْحَنْظَلِيُّ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## حنظلی' حضرت شداد بن اوس سے روایت کرتے ہیں

7027 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا



7027- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد10صفحه296 .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنْظَلَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكُمْ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَالْعَزِيمَةَ عَلَى الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ ' وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيمًا ' وَلِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَقْرَأُ سُورَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عِنْدَ نَوْمِهِ، إِلَّا وَكَّلَ اللّٰهُ بِهِ مَلَكًا لَا يَقْرَبُهُ شَيْء '، حَتَّى يَهَبَّ مَتَى يَهَبُّ

میں تمہیں وہ نہ سکھاؤں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں سکھاتے تھے: ''اللّٰهم انی اسألك الی آخره'' اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی مسلمان بندہ سوتے وقت قرآن کی کوئی سورت پڑھتا ہے تو اللہ عزوجل اس کی حفاظت کے لیے فرشتہ مقرر کر دیتا ہے اس کے قریب کوئی شی نہیں آ سکتی یہاں تک کہ وہ اُٹھے جس وقت وہ اُٹھے۔

**7028** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنِ الْحَنْظَلِيِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَأَ سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ حِينَ يَأْخُذُ مَضْجَعَهُ وُكِّلَ بِهِ مَلَكٌ يَحْفَظُهُ حَتَّى يَهَبَّ مَتَى

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے قرآن کی ایک سورت اس وقت پڑھی جب اس نے خوابگاہ کو اختیار کیا تو اس پر ایک فرشتہ مقرر کیا جاتا ہے جو اس کے اُٹھنے تک اس کی حفاظت کرتا ہے اور میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: میں تجھ سے کام میں ثابت قدمی کا سوال کرتا ہوں' پختہ



7028- ورواه أحمد جلد 4صفحه125' والترمذی رقم الحديث: 3468' وأبو نعيم فی الحلية جلد 1صفحه267' وقال فی المجمع جلد 10صفحه120' رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح وهو ليس من شرطه وفيه من لم يسم كما ترى . ورواه النسائی جلد2صفحه54' وابن حبان رقم الحديث: 2416 عن الجريری عن أبی العلاء عن شداد . ورواه الحاكم جلد 1صفحه508' وصححه علی شرط مسلم ووافقه الذهبی من طريق عكرمة عن شداد أبی عمار عن شداد' ومن طريقة رواه البيهقی فی الدعوات الكبير صفحه38 . وروى النسائی فی عمل اليوم والليلة رقم الحديث:812' وابن السنی رقم الحديث:746 الفقرة الثانية أيضًا .

يَهَبُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَأَسْأَلُكَ عَزِيمَةَ الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيمًا وَلِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ

رہنمائی' تیری نعمتوں کے شکر' اچھی عبادت' قلبِ سلیم اور سچی زبان کا سوال کرتا ہوں اور میں ان گناہوں سے تجھ سے استغفار کرتا ہوں جوتُو جانتا ہے اور تیری پناہ مانگتا ہوں' اس شر سے جوتُو جانتا ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنِ الْحَنْظَلِيِّ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نے ایک اور سند کے ساتھ اس جیسی حدیث بیان کی ہے۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي مُجَاشِعٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا أَنْ نَقُولَ فِي صَلَاتِنَا: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ التَّثْبِيتَ فِي الْأَمْرِ، وَأَسْأَلُكَ عَزِيمَةَ الرُّشْدِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں سکھاتے تھے کہ ہم اپنی نماز میں یہ پڑھیں: ''اللّٰھم انی اسألك الٰی آخرہ''۔

7029 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ رَجُلَيْنِ قَدْ سَمَّاهُمَا، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي صَلَاتِهِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَعَزِيمَةَ الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيمًا، وَلِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَعُوذُ بِكَ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنی نماز میں یہ پڑھتے تھے: ''اللّٰھم انی اسألك الٰی آخرہ''۔

مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ

**7030** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا خَلِيفَةُ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي صَلَاتِهِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ وَعَزِيمَةَ الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيمًا، وَلِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنی نماز میں یہ پڑھتے تھے: ''اللّٰهم انی اسألك الى آخره''۔

## الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## حسن بن ابوحسن' حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**7031** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا مُهَلَّبُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ بَيَانٍ الصَّفَّارُ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْفَقْرُ أَزْيَنُ عَلَى الْمُؤْمِنِ مِنَ الْعِذَارِ الْحَسَنِ عَلَى خَدِّ الْفَرَسِ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فقر مؤمن کے لیے خوبصورتی ہے' جس طرح گھوڑے کی پیشانی پر خوبصورتی ہوتی ہے۔



7031- قال المناوی فی فیض القدیر جلد 4 صفحه 446 قال الحافظ العراقی: سنده ضعیف' والمعروف أنه من كلام عبد الرحمٰن بن زیاد بن انعم' رواه ابن عدی فی الكامل هكذا ـ وقال فی اللسان عن ابن عدی: انه حدیث منكر ـ وانظر ما بعده ـ

**7032** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيّ، ثنا مُهَلَّبُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ بَيَانٍ الصَّفَّارُ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ پہلی شی جو تمہارے دین سے لی جائے گی وہ امانت ہے۔

**7033** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيّ، ثنا مُهَلَّبُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ بَيَانٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَا يُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ الْخُشُوعُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں سے سب سے پہلے خشوع لیا جائے گا۔

**7034** - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْمَدَائِنِيُّ، ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔



## الْعَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ الْعَدَوِيُّ عَنْ شَدَّادٍ

## علاء بن زیاد عدوی حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

**7035** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، ثنا جَارِيَةُ بْنُ هَرِمٍ، عَنْ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی بندہ صبح وشام یہ دعا کرتا ہے:

---

7033- انظر ما قبله . وقال في المجمع جلد 2صفحه136' وفيه عمران بن داؤد القطان ضعفه ابن معين والنسائي ووثقه أحمد وابن حبان . ورواه أحمد جلد6صفحه26-27 من طريق آخر . وهو عند المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 56,55' وله شاهد من حديث أبي الدرداء عند المصنف قال البيهقي جلد2صفحه136' واسناده حسن .

إِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسَى قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَعَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوءُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ ذُنُوبِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ، فَإِنْ مَاتَ مِنْ يَوْمِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَإِنْ مَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

''اللّٰهم انت ربی'' اگر اس دن مر جائے گا تو جنت میں داخل ہوگا' اگر اس رات مر گیا تو جنت میں داخل ہوگا۔

## عَنْبَسَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ شَدَّادٍ

## عنبسہ بن ابوسفیان' حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

**7036** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى مُزَيْنَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ شَدَّادُ بْنُ أَوْسٍ، وَهُوَ ابْنُ أَخِي حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ، وَهُوَ افْتَتَحَ إِيلِيَا لِمُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، وَهُوَ يُرَاجِعُ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَذَكَرَ الْإِمَارَةَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْإِمَارَةَ فَقَالَ: أَوَّلُ الْإِمَارَةِ مَلَامَةٌ، وَثَانِيهَا نَدَامَةٌ، وَثَالِثُهَا عَذَابٌ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ رَحِمَ وَعَدَلَ، وَقَالَ: هَكَذَا وَهَكَذَا بِيَدِهِ بِالْمَالِ ثُمَّ سَكَتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ' حضرت حسان کے بھائی کے بیٹے تھے' اُنہوں نے حضرت معاویہ بن ابوسفیان کیلئے ایلیاء فتح کیا تھا۔ وہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف واپس آئے تو اُنہوں نے امارت کا ذکر کیا تو اُنہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امارت کا ذکر کرتے ہوئے سنا' فرمایا: امارت کی ابتداء ملامت ہے' درمیان ندامت ہے اور آخر میں قیامت کے دن اللہ کا عذاب ہے مگر جس نے رحم کیا اور دل کیا اور فرمایا: اس طرح اور اس طرح' اپنے ہاتھ سے مال کے ساتھ' پھر جتنا اللہ نے چاہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش رہے' پھر فرمایا: قریبی رشتہ داروں کے ہوتے ہوئے' کیسے عدل ممکن ہے؟



---

7036- قال في المجمع جلد5 صفحه200' وفيه اسحاق بن ابراهيم المزني وهو ضعيف .

قَالَ: كَيْفَ بِالْعَدْلِ مَعَ ذَوِي الْقُرْبَى؟

## عُمَرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ

## عمر بن ربیعہ' حضرت شداد بن اوس سے روایت کرتے ہیں

7037 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِسَيِّدِ الِاسْتِغْفَارِ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَعَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ، وَأَبُوءُ لَكَ بِذُنُوبِي، فَاغْفِرْ لِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، لَا يَقُولُهَا أَحَدٌ حِينَ يُمْسِي، فَيَمُوتُ مِنْ لَيْلَتِهِ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَلَا يَقُولُهَا أَحَدٌ حِينَ يُصْبِحُ فَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں سیّد الاستغفار کے متعلق نہ بتاؤں! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: وہ یہ ہے: ''اللّٰھم لا الٰہ الا انت الٰی آخرہٖ''۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَابِطٍ عَنْ شَدَّادٍ

## عبدالرحمٰن بن سابط' حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

7038 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ شَدَّادٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔

## الْمُغِيرَةُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ شَدَّادٍ

7039 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنِي الْمُغِيرَةُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: أَلا أَدُلُّكَ عَلَى سَيِّدِ الِاسْتِغْفَارِ؟ أَنْ تَقُولَ: اللَّهُمَّ أَنْتَ إِلَهِي، أَنْتَ خَلَقْتَنِي، وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَأَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوءُ لَكَ بِذُنُوبِي، فَإِنَّهُ لا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُولُهَا فَيَأْتِيهِ قَدَرُهُ فِي يَوْمِهِ قَبْلَ أَنْ يُمْسِيَ، أَوْ فِي مَسَائِهِ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ، إِلَّا كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ

## مغیرہ بن سعید بن نوفل، حضرت شداد سے روایت کرتے ہیں

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں سیّد الاستغفار کے متعلق نہ بتاؤں! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: وہ یہ ہے: ''اللّٰھم انت الٰھی الی آخرہٖ''۔

## مَنِ اسْمُهُ شَيْبَةُ

## شَيْبَةُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الدَّارِ بْنِ قُصَيٍّ الْحَجَبِيُّ

يُكْنَى أَبَا عُثْمَانَ أَسْلَمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَيُقَالُ: يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَكَانَ مِنَ الْمُؤَلَّفَةِ

## جن کا نام شیبہ ہے

## حضرت شیبہ بن عثمان بن طلحہ بن عبدالعزیٰ بن عثمان بن عبداللہ بن عبدالدار بن قصی حجبی رضی اللہ عنہ

آپ کی کنیت ابوعثمان ہے، فتح کے دن اسلام لائے تھے بعض کہتے ہیں: حنین کے دن، یہ مؤلفۃ القلوب میں سے تھے۔

**7040** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الزَّجَّاجِ، قَالَ: قُلْتُ لِشَيْبَةَ بْنِ عُثْمَانَ: يَا أَبَا عُثْمَانَ، إِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ، فَلَمْ يُصَلِّ فِيهَا، فَقَالَ: كَذَبُوا، لَقَدْ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ، ثُمَّ أَلْصَقَ بِهِمَا بَطْنَهُ وَظَهْرَهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن زجاج فرماتے ہیں کہ میں نے شیبہ بن عثمان سے کہا: اے ابوعثمان! لوگ خیال کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' آپ نے نماز نہیں پڑھی' فرمایا: جھوٹ کہتے ہیں' آپ نے دوستونوں کے درمیان نماز پڑھی تھی' پھر دونوں ستونوں کے ساتھ اپنی پشت اطہر اور شکم اطہر لگایا تھا۔

**7041** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَا: ثنا أَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَاللّٰهِ مَا أَخْرَجَنِي الْإِسْلَامُ، وَلَا مَعْرِفَةٌ بِهِ، وَلَكِنِّي أَنِفْتُ أَنْ تَظْهَرَ هَوَازِنُ عَلَى قُرَيْشٍ، فَقُلْتُ وَأَنَا وَاقِفٌ مَعَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَرَى خَيْلًا بَلْقَاءَ؟ قَالَ: يَا شَيْبَةُ، إِنَّهُ لَا يَرَاهَا إِلَّا كَافِرٌ' فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِي، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اهْدِ شَيْبَةَ، ثُمَّ ضَرَبَهَا الثَّانِيَةَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اهْدِ شَيْبَةَ، ثُمَّ ضَرَبَهَا الثَّالِثَةَ،

حضرت مصعب بن شیبہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حنین کے دن نکلا' اللہ کی قسم! میں اسلام کے لیے نہیں نکلا تھا نہ مجھے اسلام کی پہچان تھی' میں انتظار میں تھا کہ ہوازن والے قریش پر غالب آئیں' میں نے کہا: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ گھوڑوں میں بلقاء کے گھوڑا دیکھ رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے شیبہ! یہ تو کافر دیکھتا ہے' آپ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا' پھر فرمایا: اے اللہ! شیبہ کو ہدایت دے! پھر دوسری دفعہ مارا اور فرمایا: اے اللہ! شیبہ کو ہدایت دے! پھر تیسری دفعہ مارا اور فرمایا: اے اللہ! شیبہ کو ہدایت دے! اللہ کی قسم! تیسری دفعہ آپ نے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا کہ مجھے آپ اللہ کی مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب ہو گئے' لوگ چلے اور آپ ﷺ اونٹنی یا خچر پر

شيبة بن عثمان بن طلحة العزى

---

7040- قال في المجمع جلد 3صفحه295' وفيه عبد الرحمن بن الزجاج ولم أجد من ترجمة ۔ وجيد الحافظ اسناده في الفتح جلد1صفحه501 ۔ وفي رواية فاطمة عبد الرحمن بن سليمان ۔

7041- قال في المجمع جلد6صفحه184' وفيه أيوب بن جابر وهو ضعيف ۔ ورواه من طريقه البيهقي في دلائل النبوة ۔

فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اهْدِ شَيْبَةَ، فَوَاللّٰهِ مَا رَفَعَ يَدَهُ مِنْ صَدْرِي مِنَ الثَّالِثَةِ حَتَّى مَا كَانَ أَحَدٌ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْهُ، قَالَ: فَالْتَقَى النَّاسُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَةٍ أَوْ بَغْلَةٍ، وَعُمَرُ آخِذٌ بِلِجَامِهِ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَخَذَ يُنَفِّرُ دَابَّتَهُ، فَانْهَزَمَ الْمُسْلِمُونَ، فَنَادَى الْعَبَّاسُ بِصَوْتٍ لَهُ جَهِيرٍ، فَقَالَ: أَيْنَ الْمُهَاجِرُونَ الْأَوَّلُونَ؟ أَيْنَ أَصْحَابُ سُورَةِ الْبَقَرَةِ؟ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قُدُمًا: أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبَ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ فَعَطَفَ الْمُسْلِمُونَ فَاصْطَكُّوا بِالسُّيُوفِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْآنَ حَمِيَ الْوَطِيسُ، قَالَ: وَهَزَمَ اللّٰهُ الْمُشْرِكِينَ

سوار تھے، حضرت عمر آپ کی سواری کی لگام پکڑے ہوئے تھے، حضرت عباس سواری کو پکڑے ہوئے تھے تاکہ بھاگ نہ جائے، صحابہ کرام چلے گئے، حضرت عباس نے بلند آواز میں کہا: اے اولین مہاجرین کہاں ہیں؟ سورۂ بقرہ والے کہاں ہیں؟ حضور ﷺ فرما رہے تھے: میں نبی ہوں جھوٹ نہیں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ مسلمان تلواریں لہراتے ہوئے آئے، حضور ﷺ نے فرمایا: اب میدان گرم ہوگا، اللہ عزوجل نے مشرکوں کو بھگا دیا۔

**7042** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ شَيْبَةُ بْنُ عُثْمَانَ: لَمَّا غَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنَ، تَذَكَّرْتُ أَبِي وَعَمِّي، قَتَلَهُمَا عَلِيٌّ وَحَمْزَةُ، فَقُلْتُ: الْيَوْمَ أُدْرِكُ ثَأْرِي فِي مُحَمَّدٍ، فَجِئْتُهُ فَإِذَا الْعَبَّاسُ مِنْ يَمِينِهِ، عَلَيْهِ دِرْعٌ بَيْضَاءُ كَأَنَّهَا الْفِضَّةُ، فَكَشَفَ عَنْهَا الْعَجَاجَ، فَقُلْتُ: عَمُّهُ لَنْ يَخْذُلَهُ، فَجِئْتُ عَنْ يَسَارِهِ، فَإِذَا أَنَا بِأَبِي سُفْيَانَ بْنِ الْحَارِثِ، فَقُلْتُ: ابْنُ عَمِّهِ وَلَنْ يَخْذُلَهُ، فَجِئْتُهُ مِنْ خَلْفِهِ،

حضرت شیبہ بن عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ حنین کے غزوہ پر تشریف لے گئے تو مجھے میرا باپ اور چچا یاد آئے جن کو حضرت علی اور حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہما نے قتل کیا تھا۔ پس میں نے (اپنے دل میں) کہا: آج کے دن میں محمد ﷺ کی ذات میں اپنا بدلہ لوں گا۔ (اسی نیت سے) میں ان کی طرف آیا، پس میں نے دیکھا کہ حضرت عباس آپ ﷺ کے دائیں جانب ہیں، آپ پر سفید زرہ ہے، ایسا لگ رہا تھا جیسے چاندی ہو، پس میں نے کہا: ان کے چچا (عباس) ان کو اکیلا ہرگز نہ چھوڑیں گے، پس میں آپ ﷺ کے بائیں طرف سے آیا، پس میری نگاہ پڑی تو حضرت ابوسفیان بن حارث



7042- قال في المجمع جلد6 صفحه184، وفيه أبو بكر الهذلي وهو ضعيف . ورواه من طريقه البيهقي في دلائل النبوة .

فَدَنَوْتُ وَدَنَوْتُ حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ إِلَّا أَنْ أُسَوِّرَهُ سَوْرَةً بِالسَّيْفِ، رُفِعَ إِلَيَّ شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ كَأَنَّهُ الْبَرْقُ، فَخِفْتُ أَنْ يَمْحَشَنِي، فَنَكَصْتُ الْقَهْقَرَى، فَالْتَفَتَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَالَ يَا شَيْبُ فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِي، فَاسْتَخْرَجَ اللّٰهُ الشَّيْطَانَ مِنْ قَلْبِي، فَرَفَعْتُ إِلَيْهِ بَصَرِي وَهُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ سَمْعِي وَمِنْ بَصَرِي وَمِنْ كَذَا، فَقَالَ لِي: يَا شَيْبُ قَاتِلِ الْكُفَّارَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَبَّاسُ، اصْرُخْ بِالْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ بَايَعُوا تَحْتَ الشَّجَرَةِ، وَبِالْأَنْصَارِ الَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا، فَمَا شَبَّهْتُ عَطْفَةَ الْأَنْصَارِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا الْبَقَرَ عَلَى أَوْلَادِهَا، حَتَّى نَزَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّهُ حَرَجَةٌ، قَالَ: فَلَرِمَاحُ الْأَنْصَارِ كَانَتْ عِنْدِي أَخْوَفَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رِمَاحِ الْكُفَّارِ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَيَّاشُ نَاوِلْنِي مِنَ الْبَطْحَاءِ، قَالَ: فَأَفْقَهَ اللّٰهُ الْبَغْلَةَ كَلَامَهُ، فَأَخْفَضَتْ بِهِ حَتَّى كَادَ بَطْنُهَا يَمَسُّ الْأَرْضَ، فَتَنَاوَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحَصْبَاءِ، فَنَفَخَ فِي وُجُوهِهِمْ، وَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ، حم لَا يُنْصَرُونَ

(حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کا بیٹا) موجود ہے۔ میں نے کہا: اُن کے چچا کا بیٹا بھی ان کو اکیلا نہیں چھوڑے گا' پس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے سے آیا' پس میں قریب ہوا اور میں (مزید) قریب ہوا حتیٰ کہ جب صرف اتنی بات رہ گئی تو ایک بہت بڑا شعلہ آگ کا میری طرف بلند ہوا' گویا کہ وہ برق (آسمانی بجلی) ہے۔ پس مجھے خواب ہوا' پس پچھلے پاؤں لوٹ گیا۔ پس (اتنے میں) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے۔ فرمایا: اے شیب! آؤ! (میں آگے ہوا) تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر رکھا تو اللہ تعالیٰ نے میرے دل سے شیطان کو نکال دیا' پس میں نے اپنی نگاہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف اُٹھائی تو حال یہ تھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے نزدیک میری سماعت' میری بصارت اور فلاں فلاں چیز سے زیادہ محبوب تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے شیب! کافروں سے جا کر جہاد کر۔ پھر فرمایا: اے عباس! وہ مہاجرین جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی اور وہ انصار جنہوں نے پناہ دی اور مدد کی' سب کو بلاؤ۔ انصار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کتنے مہربان تھے' اس کو میں نے تشبیہ دی ہے گائے کے ساتھ کہ جس طرح وہ اپنی چھوٹی اولاد پر مہربان ہوتی ہے حتیٰ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن کی کوئی سورت یا آیت نازل ہوئی۔ راوی کہتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مجھے کافروں کے تیروں کا اتنا خوف محسوس نہیں ہو رہا تھا جتنا انصار کے تیروں کا ہو رہا تھا۔ پھر فرمایا: اے عیاش! وادی سے مجھے کنکریاں پکڑا دے! کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے خچر کو کلام کی سمجھ دی' پس وہ پست ہوا یہاں تک کہ قریب تھا کہ اس

کا پیٹ زمین سے لگ جائے۔ رسول کریم ﷺ نے کنکریاں پکڑیں' پس ان کو دم کر کے ان کے منہ پر مارا اورفرمایا: ''شاهت الوجوه' حم لا ينصرون''۔

**7043** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، أَخْبَرَنِي أَبُو بِشْرٍ، عَنْ مُسَافِعِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ شَيْبَةَ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَرَأَى فِيهَا تَصَاوِيرَ، فَقَالَ: يَا شَيْبَةُ، اكْفِنِي هَذِهِ، فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى شَيْبَةَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ فَارِسَ: إِنْ شِئْتَ طَلَيْتُهَا وَلَطَخْتُهَا بزَعْفَرَانَ، فَفَعَلَ

حضرت شیبہ بن عثمان فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کعبہ میں داخل ہوئے' آپ نے یہاں تصویریں دیکھیں' آپ نے فرمایا: اے شیبہ! میری اس کے بعد کفایت کرو' آپ نے حضرت شیبہ پر سختی کی' فارس والوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اگر آپ چاہیں تو میں مٹا دوں' اور میں نے زعفران کے ساتھ اس کو لپیٹ دوں' پس اس نے ایسا ہی کیا۔

**7044** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَيُّوبَ، صَاحِبُ الْمَغَازِي، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ثَابِتٍ الثُّمَالِيِّ، عَنْ مُحَيْصَةَ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ عُثْمَانَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ فَقَالَ: ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: إِخْلَاصُ الْعَمَلِ، وَالنُّصْحُ لِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَلُزُومُ جَمَاعَتِهِمْ، فَإِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَرَائِهِمْ

حضرت شیبہ بن عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں مسجد خیف میں نماز پڑھائی' آپ نے فرمایا: مؤمن کا دل تین کاموں میں خیانت نہیں کرتا ہے: (۱) عمل خلوص سے کرتا ہے (۲) ائمہ مسلمانوں کی اصلاح کے لیے (۳) جماعت کو لازماً پکڑنے میں' اگر تو دعا کرے تو ان کے پیچھے سے کر۔

**7045** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ،

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ میرے ساتھ ایک آدمی



---

7043- قال في المجمع جلد3صفحه295' ومسافع لم أجد من ترجمه .

7044- هذا الحديث وان كان في اسناده من هو متكلم فيه فله شواهد .

7045- قال في المجمع جلد3صفحه295' وفيه عبد الرحمٰن بن الزجاج ولم أجد من ترجمة . وجيد الحافظ ورواه

وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: بَعَثَ مَعِي رَجُلٌ بِدَرَاهِمَ هَدِيَّةً إِلَى الْبَيْتِ، فَدَخَلْتُ الْبَيْتَ وَشَيْبَةُ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ، فَنَاوَلْتُهُ إِيَّاهَا فَقَالَ: لَكَ هَذِهِ؟ فَقُلْتُ: لَا، وَلَوْ كَانَتْ لِي لَمْ آتِكَ بِهَا، قَالَ: أَمَا إِنْ قُلْتَ ذَلِكَ فَقَدْ جَلَسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَجْلِسَكَ الَّذِي أَنْتَ فِيهِ، فَقَالَ: إِنْ أَخْرُجْ حَتَّى أُقَسِّمَ مَا فِي الْكَعْبَةِ بَيْنَ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ، قُلْتُ: مَا أَنْتَ بِفَاعِلٍ، قَالَ: لَأَفْعَلَنَّ وَلِمَ ذَاكَ؟ قُلْتُ: لِأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَأَى مَكَانَهُ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَهُمَا أَحْوَجُ مِنْكَ إِلَى هَذَا الْمَالِ، فَلَمْ يُحَرِّكَاهُ، فَقَامَ كَمَا هُوَ فَخَرَجَ

نے بطور ہدیہ کئی درہم دے کر کعبہ کی طرف بھیجا' میں خانہ کعبہ میں داخل ہوا تو وہاں حضرت شیبہ کرسی پر بیٹھے تھے میں نے ان کو پکڑا دیا' آپ نے فرمایا: یہ آپ کے لیے ہے؟ میں نے کہا: نہیں! اگر میرے لیے ہوتا تو میں آپ کے پاس نہ آتا' فرمایا: اگر آپ نے یہ کہا ہے تو حضرت عمر جہاں آپ بیٹھے ہیں' وہاں بیٹھے ہیں' فرمایا: اگر میں نکلوں تو میں تقسیم کر دوں گا' جو کعبہ میں ہیں مسلمان فقراء کے درمیان' میں نے کہا: میں ایسے کرنے والا نہیں ہوں' فرمایا: میں ایسا کروں گا' آپ کیوں نہیں کریں گے؟ میں نے کہا: کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر نے اس جگہ کو دیکھا ہے پس ان دونوں کو آپ سے زیادہ اس مال کی ضرورت تھی ان دونوں نے اس کو حرکت نہ دی' وہ کھڑا ہوا جیسے وہ تھا اور نکل گیا۔

**7046** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى شَيْبَةَ بْنِ عُثْمَانَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَقَالَ لِي: جَلَسَ إِلَيَّ عُمَرُ مَجْلِسَكَ

حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت شیبہ بن عثمان کے ساتھ مسجد حرام میں بیٹھا' مجھے کہا آپ کی اس مجلس میں میرے ساتھ حضرت عمر بھی بیٹھے ہیں پس فرمایا: میں نے ارادہ کیا ہے کہ سفید اور زرد سب کو تقسیم کر دوں۔ حضرت شیبہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: آپ کے دو ساتھیوں نے ایسے نہیں کیا' یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر نے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دونوں ایسے مرد ہیں' جن کی اقتداء کی جاتی ہے۔

شيبة بن عثمان بن طلحة العبدي

أحمد جلد 3صفحه410' والبخاری رقم الحديث: 7275,1594' وأبو داؤد رقم الحديث: 2015' وابن ماجه رقم الحديث: 3116.

هَذَا، فَقَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لَا أَتْرُكَ فِيهَا صَفْرَاءَ، وَلَا بَيْضَاءَ إِلَّا قَسَّمْتُهَا ' يَعْنِي الْكَعْبَةَ ' قَالَ شَيْبَةُ: فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّهُ كَانَ لَكَ صَاحِبَانِ لَمْ يَفْعَلَا، رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ' قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: هُمَا الْمَرْآنِ أَقْتَدِي بِهِمَا

**7047** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التُّوزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا انْتَهَى أَحَدُكُمْ إِلَى الْمَجْلِسِ، فَإِنْ وُسِّعَ لَهُ فَلْيَجْلِسْ، وَإِلَّا فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَوْسَعِ مَكَانٍ يَرَى 'فَلْيَجْلِسْ

حضرت عثمان بن شیبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی جب مجلس میں بیٹھنے لگے اگر جگہ کشادہ ہو تو بیٹھ جائے ورنہ کشادہ جگہ دیکھے اور وہاں بیٹھ جائے۔

## شَيْبَةُ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ أَبُو هَاشِمٍ خَالُ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

## حضرت معاویہ بن ابوسفیان کے خالو حضرت شیبہ بن عتبہ بن ربیعہ بن عبدشمس بن عبدمناف ابوہاشم رضی اللہ عنہ

وَأُمُّهُ خُنَاسُ بِنْتُ مَالِكِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْمُضَرِّبِ حُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ مَعِيصِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ، وَكَانَ أَعْوَرَ،

آپ کی والدہ خناس بنت مالک بن مالک بن مضرب بن حجیر بن عبدمعیص بن عامر بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہے آپ آنکھ سے معذور تھے یرموک کے



-7047 قال في المجمع جلد 8صفحه59' واسناده حسن . قلت: رواه لوين في قطعة من حديثه جلد 2صفحه2' ومن طريقة أيضًا رواه السلفي في الطيوريات جلد 1صفحه65' وابن عساكر ( 2/77/8)' وله شاهدان ذكرهما شيخنا في سلسلة الصحيحة (3/313-314) فراجعه .

فُقِئَتْ عَيْنُهُ يَوْمَ الْيَرْمُوكِ، وَتُوُفِّيَ فِي زَمَنِ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

دن آپ کی آنکھ پھوڑی گئی تھی' حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت میں وفات پائی۔

**7048** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ دِهْقَانَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَمُوسَى بْنُ سَهْلٍ أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ دِهْقَانَ، أَخْبَرَنِي خَالِدٌ سَبَلَانُ، عَنْ كُهَيْلِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ أَقْبَلَ حَتَّى نَزَلَ عَلَى أَبِي كُلْثُومٍ الدَّوْسِيِّ، فَتَذَاكَرُوا الصَّلَاةَ الْوُسْطَى، فَقَالَ: اخْتَلَفْنَا فِيهَا كَمَا اخْتَلَفْتُمْ، وَنَحْنُ بِفِنَاءِ بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِينَا الرَّجُلُ الصَّالِحُ أَبُو هَاشِمِ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ فَقَالَ: أَنَا أَعْلَمُ لَكُمْ ذَلِكَ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ جَرِيئًا عَلَيْهِ، فَاسْتَأْذَنَ، فَدَخَلَ إِلَيْهِ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيْنَا، فَأَخْبَرَنَا أَنَّهَا صَلَاةُ الْعَصْرِ

حضرت کہیل بن حرملہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ حضرت ابوکلثوم دوسی کے پاس آئے' وہاں نمازِ وسطیٰ کے متعلق گفتگو ہوئی تو دونوں نے اس میں اختلاف کیا جس طرح تم اختلاف کرتے ہو' ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کے صحن میں تھے' ہم میں سے ایک نیک آدمی ابوہاشم بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس تھا' اس نے کہا: میں اسے تم سے زیادہ جانتا ہوں' وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' آپ سے گفتگو کی طاقت رکھتا تھا' آپ سے اجازت مانگی' آپ کے پاس داخل ہوا' پھر آپ ہماری طرف نکلے' ہمیں بتایا کہ نمازِ عصر مراد ہے۔

**7049** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت سمرہ بن سہم فرماتے ہیں کہ میں حضرت

شيبة بن عتبة بن ربيعة بن عبد شمس بن عبد مناف

7048- قال في المجمع جلد 1صفحه309' رواه الطبراني في الكبير والبزار (391)' وقال: لا نعلم روى أبو هاشم بن عتبة عن النبي صلى الله عليه وسلم الا هذا الحديث وحديثًا آخر . قلت: ورجاله موثقون . والحديث رواه ابن حبان في الثقات جلد 5صفحه341' والطحاوي في شرح معاني الآثار جلد 1صفحه341' وابن جرير في تفسيره رقم الحديث: 5436' والحاكم جلد 3صفحه638' وابن عساكر قال ابن كثير في تفسيره جلد 1صفحه292 غريب من هذا الوجه جدًا . ووهم الحافظ نسبه في الاصابة الى السنن .

7049- ورواه أحمد جلد 4صفحه443-444' جلد 5صفحه290' والنسائي جلد 8صفحه218-219' والترمذي رقم الحديث: 2429' وابن ماجه رقم الحديث: 4103' والحاكم جلد 3صفحه638 . وصحح الحافظ اسناده

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ شَقِيقٍ، ثنا سَمُرَةُ بْنُ سَهْمٍ، قَالَ: نَزَلْتُ عَلَى أَبِي هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ طَعِينٌ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ مُعَاوِيَةُ يَعُودُهُ، فَبَكَى، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا يُبْكِيكَ؟ أَوَجَعٌ يُشْمَئِزُّكَ؟ أَمْ عَلَى الدُّنْيَا؟ فَقَدْ ذَهَبَ صَفْوُهَا فَقَالَ عَلَى كُلٍّ: لَا، وَلَكِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا، فَوَدِدْتُ أَنِّي اتَّبَعْتُهُ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَلَّكَ تُدْرِكُ أَمْوَالًا تُقَسَّمُ بَيْنَ أَقْوَامٍ، وَإِنَّمَا يَكْفِيكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فَوَجَدْتُ، فَجَمَعْتُ

ابوہاشم بن عتبہ کے پاس آیا' آپ پریشان تھے' آپ کے پاس حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تجارت کرنے کے لیے آئے' آپ رو پڑے' حضرت امیر معاویہ نے آپ سے عرض کی: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ آپ کو کوئی تکلیف ہے یا دنیا کے لیے آپ کی پریشانی چلی جائے' آپ نے فرمایا: کوئی بھی نہیں ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے وعدہ لیا تھا' میں نے آپ کی اتباع کرنا پسند کیا تھا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یقیناً تیرے پاس مال ہوگا' لوگوں کے درمیان تقسیم کیا جائے گا' تیرے لیے اتنا ہی کافی ہے' مال جمع کرنے سے ایک خادم اور سواری ہو' میں نے پایا اور میں نے جمع کیا۔

**7050** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَحَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَالْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: دَخَلَ مُعَاوِيَةُ عَلَى خَالِهِ أَبِي هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَهُوَ مَرِيضٌ يَبْكِي، فَقَالَ: يَا خَالُ مَا يُبْكِيكَ؟ أَوَجَعٌ يُشْمَئِزُّكَ؟ أَمْ حِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا؟ قَالَ: كُلٌّ لَا، وَلَكِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا، لَمْ آخُذْ بِهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هَاشِمٍ،

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ اپنے خالو حضرت ابوہاشم بن عتبہ بن ربیعہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو وہ رو رہے تھے' حضرت معاویہ نے فرمایا: اے خالو! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ آپ کو تکلیف ہے یا دنیا کی خواہش کے لیے؟ فرمایا: کچھ بھی نہیں! لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے وعدہ لیا تھا' میں نے اس پر عمل نہیں کیا' آپ نے فرمایا: اے ابوہاشم! عنقریب تُو دیکھے گا کہ تمہارے پاس بہت سا مال ہوگا' تمہارے لیے دنیا جمع سے' ایک خادم اور اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے سواری کافی ہے' میں آج کے دن دیکھ رہا ہوں کہ میں نے مال جمع کیا ہے۔



---

في الاصابة جلد7صفحه422 .

7050- ورواه الحاكم جلد3صفحه638 .

سَتَرَى أَمْوَالًا يُؤْتَاهَا أَقْوَامٌ، وَإِنَّمَا يَكْفِيكَ مِنْ جَمِيعِ الدُّنْيَا خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَأَرَانِيَ الْيَوْمَ قَدْ جَمَعْتُ

**7051** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْقَطَّانِيُّ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ الْهَرَوِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: دَخَلَ مُعَاوِيَةُ عَلَى خَالِهِ، فَلَمَّا رَآهُ قَالَ: مَالَكَ أَجَزَعٌ وَحِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَسَى أَنْ تُدْرِكُوا أَقْوَامًا يُؤْثِرُونَ أَمْوَالًا، وَإِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ مِنَ الدُّنْيَا دَارٌ وَمَرْكَبٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ اپنے خالو کے پاس آئے تو جب ان کو دیکھا تو حضرت معاویہ نے فرمایا: اے خالو! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ دنیا کی خواہش کے لیے؟ فرمایا: کچھ بھی نہیں! لیکن رسول اللہ ﷺ سے میں نے سنا' آپ نے فرمایا: اے ابوہاشم! عنقریب تُو کئی گروہ دیکھے گا کہ جو مالوں کو ترجیح دیں گے' تمہارے لیے دنیا سے ایک خادم اور اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے سواری کافی ہے۔

**7052** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الرَّازِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ الْأُرْدُنِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ أَبَا هَاشِمِ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ كَانَ لَهُ شَارِبٌ يَعْقِدُهُ خَلْفَ قَفَاهُ، فَقُلْتُ: مَا بَالُ شَارِبِكَ وَقَدْ جَاءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِحْفَاءِ الشَّارِبِ مَا جَاءَ؟ فَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ أَخَذْتُ شَارِبِي، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَّ يَدَهُ عَلَيَّ، فَقَالَ: مَتَى أَخَذْتَ شَارِبَكَ؟، قُلْتُ: السَّاعَةَ، قَالَ: فَلَا تَأْخُذْهُ حَتَّى تَلْقَانِي، فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت یزید بن حسان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوہاشم بن عتبہ بن ربیعہ کی مونچھیں تھیں' وہ انہیں اپنی گدی کے پیچھے باندھتے تھے' میں نے کہا: آپ کی مونچھیں کیا ہیں' حالانکہ حضور ﷺ سے روایت ہے کہ مونچھیں کم کرو؟ فرمایا: میں نے اپنی مونچھیں پکڑی ہوئی تھیں' میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے اپنا دستِ مبارک مجھ پر پھیرا' آپ نے فرمایا: تُو نے اپنی مونچھیں کب پکڑی ہیں؟ میں نے عرض کی: ابھی! آپ نے فرمایا: ان کو نہ کاٹنا یہاں تک کہ تُو مجھے ملے۔ رسول اللہ ﷺ کا مجھ سے ملنے سے پہلے وصال ہو گیا' اب میں آپ سے ملنے تک انہیں نہیں کاٹوں گا۔



---

7052- قال في المجمع جلد5صفحه166' وفيه الوليد بن سلمة الأردني وهو كذاب .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ أَلْقَاهُ، فَلَنْ أَجُزَّهُ حَتَّى أَلْقَاهُ

## شَيْبَةُ بْنُ أَبِي كَثِيرٍ الْأَشْجَعِيُّ

**7053** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ شَيْبَةَ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَدَرُ الْوَجْهِ مِنَ النَّبِيذِ تَتَنَاثَرُ مِنْهُ الْحَسَنَاتُ

**7054** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُمَيْرٍ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ شَيْبَةَ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ أُدَاعِبُ امْرَأَتِي فَأَثَّرَى فِي يَدِي، فَمَاتَتْ، وَذَلِكَ فِي غَزْوَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبُوكًا، فَأَتَيْتُهُ فَأَخْبَرْتُهُ عَنِ امْرَأَتِي الَّتِي أَصَبْتُهَا خَطَأً، فَقَالَ: لَا تَرِثُهَا

## حضرت شیبہ بن ابی کثیر اشجعی رضی اللہ عنہ

حضرت عمر بن شیبہ بن ابوکثیر اشجعی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: منہ کو نبیذ سے بچانا' اس سے نیکیاں جھڑتی ہیں۔

حضرت عمر بن شیبہ بن ابوکثیر فرماتے ہیں کہ میں اپنی بیوی سے خوش طبعی کر رہا تھا' میں نے اپنے ہاتھ سے دبایا تو وہ مرگئی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک میں تھے' میں آپ کے پاس آیا تو میں نے اپنی بیوی کی بات بتائی کہ میں نے غلطی سے ایسے کیا' آپ نے فرمایا: تُو اس کا وارث نہیں ہو گا۔



---

7053- ورواه البغوى وابن قانع قال فى المجمع جلد 5صفحه72 فيه الواقدى وهو ضعيف جدًا وقد وثق وقال الحافظ الذهبى: فيه الواقدى كذبه احمد وابن المدينى وغيرهما . ورواه فى الأوسط (388 مجمع البحرين) أيضًا . وانظر ما بعده . فهو حديث موضوع .

7054- قال فى المجمع جلد4صفحه230' وعمر بن شيبة قال أبو حاتم مجهول .

# مَنِ اسْمُهُ شُرَحْبِيلُ
## شُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ

وَاسْمُ أَبِيهِ شُفْعَةُ وَحَسَنَةُ أُمُّهُ، وَيُقَالُ: إِنَّهَا مِنْ حَارِدٍ، وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ بْنَ الْغَوْثِ بْنِ مُرٍّ أَخِي تَمِيمِ بْنِ مُرٍّ، مِمَّنْ هَاجَرُوا إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ، نَزَلَ الشَّامَ وَهُوَ مُلْعَقُ بَنِي نَجِيحٍ

7055 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: شُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ، وَهُوَ شُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُطَاعِ بْنِ عَمْرٍو، وَهُوَ رَجُلٌ مِنَ الْغَوْثِ، وَقَالَ ابْنُ الْكَلْبِيِّ: شُرَحْبِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُطَاعِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْغِطْرِيفِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ جَثَّامَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ بَلَادِمَ بْنِ مَالِكِ بْنِ دُهْمِ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَشْكُرَ بْنِ مُنْشَرِ بْنِ الْغَوْثِ بْنِ مُرٍّ، أَخِي تَمِيمِ بْنِ مُرٍّ، وَيُقَالُ: إِنَّهُ مِنْ كِنْدَةَ

7056 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ هَاجَرَ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ، فَأَقَامَ بِهَا حَتَّى قَدِمَ بَعْدَ بَدْرٍ،

# جس کا نام شرحبیل ہے
## حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ

آپ کے والد کا نام شفعہ تھا' آپ کی والدہ کا نام حسنہ تھا' آپ کو قبیلہ حادر کا کہا جاتا ہے' آپ کی کنیت ابوعبداللہ بن غوث بن مر' تمیم بن مر کے بھائی ہیں' انہوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی' ملک شام آئے' ان کا تعلق بنی نجیح سے تھا۔

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت شرحبیل بن حسنہ' شرحبیل بن حسنہ بن عبداللہ بن مطاع بن عمرو ہیں' قبیلہ غوث کے ایک آدمی ہیں۔ ابن کلبی فرماتے ہیں: شرحبیل بن عبداللہ بن مطاع بن عبداللہ بن غطریف بن عبدالعزیٰ بن جثامہ بن مالک بن بلادم بن مالک بن دھم بن سعد بن یشکر بن منشر بن غوث بن مر' تمیم بن مر کے بھائی ہیں' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ قبیلہ کندہ کے رہنے والے ہیں۔

حضرت موسیٰ بن عقبہ فرماتے ہیں کہ جنہوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی' اُن ناموں میں سے ایک نام شرحبیل بن عبداللہ کا بھی ہے' آپ وہاں رہے' بدر کی لڑائی کے بعد آئے' آپ کی والدہ کا نام حسنہ ہے۔

شُرَحْبِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَحَسَنَةُ أُمُّهُ

**7057** - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ شُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ أَوْ ثَمَانِ عَشْرَةَ، سِنُّهُ سَبْعٌ وَسِتُّونَ، وَكَانَ عَامِلًا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت یحییٰ بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت شرحبیل بن حسنہ کا وصال ۱۷یا۱۸ ہجری کو ہوا' آپ کی عمر ۶۷ سال تھی' آپ حضرت عمر بن خطاب کے عامل تھے' آپ کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔

**7058** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا أَبُو صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ حَدِيثِ الْحَارِثِ بْنِ عَمِيرَةَ، قَالَ: طُعِنَ أَبُو عُبَيْدَةَ، وَشُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ، وَأَبُو مَالِكٍ جَمِيعًا فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ

حضرت حارث بن عمیرہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ' شرحبیل بن حسنہ اور ابو مالک تمام ایک ہی دن میں طاعون کا شکار ہوئے۔

## مَا أَسْنَدَ شُرَحْبِيلُ ابْنُ حَسَنَةَ

## حضرت شرحبیل بن حسنہ کی روایت کردہ احادیث

**7059** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا قَتَادَةُ، وَمَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، قَالَ: وَقَعَ الطَّاعُونُ بِالشَّامِ، فَخَطَبَنَا عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا الطَّاعُونَ رِجْسٌ، فَفِرُّوا مِنْهُ فِي الْأَوْدِيَةِ وَالشِّعَابِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ شُرَحْبِيلَ ابْنَ حَسَنَةَ، فَقَالَ: كَذَبَ عَمْرٌو، صَحِبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم فرماتے ہیں کہ ملک شام میں طاعون کی بیماری پھیلی' ہمیں حضرت عمرو بن عاص نے خط دیا اور فرمایا: یہ طاعون ایک بیماری ہے' اس سے بھاگو' دیہات اور اونچی جگہ چلے جاؤ۔ یہ بات حضرت شرحبیل بن حسنہ تک پہنچی' آپ نے فرمایا: حضرت عمرو نے جھوٹ بولا' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صحابی ہوں اور عمرو اپنے گھر والوں کے گدھے سے زیادہ گمراہ ہے' یہ تمہارے رب کی رحمت ہے اور تمہارے نبی کی دعا ہے' تم سے پہلے نیک لوگوں کا



7059- ورواه أحمد جلد4صفحه195-196' وانظر ما بعده .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَمْرٌو أَضَلُّ مِنْ حِمَارِ أَهْلِهِ، وَلَكِنَّهُ رَحْمَةُ رَبِّكُمْ، وَدَعْوَةُ نَبِيِّكُمْ، وَوَفَاةُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ

وصال ہوا۔

**7060** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ شُرَحْبِيلِ بْنِ شُفْعَةَ، قَالَ: وَقَعَ الطَّاعُونُ بِالشَّامِ، فَقَامَ عَمْرٌو، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا الرِّجْسَ قَدْ وَقَعَ، فَتَفَرَّقُوا عَنْهُ، قَالَ ابْنُ حَسَنَةَ: قَدْ صَحِبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ أَضَلُّ مِنْ حِمَارِ أَهْلِهِ، إِنَّمَا هِيَ رَحْمَةُ رَبِّكُمْ، وَدَعْوَةُ نَبِيِّكُمْ، وَمَوْتُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ، فَاجْتَمِعُوا لَهُ، وَلَا تَفَرَّقُوا عَنْهُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَمْرًا، فَقَالَ: صَدَقَ

حضرت شرحبیل بن شفعہ فرماتے ہیں کہ ملک شام میں طاعون کی بیماری پھیلی تو حضرت عمرو کھڑے ہوئے اور فرمایا: یہ بیماری ہے اس سے بھاگ جاؤ۔ حضرت ابن حسنہ نے فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہوں یہ عمرو اپنے گھر والوں کے گدھے سے زیادہ گمراہ ہے یہ طاعون تمہارے رب کی رحمت ہے اور تمہارے نبی کی دعا ہے تم سے پہلے نیک لوگوں کی وفات اسی وجہ سے ہوئی اس کے آنے پر اکٹھے رہو علیحدہ نہ ہو۔ یہ بات حضرت عمرو تک پہنچی تو فرمایا: حضرت شرحبیل نے سچ کہا ہے۔

**7061** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ الْمِصْرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا أَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَيُّوبَ الْغَافِقِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ شُرَحْبِيلِ ابْنِ حَسَنَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ

حضرت شرحبیل بن حسنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہوئے اور نماز سے فارغ ہونے تک بیٹھے نہیں پھر دو سجدے سہو کے کرنے کے بعد سلام پھیرا (تعلیم اُمت کے لیے کیونکہ انبیاء علیہم السلام ہر غلطی سے محفوظ ہوتے ہیں)۔



---

7060- ورواه أحمد جلد 4صفحه196 قال في المجمع جلد 2صفحه312 رواها كلها أحمد وروى الطبراني في الكبير بعضه وأسانيد أحمد حسان صحاح .

7061- رشدين ضعيف وموسى قال الحافظ مقبول .

مِنَ الصَّلَاةِ، فَلَمْ يَقْعُدْ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ

## شُرَحْبِيلُ بْنُ أَوْسٍ الْكِنْدِيُّ

## حضرت شرحبیل بن اوس کندی رضی اللہ عنہ

7062 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، وَعَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ، قَالَا: ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ نِمْرَانُ بْنُ مِخْمَرٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ أَوْسٍ الْكِنْدِيِّ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوهُ، فَإِنْ شَرِبَهَا الثَّانِيَةَ فَاجْلِدُوهُ، فَإِنْ شَرِبَهَا الثَّالِثَةَ فَاجْلِدُوهُ، فَإِنْ شَرِبَهَا الرَّابِعَةَ فَاقْتُلُوهُ

حضرت شرحبیل بن اوس کندی' رسول اللہ ﷺ کے صحابی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شراب پئے تو اسے کوڑے مارو' اگر دوسری مرتبہ پئے تو اسے کوڑے مارو' اگر تیسری مرتبہ پئے تو اسے کوڑے مارو' اگر چوتھی مرتبہ پئے تو اسے قتل کردو۔

## شُرَحْبِيلُ الْجُعْفِيُّ

## حضرت شرحبیل جعفی رضی اللہ عنہ

7063 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو عَوْنٍ الزِّيَادِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْمِنْقَرِيُّ، عَنْ مَخْلَدِ بْنِ عُقْبَةَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ جَدِّهِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ جَاءَهُ أَعْرَابِيٌّ طَوِيلٌ أَبْيَضُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ

حضرت شرحبیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک لمبا سفید دیہاتی آدمی آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بوڑھا ہوں' بخار سخت ہے قبر میں لے جانے والا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم بزرگ ہو' سخت بخار تمہارے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔ اس نے دوبارہ عرض کی تو حضور ﷺ نے دوبارہ اسی کی مانند فرمایا' تین یا چار مرتبہ



7062- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 1082 .

7063- قال في المجمع جلد2صفحه307' وفيه من لم أعرفه .

اللّٰهِ، شَيْخٌ كَبِيرٌ بِهِ حُمَّى تَفُورُ، تُزِيرُهُ الْقُبُورَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَيْخٌ كَبِيرٌ، بِهِ حُمَّى تَفُورُ هِيَ لَهُ كَفَّارَةٌ وَطَهُورٌ فَأَعَادَهَا، وَأَعَادَهَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعَادَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ أَوْ أَرْبَعَةً، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا إِذَا أَبَيْتَ فَهِيَ كَمَا تَقُولُ، وَمَا قَضَى اللّٰهُ فَهُوَ كَائِنٌ، قَالَ: فَمَا أَمْسَى مِنَ الْغَدِ إِلَّا مَيِّتًا

حضورﷺ نے فرمایا: اگر تُو انکار کرتا ہے تو پھر ایسے ہی ہو جس طرح تُو کہتا ہے' اللہ کا فیصلہ ہو کر رہے گا' دوسرے دن کی صبح ہوئی تو وہ مر گیا تھا۔

**7064** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو عَوْنٍ الزِّيَادِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْمِنْقَرِيُّ، عَنْ مَخْلَدِ بْنِ عُقْبَةَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ الضَّيْعَةُ، فَعَلَيْهِ بِعُمَانَ

حضرت شرحبیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کے مشاغل بڑھ جائیں وہ عمان چلا جائے۔

**7065** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي مَخْلَدُ بْنُ عُقْبَةَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكَفِّي سَلْعَةٌ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هَذِهِ السَّلْعَةُ قَدْ آذَتْنِي، تَحُولُ بَيْنِي وَبَيْنَ قَائِمَةِ

حضرت شرحبیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہﷺ کے پاس آیا اس حالت میں کہ میری ہتھیلی کی کھال اُبھری ہوئی تھی' یعنی پھوڑا یا زخم تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مجھے تکلیف دیتی ہے' تلوار کے دستے پر ہاتھ رکھنے کے وقت اور سواری کی مہار یا لگام پکڑنے کے وقت رکاوٹ بن جاتی ہے۔ نبی کریمﷺ نے فرمایا: میرے قریب ہو! پس میں آپﷺ کے قریب ہوا۔



---

7064- قال في المجمع جلد10صفحه62' وفيه ومن لم أعرفهم .

7065- قال في المجمع جلد 8صفحه298' ومخلد من فوقه لم أعرفهم' وبقية رجاله رجال الصحيح . ورواه البخاري في التاريخ الكبير (250/2/2)' ونقل الحافظ في اللسان عن العلائي في الوشي أنه لم يعرف حال مخلد ووالده .

السَّيْفِ أَنْ أَقْبِضَ عَلَيْهِ، وَعَنْ عَنَانِ الدَّابَّةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْنُ مِنِّي فَدَنَوْتُ مِنْهُ، فَقَالَ: افْتَحْ يَدَكَ فَفَتَحْتُهَا ثُمَّ قَالَ: اقْبِضْهَا فَقَبَضْتُهَا قَالَ: ادْنُ مِنِّي فَدَنَوْتُ مِنْهُ قَالَ: افْتَحْهَا فَفَتَحْتُهَا، فَنَفَثَ فِي كَفِّي، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَى السِّلْعَةِ، فَمَا زَالَ يَطْحَنُهَا بِكَفِّهِ حَتَّى رَفَعَ عَنْهَا، وَمَا أَرَى أَثَرَهَا

آپ ﷺ نے فرمایا: اپنا ہاتھ کھول! پس میں نے ہاتھ کھولا' پھر فرمایا: اب اسے بند کر! پس میں نے بند کیا' فرمایا: میرے قریب آ! میں آپ ﷺ کے قریب آیا' فرمایا: اسے کھولو! میں نے کھولا' پس آپ ﷺ نے میری ہتھیلی میں لعابِ دہن ڈالا' پھر زخم پر اپنا ہاتھ رکھ کر مسلسل اپنی ہتھیلی کے ساتھ اسے ملتے رہے حتیٰ کہ اس کا نشان ختم ہو گیا' اس کا نشان مجھے نظر نہ آتا تھا۔

# شُرَحْبِيلُ بْنُ الْأَعْوَرِ أَبُو شِمْرٍ الضَّبَابِيُّ ذُو الْجَوْشَنِ

# حضرت شرحبیل بن اعور ابوشمر ضبابی ذوالجوشن رضی اللہ عنہ

7066 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّهْشَلِيُّ، قَالُوا: ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ ذِي الْجَوْشَنِ، رَجُلٍ مِنَ الضِّبَابِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ أَنْ فَرَغَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ بِابْنِ فَرَسٍ لِي يُقَالُ لَهَا: الْقَرْحَاءُ، فَقُلْتُ:

حضرت ذی الجوشن قبیلہ ضباب کے ایک آدمی سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' بدر کی جنگ سے فارغ ہونے کے بعد اپنے گھوڑے کے بچے کو لے کر جو میرے پاس تھا' اس کو قرحاء کہا جاتا تھا' میں نے عرض کی: اے محمد! میں اپنے گھوڑے کے بیٹے قرحاء کے ساتھ آپ ﷺ کے پاس آیا ہوں' تاکہ آپ اس کو لے لیں۔ آپ نے فرمایا: مجھے اس کی ابھی ضرورت نہیں ہے' اگر تو چاہتا ہے کہ تیرے متعلق بدر کی زرہوں کا فیصلہ کروں تو وہ کرتا ہوں' میں نے عرض کی: میں آج اس کے

---

7066- ورواه أحمد جلد 3صفحه484' جلد 4صفحه67-68' ورواه ابن أبي شيبة في المصند جلد 14صفحه375-376' وعنده ولعوا بلك وابن سعد في الطبقات جلد 6صفحه46-47' وأبو داؤد رقم الحديث: 2769' ومن طريقه البيهقي في السنن الكبرى جلد9صفحه108-109 . نقل صاحب عون المعبود عن الشرح: والحديث لا يثبت' فانه دائرين الانقطاع أو رواية من لا يعتمد على روايته .

يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي جِئْتُكَ بِابْنِ الْقَرْحَاءِ لِتَتَّخِذَهُ، قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ أَقْضِيَكَ بِهِ الْمُخْتَارَةَ مِنْ دُرُوعِ بَدْرٍ فَعَلْتُ ' قُلْتُ: مَا كُنْتُ لِأَقْضِيَهُ الْيَوْمَ بِغَيْرِهِ قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ ' ثُمَّ قَالَ: يَا ذَا الْجَوْشَنِ، أَلَا تُسْلِمُ، فَتَكُونَ مِنْ أَوَّلِ هَذَا الْأَمْرِ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: لِمَ؟ قُلْتُ: رَأَيْتُ قَوْمَكَ لَغِبُوا بِكَ -قَالَ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ فِي حَدِيثِهِ: لَعِبُوا بِكَ -قَالَ: فَكَيْفَ بَلَغَكَ عَنْ مَصَارِعِهِمْ بِبَدْرٍ؟ قُلْتُ: قَدْ بَلَغَنِي قَالَ: عَقْدٌ بِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، أَنْ تَغْلِبَ عَلَى الْكَعْبَةِ وَتَقْطُنَهَا، قَالَ: لَعَلَّكَ إِنْ عِشْتَ أَنْ تَرَى ذَلِكَ قَالَ: يَا بِلَالُ وَخُذْ حَقِيبَةَ الرَّجُلِ، فَزَوِّدْهُ مِنَ الْعَجْوَةِ، فَلَمَّا أَدْبَرْتُ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ مِنْ خَيْرِ فُرْسَانِ بَنِي عَامِرٍ قَالَ: فَوَاللَّهِ إِنِّي بِأَهْلِي بِالْغَوْرِ ' إِذْ أَقْبَلَ رَاكِبٌ، فَقُلْتُ: مِنْ أَيْنَ؟ قَالَ: مِنْ مَكَّةَ قُلْتُ: مَا فَعَلَ النَّاسُ؟ قَالَ: وَاللَّهِ لَقَدْ غَلَبَ عَلَيْهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَطَنَهَا، قُلْتُ: هَبِلَتْنِي أُمِّي، فَوَاللَّهِ لَوْ أُسْلِمُ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ أَسْأَلُهُ الْحِيرَةَ لَأَقْطَعَنِيهَا قَالَ أَبُو مُسْلِمٍ: قَالَ مُسَدَّدٌ: بَلَغَنِي عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ: اسْمُهُ شُرَحْبِيلُ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ ذَا الْجَوْشَنِ، لِأَنَّهُ كَانَ نَاتِءَ الصَّدْرِ

بغیر کوئی فیصلہ نہیں کروانا چاہتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے' پھر فرمایا: اے ذی جوشن! کیا تُو اسلام نہیں لائے گا۔ پس اس معاملے میں سب سے پہلا ہوگا؟ میں نے کہا: جی نہیں! فرمایا: کیوں؟ میں نے کہا: میں نے آپ کی قوم کو دیکھا ہے۔ آپ نے ان کو خوب تھکایا ہے۔ حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ نے اپنی روایت میں کہا: ''لَعِبُوا'' (کھیلے ہیں) ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بدر کے مقام پر ان کی قتل گاہوں کے بارے تمہیں کیسے خبر ملی ہے؟ میں نے کہا: مجھے خبر مل گئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے ساتھ کوئی وعدہ ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں کہ آپ کعبہ پر غالب آ کر اسے آباد کریں۔ فرمایا: ممکن ہے اگر تُو زندہ رہا تو اسے دیکھے گا۔ فرمایا: اے بلال! اس آدمی کا تھیلا پکڑ کر اس میں عجوہ کھجوریں بھر دے۔ پس جب میں واپس ہوا تو فرمایا: یہ آدمی بنو عامر کے بہترین شاہسواروں سے ہے۔ راوی کا بیان ہے: قسم بخدا! غور کے مقام پر میں اپنے گھر والوں کے ساتھ تھا' جب ایک اونٹ سوار آیا' میں نے کہا: کہاں سے آیا ہے؟ کہا: مکہ سے۔ میں نے کہا: لوگوں نے کیا کیا؟ اس نے کہا: قسم ہے حضرت محمد ﷺ مکہ پر غالب آ گئے ہیں اور اسے (سجدوں سے) آباد کر دیا۔ میں نے کہا: (کاش) میری ماں نے مجھے نہ جنا ہوتا' قسم بخدا! (کتنا ہی اچھا تھا) اس دن اگر میں مسلمان ہو گیا ہوتا' پھر میں نے اس سوار سے حیرہ کے بارے سوال کیا' جسے عبور کر کے وہ میرے پاس آیا۔ حضرت ابومسلم کہتے ہیں: مسدد نے کہا: مجھے ابن مبارک سے حدیث پہنچی ہے'

فرماتے ہیں: ان کا اصل نام شرحبیل ہے ابن کوذی جوشن کہا جاتا ہے کیونکہ ان کا سینہ اُبھرا ہوا تھا۔

## مَنِ اسْمُهُ شَرَاحِيلُ

## شَرَاحِيلُ بْنُ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيُّ

**7067** - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْوَادِعِيُّ الْقَاضِي، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ الْأَسَدِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ حُجَيَّةَ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ شَرَاحِيلَ بْنَ مُرَّةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَبْشِرْ يَا عَلِيُّ، حَيَاتُكَ وَمَوْتُكَ مَعِي

## جن کا نام شراحیل ہے

## حضرت شراحیل بن مرہ ہمدانی رضی اللہ عنہ

حضرت حجر بن عدی فرماتے ہیں کہ میں نے شراحیل بن مرہ کو فرماتے ہوئے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: اے علی! آپ کے لیے خوشخبری ہو! آپ کی زندگی اور موت میرے ساتھ ہے۔

## مَنِ اسْمُهُ شَرِيكُ

## شَرِيكُ بْنُ طَارِقِ بْنِ سُفْيَانَ أَحَدُ بَنِي ثَعْلَبَةَ

## جن کا نام شریک ہے

## شریک بن طارق بن سفیان' احد بنی ثعلبہ بن ذبیان



7067- قال في المجمع جلد9صفحه112' واسناده حسن. قلت: كيف يكون اسناده حسناً وفي اسناده حجر بن عدى قال الذهبي: لا يعرف' وأبو البختري فيه تشيع' وأبو اسحاق السبيعي اختلط' وقيس بن الربيع قال الحافظ في تخريج أحاديث المختصر صفحه 226 تغير ولم يتميز حديثه وقال التقريب: صدوق تغير لما كبر أدخل عليه ابنه ما ليس من حديثه فحدث به' وعبادة متكلم فيه ورمي بالتشيع.

## بْنِ ذُبْيَانَ بْنِ نُغَيْضِ بْنِ رَيْثِ بْنِ غَطَفَانَ

## بن نغیض بن ریث بن غطفان

**7068** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ أَحَدٌ مِنكُمْ بِعَمَلٍ، قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ وَفَضْلٍ

حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے جنت میں داخل نہیں ہوگا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں لیکن مجھے اللہ عزوجل نے اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ لیا ہے۔

**7069** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَحَدٌ بِعَمَلٍ قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ وَفَضْلٍ

حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے جنت میں داخل نہیں ہوگا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں لیکن مجھے اللہ عزوجل نے اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ لیا ہے۔

**7070** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَحَدٌ مِنكُمْ بِعَمَلٍ، قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا

حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے جنت میں داخل نہیں ہوگا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں لیکن مجھے اللہ عزوجل نے اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ



---

7068- قال فی المجمع جلد10صفحہ357 رواہ الطبرانی بأسانید ورجال أحدها رجال الصحیح . ورواہ البخاری فی التاریخ الکبیر (239/2/2)' وابن حبان فی الثقات جلد3صفحہ188-189 .

رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ

لیا ہے۔

**7071** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِيُّ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ يُدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ، قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ

حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے جنت میں داخل نہیں ہوگا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں لیکن مجھے اللہ عزوجل نے اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ لیا ہے۔

**7072** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا لَهُ شَيْطَانٌ' قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ' فَأَسْلَمَ

حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے ساتھ شیطان ہوتا ہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی؟ آپ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی ہے مگر یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے میری اس کے خلاف مدد فرمائی ہے اور وہ مسلمان ہوگیا ہے۔

**7073** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِيُّ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَلَهُ شَيْطَانٌ' قَالُوا: وَلَكَ؟ قَالَ: وَلِي، إِلَّا أَنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ

حضرت شریک بن طارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے ساتھ شیطان ہوتا ہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی؟ آپ نے فرمایا: میرے ساتھ بھی ہے مگر یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے میری اس کے خلاف مدد فرمائی ہے اور وہ مسلمان ہوگیا ہے۔



---

7072- قال في المجمع جلد 8 صفحه 225 رواه الطبراني والبزار (258 زوائد البزار للحافظ ابن حجر)' ورجال البزار رجال الصحيح . ورواه البخاري في التاريخ الكبير (239/2/2)' وابن حبان في صحيحه رقم الحديث: 2101 .

## شَرِيكُ بْنُ حَنبَلٍ شَرِيكٌ رَجُلٌ مِنَ الصَّحَابَةِ غَيْرُ مَنْسُوب

7074 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمَهْرَقَانِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ يَعْقُوبَ الْقُمِّيِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ شَرِيكٍ، رَجُلٍ مِنَ الصَّحَابَةِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ زَنَى خَرَجَ مِنْهُ الْإِيمَانُ، وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ غَيْرَ مُكْرَهٍ، وَلَا مُضْطَرٍّ خَرَجَ مِنْهُ الْإِيمَانُ، وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً يَسْتَشْرِفُ فِيهَا النَّاسَ خَرَجَ مِنْهُ الْإِيمَانُ، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

## حضرت شریک بن حنبل شریک صحابہ میں سے ایک آدمی ہے' اس کا نسب معلوم نہیں ہے

حضرت شریک صحابہ میں سے ایک آدمی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو زنا کرتا ہے اس سے ایمان نکل جاتا ہے' جو شراب بغیر مجبوری اور تنگی کے پیتا ہے اس سے بھی ایمان نکل جاتا ہے' جو لوگوں کو لوٹتا ہے اس سے بھی ایمان نکل جاتا ہے' اگر توبہ کرے گا تو اللہ توبہ قبول کرے گا۔

## شَكَلُ بْنُ حُمَيْدٍ الْعَبْسِيُّ

7075 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

## حضرت شکل بن حمید عبسی رضی اللہ عنہ

حضرت شکل بن حمید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں



---

7074- قال في المجمع جلد1صفحه101' وفيه جماعة لم أعرفهم . وعنده عن شريك عن رجل من الصحابة' وكذا هو في الفتح جلد 12صفحه61' وقال: اسناده جيد' وما ذكره في الاصابة جلد3صفحه349 موافق لما هذا الا أنه عنده هناك عن يعقوب القمي عن عيسى بن جارية وقال: رجاله ثقات . وقال في رواية ابن شاهين وابن قانع زيادة عنبسة الرازي . قلت: هو عند المصنف كذلك .

آپ ہمیں مسلسل بیان کرتے رہے' آپ نے فرمایا: مغرب کی جانب ایک دروازہ ہے' اس کی مسافت ستر سال چلنے جتنی ہے' اللہ عزوجل نے وہ توبہ کے لیے کھولا ہوا ہے' جب سے زمین و آسمان بنے ہیں' وہ بند نہیں ہوگا یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو۔



7210 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَمَرَنَا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَأَمَّا مِنْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ فَلَا

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے' آپ ہمیں حکم دیتے کہ ہم موزوں پر تین دن و رات مسح کریں اور بول و براز کی وجہ سے نہ اُتاریں۔

حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ، وجَعْفَرٌ الْقَلَانِسِيُّ، قَالَا: ثنا آدَمُ، ح وحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

7211 - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ قَالَ: جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح کی مدت مسافر کے لیے تین دن و رات مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن و رات مقرر کی۔

7212 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِينَا إِذَا سَافَرْنَا أَوْ كُنَّا سَفَرًا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ بَوْلٍ وَنَوْمٍ وغائطٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں وصیت کرتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو ہم تین دن و رات موزوں کو نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل فرض ہونے کے۔

7213 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، وَقَدْ حَكَّ فِي صَدْرِي مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ قَدْ حَكَّ فِي صَدْرِي مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ شَيْءٌ قَالَ: نَعَمْ، أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ لَا نَنْزِعَ أَوْ نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ مِنْ غَائِطٍ، وَلَا بَوْلٍ، وَلَا نَوْمٍ إِلَّا الْجَنَابَةَ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات تھی' میں نے عرض کی: میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق کوئی بات ہے' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزوں کو تین دن و رات نہ اُتاریں بول و براز کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

7214 - وَإِنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يُنَادِيهِ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٌّ، أَيَا مُحَمَّدُ، أَيَا مُحَمَّدُ .فَقُلْنَا لَهُ: وَيْحَكَ اخْفِضْ -أَوِ اغْضُضْ- مِنْ صَوْتِكَ، فَإِنَّكَ قَدْ نُهِيتَ مِنْ هَذَا، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ حَتَّى أُسْمِعَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَاؤُمُ .قَالَ: أَرَأَيْتَ

دیہات سے ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' وہ بلند آواز سے آپ کو پکارنے لگا: اے محمد! اے محمد! اے محمد! ہم نے اسے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو! اپنی آواز آہستہ کر! آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا گیا ہے' اس نے کہا: اللہ کی قسم! نہیں! (میں اس لیے آواز بلند کر رہا ہوں) یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کو سناؤں' پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آجاؤ! اس نے عرض

رَجُلًا أَحَبَّ قَوْمًا، وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: ذَلِكَ مَعَ مَنْ أَحَبَّ، الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

کی: آپ بتائیں کہ کوئی آدمی کسی گروہ سے محبت کرتا ہے اور اس سے ملاقات نہیں ہوئی؟ آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہوگا اُسی کے ساتھ اس کا انجام ہوگا۔

**7215** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ: أَلَا أُبَشِّرُكَ؟ فَقُلْتُ: بَلَى .فَرَفَعَ الْحَدِيثَ قَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَطْلُبُ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا تھا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' آپ نے فرمایا: کیا میں آپ کو خوشخبری نہ دوں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے حدیث سنائی' فرمایا کہ آپ نے فرمایا: فرشتے طالب علم کی رضا حاصل کرنے کے لیے پَر بچھاتے ہیں' اس کے وسیلے جو وہ تلاش کر رہا ہوتا ہے۔

**7216** - ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَمْسَحُ الْمُسَافِرُ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ مِنْ: بَوْلٍ، أَوْ غَائِطٍ، أَوْ نَوْمٍ، لَا مِنْ جَنَابَةٍ

پھر میں نے آپ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسافر تین دن و رات مسح کرے گا اور مقیم ایک دن و رات مسح کرے گا بول و براز کی وجہ سے نہیں اُتارے گا' ہاں اگر غسل فرض ہو جائے تو اُتارے گا۔

**7217** - ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا، فَقَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، إِذْ نَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ .فَقُلْتُ: اخْفِضْ مِنْ صَوْتِكَ، فَإِنَّكَ نُهِيتَ أَنْ تَرْفَعَ صَوْتَكَ، فَأَجَابَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَحْوٍ مِمَّا سَمِعَ مِنْهُ فَقَالَ: هَاؤُمْ .ثُمَّ سَأَلَهُ عَنِ

دیہات سے ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' وہ بلند آواز سے آپ کو پکارنے لگا: اے محمد! اے محمد! اے محمد! ہم نے اسے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو! اپنی آواز آہستہ کر! آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا گیا ہے' تو نبی کریم ﷺ نے اسے اس کے مطابق جواب دیا' جو اس سے سنا' پس فرمایا: آؤ! پھر اس نے محبت کے بارے سوال کیا' اس نے عرض کی: آپ

الْهَوَى، عَنِ الْمَرْءِ يُحِبُّ الْقَوْمَ لَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

بتائیں کہ کوئی آدمی کسی جماعت سے محبت کرتا ہے اور اس سے ملاقات نہیں ہوئی؟ آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہوگا اُسی کے ساتھ اس کا انجام ہوگا۔

**7218** - ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا، فَقَالَ: بَابُ التَّوْبَةِ مَفْتُوحٌ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ، وَعَرْضُهُ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ عَامًا، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ ثُمَّ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ) (الأنعام: 158) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

پھر ہمیں حدیث بیان کرنے لگے فرمایا: توبہ کا دروازہ مغرب کی جانب کھلا ہوا ہے اس کی چوڑائی ستر سال کی مسافت جتنی ہے وہ سورج کے مغرب کی جانب سے طلوع ہونے تک کھلا رہے گا' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''کیا وہ انتظار میں ہیں کہ فرشتے ان کے پاس آئیں''۔



**7219** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا أَصْلَعُ؟ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ: لَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَصْنَعُ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ حَاكَ -أَوْ حَالَ- فِي نَفْسِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ كُنَّا إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَوْ مُسَافِرِينَ أَمَرَنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثًا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لَكِنْ مِنْ: غَائِطٍ، وَبَوْلٍ، وَنَوْمٍ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے اصلع! آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' آپ نے فرمایا: مجھے معلوم ہے کہ فرشتے علم حاصل کرنے والے کے پاؤں کے نیچے اپنے پَر بچھاتے ہیں اس کام کی وجہ سے جو وہ کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات ہے' کیا آپ کو رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے اس کے متعلق کوئی بات یاد ہے؟ حضرت صفوان نے فرمایا: جی ہاں! آپ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو تین دن و رات موزے نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

**7220** - قُلْتُ: فَهَلْ حَفِظْتَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهَوَى

میں نے عرض کی: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے محبت کے متعلق کوئی بات سنی ہے؟ فرمایا: جی ہاں! ہم

شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ كَذَا وَكَذَا، فَنَادَاهُ رَجُلٌ فِي أُخْرَيَاتِ الْقَوْمِ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ أَعْرَابِيٌّ، جِلْفٌ جَافٍ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَهْ، فَإِنَّكَ قَدْ نُهِيتَ عَنْ هَذَا، فَأَجَابَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ، فَقَالَ: هَاؤُمُ . قَالَ: الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ . قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضورﷺ کے ساتھ تھے کہ اس اس طرح کے ایک آدمی نے لوگوں کے آخر میں بلند آواز میں پکارا' اس نے کہا: اے محمد! اے محمد! لوگوں نے یہ سن کر آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا' رسول اللہﷺ نے بھی اسے بلند آواز میں جواب دیا' آپ نے فرمایا: کیا مسئلہ ہے؟ اس نے عرض کی: ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن سے ملاقات نہیں ہوئی' آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہے اُسی کے ساتھ ہوگا۔

**7221** - قَالَ فَمَا بَرِحَ يُحَدِّثُنِي حَتَّى حَدَّثَنِي: أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا مَسِيرَةُ عَرْضِهِ سَبْعُونَ عَامًا لِلتَّوْبَةِ، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ، وَذَلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ، أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا) (الأنعام: 158)

آپ نے فرمایا: توبہ کا دروازہ کھلا ہے' جس کی مسافت ستر سال جتنی ہے' وہ سورج مغرب کی طرف سے طلوع ہونے تک بند نہیں ہوگا' اللہ عزوجل کا ارشاد: ''جس دن آپ کے رب کی (قیامت کی) کچھ نشانیاں آئیں گی' اس شخص کو اس کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا' جو پہلے ایمان نہیں لایا تھا' یا اس نے اپنے ایمان میں (خلوص نام کی) بھلائی نہ کمائی۔

**7222** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: وَفَدْتُ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَإِنَّمَا حَمَلَنِي عَلَى الْوِفَادَةِ لُقِيُّ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَقِيتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقُلْتُ: لَقِيتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَغَزَوْتُ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلافت کے دوران ایک وفد میں آیا' مجھے حضورﷺ کے اصحاب سے ملنے کی خواہش تھی' میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے عرض کی: آپ کی حضورﷺ سے ملاقات ہے؟ حضرت صفوان نے فرمایا: جی ہاں! میں نے آپ کے ساتھ بارہ غزوات کیے۔ میں نے کہا: مجھے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بتائیں' حضرت صفوان نے فرمایا: حضورﷺ ہمیں

مَعَهُ ثِنْتَيْ عَشَرَ غَزْوَةً . فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَأْمُرُنَا: إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ نَمْسَحَ عَلَى خِفَافِنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ مِنْ: بَوْلٍ، أَوْ غَائِطٍ، أَوْ نَوْمٍ، فَأَمَّا مِنْ جَنَابَةٍ فَلَا

حکم دیتے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزوں پر مسح کریں حالتِ سفر میں تین دن ورات اور حالت اقامت میں ایک دن و رات اور بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہ اُتاریں سوائے غسل جنابت کے۔

**7223** - قَالَ: وَبَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، وَذَكَرَ بَابًا مِنْ قِبَلِ مَغْرِبِ الشَّمْسِ مَسِيرَةُ عَرْضِهِ سَبْعِينَ عَامًا مَفْتُوحٌ لِلتَّوْبَةِ، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ قَالَ، وَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيهِ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، فَأَجَابَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

اور فرمایا: ہم ایک رات حضورﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے مغرب کی جانب ایک دروازہ کا ذکر کیا جس کی چوڑائی ستر سال کی مسافت جتنی ہے' وہ توبہ کے لیے کھلا ہوا ہے' وہ مغرب کی جانب سورج طلوع ہونے تک بند نہیں ہو گا' ایک آدمی رسول اللہﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے آپ کو بلند آواز سے پکارا' عرض کی: اے محمد! آپ بتائیں کہ کوئی آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن ان سے ملاقات نہیں کی؟ حضورﷺ نے اس کی آواز کی طرح جواب دیا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہو گا۔

**7224** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَمَرَنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثًا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ، أَوْ نَوْمٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو تین دن وراتیں موزے نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔



---

7224- ورواه الترمذی رقم الحدیث: 96 .

**7225** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح تین دن وراتیں کرے گا اور مقیم ایک دن ورات۔

**7226** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسَافِرِ إِذَا أَدْخَلَ رِجْلَيْهِ، وَهُمَا طَاهِرَتَانِ أَنْ يَمْسَحَ عَلَيْهِمَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَلَا يَنْزِعُهُمَا مِنْ غَائِطٍ، وَلَا بَوْلٍ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسافر جب باوضو ہو کر دونوں پاؤں میں حالتِ سفر میں موزے پہنے گا تو تین دن و رات مسح کرے گا اور بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہیں اُتارے گا سوائے غسل جنابت کے۔

**7227** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ زِرٌّ: أَتَيْتُهُ فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ مِنَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَطْلُبُ الْعِلْمَ إِلَّا تَضَعُ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَفْعَلُ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّكَ امْرُؤٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ حَكَّ فِي صَدْرِي شَيْءٌ مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ،

حضرت زر فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی بھی آدمی علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کے پاؤں کے نیچے پَر بچھاتے ہیں' اس کی وجہ سے جو وہ کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: آپ رسول کریم ﷺ کے صحابی ہیں' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی ہے' پاخانہ اور پیشاب کرنے کے بعد مجھے اس کے متعلق بتائیں اگر آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ

فَأَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ إِنْ كُنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ نَمْسَحَ عَلَى خِفَافِنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، وَأَنْ لَا نَخْلَعَهُمَا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ، أَوْ نَوْمٍ

نے فرمایا: حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم حالتِ سفر میں ہوں تو تین دن ورات نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

**7228** - فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ سَمِعْتَهُ يَقُولُ فِي الْهَوَى شَيْئًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ -أَوْ عَمْرَةٍ- فَإِذَا أَعْرَابِيٌّ قَدْ أَقْبَلَ عَلَى رَاحِلَتِهِ حَتَّى إِذَا كَانَ فِي أُخْرَيَاتِ الْقَوْمِ جَعَلَ يُنَادِي بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ. فَقِيلَ: وَيْلَكَ، اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ، فَإِنَّكَ أُمِرْتَ بِذَلِكَ قَالَ: وَاللّٰهِ، لَا أَفْعَلُ حَتَّى أُسْمِعَهُ، وَإِذَا هُوَ أَعْرَابِيٌّ جَافٌّ جِلْفٌ، فَلَمَّا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ قَالَ: هَاؤُمُ. قَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا أَحَبَّ قَوْمًا، وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، فَقَالَ: ذَاكَ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

میں نے عرض کی: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے محبت کے متعلق کوئی بات سنی ہے؟ فرمایا: جی ہاں! ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے کہ اس اس طرح کا ایک آدمی لوگوں کے آخر میں بلند آواز میں پکارا' اس نے کہا: اے محمد! اے محمد! لوگوں نے یہ سن کر آپ کی بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا' رسول اللہ ﷺ نے بھی اسے بلند آواز میں جواب دیا' آپ نے فرمایا: کیا مسئلہ ہے؟ اس نے عرض کی: ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن سے ملاقات نہیں ہوئی' آپ نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہے اُسی کے ساتھ ہوگا۔

**7229** - فَلَمْ يَبْرَحْ يُحَدِّثُنَا حَتَّى حَدَّثَنِي أَنَّ قِبَلَ الْمَغْرِبِ بَابًا مَفْتُوحًا لِلتَّوْبَةِ، مَسِيرَةُ عَرْضِهِ سَبْعِينَ سَنَةً، لَا يَزَالُ مَفْتُوحًا حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ نَحْوِهِ، فَإِذَا طَلَعَتْ مِنْ نَحْوِهِ، فَذَاكَ حِينَ (لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ، أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا

آپ ہم کو مسلسل حدیث بیان کرتے رہے کہ مغرب کی جانب توبہ کے لیے دروازہ کھلا ہوا ہے جس کی چوڑائی ستر سال چلنے کی مقدار ہے' وہ سورج کے مغرب کی جانب سے طلوع ہونے تک کھلا ہوا ہے' جب سورج مغرب کی جانب سے طلوع ہوگا' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''کسی جان کو ایمان لانا کام نہ دے گا جو پہلے ایمان نہ لائی تھی یا اپنے

خَيْرًا) (الأنعام: 158)

ایمان میں کوئی بھلائی نہ کمائی تھی''۔

**7230** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، فَقَالَ لِي: مَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَطْلُبُ الْعِلْمَ .قَالَ: مَا خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَيْتِهِ يَلْتَمِسُ عِلْمًا إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَفْعَلُ .قُلْتُ لَهُ: كُنْتَ امْرَأً مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، وَلَكِنَّهُ حَدَثَ فِي نَفْسِي مَسْحٌ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ نَوْمٍ، أَوْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ

حضرت زر فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی بھی آدمی علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کے پاؤں کے نیچے پَر بچھاتے ہیں' اس کی وجہ سے جو وہ کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: آپ صحابیٔ رسول ﷺ ہیں' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم حالتِ سفر میں ہوتے تھے یا سفر کرنے والے' (فرمایا:) تین دن و رات نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

**7231** - وَأَخْبَرَنِي أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَنَادَاهُ مِنْ أُخْرَيَاتِ النَّاسِ بِصَوْتٍ جَهْوَرِيٍّ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَأَجَابَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ نَحْوًا مِنْ كَلَامِهِ: هَاؤُمُ فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا يُحِبُّ قَوْمًا، وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

اور مجھے بتایا کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کے پاس آیا' اُس نے لوگوں کے پیچھے سے آپ کو بلند آواز سے پکارا' عرض کی: اے محمد! آپ نے اس کی طرح اسے جواب دیا' اُس نے عرض کی: آپ بتائیں کہ کوئی آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن سے ملاقات نہ ہو سکی' آپ نے فرمایا: آدمی جس کے ساتھ محبت کرتا ہوگا' اُسی کے ساتھ ہو گا۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ أَبُو دَاوُدَ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

الْحَرَّانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

**7232** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِنَّائِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قُلْتُ: جِئْتُ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ .قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَطْلُبُ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ .قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا، وَكُنَّا نَمْسَحُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَالْمُقِيمُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت زر بن حبیش سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اُنہوں نے فرمایا: تجھے کون سی چیز لائی ہے؟ میں نے عرض کی: میں علم حاصل کرنے کے لیے آیا ہوں۔ فرمایا: ہم حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ فرشتے طالب علم کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں' اس کے علم حاصل کرنے کے طفیل تا کہ اس کی خوشنودی حاصل کریں' پھر میں نے ان سے مسح علی الخفین کے بارے سوال کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسافر جب باوضو ہو کر دونوں پاؤں میں حالتِ سفر میں موزے پہنے گا تو تین دن و رات مسح کرے گا اور بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہیں اُتارے گا سوائے غسل جنابت کے۔

**7233** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلَائِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقُمْتُ عَلَى بَابِهِ، فَخَرَجَ إِلَيَّ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: إِنَّكَ امْرُؤٌ قَدْ صَحِبْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ حَاكَ فِي صَدْرِي

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں آپ کے دروازہ پر کھڑا ہو گیا' آپ میرے پاس آئے' آپ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: آپ صحابیِ رسول ہیں' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی کہ پاخانہ اور پیشاب کرنے کے بعد' کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کوئی بات سنی ہے؟ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضور ﷺ

الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ، وَالْبَوْلِ، فَهَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَذْكُرُ فِي ذَلِكَ شَيْئًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا مُسَافِرِينَ، أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ، أَوْ بَوْلٍ، أَوْ نَوْمٍ

ہمیں حکم دیتے کہ جب ہم حالتِ سفر میں ہوں تو تین دن تک موزے نہ اُتاریں بول و براز اور نیند کے بعد۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، وَخَلَّادٌ الصَّفَّارُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ مِثْلَهُ

حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہٗ حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

7234 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَوَابٍ الْحُصْرِيُّ، ثنا الْحُرُّ بْنُ مَالِكٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، يُقَالُ لَهُ صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: جِئْتُ أَطْلُبُ الْعِلْمَ. قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ أَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَفْعَلُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي مَسِيرٍ، فَنَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ، قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ لَهُ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی کے پاس آیا' اس کا نام صفوان بن عسال ہے' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں نہ بتاؤں کہ فرشتے طالب علم کی رضا حاصل کرنے کے لیے پَر بچھاتے ہیں جو وہ کرتا ہے' ہم نے دیکھا ہے کہ حضور ﷺ کے پاس ایک سفر میں ایک دیہاتی نے بلند آواز سے پکارا: اے محمد! تو حضور ﷺ نے اسی طرح بلند آواز سے جواب دیا جس طرح اُس نے پکارا تھا' اس نے عرض کی: آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن جیسے اعمال نہیں کر سکتا ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: آؤ! آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: هَاؤُمْ .فَقَالَ: الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمْ يَعْمَلْ مِنْ عَمَلِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

**7235** - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْبُرْجُلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي الْأَشْهَبِ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يُوصِينَا إِذَا سَافَرْنَا، أَوْ كُنَّا سَفَرًا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ نَوْمٍ وَبَوْلٍ وغائطٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں وصیت کرتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزے تین دن وراتیں نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

**7236** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ح وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ أَبُو سَلَمَةَ الْجُوبَارِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ كَثِيرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أَسْأَلُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جِئْتُ أَسْأَلُكَ عَنِ الْعِلْمِ، قَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَطْلُبُ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھنے کے لیے آئے' میں نے عرض کی: میں آپ سے علم حاصل کرنے کے لیے آیا ہوں' آپ نے فرمایا: فرشتے طالب علم کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں' جو وہ کرتا ہے۔

**7237** - وَعَنْ أَيِّ الْعِلْمِ تَسْأَلُ؟ قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ .قَالَ: نَعَمْ، يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ، وَثَلَاثٌ لِلْمُسَافِرِ مِنْ غَائِطٍ أَوْ بَوْلٍ، ثُمَّ أَحْدَثْ وُضُوءً

کسی شی کا علم حاصل کرنے کے لیے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! موزوں پر مسح کرنے کے متعلق' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! مقیم ایک دن ورات مسح کرے گا اور مسافر تین دن ورات کرے گا' بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہ اُتارے سوائے غسل جنابت کے۔

عاصم بن ابی النجود عن زر

**7238** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا كُنَّا فِي سَفَرٍ أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ مِنْ بَوْلٍ، وَلَا نَوْمٍ، وَلَا غَائِطٍ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں وصیت کرتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزے تین دن وراتیں نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

**7239** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا سَلَمَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْعَوْصِيُّ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْهَمْدَانِيِّ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَأْمُرُنَا إِذَا سَافَرْنَا أَنْ لَا نَنْزِعَ الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهَا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، يَأْمُرُنَا بِالْمَسْحِ عَلَيْهَا مِنَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وَالنَّوْمِ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں وصیت کرتے تھے کہ جب ہم سفر میں ہوں تو موزے تین دن وراتیں نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

**7240** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: سَأَلْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ عَنِ الْمَسْحِ؟ فَقَالَ: كُنَّا إِذَا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحْنَا عَلَيْهِمَا ثَلَاثًا فِي السَّفَرِ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ

صفوان رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: ہم حضورﷺ کے ساتھ حالت سفر میں ہوتے تھے تو تین دن ورات مسح کرتے اور بول و براز اور نیند کی وجہ سے نہیں اُتارتے تھے سوائے غسل جنابت کے۔

7241 - حَدَّثَنَا وِرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِي شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، حَدَّثَنِي زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ، قَالَ: حَكَّ فِي صَدْرِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ .فَأَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ .قُلْتُ: أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ كُنْتَ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَانَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَوْ مُسَافِرِينَ أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَامَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ بَوْلٍ، أَوْ غَائِطٍ، أَوْ نَوْمٍ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میرے دل میں بول و براز کے بعد موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی تو میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے اس کا ذکر کیا' میں نے عرض کی: مجھے اس کے متعلق کچھ بتائیں! اگر آپ نے رسول اللہﷺ کے اس کے متعلق سنا ہے؟ آپ نے فرمایا: حضورﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم حالتِ سفر میں ہوں تو تین دن و رات نہ اُتاریں' بول و براز اور نیند کی وجہ سے سوائے غسل جنابت کے۔

7242 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ:

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح تین دن وراتیں کرے گا اور مقیم ایک دن ورات۔

ثَلاثَةُ أَيَّامٍ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ

**7243** - حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا أَبُو الشَّعْثَاءِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قُلْتُ: أَطْلُبُ الْعِلْمَ . قَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَبْسُطُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَطْلُبُ، وَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كُنَّا نَمْسَحُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ میرے پاس آئے' آپ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنا چاہتا ہوں' فرمایا: بے شک فرشتے طالبِ علم کی خوشنودی کیلئے اپنے پَر بچھاتے ہیں' اس کی وجہ سے جو وہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ میں نے ان سے موزوں پر مسح کے بارے سوال کیا۔ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ کے زمانے میں جب ہم حالتِ سفر میں ہوتے تو تین دن تک موزے نہ اُتاریں بول و براز اور نیند کے بعد۔

**7244** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ عُمَرُ بْنُ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: موزوں پر مسح کرنے کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسافر کیلئے تین دن اور رات اور مقیم کے لیے ایک دن و رات ہے۔

**7245** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، ثنا حَجَّاجٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِي الْمَسْحِ: لِلْمُسَافِرِ عَلَى

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: موزوں پر مسح کرنے کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسافر کیلئے تین دن اور رات موزے نہ اُتارو اور مقیم کے لیے ایک دن و رات ہے۔

الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

**7246** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ نا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِي جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: غَدَوْتُ إِلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، أَسْأَلُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَمْسَحَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ فِي السَّفَرِ، وَيَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: موزوں پر مسح کرنے کے متعلق آپ کیا کہتے ہیں؟ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ ہمیں حکم فرمایا کرتے تھے کہ جب تم حالتِ سفر میں ہو تو تین دن اور رات موزے نہ اُتارو اور مقیم کے لیے ایک دن و رات ہے۔

**7247** - وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَدَا فِي طَلَبِ الْعِلْمِ، وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کے پاؤں کے نیچے اپنے پَر بچھاتے ہیں۔

**7248** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ الطَّرَائِفِيُّ الرَّقِّيُّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ بَدْرٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا، فَأَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا: إِنَّ لِلتَّوْبَةِ بَابًا عَرْضُ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْهِ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ،

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم سے بیان کرنا شروع کر دیا: بیشک توبہ کا ایک دروازہ ہے' اس کے دو کواڑوں کے درمیان کا فاصلہ' مشرق و مغرب کے درمیان جتنا ہے' وہ بند نہیں کیا جائے گا یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے' پھر رسول کریم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''یوم یاتی بعض آیات الٰی آخرہ''۔

أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا) (الأنعام: 158)

7249 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: قُلْتُ لِصَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ: إِنَّهُ قَدْ حَاكَ فِي صَدْرِي مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ شَيْءٌ .فَهَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِيهِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كَانَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفَرًا، أَنْ لَا نَنْزِعَ الْخِفَافَ ثَلَاثًا إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ نَوْمٍ وغائطٍ وَبَوْلٍ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں آپ کے دروازہ پر کھڑا ہو گیا' آپ میرے پاس آئے' آپ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: آپ صحابیٔ رسول ہیں' میرے دل میں موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات آئی کہ پاخانہ اور پیشاب کرنے کے بعد' کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کوئی بات سنی ہے؟ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے کہ جب ہم حالتِ سفر میں ہوں تو تین دن تک موزے نہ اُتاریں بول و براز اور نیند کے بعد۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ مِثْلَهُ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

7250 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ الْكَيْسَانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ: كُنَّا إِذَا كُنَّا سَفَرًا أَوْ مُسَافِرِينَ، لَمْ نَنْزِعْ خِفَافَنَا ثَلَاثًا

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حکم دیا گیا کہ جب ہم سفر میں ہوں تو تین دن موزوں کو نہ اُتاریں۔

7251 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ الْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَالْمُقِيمُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

کہ حضور ﷺ نے موزوں پر مسح کی مدت مسافر کے لیے تین دن وراتیں اور مقیم کے لیے ایک دن ورات مقرر کی۔

7252 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى أَبُو مُوسَى، ح وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ الْيَحْمُرِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: كُنْتُ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَلَقِيتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ؟ قُلْتُ: طَلَبُ الْعِلْمِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَدَا يَطْلُبُ عِلْمًا كَانَ فِي سَبِيلِ اللهِ حَتَّى يَرْجِعَ، وَالْمَلَائِكَةُ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں لوگوں میں سب سے زیادہ موزوں پر مسح کرنے کے متعلق متردّد تھا' پس میں حضرت صفوان بن عسال سے ملا تو میں نے آپ سے پوچھا' آپ نے فرمایا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے عرض کی: علم حاصل کرنے کے لیے' فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو وہ اللہ کی راہ میں ہوتا ہے اور اس کے لیے فرشتے اپنے پَر بچھاتے ہیں' علم حاصل کرنے کی وجہ سے واپسی تک۔

7253 - قَالَ وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ فَتَحَ بَابًا مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ لِلتَّوْبَةِ، مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْهِ سَبْعِينَ عَامًا لَا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ

اور فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: مغرب کی طرف توبہ کے لیے دروازہ کھلا ہوا ہے' اس کے دونوں پلّوں کی چوڑائی ستر سال چلنے کی مسافت جتنی ہے' وہ سورج کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے تک بند نہیں ہوگا۔

**7254** - قَالَ: قُلْتُ زِدْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي سَفَرٍ، إِذْ نَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ جَهْوَرِيُّ الصَّوْتِ، أَنْ يَا مُحَمَّدُ، قِفْ لِنَسْأَلَكَ ثَلَاثًا فَأَجَابَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ بِنَحْوٍ مِنْ قَوْلِهِ: هَاؤُمْ، فَجَاءَ الْأَعْرَابِيُّ، فَقَالَ: الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَعْمَلْ بِعَمَلِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

میں نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم کرے! میرے لیے اضافہ کریں' فرمایا: ہم ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' ایک دیہاتی نے بلند آواز سے پکارا: اے محمد! ٹھہریئے! تاکہ ہم آپ سے تین سوال کریں۔ حضور ﷺ نے اُسی کی طرح جواب دیا: آؤ! وہ دیہاتی آیا' اُس نے عرض کی: ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن جیسے اعمال نہیں کر سکتا ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اُس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

**7255** - فَمَا فَرِحَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ بِحَدِيثٍ مَا فَرِحُوا بِهِ قُلْتُ: حَدِّثْنِي عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ قَالَ: كُنَّا إِذَا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي سَفَرٍ مَسَحْنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَاللَّفْظُ لِعَلِيِّ بْنِ الْمَدِينِيِّ

حضور ﷺ کے اصحاب یہ بات سن کر جتنے خوش ہوئے' اتنے خوش کبھی نہیں ہوئے تھے' میں نے کہا: مجھے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بتائیں' فرمایا: ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے' ہم حالت سفر میں تین دن و راتیں کرتے رہے اور حالت اقامت میں ایک دن و رات۔ اور یہ الفاظ حضرت علی بن مدینی کے ہیں۔

**7256** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ الْخُوَارِزْمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْنَا صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ، فَقَالَ: أَزَائِرِينَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: مَنْ زَارَ أَخَاهُ الْمُؤْمِنَ خَاضَ فِي رِيَاضِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَرْجِعَ، وَمَنْ عَادَ أَخَاهُ الْمُؤْمِنَ خَاضَ فِي

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ ہم حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: کیا زیارت کے لیے آئے ہیں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے مؤمن بھائی کی ملاقات و زیارت کرے تو وہ جنت کے باغوں میں غوطہ زن ہوتا ہے واپسی تک' جو اپنے مؤمن بھائی کی عیادت کے لیے آتا ہے' وہ جنت کے باغوں میں غوطہ زن ہوتا ہے واپسی تک۔



7256- قال في المجمع جلد2صفحه298' وفيه عبد الأعلى ابن أبي المساور' وهو ضعيف.

رِيَاضِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَرْجِعَ

**7257** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا إِسْحَاقُ الْفَزَارِيُّ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى غُلَامٍ مِنَ الْيَهُودِ، وَهُوَ مَرِيضٌ، فَقَالَ: أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ أَتَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ قُبِضَ، فَوَلِيَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ فَغَسَّلُوهُ، وَدَفَنُوهُ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک یہودی بچہ کے پاس آئے جو بیمار تھا' آپ نے فرمایا: تُو گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تُو گواہی دیتا ہے کہ محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! پھر اس کی روح قبض کر لی گئی۔ حضور ﷺ اور صحابہ کرام نے اسے غسل دیا اور دفن کر دیا گیا۔

**7258** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُعَلَّى الْأَدَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ يَزِيدَ أَبُو يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، قَالَ: قَالَ: إِنَّ لِلَّهِ دِيكًا رَأْسُهُ تَحْتَ الْعَرْشِ، وجَنَاحُهُ فِي الْهَوَاءِ، وَبَرَاثِنُهُ فِي الْأَرْضِ، فَإِذَا كَانَ فِي الْأسحَارِ، وَأَدْبَارِ الصَّلَوَاتِ، خَفَقَ بِجَنَاحِهِ، وَصَفَّقَ بِالتَّسْبِيحِ، فَتَصِيحُ الدِّيَكَةُ تُجِيبُهُ بِالتَّسْبِيحِ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے ہاں عرش کے نیچے ایک مرغ ہے' اس کے دونوں پَر ہوا میں ہیں اور پاؤں زمین میں' جب سحری کا وقت اور فرض نمازوں کا وقت ہوتا ہے تو وہ اپنے پَر ہلاتا ہے تو سبحان اللہ کی آواز آتی ہے' مرغ اس کی تسبیح کی آواز سن کر جواب دیتے ہیں۔



7257- قال فی المجمع جلد2صفحه324 اسناده حسن . قلت: المسيب بن واضح فيه ضعف' فالحديث ضعيف . بل ابن عجلان هو عطاء وهو منهم بالكذب فالحديث ساقط .

7258- قال فی المجمع جلد8صفحه134' وفيه عاصم بن بهدلة وهو ضعيف وقد حسن حديثه .

**7259** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ صَالِحِ بْنِ جَبِيرَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُشْمَعِلُّ بْنُ مِلْحَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ سَمِعَ رَجُلًا يُؤَذِّنُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى الْفِطْرَةِ .فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَقَالَ: شَهِدَ بِالْحَقِّ .قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ: خَرَجَ مِنَ النَّارِ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' اچانک ایک آدمی نے اذان کی آواز سنی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فطرت پر ہے! اس نے پڑھا: اشہد ان لا الٰہ الا اللہ! آپ نے فرمایا: اس نے حق کی گواہی دی' اس نے پڑھا: اشہد ان لا الٰہ الا اللہ! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے نکل گیا۔

**7260** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي الْعَيْزَارِ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، وابْنِ أَبِي لَيْلَى، كِلَاهُمَا عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اذا السماء انشقت میں سجدہ کیا۔

## عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ زِرِّ بْنِ صَفْوَانَ

## عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت زر بن صفوان سے روایت کرتے ہیں

**7261** - حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں



7259- قال في المجمع جلد1صفحه336' وفيه عطاء بن عجلان وهو متهم بالكذب متروك الحديث .

7260- قال في المجمع جلد2صفحه286' وفيه يحيى عقبة بن أبي العيزار وهو ضعيف جدًا .

الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِي مَرْوَانُ بْنُ جَنَاحٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

کہ حضور ﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کرنے کی مدت تین دن و راتیں اور مقیم کے لیے ایک دن و رات مقرر کی۔

**7262** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ فَتَحَ بَابًا مِنَ الْمَغْرِبِ: مِسَاحَتُهُ سَبْعُونَ خَرِيفًا لِلتَّوْبَةِ، لَمْ يُغْلِقْهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَمَا غَدَا رَجُلٌ يَلْتَمِسُ عِلْمًا إِلَّا أَفْرَشَتْهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَعْمَلُ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مغرب کی جانب ایک دروازہ کھلا ہے وہ توبہ کے لیے کھلا ہوا ہے اور اس کی چوڑائی ستر سال کی مسافت جتنی ہے اور سورج مغرب کی جانب سے طلوع ہونے تک بند نہیں ہوگا' جو بھی آدمی علم حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کے لیے پَر بچھاتے ہیں' اس کی وجہ سے جو وہ عمل کرتا ہے' وہ رضا حاصل کرنے کے لیے۔

**7263** - قَالَتِ الْعَرَبُ عِنْدَ ذَلِكَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، أَلَمْ يُعْطِ اللَّهُ عَبْدًا خَلَّةً وَاحِدَةً خَيْرٌ؟ قَالَ: حُسْنُ خُلُقٍ

دیہات کے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اللہ عزوجل نے بندہ کو بہترین خصلت دی ہے؟ آپ نے فرمایا: اچھا اخلاق۔

**7264** - ثُمَّ قَالُوا لَهُ: أَنَتَدَاوَى؟ قَالَ: هَلْ عَلِمْتُمْ أَنَّ الَّذِي أَنْزَلَ الدَّاءَ أَنْزَلَ الدَّوَاءَ، أَوْ لَمْ يَنْزِلْ دَاءٌ إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا دَاءً

اُنہوں نے عرض کی: کیا ہم دوا لیں؟ آپ نے فرمایا: کیا تمہیں علم نہیں کہ اللہ عزوجل نے جو بھی بیماری بھیجی ہے اس کی دواء بھی بھیجی ہے' ہر بیماری کی دواء ہے سوائے



7262- قال في المجمع جلد5صفحه85' وفيه اسحاق ابن ابى فروة وهو متروك .

وَاحِدًا .فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَمَا هُوَ؟ قَالَ: الْهَرَمُ،

ایک کے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا موت۔

**7265** - ثُمَّ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ يَمْسَحُ عَلَى خُفَّيْهِ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

پھر فرمایا: مسافر موزوں پر تین دن اور تین راتیں اور مقیم ایک دن ورات مسح کرے گا۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ صَفْوَانَ

## عبداللہ بن سلمہ حضرت صفوان سے روایت کرتے ہیں



**7266** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ، ومُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سُورَةَ الْبَغْدَادِيُّ قَالُوا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ، أَنَّ يَهُودِيَّيْنِ قَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: انْطَلِقْ بِنَا إِلَى هَذَا النَّبِيِّ، فَقَالَ: لَا تَقُلْ لَهُ نَبِيٌّ، فَإِنَّهُ إِنْ سَمِعَكَ صَارَتْ لَهُ أَرْبَعَةُ أَعْيُنٍ، فَانْطَلَقَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَاهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دو یہودیوں میں سے ایک نے دوسرے دوست سے کہا: آؤ! ہم اس نبی کے پاس جائیں! اس نے آگے سے کہا: اسے نبی نہ کہو! کیونکہ اگر اس نے سن لیا تو اس کی چار آنکھیں ہو جائیں گی۔ پس وہ دونوں چل کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو اللہ کے اس فرمان کے متعلق سوال کیا: ''اور تحقیق ہم نے حضرت موسیٰ کو سات واضح نشانیاں عطا کیں''۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ' اس جان کو قتل نہ کرو جس کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ' زنا نہ کرو' چوری

---

8028- قال في المجمع جلد9صفحه20، واسناده حسن.

يَـا رَسُولَ الـلّٰــهِ، قُـلْـتَ:أَطْعِمُوهُمْ مِمَّـا تَـأْكُـلُـونَ وَأَلْبِسُـوهُـمْ مِمَّا تَلْبَسُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ . قُلْتُ: أَعْتِقُهُ؟ قَالَ: آجَرَكَ اللّٰهُ يَا أَبَا ذَرٍّ

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## مَنْ رَوَى عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَابِطٍ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## اہل مکہ میں سے حضرت ابوامامہ الباہلی سے روایت کرتے ہیں' عبدالرحمٰن بن سابط جمحی' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**8030-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُصَلُّوا عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، كُلُّ كَافِرٍ يَسْجُدُ لَهَا، وَلَا تُصَلُّوا عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَإِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ كُلُّ كَافِرٍ يَسْجُدُ لَهَا، وَلَا تُصَلُّوا عِنْدَ وَسَطِ النَّهَارِ، فَإِنَّ جَهَنَّمَ تُسْجَرُ عِنْدَ ذَلِكَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سورج کے طلوع کے وقت نماز نہ پڑھتے کیونکہ سورج شیطان کے دوسینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے' ہر کافر اس وقت سجدہ کرتا ہے اور غروبِ شمس کے وقت نماز نہ پڑھتے کیونکہ سورج شیطان کے دوسینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے' ہر کافر اس کو سجدہ کرتا ہے اور زوال کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ جہنم اس وقت بھڑکائی جاتی ہے۔

**8031-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ لَيْثٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ عَنْ أَخِي أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُصَلُّوا عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَيَسْجُدُ لَهَا كُلُّ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سورج کے طلوع کے وقت نماز نہ پڑھتے کیونکہ سورج شیطان کے دوسینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے' ہر کافر اس وقت سجدہ کرتا ہے اور غروبِ شمس کے وقت نماز نہ پڑھتے کیونکہ سورج شیطان کے دوسینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے' ہر کافر اس کو سجدہ کرتا ہے اور زوال کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ جہنم اس وقت بھڑکائی جاتی ہے۔

8030- ورواه أحمد جلد5صفحه260' قال في المجمع جلد2صفحه225' وفيه ليث ابن ابي سليم وفيه كلام كثير .

كَافِرٍ، وَلَا عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَإِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَيَسْجُدُ لَهَا كُلُّ كَافِرٍ .وَلَا وَسَطَ النَّهَارِ، فَإِنَّهَا تُسْجَرُ جَهَنَّمُ عِنْدَ ذَلِكَ

**8032-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ نَهَى عَنِ الصَّلَاةِ إِذَا طَلَعَ قَرْنُ الشَّيْطَانِ أَوْ غَرَبَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے طلوع شمس اور غروب شمس کے وقت نماز پڑھنے سے منع کیا کیونکہ یہ شیطان کے سینگوں کے درمیان طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

**8033-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَابِطٍ، أَنَّ أَبَا أُمَامَةَ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ حِينٍ تُكْرَهُ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: مِنْ حِينِ تُصَلِّي الصُّبْحَ حَتَّى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ قِيدَ رُمْحٍ، وَمَنْ حِينِ تَصْفَرُّ الشَّمْسُ إِلَى غُرُوبِهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا: کس وقت نماز مکروہ ہے؟ آپ نے فرمایا: صبح کے وقت سے لے کر سورج کے ایک نیزہ بلند ہونے تک اور زرد ہونے کے وقت سے لے کر غروبِ شمس تک۔

**8034-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، وَأَخِيهِ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کچھ لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔



---

8033- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3948 مطولًا ـ في المخطوطة حين تطلع الصبح والتصحيح من مصنف عبد الرزاق ـ قال في المجمع جلد2صفحه225' ورجاله ثقات غير أنه مرسل .

8034تا8041- قال في المجمع جلد 1صفحه240 رواه الطبراني في الكبير من طرق' ففي بعضها عن أبي أمامة وأخيه وفي بعضها عن أبي أمامة فقط وفي بعضها عن أخيه فقط ـ ومدار طرقه كلها على ليث ابن أبي سليم وقد اختلط .

قَالَا: أَبْصَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا يَتَوَضَّئُونَ، فَقَالَ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

**8035-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا لَيْثٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے کچھ لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔

**8036-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ مُوسَى الشَّامِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے کچھ لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔

**8037-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَاءٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا وَهْبٌ، ثنا لَيْثٌ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا تَوَضَّئُوا عَلَى أَعْقَابِ أَحَدِهِمْ، مِثْلُ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ، قَالَ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے کچھ لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھا کہ ان کی ایڑیوں پر ایک درہم کی جگہ پانی نہیں پہنچا تو حضورﷺ نے فرمایا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔

**8038-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا مَيْمُونُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی آخر زمانہ کی اُمت پر خوف ہے ستاروں کے ذریعے بارش مانگنے اور تقدیر کے جھٹلانے

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي فِي آخِرِ زَمَانِهَا: النُّجُومُ، وَتَكْذِيبُ الْقَدَرِ، وَحَيْفُ السُّلْطَانِ

اور بادشاہ کے ظلم سے۔

**8039**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا يَتَوَضَّئُونَ، فَتَبْقَى عَلَى أَقْدَامِهِمْ قَدْرُ الدِّرْهَمِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ، فَقَالَ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کچھ لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھا کہ ان کی ایڑیوں پر ایک درہم کی جگہ پانی نہیں پہنچا تو حضور ﷺ نے فرمایا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔

**8040**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا مَيْمُونُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا تَوَضَّأَ لِلصَّلَاةِ، وَقَدْ تَرَكَ مَوْضِعَ ظُفُرٍ مِنَ الْوُضُوءِ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُسْبِغَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ قَالَ: وَيْلٌ لِلْعَرَاقِيبِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو نماز کے لیے وضو کرتے ہوئے دیکھا کہ اس کی ناخن کے برابر جگہ خشک رہ گئی ہے تو حضور ﷺ نے مکمل وضو کرنے کا حکم دیا' پھر فرمایا: ہلاکت ہے ان ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔

**8041**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا لَيْثٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَوْ عَنْ أَخِي أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے بھائی فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے ایک قوم کو ملاحظہ فرمایا کہ ان میں سے کسی ایک کی ایڑھی پر درہم کی مقدار یا ناخن کے برابر جگہ تھی جس تک پانی نہ پہنچا تھا تو آپ ﷺ نے کہنا شروع کر دیا: ایڑیوں کے لیے دوزخ سے ہلاکت ہے۔ دوبار فرمایا۔

قَوْمًا عَلَى أَعْقَابِ أَحَدِهِمْ مِثْلَ الدِّرْهَمِ أَوْ مَوْضِعَ الظُّفُرِ فَلَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ، فَجَعَلَ يَقُولُ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ مَرَّتَيْنِ

**8042-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَبِي، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنِ ابْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتَانِي رَبِّي فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِي، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى ثَدْيَيَّ، فَعَلِمْتُ فِي مَقَامِي ذَلِكَ مَا سَأَلَنِي عَنْهُ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَقَالَ: فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى؟ قُلْتُ: فِي الدَّرَجَاتِ وَالْكَفَّارَاتِ، فَأَمَّا الدَّرَجَاتُ: فَإِبْلَاغُ الْوُضُوءِ فِي السَّبَرَاتِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ، قَالَ: صَدَقْتَ، مَنْ فَعَلَ ذَلِكَ عَاشَ بِخَيْرٍ وَمَاتَ بِخَيْرٍ، وَكَانَ مِنْ خَطِيئَتِهِ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ، وَأَمَّا الْكَفَّارَاتُ: فَإِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَإِفْشَاءُ السَّلَامِ وَطِيبُ الْكَلَامِ، وَالصَّلَاةُ وَالنَّاسُ نِيَامٌ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عَمَلَ الْحَسَنَاتِ، وَتَرْكَ السَّيِّئَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاكِينِ، وَمَغْفِرَةً، وَأَنْ تَتُوبَ عَلَيَّ، وَإِذَا أَرَدْتَ فِي قَوْمٍ فِتْنَةً،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرا رب میرے پاس بڑی حسین صورت میں آیا، فرمایا: ملاءِ اعلیٰ کے فرشتے کس چیز میں جھگڑ رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: (تیرے بتائے بغیر ازخود) میں نہیں جانتا۔ پس اللہ نے اپنا دستِ قدرت میرے سینے پر رکھا، پس میں نے یہاں کھڑے ہی اسے جان لیا جو اللہ نے دنیا و آخرت کا مجھ سے سوال کیا۔ پھر فرمایا: ملاء اعلیٰ کے فرشتے کس میں جھگڑا کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: درجات و کفارات میں، بہرحال درجات؟ وضو کو ٹھنڈی صبح اور ٹھنڈے موسم میں کرنا، نمازوں کے بعد نماز کا انتظار۔ فرمایا: آپ نے سچ کہا، جس نے ایسا کیا وہ بھلائی کے ساتھ زندہ رہا اور بھلائی کے ساتھ مرا اس حال میں کہ وہ خطاؤں سے پاک تھا، جیسے اس کی ماں نے اسے جنا، بہرحال کفارات! کھانا کھلانا، سلام کو عام کرنا، پاکیزہ کلام کرنا، نماز پڑھنا لوگوں کے سوتے میں۔ پھر کہا: اے اللہ! میں نیک اعمال کرنے، بُرائیوں کو چھوڑنے، مسکینوں سے محبت کرنے اور مغفرت کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور یہ کہ تُو میرے اوپر رحمت کی نظر کرے اور جب کسی قوم میں فتنہ کا ارادہ فرمائے تو مجھے فتنے سے نجات دینا۔



---

8042- قال في المجمع جلد7صفحه179، وفيه ليث ابن أبي سليم وهو حسن الحديث على ضعفه وبقية رجاله ثقات ولكن صح الحديث من حديث ابن عباس .

فَنَجِّنِي غَيْرَ مَفْتُونٍ

## مَنْ رَوَى عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## اہل مدینہ میں سے جو ابوامامہ الباہلی سے روایت کرتے ہیں' حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف' ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**8043-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، فَإِنَّهُ شَافِعٌ لِأَصْحَابِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، تَعَلَّمُوا الْبَقَرَةَ، وَآلَ عِمْرَانَ، تَعَلَّمُوا الزَّهْرَاوَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَأْتِيَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ، أَوْ غَيَايَتَانِ، أَوْ كَأَنَّهُمَا فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ صَوَافٍّ تُجَادِلَانِ عَنْ صَاحِبِهِمَا، وَتَعَلَّمُوا الْبَقَرَةَ، فَإِنَّ تَعَلُّمَهَا بَرَكَةٌ، وَإِنَّ تَرْكَهَا لَحَسْرَةٌ، وَلَا يُطِيقُهَا الْبَطَلَةُ يَعْنِي بِالْبَطَلَةِ: السَّحَرَةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن سیکھو کیونکہ یہ اپنے پڑھنے والے کے لیے قیامت کے دن شفاعت کرے گا' سورۂ بقرہ اور آل عمران یاد کرو' دونوں کو یاد کرو کیونکہ یہ دونوں قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کے لیے بادلوں یا پرندوں کی صورت میں سایہ کیے ہوئے ہوں گی اور اپنے پڑھنے والے کے لیے جھگڑیں گی' سورۂ بقرہ یاد کرو کیونکہ اس کا یاد کرنا برکت ہے اور چھوڑنا حسرت ہے' یا جادوگر اس کو یاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔

**8044-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں قرآن پڑھنے کا حکم دیا اور اس پر

---

8043- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5991' ومسلم رقم الحديث: 804 .

8044- قال في المجمع جلد 7 صفحه 160' وفيه سويد بن عبد العزيز وهو متروك' وأثنى عليه هشيم خيرًا وبقية رجاله ثقات .

دَاوُدَ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَعَلُّمِ الْقُرْآنِ، وَحَثَّنَا عَلَيْهِ وَقَالَ: إِنَّ الْقُرْآنَ يَأْتِي أَهْلَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَحْوَجَ مَا كَانُوا إِلَيْهِ، فَيَقُولُ لِلْمُسْلِمِ: أَتَعْرِفُنِي؟ فَيَقُولُ: مَنْ أَنْتَ؟ فَيَقُولُ؟ أَنَا الَّذِي كُنْتَ تُحِبُّ، وَتَكْرَهُ أَنْ يُفَارِقَكَ الَّذِي كَانَ يَسْحَبُكَ وَيُدْنِيكَ، فَيَقُولُ: لَعَلَّكَ الْقُرْآنُ، فَيُقْدَمُ بِهِ إِلَى رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَيُعْطَى الْمُلْكَ بِيَمِينِهِ وَالْخُلْدَ بِشِمَالِهِ، وَيُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ السَّكِينَةُ، وَيُنْشَرُ عَلَى أَبَوَيْهِ حُلَّتَانِ لَا يَقُومُ لَهُمَا الدُّنْيَا أَضْعَافًا، فَيَقُولَانِ لِأَيِّ شَيْءٍ كُسِينَا هَذِهِ، وَلَمْ يَبْلُغْهُ أَعْمَالُنَا؟ فَيَقُولُ: هَذَا بِأَخْذِ وَلَدِكُمَا الْقُرْآنَ

خوب اُبھارا' آپ ﷺ نے فرمایا: قرآن قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کے پاس آئے گا' اس وقت اس کو زیادہ ضرورت ہوگی جس حالت پر لوگ ہوں گے۔ مسلمان سے کہے گا: کیا تُو مجھے جانتا ہے؟ مسلمان کہے گا: تُو کون ہے؟ قرآن کہے گا: میں وہی ہوں جس سے تُو محبت کرتا تھا' تُو اس سے علیحدہ ہونے کو ناپسند کرتا تھا' جو تجھے گھسیٹ کر اپنے قریب کرتا تھا۔ پس وہ مسلمان کہے گا: شاید تو قرآن ہے' پس اسے رب کی بارگاہ میں لایا جائے گا' مُلک اس کے دائیں ہاتھ اور جنت اس کے بائیں ہاتھ میں دی جائے گی' اس کے سر پر سکینت رکھی جائے گی اور اس کے والدین پر دو لباس دیئے جائیں گے' ان کے برابر دنیا کے کئی لباس بھی نہ ہوں گے' پس اس کے والدین کہیں گے: کس وجہ سے ہمیں یہ پہنائے گئے حالانکہ ہمارے اعمال تو اس مقام پر نہ پہنچے۔ پس وہ فرمائے گا: یہ تمہارے بچے کے قرآن کا علم حاصل کرنے کے سبب ہے۔

## الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

**8045-** حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ الْفَرَائِضِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحُنَيْنِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ،

## قاسم بن محمد بن ابوبکر' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ایسے ہوں گے (دو انگلیوں سے اشارہ کیا)۔



-8045 قال في المجمع جلد8 صفحه162' وفيه اسحاق بن ابراهيم الحنيني وثقه ابن حبان وقال: يخطئ' وضعفه الجمهور وبقية رجاله وثقوا .

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ

## أَبُو الزِّنَادِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

**8046-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَمْرٍو الْعَنْقَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ، ثنا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ

## ابوالزناد عبداللہ بن ذکوان' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نکاح' ولی کی اجازت سے ہے۔

## مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

**8047-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْ...لَالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ...يرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَر، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيلٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

## محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ تشریف لائے اس حال میں کہ میں بیٹھا تھا اور میرے ہونٹ حرکت کر رہے تھے' فرمایا: تیرے ہونٹ کس چیز کے ساتھ حرکت کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بس اللہ کا ذکر کر رہا ہوں۔ فرمایا: کیا میں تجھے ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تُو وہ پڑھے تو پھر رات دن کی عبادت اسے نہ پہنچ سکے؟ میں نے عرض کی:



---

8046- قال في المجمع جلد4صفحه286' وفيه عمر بن صهبان وهو متروك .

8047- وهو حديث صحيح .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جَالِسٌ أُحَرِّكُ شَفَتَيَّ، فَقَالَ: بِمَ تُحَرِّكُ شَفَتَيْكَ؟ قُلْتُ: أَذْكُرُ اللَّهَ يَا رَسُولَ اللَّهِ ـفَقَالَ: أَلا أُخْبِرُكَ بِشَيْءٍ إِذَا قُلْتَهُ، ثُمَّ دَأَبْتَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَمْ تَبْلُغْهُ؟ قُلْتُ: بَلَى، فَقَالَ: تَقُولُ الْحَمْدُ لِلَّهِ عَدَدَ مَا أَحْصَى كِتَابُهُ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ عَدَدَ مَا فِي كِتَابِهِ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ عَدَدَ مَا أَحْصَى خَلْقُهُ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى مَا فِي خَلْقِهِ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ مِلْءَ سَمَاوَاتِهِ وَأَرْضِهِ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ، وَتُسَبِّحُ مِثْلَ ذَلِكَ وَتُكَبِّرُ مِثْلَ ذَلِكَ

کیوں نہیں! فرمایا: تُو کہہ ''الحمد للّٰہ عدد الی آخرہ'' سبحان اللہ بھی اسی کی مثل اور اللہ اکبر بھی اتنی تعداد میں کہہ۔

## الْمَرَاسِيلُ وَمَنْ لَمْ يُسَمَّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## حضرت مراسیل، جن کا نام معلوم نہیں، وہ حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**8048-** حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَالِمٍ الْوُحَاظِيُّ، حَدَّثَتْنِي بِنْتٌ لِعُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ، وَامْرَأَةٌ مِنْ آلِ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّهُمَا سَمِعَتَا أَبَا أُمَامَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَا مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ يَغْدُو عَلَيْهِمْ فَدَّانٌ إِلَّا ذُلُّوا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں جوا ہو وہ ذلیل وخوار ہیں۔

---

8048- قال فی المجمع جلد4صفحه120' وهاتان المرأتان لم أعرفهما وبقية رجاله ثقات .

**8049**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ أُسَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَفْصٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، رَفَعَ الْحَدِيثَ، قَالَ: اسْتَقِيمُوا وَنِعِمَّا إِنِ اسْتَقَمْتُمْ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوءِ إِلَّا مُؤْمِنٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: استقامت پر قائم رہو' اگر تم استقامت پر قائم رہے تو اچھا ہے' وضو پر ہمیشگی صرف مؤمن ہی کرتا ہے۔

**8050**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَلَمَةَ الْعَنْسِيِّ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمُدْلِجِينَ فِي الظُّلَمِ إِلَى الْمَسَاجِدِ بِمَنَابِرَ مِنْ نُورٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْزَعُ النَّاسُ وَلَا يَفْزَعُونَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو اندھیروں میں چل کر مسجدوں کی طرف آتے ہیں' ان کے لیے قیامت کے دن نور کے منبروں کی خوشخبری ہے' لوگ اس دن پریشان ہوں گے لیکن ایسے لوگ پریشان نہیں ہوں گے۔

# بَابُ الضَّادِ
# مَنِ اسْمُهُ ضِرَارٌ
## ضِرَارُ بْنُ الْأَزْوَرِ الْأَسَدِيُّ

# باب الضاد
# جن کا نام ضرار ہے
## حضرت ضرار بن ازور اسدی رضی اللہ عنہ

وَاسْمُ الْأَزْوَرِ مَالِكُ بْنُ أَوْسِ بْنِ جَزِيمَةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ دُودَانَ بْنِ أَسَدِ

ازور کا نام مالک بن اوس بن جزیمہ بن سعد بن مالک بن ثعلبہ بن دودان بن اسد بن خزیمہ بن مدرکہ بن



8049- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 279 قال في الزوائد: اسناده ضعيف لضعف التابع . قلت: قال الحافظ أبو حفص الدمشقي مجهول . وللحديث شواهد .

بْـنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ إِلْيَاسِ بْنِ مُضَرَ وَمِنْ أَخْبَارِهِ:

الیاس بن مضر ہے۔

**8051**- حَـدَّثَـنَـا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ الْجُمَحِيِّ، قَالَ: قَـالَ أَبُـو عُبَيْـدَةَ ضِـرَارُ بْـنُ الْأَزْوَرِ تَوَلَّى قَتْلَ مَـالِكِ بْـنِ نُوَيْرَةَ، وَفِي ذَلِكَ يَقُولُ: مُتَمِّمُ بْنُ نُوَيْرَةَ، وَيُعَرِّضُ بِخَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ:

(البحر الكامل)

نِـعْـمَ الْـقَتِيـلُ إِذَا مَا الرِّمَاحُ تَنَاوَحَتْ ـ جَبْنَ الْعُصَاةُ قَتِيلُكَ ابْنَ الْأَزْوَرِ

وَلَنِعْمَ حَشْوُ الدِّرْعِ حِينَ لَقِيتَهُ ...وَلَنِعْمَ مَأْوَى الطَّارِقِ الْمُتَنَوِّرِ

سَـمِـحَ بِـأَطْـرَافِ الْقِدَاحِ إِذَا انْتَشَى ـ حُلْوٌ حَلَالُ الْمَالِ غَيْرَ عَذُورِ

لَا يَـلْـبَــسُ الْـفَـحْـشَـاءَ تَحْتَ ثِيَابِـهِ ـ صَعْبٌ مَقَادَتُهُ عَفِيفُ الْمِئْزَرِ

أَدَعَـوْتَهُ بِاللَّهِ، ثُمَّ قَتَلْتَهُ ...لَوْ هُوَ دَعَاكَ بِذِمَّةٍ لَمْ يَغْدِرِ

نِـعْـمَ الْـفَـوَارِسُ يَـوْمَ حَلْبَةٍ غَـادَرَتْ ـ فُرْسَانُ فِهْرٍ فِي الْغُبَارِ الْأَكْدَرِ

وَيُرْوَى فِي الْكُدُورِ الْأَكْدَرِ

حضرت ابوعبیدہ ضرار بن ازور فرماتے ہیں کہ وہ مالک بن نویرہ کے قتل کے متولی بنے‘ اس بارے میں متمم بن نویرہ کہتے ہیں اور خالد بن ولید کو پیش کرتے ہیں: (بحر کامل)

”کتنا اچھا تھا قتیل‘ جب دونوں طرف نیزے تھے‘ نافرمان لوگ بزدل پڑ گئے‘ تیرا قتیل اے ابن ازور!

اور زرہ کے اوپر والی چیزیں کتنی اچھی تھیں‘ جب تُو اس سے ملا اور رات کو آنے والے مہمان کا روشن ٹھکانہ کتنا اچھا ہے‘

جب میٹھی چیز کا نشہ چڑھا تو اس نے پیالے کے کنارے چھوڑ دیئے‘ حلال مال کا عذر کرنے کی ضرورت نہیں‘

وہ اپنے لباس کے نیچے زائد چیزیں نہیں پہنتا‘ اس کی عیادت مشکل ہے اور وہ پاکیزہ چادر والا ہے‘

قسم ہے اللہ کی! کیا تُو نے اس کو دعوت دی پھر اس کو قتل کر دیا‘ اگر وہ تجھے دعوت دیتا ذمہ داری کے ساتھ تو دھوکہ نہ کرتا‘

حلبہ کے دن کے شاہ سوار کتنے اچھے ہیں‘ میلے غبار میں فہر کے شاہ سوار نے دھوکہ دیا“۔

اور کدور کی جگہ ”اکدر“ روایت کیا جاتا ہے۔



8051- قال في المجمع جلد6صفحه222‘ ورجاله ثقات .

# مَا أَسْنَدَ ضِرَارُ بْنُ الْأَزْوَرِ

# حضرت ضرار بن ازور کی روایت کردہ احادیث

**8052-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانَ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِي أَوْ بِرَجُلٍ يَحْلُبُ فَقَالَ: دَعْ دَاعِيَ اللَّبَنِ هَكَذَا رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانَ وَخَالَفَهُ أَصْحَابُ الْأَعْمَشِ فَرَوَوْهُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ بَحِيرٍ

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے یا ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو دودھ نکال رہا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دودھ دوہنے والے دودھ تھنوں میں بھی چھوڑ دیں۔ اسی طرح اس کو حضرت سفیان ثوری نے اعمش سے' انہوں نے عبداللہ بن سنان سے روایت کیا ہے اور حضرت اعمش کے شاگردوں نے اس کے مخالف سند سے اس کو حضرت اعمش سے ہی روایت کیا' انہوں نے حضرت یعقوب بن بحیر سے روایت کیا۔

---

8052- قال في المجمع جلد 8 صفحه 196' رواه أحمد جلد 4 صفحه 76,311,322,339' والطبرانی بأسانيد ورجال أحدها رجال ثقات . قلت وزواه ابن حبان رقم الحديث: 1999' وعبد الله بن أحمد فی زوائد المسند جلد 4 صفحه 76' والبخاری فی التاريخ الكبير (2/2/338-339)' والحاكم جلد 3 صفحه 337,620' والدارمي رقم الحديث: 2003 . قلت: يعقوب بن بحير قال الذهبی: لا يعرف تفرد عنه الأعمش . ولا اعتداد بذكر ابن حبان له فی الثقات' فهو ضعيف من هذه الطريق . وأما الطريق الأولی فعبد الله بن سنان وان كان ثقة' فحديثه شاذ' قال ابن أبی حاتم فی العلل جلد 2 صفحه 245 قال أبی خالف الثوری الخلق فی هذا الحديث' والصحيح الأول - أی حديث يعقوب - . قال شيخنا: فقول الحاكم فيه صحيح الاسناد مما تساهل فيه . لكن رواه ابن شاهين كما فی الاصابة جلد 3 صفحه 482 من طريق موسی بن عبد الملك بن عمير عن أبيه عن ضرار بمعناه . قال شيخنا فی سلسلة الصحيحة جلد 4 صفحه 475' وهذه متابعة قوية' فان عبد الملك ابن عمير من رجال الشيخين' لكن ابنه موسی قال ابن أبی حاتم (4/1/151) عن أبيه ضعيف الحديث' وذكره ابن حبان فی الثقات كما فی اللسان' فالحديث بمجموع الطريقين حسن .

**8053-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ بَحِيرٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ، قَالَ: أَهْدَيْنَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقْحَةً، فَحَلَبْتُهَا لَهُ، فَلَمَّا أَخَذْتُ لِأُجْهِدَهَا قَالَ: لَا تَفْعَلْ دَعْ دَوَاعِيَ اللَّبَنِ

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی دی' میں اس کا دودھ نکالتا تھا' جب میں اس کو اچھی طرح دوھتا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہ کرو! دودھ تھنوں میں بھی رہنے دیا کرو۔

**8054-** حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ بَحِيرٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ قَالَ: بَعَثَنِي أَهْلِي بِلَقُوحٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْدَوْهَا لَهُ، فَقَالَ لِي: احْلُبْهَا، وَدَعْ دَاعِيَ اللَّبَنِ وَدَعَا لِي

حضرت ضرار بن ازور فرماتے ہیں کہ میرے گھر والوں نے مجھے دودھ دینے والی اونٹنی تحفہ کے طور پر دینے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بھیجا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اس کا دودھ نکالو اور کچھ دودھ تھنوں میں بھی چھوڑ دو' اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دعا دی۔

**8055-** حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ بَحِيرٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَاقَةٍ هَدِيَّةٍ، فَقَالَ لِي: قُمْ فَاحْلُبْهَا .فَقُمْتُ فَحَلَبْتُهَا، فَلَمَّا ذَهَبْتُ لِأُجْهِدَهَا قَالَ: دَعْ دَاعِيَ اللَّبَنِ

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اونٹنی تحفہ لے کر آیا' آپ نے مجھے فرمایا: اس کا دودھ نکالو! میں دودھ دوھنے کے لیے کھڑا ہوا' جب میں گیا تو اچھی طرح دودھ دوھا' آپ نے فرمایا: دودھ تھنوں میں بھی چھوڑ دینا۔

**8056-** حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ بَحِيرٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ضرار بن زور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اپنے اونٹوں میں سے ایک دودھ دینے والی اونٹنی لے کر' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو دوھ! میں نے عرض کی: اچھی طرح؟ آپ نے فرمایا:

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَتُوجٍ مِنْ إِبِلِي، فَقَالَ: احْلُبْهَا فَقُلْتُ: أُجْهِدُ؟ قَالَ: لَا تُجْهِدْ، دَعْ دَوَاعِي اللَّبَنِ

اچھی طرح نہ نکالو دودھ تھنوں میں بھی چھوڑ دینا۔

8057- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَثْرَمُ، ثنا سَلَّامٌ أَبُو الْمُنْذِرِ الْقَارِئُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: امْدُدْ يَدَكَ لِأُبَايِعَكَ عَلَى الْإِسْلَامِ، قَالَ ضِرَارٌ: ثُمَّ قُلْتُ:

(البحر المتقارب)

تَرَكْتُ الْقِدَاحَ وَعَزْفَ الْقِيَانِ ... وَالْخَمْرَ تَصْلِيَةً وَابْتِهَالَا

وَكَرِّي الْمُحَبَّرَ فِي غَمْرَةٍ ... وَحَمْلِي عَلَى الْمُسْلِمِينَ الْقِتَالَا

فَيَا رَبِّ لَا أُغْبَنَنْ بَيْعَتِي ... فَقَدْ بِعْتُ أَهْلِي وَمَالِي بَدَالَا

، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا غُبِنَتْ بَيْعَتُكَ، يَا ضِرَارُ

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: آپ اپنا ہاتھ بڑھائیں تاکہ میں آپ کی اسلام پر بیعت کروں۔ میں نے عرض کی:

''میں نے پیالہ اور گانے والیوں کو چھوڑا اور شراب اُبلتی ہوئی کو اور تکلیف و عاجزی سے کام لیا ہے پریشانی میں' مسلمانوں پر لڑائی کا موقع اُٹھا کر برداشت کیا' اب میری بیع میں نقصان نہ کر' میں نے اپنے مال اور اہل خانہ اس کے بدلے دیئے ہیں''۔

حضور ﷺ نے فرمایا: اے ضرار! تمہاری بیع میں بیع نہیں ہوگا۔



---

8057- ورواه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 4صفحه76' والحاكم جلد 3صفحه620' قال في المجمع جلد8 صفحه127 بعد أن نسبه الى عبد الله وفيه محمد بن سعيد الأثرم وهو متروك . ورواه جلد 3صفحه238 من طريق آخر عن ابن عباس . وانظر ما بعده . وكتب في هامش المخطوطة المحبّر وهو المطابق لما في الاصابة وغيره . وهو اسم فرس ضرار . وفي المخطوطة في المكانين المحرّ .

**8058**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا مَاجِدُ بْنُ مَرْوَانَ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْأَزْوَرِ قَالَ: وَفَدْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا وَقَفْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنْشُدُكَ، قَالَ: أَنْشِدْ .قَالَ: قُلْتُ:

(البحر المتقارب)

جَعَلْتُ الْقِدَاحَ، وَعَزْفَ الْقِيَانِ ـ وَالْخَمْرَ تَصْلِيَةً وَابْتِهَالَا

وَكَرِّي الْمُحَبَّرَ فِي غَمْرَةٍ ...وَشَدِّي عَلَى الْمُسْلِمِينَ الْقِتَالَا

فَيَا رَبِّ لَا أُغْبَنَنْ بَيْعَتِي ...فَقَدْ بِعْتُ نَفْسِي وَأَهْلِي بَدَالَا

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' جب میں آپ کے سامنے کھڑا ہوا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے سامنے اشعار پڑھنے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پڑھو! میں نے پڑھا:

''میں نے پیالہ اور گانے والیوں کو چھوڑا اور شراب اُبلتی ہوئی کو اور تکلیف و عاجزی سے کام لیا ہے پریشانی میں' مسلمانوں پر لڑائی کا موقع اُٹھا کر برداشت کیا' اب میری بیع میں نقصان نہ کر' میں نے اپنے مال اور اہل خانہ اس کے بدلے دیئے ہیں''۔

## مَنِ اسْمُهُ ضَحَّاكٌ

## ضَحَّاكُ بْنُ قَيْسٍ الْفِهْرِيُّ الْقُرَشِيُّ

## جن کا نام ضحاک ہے

## حضرت ضحاک بن قیس الفہری القرشی رضی اللہ عنہ

أَخُو فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ يُكْنَى أَبَا سَعِيدٍ هُوَ

آپ فاطمہ بنت قیس کے بھائی ہیں' آپ کی کنیت



8058- قال في المجمع جلد 9صفحه390-391 رواه الطبراني وعبد اللّٰه الا أنه قال: وحملي على المشركين بدل المسلمين' وقال فقال النبي: ما عينت صفقتك يا ضرار وقال في الاسناد محمد بن سعيد الباهلي والضعيف قرشي واللّٰه أعلم . رواه الطبراني باسنادين في أحدهما محمد بن سعيد بن زياد الأثرم وهو ضعيف . وفي ثقات ابن حبان محمد بن سعيد بن زياد ولم يقل الأثرم' فان كان هو فقد وثق والا فهو الضعيف وفي الآخر لم أعرفه .

الضَّحَّاكُ بْنُ قَيْسِ بْنِ خَالِدِ بْنِ وَهْبِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ وَاثِلَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ شَيْبَانَ بْنِ مُحَارِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ، وَأُمُّهُ أُمَيْمَةُ بِنْتُ رَبِيعَةَ مِنْ كِنَانَةَ، وَهِيَ أُمُّ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، أُخْتُ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ، قُتِلَ الضَّحَّاكُ يَوْمَ مَرْجِ رَاهِطٍ، بَعْدَ وَفَاةِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، لَمَّا بُويِعَ لِمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَسِتِّينَ

ابوسعید ہے ان کا نسب ضحاک بن قیس بن خالد بن وہب بن ثعلبہ بن واثلہ بن عمرو بن شیبان بن محارب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ ہے۔ آپ کی والدہ کا نام امیمہ بنت ربیعہ قبیلہ کنانہ کی ہیں یہ فاطمہ بنت قیس ضحاک بن قیس کی بہن کی ماں ہیں حضرت ضحاک مرج کے دن یزید بن معاویہ کے مرنے کے بعد شہید کیے گئے تھے مروان بن حکم کی بیعت کرنے کی وجہ سے ۶۴ ہجری میں۔

## مَا أَسْنَدَ الضَّحَّاكُ بْنُ قَيْسٍ

## حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

**8059**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُنَيْدِ بْنِ دَاوُدَ الْمِصِّيصِيُّ أَبُو سَعِيدٍ، ثنا أَبِي، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّهُ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ قَيْسٍ، وَهُوَ عَدْلٌ عَلَى نَفْسِهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ وَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان نے منبر پر فرمایا: مجھے ضحاک بن قیس نے بتایا آپ اپنے بارے میں انصاف کرنے والے تھے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قریش میں ہمیشہ خلافت رہے گی۔

**8060**- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت ضحاک بن قیس نے قیس بن ہیثم کی طرف خط لکھا جس وقت یزید بن

8059- قال في المجمع جلد 5صفحه195' وفيه سنيد وهو ثقة وقد تكلم في روايته عن الحجاج بن محمد وهذا منها . قلت: قال الحافظ: ضعيف لأنه كان يلقن شيخه حجاج بن محمد . ومحمد بن طلحة لم يوثقه غير ابن حبان والحديث رواه ابن عساكر (2/205/8) أيضًا والحاكم جلد3صفحه525 .

8060- قال في المجمع جلد 7صفحه308' رواه أحمد جلد 3صفحه453' والطبراني من طرق فيها علي بن زيد وهو سيء الحفظ وقد وثق وبقية رجال أحمد رجال الصحيح . قلت: ورواه الحاكم جلد 3صفحه525' والحسن بن سفيان وابن سعد جلد7صفحه410' وابن عساكر (1/206/8)' وهو حديث ضعيف لضعف علي بن زيد بن جدعان

حُمَيْدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ، كَتَبَ إِلَى قَيْسِ بْنِ الْهَيْثَمِ حِينَ مَاتَ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ: سَلَامٌ عَلَيْكَ، أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ فِتَنًا كَقِطَعِ الدُّخَانِ يَمُوتُ فِيهَا قَلْبُ الرَّجُلِ كَمَا يَمُوتُ بَدَنُهُ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ فِيهَا أَقْوَامٌ أَخْلَاقَهُمْ، وَدِينَهُمْ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا وَإِنَّ يَزِيدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ قَدْ مَاتَ، وَأَنْتُمْ إِخْوَانُنَا وَأَشِقَّاؤُنَا فَلَا تَسْبِقُونَا بِشَيْءٍ حَتَّى نَخْتَارَ لِأَنْفُسِنَا

معاویہ مرا: تم پر سلامتی ہو! اس کے بعد میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت سے پہلے فتنے ہوں گے دھوئیں کے ٹکڑوں کی طرح' ان فتنوں میں آدمی کا دل اس طرح مر جائے گا جس طرح آدمی کا بدن مر گیا ہوتا ہے' اس زمانہ میں آدمی صبح کے وقت مؤمن اور رات کو کافر' رات کو مؤمن اور دن کو کافر ہوگا' اس زمانہ میں کچھ لوگ اپنا اخلاق فروخت کر دیں گے' اپنے دین کو فروخت کر دیں گے اپنی دنیا کے بدلے' یزید بن معاویہ مر گیا ہے' ہم تمہارے بھائی اور قابل رشک ہیں' ہم سے کسی شی میں سبقت نہ کرنا یہاں تک کہ ہم اپنے لیے پسند کریں۔

**8061-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَى الرَّجُلُ الْقَوْمَ، فَقَالُوا: مَرْحَبًا، فَمَرْحَبًا بِهِ إِلَى يَوْمِ يَلْقَى رَبَّهُ، وَإِذَا أَتَى الرَّجُلُ الْقَوْمَ فَقَالُوا: قَحْطًا، فَقَحْطًا لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کوئی آدمی کسی قوم کے پاس آئے تو وہ اس کو خوش آمدید کہیں' وہ اس کو قیامت کے دن خوش آمدید کہے گا' جب کوئی آدمی کسی قوم کے پاس آئے تو وہ کہیں: کوئی بھلائی نہیں ہے! تو قیامت کے دن اس کو اسی طرح کہا جائے گا: کوئی بھلائی نہیں ہے۔



8061- قال في المجمع جلد 10 صفحه 272 رجال الطبراني رجال الصحيح غير عمر الضرير وهو ثقة ورواه الحاكم جلد 3 صفحه 525' وقال الذهبي على شرط مسلم . ورواه في الأوسط (490 مجمع البحرين)' وهو كما قال الحاكم على شرط مسلم .

**8062-** حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: كَانَتْ بِالْمَدِينَةِ امْرَأَةٌ تَخْفِضُ النِّسَاءَ، يُقَالُ لَهَا أُمُّ عَطِيَّةَ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْفِضِي، وَلَا تَنْهَكِي، فَإِنَّهُ أَنْضَرُ لِلْوَجْهِ، وَأَحْظَى عِنْدَ الزَّوْجِ

حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ میں ایک عورت تھی جو عورتوں کے ختنے کرتی تھی اس کا نام ام عطیہ تھا' حضور ﷺ نے اسے فرمایا: ختنہ تو کرو لیکن حد سے نہ بڑھو کیونکہ یہ چہرے کو تروتازہ بنادیتی ہے اور شوہر کیلئے زیادہ لطف اندوزی کا باعث بنتی ہے۔

## ضَحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ مِنْ بَنِي بَكْرِ بْنِ كِلَابِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرٍ

## ضحاک بن سفیان الکلابی بنی بکر بن کلاب بن ربیعہ بن عامر کے رہنے والے

**8063-** حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ سُفْيَانَ الْكِلَابِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ضَحَّاكُ، مَا طَعَامُكَ؟ قُلْتُ: اللَّحْمُ وَاللَّبَنُ، قَالَ: ثُمَّ يَصِيرُ إِلَى مَاذَا؟ قُلْتُ: ثُمَّ يَصِيرُ إِلَى مَا قَدْ عَلِمْتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ

حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ضحاک! آپ کا کھانا کیا ہے؟ عرض کی: گوشت اور دودھ! آپ نے فرمایا: پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ میں نے عرض کی: جو ہوگا آپ جانتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ابن آدم سے دنیا کی مثال پیدا فرماتا ہے (یعنی آدمی کا ایک ایک عضو دنیا کی ایک ایک چیز کے مشابہ ہے)۔



---

8062- ورواه الحاكم جلد3صفحه525' وابن عساكر (1/206/8)' وانظر سلسلة الأحاديث الصحيحة لشيخنا محمد ناصر الدين الألباني (722) .

8063- ورواه أحمد جلد3صفحه452' قال في المجمع جلد10صفحه288' ورجال الطبراني رجال الصحيح غير على بن زيد بن جدعان وقد وثق . انظر سلسلة الصحيحة لشيخنا (382) .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ ضَرَبَ مَا يَخْرُجُ مِنِ ابْنِ آدَمَ مَثَلًا لِلدُّنْيَا

**8064-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: مَا أَرَى الدِّيَةَ إِلَّا لِلْعَصَبَةِ لِأَنَّهُمْ يَعْقِلُونَ عَنْهُ، فَهَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ شَيْئًا؟ فَقَالَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ، وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى الْأَعْرَابِ: كَتَبَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ أُوَرِّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا فَأَخَذَ بِذَلِكَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن مسیب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دیت عصبیت کے لیے ہے کیونکہ اس کی دیت لیتے ہیں کیا تم میں سے کسی نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کچھ سنا ہے؟ حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی نے عرض کی: جبکہ حضور ﷺ نے ان کو دیہاتیوں پر عامل بنایا تھا میری طرف رسول اللہ ﷺ نے خط لکھا کہ اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسی پر فتویٰ دیا۔

**8065-** حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: قَامَ عُمَرُ بِمِنًى، فَسَأَلَ النَّاسَ: مَنْ عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنْ مِيرَاثِ الْمَرْأَةِ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا، فَقَامَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ، فَقَالَ: ادْخُلْ قُبَّتَكَ حَتَّى أُخْبِرَكَ فَدَخَلَ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ رَسُولُ

حضرت سعید بن مسیب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ منیٰ میں کھڑے ہوئے لوگوں سے پوچھا: کسی کے پاس اس بات کا علم ہے کہ عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی؟ حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی کھڑے ہوئے اور عرض کی: آپ اپنے قبہ میں داخل ہوں تا کہ میں آپ کو بتاؤں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے تو آپ کو بتایا کہ حضور ﷺ نے میری طرف خط لکھا کہ اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی۔



8064- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17764 .

8065- ورواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد9صفحه313 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُوَرِّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمِ الضِّبَابِيِّ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا

**8066-** حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُتِلَ زَوْجُهَا، فَسَأَلَتْهُ أَنْ يُوَرِّثَهَا مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ لَكِ شَيْئًا، ثُمَّ نَشَدَ النَّاسَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَقُمْ، فَقَامَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ، فَقَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُوَرِّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمِ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا فَوَرَّثَهَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت آئی' اُس کا شوہر قتل کیا گیا تھا' اُس نے اپنے شوہر کی دیت کے متعلق پوچھا' تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس مسئلہ کے متعلق علم نہیں ہے' پھر ان لوگوں سے پوچھا کہ کسی کے پاس اس کے متعلق علم ہے رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے؟ تو حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی کھڑے ہوئے اور عرض کی: حضور ﷺ نے میری طرف خط لکھا تھا کہ اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وراثت اُس عورت کو دے دی۔

**8067-** حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، كَانَ يَقُولُ: الدِّيَةُ لِلْعَاقِلَةِ، وَلَا تَرِثُ الْمَرْأَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا حَتَّى كَتَبَ إِلَيْهِ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمِ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ دیت ورثاء کے لیے ہے' عورت کو اپنے شوہر کی دیت سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے مجھے خط لکھا جس میں آپ ﷺ نے اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث بنایا تھا۔



8067- ورواه الترمذی رقم الحديث: 2193,1433' وقال حسن صحيح ورواه ابن أبی شيبة جلد9صفحه313' وأبو داؤد رقم الحديث:2911' وأحمد جلد 3صفحه452' وابن ماجه رقم الحديث:2642' والبغوی فی شرح السنة رقم الحديث:2234 .

لِضَبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

**8068**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ قُتِلَ أَشْيَمُ الضِّبَابِيُّ خَطَأً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اشیم ضبابی خطاءً قتل کیے گئے تھے۔

## ضَحَّاكُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ عَقِبِيٌّ

## حضرت ضحاک بن حارثہ بن ثعلبہ انصاری' بدری' عقبی رضی اللہ عنہ

**8069**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ لِبَيْعَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ عُبَيْدٍ الضَّحَّاكُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ عقبہ میں رسول اللہ ﷺ کی بیعت کرنے کے لیے جو حاضر ہوئے انصار میں سے پھر بنی ثعلبہ بن عبید الضحاک بن حارثہ بن زید بن ثعلبہ میں سے آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

## ضَحَّاكُ الْأَنْصَارِيُّ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

## حضرت ضحاک انصاری' ان کا نسب معلوم نہیں

**8070**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ صُبَيْحٍ، ثنا نَصْرُ بْنُ مُزَاحِمٍ، ثنا مِنْدَلٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ زِيَادٍ، وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ

حضرت ضحاک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب خیبر کی طرف نکلے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آگے کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو کھجور کے باغ میں داخل ہوا وہ امن والا ہے' جب حضور ﷺ



8070- قال فی المجمع جلد9صفحه126' وفیه نصر بن مزاحم وهو متروک .

الضَّحَّاكِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: لَمَّا سَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ جَعَلَ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى مُقَدِّمَتِهِ، فَقَالَ: مَنْ دَخَلَ النَّخْلَ فَهُوَ آمِنٌ فَلَمَّا تَكَلَّمَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادَى بِهَا عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَضَحِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكَ؟، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: إِنَّ جِبْرِيلَ يَقُولُ إِنِّي أُحِبُّكَ .قَالَ: وَبَلَغْتُ أَنْ يُحِبَّنِي جِبْرِيلُ قَالَ: نَعَمْ، وَمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْ جِبْرِيلَ اللَّهُ تَعَالَى

نے گفتگو فرمائی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آواز دی' حضورﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا' حضرت جبریل مسکرائے' حضورﷺ نے فرمایا: آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: میں ان سے محبت کرتا ہوں! حضورﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جبریل کہتا ہے کہ وہ تم سے محبت کرتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: مجھے معلوم ہوا کہ جبریل علیہ السلام مجھ سے محبت کرتے ہیں' حضورﷺ نے فرمایا: جی ہاں! آپﷺ نے فرمایا: جو جبریل سے بہتر ہے (وہ بھی (تم سے) محبت کرتا ہے)۔

## ضَحَّاكُ بْنُ زِمْلٍ الْجُهَنِيُّ

## حضرت ضحاک بن زمل الجہنی رضی اللہ عنہ

8071- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت ابن زمل جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

8071- قال في المجمع جلد7صفحه184' وفيه سليمان بن عطاء القرش وهو ضعيف . قلت: قال الحافظ منكر الحديث . ومسلمة بن عبد الله الجهني قال الحافظ مقبول . وقد روى ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 141' ومنهم من قال: عبد الله بن زمل' قال ابن السكن: روى عنه حديث الدنيا سبعة آلاف سنة باسناد مجهول' وليس بمعروف في الصحابة' ثم ساق الحديث' وفي اسناده ضعيف . قال: وروى عنه بهذا الاسناد أحاديث مناكير . قال الحافظ في الاصابة جلد4صفحه96-97' وجميعها جاء عنه ضمن حديث واحد أخرجه بطوله الطبراني في المعجم الكبير' وأخرج بعضه ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 141' ولم أره مسمى في أكثر الكتب' ويقال اسمه الضحاك' ويقال عبد الرحمن' والصواب الأول' والضحاك غلط' فان الضحاك بن زمل آخر من أتباع التابعين . وقال ابن أبي حاتم - كما في الجرح والتعديل (2/1/461) عن أبيه الضحاك بن زمل ابن عمر والسكسكي روى عن أبيه روى عنه الهيثم بن عدى : وذكر ابن قتيبة في غريبه هذا الحديث

الْعَسْكَرِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مِسَرَّحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَطَا الْقُرَشِيُّ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَمِّهِ أَبِي مَشْجَعَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ الْجُهَنِيِّ، عَنِ ابْنِ زِمْلٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ قَالَ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَهُ: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ، وَأَسْتَغْفِرُ اللهَ، إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا سَبْعِينَ مَرَّةً

حضور ﷺ جب نمازِ فجر پڑھ لیتے تو آپ پاؤں سیدھے کرتے تو پڑھتے: ''سبحان اللّٰه وبحمدہ واستغفر اللّٰه انه کان توابًا'' یہ کلمات ستر مرتبہ پڑھتے تھے۔

**8072-** ثُمَّ يَقُولُ: سَبْعِينَ بِسَبْعِمِائَةٍ لَا خَيْرَ لِمَنْ كَانَتْ ذُنُوبُهُ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِمِائَةٍ

پھر ستر مرتبہ پڑھنے کے بعد پڑھتے: اس کے لیے بھلائی نہیں جس کے گناہ ایک دن میں سات سو سے زیادہ ہوں۔

**8073-** ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ النَّاسَ بِوَجْهِهِ وَكَانَ يُعْجِبُهُ الرُّؤْيَا فَيَقُولُ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا؟ قَالَ ابْنُ زِمْلٍ: فَقُلْتُ: أَنَا يَا نَبِيَّ اللهِ، قَالَ: خَيْرًا تَلَقَّاهُ، وَشَرًّا تَوَقَّاهُ، وَخَيْرًا لَنَا وَشَرًّا عَلَى أَعْدَائِنَا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اقْصُصْ رُؤْيَاكَ. فَقُلْتُ: رَأَيْتُ جَمِيعَ النَّاسِ عَلَى طَرِيقٍ رَحْبٍ سَهْلٍ لَاحِبٍ، وَالنَّاسُ عَلَى الْجَادَّةِ مُنْطَلِقِينَ، فَبَيْنَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ أَشْفَى ذَلِكَ الطَّرِيقُ عَلَى مَرْجٍ لَمْ تَرَ

پھر لوگوں کی طرف چہرہ مبارک کرتے، خواب آپ کو بہت خوش لگتے تھے فرماتے: کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ابن زمل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے دیکھا ہے۔ فرمایا: تُو بھلائی سے ملے اور بُرائی سے بچ جائے بھلائی ہمارا حصہ ہے اور بُرائی کا وبال ہمارے دشمنوں پر ہے تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں اپنا خواب بیان کیجئے! میں نے عرض کی: میں نے دیکھا کہ تمام لوگ ایک کھلے نرم راستے پر ہیں اور کچھ لوگ پختہ راستے پہ چل رہے ہیں وہ لوگ اسی حال پر ہیں کہ اچانک



---

جلد 1 صفحہ 479-481 بطوله ولم يسمع أيضًا . وقال ابن حبان (في ثقاته جلد 3 صفحہ 235) عبد الله بن زمل له صحبة لكن لا أعتمد على اسناد خبره . قلت: تفرد برواية حديثه سليمان بن عطاء القرشي الحراني عن مسلمة بن عبد الله الجهني انتهى في غريب الحديث ثم أكبوا رواحلهم .

عَيْنَايَ مِثْلَهُ يَرِفُّ رَفِيفًا، وَيَقْطُرُ نَدَاهُ فِيهِ مِنْ أَنْوَاعِ الْكَلَأ، وَكَأَنِّي بِالرَّعْلَةِ الْأُولَى حَتَّى أَشْفَوْا عَلَى الْمَرْجِ كَبَّرُوا، ثُمَّ رَكِبُوا رَوَاحِلَهُمْ فِي الطَّرِيقِ، فَمِنْهُمُ الْمُرْتِعُ، وَمِنْهُمُ الْآخِذُ الضِّغْثَ، وَمَضَوْا عَلَى ذَلِكَ .قَالَ: ثُمَّ قَدِمَ عِظَمُ النَّاسِ، فَلَمَّا أَشْفَوْا عَلَى الْمَرْجِ كَبَّرُوا، فَقَالُوا: خَيْرُ الْمَنْزِلِ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَمِيلُونَ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ لَزِمْتُ الطَّرِيقَ حَتَّى آتِي أَقْصَى الْمَرْجِ، فَإِذَا أَنَا بِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَى مِنْبَرٍ فِيهِ سَبْعُ دَرَجَاتٍ، وَأَنْتَ فِي أَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَإِذَا عَنْ يَمِينِكَ رَجُلٌ آدَمُ شَثْلٌ أَقْنَى، إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ يَسْمُو، فَيَفْرُعُ الرِّجَالَ طُولًا، وَإِذَا عَنْ يَسَارِكَ رَجُلٌ تَارٌّ رِبْعَةٌ أَحْمَرُ كَثِيرُ خَيْلَانِ الْوَجْهِ، كَأَنَّمَا حُمِّمَ شَعْرُهُ بِالْمَاءِ، إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ أَصْغَيْتُمْ لَهُ إِكْرَامًا، وَإِذَا أَمَامَكَ شَيْخٌ أَشْبَهُ النَّاسِ بِكَ خَلْقًا وَوَجْهًا كُلُّكُمْ تَؤُمُّونَهُ تُرِيدُونَهُ، وَإِذَا أَمَامَ ذَلِكَ نَاقَةٌ عَجْفَاءُ شَارِفٌ، وَإِذَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَأَنَّكَ تَتَّقِيهَا، قَالَ: فَانْتَقَعَ لَوْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: أَمَّا مَا رَأَيْتَ مِنَ الطَّرِيقِ السَّهْلِ الرَّحْبِ اللَّاحِبِ، فَذَلِكَ مَا حُمِّلْتُمْ عَلَيْهِ مِنَ الْهُدَى وَأَنْتُمْ عَلَيْهِ، وَأَمَّا الْمَرْجُ الَّذِي رَأَيْتَ، فَالدُّنْيَا وَغُضَارَةُ عَيْشِهَا مَضَيْتُ أَنَا وَأَصْحَابِي لَمْ

وہ راستہ رات کے آخری حصے میں ایک کھلی چراگاہ پر پہنچ گیا' اس کی مثل میری آنکھوں نے کوئی چیز نہ دیکھی تھی' پرندوں کے پروں کی آواز آ رہی تھی' اس میں شبنم گر رہی تھی' قسم قسم کی گھاس تھی' گویا میں ہراول دستہ یعنی پیش رو جماعت میں تھا یہاں تک کہ سارے اس چراگاہ پر پہنچ گئے' اُنہوں نے تکبیر کہی اور اپنی سواریوں کو راستے پر لگایا' ان میں سے کچھ چرنے والے کچھ لینے والے' مُٹھا بنانے والے تھے' اسی حال میں کہ وہ اس پر سے گزر گئے۔ کہتے ہیں: پھر بڑے بڑے لوگ آئے' جب چراگاہ پر پہنچے تو اللہ اکبر کہا' اور کہا کہ بہترین مقام ہے' گویا میں ان سب کو دیکھ رہا ہوں کہ کوئی دائیں جا رہا ہے' کوئی بائیں۔ جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے بھی راستہ پکڑ لیا' حتیٰ کہ میں چراگاہ کے آخر تک آیا۔ اچانک میں آپ کے ساتھ ہوں' اے اللہ کے رسول! ایک منبر پر جس کی سات سیڑھیاں ہیں اور آپ سب سے اوپر والی سیڑھی پر ہیں' آپ کی دائیں جانب ایک آدمی گندم گوں' سنجیدہ' بلند بینی والے تھے' اس نے گفتگو کی' پس لوگ فارغ ہوئے جاتے ہیں لمبائی میں' آپ کی بائیں جانب بھی ایک آدمی ہے بھرا جسم' درمیانہ قد' سرخ رنگ' بارعب' گویا اس کے ہاں پانی سے دھو کر چمٹا دیئے گئے ہیں' وہ کلام کرتا ہے اور اس کے اکرام میں تم سب غور سے سنتے ہو' آپ کے سامنے ایک بزرگ ہے تمام لوگوں سے زیادہ چہرے اور شکل کے لحاظ سے آپ کی طرح ہے' تم سب لوگ اسی کا ارادہ کرتے ہو اور اسے چاہتے ہو۔ اس کے سامنے ایک کمزوری اونٹنی ہے اور اے

**8388-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، لَأَنْتَ قَتَلْتَهُ؟ قُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ لَأَنَا قَتَلْتُهُ، فَاسْتَخَفَّهُ الْفَرَحُ، فَقَالَ: مُرَّ أَرِنِيهِ فَانْطَلَقْتُ بِهِ حَتَّى وَقَفْتُ بِهِ عَلَى رَأْسِهِ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَخْزَاكَ، هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، جُرُّوهُ إِلَى الْقَلِيبِ قَالَ: وَقَدْ كُنْتُ ضَرَبْتُهُ بِسَيْفِي فَلَمْ يَحُكَّ فِيهِ، فَأَخَذْتُ سَيْفَهُ فَضَرَبْتُهُ بِهِ حَتَّى قَتَلْتُهُ، فَنَفَّلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَهُ

حضرت ابواسحاق' حضرت ابوعبیدہ سے اور وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: بدر کے دن میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: بے شک میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے' قسم اس اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! تو نے قتل کر دیا ہے؟ میں نے عرض کی: قسم اس اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! میں نے اسے قتل کیا ہے۔ پس آپ بہت خوش ہوئے' فرمایا: چلو! مجھے دکھاؤ۔ پس میں آپ کے ساتھ چلا حتیٰ کہ میں آپ ﷺ کے ساتھ اس کے سر پر جا کھڑا ہوا۔ فرمایا: شکر اس خدا کا جس نے تجھے (اے ابوجہل!) رسوا کیا' یہ اس اُمت کا فرعون تھا' اسے گھسیٹ کر کنویں کی طرف لاؤ۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: پہلے میں نیا سے اپنی تلوار سے مارا لیکن اس نے اس میں کوئی اثر نہ دکھایا تو میں نے اس کی تلوار پکڑ کر اس کو اس کی تلوار سے مارا یہاں تک کہ میں نے اسے قتل کر دیا۔ رسول کریم ﷺ نے مجھے مالِ غنیمت کے طور پر اس کی تلوار دی۔

---

8388- ورواه أحمد رقم الحديث: 4247,4246,3856,3824' وأبو داؤد رقم الحديث: 2705 مختصرًا' قال في المجمع جلد6صفحه79 رواه أحمد والبزار واختصار وهو من رواية أبي عبيدة عن أبيه ولم يسمع منه وبقية رجال أحمد رجال الصحيح .

**8389-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْمُقَدَّمِيّ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى أَبِي جَهْلٍ وَهُوَ صَرِيعٌ وَعَلَيْهِ بَيْضَتُهُ وَمَعَهُ سَيْفٌ جَيِّدٌ، وَمَعِي سَيْفٌ رَدِيءٌ، فَجَعَلْتُ أَنْقُفُ رَأْسَهُ بِسَيْفِي وَأَذْكُرُ نَقْفًا كَانَ يَنْقُفُ رَأْسِي بِمَكَّةَ حَتَّى ضَعُفَتْ يَدُهُ، فَأَخَذْتُ سَيْفَهُ فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: عَلَى مَنْ كَانَتِ الدَّبْرَةُ لَنَا أَوْ عَلَيْنَا، أَلَسْتَ رُوَيْعِينَا بِمَكَّةَ؟ فَقَتَلْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، فَقَالَ: اللهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ فَاسْتَحْلَفَنِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَامَ مَعِي إِلَيْهِمْ، فَدَعَا عَلَيْهِمْ

حضرت ابوعبیدہ' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: میں ابوجہل تک پہنچا اس حال میں کہ وہ گرا ہوا تھا' اس پر اس کی ڈھال تھی اور اس کے پاس عمدہ قسم کی تلوار بھی تھی جبکہ میرے پاس ردی قسم کی تلوار تھی' پس میں نے اپنی تلوار سے اس کے سر پر مارنا شروع کیا اور ساتھ ہی میں نے یاد کیا کہ مکہ میں یہ میرے سر پر مارتا تھا یہاں تک کہ اس کا ہاتھ کمزور پڑ گیا (جس میں تلوار تھی) میں نے اس کی تلوار پکڑ لی تو اس نے سر اُٹھایا' کہا: کیا تو مکہ میں ہمارا چرواہا نہ تھا؟ میں نے اسے قتل کیا پھر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ کے دشمن کو جس کے سوا کوئی معبود نہیں' پس آپ نے تین بار مجھ سے حلف لیا' پھر میرے ساتھ اُٹھ کر ان کی طرف گئے اور ان کے خلاف دعا کی۔

**8390-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: لَمَّا هَزَمَ اللهُ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ بَدْرٍ مَرَرْتُ، فَإِذَا أَبُو جَهْلٍ صَرِيعٌ قَدْ ضُرِبَتْ رِجْلُهُ، فَقُلْتُ: يَا عَدُوَّ اللهِ، يَا أَبَا جَهْلٍ، قَدْ أَخْزَى اللهُ الْآخَرَ، قَالَ: وَلَا أَهَابُهُ، عِنْدَ ذَلِكَ قَالَ: أَبْعِدْ عَنْ رَجُلٍ قَتَلَهُ قَوْمُهُ، فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفٍ لِي غَيْرِ طَائِلٍ، فَلَمْ يُغْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جب مشرکین کو بدر کے دن اللہ نے شکست دی تو میں گزرا' اچانک ابوجہل گرا ہوا تھا' اس کی ٹانگ کاٹ دی گئی تھی۔ میں نے کہا: اے اللہ کے دشمن! اے ابوجہل! آخر اللہ نے رسوا کر ہی دیا۔ فرماتے ہیں: اس وقت مجھے کوئی ڈر نہیں لگا۔ اس نے کہا: اس آدمی سے دُور ہو جا! جس کو اس کی قوم نے مار دیا ہے۔ پس میں نے اس کو اپنی تلوار ماری جو زیادہ لمبی نہ تھی لیکن کوئی فائدہ مجھے نہیں ہوا یہاں تک کہ اس کے ہاتھ سے اس کی تلوار گر گئی' میں نے وہ پکڑ کر اسے

---

8389- ورواه البيهقي في الدلائل جلد2صفحه 361 من طريق محمد ابن أبي بكر به .

عَنِّي شَيْئًا حَتَّى سَقَطَ سَيْفُهُ مِنْ يَدِهِ، فَأَخَذْتُهُ فَضَرَبْتُهُ حَتَّى بَرَدَ، ثُمَّ جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْتَدُّ لِأَنْ آتِي أَسْرَعَ خَلْقِ اللّٰهِ شَدًّا، حَتَّى جِئْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ قَدْ قَتَلَ اللّٰهُ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ فَقُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ قَتَلْتُهُ، قَالَ: كَيْفَ؟ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ كَيْفَ كَانَ الْحَدِيثُ وَكَيْفَ وَجَدْتُهُ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ قَتَلْتُهُ، فَكَبَّرَ، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ ثُمَّ انْطَلَقَ حَتَّى آتَاهُ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

مارا حتیٰ کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا' پھر میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا' یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! میں نے اس کو قتل کر دیا ہے۔ فرمایا: کیسے؟ پس میں نے آپ ﷺ کے سامنے ساری بات کی جیسے ہوئی تھی اور میں نے کیسے اس کو پایا۔ فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں؟ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں' میں نے اسے قتل کیا' پس آپ نے اللہ اکبر کہا' پھر کہا: شکر ہے اللہ کا جس نے اپنا وعدہ سچا کر کے دکھایا اور اپنے بندہ کی مدد کی' پھر آپ ﷺ چلے یہاں تک کہ اس کے پاس آئے' پھر فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

**8391**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَدْ قَتَلَ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَأَعَزَّ دِينَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! ابوجہل کو قتل کر دیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا' اپنے بندہ کی مدد کی اور اپنے دین کو عزت دی۔

**8392**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

8392- ورواه البيهقي في الدلائل جلد2صفحه261-262 من طريق أبي اسحاق به .

التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَأْسِ أَبِي جَهْلٍ، فَقُلْتُ: هَذَا رَأْسُ أَبِي جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ؟ وَهَكَذَا كَانَتْ يَمِينُهُ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، إِنَّ هَذَا رَأْسُ أَبِي جَهْلٍ، فَقَالَ: هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

حضورﷺ کے پاس ابوجہل کا سر لے کر آیا۔ میں نے عرض کی: یہ ابوجہل کا سر ہے۔ آپﷺ نے فرمایا: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے؟ اس طرح قسم اُٹھائی' میں نے عرض کی: اللہ کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' یہ ابوجہل کا سر ہے۔ آپﷺ نے فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

**8393**- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الْمُعَافَى مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي تَمْلَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَدْرَكْتُ أَبَا جَهْلٍ يَوْمَ بَدْرٍ صَرِيعًا، فَقُلْتُ: أَيْ عَدُوَّ اللّٰهِ قَدْ أَخْزَاكَ اللّٰهُ، قَالَ: وَبِمَا أَخْزَانِي اللّٰهُ مِنْ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوهُ، وَمَعِي سَيْفٌ لِي فَجَعَلْتُ أَضْرِبُهُ وَلَا يَحِيكُ فِيهِ، وَمَعَهُ سَيْفٌ لَهُ جَيِّدٌ فَضَرَبْتُ يَدَهُ فَوَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهِ، فَأَخَذْتُهُ ثُمَّ كَشَفْتُ الْمِغْفَرَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: بدر کے دن میں نے ابوجہل کو گرا ہوا پایا تو میں نے اسے مخاطب کر کے کہا: اے اللہ کے دشمن! اللہ نے تجھے رسوا کیا۔ اس نے جواب دیا: اس چیز کے ساتھ مجھے اللہ نے روا کیا کہ تم نے ایک آدمی کو قتل کر دیا۔ میرے پاس) میری تلوار تھی' میں نے اسے مارنا شروع کیا لیکن وہ اس پر اثر نہیں کر رہی تھی' اس کے پاس عمدہ تلوار تھی' میں نے اس کے ہاتھ پر ضرب لگائی تو تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی' پس میں نے وہ تلوار پکڑ لی' پھر میں نے اس کے سر سے خول اُتارا اور اس کی گردن مار دی۔ پھر میں رسول کریمﷺ کی خدمت میں آیا اور آپ کو بتایا تو

---

8393- قال في المجمع جلد 6صفحه79' ورجاله رجال الصحيح غير محمد بن وهب ابن أبي كريمة وهو ثقة . قلت: ورواه البزار جلد 1 صفحه288 حدثنا محمد بن يحيى القطعي ثنا أبو داؤد ثنا أبو الأحوص عن أبي اسحاق عن عمرو بن ميمون عن عبد الله قال: لما قتلت أبا جهل أتيت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال: هذا فرعون هذه الأمة .

عَنْ رَأْسِهِ فَضَرَبْتُ عُنُقَهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ قُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، قَالَ: انْطَلِقْ فَاسْتَثْبِتْ فَانْطَلَقْتُ، فَأَنَا أَسْعَى مِثْلَ الطَّائِرِ، ثُمَّ رَجَعْتُ، وَأَنَا أَسْعَى مِثْلَ الطَّائِرِ أَضْحَكُ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَانْطَلِقْ فَأَرِنِي فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَأَرَيْتُهُ، فَلَمَّا وَقَفَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ هَكَذَا رَوَاهُ زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ وَتَابَعَهُ أَبُو وَكِيعٍ

آپ ﷺ نے فرمایا: قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں (واقعی)؟ میں نے عرض کی: قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ فرمایا: چلو! یقین کرو میں چلا' میں پرندے کی مانند دوڑ رہا تھا' پھر میں لوٹا اور پرندے کی طرف دوڑ رہا تھا اور ہنس رہا تھا تو میں نے آپ کو بتایا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: چلو! مجھے دکھاؤ۔ میں آپ کے ساتھ چل کر گیا اور آپ ﷺ کو دکھایا' جب رسول کریم ﷺ اس پر کھڑے ہوئے تو فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔ اسی طرح اس حدیث کو حضرت زید بن اُنیسہ نے روایت کیا' اُنہوں نے ابواسحاق سے' اُنہوں نے عمر بن میمون سے روایت کیا اور ابووکیع نے ان کی متابعت کی۔

8394- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ التَّوزِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا أَبُو وَكِيعٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ عَلَى أَبِي جَهْلٍ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ صَرِيعٌ فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفٍ كَانَ مَعِي كَلِيلٍ، فَبَدَرَ سَيْفُهُ مِنْ يَدِهِ فَأَخَذْتُهُ فَقَتَلْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ حَارٍّ كَأَنَّمَا أُقِلُّ مِنَ الْأَرْضِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ قَتَلَ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ؟ قُلْتُ: اللّٰهِ، حَتَّى حَلَّفَنِي ثَلَاثًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْطَلِقْ فَأَرِنِيهِ فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِ قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بدر کے دن میں ابوجہل کے پاس اس حال میں آیا کہ وہ گرا ہوا تھا' میں نے اسے اپنی تلوار سے مارا جو کند تلوار میرے پاس تھی تو اس کی تلوار اسکے ہاتھ سے گر پڑی' میں نے اس کی تلوار پکڑ کر اسے قتل کر دیا' پھر میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں گرمی کے دن میں آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے ابوجہل کو مار دیا ہے۔ فرمایا: اللہ کی قسم! (واقعی)؟ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! (جی ہاں!) یہاں تک کہ آپ ﷺ نے مجھ سے تین بار حلف لیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: چلو! مجھے دکھاؤ۔ میں اس کی طرف چلا' پس جب آپ ﷺ نے اس کو دیکھا تو فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

هَذَا كَانَ فِرْعَوْنَ هَذِهِ الْأُمَّةِ

**8395-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، ثنا أَبُو الْمَلِيحِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دُفِعْتُ يَوْمَ بَدْرٍ إِلَى أَبِي جَهْلٍ وَقَدْ أُقْعِدْتُ فَأَخَذْتُ سَيْفَهُ فَضَرَبْتُ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: رُوَيْعِينَا بِمَكَّةَ، فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفِهِ حَتَّى بَرَدَ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، فَقَالَ عَقِيلٌ وَهُوَ أَسِيرٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبْتَ مَا قَتَلْتَهُ، قَالَ: قُلْتُ: بَلْ أَنْتَ الْكَذَّابُ الْآثِمُ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ قَدْ وَاللّٰهِ قَتَلْتُهُ، قَالَ: فَمَا عَلَامَتُهُ؟ قُلْتُ: بِفَخِذِهِ حَلْقَةٌ كَحَلْقَةِ الْجَمَلِ الْمُلْحِقِ. قَالَ: صَدَقْتَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: مجھے ابوجہل کی طرف بدر کے دن بھیجا گیا جبکہ مجھے بٹھایا گیا تھا' میں نے اس کی تلوار پکڑ کر اسی کے ساتھ اس کا سر مار دیا۔ اس نے کہا: تُو مکہ میں ہمارا چرواہا تھا۔ پس میں نے اس کی تلوار سے اس کو مارا یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا' پھر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود عقیل نامی ایک قیدی نے کہا: تُو نے جھوٹ بولا' تُو نے اسے قتل نہیں کیا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: بلکہ تُو بہت جھوٹا اور گناہ گار ہے' اے اللہ کے دشمن! تحقیق قسم بخدا! میں نے اسے قتل کیا ہے۔ اس نے کہا: اسکی نشانی؟ میں نے کہا: اس کی ران میں ایک دائرہ تھا جیسے اونٹ کا دائرہ ہوتا ہے' اس نے کہا: تُو نے سچ کہا۔

**8396-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: إِنَّا لَجُلُوسٌ عِنْدَ عُمَرَ إِذْ جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ يَكَادُ الْجُلُوسُ يُوَازِنُهُ مِنْ قِصَرِهِ، فَضَحِكَ عُمَرُ

حضرت زید بن وہب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے تو قد چھوٹا ہونے کی وجہ سے وہ بیٹھنے والوں کے برابر لگتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ہنسی آ گئی جب ان کو دیکھا۔ راوی

---

8395- ورواه البزار جلد1صفحه356' وقال: لا نعلم روى أبو المليح عن عبد الرحمٰن عن أبيه الا هذا . وقال فى المجمع جلد6صفحه79' وفيه أبو بكر الهذلى وهو ضعيف .

8396- ورواه أبو نعيم فى الحلية جلد1صفحه129' قال فى المجمع جلد9صفحه291' ورجاله رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد3صفحه318' وصححه على الشرط الشيخين ووافقه الذهبى .

حِينَ رَآهُ، قَالَ: فَجَعَلَ يُكَلِّمُ عُمَرَ وَيُضَاحِكُهُ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَيْهِ، ثُمَّ وَلَّى فَأَتْبَعَهُ عُمَرُ بَصَرَهُ حَتَّى تَوَارَى، فَقَالَ: كُنَيْفٌ مُلِءَ فِقْهًا

کا بیان ہے: پس وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے باتیں کرنے لگے' دونوں ایک دوسرے سے ہنس رہے تھے جبکہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے تھے' پھر واپس ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے آنکھوں سے اوجھل ہونے تک ان کے پیچھے دیکھتے رہے' فرمایا: فقہ سے بھرا ہوا تھیلا ہے۔

**8397**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: كَتَبَ عُمَرُ إِلَى أَهْلِ الْكُوفَةِ: إِنِّي قَدْ بَعَثْتُ عَمَّارًا أَمِيرًا، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ مُعَلِّمًا وَوَزِيرًا، وَهُمَا مِنَ النُّجَبَاءِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ، وَأُحُدٍ، فَاقْتَدُوا بِهِمَا، وَاسْمَعُوا مِنْ قَوْلِهِمَا، وَقَدْ آثَرْتُكُمْ بِعَبْدِ اللّٰهِ عَلَى نَفْسِي

حضرت حارثہ بن مضرب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوفہ والوں کی طرف خط لکھا: میں حضرت عمار کو امیر اور استاد اور وزیر بنا کر بھیج رہا ہوں' دونوں حضور ﷺ کے اصحاب کے نجباء میں سے ہیں' بدر و اُحد میں شریک ہونے والے ہیں' دونوں کی اقتداء کرو' دونوں کی بات سنو' میں تم کو اپنے اوپر عبداللہ کے ساتھ ترجیح دے رہا ہوں۔

**8398**- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَفُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ: أُتِيَ فِي فَرِيضَةِ ابْنَيْ عَمٍّ، أَحَدُهُمَا أَخٌ لِأُمٍّ، فَقَالُوا: أَعْطَاهُ ابْنُ مَسْعُودٍ الْمَالَ كُلَّهُ، فَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ ابْنَ مَسْعُودٍ إِنْ كَانَ لَفَقِيهًا، لَكِنِّي أُعْطِيهِ سَهْمَ الْأَخِ مِنَ الْأُمِّ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ، ثُمَّ أَقْسِمُ الْمَالَ بَيْنَهُمَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے چچا کے دو بیٹوں کے متعلق وراثت کا مسئلہ آیا' ان میں سے ایک اخیافی بھائی تھا' انہوں نے کہا: عبداللہ بن مسعود نے اس کو سب مال دیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ ابن مسعود پر رحم کرے! اگرچہ وہ فقیہ ہو' لیکن اخیافی بھائی کو حصہ دینا تھا ماں کی طرف سے' پھر میں تو ان دونوں کے درمیان مال تقسیم کرتا۔

---

8397- قال في المجمع جلد9صفحه291' ورجاله رجال الصحيح غير حارثة وهو ثقة .

8398- قال في المجمع جلد4صفحه228' وفيه الحارث وهو ضعيف وقد وثق .

## بَابٌ

**8399-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا مَعَ حُذَيْفَةَ، فَأَقْبَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: إِنَّ أَشْبَهَ النَّاسِ هَدْيًا، وَدَلًّا وَقَصْدًا وَخُطْبَةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتَّى يَرْجِعَ، وَلَا أَدْرِي مَا يَصْنَعُ فِي أَهْلِهِ لَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

**8400-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ أَقْرَبُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

**8401-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ

## باب

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آئے' حذیفہ نے کہا: لوگوں میں سب سے زیادہ راہنمائی' دلالت' ارادہ اور خطبہ کے لحاظ سے رسول کریم ﷺ کے مشابہ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس لوٹنے تک حضرت عبداللہ ہیں' لیکن میں نہیں جانتا کہ وہ اپنے گھر میں کیا کرتے ہیں' قسم بخدا! اصحابِ محمد ﷺ میں سے محظوظ ہونے والے جانتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قیامت کے دن' وسیلہ کے اعتبار سے سب سے قریب ہوں گے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب محظوظون جانتے ہیں کہ ابن اُم عبد سے زیادہ قریب ہوں گے قیامت کے دن وسیلہ کے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں علم سے محظوظ ہوتے ہیں کہ

---

8399- ورواه أحمد جلد5صفحه395' والحاكم جلد3صفحه315' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . ورواه أبو نعيم فى الحلية جلد1صفحه126-127' وأبو داؤد الطيالسى رقم الحديث:5263 .

8401- رواه أحمد جلد5صفحه395' والبزار جلد1صفحه282 .

الْمِنْهَالِ، ثنا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَقْرَبِهِمْ إِلَى اللّٰهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ قیامت کے دن اللہ کے ہاں وسیلہ کے لحاظ سے قریب ہوں گے۔

**8402**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا هُشَيْمٌ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ حُذَيْفَةُ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ مِنْ أَقْرَبِهِمْ إِلَى اللّٰهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے اصحاب میں علم سے محظوظ ہوتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ اللہ کے ہاں وسیلہ کے لحاظ سے قریب ہوں گے۔

**8403**- قَالَ: وَقَالَ: إِنَّ فِيكُمْ لَمَنْ أَشْبَهُ النَّاسِ دَلًّا وَخُلُقًا بِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى أَنْ يَرْجِعَ إِلَيْهِ، قَالَ: قِيلَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ

اور فرمایا: تم میں راہنمائی اور اخلاق کے لحاظ سے نبیﷺ کے زیادہ قریبی لوگ جس وقت آپ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس آنے تک، عرض کی گئی: کون ہے؟ فرمایا: ابن اُم عبد۔

**8404**- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا جَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَشْبَهَ دَلًّا وَلَا سَمْتًا وَلَا هَدْيًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ لَدُنْ، أَنْ يَخْرُجَ مِنْ دَارِهِ إِلَى أَنْ يَئُوبَ إِلَيْهَا مِنْ هَذَا -يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ -وَلَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایسا آدمی نہیں دیکھا ہے جو رہنمائی اور اخلاق اور ہدیہ کے لحاظ سے رسول اللہﷺ کے مشابہ ہو آج تک کہ وہ اپنے گھر سے واپس آنے تک وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں، حضورﷺ کے اصحاب علم سے محظوظ ہوتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ کے ہاں قیامت کے دن وسیلہ کے لحاظ سے قریب ہوں گے۔

8402,8403- ما بين المعكوفين من رواية فاطمة كما في هامش نسخة الظاهرية .

أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

**8405-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ فَمَرَّ ابْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو مُوسَى فَكَرِهَ حُذَيْفَةَ أَنْ يَتْرُكَهُمَا، فَقَالَ: إِنَّ أَشْبَهَ النَّاسِ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى أَنْ يَرْجِعَ إِلَى أَهْلِهِ لَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَاللَّهُ أَعْلَمُ مَا يَصْنَعُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' حضرت ابن مسعود اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما گزرے' حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے ان کو چھوڑنا ناپسند کیا' فرمایا: لوگوں میں بعد کے زمانہ میں اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر اپنے گھر واپس آنے تک عبداللہ بن مسعود اللہ زیادہ جانتا ہے جو کرتے ہیں۔

**8406-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا أَبُو شَيْبَةَ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، ثنا زَائِدَةُ، ثنا أَبُو سِنَانٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ فَجَاءَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: إِنَّ أَشْبَهَ النَّاسِ هَدْيًا وَدَلًّا، وَقَضَاءً، وَخُطْبَةً بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى أَنْ يَرْجِعَ، وَلَا أَدْرِي مَا يَصْنَعُ فِي أَهْلِهِ لَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَاللَّهِ إِنَّ الْمَحْفُوظِينَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً

حضرت شقیق سے روایت ہے' فرماتے ہیں: میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تشریف لائے' حضرت حذیفہ نے کہا: لوگوں میں سب سے زیادہ راہنمائی' دلالت' ارادہ اور خطبہ کے لحاظ سے رسول کریم ﷺ کے مشابہ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس لوٹنے تک حضرت عبداللہ ہیں' لیکن میں نہیں جانتا کہ وہ اپنے گھر میں کیا کرتے ہیں' قسم بخدا! اصحاب محمد ﷺ میں سے محفوظ ہونے والے جانتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قیامت کے دن' وسیلہ کے اعتبار سے سب سے قریب ہوں گے۔

**8407-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم نے

---

8407- ورواه البخاری رقم الحدیث: 6097,2762' والترمذی رقم الحدیث: 3895 .

الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: أَخْبِرْنَا بِرَجُلٍ قَرِيبِ السَّمْتِ وَالْهَدْيِ وَالدَّلِّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَقْرَبُ هَدْيًا وَسَمْتًا وَدَلًّا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُوَارِي جِدَارُ بَيْتِهِ مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا: ہمیں ایسے آدمی کے متعلق بتائیں جو رسول اللہ ﷺ کے زیادہ قریب ہو ہدایت اور نماز کے لحاظ سے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کسی کے متعلق معلوم نہیں ہے کہ کوئی ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے زیادہ قریب ہو یہاں تک کہ اپنے گھر کی دیوار میں چھپا ہوا ہو عبداللہ بن مسعود سے۔

8408- وَقَالَ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ أَقْرَبُهُمْ إِلَى اللَّهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور فرمایا: حضور ﷺ کے اصحاب علم سے محظوظ ہوتے تھے کہ ابن مسعود اللہ کے ہاں قیامت کے دن وسیلہ کے لحاظ سے زیادہ قریب ہوں گے۔

8409- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ بِحِذَاءِ دَارِ عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَشْبَهُ دَلًّا وَلَا سَمْتًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَاحِبِ هَذِهِ الدَّارِ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ حَتَّى يَدْخُلَ مَنْزِلَهُ فَإِذَا تَوَارَى فَاللَّهُ أَعْلَمُ، لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً إِلَى اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت عبداللہ کے گھر کے پاس آئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے کہ کوئی ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے اس کے زیادہ قریب ہو اس گھر والے جس وقت اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اپنے گھر داخل ہونے تک اگر گھر کے اندر ہے تو اللہ زیادہ جانتا ہے حضور ﷺ کے محظوظ ہونے والے اصحاب جانتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ کے ہاں وسیلہ کے لحاظ سے ان سب سے زیادہ قریب ہوں گے قیامت کے دن۔

**8410**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَقْرَبِ النَّاسِ، شَبَهًا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيًا وَدَلًّا وَسَمْتًا؟ قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا تمہیں بتاؤں کہ لوگوں میں ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ قریب کون ہے؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا: عبداللہ۔

**8411**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاهِرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى أَشْبَهِ النَّاسِ هَدْيًا وَسَمْتًا وَنَحْوًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَخْرُجُ مِنْ مَنْزِلِهِ حَتَّى يَعُودَ فَلْيَنْظُرْ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کو پسند ہو کہ وہ ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ قریب ہو تو وہ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر داخل ہونے تک تو وہ عبداللہ بن مسعود کو دیکھ لے۔

**8412**- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ فَمَرَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: أَشْهَدُ أَنَّ خَيْرَكُمَا وَأَنَّ أَشْبَهَكُمَا هَدْيًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَلًّا لَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' حضرت عبداللہ بن مسعود اور ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما گزرے' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم دونوں میں سے بہتر' تم دونوں میں سے ہدایت و رہنمائی کے لحاظ سے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ مشابہ ہو' عبداللہ بن مسعود کے۔

---

8412- ما بين المعكوفين من نسخة احمد الثالث .

**8413-** وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ حُذَيْفَةَ، وَأَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ حَدِيثَ كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: لَا، فَقَالَ لَهُ الْآخَرُ: فَأَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ فَقَالَ: لَا، فَقَالَ: فَإِنَّ صَاحِبَ هَذَا الدَّارِ يَزْعُمُ أَنَّهُ سَمِعَهُ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: لَئِنْ فَعَلَ إِنْ كَانَ لَيَدْخُلُ إِذَا حُجِبْنَا، وَيَشْهَدُ إِذَا غِبْنَا قَالَ سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَعْنِي

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا' ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: کیا تم نے رسول اللہ ﷺ کو اس اس طرح فرماتے ہوئے سنا ہے؟ کہا: نہیں! دوسرے نے کہا: کیا آپ نے سنا ہے؟ اس نے کہا: نہیں! حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ گھر والا گمان کرتا ہے کہ سنا ہے۔ حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ضرور اگر اس نے کیا ہے تو وہ اس وقت داخل ہوتا ہو گا' جب ہم نہ ہوتے ہوں گے اور ہمارے غائب ہونے کی حالت میں حاضر ہوتا ہوگا۔ حضرت سلیمان اعمش نے کہا: عبداللہ بن مسعود مراد ہیں۔

**8414-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، قَالَ: قَالَ إِبْرَاهِيمُ: أَتَى عَبْدُ اللّٰهِ أَبَا مُوسَى فَتَحَدَّثَ عِنْدَهُ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَلَمَّا أُقِيمَتْ فَتَأَخَّرَ أَبُو مُوسَى، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يَتَقَدَّمَ صَاحِبُ الْبَيْتِ فَأَبَى أَبُو مُوسَى حَتَّى تَقَدَّمَ مَوْلًى لِأَحَدِهِمَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ان کے پاس حدیث بیان کی' تو نماز کا وقت ہو گیا' پس جب نماز کھڑی ہوئی تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے (مصلّٰی سے) تو حضرت عبداللہ نے ان سے کہا: آپ کو معلوم ہے کہ سنت طریقہ یہ ہے کہ گھر کا مالک امام ہو۔ پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے انکار کیا یہاں تک کہ دونوں میں سے کسی ایک کا مولیٰ آگے ہوا (اور نماز پڑھائی)۔

**8415-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابواحوص فرماتے ہیں: ہم حضرت ابوموسیٰ

---

8413- ومن طريقه رواه أبو نعيم في الحلية جلد1 صفحه126-127 .

8414- قال في المجمع جلد2 صفحه66' ورجاله رجال الصحيح . وقال: رجاله ثقات .

8415- ورواه مسلم رقم الحديث: 2461 .

حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا قُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ: كُنَّا فِي دَارِ أَبِي مُوسَى مَعَ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ يَنْظُرُونَ فِي مُصْحَفٍ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ أَبُو مَسْعُودٍ: مَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ بَعْدَهُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ هَذَا الْقَائِمِ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: أَمَا لَأَنْ قُلْتَ ذَاكَ، لَقَدْ كَانَ يَشْهَدُ إِذَا غِبْنَا، وَيُؤْذَنُ لَهُ إِذَا حُجِبْنَا

رضی اللہ عنہ کے گھر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں ایک گروہ کے ساتھ تھے جبکہ وہ ایک مصحف میں دیکھ رہے تھے (یا غور کر رہے تھے) پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اُٹھ کھڑے ہوئے تو حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نہیں جانتا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بعد کسی کو چھوڑا جو اللہ کی وحی کو اس کھڑے شخص سے زیادہ جانتا ہو۔ پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: بہرحال تُو نے یہ کہہ دیا' یقیناً یہ حاضر ہوتے تھے جبکہ ہم غائب۔ ان کو حاضری کی اجازت ملتی جبکہ ہمیں روک دیا گیا ہوتا۔

**8416**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: مَا أَرَى رَجُلًا أَعْلَمَ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: إِنْ يُقَلْ ذَاكَ فَإِنَّهُ كَانَ يَسْمَعُ حِينَ لَا يُسْمَعُ وَيَدْخُلُ حِينَ لَا يُدْخَلُ

حضرت عقبہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ سے بڑھ کر کوئی آدمی نہیں دیکھا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہونے والی وحی کو زیادہ جاننے والا ہو' پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر یہ کہا جائے تو سنا جاتا رہے گا' جب سننے والا نہ ہوگا اور داخل ہوگا جب داخل نہ ہوا جا سکے گا۔

**8417**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: أَتَيْتُ أَبَا

حضرت ابواحوص فرماتے ہیں: میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو وہاں ان کے پاس حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ موجود تھے' اس حال میں کہ وہ ایک مصحف میں دیکھ

---

8416- ورواه الحاكم جلد3صفحه316 من هذا الطريق' الا أنه لم يذكر أبا الأحوص في السند .

مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيُّ وَهُمْ يَنْظُرُونَ فِي مُصْحَفٍ فَتَحَدَّثْنَا سَاعَةً ثُمَّ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ: لَا وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ أَحَدًا أَعْلَمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنْ هَذَا الْقَائِمِ

رہے تھے' پس ہم نے ایک گھڑی گفتگو کی پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نکل کھڑے ہوئے۔ حضرت ابومسعود نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں جانتا کہ اس کھڑا ہونے والے آدمی سے زیادہ کتاب اللہ کو جاننے والا کوئی آدمی رسول کریم ﷺ نے پیچھے چھوڑا ہو۔

**8418-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّهُ: سَمِعَ أَبَا مُوسَى يَقُولُ: لَقَدْ قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِي مِنَ الْيَمَنِ، فَمَكَثْنَا حِينًا لَا نَرَى إِلَّا أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ دُخُولِهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرا بھائی یمن سے آئے' ہم کچھ دیر ٹھہرے' ہم دیکھتے تھے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے اہل بیت کے پاس آتے تھے۔

**8419-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَمَّالُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ رُسْتَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَرَى ابْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اہل بیت میں شمار کرتا تھا۔

**8420-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوعطیہ الوادعی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی

---

8418- ورواه الحاكم جلد 3صفحه314-315' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . مع أن البخاري رواه رقم الحديث: 4384,3763' ومسلم رقم الحديث: 2460 .

8420- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13895' والدارقطني جلد3صفحه173' ومن طريقه البيهقي جلد 7صفحه461'

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، كِلَاهُمَا، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ الْوَادِعِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى فَقَالَ: إِنَّ امْرَأَتِي حُبِسَ لَبَنُهَا فِي ثَدْيِهَا، فَجَعَلْتُ أَمُصُّهُ ثُمَّ أَمُجُّهُ فَدَخَلَ فِي بَطْنِي شَيْءٌ مِنْهُ، فَقَالَ: حُرِّمَتْ عَلَيْكَ فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ قَالَ أَبُو عَطِيَّةَ: فَقَامَ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَقَالَ: ارْضَعْ ثَدْيِ هَذَا، فَإِنَّمَا الرَّضَاعُ مَا أَنْبَتَ اللَّحْمَ وَالدَّمَ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ مَا دَامَ هَذَا الْحَبْرُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: میری عورت کے پستان میں دودھ رُک گیا' میں نے پستان منہ میں ڈال کر اس کو چوسا اور نکال پھینکا' میرے پیٹ میں اس سے کچھ داخل ہوگیا۔ کسی نے کہا کہ وہ عورت تیرے اوپر حرام ہوگئی۔ وہ آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' حضرت ابوعطیہ نے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہوئے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس پستان سے پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے جب گوشت اور خون بنے' حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: جب تک یہ بڑا عالم تمہارے درمیان موجود ہے' مجھ سے کوئی مسئلہ نہ پوچھو۔

8421- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ، أَنَّ أَبَا مُوسَى، أَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ امْرَأَتَهُ وَرِمَ ثَدْيُهَا فَجَعَلَ يَمُصُّهُ وَيَمُجُّهُ فَدَخَلَ بَطْنَهُ، فَقَالَ: لَا أُرَاهَا تَصْلُحُ لَهُ، فَأَتَى ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَأَلَهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ: لَمْ تُحَرَّمْ عَلَيْكَ، إِنَّمَا يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا أَنْبَتَ اللَّحْمَ وَشَدَّ

حضرت ابوعطیہ الوادعی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے کہا: اس کی عورت کے پستان میں ورم آ گیا تھا' اس نے پستان منہ میں ڈال کر اس کو چوسا اور باہر نکال دیا' کچھ اس کے پیٹ میں داخل ہوگیا۔ میں نے کہا کہ وہ عورت میرے اوپر حرام ہوگئی۔ وہ آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس بارے سوال کیا۔ حضرت ابوعطیہ نے فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ عورت تیرے اوپر

---

ورواه مالك جلد 2 صفحه 45 عن يحيى بن سعيد مرسلًا ومن طريقه البيهقي جلد 7 صفحه 460-461' ورواه أحمد رقم الحديث: 4114' وأبو داؤد رقم الحديث: 2045 من طريق آخر فيه مجهولان . ورواه الدارقطني جلد 4 صفحه 172' ومن طريقه البيهقي جلد 7 صفحه 462' ورواه سعيد بن منصور رقم الحديث: 987,975 من طريقين آخرين . والحافظ الهيثمي لم يذكر هذه الرواية .

الْعَظْمَ، وَلَا رَضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ ، فَقِيلَ لِأَبِي مُوسَى فَقَالَ: لَا تَسْأَلُونَا عَنْ شَيْءٍ مَا قَامَ هَذَا الْحَبْرُ بَيْنَ أَظْهُرِنَا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حرام نہیں ہوئی اس پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے جب گوشت اور خون بنے اور ایک بار دودھ چھڑانے کے بعد حرمت رضاعت نہیں ہے پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بات بتائی گئی تو حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: جب تک یہ بڑا عالم تمہارے درمیان موجود ہے مجھ سے کوئی مسئلہ نہ پوچھو۔

**8422**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ: (اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ) (آل عمران: **102**) ، قَالَ: أَنْ يُطَاعَ وَلَا يُعْصَى، وَيُذْكَرَ وَلَا يُنْسَى، وَيُشْكَرَ وَلَا يُكْفَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت: ''اللہ سے ڈرو جس طرح ڈرنے کا حق ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد اللہ کی اطاعت کرنا' اور نافرمانی نہ کرنا' اس کا ذکر کرنا اور نہ بھولنا' اس کا شکر کرنا اور ناشکری نہ کرنا۔

**8423**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ) (آل عمران:**102** ) ، قَالَ: أَنْ يُطَاعَ وَلَا يُعْصَى، وَأَنْ يُشْكَرَ وَلَا يُكْفَرَ، وَأَنْ يُذْكَرَ، وَلَا يُنْسَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت: ''اللہ سے ڈرو جس طرح ڈرنے کا حق ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد اللہ کی اطاعت کرنا' اور نافرمانی نہ کرنا' اس کا ذکر کرنا اور اسے نہ بھولنا' اس کا شکر کرنا اور نافرمانی نہ کرنا۔

**8424**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ فِي قَوْلِهِ: (وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ) (البقرة:**177** ) ، قَالَ: قَالَ ابْنُ

حضرت مرۂ اللہ کے ارشاد: ''اللہ کی محبت میں مال دیتے ہیں'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی محبت میں دینے سے مراد یہ ہے کہ تندرستی وخوشی سے دینا جبکہ زندہ رہنے کی اُمید موجود بھی ہو

8422- قال في المجمع جلد6صفحه326 رواه الطبراني باسنادين رجال احدهما رجال الصحيح' والآخر ضعيف .

8424- قال في المجمع جلد6صفحه316' ورجاله رجال الصحيح .

مَسْعُودٍ: أَنْ تُؤْتِيَهُ، وَأَنْتَ صَحِيحٌ شَحِيحٌ تَأْمُلُ الْعَيْشَ، وَتَخْشَى الْفَقْرَ

اور محتاجی کا خوف بھی ہو۔

8425- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، قَالَ: قَالَ زِرٌّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: الْكَبَائِرُ مَا بَيْنَ أَوَّلِ سُورَةِ النِّسَاءِ إِلَى رَأْسِ الثَّلَاثِينَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کبیرہ گناہ کا ذکر سورۂ نساء کے شروع سے لے کر تیس آیتوں تک ہے۔

8426- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: يَا حَبَّذَا الْمَكْرُوهَانِ: الْمَوْتُ وَالْفَقْرُ، وَايْمُ اللّٰهِ أَلَا إِنَّ الْغِنَى وَالْفَقْرَ وَمَا أُبَالِي بِأَيِّهِمَا ابْتُلِيتُ، إِنْ كَانَ الْغِنَى إِنَّ فِيهِ لِلْعَطْفِ، وَإِنْ كَانَ الْفَقْرُ إِنَّ فِيهِ لِلصَّبْرِ

حضرت قیس بن حبتر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہائے کتنی بُری ہیں دو تکلیف دِہ چیزیں! موت اور محتاجی' اللہ کی قسم! مال داری ہو یا محتاجی ہو' مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے' ان دونوں میں سے مجھے کس میں مبتلا کیا گیا ہے' اگر مال داری ہے تو اس میں مہربانی ہے' اگر محتاجی بھی ہے تو اس میں صبر ہے۔

8427- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، قَالَ: كُنَّا إِذَا سَمِعْنَا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، شَيْئًا نَكْرَهُهُ سَكَتْنَا حَتَّى يُفَسِّرَهُ لَنَا، فَقَالَ لَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ذَاتَ يَوْمٍ: إِنَّ السَّقَمَ لَا يُكْتَبُ لِصَاحِبِهِ أَجْرٌ، فَسَاءَنَا ذَلِكَ

حضرت ابو معمر فرماتے ہیں کہ جب ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کوئی شی سنی جسے ہم ناپسند کرتے تو ہم خاموش ہو جاتے' یہاں تک کہ آپ ہمارے لیے تفسیر کرتے' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک دن ہمیں فرمایا: بیمار کیلئے کوئی اجر نہیں لکھا جاتا ہے' پس اس چیز نے ہمیں تکلیف دی اور ہم پر گراں گزری تو فرمایا: لیکن اللہ عزوجل اس کے ذریعے غلطیاں معاف کرتا ہے۔

---

8425- قال في المجمع جلد7صفحه4' رواه البزار جلد1صفحه250' ورجاله رجال الصحيح' ولم ينسبه الى الطبراني .

8426- ومن طريقه رواه أبو نعيم في الحلية جلد1صفحه132 .

8427- قال في المجمع جلد2صفحه301' واسناده حسن .

وَكَبُرَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: وَلَكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُكَفِّرُ بِهِ الْخَطَايَا

**8428-** حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَلَا أُنْذِرُكُمْ فُضُولَ الْكَلَامِ، بِحَسْبِ أَحَدِكُمْ أَنْ يَبْلُغَ حَاجَتَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خبردار! فضول باتوں سے بچو! تم میں سے کسی کے لیے کافی ہے کہ اپنی ضرورت تک رہے۔

**8429-** حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَأَنْ أَذْكُرَ اللّٰهَ يَوْمًا إِلَى اللَّيْلِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْمِلَ عَلَى الْجِيَادِ يَوْمًا إِلَى اللَّيْلِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دن سے لے کر رات تک اللہ کا ذکر کرنا' مجھے زیادہ پسند ہے کہ میں دن سے لے کر رات تک عمدہ گھوڑے پر سوار ہوں۔

**8430-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي صَادِقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنِّي لَأَعْلَمُ أَهْلَ أَبْيَاتٍ يُفْزِعُهُمُ الدَّجَّالُ، قَالُوا: مَنْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟، قَالَ: بُيُوتُ أَهْلِ الْكُوفَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُن گھروں کے متعلق جانتا ہوں جن کو دجال ڈرائیگا' انہوں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! وہ کون ہیں؟ فرمایا: کوفہ والوں کے گھر ہیں۔

**8431-** حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ

حضرت اشعث بن ابوالشعثاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس دجال کا ذکر کیا گیا' آپ نے فرمایا: اس کا زیادہ ذکر نہ

---

8428- قال في المجمع جلد10صفحه303' وفيه المسعودي وقد اختلط .

8429- قال في المجمع جلد10صفحه75 القاسم له يسمع من جده ابن مسعود . قلت: والمسعودي قد اختلط .

8430- قال في المجمع جلد7صفحه351' ورجاله ثقات الا أن أبا صادق لم يدرك ابن مسعود .

8431- قال في المجمع جلد8صفحه351' وفيه المسعودي وقد اختلط .

أَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَ الدَّجَّالُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: لَا تُكْثِرُوا ذِكْرَهُ فَإِنَّ الْأَمْرَ إِذَا قُضِيَ فِي السَّمَاءِ كَانَ أَسْرَعَ لِنُزُولِهِ إِلَى الْأَرْضِ أَنْ يَظْهَرَ عَلَى أَلْسِنَةِ النَّاسِ، قَالَ: أَلَا وَكَيْفَ بِكُمْ وَالْقَوْمُ آمِنُونَ وَأَنْتُمْ خَائِفُونَ؟ وَكَيْفَ بِكُمْ وَالْقَوْمُ فِي الظِّلِّ وَأَنْتُمْ فِي الضِّحِّ؟

کرو کیونکہ جب اس کا فیصلہ آسمان میں کر دیا گیا تو لوگوں کی زبان پر جاری ہونے سے پہلے زمین پر جلدی آئے گا' تمہارا کیا حال ہوگا جب' لوگ اس پر ایمان لائیں گے اور تم ڈرتے ہوگے؟ اور کیسے ہوگا تمہارے لیے لوگ اسکے سایہ میں ہوں گے اور تم کھلی جگہ دھوپ میں؟

**8432**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: ذَكَرُوا الدَّجَّالَ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ خَرَجَ لَرَمَيْنَاهُ بِالْحِجَارَةِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَوْ أَصْبَحَ بِبَابِلَ أَصْبَحَ بَعْضُهُمْ يَشْكُو إِلَيْهِ الْحَفَاءَ مِنَ السُّرْعَةِ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس دجال کا ذکر کیا گیا' ان میں سے بعض نے کہا: اگر نکلا تو ہم اس کو پتھروں سے ماریں گے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: اگر اس نے صبح بابل میں کی تو ان میں بعض نے آپ سے شکوہ کیا کہ جلدی چلنے کی وجہ سے اس کے پاؤں نہیں گھس جائیں گے۔

**8433**- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ يُرَائِي يُرَائِي اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ تَطَاوَلَ تَعَظُّمًا يَخْفِضُهُ اللّٰهُ، وَمَنْ تَوَاضَعَ تَخَشُّعًا يَرْفَعُهُ اللّٰهُ، وَالنَّاسُ مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمُسْتَرِيحٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جو ریا کرتا ہے' اللہ اسے ریاکاری کی سزا دے گا' جو دکھاوا کرتا ہے اللہ اسے دکھاوے کی سزا دے گا' جس نے اپنی عظمت جتلانے کیلئے ہاتھ لمبے کیے' اللہ اسے پست کر دے گا' جس نے اللہ سے ڈرتے ہوئے عاجزی کی تو اللہ اسے بلند کر دیگا' بعض لوگوں پر دنیا وسیع ہے' ان پر آخرت تنگ ہوگی' جن پر دنیا تنگ ہے ان پر آخرت وسیع ہوگی' بعض پر دنیا و آخرت دونوں تنگ ہوں گی اور بعض پر دنیا و آخرت دونوں وسیع ہوں گی' وہ راحت حاصل کرے گا اور اس سے راحت حاصل کی جائے گی۔ ہم نے عرض کی:

---

8432- قال في المجمع جلد7 صفحه 335 ورجاله رجال الصحيح الا أن خيثمة لم أجد من قال انه سمع من ابن مسعود .

8433- قال في المجمع جلد10 صفحه235' وفيه المسعودى وقد اختلط .

وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ ، قُلْنَا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا الْمُسْتَرِيحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ؟ قَالَ: أَمَّا الْمُسْتَرِيحُ فَالْمُؤْمِنُ إِذَا مَاتَ اسْتَرَاحَ، وَأَمَّا الْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ فَهُوَ الَّذِي يَظْلِمُ النَّاسَ وَيَغْتَابُهُمْ

اے ابوعبدالرحمٰن! مستریح اور مستراح منہ کون ہے؟ فرمایا: بہرحال راحت حاصل کرنے والا تو مؤمن ہے جب فوت ہوتا ہے تو راحت پاتا ہے اور جس سے راحت حاصل کی جاتی ہے وہ آدمی ہے جو لوگوں پر ظلم کرتا ہے اور ان کی غیبت کرتا ہے (جب وہ مر جاتا ہے قبر میں اُتر جاتا ہے تو لوگ اس سے راحت پاتے ہیں)۔

**8434-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: شَامَمْتُ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُ عِلْمَهُمْ انْتَهَى إِلَى سِتَّةٍ: إِلَى عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَأَبِي الدَّرْدَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، ثُمَّ شَامَمْتُ السِّتَّةَ فَوَجَدْتُ عِلْمَهُمْ انْتَهَى إِلَى عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو سونگھا (مطلب پوچھا) میں نے علم چھ افراد کے پاس پایا: حضرت عمر، علی، عبداللہ بن مسعود، ابوالدرداء اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم، پھر میں نے ان چھ کو سونگھا تو میں نے علم کی انتہاء حضرت علی اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما میں پائی۔

**8435-** حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُمَيْرَةَ، أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قُلْنَا لَهُ: أَوْصِنَا، قَالَ: أَجْلِسُونِي، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الْعِلْمَ، وَالْإِيمَانَ مَكَانَهُمَا مَنِ الْتَمَسَهُمَا وَجَدَهُمَا -

حضرت یزید بن عمیرہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل کی وفات کا وقت قریب آیا ہم نے آپ سے عرض کی: ہمیں وصیت کریں! آپ نے فرمایا: مجھے بٹھاؤ! پھر فرمایا: علم اور ایمان دونوں موجود ہیں جس نے ان دونوں کو تلاش کیا اس نے دونوں کو پا لیا۔ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا پھر فرمایا: علم چار افراد سے سیکھو! حضرت عویمر ابوالدرداء، سلمان فارسی، عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن

---

8434- قال فی المجمع جلد9صفحه160' ورجاله رجال الصحيح غير القاسم بن معين وهو ثقة .

8435- ورواه النسائی فی فضائل الصحابة من السنن الكبری رقم الحديث:149' والمصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث:1932 .

قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ -وَاطْلُبُوا الْعِلْمَ عِنْدَ أَرْبَعَةٍ: عُوَيْمِرٍ أَبِي الدَّرْدَاءِ، وَسَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ

سلام سے۔

**8436**- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا بَقِيَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ إِلَّا أَرْبَعَةٌ، أَحَدُهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چار افراد باقی رہ گئے' ان میں ایک حضرت عبداللہ بن مسعود تھے۔

## بَابٌ

## باب

**8437**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنْ يَصْعَدَ شَجَرَةً فَيَأْتِيَهُ بِشَيْءٍ مِنْهَا، فَنَظَرَ أَصْحَابُهُ إِلَى حُمُوشَةِ سَاقَيْهِ فَضَحِكُوا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكُمْ؟ لَرِجْلُ عَبْدِ اللّٰهِ فِي الْمِيزَانِ أَثْقَلُ مِنْ أُحُدٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو درخت پر چڑھنے کا حکم دیا کہ اس سے ٹہنی توڑ کر لاؤ' صحابہ کرام آپ کی پتلی پنڈلی کو دیکھ کر مسکرائے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کیوں ہنسے ہو؟ عبداللہ کی ایک ٹانگ میزان میں اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگی۔

---

8436- ورواه البزار جلد2صفحه161 زوائد البزار عن محمد بن عثمان بن كرامة حدثني رجل من أهل الكوفة ثنا يحيى بن سلمة به . قال في المجمع جلد6صفحه164' وفيه يحيى بن عبد الحميد الحماني وهو ضعيف . قلت: وفي سند البزار مجهول .

8437- ورواه أحمد رقم الحديث: 920' وأبو يعلى جلد1صفحه40' قال في المجمع جلد 9صفحه289' ورجاله رجال الصحيح غير أم موسى وهي ثقة .

**8536-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كِسَاءٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحَلَّابُ، ثنا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، ثنا شُعْبَةُ، ثنا عُتْبَةُ أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللهِ يَأْتِي عَلَيْهِ السَّنَةَ لَا يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَ يَوْمًا وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَقَالَ: نَحْوَ هَذَا أَوْ قَرِيبٌ مِنْ هَذَا

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: پورا سال وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آتے رہے تو وہ ''عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کہہ کر حدیث بیان نہ کرتے۔ پس ایک دن انہوں نے حدیث بیان کی' اس حال میں کہ ہم ان کے پاس تھے تو اُنہوں نے (عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ کر) اس جیسی یا اس کے قریب۔

**8537-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الصَّفَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ شَبَّةَ بْنِ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى عَبْدِ اللهِ سَنَةً، فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں: میں نے پورا سال حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھنے کی سعادت حاصل کی' لیکن حدیث بیان کرتے ہوئے میں نے ان سے ''عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کے الفاظ نہیں سنے۔ پس ایک دن اُنہوں نے کہا: ''قال

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ يَوْمًا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَحْوَ هَذَا، أَوْ فَوْقَ هَذَا، أَوْ دُونَ هَذَا

رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ''پھران کے چہرے کارنگ بدل گیا' پھر ساتھ ہی کہا: اس جیسایا اس کے اوپر یا اس سے کچھ کم۔

**8538-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَوْثَرَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ الْبَطِينِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: صَحِبْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا، فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا فَعَرِقَ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا أَوْ نَحْوَ هَذَا أَوْ شَبِيهَ هَذَا

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں نے آٹھ ماہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے صحبت کی' حدیث بیان کرتے ہوئے میں نے ان سے ''عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ''نہیں سنا مگر ایک حدیث میں۔ (جب کہا تو) انہیں پسینہ آ گیا' پھر کہا: یہ یا اس جیسا یا اس کے مشابہ۔

**8539-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَوْنٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: مَا أَخْطَأَنِي عَشِيَّةَ خَمِيسٍ إِلَّا آتِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ فِيهَا، فَمَا سَمِعْتُهُ بِشَيْءٍ قَطُّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى إِذَا كَانَ ذَاتَ عَشِيَّةٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَكَسَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَرَأَيْتُهُ مَحْلُولَ أَزْرَارِ قَمِيصِهِ، قَدِ انْتَفَخَتْ أَوْدَاجُهُ، وَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ:

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں: میں ہر جمعرات کو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آتا' میں نے کبھی ان کو ''سمعتُ رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم '' کہتے ہوئے نہیں سنا یہاں تک کہ ایک شام آئی' آپ نے کہا: ''قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ''پھر سر جھکا لیا' پھر سر اُٹھایا۔ پس میں نے دیکھا کہ ان کی قمیص کے بٹن کھلے ہوئے تھے' آپ کی رگیں پھول گئیں اور ان کی آنکھوں میں آنسوؤں کا سیلاب اُمڈ آیا۔ پس فرمایا: یا اسکے اوپر یا اس سے کچھ کم یا اس کے قریب یا اس کے مشابہ۔

أَوْ فَوْقَ ذَلِكَ، أَوْ دُونَ ذَلِكَ، أَوْ قَرِيبٌ مِنْ ذَلِكَ، أَوْ شِبْهُ ذَلِكَ

**8540**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَحْوًا مِنْ ذَا أَوْ قَرِيبًا مِنْ ذَا

حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (ایک بار) کہا: "قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم" پھر ان کے چہرے کا رنگ بدل گیا' پھر فرمایا: اس جیسا یا اس کے قریب۔

**8541**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ حَدَّثَ يَوْمًا بِحَدِيثٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: نَحْوَ ذَلِكَ، أَوْ شَبِيهٌ، فَمَا رُئِيَ يُحَدِّثُ بَعْدَ هَذَا الْحَدِيثِ بَعْدُ

حضرت زر' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے ایک دن نبی کریم ﷺ سے حدیث بیان کی تو فرمایا: اس جیسی یا اس کے مشابہ۔ پس بعد میں اس ایک حدیث کے بعد وہ نہیں دیکھے گئے۔

**8542**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَخَذَتْهُ رِعْدَةٌ، فَقَالَ: نَحْوَ هَذَا أَوْ شِبْهَ هَذَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پھر ان پر کپکپی طاری ہوگئی' فرمایا: اس جیسا یا اس کے مشابہ۔

**8543**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ

حضرت علقمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہر جمعرات کی شام کھڑے ہوا کرتے تھے' میں نے ان میں سے کسی شام میں ان سے نہیں سنا کہ

الرَّحْمَنِ، ثنا الشَّعْبِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَقُومُ قَائِمًا كُلَّ عَشِيَّةِ خَمِيسٍ فَمَا سَمِعْتُهُ فِي عَشِيَّةٍ مِنْهَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَاحِدَةٍ، قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ مُعْتَمِدٌ عَلَى عَصًا، فَنَظَرْتُ إِلَى الْعَصَا يُزَعْزَعُ

فرمایا ہو: "قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم" سوائے ایک بار کے۔ راوی کا بیان ہے: میں نے ان کی طرف دیکھا اس حال میں کہ عصا پر ٹیک لگائے ہوئے ہیں، پس میں نے عصا کو دیکھا کہ وہ ہل رہا ہے۔

**8544**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ حَدَّثَ يَوْمًا، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُرْعِدَتْ ثِيَابُهُ، قَالَ: ذَا، أَوْ نَحْوَهُ، أَوْ شِبْهَ ذَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضرت مسروق سے روایت ہے کہ ایک دن اُنہوں نے حدیث بیان کی تو کہا: "سمعت رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم" کپکپی کے آثار ان کے کپڑوں سے محسوس کیے گئے۔ فرمایا: (ساتھ ہی) اس جیسا یا اسکے مشابہ۔

**8545**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: رُبَّمَا حَدَّثَ حَدِيثًا عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتَلَوَّنُ وَيَتَغَيَّرُ لَوْنُهُ، وَيَقُولُ: هَذَا أَوْ قَرِيبٌ مِنْ هَذَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضرت مسروق سے روایت ہے اُنہوں نے کہا: کم ہی کبھی اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے حدیث بیان کی تو ان کا ایک رنگ جاتا اور ایک رنگ آتا تھا، رنگ بدل جاتا تھا اور کہتے: یہ یا اس کے قریب۔

**8546**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا أَبُو دَاوُدَ ثنا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: جَالَسْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت امام شعبی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں، ان کے چچا فرماتے ہیں: میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہم مجلس ہوا تو میں نے ان کو حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا کہ اُنہوں نے "عن رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم" کہا ہو مگر ایک حدیث جو میں نے ان

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا سَمِعْتُهُ حَدَّثَهُ، ثُمَّ انتَفَضَ انتِفَاضَ السَّعَفَةِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا أَوْ نَحْوَهُ

سے سنی' اُنہوں نے اس کو بیان کیا پھر پسینہ پونچھنے لگے پھر فرمایا: یہ یا اس جیسی۔

8547- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّامِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمِّهِ قَيْسِ بْنِ عَبْدٍ، قَالَ: لَقَدْ جَالَسْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ سَنَةً فَمَا سَمِعْتُهُ يَرْوِي عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا قَطُّ، غَيْرَ مَرَّةٍ وَاحِدَةٍ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنتَفِضُ انتِفَاضَ السَّعَفَةِ، ثُمَّ قَالَ: قَرِيبٌ مِنْ هَذَا، أَوْ نَحْوَ هَذَا

حضرت قیس بن عبد فرماتے ہیں: تحقیق میں پورا سال حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی مجلس کرتا رہا' پس میں نے رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہوئے کوئی حدیث نہ سنی' کبھی بھی سوائے ایک بار کے۔ پس تحقیق میں نے ان کو پسینہ پونچھتے ہوئے دیکھا' پھر فرمایا: اس کے قریب یا اس جیسی۔

8548- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَيَّانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَمْكُثُ سَنَةً لَا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَتْهُ رِعْدَةٌ، وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، قَالَ: كَذَا، أَوْ كَذَا، أَوْ كَذَا

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ پورا سال ٹھہرے رہے کہ وہ کہیں: ''قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم'' اور جب اُنہوں نے ''قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم'' کہا تو ان کے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی اور ان کے چہرے کا رنگ بدل گیا' ساتھ ہی کہا: اس طرح یا اس طرح یا اس طرح۔

8549- حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّورِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ بَيَانٍ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ عَامِرٍ، وَذَكَرَ قَيْسًا، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ الشَّهْرَ لَا يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عامر سے روایت ہے اور اُنہوں نے حضرت قیس کا بھی ذکر کیا' فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پورا مہینہ حدیثیں بیان کرتے رہے لیکن ''سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم'' نہیں کہتے تھے پس اُنہوں نے یہ کہا تو ساتھ ہی کہا: یہ یا اس جیسی یا اس

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذَا، أَوْ نَحْوًا مِنْ هَذَا، أَوْ قَرِيبًا مِنْ هَذَا وَإِنَّهُ يُرْعَدُ

کے قریب اور وہ کانپ رہے تھے۔

## بَابٌ

## باب

**8550-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: جَاءَ الْمُسَيَّبُ بْنُ نَجَبَةَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنِّي تَرَكْتُ قَوْمًا بِالْمَسْجِدِ يَقُولُونَ: مَنْ سَبَّحَ كَذَا وَكَذَا فَلَهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: قُمْ يَا عَلْقَمَةُ فَلَمَّا رَآهُمْ، قَالَ: يَا عَلْقَمَةُ اشْغَلْ عَنِّي أَبْصَارَ الْقَوْمِ، فَلَمَّا سَمِعَهُمْ وَمَا يَقُولُونَ، قَالَ: إِنَّكُمْ لَمُتَمَسِّكُونَ بِذَنْبِ ضَلَالَةٍ، أَوَ إِنَّكُمْ لَأَهْدَى مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوزعراء فرماتے ہیں کہ حضرت میّب بن نجبہ‘ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے‘ عرض کی: میں نے مسجد میں ایسے لوگ دیکھے ہیں جو کہتے ہیں کہ جس نے سبحان اللہ اس اس طرح پڑھی اُس کے لیے اتنا اتنا ثواب ہے۔ حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اے علقمہ! اُٹھو! جب آپ نے ان کو دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے علقمہ! مجھ سے لوگوں کی آنکھیں پھیر دو‘ جب آپ نے سنا جو کہتے تھے تو آپ نے فرمایا: تم نے گمراہی والے گناہ کو پکڑ لیا ہے‘ کیا تم رسول ﷺ کے صحابہ کی ہدایت سے زیادہ ہدایت والے ہو۔

**8551-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ بَيَانَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ لِابْنِ مَسْعُودٍ قَاصٌّ يَجْلِسُ بِاللَّيْلِ، وَيَقُولُ لِلنَّاسِ: قُولُوا كَذَا، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَخْبِرُونِي، قَالَ: فَأَخْبَرُوهُ، فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ مُتَقَنِّعًا، فَقَالَ: مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي فَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، تَعْلَمُونَ أَنَّكُمْ لَأَهْدَى مِنْ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس قاص کا ذکر کیا گیا جو رات کو بیٹھتا اور لوگوں سے کہتا: اس طرح پڑھو! آپ نے فرمایا: جب تم اس کو دیکھو تو مجھے بتانا۔ پس آپ کو بتایا گیا تو حضرت عبداللہ اپنے آپ کو ڈھانپ کر آئے‘ آپ نے فرمایا: جس نے مجھے پہچانا اُس نے مجھے پہچان لیا‘ جس نے مجھے نہیں پہچانا تو میں عبداللہ بن مسعود ہوں‘ تم جانتے ہو کہ محمد ﷺ اور آپ کے صحابہ کی ہدایت بہتر ہے‘ تم گمراہی

8551- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5408‘ وصححه الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 181 .

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، أَوْ إِنَّكُمْ لَمُتَعَلِّقُونَ بِذَنَبِ ضَلَالَةٍ

والے گناہ پر عمل کرتے ہو۔

**8552-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، أَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: بَلَغَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ أَنَّ قَوْمًا، يَقْعُدُونَ مِنَ الْمَغْرِبِ إِلَى الْعِشَاءِ يُسَبِّحُونَ يَقُولُونَ: قُولُوا كَذَا وَقُولُوا كَذَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنْ قَعَدُوا فَآذِنُونِي، فَلَمَّا جَلَسُوا أَتَوْهُ فَانْطَلَقَ فَدَخَلَ مَعَهُمْ فَجَلَسَ وَعَلَيْهِ بُرْنُسٌ، فَأَخَذُوا فِي تَسْبِيحِهِمْ فَحَسَرَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ رَأْسِهِ الْبُرْنُسَ، وَقَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَسَكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: لَقَدْ جِئْتُمْ بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ، أَوْ لَقَدْ فَضَلْتُمْ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ: مَا جِئْنَا بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ، وَلَا فَضَلْنَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمًا، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ يَا ابْنَ مَسْعُودٍ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَتَفَرَّقُوا، قَالَ: وَرَأَى ابْنُ مَسْعُودٍ حَلْقَتَيْنِ فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ فَقَامَ مِنْهُمَا فَقَالَ: أَيَّتُكُمَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا؟ قَالَتْ إِحْدَاهُمَا:

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ کچھ لوگ نمازِ مغرب سے لے کر عشاء تک بیٹھے رہتے تسبیح پڑھتے ہوئے کہتے ہیں: اس طرح پڑھو! اس طرح پڑھو! حضرت عبداللہ نے فرمایا: اگر وہ بیٹھیں تو مجھے بتانا! جب وہ بیٹھے تو آپ ان کے پاس آئے' آپ چلے اور ان کے پاس آئے' ان کے پاس بیٹھے آپ نے لمبی ٹوپی پہنی ہوئی تھی' پس وہ اپنی تسبیح میں لگے ہوئے تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے سر سے ٹوپی اُتاری اور فرمایا: میں عبداللہ بن مسعود ہوں' تو (یہ سن کر) لوگ خاموش ہو گئے۔ فرمایا: تم نے ظالم بدعت ایجاد کی ہے یا تم محمد ﷺ کے صحابہ سے زیادہ علم والے ہو گئے ہو۔ بنوتمیم میں سے ایک آدمی نے کہا: نہ تو ہم سے کوئی ظالمانہ بدعت ایجاد کی ہے اور نہ ہم نے اصحابِ محمد پر علم میں فضیلت پائی ہے۔ پس حضرت عمرو بن عتبہ بن فرقد نے کہا: استغفر اللہ واتوب الیہ! اے ابن مسعود! پس آپ نے فرمایا: بکھر جاؤ! راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مسجد کوفہ میں دو حلقے دیکھے تو ان کو چھوڑ کر کھڑے ہو گئے' فرمایا: تم میں کون پہلے آئے ہیں؟ ان میں سے ایک حلقہ والوں نے کہا: ہم! دوسروں نے کہا: اُٹھو اور ایک ہو جاؤ!

---

8552- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5409' قال في المجمع جلد1صفحه181' وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلط ـ وكتب بهامش المجمع ابن (أبو) البختري لم يسمع من ابن مسعود فالحديث منقطع .

نَحْنُ، فَقَالَ لِلْأُخْرَى: قُومَا إِلَيْهَا فَجَعَلَهُمْ وَاحِدَةً

**8553-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، وَرُبَّمَا قَالَ: عَامِرٍ، قَالَ: دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَإِذَا هُوَ بِحَلْقَتَيْنِ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: انْطَلِقْ وَانْظُرْ أَهَؤُلَاءِ جُلُوسًا قَبْلُ أَمْ هَؤُلَاءِ؟ فَجَاءَ فَقَالَ: هَؤُلَاءِ، فَقَالَ: إِنَّمَا يَكْفِي الْمَسْجِدَ مُحْدِثٌ وَاحِدٌ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالتَّبَاغِي

حضرت عامر فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو وہاں دو حلقے دیکھے آپ نے غلام سے فرمایا: جاؤ اور دیکھو! ان میں سے کون سا حلقہ پہلے قائم ہوا ہے؟ پس اس نے آ کر بتایا کہ یہ حلقہ والے۔ فرمایا: مسجد کو ایک بے وضو ہی کافی ہوتا ہے تم سے پہلے لوگ ایک دوسرے سے نفرت کرنے سے ہلاک ہوئے۔

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا زَائِدَةُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: ذُكِرَ لِعَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَجُلًا يُجْتَمَعُ إِلَيْهِ، وَذَكَرَ حَدِيثَ أَبِي نُعَيْمٍ

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ہاں ذکر کیا گیا کہ ایک آدمی کے پاس لوگ جمع ہوتے ہیں اس کے بعد ابونعیم والی حدیث ذکر کی۔

**8554-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، أنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ السَّائِبِ، أَخْبَرَهُمْ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: كَانَ عَمْرُو بْنُ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ السُّلَمِيُّ وَمُعَضَّدٌ فِي أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِمَا اتَّخَذُوا مَسْجِدًا يُسَبِّحُونَ فِيهِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ كَذَا، وَيُهَلِّلُونَ كَذَا وَيَحْمَدُونَ كَذَا، فَأُخْبِرَ بِذَلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لِلَّذِي أَخْبَرَهُ: إِذَا جَلَسُوا

حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں: عمرو بن عقبہ بن فرقد سلمی اور معضد نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر مسجد کو یوں بنا لیا کہ مغرب اور عشاء کے درمیان وہاں بیٹھتے اور کہتے: تسبیح اس طرح کرو تہلیل اس طرح کرو حمد اس طرح کرو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر دی گئی پس جس نے آپ کو بتایا آپ نے اس سے فرمایا: جب وہ بیٹھیں تو مجھے خبر دینا۔ جب وہ بیٹھے تو اس آدمی نے آپ کو خبر دی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے یہاں تک کہ ان کے پاس بیٹھ گئے آپ نے اپنے سر (اور منہ) سے ٹوپی ہٹا

فَآذِنِي ، فَلَمَّا جَلَسُوا آذَنَهُ فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بُرْنُسٌ حَتَّى دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَكَشَفَ الْبُرْنُسَ عَنْ رَأْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: أَنَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، وَاللّٰهِ لَقَدْ جِئْتُمْ بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ، أَوْ قَدْ فَضَلْتُمْ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمًا، فَقَالَ مُعَضَّدٌ، وَكَانَ رَجُلًا مُفَوَّهًا: وَاللّٰهِ مَا جِئْنَا بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ وَلَا فَضَلْنَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَئِنِ اتَّبَعْتُمُ الْقَوْمَ لَقَدْ سَبَقُوكُمْ سَبْقًا مُبِينًا، وَلَئِنْ جُرْتُمْ يَمِينًا وَشِمَالًا لَقَدْ ضَلَلْتُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا

کر فرمایا: میں اُم عبد کا بیٹا ہوں قسم بخدا! تم ظالمانہ بدعت لائے ہو یا کیا تم اصحابِ محمد ﷺ سے علم میں زیادہ والے ہو۔ معضد نامی جو منہ پھٹ آدمی تھا اس نے کہا: قسم بخدا! ہم کوئی ظالمانہ بدعت نہیں لائے اور نہ ہی ہم اصحابِ محمد ﷺ سے علم میں افضل ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم قوم کی اتباع کرو تو وہ تم سے کہیں آگے تھے اور اگر تم دائیں بائیں دوڑو تم نے کھلی گمراہی اختیار کی۔

**8555**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تُمِلُّوا النَّاسَ فَيَمَلُّوا الذِّكْرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگوں کو اکتاؤ نہیں وہ ذکر سے اُکتا جائیں گے۔

**8556**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مَرَّ بِرَجُلٍ يُذَكِّرُ قَوْمًا، فَقَالَ: يَا مُذَكِّرُ لَا تُقَنِّطِ النَّاسَ

حضرت اعمش فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو لوگوں میں ذکر کر رہا تھا آپ نے فرمایا: اے ذکر کرنے والے! لوگوں کو اُکتانہ دینا۔

**8557**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو النُّعْمَانِ عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ

حضرت عمرو بن سعد فرماتے ہیں: ہم مغرب و عشاء کے درمیان حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے دروازے پر

---

8555- قال في المجمع جلد 1 صفحه 191 واسناده صحيح .

8556- قال في المجمع جلد 1 صفحه 191 ورجاله رجال الصحيح ولكن الأعمش لم يدرك وأحمد مسعود . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20558 .

8557- قال في المجمع جلد 1 صفحه 181 وفيه مجالد بن سعيد وثقه النسائي وضعفه البخاري وأحمد بن حنبل ويحيى .

مُجَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ بَابِ ابْنِ مَسْعُودٍ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، فَأَتَى أَبُو مُوسَى، فَقَالَ: أَخْرَجَ إِلَيْكُمْ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: فَخَرَجَ ابْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: مَا جَاءَ بِكَ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ إِلَّا أَنِّي رَأَيْتُ أَمْرًا ذَعَرَنِي وَإِنَّهُ لَخَيْرٌ، وَلَقَدْ ذَعَرَنِي وَإِنَّهُ لَخَيْرٌ، قَوْمٌ جُلُوسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَرَجُلٌ يَقُولُ لَهُمْ: سَبِّحُوا كَذَا وَكَذَا، احْمَدُوا كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَانْطَلَقَ عَبْدُ اللّٰهِ وَانْطَلَقْنَا مَعَهُ حَتَّى أَتَاهُمْ، فَقَالَ: مَا أَسْرَعَ مَا ضَلَلْتُمْ وَأَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْيَاءٌ وَأَزْوَاجُهُ شَوَابٌّ، وَثِيَابُهُ وَآنِيَتُهُ لَمْ تُغَيَّرْ، أَحْصُوا سَيِّئَاتِكُمْ فَأَنَا أَضْمَنُ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُحْصِيَ حَسَنَاتِكُمْ

بیٹھے تھے' حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ آئے' فرمایا: کیا ابوعبدالرحمٰن تمہارے پاس آئے ہیں؟ راوی کا بیان ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: اس گھڑی کس سبب سے آئے ہو؟ فرمایا: (کسی اور سبب سے) نہیں' قسم بخدا! میں نے ایک کام دیکھا ہے جس نے مجھے ڈرا دیا اور وہ ہے بھی خیر کا کام۔ دوسری بار بھی فرمایا: ایک گروہ مسجد میں بیٹھا ہوا تھا۔ اور ایک آدمی ان کو کہتا ہے: اس طرح تسبیح اور اس طرح حمد کرو۔ راوی کہتا ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چلے' ہم بھی ان کے ساتھ ہو لیے یہاں تک کہ آپ ان کے پاس آئے' فرمایا: کتنا جلدی تم نے گمراہی کی راہ پکڑ لی حالانکہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ زندہ ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج موجود ہیں' ان کے کپڑے اور برتن بوسیدہ نہیں ہوئے' اپنی بُرائیوں کو گنو' پس اللہ کے سامنے تمہاری نیکیاں گننے کا میں ضامن ہوں۔

**8558-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ زُرَارَةَ، قَالَ: وَقَفَ عَلَيَّ عَبْدُ اللّٰهِ وَأَنَا أَقُصُّ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا عَمْرُو لَقَدِ ابْتَدَعْتُمْ بِدْعَةَ ضَلَالَةٍ، أَوَ إِنَّكُمْ لَأَهْدَى مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ تَفَرَّقُوا عَنِّي حَتَّى رَأَيْتُ مَكَانِي مَا فِيهِ

حضرت عمرو بن زرارہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' میں مسجد میں آیا' فرمایا: اے عمرو! تم نے بدعت سیئہ اختیار کر لی' تم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ سے ہدایت یافتہ ہو' میں نے ان کو دیکھا ہے کہ وہ میری نگاہوں سے اوجھل ہو گئے' یہاں تک کہ میں نے اس جگہ میں کسی کو نہیں دیکھا۔

8558- قال فی المجمع جلد1صفحه189' وله اسنادان أحدهما رجاله رجال الصحيح . رواه عن الأسود عن عبد الله .

أَحَدٌ

**8559-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَغَرَّ، قَالَ: بَلَغَ ابْنَ مَسْعُودٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ زُرَارَةَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ يُذَكِّرُهُمْ، فَأَتَاهُمْ عَبْدُ اللَّهِ فَقَالَ: أَنْتُمْ أَهْدَى أَمْ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ إِنَّكُمْ مُتَمَسِّكُونَ بِطَرَفِ ضَلَالَةٍ

حضرت عبداللہ بن اغر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تک یہ بات پہنچی کہ حضرت عمرو بن زرارہ اپنے ساتھیوں کو ساتھ ملا کر ذکر کرتے ہیں' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے' فرمایا: کیا تم بڑے رہنما ہو یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ؟ تم گمراہی والے پلڑے کو پکڑتے ہو۔

**8560-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: ذَكَرُوا لَهُ رَجُلًا يَقُصُّ، فَجَاءَ فِي الْقَوْمِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: سُبْحَانَ اللَّهِ كَذَا وَكَذَا، فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ قَامَ، فَقَالَ: أَلَا تَسْمَعُوا؟ فَلَمَّا نَظَرُوا إِلَيْهِ قَالَ: إِنَّكُمْ لَأَهْدَى مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَصْحَابِهِ، إِنَّكُمْ لَمُتَمَسِّكُونَ بِطَرَفِ ضَلَالَةٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ کے سامنے لوگوں نے ایک ایسے آدمی کا ذکر کیا جو قصے بیان کرتا ہے' پس آپ ان لوگوں میں آئے تو اسے بذاتِ خود سنا' وہ کہہ رہا تھا: اس اس طرح سبحان اللہ کہو۔ پس جب آپ نے یہ سنا تو کھڑے ہوئے' فرمایا: کیا تم نہیں سنتے ہو؟ پس جب لوگوں نے آپ کی طرف دیکھا تو پھر فرمایا: کیا تمہارے پاس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے زیادہ ہدایت ہے؟ تم لوگوں نے گمراہی کا پلّو پکڑ رکھا ہے۔

**8561-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب لوگوں میں بُرائی پھیلے تو تم کہو: میرے لیے بُرائی بہتر نہیں۔

---

8559- انظر تاريخ البخاري الكبير (42/1/3)' والجرح والتعديل لابن أبي حاتم (8/2/2) .

8561- انظر ما بعده .

عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا وَقَعَ النَّاسُ فِي الشَّرِّ فَقُلْ لَا أُسْوَةَ لِي بِالشَّرِّ

**8562**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا وَقَعَ النَّاسُ فِي الْفِتْنَةِ فَيَقُولُونَ: اخْرُجْ لَكَ بِالنَّاسِ أُسْوَةٌ، فَقُلْ: لَا أُسْوَةَ لِي بِالشَّرِّ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب لوگوں میں فتنہ پھیلے گا تو وہ کہیں گے: تُو نکل! لوگوں میں تیرا عمل نمونہ ہے' پس تُو جواب دے: بُرائی میں میرا کوئی نمونہ نہیں ہے۔

**8563**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: هَذَا الْقُرْآنُ مَأْدُبَةُ اللّٰهِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَعَلَّمَ مِنْهُ شَيْئًا فَلْيَفْعَلْ، فَإِنَّ أَصْغَرَ الْبُيُوتِ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي لَيْسَ فِيهِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ شَيْءٌ، وَإِنَّ الْبَيْتَ الَّذِي لَيْسَ فِيهِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ شَيْءٌ كَخَرَابِ الْبَيْتِ الَّذِي لَا عَامِرَ لَهُ، وَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَخْرُجُ مِنَ الْبَيْتِ يَسْمَعُ فِيهِ سُورَةَ الْبَقَرَةِ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ قرآن اللہ کا دسترخوان ہے' پس تم میں سے جو کوئی اس سے کوئی شی سیکھنے کی طاقت رکھتا ہے تو وہ سیکھے کیونکہ خیر سے چھوٹا ہے' وہ گھر جس میں کتاب اللہ میں سے کوئی شی نہ ہو اور جس گھر میں کتاب اللہ میں سے کوئی شی نہیں' وہ اس کھنڈر گھر کی مانند ہے جس کا آباد کرنے والا کوئی نہ ہو' بے شک شیطان اس گھر سے دفع ہو جاتا ہے' جس میں سورۂ بقرہ پڑھی جائے۔

**8564**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گھروں میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کرو کیونکہ شیطان اس گھر میں داخل نہیں ہوتا جس گھر میں سورۂ بقرہ کی تلاوت ہوتی ہو۔

---

8562- قال في المجمع جلد7صفحه298' وفيه حديج بن معاوية وثقة أحمد وغيره وضعفه جماعة .

8563- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5998' قال في المجمع جلد7صفحه164' ورجال هذه الطريق رجال الصحيح . وروى الحاكم جلد2صفحه260 جزءًا منه وصححه ووافقه الذهبي . وانظر تفسير ابن كثير جلد1صفحه32 .

اقْـرَءُ وا سُـورَةَ الْبَـقَـرَةِ فِـى بُيُوتِكُمْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَدْخُلُ بَيْتًا يُقْرَأُ فِيهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ

**8565-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامٌ، وَسَنَامُ الْقُرْآنِ الْبَقَرَةُ، وَإِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ لُبَابًا، وَلُبَابُ الْقُرْآنِ الْمُفَصَّلُ، وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَتَخْرُجُ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي يُقْرَأُ فِيهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ، وَإِنَّ أَصْغَرَ الْبُيُوتِ لَلْجَوْفُ الَّذِي لَيْسَ فِيهِ كِتَابُ اللَّهِ شَيْءٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر شی کی کوہان ہے' قرآن کی کوہان سورۂ بقرہ ہے' ہر شی کا لُباب (نچوڑ) ہوتا ہے اور قرآن کا نچوڑ سورۂ مفصل ہے' شیطان اس گھر سے نکل جاتا ہے جس گھر میں سورۂ بقرہ کی تلاوت ہوتی ہے' وہ گھر ویران ہے جس گھر میں قرآن کی تلاوت نہیں کی جاتی' گھروں میں سے سب سے چھوٹا گھر وہ پیٹ ہے جس میں کتاب اللہ میں سے کوئی شی نہ ہو۔

**8566-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَقُولُ: إِنَّ أَصْغَرَ الْبُيُوتِ الَّذِي لَيْسَ فِيهِ كِتَابُ اللَّهِ، وَإِنَّ الْبَيْتَ الَّذِي لَيْسَ فِيهِ كِتَابُ اللَّهِ لَخَرَابٌ كَخَرَابِ الْبَيْتِ الَّذِي لَا عَامِرَ لَهُ

حضرت ابواحوص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ویران گھر وہ ہے جس گھر میں قرآن کی تلاوت نہیں کی جاتی' وہ گھر جس میں قرآن کی تلاوت نہیں کی جاتی وہ اس خراب گھر کی طرح ہے جس میں رہنے والا کوئی نہ ہو۔

**8567-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

---

8565- قال في المجمع جلد 7 صفحه 159' وفيه عاصم بن بهدلة وهو ثقة وفيه ضعف وبقية رجاله رجال الصحيح . ورواه الدارمي رقم الحديث: 3380 مختصرًا .

8566- رواه الدارمي رقم الحديث: 3310 .

8567- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6017' والدارمي رقم الحديث: 3318' قال في المجمع جلد 7 صفحه 164'

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ مَأْدُبَةُ اللّٰهِ، فَتَعَلَّمُوا مِنْ مَأْدُبَتِهِ مَا اسْتَطَعْتُمْ، إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الَّذِي أَمَرَ بِهِ، وَهُوَ النُّورُ الْبَيِّنُ وَالشِّفَاءُ النَّافِعُ، عِصْمَةٌ لِمَنِ اعْتَصَمَ بِهِ، وَنَجَاةٌ لِمَنْ تَمَسَّكَ بِهِ، لَا يَعْوَجُّ فَيُقَوَّمَ، وَلَا يَزُوغُ فَيُسْتَعْتَبَ، وَلَا تَنْقَضِي عَجَائِبُهُ، وَلَا يَخْلُقُ عَنْ رَدٍّ، اتْلُوهُ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْجُرُكُمْ بِكُلِّ حَرْفٍ مِنْهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، لَمْ أَقُلْ لَكُمْ: الم حَرْفٌ وَلَكِنْ أَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِيمٌ حَرْفٌ

بے شک قرآن اللہ کا دسترخوان ہے جتنی طاقت ہو اس کے دسترخوان سے سیکھو یہ قرآن اللہ کی وہ رسّی ہے جس کا اس نے حکم دیا ہے یہ واضح نور نفع دینے والی شفاء اور جو اس پر عمل کرے اس کیلئے شفاء ہے ٹیڑھا نہیں کہ سیدھا کرنے کی ضرورت ہو کج نہیں کہ تھکا دے اس کے عجائب ختم ہونے والے نہیں ردّ سے پرانا نہیں ہوتا اس کی تلاوت کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر حرف کے بدلے تمہیں دس نیکیاں دے گا میں تمہیں نہیں کہتا: الم! ایک حرف ہے بلکہ الف لام میم تینوں الگ الگ حرف ہیں۔

**8568**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ آيَةٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَلَا أَقُولُ: الم عَشْرٌ وَلَكِنْ أَلِفٌ وَلَامٌ وَمِيمٌ ثَلَاثُونَ حَسَنَةً

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے قرآن پڑھا تو اسے ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں ملیں گی میں نہیں کہتا ہوں کہ الم پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں تو الف اور لام اور میم پڑھنے سے تیس نیکیاں ملتی ہیں۔

**8569**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن سیکھو اور اس کی تلاوت کرو تو ہر حرف کے بدلے نیکی ملے گی میں نہیں کہتا ہوں کہ الم پڑھنے سے ایک نیکی ملے گی

---

وفيه مسلم بن ابراهيم الهجري وهو متروك .

8568- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5993 .

8569- ورواه الدارمي رقم الحديث: 3311 .

مَسْعُودٍ، قَالَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَاتْلُوهُ فَإِنَّكُمْ تُؤْجَرُونَ بِهِ بِكُلِّ حَرْفٍ مِنْهُ حَسَنَةٌ، أَمَا إِنِّي لَا أَقُولُ: الم حَسَنَةٌ، وَلَكِنْ أَلِفٌ وَلَامٌ وَمِيمٌ ثَلَاثُونَ حَسَنَةً، ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا) (الأنعام: 160)

بلکہ الف' لام' میم پر تیس نیکیاں ملتی ہیں' اللہ عزوجل نے فرمایا: ''جو ایک نیکی کرے تو ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے''۔

**8570-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَاتْلُوهُ تُؤْجَرُوا بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، أَمَا إِنِّي لَا أَقُولُ: الم، وَلَكِنْ أَقُولُ أَلِفٌ وَلَامٌ وَمِيمٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن پڑھو اور تلاوت کرو اور ثواب پاؤ' ہر حرف کی دس نیکیاں ملتی ہیں' میں نہیں کہتا ہوں کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف' لام دوسرا حرف اور میم تیسرا حرف ہے۔

**8571-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ فَجَاءَتْهُ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَجَلَسُوا عِنْدَ رَأْسِهِ فَقَالَ: لَا سَبِيلَ لَكُمْ إِلَيْهِ، قَدْ كَانَ يَقْرَأُ سُورَةَ الْمُلْكِ، فَجَلَسُوا عِنْدَ رِجْلَيْهِ، فَقَالَ: لَا سَبِيلَ لَكُمْ إِلَيْهِ قَدْ كَانَ يَقُومُ عَلَيْنَا بِسُورَةِ الْمُلْكِ، فَجَلَسُوا عِنْدَ بَطْنِهِ فَقَالَ: لَا سَبِيلَ لَكُمْ إِنَّهُ قَدْ وَعَى فِيَّ سُورَةَ الْمُلْكِ، فَسُمِّيَتِ الْمَانِعَةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مر گیا' عذاب والے فرشتے آئے اور اس کے سر کے پاس بیٹھے' اس نے کہا: تمہارے لیے کام نہیں بلکہ یہ سورۂ ملک کی تلاوت کرتا تھا' جب وہ اس کے پاؤں کی طرف بیٹھے' اس نے کہا: تمہارا کوئی راستہ نہیں' یہ ہم پر کھڑے ہو کر سورۂ ملک کی تلاوت کرتا تھا' وہ اس کے پیٹ کے پاس بیٹھے تو اس نے کہا: تمہارے لیے کوئی راستہ نہیں' میرے اندر اس نے سورۂ ملک یاد کر دی ہے' اس سورت کا نام منع کرنے والی رکھا گیا۔

**8572-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

8571- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6024 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يُؤْتَى الرَّجُلُ فِي قَبْرِهِ فَيُؤْتَى رِجْلَاهُ فَيَقُولَانِ: لَيْسَ لَكُمْ عَلَى مَا قِبَلَنَا مِنْ سَبِيلٍ كَانَ يَقْرَأُ عَلَيْنَا سُورَةَ الْمُلْكِ، ثُمَّ يُؤْتَى جَوْفُهُ فَيَقُولُ: لَيْسَ لَكُمْ عَلَيَّ سَبِيلٌ قَدْ كَانَ وَعَى فِيَّ سُورَةَ الْمُلْكِ، ثُمَّ يُؤْتَى مِنْ رَأْسِهِ فَيَقُولُ: لَيْسَ لَكُمْ عَلَى مَا قِبَلِي سَبِيلٌ كَانَ يَقْرَأُ فِيَّ سُورَةَ الْمُلْكِ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: فَهِيَ الْمَانِعَةُ تَمْنَعُ عَذَابَ الْقَبْرِ، وَهِيَ فِي التَّوْرَاةِ هَذِهِ سُورَةُ الْمُلْكِ مَنْ قَرَأَهَا فِي لَيْلَةٍ أَكْثَرَ وَأَطْيَبَ

آدمی کو قبر میں رکھا گیا' منکر نکیر اس کے پاس آئے' دونوں پاؤں نے کہا: ہمارے پاس تمہارا کوئی راستہ نہیں ہے کیونکہ یہ ہم پر کھڑے ہو کر سورۂ ملک کی تلاوت کرتا تھا' پھر اس کے پیٹ کے پاس آئے تو اُس نے کہا: تمہارے لیے ہمارا کوئی راستہ نہیں' اس نے میرے اندر سورۂ ملک کو بھرا' پھر اس کے سر کے پاس آتے ہیں تو سر کہتا تھا: میرے پاس تمہارا کوئی راستہ نہیں ہے' یہ مجھ سے سورۂ ملک کی تلاوت کرتا تھا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس سورت کا نام مانعہ ہے' عذابِ قبر کو روکتی ہے' سورۂ ملک کے متعلق تورات میں لکھا تھا' جس نے رات کو پڑھا اس کے لیے زیادہ ثواب اور بہتر ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِذَا كَانَ الرَّجُلُ يَقْرَأُ سُورَةَ الْمُلْكِ كُلَّ لَيْلَةٍ فَأُدْخِلَ قَبْرَهُ فَيُؤْتَى فِي قَبْرِهِ فَيُبْدَأُ بِرِجْلَيْهِ فَتَقُولُ رِجْلَاهُ: مَا لَكُمْ عَلَى مَا قِبَلِي سَبِيلٌ فَذَكَرَ مِثْلَهُ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو آدمی سورۂ ملک کی تلاوت ہر رات کرے پھر اسے قبر میں رکھا جائے اور اس کی قبر میں منکر نکیر اس کے پاؤں کے پاس بیٹھے' تو اُس نے کہا: میرے پاس تمہارا کوئی راستہ نہیں۔ اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

**8573-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، وَغَيْرِهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْقُرْآنُ شَافِعٌ مُشَفَّعٌ، وَمَاحِلٌ مُصَدَّقٌ، فَمَنْ جَعَلَهُ إِمَامَهُ قَادَهُ إِلَى الْجَنَّةِ، وَمَنْ جَعَلَهُ خَلْفَهُ سَاقَهُ إِلَى النَّارِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن شفاعت کرنے والا اور شفاعت قبول کیا ہوا ہے' تدبیر کرنے والا ہے اور اس کی تصدیق کی گئی ہے' پس جس نے اس کو اپنا امام بنایا تو اس کو جنت لے جائے گا اور جس نے اس کو پیٹھ پیچھے رکھا' اس کو جہنم میں دھکیل دے گا۔

**8574-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ كَانَ يُحِبُّ الْقُرْآنَ وَيُعْجِبُهُ فَهُوَ بِخَيْرٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن سے محبت کرتا ہے اور خوش ہوتا ہے' پس وہ خیر پر ہے۔

**8575-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَعْلَمَ أَنَّهُ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَلْيَنْظُرْ فَإِنْ كَانَ يُحِبُّ الْقُرْآنَ فَهُوَ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو پسند کرتا ہے کہ یہ بات جان لے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے تو وہ دیکھے کہ اگر وہ قرآن سے محبت کرتا ہے تو وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔

**8576-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُورًا، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: جَلَسَ

حضرت شتیر نے حضرت مسروق سے کہا: حدیث بیان کر جو تُو نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اور میں تیری تصدیق کروں گا یا میں بیان کرتا ہوں اور آپ

---

8573- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6010' ورواه الدارمي رقم الحديث: 3328 من طريق آخر عن ابن مسعود .

8575- قال في المجمع جلد 7 صفحه 165' ورجاله ثقات . ورواه البيهقي في الآداب جلد 1 صفحه 652' جلد 2 صفحه 255 .

شُتَيْرُ بْنُ شَكَلٍ، وَمَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ، فَقَالَ شُتَيْرٌ، لِمَسْرُوقٍ: حَدِّثْ بِمَا سَمِعْتَ عَبْدَ اللّٰهِ وَأُصَدِّقُكَ، أَوْ أُحَدِّثُ وَتُصَدِّقُنِي، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يَقُولُ: إِنَّ أَجْمَعَ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ لِخَيْرٍ وَشَرٍّ آيَةٌ فِي سُورَةِ النَّحْلِ: (إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَى، وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ، وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ) (النحل: 90) قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُولُ: إِنَّ أَكْبَرَ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ فَرَحًا آيَةٌ فِي سُورَةِ الْغُرَفِ: (قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا) (الزمر: 53) مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنْ شَاءَ، قَالَ: صَدَقْتَ

تصدیق کرنا۔ اُنہوں نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا: قرآن میں جامع آیت' خیر و شر کو جمع کرنے والی سورۂ نحل میں ہے: ''بے شک اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے عدل کا اور احسان کا اور رشتہ داروں کو دینے کا اور منع فرماتا ہے بے حیائی سے اور بُری بات سے اور سرکشی سے اور تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ تم دھیان کرو''۔ فرمایا: تُو نے سچ کہا! اُنہوں نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا: خوشی کے لحاظ سے بڑی آیت قرآن کی سورۂ اعراف میں ہے: ''اے حبیب! فرمادیجئے جن لوگوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی کہ وہ مایوس نہ ہوں اپنے رب کی رحمت سے'' بے شک اللہ تمام گناہ بخشنے والا ہے' اگر چاہے۔ کہا: تُو نے سچ کہا۔

**8577**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: جَلَسَ مَسْرُوقٌ، وَشُتَيْرُ بْنُ شَكَلٍ فِي مَسْجِدِ الْأَعْظَمِ، فَرَآهُمَا نَاسٌ فَتَحَوَّلُوا إِلَيْهِمَا، فَقَالَ مَسْرُوقٌ لِشُتَيْرٍ: إِنَّمَا تَحَوَّلَ إِلَيْنَا هَؤُلَاءِ لِنُحَدِّثَهُمْ، فَإِمَّا أَنْ تُحَدِّثَ وَاصَدِّقُكَ، وَإِمَّا أَنْ أُحَدِّثَ وَتُصَدِّقَنِي، فَقَالَ مَسْرُوقٌ: حَدِّثْ أُصَدِّقُكَ، قَالَ شُتَيْرٌ: ثنا

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں: حضرت مسروق اور شتیر بن شکل' مسجد اعظم میں بیٹھے تو کچھ لوگوں نیان کو دیکھ لیا' پس وہ بھی ان کے پاس جا بیٹھے' پس حضرت شتیر رضی اللہ عنہ سے مسروق نے کہا: یہ لوگ بھی ہماری طرف آ گئے ہیں' ہم ان کو حدیثیں سنائیں یا آپ حدیث بیان کریں' میں تصدیق کروں گا یا میں بیان کرتا ہوں اور آپ تصدیق کریں۔ پس حضرت مسروق نے کہا: آپ بیان کریں' میں تصدیق کروں گا۔ حضرت شتیر نے کہا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہم سے حدیث بیان کی کہ قرآن

8577- قال في المجمع جلد7 صفحه323' ورجاله رجال الصحيح .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، أَنَّ أَعْظَمَ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ: (اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة: 255) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ: صَدَقْتَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ أَنَّ: أَجْمَعَ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ: (إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ) (النحل:90) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، قَالَ مَسْرُوقٌ: صَدَقْتَ، وَحَدَّثَنَا أَنَّ: أَكْثَرَ أَوْ أَكْبَرَ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَرَحًا: (يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا) (الزمر: 53) مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ: صَدَقْتَ، وَحَدَّثَنَا أَنَّ: أَشَدَّ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ تَفْوِيضًا: (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ) (الطلاق:3) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ فَقَالَ مَسْرُوقٌ: صَدَقْتَ

میں اعظم آیت (سورۂ بقرہ) میں یہ ہے: ''اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں' وہ حی اور قیوم ہے'' آیت کے آخر تک۔ پس مسروق نے کہا: تُو نے سچ کہا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ کتاب میں جامع آیت: ''بے شک اللہ حکم فرماتا ہے عدل کا اور احسان کا'' آیت کے آخر تک۔ حضرت مسروق نے کہا: تُو نے سچ کہا! اُنہوں نے ہم کو حدیث بیان کی: کثرت یا بڑائی والی آیت خوشی کے لحاظ سے یہ ہے: ''اے محبوب! فرما دیجئے جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا کہ وہ میری رحمت سے مایوس نہ ہوں'' آیت کے آخر تک۔ مسروق نے کہا: تُو نے سچ کہا! ہمیں حدیث سنائی کہ تفویض کے لحاظ سے کتاب اللہ میں سخت آیت: ''اور جو ڈرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے تو اللہ ان کے لیے نجات کا راستہ نکال دے گا اور انہیں وہاں سے روزی دے گا جہاں سے انہیں گمان نہیں ہوگا'' آیت کے آخر تک۔ مسروق نے کہا: تُو نے سچ کہا۔

**8578-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، وَغَيْرِهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، وَشُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ الْعَبْسِيِّ، قَالَ: جَلَسْنَا فِي الْمَسْجِدِ، فَثَارَ إِلَيْهِمَا النَّاسُ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: إِنَّهُمْ لَمْ يَقُومُوا إِلَيْنَا إِلَّا لِنُحَدِّثَهُمْ، فَإِمَّا أَنْ أُحَدِّثَهُمْ وَتُصَدِّقَنِي وَإِمَّا أَنْ تُحَدِّثَهُمْ فَأُصَدِّقَكَ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ،

امام شعبی سے روایت ہے کہ حضرت شتیر بن شکل عبسی فرماتے ہیں: ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے تو لوگ اُٹھ کر آ گئے تو ایک نے دوسرے سے کہا: یہ لوگ ہمارے پاس سے نہیں اُٹھیں گے یہاں تک کہ ہم ان کو حدیثیں سنائیں یا تو میں ان کو حدیث سناتا ہوں' آپ تصدیق کریں یا آپ حدیث بیان کریں اور میں تصدیق کروں گا۔ تو ان میں سے ایک نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: قرآن میں اعظم آیت ''آیۃ الکرسی''

8578- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6002 .

يَقُولُ: أَعْظَمُ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ آيَةُ الْكُرْسِيِّ، فَقَالَ الْآخَرُ: صَدَقْتَ، قَالَ الْآخَرُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَقُولُ: أَجْمَعُ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ: (إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ) (النحل:90) قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: أَشَدُّ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ تَفْوِيضًا: (وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا) (الطلاق:2) ، قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ الْآخَرُ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: أَكْبَرُ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ فَرَحًا: (يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ) (الزمر:53) ، قَالَ: صَدَقْتَ

ہے۔ دوسرے نے کہا: تُو نے سچ کہا! ایک بولا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا: قرآن میں (خیروشرکی) جامع آیت یہ ہے: ''بے شک اللہ حکم فرماتا ہے عدل کا اور احسان کا''۔ دوسرے نے کہا: سچ ہے! ایک بولا: اور میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا: تفویض کے لحاظ سے سخت آیت قرآن میں یہ ہے: ''اور جو ڈرے اللہ تعالیٰ سے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے وہ نکالے گا''۔ دوسرے نے کہا: سچ ہے! پہلے نے کہا: اور میں نے ان کوفرماتے ہوئے سنا: خوشی کے لحاظ سے قرآن میں بڑی آیت: ''اے محبوب! فرما دیجئے میرے بندوں سے جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا''۔ دوسرا بولا: سچ ہے!

8579- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، قَالَ: اجْتَمَعَ مَسْرُوقٌ، وَشُتَيْرُ بْنُ شَكَلٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَتَعَرَّضَ إِلَيْهِمَا حِلَقُ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ: مَا أَرَى هَؤُلَاءِ جَلَسُوا إِلَيْنَا إِلَّا لِيَسْمَعُوا مِنَّا خَيْرًا، فَإِمَّا تُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت ابوالضحیٰ فرماتے ہیں: حضرت مسروق اور شتیر بن شکل مسجد میں بیٹھے تھے مسجد میں موجود حلقے ان کے پاس جمع ہو گئے تو حضرت مسروق نے کہا: میرا خیال ہے کہ یہ لوگ ہمارے پاس بیٹھے رہیں گے جب تک ہم سے بھلی بات نہ سن لیں! یا تو آپ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایات بیان کریں اور میں تصدیق کروں گا یا میں بیان کرتا ہوں اور آپ تصدیق کرنا۔ پس اُنہوں نے کہا: آپ ہمیں حدیث سنائیں! اے ابوعائشہ! پس حضرت مسروق نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ

8579- قال في المجمع جلد7صفحه126 رواه كله الطبراني بأسانيد ورجال الأول - يقصد هذا الحديث - رجال الصحيح غير عاصم بن بهدلة وهو ثقة وفيه ضعف . ورواه ابن جرير مختصرًا من طريق آخر عن ابن مسعود جلد 15 صفحه24 . وكذا قال في المجمع جلد7صفحه49 .

وَأُصَدِّقُكَ، وَإِمَّا أَنْ أُحَدِّثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَتُصَدِّقُنِي، فَقَالَ: حَدَّثَنَا أَبَا عَائِشَةَ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: الْعَيْنَانِ تَزْنِيَانِ، وَالرِّجْلَانِ تَزْنِيَانِ، وَالْيَدَانِ تَزْنِيَانِ، وَيُصَدِّقُ ذَلِكَ الْفَرْجُ، وَيُكَذِّبُهُ، قَالَ: نَعَمْ، وَأَنَا قَدْ سَمِعْتُهُ، قَالَ: فَهَلْ سَمِعْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنَّ أَجْمَعَ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ حَلَالٌ، وَحَرَامٌ، وَأَمْرٌ، وَنَهْيٌ: (إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ) (النحل:90) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَأَنَا قَدْ سَمِعْتُهُ قَالَ: فَهَلْ سَمِعْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنَّ أَكْبَرَ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ تَفْوِيضًا: (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا، وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ) (الطلاق:3) ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَأَنَا قَدْ سَمِعْتُهُ، قَالَ: وَهَلْ سَمِعْتَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنَّ أَشَدَّ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ فَرَحًا: (يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ) (الزمر:53) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَنَا قَدْ سَمِعْتُهُ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ

عنہ کوفرماتے ہوئے سنا: دونوں آنکھیں بھی زنا کرسکتی ہیں دونوں پاؤں بھی زنا کر سکتے ہیں' دونوں ہاتھ بھی زانی ہو سکتے ہیں اور یہ فرج یا تو تصدیق کرتی ہے یا تکذیب کرتی ہے۔ حضرت شتیر نے کہا: جی ہاں! میں نے بھی یہ سنی تھی۔ اُنہوں نے کہا: کیا آپ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن میں جامع آیت' حلال' حرام' امر' نہی (سب کو جمع کرنے والی یہ ہے:) ''بے شک اللہ حکم فرماتا ہے عدل کا اور احسان کا اور دوتم اپنے رشتہ داروں کو اور منع کرتا ہے بُرائی سے'' آیت کے آخر تک۔ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! اور میں نے بھی سنی تھی۔ فرمایا: کیا آپ نے یہ بھی سنا؟ فرمایا: قرآن میں تفویض کے لحاظ سے اکبر آیت (یہ ہے:) ''اور جو ڈرے اللہ سے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے راہ بنا دیتا ہے نکالنے کی اور اسے وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے گمان نہیں ہوتا''۔ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! فرمایا: میں نے بھی سنی تھی۔ فرمایا: کیا آپ نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ قرآن میں بہت زیادہ خوشی دلانے والی آیت (یہ ہے:) ''اے میرے بندے! جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا' میری رحمت سے نا اُمید نہ ہوں'' آیت کے آخر تک۔ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! کہا: پس میں نے بھی یہ سنی تھی۔ اور یہ الفاظ حضرت حماد بن زید کی حدیث کے ہیں۔

**8580-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی

8580- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5992' والقسم الأول منقطع بين أبي اسحاق وابن مسعود' والثاني أيضًا منقطع

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَوْ قِيلَ لِأَحَدِكُمْ: لَوْ غَدَوْتَ إِلَى الْقَرْيَةِ كَانَ لَكَ أَرْبَعُ مِائَةِ قَلَائِصَ كَانَ يَقُولُ: قَدْ أَنَى لِي أَنْ أَغْدُوَ، وَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ غَدَا فَتَعَلَّمَ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ كَانَتْ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَرْبَعٍ وَأَرْبَعٍ وَأَرْبَعٍ حَتَّى عَدَّ شَيْئًا كَثِيرًا

اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم میں سے کسی ایک کو کہا جائے: اگر تُو اس دیہات میں صبح کرے (یا جائے) تو تیرے لیے چار سو اونٹنیاں۔ فرمایا کرتے تھے: میرے لیے کیسے یہ ہوگا کہ میں (وہاں) صبح کروں' اور اگر تم میں سے کوئی ایک صبح کرے اور وہ کتاب اللہ کی ایک آیت سیکھ لے تو اس کیلئے چار' چار اور چار سے بہتر ہوگی حتیٰ کہ بہت ساری چیزوں کو گنا۔

**8581-** قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: وَأَخْبَرَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ إِذَا أَصْبَحَ فَخَرَجَ أَتَاهُ النَّاسُ إِلَى دَارِهِ، فَيَقُولُ: عَلَى مَكَانِكُمْ، ثُمَّ يَمُرُّ بِالَّذِينَ يُقْرِئُهُمُ الْقُرْآنَ فَيَقُولُ: أَبَا فُلَانٍ بِأَيِّ سُورَةٍ أَنْتَ؟ فَيُخْبِرُهُ، فَيَقُولُ: فِي أَيِّ آيَةٍ فَيُخْبِرُهُ فَيَفْتَحُ عَلَيْهِ الْآيَةَ الَّتِي تَلِيهَا، ثُمَّ يَقُولُ: تَعَلَّمْهَا فَإِنَّهَا خَيْرٌ لَكَ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، قَالَ: فَيَظُنُّ الرَّجُلُ أَنَّهُ لَيْسَ فِي الْقُرْآنِ آيَةٌ خَيْرٌ مِنْهَا، ثُمَّ يَمُرُّ بِالْآخَرِ فَيَقُولُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ، حَتَّى يَقُولَ ذَلِكَ لِكُلِّهِمْ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں: اور ابوعبدہ نے مجھے خبر دی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب صبح کرتے تو لوگوں کے سامنے نکلتے' لوگ اُن کے گھر آتے تو وہ فرماتے: اپنی جگہ پر بیٹھ جاؤ! پھر ان کے پاس جاتے' جن کو آپ قرآن پڑھاتے۔ پس فرماتے: اے ابوفلاں! تیرا سبق کس سورت پہ ہے؟ پس وہ بتاتا تو فرماتے: کس آیت پر ہے؟ پس وہ بتاتا تو اس پر اس سے اگلی آیت کھولتے' پھر فرمایا: اس کا سیکھنا بہتر ہے' اس سے جو آسمان و زمین کے درمیان ہے۔ راوی کا بیان ہے: پس وہ آدمی گمان کرتا ہے کہ قرآن میں اس سے بہتر آیت کوئی نہیں ہے' پھر دوسرے کے پاس تشریف لے جاتے' اسے بھی پہلے کی مثل ہی فرماتے حتیٰ کہ تمام کو یہی بات فرماتے۔

**8582-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے روایت کرتے ہیں کہ آپ کا طریقہ یہ تھا کہ آدمی کیلئے آیت پڑھا کرتے تھے۔ پھر

---

لأن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه انظر المجمع جلد7صفحه167 .

8582- قال في المجمع جلد7صفحه167' ورجاله ثقات .

أَنَّهُ كَانَ: يَقْرَأُ لِلرَّجُلِ الْآيَةَ، ثُمَّ يَقُولُ: لَهِيَ خَيْرٌ مِمَّا اطَّلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ -أَوْ مِمَّا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ - حَتَّى يَقُولَ ذَلِكَ فِي الْقُرْآنِ كُلِّهِ

فرماتے: یہ بہتر ہے ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے یا جو زمین پر ہے حتیٰ کہ سارے قرآن میں یہی فرماتے۔

**8583-** حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَفُ بْنُ الْوَلِيدِ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ خَيْرَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ فَلْيُثَوِّرِ الْقُرْآنَ، فَإِنَّ فِيهِ خَيْرُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس کا ارادہ ہو اوّلین و آخرین کی بہترین کا تو وہ قرآن کو پھیلائے (یا اس میں بحث ومباحثہ کرے) کیونکہ اس میں اوّلین و آخرین کی بہتری ہے۔

**8584-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُرَّةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ أَرَادَ عِلْمًا فَلْيُثَوِّرِ الْقُرْآنَ، فَإِنَّهُ خَيْرُ الْأَوَّلِينَ وَخَيْرُ الْآخِرِينَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو علم کا طالب ہے تو وہ قرآن کو پھیلائے کیونکہ یہ اوّلین کی بھی خیر ہے اور آخرین کی بھی خیر ہے۔

**8585-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ الْعِلْمَ فَلْيُثَوِّرِ الْقُرْآنَ، فَإِنَّ فِيهِ عِلْمَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو علم کا طالب ہے تو وہ قرآن کو پھیلائے کیونکہ یہ اوّلین کی بھی خیر ہے اور آخرین کی بھی خیر ہے۔

**8586-** حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لِكُلِّ حَرْفٍ حَدٌّ، وَلِكُلِّ حَدٍّ مُطَّلَعٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن کے ہر حرف کی ایک تعریف ہے اور ہر تعریف پر اطلاع پانا ممکن ہے۔

---

8583- قال في المجمع جلد7صفحه165 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح .

**8587-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ الْقُرْآنَ لَيْسَ مِنْهُ حَرْفٌ إِلَّا لَهُ حَدٌّ، وَلِكُلِّ حَدٍّ مُطَّلَعٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن کے ہرلفظ کا ظاہراور باطن بھی ہے۔

**8588-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ فَكَأَنَّمَا قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے قل هو اللّٰه احد پڑھی اس نے تہائی قرآن کا ثواب حاصل کیا۔

**8589-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَثَلُ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَلَا يَعْمَلُ بِهِ كَمَثَلِ رَيْحَانَةٍ رِيحُهَا طَيِّبٌ وَلَا طَعْمَ لَهَا، وَمَثَلُ الَّذِي يَعْمَلُ بِالْقُرْآنِ وَلَا يَقْرَؤُهُ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلَا رِيحَ لَهَا، وَمَثَلُ الَّذِي يَتَعَلَّمُ الْقُرْآنَ وَيُعَلِّمُهُ كَمَثَلِ الْأُتْرُجَّةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَرِيحُهَا طَيِّبٌ، وَمَثَلُ الَّذِي لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَلَا يَعْمَلُ بِهِ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ طَعْمُهَا خَبِيثٌ وَرِيحُهَا خَبِيثٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثال جوقرآن پڑھتا ہے اور عمل نہیں کرتا اُس درخت کی طرح ہے جس کی خوشبو اچھی ہے اور ذائقہ اچھا نہیں ہے اس کی مثال جوقرآن پر عمل کرتا ہے لیکن پڑھتا نہیں اس کھجور کی طرح ہے جس کا ذائقہ اچھا ہے لیکن خوشبو نہیں ہے اور اس کی مثال جوقرآن پڑھتا ہے اور پڑھاتا بھی ہے اُس درخت کی طرح ہے جس کا ذائقہ بھی اچھا ہے اور خوشبو بھی اچھی ہے اور اس کی مثال جوقرآن نہیں پڑھتا اور عمل بھی نہیں کرتا اس کانٹے دار درخت کی ہے جس کا ذائقہ کڑوا اور خوشبو بُری ہے۔

**8590-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے

---

8587- لم يتكلم عليه في المجمع جلد7صفحه153 .

8588- قال في المجمع جلد 7صفحه148' رواه البزار جلد 1صفحه287' والطبراني في الكبير والأوسط ( 307 مجمع البحرين) باختصار فيهما بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح غير عبد الله بن أحمد وهو ثقة امام .

8589- قال في المجمع جلد7صفحه168' واسناده منقطع .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ سُورَةَ الْبَقَرَةِ فَقَدْ أَكْثَرَ وَأَطْيَبَ

رات کو سورۂ بقرہ کی تلاوت کی' اس نے زیادہ ثواب حاصل کیا اور اچھا ہے۔

**8591**- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يَقُولُ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ قَرَأَ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ فَقَدْ أَكْثَرَ وَأَطْيَبَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے رات کو سورۂ بقرہ کی تین آیتیں پڑھیں' اس نے زیادہ ثواب حاصل کیا اور اچھا کیا۔

**8592**- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يَقُولُ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ قَرَأَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فِي بَيْتٍ لَمْ يَدْخُلْ ذَلِكَ الْبَيْتَ شَيْطَانٌ تِلْكَ اللَّيْلَةِ حَتَّى يُصْبِحَ، أَرْبَعَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِهَا، وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ، وَآيَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَخَوَاتِيمُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے سورۂ بقرہ کی دس آیتیں پڑھیں' اس گھر میں شیطان صبح تک داخل نہیں ہوگا' وہ چار آیتیں شروع کی ہیں اور آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی آیتیں اور آخری آیتیں ہیں۔

**8593**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ حَذْلَمٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ: (وَكُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِينَ) (النمل: 87)

حضرت تمیم بن حذلم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو پڑھتے سنا: "وكل اتوه داخرين"۔

---

8591- قال في المجمع جلد 2 صفحه 270' وفيه يحيى بن عمرو بن سلمة ولم أجد من ترجمه . وبقية رجاله رجال الصحيح .

8592- ورواه الدارمي رقم الحديث: 3686,3385' قال في المجمع جلد 10 صفحه 118' ورجاله رجال الصحيح الا أن الشعبي لم يسمع من ابن مسعود .

**8594-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ حَذْلَمٍ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرْآنَ فَلَمْ يَأْخُذْ عَلَيَّ إِلَّا حَرْفَيْنِ، قُلْتُ: (وَكُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِينَ) (النمل: 87)، قَالَ: (وَكُلٌّ آتَوْهُ دَاخِرِينَ) وَقُلْتُ: (حَتَّى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا) (يوسف: 110) قَالَ: (وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كَذَبُوا) (يوسف: 110)

حضرت تمیم بن حذلم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے قرآن پڑھا' آپ نے مجھ سے دو حرف سنے' میں نے کہا: ''وکل اتوہ داخرین''۔ آپ نے فرمایا: ''وکل اتوہ داخرین'' میں نے کہا: ''حتی اذا استیاس الی آخرہ'' آپ نے فرمایا: ''وظنوا انہم قد کذبوا''۔

**8595-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، قَالَ: ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يَقْرَأُ: (إِنْ هَذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ) (الشعراء: 137) يَقُولُ: شَيْءٌ اخْتَلَقُوهُ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پڑھتے تھے: ''ان ھذا الا خلق الاوّلین'' فرماتے تھے: اس سے مراد وہ شی ہے جس کو انہوں نے گھڑ لیا۔

**8596-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَزِيدَ الْكِنْدِيُّ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُقْرِءُ الْقُرْآنَ رَجُلًا فَقَرَأَ الرَّجُلُ: (إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ) (التوبة: 60) مُرْسَلَةً، فَقَالَ

حضرت موسیٰ بن یزید کندی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کو قرآن پڑھاتے تھے' اس آدمی نے مرسل پڑھا: ''انما الصدقات الی آخرہ''۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ مجھے اس طرح نہیں پڑھاتے تھے' آپ نے مجھے اس طرح پڑھایا ہے: ''انما الصدقات للفقراء والمساکین''

---

8594- قال في المجمع جلد7 صفحه155' ورجاله ثقات .

8595- قال في المجمع جلد7 صفحه85' ورجاله رجال الصحيح .

8596- قال في المجمع جلد7 صفحه155' ورجاله رجال الصحيح .

ابْنُ مَسْعُودٍ: مَا هَكَذَا أَقْرَأَنِيهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَقْرَأَنِيهَا: (إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ) (التوبة: 60) فَمَدَّدَهَا

پس آپ نے اسے کھینچ کر پڑھا۔

**8597-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ قَرَأَ: (أَيْنَمَا يُوَجِّهْهُ لَا يَأْتِي إِلَّا بِخَيْرٍ)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے پڑھا: ''أینما بوجهه لا یاتی الا بخیر'' (لا یاتِ کی بجائے اورآگے الا کا اضافہ کرتے)۔

**8598-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، يَقْرَأُ: وَوَصَّى رَبُّكَ أَنْ لَا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ

حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت کو اس طرح پڑھا کرتے تھے: ''ووصی (وقضی کی بجائے) ربك ان لا تعبدو الا ایاہ''۔

**8599-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنِّي قَدْ سَمِعْتُ الْقُرَّاءَ فَسَمِعْتُهُمْ مُتَقَارِبِينَ، فَاقْرَءُوا كَمَا عُلِّمْتُمْ، وَإِيَّاكُمْ وَالتَّنَطُّعَ وَالِاخْتِلَافَ فَإِنَّمَا هُوَ كَقَوْلِ أَحَدِكُمْ: هَلُمَّ وَتَعَالَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک میں نے قاریوں کو سنا تو میں نے سنا کہ ان کی قرأت قریب قریب ہے، پس جیسے تم کو پڑھایا گیا ہے ویسے پڑھو لیکن چرب زبانی اور اختلاف سے بچو! بس یہ تم میں سے کسی کے اس قول کی مانند ہے: ھلم (آؤ) اور تعال (آؤ)۔

**8600-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت شقیق سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت

---

8597- قال فی المجمع جلد7صفحه155 وفیه یحیی الحمانی وهو ضعیف .

8598- قال فی المجمع جلد7صفحه155' واسناده منقطع وفیه یحیی الحمانی وهو ضعیف .

8600- قال فی المجمع جلد7صفحه155' ورجاله ثقات . قلت: رواه البخاری فی صحیحه رقم الحدیث: 4692 من طریق

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: قُلْنَا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ: (هِيتَ) (يوسف:23)، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا (هَيْتَ) (يوسف:23) إِنَّا قَدْ سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ، وَأَنَا أَقْرَأُ كَمَا عَلِمْتُ أَحَبُّ إِلَيَّ

عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس عرض کی: "هیت" (آؤ) تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "هَیْتَ" (آؤ) بے شک ہم نے اس بارے سوال کیا لیکن میں پڑھتا ہوں جیسے میں جانتا ہوں یہی مجھے پسند ہے۔

**8601**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَرْفَجَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: (مَجْرَاهَا، وَمَرْسَاهَا) (هود:41)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے: "مجراها' ومرساها" (یعنی مُرْسَاهَا کی بجائے) معنی ہے: اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا۔

**8602**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَيْسَ الْخَطَأُ أَنْ يُقْرَأَ بَعْضُهُ فِي بَعْضٍ، وَلَكِنِ الْخَطَأُ أَنْ تُلْحِقُوا بِهِ مَا لَيْسَ مِنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بعض کو بعض میں ادغام کر کے پڑھنا غلطی نہیں ہے بلکہ غلطی یہ ہے کہ جو چیز اس سے نہیں اس کو ملا دیا جائے۔

**8603**- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ -رَفَعَهُ- قَالَ: أَعْرِبُوا بِالْقُرْآنِ فَإِنَّهُ عَرَبِيٌّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن سیکھو کیونکہ یہ عربی ہے (اور تم بھی عربی ہو)۔

**8604**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قرآن سیکھ لو۔

---

آخر عن الأعمش به . وكذلك رواه أبو داؤد رقم الحديث: 3986,2985 .

8604- قال في المجمع جلد 7 صفحه 164 رواه الطبراني من طرق وفيها ليث ابن أبي سليم وفيه ضعف' وبقية رجال أحد الطرق رجال الصحيح .

مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ

**8605**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ سَبْرٍ أَبِي الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ فَإِنَّهُ عَرَبِيٌّ، فَإِنَّهُ سَيَجِيءُ قَوْمٌ يَثْقَفُونَهُ وَلَيْسُوا بِخِيَارِكُمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن سیکھ لو کیونکہ یہ عربی ہے کیونکہ عنقریب ایسی قوم آئے گی جو اس میں ماہر ہونے کی کوشش کرے گی لیکن ان کے اختیار میں نہیں ہوگا۔

**8606**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَدِيمُوا النَّظَرَ فِي الْمُصْحَفِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: مصحف میں ہمیشہ نظر رکھو۔

**8607**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَ: ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: تَعَاهَدُوا الْمَصَاحِفَ، فَلَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: مصاحف کا خیال رکھو پس یہ لوگوں کے دلوں سے اس سے بھی جلدی اور آسانی سے نکلنے والا ہے جس طرح اونٹ ڈھنگے سے۔

**8608**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ

---

8605- فيه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

8606- قال في المجمع جلد7صفحه165 شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم ضعيف .

8607- رواه الحميدي رقم الحديث: 91 .

8608- قال في المجمع جلد8صفحه155 شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ضعيف . قلت: رواه البخاري وأبو داود .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ قَرَأَهَا: (بَلْ عَجِبْتُ وَيَسْخَرُونَ) (الصافات: 12)

نے اس آیت کو اس طرح پڑھا: "بل عجبتُ (عَجِبتَ کی بجائے) ویسخَرُون" بلکہ تمہیں اچنبھا ہوا۔

**8609-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْكُوفِيُّ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الْكِنَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقْرَؤُهَا: الْحَيُّ الْقَيَّامُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ پڑھا کرتے تھے: "الحیُّ القیّام" (القیّوم کی بجائے)۔

**8610-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ: (حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ) (الأعراف: 40) قَالَ: زَوْجُ النَّاقَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ پڑھتے: "حتّی یلج الجملُفی سمّ الخیّاط" (جب تک سوئی کے ناکے میں اونٹ داخل نہ ہو)۔ فرمایا: "الجمل" سے مراد اونٹنی کا نر ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: زَوْجُ النَّاقَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرمایا: اونٹنی کا نر۔

**8611-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: جب تم سے اس کا دوست سوال کرے کہ فلاں فلاں

---

8609- قال في المجمع جلد7صفحه154، وأبو خالد لم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

8610- قال في المجمع جلد7صفحه23 رواه الطبراني من طريقين ورجال أحدهما رجال الصحيح إلا أن ابراهيم النخعي لم يدرك ابن مسعود، والأخرى ضعيفة .

8611- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5988 .

عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا سَأَلَ أَحَدُكُمْ صَاحِبَهُ كَيْفَ يَقْرَأُ آيَةَ كَذَا وَكَذَا، فَلْيَسْأَلْهُ عَنْ مَا قَبْلَهَا

آیت کس طرح پڑھتےہو تو آپ اس سے ماقبل کے بارے سوال کردیں۔

**8612-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا سَأَلَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ عَنِ الْآيَةِ فَلَا يَقُولُ: كَذَا وَكَذَا فَلَيْسَ عَلَيْهِ، وَلٰكِنْ يَقْرَأُ مَا قَبْلَهَا ثُمَّ لِيَحُلْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ حَاجَتِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم سے کوئی بھائی سوال کرے کسی آیت کے بارے میں تو وہ نہ کہے: اس اس طرح ہے نہیں ہے بلکہ اس سے پچھلی آیت پڑھے پھر اس کے سوال کا جواب دے۔

**8613-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ فَأَعْجَبَهُ صَوْتِي، فَقَالَ: رَتِّلْ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے سامنے پڑھا میری آواز نے ان کو خوش کردیا۔ فرمایا: ترتیل سے پڑھتے جاؤ! میرے ماں باپ آپ پر قربان!

**8614-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَدِيمُوا النَّظَرَ فِي الْمُصْحَفِ، وَإِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِي يَا، وَتَا فَاجْعَلُوهَا يَا، ذَكِّرُوا الْقُرْآنَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: مصحف میں ہمیشہ غوروفکر کرتے رہو اور جب ''یا، تا'' میں تمہارا اختلاف ہو جائے تو اس کو ''یا'' بنالو قرآن سے نصیحت حاصل کرو یا لوگوں کو نصیحت کرو۔

**8615-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ بْنُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: جب ''یا، تا'' میں تم جھگڑ پڑو تو اسے ''یا'' سمجھو اور

---

8612- قال في المجمع جلد 1 صفحه160 ورجاله موثقون الا أنه منقطع .

8613- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:5979 .

قُدَامَةَ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا تَمَارَيْتُمْ فِي يَا أَوْ تَا، فَاجْعَلُوهَا يَا، وَذَكِّرُوا الْقُرْآنَ فَإِنَّهُ مُذَكَّرٌ

قرآن یاد کرواتے رہو کیونکہ یہ یاد کیا جانے والا ہو۔

**8616-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ مَعْقِلٍ، قَالَ الثَّوْرِيُّ: وَحَدَّثَنِيهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ، عَنْ شَدَّادٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَيُنْتَزَعَنَّ هَذَا الْقُرْآنُ مِنْ بَيْنِ أَظْهُرِكُمْ، قُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، كَيْفَ يُنْتَزَعُ وَقَدْ أَثْبَتْنَاهُ فِي مَصَاحِفِنَا؟ قَالَ: يُسْرَى عَلَيْهِ فِي لَيْلَةٍ فَلَا يَبْقَى فِي قَلْبِ عَبْدٍ وَلَا مُصْحَفٍ مِنْهُ شَيْءٌ، وَيُصْبِحُ النَّاسُ فُقَرَاءَ كَالْبَهَائِمِ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهِ عَلَيْنَا وَكِيلًا)(الإسراء: 86)

حضرت شداد فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے درمیان سے یہ قرآن چھین لیا جائے گا (ایک دن) میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیسے چھینا جائے گا جبکہ ہم نے اس کو اپنے مصاحف میں لکھ دیا ہے؟ فرمایا: اس پر ایک رات میں ایسا ہوگا کہ بندے کے دل میں نہ رہے گا اور نہ مصحف میں کوئی حرف ہوگا، پس لوگ صبح کر کے جانوروں کی طرح پڑھتے ہوں گے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''اور اگر ہم چاہتے تو یہی وحی جو ہم نے تمہاری طرف کی، اسے ہم لے جاتے پھر تم کوئی نہ پاتے کہ تمہارے لیے ہمارے حضور اس پر وکالت کرتا''۔

**8617-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ مَعْقِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَوَّلُ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةَ، وَآخِرُ مَا يَبْقَى الصَّلَاةُ، وَلَيُصَلِّيَنَّ قَوْمٌ لَا إِيمَانَ لَهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تمہارے دین میں سے سب سے پہلے جو چیز جائے گی وہ امانت ہے اور جو آخر تک رہے گی وہ نماز ہے ایک وہ وقت بھی آئے گا کہ لوگ نماز پڑھیں گے لیکن ان کے پاس ایمان نہیں ہو گا۔

**8618-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

---

8616- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5981، قال في المجمع جلد 7 صفحه 52، ورجاله رجال الصحيح غير شداد بن معقل وهو ثقة . ورواه الدارمي رقم الحديث: 3346,3344 .

8618- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5986، قال في المجمع جلد 7 صفحه 330، ورجاله رجال الصحيح غير شداد

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ مَعْقِلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: إِنَّ أَوَّلَ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةَ، وَآخِرَ مَا يَبْقَى مِنْ دِينِكُمُ الصَّلَاةُ، وَلَيُصَلِّيَنَّ قَوْمٌ لَا دِينَ لَهُمْ، وَلَيُنْتَزَعَنَّ الْقُرْآنُ مِنْ بَيْنِ أَظْهُرِكُمْ، قَالُوا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَلَسْنَا نَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَقَدْ أَثْبَتْنَاهُ فِي مَصَاحِفِنَا؟ قَالَ: يُسْرَى عَلَى الْقُرْآنِ لَيْلًا فَيُذْهَبُ بِهِ مِنْ أَجْوَافِ الرِّجَالِ فَلَا يَبْقَى فِي الْأَرْضِ مِنْهُ شَيْءٌ

تمہارے دین میں سے سب سے پہلے جو چیز جائے گی وہ امانت ہے اور جو آخر تک رہے گی وہ نماز ہے' ایک وہ وقت بھی آئے گا کہ لوگ نماز پڑھیں گے لیکن ان کے پاس ایمان نہیں ہوگا' تمہارے درمیان سے یہ قرآن چھین لیا جائے گا (ایک دن) میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیسے چھینا جائے گا جبکہ ہم نے اس کو اپنے مصاحف میں لکھ دیا ہے؟ فرمایا: اس پر ایک رات میں ایسا ہوگا کہ بندے کے دل میں نہ رہے گا اور نہ مصحف میں کوئی حرف ہو گا' پس زمین میں اس سے کوئی شی نہ رہے گی۔

**8619-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ فَهُوَ رَاجِزٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: جس نے تین سے کم میں قرآن پڑھا وہ رجز پڑھنے والا ہے۔

**8620-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ فَهُوَ رَاجِزٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جس نے تین سے کم میں قرآن پڑھا وہ رجز پڑھنے والا ہے۔

**8621-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ فَهُوَ رَاجِزٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جس نے تین سے کم میں قرآن پڑھا وہ رجز پڑھنے والا ہے۔

---

بن معقل وهو ثقة .

8619- ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:5946' قال في المجمع جلد2صفحه269' ورجاله رجال الصحيح .

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ

ایک اور سند سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

**8622-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّهُ بَلَغَهُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ فَهُوَ رَاجِزٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: جس نے تین سے کم میں قرآن پڑھا وہ رجز پڑھنے والا ہے۔

**8623-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ذَكْوَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فِي الْجُمُعَةِ، وَيَقْرَأُهُ فِي رَمَضَانَ ثَلَاثًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ جمعہ میں قرآن پڑھتے تھے اور اسے رمضان المبارک میں تین بار پڑھتے۔

**8624-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَا يُقْرَأُ الْقُرْآنُ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ، اقْرَءُوهُ فِي سَبْعٍ، وَيُحَافِظُ الرَّجُلُ كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ عَلَى جُزْئِهِ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قرآن کو تین دن سے کم میں نہ پڑھا جائے' اس کو سات دن میں پڑھو اور پوری پابندی سے ایک آدمی قرآن کا ایک حصہ (منزل) پڑھے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ

دوسری سند سے حضرت ابوالاحوص نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

---

8624- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5948' قال في المجمع جلد2صفحه269' ورجاله رجال الصحيح ۔ ورواه البيهقي جلد2صفحه396 ۔

عُمَارَةَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ،

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

دوسری سند سے ابوالاحوص نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

**8625-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فِي ثَلَاثٍ، وَمَا يَسْتَعِينُ مِنَ النَّهَارِ إِلَّا قَلِيلًا

حضرت عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تین دن میں قرآن پڑھا کرتے تھے' دن سے کم ہی مدد لیتے تھے (رات کو ہی پڑھتے)۔

**8626-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فِي كُلِّ ثَلَاثٍ، وَقَلَّمَا يَأْخُذُ مِنْهُ بِالنَّهَارِ

حضرت ابوعبیدہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہر تین دن میں قرآن پڑھا کرتے تھے اور کم ہی دن کو لیتے۔

**8627-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، أَنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُهُ، يَقُولُ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: إِذَا كَانَتِ السَّجْدَةُ آخِرَ السُّورَةِ فَارْكَعْ إِنْ شِئْتَ أَوِ اسْجُدْ، فَإِنَّ السَّجْدَةَ مَعَ الرَّكْعَةِ، قُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ هَذَا يَا أَبَا إِسْحَاقَ؟ قَالَ: أَصْحَابُنَا: عَلْقَمَةُ، وَالْأَسْوَدُ، وَالرَّبِيعُ بْنُ خُثَيْمٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر آپ ایسی سورت پڑھیں جس کے آخر میں سجدہ ہو' پس اگر چاہیں (تو سجدہ کی ادائیگی کیلئے) رکوع کر لیں' رکوع بھی سجدہ ہی ہے اور اگر چاہیں تو سجدہ کریں۔ میں نے عرض کی: اے ابواسحاق! آپ کو یہ کس نے بیان کیا؟ اُنہوں نے کہا: ہمارے ساتھیوں نے' مثلاً علقمہ' اسود اور ربیع بن خثیم ہے۔

---

8626- قال في المجمع جلد2صفحه269 رواه الطبراني في الكبير من طريقين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

8627- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5918' قال في المجمع جلد2صفحه286' ورجاله ثقات .

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَعَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، وَمَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ

دوسری سند سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے حضرت معمر کی حدیث کی مانند روایت ہے۔

**8628-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، قَالَ: سُئِلَ أَبُو إِسْحَاقَ، فَقِيلَ لَهُ: أَذَكَرْتَ عَنِ الْأَسْوَدِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا قَرَأْتَ سُورَةً آخِرُهَا سَجْدَةٌ، فَإِنْ شِئْتَ فَارْكَعْ فَإِنَّمَا الرَّكْعَةُ مِنَ السَّجْدَةِ، وَإِنْ شِئْتَ فَاسْجُدْ ثُمَّ اقْرَأْ بَعْدَهَا سُورَةً؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر آپ ایسی سورت پڑھیں جس کے آخر میں سجدہ ہو پس اگر چاہیں (تو سجدہ کی ادائیگی کیلئے) رکوع کر لیں رکوع بھی سجدہ ہی ہے اور اگر چاہیں تو سجدہ کریں پھر اس کے بعد سورت پڑھیں؟ فرمایا: جی ہاں! (ٹھیک ہے)۔

**8629-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا كَانَتِ السَّجْدَةُ خَاتِمَةَ السُّورَةِ فَإِنْ شِئْتَ رَكَعْتَ وَإِنْ شِئْتَ سَجَدْتَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب سجدۂ تلاوت سورت کے خاتمہ پر ہو تو اگر چاہیں تو رکوع کر لیں اگر چاہیں تو سجدہ کریں۔

حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

ایک دوسری سند سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

**8630-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بس یہ ایک نبی کی توبہ کا ذکر ہے (سجدہ نہیں ہے) پس

---

8629- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5919 .

8630- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5872، ورواه البيهقي جلد 2 صفحه 319 . قال في المجمع جلد 2 صفحه 285، ورجاله ثقات رجال الصحيح .

عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّمَا هِيَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ ذُكِرَتْ، فَكَانَ لَا يَسْجُدُ فِيهَا يَعْنِي ص

آپ اس میں سجدہ نہ کرتے تھے۔

8631- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، كَانَ لَا يَسْجُدُ فِي ص

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ہے۔

8632- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ لَا يَسْجُدُ فِي ص وَقَالَ: إِنَّمَا هِيَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ہے۔اورفرماتے: یہ ایک نبی کی توبہ کا ذکر ہے۔

8633- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ لَا يَسْجُدُ فِي ص، وَيَقُولُ: إِنَّمَا هِيَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ہے۔اورفرماتے: یہ ایک نبی کی توبہ کا ذکر ہے۔

8634- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ، عَنْ زِرٍّ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، كَانَ لَا يَسْجُدُ فِي ص

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ہے۔

8635- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، أَنَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ہے۔اورفرماتے: یہ ایک نبی کی توبہ کا ذکر

---

8634- ورواه البيهقي جلد2صفحه219 .

8635- في المخطوطة قال: كان عبد الله .

مُغِيرَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، وَأَنَا دَاوُدُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَا: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَسْجُدُ فِي ص وَيَقُولُ: إِنَّمَا هِيَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ

ہے۔

**8636**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَفْتَحُ عَلَى رَجُلٍ وَهُوَ يَقْرَأُ، ثُمَّ قَامَ فَبَالَ فَأَمْسَكَ الرَّجُلُ عَنِ الْقِرَاءَةِ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ مَسْعُودٍ: اقْرَأْ، قَالَ: إِنَّكَ بُلْتَ، قَالَ: اقْرَأْ، فَكَانَ يَفْتَحُ عَلَيْهِ وَهُوَ يَقْرَأُ

حضرت عطاء خراسانی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے سامنے قرآن پڑھتا تھا' آپ اس کی تفسیر کرتے تھے' پھر آپ کھڑے ہوئے' آپ نے پیشاب کیا' اس دوران وہ آدمی پڑھنے سے رُک گیا' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسے فرمایا: تُو پڑھ! اس نے عرض کی: آپ پیشاب کرنے لگے' آپ نے فرمایا: تُو پڑھ! پھر اس کی تفسیر کرتے' وہ پڑھتا۔

**8637**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يُقْرِءُ رَجُلًا فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى شَاطِءِ الْفُرَاتِ، فَبَالَ فَكَفَّ عَنْهُ الرَّجُلُ، فَقَالَ: مَا لَكَ؟ قَالَ: أَحْدَثْتَ، قَالَ: اقْرَأْ، فَجَعَلَ يَقْرَأُ وَجَعَلَ يَفْتَحُ عَلَيْهِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کو پڑھا رہے تھے' جب آپ فرات کے پاس پہنچے تو آپ نے پیشاب کرنا شروع کیا تو وہ آدمی خاموش ہو گیا' آپ نے فرمایا: تجھے کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: آپ کا وضو نہ رہا۔ آپ نے فرمایا: تُو پڑھ! وہ پڑھنے لگا اور آپ اس کی تفسیر کرنے لگے۔

**8638**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، قَالَ: قَالَ إِبْرَاهِيمُ: تَبَرَّزَ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ اسْتَفْتَحَهُ رَجُلٌ فَفَتَحَ عَلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يَلْمِسَ مَاءً

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ پاخانہ کرنے لگے' ایک آدمی نے تفسیر پوچھی تو آپ نے تفسیر بیان کی استنجاء کرنے سے پہلے۔

**8639**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن

---

8636- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1319 .

8637- قال في المجمع جلد 1 صفحه 276' ورجاله ثقات . ورواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد 1 صفحه 102 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ فِي خَاتَمِ ابْنِ مَسْعُودٍ شَجَرَةٌ أَوْ شَيْءٌ بَيْنَ ذُبَابَيْنِ

مسعود رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی میں ایک درخت کی تصویر یا دونوں نگوں کے درمیان کوئی شی تھی۔

**8640-** حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ بِخَمْسِ آيَاتٍ لَمْ يُكْتَبْ فِي لَيْلَتِهِ أَبَدًا مِنَ الْغَافِلِينَ، وَمَنْ قَرَأَ مِائَةَ آيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِينَ، وَمَنْ قَرَأَ ثَلَاثَ مِائَةٍ كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ، وَمَنْ قَرَأَ سَبْعَ مِائَةٍ أَفْلَحَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے رات کو پانچ آیتیں پڑھیں وہ رات کو ہمیشہ غافلین میں نہیں لکھا جائے گا' جس نے سو آیتیں پڑھیں وہ رکوع کرنے والا لکھا جائے گا' جس نے تین سو آیتیں پڑھیں وہ نیکیاں جمع کرنے والا لکھا جائے گا' جس نے سات سو آیتیں پڑھیں وہ کامیاب ہوگیا۔

**8641-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَسْجُدُ فِي: إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اذا السماء انشقت میں سجدۂ تلاوت کرتے تھے۔

**8642-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَجَدْتُ مَعَ عُمَرَ، وَمَعَ عَبْدِ اللّٰهِ فِي: إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، قَالَ الْأَسْوَدُ: أَمَّا أَحَدُهُمَا فَلَا أَشُكُّ فِيهِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ اذا السماء انشقت میں سجدۂ تلاوت کیا۔ حضرت اسود فرماتے ہیں: ان دونوں میں سے ایک میں بھی شک نہیں ہے۔

**8643-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ

---

8640- قال في المجمع جلد2صفحه268' ورجاله ثقات .

8641- قال في المجمع جلد2صفحه286' وفيه ليث ابن ابي سليم وفيه كلام .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ، وَعُمَرَ -أَوْ أَحَدَهُمَا -يَسْجُدُ فِي: إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

بن مسعود اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو یا ان دونوں میں سے ایک کو اذا السماء انشقت میں سجدۂ تلاوت کرتے ہوئے دیکھا۔

**8644-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَحْسِبُهُ عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ، كَانَ يَسْجُدُ فِي النَّجْمِ، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سورۂ نجم اور اقراء باسم ربك الاعلی میں سجدہ کرتے تھے۔

**8645-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: مَنْ قَرَأَ سُورَةَ الْأَعْرَافِ، أَوِ النَّجْمِ، أَوْ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، أَوْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، أَوْ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، فَشَاءَ أَنْ يَرْكَعَ بِآخِرِهِنَّ رَكَعَ أَجْزَأَهُ سُجُودُ الرُّكُوعِ، وَإِنْ سَجَدَ فَلْيُضِفْ إِلَيْهَا سُورَةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے سورۃ الاعراف یا سورۂ نجم یا اذاء السماء انشقت یا سورۂ بنی اسرائیل یا اقراء باسم ربك الاعلی پڑھی اگر چاہے تو رکوع میں سجدہ کرے اور اگر سجدہ کرے اس کے ساتھ۔

**8646-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْأَعْرَافَ، وَالنَّجْمَ، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، فَشَاءَ أَنْ يَرْكَعَ بِآخِرِهِنَّ رَكَعَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے سورۂ اعراف اور سورۂ نجم اور اقراء باسم ربك الذی خلق پڑھی اگر چاہے تو رکوع ان کے آخر میں کرے تو اُسے کافی ہے اگر سجدہ کرے تو اسکے ساتھ سورت پڑھے۔

---

8644- قال فی المجمع جلد2صفحه286' ورجاله رجال الصحيح .

8646- قال فی المجمع جلد2صفحه286' رجاله ثقات الا أنه منقطع بين ابراهيم وابن مسعود .

أَجْزَأَهُ سُجُودُ الرُّكُوعِ، وَإِنْ سَجَدَ فَلْيُضِفْ إِلَيْهَا سُورَةً

**8647-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْأَعْرَافَ، وَالنَّجْمَ، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، فَإِنْ شَاءَ رَكَعَ بِهَا وَقَدْ أَجْزَأَهُ عَنْهُ، وَإِنْ شَاءَ سَجَدَ، ثُمَّ قَامَ فَقَرَأَ السُّورَةَ، وَرَكَعَ، وَسَجَدَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے سورۂ اعراف اور سورۂ نجم اور اقراء باسم ربك الذی خلق پڑھی اگر چاہے تو رکوع میں سجدہ کرے تو اُسے کافی ہے اگر چاہے تو سجدہ کرے پھر کھڑا ہو سورت پڑھے اور رکوع کرے اور سجدہ کرے۔

**8648-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي صَدَقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ إِذَا قَرَأَ: النَّجْمَ عَلَى النَّاسِ سَجَدَ بِهَا، وَإِذَا قَرَأَهَا فِي الصَّلَاةِ رَكَعَ بِهَا وَسَجَدَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ لوگوں کے سامنے سورۂ نجم پڑھتے تو سجدہ کرتے جب نماز میں پڑھتے تو اس کے ساتھ رکوع کرتے اور سجدہ کرتے تھے۔

**8649-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَيْسَ عَلَيْهِ فِي التَّبَسُّمِ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نماز میں تبسم کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**8650-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

---

8647- قال في المجمع جلد2صفحه286 رجاله ثقات الا أنه منقطع بين ابراهيم وابن مسعود .

8648- قال في المجمع جلد2صفحه286' ورجاله ثقات الا أن محمد بن سيرين لا أراه سمع من ابن مسعود .

8649- في اسناده رجل مجهول .

8650- قال في المجمع جلد2صفحه285' ورجاله ثقات .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ يَزِيدَ، وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْأَسْوَدِ، يَذْكُرَانِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَسْجُدُ فِي الْآيَةِ الْأُولَى مِنْ حم تَنْزِيلٌ مِنَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

عبدالرحمٰن بن یزید اور عبدالرحمٰن بن اسود سے سنا' دونوں ذکر کر رہے تھے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حٰم تنزیل من الرحمٰن الرحیم کی سورت میں سجدۂ تلاوت کرتے تھے۔

**8651-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ قِرْطَاسٍ، حَدَّثَنِي الْمُسَيَّبُ بْنُ رَافِعٍ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ زِرٍّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ الصَّلَوَاتِ هُنَّ الْحَسَنَاتُ، وَكَفَّارَةُ مَا بَيْنَ الْأُولَى إِلَى الْعَصْرِ صَلَاةُ الْعَصْرِ، وَكَفَّارَةُ مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى الْمَغْرِبِ صَلَاةُ الْمَغْرِبِ، وَكَفَّارَةُ مَا بَيْنَ الْمَغْرِبِ إِلَى الْعَتَمَةِ صَلَاةُ الْعَتَمَةِ، ثُمَّ يَأْوِي الْمُسْلِمُ إِلَى فِرَاشِهِ لَا ذَنْبَ لَهُ مَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ، ثُمَّ قَرَأَ: (إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ) (هود: **114**)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پانچ نمازیں نیکی ہیں' ایک نماز دوسری نماز تک ہونے والے گناہوں کے لیے کفارہ ہے' نمازِ عصر دوسری دن نمازِ عصر تک ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے' نمازِ عصر مغرب تک ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے' نمازِ مغرب نمازِ عصر تک ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے' پھر مسلمان اپنے بستر پر جاتا ہے تو اس کے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ نہیں ہوتا ہے جب تک وہ گناہ کبیرہ سے پرہیز کرتا ہے' پھر آپ نے پڑھا: ''نیکی بُرائیوں کو ختم کر دیتی ہے''۔

**8652-** حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمٌ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ لَقِيطِ بْنِ قَبِيصَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: تَحْتَرِقُونَ حَتَّى إِذَا صَلَّوُا الْفَجْرَ غُسِلَتْ، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ حَتَّى إِذَا صَلَّوُا الظُّهْرَ غُسِلَتْ، تَحْتَرِقُونَ حَتَّى إِذَا صَلَّوُا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم جلتے ہو جب فجر کی نماز ادا کر لو تو اس کو دھو لیا کرو' پھر تم جلتے ہو جب ظہر کی نماز ادا کرو تو اس کو دھو دیا گیا' پھر تم جلتے ہو جب عصر کی نماز ادا کرتے ہو تو اس کو دھو دیا جاتا ہے' اسی طرح باقی نمازیں شمار کیں۔

8651- قال فی المجمع جلد1 صفحہ299' وفیہ ضرار بن صرد وھو متروک .

8652- قال فی المجمع جلد1 صفحہ299' ورجالہ رجال الصحیح .

الْعَصْرَ غُسِلَتْ، حَتَّى عَدَّ الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا هَكَذَا

**8653-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْحَقَائِقُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ مَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ نمازیں درمیان میں ہونے والے گناہوں کے لیے کفارہ ہیں جب تک کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔

**8654-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الصَّلَوَاتُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ مَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ نمازیں درمیان میں ہونے والے گناہوں کے لیے کفارہ ہیں جب تک کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔

**8655-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: كُنَّا نَقْرَأُ عَلَى أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ وَهُوَ يَمْشِي، فَإِذَا مَرَرْنَا بِالسَّجْدَةِ كَبَّرَ وَكَبَّرْنَا، وَسَجَدَ وَسَجَدْنَا إِيمَاءً يَرْفَعُ رَأْسَهُ وَيَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَنَقُولُ: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَزَعَمَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يَفْعَلُ ذَلِكَ بِهِمْ

حضرت عطاء بن سائب فرماتے ہیں کہ یہ حضرت عبدالرحمٰن السلمی کے پاس پڑھتے تھے جب سجدہ والی آیت سے گزرتے تو تکبیر کہتے اور ہم بھی تکبیر کہتے آپ سجدہ کرتے تو ہم بھی سجدہ کرتے سر اُٹھاتے تو کہتے: السلام علیکم! ہم کہتے: وعلیکم السلام! حضرت ابوعبدالرحمٰن کا خیال تھا کہ حضرت عبداللہ بھی ایسے کرتے تھے۔

**8656-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

---

8654- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:147 .

8655- قال في المجمع جلد2صفحه287' وعطاء بن السائب فيه كلام لاختلاطه وبقية رجاله رجال الصحيح .

8656- قال في المجمع جلد4صفحه224' وفيه محمد بن كثير الصنعاني وهو ضعيف .

بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ قَرَأَ مِنْكُمُ الْقُرْآنَ فَلْيَتَعَلَّمِ الْفَرَائِضَ فَإِنْ لَقِيَهُ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَا مُهَاجِرُ أَتَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيَقُولُ الْأَعْرَابِيُّ: وَأَنَا أَقْرَأُ، فَيَقُولُ الْأَعْرَابِيُّ: أَتَفْرِضُ يَا مُهَاجِرُ؟ فَإِذَا قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: زِيَادَةٌ وَخَيْرٌ، وَإِنْ قَالَ: لَا أُحْسِنُهُ، قَالَ: فَمَا فَضْلُكَ عَلَيَّ يَا مُهَاجِرُ؟

جس نے تم میں سے قرآن پڑھ لیا ہے اسے چاہیے کہ علم الفرائض سیکھے پس اگر اسے کوئی دیہاتی ملے اور وہ کہے: اے مہاجر! کیا تُو قرآن پڑھتا ہے؟ تو کہے: جی ہاں! پس اعرابی کہے: میں بھی پڑھتا ہوں۔ پس اعرابی کہے: اے مہاجر! کیا تُو علم الفرائض بھی پڑھتا ہے؟ پس جب اس نے جواب دیا: جی ہاں! تو وہ کہیگا: زیادہ ہے اور بھلائی ہے اور اگر کہا: اچھے طریقے سے نہیں جانتا ہوں تو وہ کہے گا: اے مہاجر! تیرے لیے فضیلت کیا ہے (یعنی قرآن تو میں بھی پڑھا ہوا ہوں)۔

**8657-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَبِشْرُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَنْبَسِ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، مَا عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ شَيْءٌ أَحْوَجُ إِلَى طُولِ سِجْنٍ مِنْ لِسَانٍ

حضرت عنبس بن عقبہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے زبان سے زیادہ زیادہ دیر قید میں رکھنے کی محتاج روئے زمین پر کوئی نہیں ہے۔

**8658-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَنْبَسِ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَا عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ شَيْءٌ أَحْوَجُ إِلَى طُولِ سِجْنٍ مِنْ لِسَانٍ

حضرت عنبس بن عقبہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے زبان سے زیادہ زیادہ دیر قید میں رکھنے کی محتاج روئے زمین پر کوئی نہیں ہے۔

**8659-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِرَاشٍ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: زبان سے زیادہ دیر قید میں رکھنے کی محتاج روئے زمین پر کوئی

---

8657- قال في المجمع جلد10 صفحه303 رواه الطبراني بأسانيد ورجالها ثقات .

فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَنْبَسِ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا عَلَى الْأَرْضِ شَيْءٌ أَحَقُّ بِطُولِ سِجْنٍ مِنْ لِسَانٍ

نہیں ہے۔

**8660**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَنْبَسِ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: مَا مِنْ شَيْءٍ أَحَقُّ بِطُولِ سِجْنٍ مِنْ لِسَانٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: زبان سے زیادہ زیادہ دیر قید میں رکھنے کی محتاج روئے زمین پر کوئی نہیں ہے۔

**8661**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ الْإِثْمَ حَوَازُّ الْقُلُوبِ، فَمَا حَزَّ فِي قَلْبِ أَحَدِكُمْ شَيْءٌ فَلْيَدَعْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گناہ دلوں میں کھٹکتا ہے جیسے تم میں سے کسی کے دل میں کوئی شی کھٹکے تو اس کو چھوڑ دے۔

**8662**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَا كَانَ مِنْ نَظْرَةٍ فَلِلشَّيْطَانِ فِيهَا مَطْمَعٌ، وَالْإِثْمُ حَوَازُّ الْقُلُوبِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نہیں ہے کوئی نظر مگر شیطان کے لیے اس میں طمع ہے گناہ دلوں میں کھٹکتا ہے۔

**8663**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شی دلوں میں کھٹکے اس سے بچو!

---

8661- قال في المجمع جلد1 صفحه176 رواه الطبراني كله بأسانيد رجاله ثقات .

مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِيَّاكُمْ وَأَحْوَازَ الصُّدُورِ

**8664-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ رَاءَى رَاءَى اللّٰهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ تَخَشَّعَ لِلّٰهِ تَوَاضُعًا رَفَعَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شہرت چاہتا ہے اللہ اس کو شہرت دیتا ہے جو دکھاوا کرتا ہے اللہ اس کو دکھاوا کی قیامت کے دن سزا دے گا اور جو اللہ کے لیے عاجزی کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کا مقام قیامت کے دن بلند کرے گا۔

**8665-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اغْدُ عَالِمًا أَوْ مُتَعَلِّمًا، وَلَا تَغْدُ بَيْنَ ذَلِكَ، فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَأَحِبَّ الْعُلَمَاءَ، وَلَا تُبْغِضْهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عالم یا طالب علم اس کے علاوہ نہ بننا' اگر تو عالم نہ بن سکے تو علماء سے محبت کر' ان سے بغض نہ رکھ۔

**8666-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، حَدَّثَنِي آلُ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، أَوْصَى ابْنَهُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ، فَقَالَ: أُوصِيكَ بِاتِّقَاءِ اللّٰهِ، وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ، وَابْكِ عَلَى خَطِيئَتِكَ، وَأَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ

آل عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کو وصیت کی' فرمایا: میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تو اللہ سے ڈر' اپنی قبر کو یاد رکھ' اپنے گناہوں پر رو اور اپنی زبان کو قابو میں رکھ۔

**8667-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خزانہ کرنے والے آدمی کو داغا جائے گا درہم و دینار کو خزانہ بنایا

---

8664- قال في المجمع جلد1 صفحه223 رواه الطبراني موقوفًا من طريق أبي رزين عن ابن مسعود ولم أعرفه .

8665- قال في المجمع جلد1 صفحه122 ورجاله رجال الصحيح الا أن عبد الملك بن عمر لم يدرك ابن مسعود .

8667- قال في المجمع جلد3 صفحه65' ورجاله ثقات . وقال جلد7 صفحه30' ورجاله رجال الصحيح .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يُكْوَى رَجُلٌ، يَكْنِزُ فَيَمَسُّ دِرْهَمٌ دِرْهَمًا، وَلَا دِينَارٌ دِينَارًا يُوَسَّعُ جِلْدُهُ حَتَّى يُوضَعَ كُلُّ دِينَارٍ وَدِرْهَمٍ عَلَى حِدَتِهِ

جائے اس کی جلد کو اتنا کشادہ کیا جائے گا حتیٰ کہ ہر دینار و درہم علیحدہ رکھا جائے گا۔

**8668**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: تَعَوَّدُوا الْخَيْرَ فَإِنَّ الْخَيْرَ بِالْعَادَةِ، وَحَافِظُوا عَلَى نِيَّاتِكُمْ فِي الصَّلَاةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نیکی کی عادت بناؤ کیونکہ بھلائی عادت کے ساتھ ہے نماز میں اپنی نیت کو یاد رکھو۔

**8669**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کے ساتھ اللہ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ دے دیتا ہے۔

**8670**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ أَضَرَّ بِدُنْيَاهُ، وَمَنْ أَرَادَ الدُّنْيَا أَضَرَّ بِآخِرَتِهِ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَضُرُّوا بِالْفَانِي لِلْبَاقِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو آخرت چاہتا ہے وہ دنیا کو نقصان دے گا اور جو دنیا چاہتا ہے اس کو آخرت کا نقصان برداشت کرنا ہوگا آپ نے ان کو حکم دیا: باقی کو فانی پر ترجیح دو۔

**8671**- حَدَّثَنَا الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ عَدَسَةَ الطَّائِيِّ، قَالَ: كُنْتُ بِشَرَافَ فَنَزَلَ بِنَا عَبْدُ اللّٰهِ فَبَعَثَنِي إِلَيْهِ أَهْلِي بِأَشْيَاءَ، وَجَاءَ غِلْمَةٌ لَنَا كَانُوا فِي الْإِبِلِ مِنْ

حضرت عدسہ طائی فرماتے ہیں کہ میں مقامِ شراف میں تھا ہمارے پاس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے مجھے میرے گھر والوں نے کچھ چیزیں بھیجیں ہمارے غلام چار راتوں کے فاصلے پر اونٹوں میں تھے ایک پرندہ لائے وہ آپ کی بارگاہ میں لایا جب میں آپ کے پاس آیا تو مجھ

---

8668- قال في المجمع ورجاله رجال الصحيح .

مَسِيرَةِ أَرْبَعٍ بِطَيْرٍ، فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَيْهِ، فَلَمَّا ذَهَبْتُ بِهِ إِلَيْهِ سَأَلَنِي: مِنْ أَيْنَ جِئْتَنِي بِهَذَا الطَّيْرِ؟ قَالَ: قُلْتُ: جَاءَ بِهِ غِلْمَانٌ لَنَا كَانُوا فِي الْإِبِلِ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِ لَيَالٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَوَدِدْتُ أَنِّي حَيْثُ صِيدَ لَا أُكَلِّمُ بِشَيْءٍ بَشَرًا، وَلَا يُكَلِّمُنِي حَتَّى أَلْحَقَ بِاللَّهِ

سے پوچھا: یہ پرندہ کہاں سے لائے ہیں؟ میں نے عرض کی: ہمارے غلام جو اونٹوں میں تھے چار راتیں چل کر لائے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے پسند ہے کہ جس جگہ شکار کیا جائے میں کسی فردِ بشر سے کلام نہ کروں اور نہ کوئی مجھ سے کلام کرے یہاں تک کہ میں اللہ سے جاملوں۔

**8672-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، مَا مِنْ نَفْسٍ حَيَّةٍ إِلَّا الْمَوْتُ خَيْرٌ لَهَا إِنْ كَانَ بَرًّا، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (وَمَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ لِلْأَبْرَارِ) (آل عمران: **198** ) وَإِنْ كَانَ فَاجِرًا إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِأَنْفُسِهِمْ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا) (آل عمران: **178** )

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے زندہ آدمی کے لیے موت بہتر ہوتی ہے اگر وہ نیک ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو اللہ کے پاس ہے وہ نیکوں کیلیے بہتر ہے" اور اگر گنہگار ہو تو اللہ فرماتا ہے: "اور ہرگز کافر اس گمان میں نہ رہیں کہ وہ جو ہم انہیں ڈھیل دیتے ہیں تو کچھ ان کیلئے بھلا ہے ہم تو اسی لیے انہیں ڈھیل دیتے ہیں کہ اور گناہ میں پڑیں"۔

**8673-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، تَعَلَّمُوا فَمَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اے لوگو! علم سیکھو جو علم سیکھے وہ عمل بھی کرے۔

---

8672- قال في المجمع جلد 10 صفحه 309 رواه الطبراني باسنادين ورجال احدهما رجال الصحيح غير يزيد ابن أبي زياد وهو حسن الحديث .

8673- قال في المجمع جلد 1 صفحه 164 ورجاله موثقون الا أن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه .

عَلِمَ فَلْيَعْمَلْ

**8674**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا فَضَالَةُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: يَجِيءُ قَوْمٌ يَشْرَبُونَ الْعِلْمَ شُرْبًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کچھ لوگ آئیں گے جو علم پئیں گے۔

**8675**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: زَعَمَ خَيْثَمَةُ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: يَوْمًا وَأَكْثَرُوا عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا حَارُ بْنُ قَيْسٍ -لِلْحَارِثِ- مَا تُرَاهُمْ يُرِيدُونَ إِلَى مَا يَسْأَلُونَ عَنْهُ؟ قَالَ: لِيَعْلَمُوهُ ثُمَّ يَتْرُكُوهُ، قَالَ: صَدَقْتَ، وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن فرمایا' آپ زیادہ پریشان تھے' آپ نے حارث کو فرمایا: اے حار بن قیس! تم کیا دیکھتے ہو' وہ چاہتے ہیں کہ ان سے پوچھیں' فرمایا: تاکہ جانیں اور ہم چھوڑیں' فرمایا: آپ نے سچ کہا' وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

**8676**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ جِيفَةَ لَيْلٍ قُطْرُبَ نَهَارٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں پسند نہیں کرتا کہ تم میں سے کوئی رات کے مردار یا دن کے چمکنے والے کیڑے کی طرح ہو۔

**8677**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَا يُقَلِّدَنَّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کوئی بھی کسی آدمی کی دین کے حوالہ سے تقلید نہ کرے' پس اگر وہ مانے تو تُو مانے' اگر وہ انکار کرے تو تُو انکار کرے اگرچہ کافی ہو' اگر تم نے ضرور تقلید کرنی ہے تو مرد کی تقلید کرو

---

8674- قال في المجمع جلد1 صفحه158' وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط .

8675- قال في المجمع جلد1 صفحه158' ورجاله موثقون .

8677- قال في المجمع جلد1 صفحه180' ورجاله رجال الصحيح .

أَحَدُكُمْ دِينَهُ رَجُلًا، فَإِنْ آمَنَ آمَنَ وَإِنْ كَفَرَ كَفَرَ، وَإِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ مُقْتَدِينَ فَاقْتَدُوا بِالْمَيِّتِ، فَإِنَّ الْحَيَّ لَا يُؤْمَنُ عَلَيْهِ الْفِتْنَةُ

کیونکہ زندہ آدمی کے فتنے سے کوئی محفوظ نہیں رہ سکتا ہے۔

**8678-** حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: لَا يَكُونُ أَحَدُكُمْ إِمَّعَةً، قَالُوا: وَمَا الْإِمَّعَةُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: يَقُولُ: إِنَّمَا أَنَا مَعَ النَّاسِ إِنِ اهْتَدَوْا اهْتَدَيْتُ، وَإِنْ ضَلُّوا ضَلَلْتُ، أَلَا لِيُوَطِّنْ أَحَدُكُمْ نَفْسَهُ عَلَى إِنْ كَفَرَ النَّاسُ أَنْ لَا يَكْفُرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: تم میں سے کوئی امعہ نہیں ہے۔ دوستوں نے عرض کی: امعہ سے کیا مراد ہے؟ راوی کا بیان ہے: فرمانے لگے: میں لوگوں کے ساتھ ہوں اگر وہ ہدایت والے ہیں تو میں ہدایت والا ہوں اگر وہ گمراہ ہیں تو میں گمراہ ہوں خبردار! اپنے آپ کو عادی بناؤں کہ لوگ کفر کریں تو تم کفر نہ کرو۔

**8679-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ زِيَادٍ الْكُوفِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ نُسَمِّي الْإِمَّعَةَ الَّذِي يَأْتِي الطَّعَامَ، وَلَمْ يُدْعَ إِلَيْهِ، أَلَا وَإِنَّ الْإِمَّعَةَ فِيكُمُ الْمُحْقِبُ دِينَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جاہلیت میں ہم امعہ کہتے تھے اس کو جو کھانے کے پاس آتا اس کو دعوت نہیں دی جاتی تھی خبردار! تمہارے اندر امعہ وہ ہے جو اپنے دین کو (لوگوں سے) روکنے والا ہے۔

**8680-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ جاہلیت میں ہم امعہ

---

8678- قال في المجمع جلد 1 صفحه 181 وفيه المسعودي وقد اختلط وبقية رجاله ثقات . وانظر ما بعده .

8679- قال في المجمع جلد 4 صفحه 56 رواه كله في الكبير باسنادين وكلاهما ضعيف وانظر ما قبله . قلت ورواه البزار جلد 1 صفحه 314 من هذا الطريق ولم ينسبه اليه .

8680- قال في المجمع جلد 10 صفحه 325 وفيه عمارة بن يزيد صاحب ابن مسعود ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

عَمْرُو بْنُ حَكَّامٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كُنَّا نُسَمِّي الْإِمَّعَةَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ الرَّجُلُ يُدْعَى إِلَى الطَّعَامِ فَيَتْبَعُهُ الرَّجُلُ، وَهُوَ الْيَوْمَ الَّذِي يَحْقِبُ النَّاسَ دِينَهُ، وَكُنَّا نُسَمِّي الْعَضَهَ السِّحْرَ وَهُوَ الْيَوْمَ قِيلَ، وَقَالَ

کہتے تھے اس آدمی کو جو کھانے کی طرف بلایا جاتا' لیکن ایک دوسرا آدمی اس کے پیچھے چلا آتا' لیکن آج کل تو لوگوں سے اپنے دین کو دُور کرتا تھا' ہم عضہ کا نام جادو رکھتے' لیکن آج کل محض قیل وقال ہے۔

**8681**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَنْتُمْ أَكْثَرُ صَلَاةً، وَأَكْثَرُ جِهَادًا مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ كَانُوا خَيْرًا مِنْكُمْ، قَالُوا: بِمَ ذَاكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: إِنَّهُمْ كَانُوا أَزْهَدَ فِي الدُّنْيَا، وَأَرْغَبَ فِي الْآخِرَةِ

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَ حَدِيثِ زَائِدَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم رسول اللہ ﷺ کے اصحاب سے زیادہ نمازیں اور زیادہ جہاد کرتے ہو' حالانکہ وہ تم سے بہتر ہیں' اُنہوں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیسے؟ فرمایا: اس کے لیے وہ دنیا سے بے نیاز تھے اور آخرت کو چاہتے تھے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے زائدہ کی حدیث کی مثل روایت ہے۔

**8682**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اتباع کرو' بدعتیں ایجاد نہ کرو تو تمہیں کافی ہوگا' ہر بُری بدعت گمراہی ہے۔

---

قلت: لعل نسخة الحافظ الهيثمي سقط منها (عن عبد الرحمٰن) والا فعمارة بن عمير ليس بمجهول بل هو ثقة ثبت وعبد الرحمٰن بن يزيد النخعي ثقة .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: اتَّبِعُوا، وَلَا تَبْتَدِعُوا فَقَدْ كُفِيتُمْ، كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

**8683-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: الْأَرْضُ كُلُّهَا نَارٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالْجَنَّةُ مِنْ وَرَائِهَا يَرَوْنَ كَوَاعِبَهَا، وَأَكْوَابَهَا، وَالَّذِي نَفْسُ عَبْدِ اللَّهِ بِيَدِهِ، إِنَّ الرَّجُلَ لَيَفِيضُ عَرَقًا حَتَّى يَسِيحَ فِي الْأَرْضِ قَامَتَهُ، ثُمَّ يَرْتَفِعُ حَتَّى يَبْلُغَ أَنْفَهُ، وَمَا مَسَّهُ الْحِسَابُ، قَالُوا: مِمَّ ذَاكَ؟ قَالَ: مِمَّا يَرَى النَّاسَ يَلْقَوْنَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: زمین قیامت کے دن جہنم کی آگ بن جائے گی' جنت اس کے پیچھے ہوگی' اس کے پیالوں کو لوگ دیکھیں گے' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں عبداللہ کی جان ہے! ایک آدمی اپنا پسینہ بہائے گا یہاں تک کہ وہ اپنے قد کے برابر زمین میں چلا جائے گا' پھر اُبھرے گا حتیٰ کہ اس کے ناک تک پہنچ جائے گا' اس وقت تک اس کا حساب نہ ہوا ہو گا۔ لوگوں نے عرض کی: یہ کس وجہ سے ہوگا؟ فرمایا: صرف لوگوں کو دکھانا ہوگا کہ وہ کس سے ملنے والے ہیں۔

**8684-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، لَا يُحْسِنُ عَبْدُ اللَّهِ الظَّنَّ إِلَّا أَعْطَاهُ ظَنَّهُ، وَذَلِكَ بِأَنَّ الْخَيْرَ فِي يَدِهِ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے! اللہ کا بندہ اللہ کے متعلق اچھا گمان رکھتا ہے' اس کو عطا کیا جاتا ہے کیونکہ ساری بھلائی اس کے قبضہ میں ہے۔

**8685-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سے فرمایا: آج کا دن بہتر ہے یا جو گزرا

---

8683- قال في المجمع جلد1 صفحه181' ورجاله رجال الصحيح .

8684- قال في المجمع جلد 10 صفحه336' ورجاله رجال الصحيح . وقال المنذري في الترغيب جلد6 صفحه181 اسناده جيد قوي .

8685- قال في المجمع جلد10 صفحه148' ورجاله رجال الصحيح الا أن الأعمش لم يدرك ابن مسعود . قلت لعل نسخة ليس فيها خيثمة ولا فبينهما خيثمة كما ترى . وانظر ما بعده .

الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ لِامْرَأَتِهِ: الْيَوْمَ خَيْرٌ أَمْ أَمْسِ؟ فَقَالَتْ: لَا أَدْرِي، فَقَالَ: لَكِنِّي أَدْرِي، أَمْسِ خَيْرٌ مِنَ الْيَوْمِ، وَالْيَوْمُ خَيْرٌ مِنْ غَدٍ، وَكَذَلِكَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ

ہوا ہے؟ آپ کی بیوی نے عرض کی: مجھے معلوم نہیں! آپ نے فرمایا: مجھے معلوم ہے گزرا ہوا دن آج کے دن سے اور آج کا دن آنے والے دن سے بہتر ہے قیامت کے آنے تک۔

**8686-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: خَرَجَ إِلَيْنَا عَبْدُ اللَّهِ يَوْمًا، وَهُوَ خَائِرٌ، فَقُلْنَا: مَا لَكَ؟ فَقَالَ: ذَهَبَ صَفْوُ الدُّنْيَا فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا الْكَدَرُ، فَالْمَوْتُ الْيَوْمَ تُحْفَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت ابوجحیفہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہمارے پاس ایک دن آئے آپ پریشان تھے ہم نے عرض کی: پریشان کیوں ہیں؟ آپ نے فرمایا: دنیا میں سے نیک لوگ چلے گئے اور بُرے لوگ رہ گئے آج کے دن موت ہر مسلمان کے لیے تحفہ ہے۔

**8687-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: ذَهَبَ صَفْوُ الدُّنْيَا فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا الْكَدَرُ، فَالْمَوْتُ الْيَوْمَ تُحْفَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دنیا میں سے نیک لوگ چلے گئے اور بُرے لوگ رہ گئے آج کے دن موت ہر مسلمان کے لیے تحفہ ہے۔

**8688-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَبِي الْكَنُودِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَثَلُ الدُّنْيَا كَمَثَلِ ثَغَبٍ قُلْنَا: وَمَا الثَّغَبُ؟ قَالَ: الْغَدِيرُ ذَهَبَ صَفْوُهُ، وَبَقِيَ كَدَرُهُ، فَالْمَوْتُ تُحْفَةٌ كُلِّ مُؤْمِنٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دنیا کی مثال ثغب کی ہے ہم نے عرض کی: ثغب کیا ہے؟ فرمایا: تالاب یا کنواں اس کی صفائی چلی گئی میل باقی رہ گئی (یعنی دنیا میں سے نیک لوگ چلے گئے اور بُرے لوگ رہ گئے) آج کے دن موت ہر مسلمان کے لیے تحفہ ہے۔

---

8686- قال في المجمع جلد7 صفحه286 ورجاله رجال الصحيح .

8687- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:20890 .

**8689**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنَ النَّخَعِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يَوَدُّ أَهْلُ الْبَلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِينَ يُعَايِنُونَ الثَّوَابَ لَوْ أَنَّ جُلُودَهُمْ كَانَتْ تُقْرَضُ بِالْمَقَارِيضِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس وقت قیامت کے دن میں آزمائش والوں کوثواب ملے گا' وہ خواہش کریں گے کہ ان کے جسم قینچی سے کاٹے جائیں۔

**8690**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: وَدَّ أَهْلُ الْبَلَاءِ حِينَ يُعَايِنُوا الثَّوَابَ أَنَّ أَجْسَادَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ بِالْمَقَارِيضِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس وقت قیامت کے دن میں آزمائش والوں کوثواب ملے گا' وہ خواہش کریں گے کہ ان کے جسم قینچی سے کاٹے جائیں۔

**8691**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: إِنَّ الْكَافِرَ لَيُلْجَمُ بِعَرَقِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ طُولِ ذَلِكَ الْيَوْمِ، حَتَّى يَقُولَ: رَبِّ أَرِحْنِي، وَلَوْ إِلَى النَّارِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کافر کو قیامت کے دن پسینہ کی لگام دی جائے گی' اس دن کی لمبائی کے حساب سے' وہ عرض کرے گا: اے رب! مجھے راحت دے' اگرچہ آگ کی طرف بھیج دے۔

**8692**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يَسْأَلَ، فَلْيَبْدَأْ بِالْمِدْحَةِ، وَالثَّنَاءِ عَلَى اللهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی دعا کرنے کا ارادہ کرے تو اللہ کی حمد وثناء کرے' جس کا وہ حق دار ہے' پھر حضور ﷺ کی بارگاہ میں درود پڑھے' پھر اس کے بعد دعا کرے' یہ دعا کے زیادہ قبول ہونے کی وجہ سے ہے۔

---

8692- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19642' قال في المجمع جلد 10 صفحه155' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا عبيدة لم يسمع من ابيه .

النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لِيَسْأَلْ بَعْدُ فَإِنَّهُ أَجْدَرُ أَنْ يَنْجَحَ

**8693**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا رَكِبَ الرَّجُلُ الدَّابَّةَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللَّهَ رَدِفَهُ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ لَهُ: تَغَنَّ فَإِنْ لَمْ يُحْسِنْ قَالَ لَهُ: تَمَنَّ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آدمی سواری پر سوار ہوتا ہے اور اللہ کا ذکر نہیں کرتا ہے تو اس کے پیچھے شیطان بیٹھتا ہے' وہ اس کو کہتا ہے: گانا گا! پس اگر اچھا نہ ہو اس کو کہتا ہے: تمنا کر۔

**8694**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ شَيْطَانَ الْمُؤْمِنِ يَلْقَى شَيْطَانَ الْكَافِرِ فَيَرَى شَيْطَانَ الْمُؤْمِنِ شَاحِبًا أَغْبَرَ مَهْزُولًا، فَيَقُولُ شَيْطَانُ الْكَافِرِ: مَا لَكَ؟ وَيْحَكَ، قَدْ هَلَكْتَ، فَيَقُولُ شَيْطَانُ الْمُؤْمِنِ: لَا وَاللَّهِ مَا أَصِلُ مَعَهُ إِلَى شَيْءٍ، إِذَا طَعِمَ ذَكَرَ اسْمَ اللَّهِ، وَإِذَا شَرِبَ ذَكَرَ اسْمَ اللَّهِ، وَإِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ ذَكَرَ اسْمَ اللَّهِ، فَيَقُولُ الْآخَرُ: لَكِنِّي آكُلُ مِنْ طَعَامِهِ، وَأَشْرَبُ مِنْ شَرَابِهِ، وَأَنَامُ عَلَى فِرَاشِهِ، فَهَذَا سَاحٌّ، وَهَذَا مَهْزُولٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مؤمن کا شیطان' کافر کے شیطان سے ملتا ہے تو مؤمن کے شیطان کو کافر کا شیطان بُری حالت میں دیکھتا ہے' کافر کے شیطان نے کہا: کیا بات ہے؟ مؤمن کا شیطان کہتا ہے: تیرے لیے ہلاکت ہو! تُو ہلاک ہوا۔ مؤمن کا شیطان کہتا ہے: نہیں! اللہ کی قسم! میں اس تک کسی شی کی طرف نہیں پہنچ سکتا ہوں' جب کھانا کھاتا ہے تو اللہ کا ذکر کرتا ہے (میں بھوکا رہ جاتا ہوں) جب پیتا ہے تو اللہ کا ذکر کرتا ہے' جب اپنے گھر داخل ہوتا ہے تو اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ دوسرا کہتا ہے: میں اس کے کھانے سے کھاتا ہوں اور اس کے پانی سے پیتا ہوں اور اس کے بستر پر سوتا ہوں' یہ موٹا ہے' یہ کمزور ہے۔

**8695**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ کبیرہ گناہ یہ ہیں: اللہ

---

8693- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19481' قال في المجمع جلد10صفحه131' ورجاله رجال الصحيح .

8694- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19560' قال في المجمع جلد5صفحه22' ورجاله رجال الصحيح .

8695- انظر ما بعده .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ وَبَرَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْكَبَائِرُ: الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَالْيَأْسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ، وَالْقُنُوطُ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ، وَالْأَمْنُ مِنْ مَكْرِ اللّٰهِ

کے ساتھ شریک ٹھہرانا' اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا' اللہ کی رحمت سے نا اُمید ہونا' اللہ کی خفیہ تدبیر سے امن میں ہونا۔

**8696**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ وَبَرَةَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَكْبَرُ الْكَبَائِرِ: الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَالْأَمْنُ مِنْ مَكْرِ اللّٰهِ، وَالْقُنُوطُ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ، وَالْيَأْسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ کبیرہ گناہ یہ ہیں: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا' اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا' اللہ کی رحمت سے نا اُمید ہونا' اللہ کی خفیہ تدبیر سے اپنے آپ کو امن میں سمجھنا۔

**8697**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَكْبَرُ الْكَبَائِرِ: الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَالْيَأْسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ، وَالْقُنُوطُ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ، وَالْأَمْنُ لِمَكْرِ اللّٰهِ

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ کبیرہ گناہ یہ ہیں: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا' اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا' اللہ کی رحمت سے نا اُمید ہونا' اللہ کی خفیہ تدبیر سے امن میں سمجھنا ہے۔

**8698**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَتَاهُ ابْنٌ لَهُ، وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ مِنْ حَرِيرٍ، وَالْغُلَامُ مُعْجَبٌ بِقَمِيصِهِ، فَلَمَّا دَنَا مِنْ عَبْدِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آپ کے پاس آپ کا بیٹا آیا' اس نے ریشم کی قمیص پہنی ہوئی تھی' وہ لڑکا اس قمیص کو پسند کرتا تھا' جب وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے قریب ہوا' آپ نے وہ قمیص پھاڑ دی' پھر فرمایا: اپنی

---

8696- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19701' قال في المجمع جلد1 صفحه104' واسناده صحيح .

8698- قال في المجمع جلد5 صفحه144 رواه الطبراني باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

اللّٰهِ خَرَقَهُ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ إِلَى أُمِّكَ فَقُلْ لَهَا فَلْتُلْبِسْكَ قَمِيصًا غَيْرَ هَذَا

والدہ کے پاس جا اور اسے کہہ: وہ تجھے اس کے علاوہ کوئی اور قمیص پہنا دے۔

**8699-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، أنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ فَجَاءَ ابْنٌ لَهُ عَلَيْهِ قَمِيصٌ حَرِيرٌ، فَقَالَ: مَنْ كَسَاكَ هَذَا؟ قَالَ: أُمِّي، قَالَ: فَشَقَّهُ، قَالَ: قُلْ لِأُمِّكَ تَكْسُوكَ غَيْرَ هَذَا

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھے' آپ کے پاس آپ کا بیٹا آیا' اس نے ریشم کی قمیص پہنی ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: تجھے یہ قمیص کس نے پہنائی؟ اس نے عرض کی: والدہ نے! آپ نے اس کو پھاڑ دیا' آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے کہہ کہ وہ تجھے اس کے علاوہ کوئی اور قمیص پہنائے۔

**8700-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَنْ يَجِدَ رَجُلٌ طَعْمَ الْإِيمَانِ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ، وَيَعْلَمَ أَنَّهُ مَيِّتٌ، وَأَنَّهُ مَبْعُوثٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایمان کا ذائقہ نہیں پائے گا یہاں تک کہ تقدیر پر ایمان لائے اور یقین کرے کہ اسے مرنا ہے اور دوبارہ اُٹھایا جانا ہے۔

**8701-** حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَفُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَبُلُّ طَرَفَ إِصْبَعِهِ فِي فِيهِ، ثُمَّ يَقُولُ: وَاللّٰهِ لَا يَطْعَمُ عَبْدٌ طَعْمَ الْإِيمَانِ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ، وَيَعْلَمَ أَنَّهُ مَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوثٌ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ

حضرت حارث کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ اپنی انگلی منہ میں ڈال کر تر کر رہے تھے' پھر فرمانے لگے: قسم بخدا! کوئی بندہ ایمان کا ذائقہ نہیں چکھ سکے گا حتیٰ کہ تقدیر کو مانے اور یقین کرے کہ اسے مرنا ہے اور پھر موت کے بعد اسے زندہ کر کے اُٹھایا جائے گا۔

**8702-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی

---

8700- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20081 .

8702- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20082' قال في المجمع جلد 1 صفحه 55' وقتادة لم يسمع من ابن مسعود .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ يَجِدُ لَهُنَّ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ: تَرْكُ الْمِرَاءِ فِي الْحَقِّ، وَالْكَذِبَ فِي الْمُزَاحَةِ، وَيَعْلَمُ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَأَنَّ مَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ

اللہ عنہ نے فرمایا: جس میں تین چیزیں ہوں اس نے ایمان کی مٹھاس پالی: حق ہونے کے بعد ریاکاری کو چھوڑ دے مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے اور اس بات کا یقین کرنا کہ جو ملنے والا ہے وہ رہ نہیں سکتا اور جو نہیں ملنا ہے وہ مل نہیں سکتا ہے۔

**8703-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي سَفَرٍ فَلَقِيَ رَكْبًا، فَقُلْنَا: مَنِ الْقَوْمُ؟ قَالُوا: نَحْنُ الْمُؤْمِنُونَ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: فَهَلْ قَالُوا: نَحْنُ أَهْلُ الْجَنَّةِ؟

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک سفر میں تھے' آپ ایک سوار کو ملے' ہم نے کہا: کس قوم سے ہے؟ اُنہوں نے کہا: ہم ایمان لائے ہیں' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا کہتے ہیں کہ ہم جنت والے ہیں؟

**8704-** حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ: إِنِّي مُؤْمِنٌ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قُلْ إِنِّي فِي الْجَنَّةِ، لَكِنَّا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ، وَرُسُلِهِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' اس نے کہا: میں مؤمن ہوں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو کہہ کہ میں جنتی ہوں' لیکن میں اللہ اور اس کے رسول' فرشتوں اور رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔

**8705-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت اعمش فرماتے ہیں: صبح کی نماز کے

---

8703- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20106' وأبو عبيد في كتاب الايمان رقم:10 قال شيخنا في تعليقه عليه: اسناده على شرط الشيخين ورواه أبو بكر ابن أبي شيبة في كتاب الايمان رقم:23 .

8704- ورواه أبو بكر بن أبي شيبة في كتاب الايمان رقم:22 قال شيخنا في تعليقه عليه: موقوف صحيح الاسناد . وسلمة هو ابن كهيل الكوفي . ورواه أبو عبيد في كتاب الايمان رقم:11' وقال شيخنا: اسناده على شرط الشيخين .

8705- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:20242' قال في المجمع جلد8صفحه151' ورجاله رجال الصحيح الا أن الأعمش لم يدرك ابن مسعود .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ جَالِسًا بَعْدَ الصُّبْحِ فِي حَلْقَةٍ، فَقَالَ: أَنْشُدُ اللّٰهَ قَاطِعَ رَحِمٍ لَمَا قَامَ عَنَّا، فَإِنَّا نُرِيدُ أَنْ نَدْعُوَ رَبَّنَا، وَأَبْوَابُ السَّمَاءِ مُرْتَجَةٌ دُونَ قَاطِعِ رَحِمٍ

بعد حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک حلقہ میں تشریف فرما تھے تو فرمایا: میں اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ رحمی رشتہ کو توڑنے والا اُٹھ کر ہم سے نکل جائے کیونکہ اپنے رب سے دعا کرنا چاہتے ہیں کیونکہ رحمی رشتہ توڑنے والے کے سامنے آسمان کے دروازے بند ہوتے ہیں۔

**8706**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ إِذَا أَذْنَبَ أَصْبَحَ عَلَى بَابِهِ مَكْتُوبٌ أَذْنَبْتَ كَذَا، وَكَذَا، وَكَفَّارَتُهُ كَذَا مِنَ الْعَمَلِ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَتَكَاثَرَ أَنْ يَعْلَمَهُ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَا أُحِبُّ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَعْطَانَا ذَلِكَ مَكَانَ هَذِهِ الْآيَةِ: (وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُورًا رَحِيمًا) (النساء: **110**)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بنی اسرائیل کا کوئی آدمی جب گناہ کرتا تو صبح اس کے دروازے پر لکھا ہوتا تھا: تُو نے فلاں فلاں گناہ کیا ہے اور اس کا کفارہ فلاں عمل ہے اور ممکن ہے کسی کے گناہ اس کے علم سے زیادہ ہو جاتے ہوں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: میں پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کی جگہ یہ آیت عطا فرمائی ہے: ''اور جو کوئی بُرائی یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش چاہے تو اللہ کو بخشنے والا اور مہربان پائے گا''۔

**8707**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَجُلًا مَرَّ بِرَجُلٍ، وَهُوَ سَاجِدٌ فَوَطِءَ عَلَى رَقَبَتِهِ، فَقَالَ: أَتَطَأُ عَلَى رَقَبَتِي وَأَنَا سَاجِدٌ؟ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کے پاس سے گزرا جبکہ وہ سجدہ میں تھا پس اس نے اس کی گردن پر پاؤں دھر دیا اس نے کہا: کیا تُو میری گردن کو تو روندتا ہے حالانکہ میں سجدے میں ہوں؟ قسم بخدا! اللہ تیری مغفرت نہیں فرمائے

---

8706- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20274' قال في المجمع جلد7صفحه11' ورجاله رجال الصحيح الا أن ابن سيرين ما أظنه سمع من ابن مسعود .

8707- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20275' قال في المجمع جلد 10صفحه194 رواه الطبراني باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

نَكَ أَبَدًا، فَقَالَ اللّٰهُ: أَتَتَأَلّٰى عَلَيَّ، أَمَا إِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ

گا۔ پس اللہ نے فرمایا: کیا مجھ پر قسم کھاتا ہے (اور وہ بھی یہ کہ میں میں مغفرت نہ کروں گا) لے! میں نے اسکی بخشش کردی۔

**8708**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، إِنَّ مَثَلَ الْمُحَقَّرَاتِ مِنَ الذُّنُوبِ كَمَثَلِ قَوْمٍ سَفْرٌ نَزَلُوا بِأَرْضٍ قَفْرٍ، مَعَهُمْ طَعَامٌ لَا يُصْلِحُهُمْ إِلَّا النَّارُ، فَتَفَرَّقُوا فَجَعَلَ هَذَا يَأْتِي بِالرَّوْثَةِ، وَيَجِيءُ هَذَا بِالْعَظْمِ، وَيَجِيءُ هَذَا بِالْعُودِ، حَتَّى جَمَعُوا مِنْ ذَلِكَ مَا أَصْلَحُوا بِهِ طَعَامَهُمْ، فَكَذَلِكَ صَاحِبُ الْمُحَقَّرَاتِ يَكْذِبُ الْكِذْبَةَ، وَيُذْنِبُ الذَّنْبَ وَيَجْمَعُ مِنْ ذَلِكَ مَا لَعَلَّهُ أَنْ يَكُبَّهُ اللّٰهُ عَلَى وَجْهِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ بڑے گناہوں کی مثال اس گروہ کی ہے جو سفر میں تھے' کسی چٹیل زمین میں اُترے' ان کے پاس کھانا تھا جسے آگ جلاکر کھانے کے قابل بنایا جا سکتا تھا۔ پس وہ بکھر گئے' پس ان میں سے کوئی خشک گوبر لایا' کوئی ہڈی لایا اور کوئی لکڑی لایا یہاں تک کہ اس سے اتنی مقدار اکٹھی ہوگئی کہ جس کے ساتھ وہ اپنے کھانے کی اصلاح کرلیں۔ پس اسی طرح گناہ بڑے ہوجاتے ہیں' ایک طرف جھوٹ بولا' دوسری طرف کوئی اور گناہ کیا (تیسری طرف اور جھوٹ بولا) اور اس سے اتنے گناہ ہوگئے کہ اللہ جہنم کی آگ میں اسے اوندھے منہ ڈالے گا۔

**8709**- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ رَجُلٍ، أَنَّهُ قَالَ: اسْتَأْذَنَّا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَأَذِنَ لَنَا وَأَلْقَى عَلَى امْرَأَتِهِ قَطِيفَةً، وَقَالَ: إِنِّي كَرِهْتُ أَنْ أَحْبِسَكُمْ

ایک مرد کہتا ہے: صبح کی نماز کے بعد ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ کی حاضری کی اجازت طلب کی' پس اُنہوں نے اجازت دے دی اور اپنی بیوی پر کپڑے کا ٹکڑا ڈال دیا اور فرمایا: میں نے ناپسند کیا کہ تمہیں روکوں۔

**8710**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو آدمی

8708- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20278' قال في المجمع جلد 10 صفحه 190 رواه الطبراني موقوفًا باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح .

8709- قال في المجمع جلد 8 صفحه 46' والرجل لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

8710- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20281' قال في المجمع جلد 2 صفحه 255' وفيه أبو عبيدة ولم يسمع من أبيه .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: رَجُلَانِ يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلَيْهِمَا: رَجُلٌ تَحْتَهُ فَرَسٌ مِنْ أَمْثَلِ خَيْلِ أَصْحَابِهِ، فَلَقِيَهُمِ الْعَدُوُّ فَانْهَزَمُوا، وَثَبَتَ الْآخَرُ إِنْ قُتِلَ قُتِلَ شَهِيدًا فَذَلِكَ يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلَيْهِ، وَرَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ لَا يَعْلَمُ بِهِ أَحَدٌ فَأَسْبَغَ الْوُضُوءَ، وَصَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاسْتَفْتَحَ الْقِرَاءَةَ فَيَضْحَكُ اللّٰهُ إِلَيْهِ، يَقُولُ: انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي لَا يَرَاهُ أَحَدٌ غَيْرِي

ایسے ہیں کہ جن کو دیکھ کر اللہ ہنستا ہے (ا) وہ آدمی جس کے نیچے اپنے دوستوں کے گھوڑوں کی مثل گھوڑا ہو پس ان سے دشمن ملے تو وہ شکست کھا جائیں لیکن وہ آدمی ڈٹا رہے اگر وہ قتل ہوگا تو شہید ہوگا' اس آدمی کی طرف دیکھ کر اللہ کو بھی ہنسی آجاتی ہے (۲) وہ آدمی جو رات کو اُٹھے' جس کے اُٹھنے کا کسی کو پتہ نہ ہو' پس اچھے طریقہ سے وضو کرے' محمد ﷺ پر درود پڑھے' اللہ کی حمد کرے اور قرآن کی تلاوت شروع کردے' پس اس کو دیکھ کر اللہ ہنستا ہے۔ فرماتا ہے: دیکھو! میرے بندے کی طرف جس کو میرے سوا دیکھنے والا کوئی نہیں ہے۔

**8711**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: ثَلَاثٌ أَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ، وَالرَّابِعَةُ لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا لَبَرَرْتُ: لَا يَجْعَلُ اللّٰهُ مَنْ لَهُ سَهْمٌ فِي الْإِسْلَامِ كَمَنْ لَا سَهْمَ لَهُ، وَلَا يَتَوَلَّى اللّٰهَ عَبْدٌ فِي الدُّنْيَا فَوَلَّاهُ غَيْرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا جَاءَ مَعَهُمْ، وَالرَّابِعَةُ الَّتِي لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا لَبَرَرْتُ لَا يَسْتُرُ اللّٰهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تین چیزوں پر میں حلف دے سکتا ہوں اور چوتھی چیز پر اگر میں قسم کھاؤں تو بَری ہوں گا' جس آدمی کا اسلام میں کچھ حصہ ہے' اللہ تعالیٰ اسے اس آدمی کی طرح نہ بنائے گا جس کا کوئی حصہ نہیں ہے' دنیا میں جس کو اللہ سے محبت ہے' قیامت کے دن ایسا نہ ہوگا کہ غیر کو اس کا دوست بنا دے' جو آدمی کسی قوم سے (مثلاً نیکوں سے یا بُروں سے) محبت کرتا ہے تو قیامت کے دن اللہ اسے انہیں کے ساتھ اُٹھائے گا اور چوتھی چیز پر اگر میں قسم اُٹھاؤں تو میں (قسم اُٹھانے میں) نیک ہوں گا' اللہ نے دنیا میں جس بندے کا پردہ رکھا' قیامت کے دن بھی اس کا پردہ رکھے گا۔

---

وفي المصنف نقص في الحديث .

8711- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20318' قال في المجمع جلد1 صفحه38' واسناده منقطع . وانظر ما بعده .

## بَابٌ

**8712-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: ثَلَاثٌ أَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ، وَالرَّابِعَةُ لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا رَجَوْتُ أَنْ لَا آثَمَ، وَلَبَرَرْتُ: أَنْ لَا يَجْعَلَ اللهُ ذَا سَهْمٍ فِي السَّلَامِ كَمَنْ لَا سَهْمَ لَهُ، وَلَا يَتَوَلَّى اللهَ عَبْدٌ مُسْلِمٌ فَيُوَلِّيَهُ سِوَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا بَعَثَهُ اللهُ مَعَهُمْ، وَأَسْهُمُ الْإِسْلَامِ ثَلَاثَةٌ: الصَّلَاةُ، وَالزَّكَاةُ، وَالصِّيَامُ، وَالرَّابِعَةُ لَوْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا لَرَجَوْتُ أَنْ لَا آثَمَ: لَا يَسْتُرُ اللهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَ اللهُ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ

## باب

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تین پر تو میں قسم کھا سکتا ہوں اور چوتھی چیز پر اگر میں حلف دوں تو اُمید ہے میں گناہ گار نہیں ہوں گا اور میں بَری ہوں گا کہ اللہ اسلام میں حصے والا نہ بنائے اس آدمی کی طرح جس کا حصہ نہیں ہے کوئی مسلمان بندہ اللہ سے محبت نہیں کرتا' تو نہ ہوگا کہ قیامت کے دن وہ کسی دوسرے کو اس کا والی بنا دے اور جو آدمی کسی گروہ' کسی قوم سے محبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو انہیں کے ساتھ اُٹھائے گا' اسلام کے حصے تین ہیں: (۱) نماز (۲) زکوۃ (۳) روزہ۔ اور چوتھی چیز اگر میں اس پر قسم کھاؤں تو اُمید ہے گناہگار نہ ہوں گے' اللہ دنیا میں جس بندے کا پردہ رکھتا ہے' قیامت کے دن بھی اس کا پردہ رکھے گا۔

**8713-** حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ أَنَا وَرَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللهِ فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي، وَقَدِ اكْتَنَفَهُ رَجُلَانِ، فَلَمَّا سَلَّمَ سَأَلَاهُ عَنْ آيَةٍ، فَقَالَ لِأَحَدِهِمَا: مَنْ أَقْرَأَكَ؟ قَالَ: عُمَرُ، فَقَالَ لِلْآخَرِ: مَنْ أَقْرَأَكَ؟ قَالَ: أَبُو حَكِيمٍ -قَالَ: أَوْ أَبُو عَمْرَةَ- فَقَالَ: اقْرَأْ كَمَا أَقْرَأَكَ عُمَرُ، ثُمَّ بَكَى حَتَّى بَلَّ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: میں اور ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی طرف گئے' ہم نے دیکھا کہ وہ کھڑے نماز ادا کر رہے ہیں اور ان کی جھونپڑی میں دو آدمی بیٹھے ہیں' پس جب اُنہوں نے سلام پھیرا تو ان دونوں نے ایک آیت کے بارے سوال کیا' پس آپ نے ان میں سے ایک کیلئے کہا: تجھے کس نے پڑھایا ہے؟ اس نے جواب دیا: عمر نے! آپ نے دوسرے سے فرمایا: تجھے کس نے پڑھایا ہے؟ اس نے

---

8712- انظر ما بعده .

8713- قال في المجمع جلد9صفحه78 رواه الطبراني بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح .

الْحَصَا دُمُوعُهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ لِلْإِسْلَامِ حِصْنًا حَصِينًا يَدْخُلُونَ فِي الْإِسْلَامِ، وَلَا يَخْرُجُونَ، فَلَمَّا أُصِيبَ عُمَرُ، انْثَلَمَ الْحِصْنُ

جواب دیا: ابوحکیم نے! یا اُس نے کہا: ابوعمرہ نے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو اسی طرح پڑھ جس طرح عمر نے تجھے پڑھایا ہے پھر رونا شروع کر دیا یوں روئے کہ آپ کے آنسوؤں سے سنگریزے تر ہو گئے پھر فرمایا: بے شک عمر اسلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے اسلام میں جو داخل ہوتے وہ نکلتے نہ تھے پس جب عمر کو شہید کیا گیا تو قلعہ اسلام گر گیا۔

8714- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: تَمَارَى رَجُلَانِ فِي آيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَأَتَيَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: أَقْرَأَنِيهَا أَبُو عَمْرَةَ، وَقَالَ الْآخَرُ: أَقْرَأَنِيهَا عُمَرُ، فَلَمَّا ذُكِرَ عُمَرُ بَكَى عَبْدُ اللّٰهِ، وَهُوَ قَائِمٌ، وَمَسَحَ عَيْنَيْهِ، وَنَفَضَ يَدَهُ فِي الْحَصَا، ثُمَّ قَالَ: لَهِيَ أَبْيَنُ مِنْ طَرِيقِ السَّيْلَحِينَ، ثُمَّ قَالَ: اقْرَأْهَا كَمَا أَقْرَأَكَهَا عُمَرُ، إِنَّ أَهْلَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ لَمْ يَدْخُلْهُمْ حُزْنٌ عَلَى عُمَرَ يَوْمَ أُصِيبَ لَأَهْلُ سُوءٍ، عُمَرُ كَانَ أَتْقَانَا، وَأَقْرَأَنَا لِكِتَابِ اللّٰهِ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے فرماتے ہیں: قرآن کی ایک آیت میں دو آدمی جھگڑ پڑے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے پس ان میں سے ایک نے کہا: مجھے ابوعمرہ نے پڑھایا ہے دوسرے نے کہا: مجھے حضرت عمر نے پڑھایا پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر آیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رو پڑے اس حال میں کہ آپ کھڑے تھے آپ نے اپنی آنکھیں پونچھ کر سنگریزوں میں اپنا ہاتھ جھاڑا پھر فرمایا: یقیناً یہ سیلحین کے راستے سے بھی زیادہ واضح ہے۔ پھر فرمایا: اس کو پڑھ جس طرح عمر نے تجھے پڑھایا بے شک جس دن حضرت عمر شہید ہوئے اس دن مسلمانوں کے جس گھر میں غم نہیں آیا وہ اہل سوء سے ہے حضرت عمر ہم میں سے زیادہ متقی اور کتاب کے ہم سے زیادہ قاری تھے۔

8715- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: تَنَازَعَ رَجُلَانِ فِي آيَةٍ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ أَقْبَلَ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ قِبَلِ أَخْتَانِهِ فَقَامَا إِلَيْهِ،

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے فرماتے ہیں: ایک آیت شریفہ میں دو آدمیوں کا جھگڑا ہو گیا پس ہم اسی حال پر تھے جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے سسرال کی جانب سے آ رہے تھے پس وہ دونوں آدمی کھڑے ہو گئے اور میں بھی ان کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ پس ان دونوں

وَقُمْتُ إِلَيْهِ مَعَهُمَا، فَقَالَا: إِنَّا تَنَازَعْنَا فِي آيَةٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَحَدِهِمَا: اقْرَأْ فَقَرَأَ، فَقَالَ: مَنْ أَقْرَأَكَهَا؟ فَقَالَ: أَبُو عَمْرَةَ مَعْقِلُ بْنُ مُقَرِّنٍ، ثُمَّ قَالَ لِلْآخَرِ: اقْرَأْهُ فَقَرَأَ، فَقَالَ: مَنْ أَقْرَأَكَهَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ، فَجَاءَتَا عَيْنَاهُ بِأَرْبَعَةٍ فَبَكَى حَتَّى رَأَيْتُهُ أَخَذَ مِنْ دُمُوعِهِ بِكَفِّهِ، فَقَالَ بِهِ هَكَذَا، فَرَأَيْتُ أَثَرَيْنِ فِي الْحَصَا مِنْ دُمُوعِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا أَظُنُّ أَهْلَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ حُزْنُ عُمَرَ يَوْمَ أُصِيبَ إِلَّا بَيْتُ سُوءٍ، إِنَّ عُمَرَ كَانَ أَعْلَمَنَا بِاللّٰهِ وَأَقْرَأَنَا لِكِتَابِ اللّٰهِ، وَأَفْقَهَنَا لِدِينِ اللّٰهِ، وَاقْرَأْهَا كَمَا أَقْرَأَكَهَا عُمَرُ، فَوَاللّٰهِ لَهِيَ أَبْيَنُ مِنْ طَرِيقِ السَّيلَحِينَ

نے عرض کی: ایک آیت میں ہمارا تنازعہ ہے پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک سے فرمایا: پڑھ! اس نے پڑھا تو فرمایا: تجھے یہ آیت کس نے پڑھائی؟ اس نے کہا: ابوعمرہ معقل بن مقرن نے۔ پھر دوسرے سے فرمایا: تُو پڑھ! پس اس نے پڑھا تو فرمایا: تجھے یہ آیت کس نے پڑھائی؟ عرض کی: حضرت عمر نے۔ پس آپ رو پڑے (عمر کا نام سن کر) یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ آپ نے اپنے آنسو اپنی ہتھیلی پر لیے اور فرمایا: اسی طرح! پس میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے آنسوؤں کا اثر سنگریزوں میں دیکھا۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا گمان ہے کہ جس دن حضرت عمر شہید ہوئے مسلمانوں کے ہر گھر میں غمی تھی مگر بُرے عقیدے کے لوگوں کے گھر بے شک حضرت عمر ہم سے بڑے عالم اور اللہ کی کتاب کے بڑے قاری تھے اور اللہ کے دین کے بڑے فقیہ اور تُو اس کو پڑھ جس طرح تجھے حضرت عمر نے پڑھایا قسم بخدا! سیلحین کے راستے سے یہ زیادہ واضح ہے۔

**8716-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَتَى عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلَانِ -وَكُنَّا عِنْدَهُ- فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، كَيْفَ نَقْرَأُ هَذِهِ الْآيَةَ؟ فَقَرَأَهَا عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: فَإِنَّ أَبَا حَكِيمٍ أَقْرَأَنِيهَا كَذَا، وَكَذَا، قَالَ: وَقَرَأَ الْآخَرُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ أَقْرَأَكَهَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ، فَقَالَ عَبْدُ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس دو مرد آئے ہم بھی وہاں موجود تھے ایک نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم یہ آیت کیسے پڑھیں؟ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس کے سامنے آیت پڑھی تو اس آدمی نے عرض کی: ابوحکیم نے تو مجھے ایسے ایسے پڑھائی ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ دوسرے نے پڑھی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تجھے کس نے پڑھائی ہے؟ اس نے کہا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

اللّٰهِ: اقْرَأْ كَمَا أَقْرَأَكَ عُمَرُ، ثُمَّ بَكَى عَبْدُ اللّٰهِ حَتَّى رَأَيْتُ دُمُوعَهُ تَحَدَّرُ فِي الْحَصَا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا عَلَى الْإِسْلَامِ يَدْخُلُ النَّاسُ فِيهِ، وَلَا يَخْرُجُونَ، وَإِنَّ الْحِصْنَ أَصْبَحَ قَدِ انْثَلَمَ فَالنَّاسُ يَخْرُجُونَ مِنْهُ، وَلَا يَدْخُلُونَ

تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسی طرح پڑھ جس طرح تجھے حضرت عمر نے پڑھائی ہے۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روئے یہاں تک کہ میں نے ان کے آنسوؤں کو کنکریوں پر گرتے دیکھا' پھر فرمایا: بے شک عمر مضبوط قلعہ تھے جس میں لوگ داخل ہوتے لیکن نکلتے نہ تھے' قلعہ گرا دیا گیا' لوگ نکلتے ہیں اب داخل نہیں ہوتے۔

**8717**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: أَتَيْنَا ابْنَ مَسْعُودٍ فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّي، فَانْتَظَرْنَاهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَجَاءَهُ رَجُلَانِ قَدِ اخْتَلَفَا فِي آيَةٍ فَقَرَأَهُ أَحَدُهُمَا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَحْسَنْتَ، مَنْ أَقْرَأَكَ؟ قَالَ: أَقْرَأَنِي أَبُو حَكِيمٍ الْمُزَنِيُّ، وَاسْتَقْرَأَ الْآخَرَ فَقَالَ: مَنْ أَقْرَأَكَ؟ فَقَالَ: أَقْرَأَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَبَكَى عَبْدُ اللّٰهِ حَتَّى خَضَّبَتْ دُمُوعُهُ الْحَصَا، ثُمَّ قَالَ: اقْرَأْ كَمَا أَقْرَأَكَ عُمَرُ، ثُمَّ دَوَّرَ دَارَةً بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ عُمَرَ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا لِلْإِسْلَامِ يَدْخُلُ النَّاسُ مِنْهُ، وَلَا يَخْرُجُونَ مِنْهُ، فَلَمَّا مَاتَ عُمَرُ انْثَلَمَ الْحِصْنُ، فَالنَّاسُ يَخْرُجُونَ مِنْهُ، وَلَا يَدْخُلُونَ

حضرت زید بن وہب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو آپ نماز پڑھ رہے تھے' پس ہم نے ان کے نماز سے فارغ ہونے تک انتظار کیا' پس ان کے پاس دو آدمی آئے' ایک آیت میں جن کا اختلاف تھا' پس ان میں سے ایک نے پڑھی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو نے اچھا پڑھا! تجھے کس نے پڑھایا؟ اس نے کہا: ابوحکیم مزنی نے۔ دوسرے سے پڑھنے کا مطالبہ کیا' فرمایا: تجھے کس نے پڑھایا؟ اس نے کہا: مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے پڑھایا۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رو پڑے حتیٰ کہ آپ کے آنسوؤں سے سنگریزے تر ہو گئے' پھر فرمایا: پڑھ جیسے حضرت عمر نے تجھے پڑھایا ہے۔ پھر اپنے ہاتھ کو زور سے گھمایا' پھر کہا: بے شک عمر اسلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے جس کے حوالے سے لوگ (اسلام میں) داخل ہوتے' نکلتے نہ تھے' پس جب حضرت عمر شہید ہوئے تو قلعہ گر گیا' پس لوگ نکلتے ہیں داخل نہیں ہوتے۔

**8718**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ

8718- قال في المجمع جلد9صفحه62' ورجاله رجال الصحيح الا أن القاسم لم يدرك جده ابن مسعود .

ـو نـعَيـم، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَـ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ إِسْلَامَ عُمَرَ كَانَ فَتْحًا، وَإِنَّ هِـجْرَتَـهُ كَـانَـتْ نَـصْـرًا، وَإِنَّ إِمَـارَتَهُ كَانَتْ رَحْمَةً، وَاللّٰهِ مَا اسْتَطَعْنَا أَنْ نُصَلِّيَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ ظَاهِرِينَ حَتّٰى أَسْلَمَ عُمَرُ

عنہ نے فرمایا: بے شک عمر کا اسلام فتح' ان کی ہجرت'نصرت اور ان کی خلافت' رحمت تھی'قسم بخدا! ہمیں طاقت نہ ہوتی کہ ہم کعبہ کے پاس نماز پڑھیں یہاں تک کہ حضرت عمراسلام لائے۔

**8719-** حَـدَّثَـنَـا إِسْـحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَـنْ عَبْـدِ الـرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، وَحَـمَّادٍ، قَالَا: سَـمِعْتَهُـمْ يَقُولُونَ: سَمِعَهُمَا يَقُولَانِ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنَّ عُـمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ حِصْنًا حَصِينًا لِلْإِسْلَامِ يُـدْخَلُ فِي الْإِسْلَامِ، وَلَا يُخْرَجُ مِنْهُ، فَلَمَّا مَاتَ عُـمَرُ، انْثَلَمَ مِنَ الْحِصْنِ ثُلْمَةٌ فَهُوَ يَخْرُجُ مِنْهُ، وَلَا يَـدْخُـلُ فِيـهِ، وَكَـانَ إِذَا سَلَكَ طَـرِيقًـا، وَجَدْنَاهُ سَهْلًا، فَإِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِـعُـمَـرَ، كَانَ فَصْلَ مَا بَيْنَ الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ، وَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي أَخْدُمُ مِثْلَهُ حَتّٰى أَمُوتَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک حضرت عمر بن خطاب اسلام کیلئے مضبوط قلعہ تھے جس کے حوالے سے لوگ (اسلام میں) داخل ہوتے' نکلتے نہ تھے'پس جب حضرت عمر شہید ہوئے تو قلعہ گر گیا'پس لوگ نکلتے ہیں داخل نہیں ہوتے' جب آپ راستے پر چلتے تھے تو ہم آپ کو آسان پاتے تھے'جب بھی نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے گا تو ان میں حضرت عمر' سرفہرست ہوں گے' آپ زیادتی اور کمی میں فاصلہ کرنے والے تھے'اللہ کی قسم! میں چاہتا ہوں کہ میں آپ کی خدمت کرتے ہوئے مرتا۔

**8720-** حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثـنـا مُـعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا الْأَعْـمَـشُ، عَـنْ شَقِيقٍ، قَالَ: قَـالَ عَبْـدُ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ عِلْمَ عُمَرَ لَوْ وُضِعَ فِي كِفَّةِ الْـمِيزَانِ، وَوُضِعَ سَائِرُ أَحْيَاءِ أَهْلِ الْأَرْضِ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ لَرَجَحَ عَلَيْهِ عِلْمُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت شقیق سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:قسم بخدا! میرا گمان ہے کہ اگر میزان کے ایک پلڑے میں عمر کا علم رکھا جائے اور دوسرے میں سارے زندوں کا تو عمر کا علم بھاری ہو گا۔ حضرت سلیمان نے کہا: پس میں نے ان سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا: عبداللہ نے اس سے زیادہ فضیلت والی بات کی ہے۔

---

8719- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:20407' وهو منقطع .

8720- انظر ما بعده .

عَنْهُ قَالَ سُلَيْمَانُ: فَذَكَرْتُهُ فَقَالَ: لَقَدْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ: إِنِّي لَأَظُنُّ عُمَرَ قَدْ ذَهَبَ بِتِسْعَةِ أَعْشَارِ الْعِلْمِ

فرمایا: میرا گمان ہے کہ عمر علم کے دس حصوں میں سے نو حصے لے کر چلے گئے۔

**8721**- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَوْ أَنَّ عِلْمَ عُمَرَ وُضِعَ فِي كِفَّةِ مِيزَانٍ، وَوُضِعَ عِلْمُ أَهْلِ الْأَرْضِ فِي كِفَّةٍ لَرَجَحَ عِلْمُهُ بِعِلْمِهِمْ قَالَ وَكِيعُ: قَالَ الْأَعْمَشُ: فَأَنْكَرْتُ ذَلِكَ، فَأَتَيْتُ إِبْرَاهِيمَ فَذَكَرْتُهُ لَهُ، فَقَالَ: وَمَا أَنْكَرْتَ مِنْ ذَلِكَ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: إِنِّي لَأَحْسِبُ تِسْعَةَ أَعْشَارِ الْعِلْمِ ذَهَبَ يَوْمَ ذَهَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علم کو میزان کے ایک پلڑے میں اور تمام زمین کے رہنے والوں کے علم کو دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو حضرت عمر کا علم ان سے زیادہ ہوگا۔ حضرت وکیع فرماتے ہیں: حضرت اعمش نے فرمایا: میں نے اس کو ناپسند کیا' میں ابراہیم کے پاس آیا' میں نے اس کا ذکر کیا' فرمایا: تُو اس کو ناپسند کیوں کرتا ہے' اللہ کی قسم! حضرت عبداللہ اس سے افضل ہیں' فرمایا: میرا خیال ہے کہ جس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو نو حصے علم چلا گیا۔

**8722**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا مَنْصُورٌ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنِّي لَأَحْسِبُ عُمَرَ قَدْ رُفِعَ مَعَهُ يَوْمَ مَاتَ تِسْعَةُ أَعْشَارِ الْعِلْمِ، وَإِنِّي لَأَحْسِبُ عِلْمَ عُمَرَ لَوْ وُضِعَ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَعِلْمُ مَنْ بَعْدَهُ لَرَجَحَ عَلَيْهِ عِلْمُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے ساتھ نو حصے علم چلا گیا' میرا خیال ہے کہ اگر حضرت عمر کا علم ایک پلڑے میں اور آپ کے بعد کے دوسروں کا علم دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا علم زیادہ ہوگیا۔

## بَابٌ

## باب

**8723**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

---

8721- قال في المجمع جلد9صفحه69 رواه الطبراني بأسانيد ورجال هذا رجال الصحيح غير أسد بن موسى وهو ثقة .

8723- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20406' قال في المجمع جلد9صفحه78' واسناده حسن .

دَبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَيْنَ هُوَ؟، قَالَ: فِي الْجَنَّةِ هُوَ، قَالَ: تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: ذَاكَ الْأَوَّاهُ عِنْدَ كُلِّ خَيْرٍ يُبْغَى، قَالَ: تُوُفِّيَ عُمَرُ فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فَإِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ

سعید بن زید نے فرمایا: اے ابو عبدالرحمن! رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا' آپ کہاں ہیں؟ فرمایا: آپ جنت میں ہیں۔ آپ سے عرض کی گئی: حضرت ابوبکر کا وصال ہوا ہے' وہ کہاں ہیں؟ فرمایا: اسی جگہ ہیں جہاں ہم کو بھلائی ملتی ہے۔ آپ سے عرض کی گئی: حضرت عمر کا وصال ہوا' وہ کہاں ہیں؟ فرمایا: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کر۔

**8724-** حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔

**8725-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ، إِنَّ إِسْلَامَهُ كَانَ نَصْرًا، وَإِنَّ إِمَارَتَهُ كَانَتْ فَتْحًا، وَايْمُ اللّٰهِ مَا أَعْلَمُ عَلَى الْأَرْضِ شَيْئًا إِلَّا، وَقَدْ وَجَدَ فَقْدَ عُمَرَ حَتَّى الْعِضَاهَ، وَايْمُ اللّٰهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ وَيُرْشِدُهُ، وَايْمُ اللّٰهِ إِنِّي لَأَحْسِبُ الشَّيْطَانَ يَفْرَقُ مِنْهُ أَنْ يُحْدِثَ فِي الْإِسْلَامِ حَدَثًا فَيَرُدَّ عَلَيْهِ عُمَرُ، وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ

حضرت زر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب نیک لوگوں کا ذکر ہو تو عمر کا ذکر کر' بے شک ان کا اسلام' مدد تھا' ان کی امارت وخلافت' فتح تھی' قسم ہے اللہ کی! زمین پر کسی شی کو نہیں جانتا مگر اس نے عمر کی عدم موجودگی کو محسوس کیا حتیٰ کہ خاردار درخت نے بھی' قسم بخدا! میرا خیال ہے کہ ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ موجود رہتا تھا جو ان کو سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرتا' قسم بخدا! میرا گمان ہے کہ شیطان ان سے ڈرتا تھا کہ وہ اسلام میں کوئی نئی بات کرے مگر عمر اس کا رڈ کر دیتا' قسم بخدا! اگر مجھے معلوم ہو کہ کوئی کتا بھی ان سے

---

8724تا8732- رواه الطبراني من طرق وفي بعضها عاصم ابن أبي النجود وهو حسن الحديث . وبقية رجالها رجال الصحيح' وبعضها منقطع الاسناد ورجالهما ثقات .

أَعْلَمُ كَلْبًا يُحِبُّ عُمَرَ لَأَحْبَبْتُهُ

محبت کرتا ہےتو اس سے بھی محبت کروں۔

**8726**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَقَدْ أَحْبَبْتُ عُمَرَ حَتَّى لَقَدْ خِفْتُ اللّٰهَ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَنَّ كَلْبًا يُحِبُّ عُمَرَ لَأَحْبَبْتُهُ، وَلَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ خَادِمًا لِعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَلَقَدْ وَجَدَ فَقْدَهُ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى الْعِضَاهَ، وَإِنَّ هِجْرَتَهُ كَانَتْ نَصْرًا، وَإِنَّ سُلْطَانَهُ كَانَ رَحْمَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تحقیق مجھے عمر سے اتنی محبت ہے کہ مجھے اللہ سے ڈر لگا اور اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ فلاں کتا عمر سے محبت کرتا ہے تو میں اس سے بھی محبت کروں میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خادم ہونا پسند کیا' تحقیق ہر شی حتیٰ کہ خاردار درخت (کیکر) نے بھی عمر کی عدم موجودگی کو محسوس کیا' ان کی ہجرت' نصرت تھی اور ان کی بادشاہی' رحمت تھی۔

**8727**- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَوْ أَنَّ عُمَرَ، أَحَبَّ كَلْبًا كَانَ أَحَبَّ الْكِلَابِ إِلَيَّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی کتا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے محبت کرے تو وہ کتا مجھے تمام کتوں سے زیادہ محبوب ہوگا۔

**8728**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ خَشِيتُ اللّٰهَ فِي حُبِّي عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں حضرت عمر کی محبت کے متعلق۔

**8729**- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔

**8730-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ، يَقُولُ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلًا بِعُمَرَ، وَدِدْتُ أَنِّي خَادِمٌ لِمِثْلِ عُمَرَ حَتَّى أَمُوتَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسی شخصیات کا خادم ہونا مجھے پسند ہے یہاں تک کہ مجھ پر موت آ جائے۔

**8731-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُونَ فَحَيَّ هَلًا بِعُمَرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نیک لوگوں کا ذکر کیا جائے تو حضرت عمر کے ذکر سے ابتداء کی جائے گی۔

**8732-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنْ كَانَ إِسْلَامُ عُمَرَ لَفَتْحًا، وَإِمَارَتُهُ لَرَحْمَةً، وَاللّٰهِ مَا اسْتَطَعْنَا أَنْ نُصَلِّيَ بِالْبَيْتِ حَتَّى أَسْلَمَ عُمَرُ، فَلَمَّا أَسْلَمَ عُمَرُ قَابَلَهُمْ حَتَّى دَعَوْنَا فَصَلَّيْنَا

جب عطیات نکالے گئے تو اُنہوں نے آپ کیلئے اپنا مال چنا' پس جب وہ لایا گیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ بہتر ہے ہمارے اس مال سے جو ہم نے تمہیں دیا' پس تم اپنے عطیات اکٹھے کر لو اور ہمیں اس کے سامان سے کچھ دے دو۔

**8856**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، لَقَدْ قَسَّمَ اللّٰهُ هَذَا الْفَيْءَ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ تُفْتَحَ فَارِسُ، وَالرُّومُ

حضرت قاسم سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! اس مالِ غنیمت کو اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کی زبان کے ذریعے تقسیم فرما دیا ہے' اس سے پہلے کہ فارس اور روم فتح ہو۔

**8857**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَرْبَعٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُنَّ: مِنَ الْخَلْقِ، وَالْخُلُقِ، وَالرِّزْقِ، وَالْأَجَلِ

حضرت قاسم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چار چیزوں سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے: (۱) تخلیق (شکل و صورت) (۲) اخلاق و عادات (۳) موت کا وقت۔

**8858**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عِيسَى بْنَ الْمُسَيَّبِ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ: سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَرْبَعٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُنَّ: مِنَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: چار چیزوں سے فراغت پالی گئی ہے: (۱) تخلیق (۲) اخلاق (۳) رزق (۴) موت' ہم میں سے کوئی بھی کسی ایک کے حق میں کمانے والا ہو۔

---

8856- قال في المجمع جلد5صفحه340 اسناده منقطع .

8857- انظر ما بعده .

8858- قال في المجمع جلد 7صفحه195' وفيه عيسى بن المسيب وثقه الحاكم والدارقطني في السنن وضعفه جماعة' وبقية رجاله في أحد الاسنادين ثقات . قلت: لكنه منقطع .

الْخَلْقِ، وَالْخُلُقِ، وَالرِّزْقِ، وَالْأَجَلِ، لَيْسَ أَحَدُنَا كَسْبٌ عَنْ أَحَدٍ

**8859**- وَقَالَ: الصَّدَقَةُ جَائِزَةٌ قُبِضَتْ أَوْ لَمْ تَقْبَضْ

اورفرمایا: صدقہ انعام ہے خواہ اس پر قبضہ کیا گیا' یا نہ کیا گیا۔

**8860**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: كَانَ لِعَبْدِ اللّٰهِ كَاتِبٌ نَصْرَانِيٌّ، فَدَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ الْقَصْرَ، وَرَجَعَ النَّصْرَانِيُّ فَاتْبَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ السَّلَامَ

حضرت قاسم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا ایک کاتب نصرانی تھا' پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ محل میں داخل ہوئے اور نصرانی واپس لوٹا تو عبداللہ نے اسے پیچھے سے سلام کہا۔

**8861**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: مَشَى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ، فَلَمَّا بَلَغَ بَابَ الْقَصْرِ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت قاسم بن عبدالرحمن سے روایت فرماتے ہیں' تمیم بن سلمہ نے کہا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کچھ مشرک لوگ چلے' جب محل کے دروازے پہنچے تو آپ نے ان پر سلام کیا۔

**8862**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: إِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ مِنْ مَسَاجِدِ بَنِي حَنِيفَةَ فَسَمِعْتُهُمْ يَقْرَءُونَ شَيْئًا لَمْ يُنْزِلْهُ اللّٰهُ: الطَّاحِنَاتُ طَحْنًا، الْعَاجِنَاتُ عَجْنًا، الْخَابِزَاتُ خَبْزًا، اللَّاقِمَاتُ

حضرت قیس بن ابوحازم سے مروی ہے' فرماتے ہیں: ایک آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف آیا' پس اس نے کہا: میں بنوحنیفہ کی مسجدوں میں سے ایک مسجد کے پاس سے گزرا' میں نے ان کو کوئی شی پڑھتے ہوئے سنا جسے اللہ نے نازل نہیں فرمایا۔ ''الطاحنات طحنا' العاجنات عجنا الی آخرہ '' فرمایا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ابن نواحہ کو کہا: آپ نے اسے قتل کیا اور

---

8860- اسناده منقطع وانظر ما بعده .

8861- قال في المجمع جلد8صفحه41 ورجاله رجال الصحيح الا أن تميم بن سلمة لم يدرك ابن مسعود .

8862- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:18708' قال في المجمع جلد16صفحه261' ورجاله رجال الصحيح .

لَقَمًا، قَالَ: فَقَدَّمَ ابْنُ مَسْعُودٍ ابْنَ النَّوَّاحَةِ إِمَامَهُمْ فَقَتَلَهُ، وَاسْتَكْثَرَ الْبَقِيَّةَ، وَقَالَ: لَا أُجَزِّرُهُمُ الْيَوْمَ الشَّيْطَانَ، سَيِّرُوهُمْ إِلَى الشَّامِ حَتَّى يَرْزُقَهُمُ اللّٰهُ تَوْبَةً أَوْ يُفْنِيَهُمُ الطَّاعُونُ

زیادہ مال چھوڑا' اور کہا: آج میں ان کو ذبح کرنے کیلئے شیطان نہ دوں' ان کو شام کی طرف بھیج دو یہاں تک کہ اللہ ان کو توبہ کی توفیق دے یا طاعون ان کو فنا کر دے۔

**8863-** قَالَ: وَأَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ هَذَا -لِابْنِ النَّوَّاحَةِ- أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَعَثَهُ إِلَيْهِ مُسَيْلِمَةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ قَاتِلًا رَسُولًا لَقَتَلْتُكَ

قیس سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک یہ ابن نواحہ کیلئے ہے' وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا' اس کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف مسیلمہ نے بھیجا تھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں قاصد کو قتل کرتا ہوتا تو تجھے قتل کر دیتا۔

**8864-** حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، أَنَّهُ: أَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: مَا بَيْنِي، وَبَيْنَ أَحَدٍ مِنَ الْعَرَبِ إِحْنَةٌ، وَإِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِي حَنِيفَةَ، فَإِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ فَجِيءَ بِهِمْ، فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ، فَقَالَ لَهُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ،

حضرت حارثہ بن مضرب سے روایت ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' عرض کی: میری کسی عربی سے دوستی نہیں۔ میں ایک بنوحنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا تو وہ مسیلمہ پر ایمان لا چکے تھے۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف لشکر بھیجا' ان کو لایا گیا' آپ نے ابن نواحہ کے علاوہ دوسرے لوگوں کو توبہ کا موقعہ دیا اور قبول کیا' پس آپ نے اس سے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا' پس آج تُو قاصد نہیں ہے' آپ نے قرظہ بن کعب کو اس کی گردن مارنے کا حکم دیا'

---

8864- رواه أبو داؤد رقم الحديث: 2745' وابن حبان رقم الحديث: 1629' والبيهقي جلد 8صفحه206' ورواه أحمد رقم الحديث: 3855,3851,3837,3761,3708,3642' والبزار جلد 1صفحه279' وأبو يعلى جلد 1صفحه236' والدارمي رقم الحديث: 2506' وابن الجارود رقم الحديث: 1046 من طرق وبألفاظ مختلفة' قال في المجمع جلد5صفحه314 بعد أن نسبة الى أحمد والبزار وأبي يعلى: واسناده حسن .

فَأَنْتَ الْيَوْمَ لَيْسَ بِرَسُولٍ فَأَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِي السُّوقِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ قَتِيلًا بِالسُّوقِ

اُنہوں نے بازار میں لے جا کر اس کی گردن مار دی' پھر فرمایا: جو آدمی ابن نواحہ کو قتل ہوا دیکھنا چاہے تو وہ بازار میں مقتول پڑا ہے۔

**8865-** حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ لِابْنِ النَّوَّاحَةِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَسْتَ بِرَسُولٍ، يَا حَرَشَةُ، قُمْ فَاضْرِبْ عُنُقَهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ فَضَرَبَ عُنُقَهُ

حضرت حارث بن مضرب سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ابن نواحہ کے حوالے سے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا' لیکن آج تُو قاصد نہیں ہے۔ اے حرشہ! اُٹھ کر اس کی گردن اُتار دو۔ پس وہ اُٹھ کر اس کی طرف گئے اور اس کی گردن مار دی۔

**8866-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِابْنِ النَّوَّاحَةِ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللهِ؟ قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنْتَ أَنَّ مُسَيْلِمَةَ رَسُولُ اللهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَقَتَلْتُكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن نواحہ سے فرمایا: کیا تُو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ کا رسول ہے؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو قاصد نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا۔

**8867-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ:

حضرت قاسم فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو لایا گیا' ان سے عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہاں

---

8867- قال في المجمع جلد 6 صفحه 262' وهو منقطع الاسناد بين القاسم وجده عبد الله . وفي هامشه: بل في آخره ما يدل على أن القاسم سمعه من أبيه عن جده .

أُتِيَ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقِيلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنَّ هَهُنَا نَاسٌ يَقْرَءُونَ قِرَاءَةَ مُسَيْلِمَةَ، فَرَدَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ فَلَبِثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَلْبَثَ، ثُمَّ أَتَاهُ فَقَالَ: وَالَّذِي أَحْلِفُ بِهِ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، لَقَدْ تَرَكْتُهُمُ الْآنَ فِي دَارٍ، وَإِنَّ ذَلِكَ الْمُصْحَفَ لَعِنْدَهُمْ، فَأَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ فَسَارَ بِالنَّاسِ مَعَهُ، فَقَالَ: ائْتِ بِهِمْ ، فَلَمَّا أَتَى بِهِمْ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا هَذَا بَعْدَ اسْتِفَاضِ الْإِسْلَامِ؟ قَالُوا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، وَنَتُوبُ إِلَيْهِ، وَنَشْهَدُ أَنَّ مُسَيْلِمَةَ هُوَ الْكَذَّابُ الْمُفْتَرِي عَلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، قَالَ: فَاسْتَتَابَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ، وَسَيَّرَهُمْ إِلَى الشَّامِ، وَإِنَّهُمْ لَقَرِيبٌ مِنْ ثَمَانِينَ رَجُلًا، وَأَبَى ابْنُ النَّوَّاحَةِ أَنْ يَتُوبَ فَأَمَرَ بِهِ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ فَأَخْرَجَهُ إِلَى السُّوقِ فَضَرَبَ عُنُقَهُ، وَأَمَرَهُ أَنْ يَأْخُذَ رَأْسَهُ فَيُلْقِيَهُ فِي حِجْرِ أُمِّهِ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: فَلَقِيتُ شَيْخًا مِنْهُمْ كَبِيرًا بَعْدَ ذَلِكَ بِالشَّامِ، فَقَالَ: لِيَرْحَمِ اللّٰهُ أَبَاكَ، وَاللّٰهِ لَوْ قَتَلَنَا يَوْمَئِذٍ لَدَخَلْنَا النَّارَ كُلُّنَا

کچھ لوگ ہیں جو مسیلمہ کی قرأت کر رہے ہیں، پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے لوٹا دیا یا ردّ کر دیا، پھر جتنا اللہ نے چاہا وہ ٹھہرے، پھر وہ آپ کی خدمت میں آیا، اس نے عرض کی: قسم ہے اس ذات کی جس کی قسم میں کھا سکتا ہوں! اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے ان کو اب ایک گھر میں چھوڑا ہے اور وہ مصحف ان کے پاس ہے، تو آپ رضی اللہ عنہ قرظہ بن کعب کو حکم دیا، وہ لوگوں کو اپنے ساتھ لے کر چلے۔ فرمایا: ان کو لے کر آؤ۔ پس جب وہ ان کو لائے تو آپ نے فرمایا: اسلام کے آنے کے بعد یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم اللہ سے معافی مانگتے ہیں اور توبہ کرتے ہیں اور گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ جھوٹا ہے، اللہ اور اس کے رسول پر بہتان باندھنے والا ہے۔ راوی کہتا ہے: آپ نے ان کی توبہ کو معتبر مانا اور ان کو شام کی طرف بھیج دیا، وہ تقریباً اسّی آدمی تھے۔ ابن نواحہ نے توبہ سے انکار کر دیا تو آپ کے حکم سے قرظہ بن کعب نے اس کو بازار میں لے جا کر اس کی گردن اتار دی اور حکم دیا کہ اس کا سر لے کر اس کی ماں کی گود میں ڈال دیا جائے۔ حضرت عبدالرحمٰن کا قول ہے: پس میں ان میں سے ایک شیخ کو اس کے بعد شام میں ملا تو اس نے کہا: اللہ آپ کے باپ پر رحم کرے! قسم ہے اگر ہم اس دن قتل ہو جاتے تو ہم سب دوزخی ہوتے۔

**8868-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ:

حضرت قاسم سے مروی ہے، فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے رسول کریم ﷺ

8868- قال في المجمع جلد2صفحه10، واسناده منقطع و كذا في جلد5صفحه271 .

أَوَّلُ مَنْ أَفْشَى الْقُرْآنَ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَوَّلُ مَنْ بَنَى مَسْجِدًا يُصَلَّى فِيهِ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، وَأَوَّلُ مَنْ أَذَّنَ بِلَالٌ، وَأَوَّلُ مَنْ غَدَا بِهِ فَرَسُهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ، وَأَوَّلُ مَنْ رَمَى فِي سَبِيلِ اللّٰهِ سَعْدٌ، وَأَوَّلُ مَنْ قُتِلَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ بَدْرٍ مَهْجَعُ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَأَوَّلُ حَيٍّ أَلِفُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُهَيْنَةُ، وَأَوَّلُ مَنْ أَدَّوُا الصَّدَقَةَ طَائِعِينَ مِنْ قِبَلِ أَنْفُسِهِمْ بَنُو عُذْرَةَ بْنِ سَعْدٍ

کے منہ سے قرآن سن کر اس کو عام کیا' جس نے سب سے پہلے نماز پڑھنے کیلئے مسجد بنائی وہ عمار بن یاسر ہیں' سب سے پہلے اذان بلال نے دی' جو سب سے پہلے اپنا گھوڑا لے کر اللہ کی راہ میں نکلے وہ حضرت مقداد بن اسود ہیں' جس نے سب سے پہلے اللہ کی راہ میں تیر پھینکا وہ سعد ہیں' مسلمانوں میں سے بدر کے دن سب سے پہلے حضرت عمر بن خطاب کے غلام مہجع شہید ہوئے' سب سے پہلے جس قبیلہ نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ اتحاد کیا وہ بنوجہینہ ہیں اور جن لوگوں نے بخوشی اپنی طرف سے صدقہ دیا وہ بنوعذرہ بن سعد ہیں۔

**8869**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: قُمْتُ إِلَى جَنْبِ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي الظُّهْرِ، أَوِ الْعَصْرِ، فَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ

حضرت عبداللہ بن زیاد اسدی فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس ہی کھڑا ہوا' ظہر یا عصر میں' میں نے آپ کی قرأت سنی۔

**8870**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنِي مَنْ رَأَى، ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ، وَهُوَ سَاجِدٌ فَجَافَى مِرْفَقَيْهِ حَتَّى كِدْتُ أَنْ أَرَى بَيَاضَ إِبْطَيْهِ

حضرت یزید بن ابوزیاد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا' فرمایا: میں ابھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ حضرت ابن مسعود سجدہ میں تھے' آپ نے دونوں کہنیاں علیحدہ کی ہوئی تھیں' آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دے رہی تھی۔

**8871**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت مرہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا'

---

8869- قال فی المجمع جلد2صفحه117' ورجاله ثقات .

8870- قال فی المجمع جلد2صفحه125' وفیه رجل لم يسم .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَقُلْتُ: أُصَلِّي عِنْدَ كُلِّ سَارِيَةٍ، فَجِئْتُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ جَالِسٌ، وَعِنْدَهُ أَصْحَابُهُ وَهُمْ فِي حَدِيثٍ، فَقَالَ: لَوْ عَلِمَ أَنَّ رَبَّهُ عِنْدَ السَّارِيَةِ الْأُولَى مَا تَرَكَهَا حَتَّى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ

میں نے کہا: میں ہر ستون کے پاس نماز پڑھوں گا' میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ بیٹھے ہوئے تھے' آپ کے پاس آپ کے ساتھی تھے' وہ گفتگو کر رہے تھے' فرمایا: اگر مجھے علم ہو کہ ربِ تعالیٰ پہلے ستون کے پاس ہے تو میں مکمل نماز وہیں پڑھوں گا۔

**8872-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: حَدَّثْتُ نَفْسِي أَنْ أُصَلِّيَ خَلْفَ كُلِّ سَارِيَةٍ فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ، فَبَيْنَمَا أَنَا أُصَلِّي إِذْ أَتَانَا ابْنُ مَسْعُودٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَتَيْتُهُ لِأُخْبِرَهُ بِأَمْرِي فَسَبَقَنِي رَجُلٌ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي أَصْنَعُ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: لَوْ يَعْلَمُ هَذَا أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ أَدْنَى سَارِيَةٍ مَا جَاوَزَهَا حَتَّى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ

حضرت عطاء بن سائب' حضرت مرہ ہمدانی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: میں نے اپنے دل سے کہا کہ کوفہ کی مسجد کے ہر ستون کے پیچھے نماز پڑھوں گا' اسی دوران کہ میں نماز پڑھ رہا تھا جب حضرت عبداللہ ہمارے پاس مسجد میں آئے' میں ان کے پاس اپنے دل کی بات بتانے کیلئے گیا' پس ایک آدمی مجھ سے پہلے پہنچ گیا اور اس نے آپ کو بتا دیا جو میں کر رہا تھا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر یہ آدم جان لے کہ اللہ تعالیٰ سب سے قریب والے ستون کے پاس ہے تو اس سے آگے نہ بڑھے حتیٰ کہ اپنی نماز پوری کر لے۔

**8873-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْبَرَّادِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَأَنْ أَطَأَ عَلَى جَمْرَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَطَأَ عَلَى قَبْرِ مُسْلِمٍ

حضرت ابو عبداللہ البراد فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: مجھے آگ کے انگارہ پر بیٹھنا زیادہ پسند ہے' مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھنے سے۔

**8874-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پہلے دن

---

8873- قال فی المجمع جلد3صفحہ61' وفیہ عطاء بن السائب وفیہ کلام .

8874- قال فی المجمع جلد4صفحہ56' وفیہ عطاء بن السائب وقد اختلط .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الْوَلِيمَةُ أَوَّلُ يَوْمٍ حَقٌّ، وَالثَّانِي فَضْلٌ، وَالثَّالِثُ رِيَاءٌ وَسُمْعَةٌ، وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ

ولیمہ کرنا حق ہے دوسرے دن فضل ہے تیسرے دن ریاکاری اور شہرت حاصل کرنا ہے جو شہرت چاہتا ہے اللہ عزوجل اس کی شہرت کروا دیتا ہے۔

**8875-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبُخْتَرِيِّ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَبَيْنَ امْرَأَتِهِ كَلَامٌ، فَقَالَتْ: مَا أُدْمُكَ وَأُدْمُ عِيَالِكَ إِلَّا مِنْ لَبَنِ شَاتِي، فَأَقْسَمَ أَنْ لَا يَأْكُلَ مِنْ لَبَنِهَا شَيْئًا، فَضَافَهُمْ ضَيْفٌ فَأَدَمَتْ لَهُ بِلَبَنِ شَاتِهَا، فَقَالَ الرَّجُلُ: لَقَدْ عَلِمْتِ أَنِّي لَا آكُلُهُ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ لَمْ تَأْكُلْ لَا آكُلُ، فَقَالَ الضَّيْفُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ لَمْ تَأْكُلَا لَا آكُلُ، فَبَاتُوا بِغَيْرِ عَشَاءٍ، فَنَمَى الْحَدِيثُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَجَاءَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا الَّذِي حَالَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ أَهْلِكَ؟ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ طَلَاقٌ، وَلَا ظِهَارٌ، وَلَا إِيلَاءٌ، ثُمَّ قَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ إِذَا رَجَعْتَ إِلَى أَهْلِكَ أَنْ يَكُونَ أَوَّلَ مَا تَصْنَعُ أَنْ تَأْكُلَ مِنْ لَبَنِ هَذِهِ الشَّاةِ، وَقَدْ أَرَى أَنَّ أَطْيَبَ لِنَفْسِكَ أَنْ تُكَفِّرَ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت ابوبختری سے مروی ہے فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں سے ایک آدمی اور اُس کی بیوی کے درمیان کوئی بات تھی عورت نے کہا: تیرا اور تیرے اہل وعیال کا سالن میری بکری کے دودھ سے ہے۔ پس اس نے قسم کھالی کہ وہ اس کے دودھ میں سے کوئی شی نہ کھائے گا۔ ان کے پاس مہمان آ گیا پس اس عورت نے اپنی بکری کا دودھ ملا کر اس کیلئے سالن بنایا۔ تو اس آدمی (یعنی عورت کے شوہر) نے کہا: مجھے معلوم ہے کہ میں نے اسے نہیں کھانا ہے۔ عورت نے کہا: قسم بخدا! اگر تُو نہ کھائے گا تو میں بھی نہیں کھاؤں گی۔ مہمان نے کہا: قسم بخدا! اگر تم دونوں نہیں کھاؤ گے تو میں بھی نہیں کھاؤں گا۔ پس ان سب نے رات کا کھانا کھائے بغیر رات گزار دی۔ یہ بات حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ تک پہنچ گئی۔ ... حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا چیز تیرے اور تیرے اہل کے درمیان رکاوٹ ہے؟ اس نے عرض کی: بہرحال نہ تو یہ طلاق ہے نہ ظہار ہے اور نہ ایلاء ہے پھر ان کے سامنے سارا قصہ بیان کیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں تجھے قسم

8875- قال في المجمع جلد4صفحه190 وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط ولكنه ثقة وبقية رجاله رجال الصحيح .

دیتا ہوں کہ جب تُو اپنے گھر والوں کے پاس جائے تو سب سے پہلے تُو اس بکری کے دودھ سے کھائے' میری رائے یہ ہے کہ تیرے لیے بہتر بات یہ ہے کہ تُو اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دے۔

**8876**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُنَزِّلْ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً إِلَّا الْمَوْتُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے کوئی بیماری بھیجی ہے تو اس کی دواء بھی بھیجی ہے سوائے موت کے۔

**8877**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ الْمُرَادِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: يَا حَارِثُ بْنَ قَيْسٍ، أَلَيْسَ يَسُرُّكَ أَنْ تَسْكُنَ وَسَطَ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: فَالْزَمْ جَمَاعَةَ النَّاسِ

حضرت حارث بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا: اے حارثہ بن قیس! کیا تُو خوش ہے کہ تیرا گھر جنت کے درمیان میں ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں! فرمایا: لوگوں میں جو جماعت ہے' اس کے ساتھ چل۔

**8878**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قُطْبَةَ

حضرت ثابت بن قطبہ مزنی سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن ہمیں ایسا خطبہ دیا کہ اس سے قبل کبھی اس طرح کا خطبہ نہ

---

8877- قال في المجمع جلد5صفحه222' ورجاله ثقات .

8878- قال في المجمع جلد 7صفحه328 رواه الطبراني بأسانيد وفيه مجالد وقد وثق وفيه خلاف' وبقية رجال احدى الطرق ثقات . وقال جلد5صفحه222' وفيه ثابت بن قطبة ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

الْمُزَنِيِّ، قَالَ: خَطَبَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَوْمًا خُطْبَةً لَمْ يَخْطُبْنَا مِثْلَهَا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا، قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللّٰهَ، وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ، وَالْجَمَاعَةِ فَإِنَّهُمَا حَبْلُ اللّٰهِ الَّذِي أَمَرَ بِهِ، وَإِنَّ مَا تَكْرَهُونَ فِي الطَّاعَةِ، وَالْجَمَاعَةِ خَيْرٌ مِمَّا تُحِبُّونَ فِي الْفُرْقَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَخْلُقْ شَيْئًا مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا جَعَلَ لَهُ نِهَايَةً يَنْتَهِي إِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْقُصُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، أَلَا إِنَّ عُرَى الْإِسْلَامِ قَدْ أُثْبِتَ، وَيُوشِكُ أَنْ يَنْقُصَ، وَيُدْبِرَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَآيَةُ ذَلِكَ أَنْ تَقْطَعُوا أَرْحَامَكُمْ، وَأَنْ تَفْشُوَ الْفَاقَةُ حَتَّى لَا يَخَافُ الْغَنِيُّ إِلَّا الْفَقْرَ، وَحَتَّى لَا يَجِدَ الْفَقِيرُ مَنْ يَعْطِفُ عَلَيْهِ، وَحَتَّى يَقُومَ السَّائِلُ بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ فَلَا يَقَعُ فِي يَدِهِ شَيْءٌ، فَبَيْنَمَا النَّاسُ كَذَلِكَ إِذْ خَارَتِ الْأَرْضُ خَارَةً مِثْلَ خُوَارِ الْبَقَرِ يَحْسَبُ كُلُّ قَوْمٍ أَنَّهَا خَارَتْ مِنْ سَاحَتِهِمْ، ثُمَّ يَكُونُ رُجُوعٌ فَتَخُورُ الثَّانِيَةَ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا، فَقِيلَ لَهُ: وَمَا أَفْلَاذُ كَبِدِهَا؟ قَالَ: أَمْثَالُ هَذِهِ السَّوَارِي مِنَ الذَّهَبِ، وَالْفِضَّةِ، فَمِنْ يَوْمَئِذٍ لَا يَنْفَعُ الذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُ مِنْهُ صَدَقَةَ مَالِهِ

دیا تھا اور نہ اس کے بعد دیا۔ فرمایا: اے لوگو! اللہ سے ڈرو! تمہارے اوپر اطاعت لازم ہے اور جماعت کے ساتھ مل کر رہنا کیونکہ یہ دونوں چیزیں اللہ کی وہ رسّی ہیں جس کا اس نے حکم دیا' بے شک اطاعت اور جماعت میں جس چیز کو تم ناپسند کرتے ہو وہ بہتر ہے اس سے جو تم جدائی میں پسند کرتے ہو۔ اللہ نے دنیا میں ہر مخلوق کی ایک انتہا بنائی ہے جس پر وہ ختم ہو جائے گی پھر وہ قیامت تک کم ہوتی رہے گی' خبردار! اسلام کی بنیادیں مضبوط ہوگئی ہیں۔ قریب ہے وہ کم ہو اور قیامت کی طرف پیچھے جانے لگے' اس کی نشانی یہ ہے کہ رحمی رشتے کٹ جائیں گے' فاقہ عام ہوگا حتیٰ کہ امیر آدمی کو بھی فقر کا ڈر ہوگا' حتیٰ کہ فقیر اپنے اوپر مہربانی کرنے والے کو نہ پائے گا حتیٰ کہ سائل دو جمعہ تک کھڑا ہو گا لیکن اس کے ہاتھ میں کوئی شی نہ رکھی جائے گی۔ اسی حال میں لوگ ہوں گے کہ گائے کی آواز کی طرح زمین آواز لگائے گی' ہر قوم گمان کرے گی کہ وہ ان کی ساخت کی وجہ سے بولی ہے پھر رجوع ہوگا۔ دوسری بار وہ آواز نکالے گی اپنے جگر کے ٹکڑوں سے۔ پس آپ سے عرض کی گئی: اس کے جگر کے ٹکڑے کیا ہیں؟ فرمایا: سونے اور چاندی کے ان کنگنوں کی مثل۔ اس دن کے بعد کوئی آدمی سونے چاندی سے فائدہ نہیں اُٹھا سکے گا قیامت تک اور اس کے مال کا صدقہ بھی قبول کرنے والا کوئی نہ ہوگا۔

**8879** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک آپ نے فرمایا: اے لوگو! تم پر اطاعت اور جماعت لازم ہے کیونکہ یہ دونوں اللہ کی رسّی ہیں جس کا

ثَابِتِ بْنِ قُطْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ، وَالْجَمَاعَةِ فَإِنَّهُمَا حَبْلُ اللّٰهِ الَّذِي أَمَرَ بِهِ، وَإِنَّ مَا تَكْرَهُونَ فِي الطَّاعَةِ وَالْجَمَاعَةِ خَيْرٌ مِمَّا تُحِبُّونَ فِي الْفُرْقَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَخْلُقْ شَيْئًا إِلَّا جَعَلَ لَهُ نِهَايَةً يَنْتَهِي إِلَيْهَا، وَإِنَّ الْإِسْلَامَ قَدْ أَقْبَلَ لَهُ ثَبَاتٌ، وَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يَبْلُغَ نُهْيَتَهُ ثُمَّ يَرْتَدَّ، وَيَنْقُصَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَآيَةُ ذَلِكَ أَنْ تَكْثُرَ الْفَاقَةُ، وَيُقْطَعَ الْأَرْحَامُ، حَتَّى لَا يَجِدَ الْفَقِيرُ مَنْ يَعُودُ عَلَيْهِ، وَحَتَّى يَرَى الْغَنِيُّ أَنَّهُ لَا يَكْفِيهِ مَا عِنْدَهُ وَحَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَشْكُو إِلَى أَخِيهِ، وَابْنِ عَمِّهِ، وَلَا يَعُودُ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، وَحَتَّى إِنَّ السَّائِلَ لَيَمْشِي بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ مَا يُوضَعُ فِي يَدِهِ شَيْءٌ، حَتَّى إِذَا كَانَ ذَلِكَ خَارَتِ الْأَرْضُ خَوْرَةً لَا يَرَوْنَ أَهْلُ كُلِّ سَاحَةٍ إِلَّا أَنَّهَا خَارَتْ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ تَهْدَأُ عَلَيْهِمْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ تَفْجَؤُهُمُ الْأَرْضُ تَقِيءُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا قِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمَا أَفْلَاذُ كَبِدِهَا؟، قَالَ: أَسَاطِينُ ذَهَبٍ، وَفِضَّةٍ، فَمِنْ يَوْمَئِذٍ لَا يُنْتَفَعُ بِذَهَبٍ، وَلَا فِضَّةٍ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس نے حکم دیا ہے' بے شک جماعت میں جس چیز کو تم ناپسند کرتے ہو' وہ بہتر ہے اس سے جو تم جدائی میں پسند کرتے ہو' اللہ نے کوئی چیز پیدا نہیں کی مگر اس کی انتہاء بنائی ہے جس پر وہ ختم ہو جائے گی۔ بے شک اسلام مضبوط ہو گیا' قریب ہے کہ یہ اپنی انتہاء کو پہنچے پھر پھرے اور قیامت تک کم ہوتا چلا جائے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ فاقہ زیادہ ہوگا' رحمی رشتے ٹوٹیں گے' حتیٰ کہ فقیر کسی دینے کو نہ پائے گا' امیر آدمی خیال کرے گا کہ جو کچھ اس کے پاس ہے وہ کافی نہیں ہے۔ آدمی اپنے سگے بھائی کے سامنے اپنی شکایت رکھے گا اور اپنے چچا کے بیٹے کے سامنے' وہ اس کی شکایت دور نہ کریں گے۔ مانگنے والا دو جمعہ تک چکر لگائے گا اور اس کے ہاتھ میں کوئی چیز نہ رکھی جائے گی حتیٰ کہ جب یہ ہوگا تو زمین ایک آواز نکالے گی' ہر احاطے والا یہی سمجھے گا کہ اسکے احاطے کی وجہ سے اس نے آواز نکالی ہے' پھر جتنا اللہ چاہے گا ان پر سکون ہوگا' پھر زمین اچانک اپنے جگر کے ٹکڑے نکال باہر پھینکے گی۔ عرض کی گئی: اے ابوعبدالرحمٰن! اس کے جگر کے ٹکڑے کیا ہیں؟ فرمایا: سونے اور چاندی کے ستون! اس دن کے بعد قیامت تک سونے اور چاندی سے نفع حاصل نہیں کیا جا سکے گا۔

**8880**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أَنَا زَائِدَةُ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ أَبِي قُطْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں: اس جماعت کو لازم پکڑو کیونکہ یہی اللہ کی رسّی ہے جس کا اس نے حکم دیا ہے' جماعت میں جس شی کو تم

الْزَمُوا هَذِهِ الْجَمَاعَةَ فَإِنَّهُ حَبْلُ اللَّهِ الَّذِي أَمَرَ بِهِ، وَإِنَّ مَا تَكْرَهُونَ فِي الْجَمَاعَةِ خَيْرٌ مِمَّا تُحِبُّونَ فِي الْفُرْقَةِ، وَإِنَّ اللَّهَ لَمْ يَخْلُقْ شَيْئًا قَطُّ إِلَّا جَعَلَ لَهُ مُنْتَهًى، وَإِنَّ هَذَا الدِّينَ قَدْ تَمَّ، وَإِنَّهُ صَائِرٌ إِلَى نُقْصَانٍ، وَإِنَّ أَمَارَةَ ذَلِكَ أَنْ يُقْطَعَ الْأَرْحَامُ، وَيُؤْخَذَ الْمَالُ مِنْ غَيْرِ حَقِّهِ، وَتُسْفَكَ الدِّمَاءُ، وَيَشْكِي ذُو الْقَرَابَةِ إِلَى قَرَابَتِهِ لَا يَعُودُ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، وَيَطُوفُ السَّائِلُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ مَا يُوضَعُ فِي يَدِهِ شَيْءٌ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ خَارَتِ الْأَرْضُ خُوَارَ الْبَقَرِ إِذْ قَذَفَتْ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا فَلَا يُنْتَفَعُ بَعْدَهُ بِذَهَبٍ، وَلَا فِضَّةٍ

ناپسند کرتے ہو وہ اس شی سے بہتر ہے جس کو تم جدائی میں پسند کرتے ہو اللہ نے ہر شی بنا کر اس کی انتہاء بنائی ہے' بے شک یہ دین بھی اب مکمل ہو گیا ہے۔ اب یہ نقصان کی طرف جانے والا ہے' اس کی نشانی یہ ہے کہ رحمی رشتے ختم ہوں گے' ناحق مال لیا جائے گا' خونریزی ہو گی' قریبی رشتہ دالا اپنے قریبی کے پاس شکایت لے کر جائے گا لیکن وہ اس پر کوئی شی نہ لوٹائے گا۔ سائل دو جمعہ تک گھومتا رہے گا لیکن اسکے ہاتھ میں کوئی شی نہ رکھی جائے گی' اسی دوران گائے کی طرح زمین آواز نکالے گی' جب وہ اپنے جگر کے ٹکڑے باہر پھینک دے گی' اس کے بعد سونے چاندی سے نفع حاصل نہ کیا جا سکے گا۔

**8881**- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ أَقَامَ الصَّلَاةَ، وَلَمْ يُؤْتِ الزَّكَاةَ فَلَا صَلَاةَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ نہیں دی اس کی کوئی نماز نہیں ہے۔

**8882**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ خُلَيْدَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ دَخَلَ عَلَيْهِ، وَقَدْ نَصَبَ مَتَاعًا فِي بَيْتِهِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: اسْتَخْفِ مِنْ شُوَارِ بَيْتِكَ فَإِنَّ النَّاسَ يُوشِكُوا أَنْ يَكُونُوا أَهْلَ قَتَبٍ

حضرت محمد بن زید بن خلیدہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' اُنہوں نے گھر میں سامان گاڑا ہوا تھا' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنے گھر کا خوبصورت اور عمدہ سامان چھپا کر رکھو' کیونکہ لوگ قریب ہے کہ کجاوے والے ہوں (تمہارا سامان اُٹھا کر لے جائیں)۔

**8883**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مؤمن

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ مَأْلَفٌ وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ، وَلَا يُؤْلَفُ

محبت کرتا ہے اور جو محبت نہیں کرتا اور اس سے محبت نہیں کی جاتی ہے تو اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

**8884-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يَسْتَعِيذُ مِنْ أَرْبَعٍ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ غِنًى يُطْغِينِي، وَمِنْ فَقْرٍ يُنْسِينِي، وَمِنْ هَوًى يُرْدِينِي، وَمِنْ عَمَلٍ يُخْزِنِي

حضرت عون بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چار چیزوں سے پناہ مانگتے تھے: ''اللّٰهم انی اعوذ بك الٰی آخرہ''۔

**8885-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يَقُولُ: إِيَّاكُمْ وَصِعَابَ الْقَوْلِ

حضرت عون فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مشکل بات کہنے سے بچو۔

**8886-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَصْحَابِهِ حِينَ قَدِمُوا عَلَيْهِ: هَلْ تَجَالَسُونَ؟ قَالُوا: لَيْسَ نَتْرُكُ ذَلِكَ، قَالَ: فَهَلْ تَزَاوَرُونَ؟

حضرت عون سے مروی ہے فرماتے ہیں: جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد آپ کے پاس آئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم ایک دوسرے کے پاس بیٹھتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: ہم نے اسے کبھی نہیں چھوڑا۔ آپ نے فرمایا: کیا تم ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہو؟ عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! جی ہاں!

---

8884- قال فی المجمع جلد10صفحه144 وعون لم یسمع من ابن مسعود وعبد الرحمٰن المسعودی وان کان ثقة ولکنه اختلط ۔

8885- قال فی المجمع جلد10صفحه303 وفیه المسعودی وقد اختلط وعون لم یدرك ابن مسعود ۔

8886- قال فی المجمع جلد8صفحه175 واسناده منقطع ۔ وانظر ما قبله ۔

قَالُوا: نَعَمْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنَّ الرَّجُلَ مِنَّا لَيَفْقِدُ أَخَاهُ فَيَمْشِي فِي طَلَبِهِ إِلَى آخِرِ الْكُوفَةِ حَتَّى يَلْقَاهُ، قَالَ: فَإِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوا بِخَيْرٍ مَا فَعَلْتُمْ ذَلِكَ

بیشک ہم میں سے کوئی آدمی اپنے مسلمان بھائی کو نہ پائے تو وہ اس کی تلاش میں کوفہ کی آخری گلی تک جاتا ہے یہاں تک کہ اس سے ملاقات کرتا ہے' فرمایا: یہ کام کرتے رہے تو تم خیر پر رہو گے۔

**8887**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَكَنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تَأْكُلُوا مِنَ الْجُبْنِ إِلَّا مَا صَنَعَ الْمُسْلِمُونَ، وَأَهْلُ الْكِتَابِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پنیر نہ کھاؤ سوائے اس کے جو مسلمان اور اہل کتاب بناتے ہیں۔

**8888**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ خَفَضَ فِيهَا صَوْتَهُ، وَيَدَهُ، وَبَصَرَهُ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جب نماز میں کھڑے ہوتے تو آواز آہستہ کرتے اور اپنے ہاتھ اور اپنی نگاہ جھکا لیتے۔

**8889**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: مَا خَطَبَ عَبْدُ اللّٰهِ بِالْكُوفَةِ خُطْبَةً إِلَّا شَهِدْتُهَا فَسَمِعْتُهُ يَوْمًا، وَسُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ ثَمَانِيًا وَأَشْبَاهَ ذَلِكَ، فَقَالَ: هُوَ كَمَا قَالَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْزَلَ كِتَابَهُ وَبَيَّنَ بَيَانَهُ، فَمَنْ أَتَى الْأَمْرَ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ فَقَدْ بَيَّنَ لَهُ، وَمَنْ خَالَفَ فَوَاللّٰهِ

حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں کوئی خطبہ دیا' میں اس میں شریک ہوا' میں نے ایک دن سنا' آپ سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا گیا کہ ایک آدمی اپنی بیوی کو آٹھ اور اس کے مشابہ طلاقیں دیتا ہے۔ فرمایا: وہی حکم ہے جس طرح اس نے کہا' پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب نازل کر کے اس کو واضح کیا' پس جس نے اپنی طرف سے کام کیا' پس اس کیلئے بھی وضاحت کر دی ہے اور جس نے

---

8887- قال في المجمع جلد5صفحه43' ورجاله ثقات .

8888- قال في المجمع جلد2صفحه136' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

مَا نُطِيقُ كُلَّ خِلَافِكُمْ

مخالفت کی قسم بخدا! میں تمہارے برخلاف کو حل کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں۔

**8890**- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ: أَخْبَرَنِي عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ، عَنْ صَوْمِ الدَّهْرِ فَكَرِهَهُ، وَقَالَ: صَوْمُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت یحییٰ بن عمرو بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے صوم وصال رکھنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے اسے ناپسند کیا اور فرمایا: ہر ماہ تین روزے رکھے۔

**8891**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: صَوْمُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ يُذْهِبْنَ وَحَرَ الصَّدْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر ماہ تین دن روزے رکھنے سے دل کا زنگ دور ہو جاتا ہے۔

**8892**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُولُ بَعْدَ الرُّكُوعِ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رکوع کے بعد یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم لك الحمد الٰی آخرہٖ''۔

**8893**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِي، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آسمان وزمین کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت جتنا فاصلہ ہے۔

---

8890- قال في المجمع جلد3صفحه193، واسناده حسن .

8891- فيه انقطاع بين أبي عبيدة وابن مسعود والمسعودي اختلط .

. فيه. عَنْ وَائِلِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا بَيْنَ السَّمَاءِ، وَالْأَرْضِ مَسِيرَةُ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ

**8894-** حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا بَيْنَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَالَّتِي تَلِيهَا مَسِيرَةُ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ، وَمَا بَيْنَ كُلِّ سَمَاءٍ مَسِيرَةُ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ، وَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ وَالْكُرْسِيِّ مَسِيرَةَ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ، وَمَا بَيْنَ الْكُرْسِيِّ، وَالْمَاءِ مَسِيرَةَ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ، وَالْعَرْشُ عَلَى الْمَاءِ، وَاللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى الْعَرْشِ يَعْلَمُ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آسمانِ دنیا اور اس کے ساتھ جو آسمان ملا ہوا ہے ان کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہے ہر آسمان کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہے ساتویں آسمان اور کرسی کے درمیان کی مسافت پانچ سو سال ہے اور کرسی اور پانی کے درمیان کی مسافت پانچ سو سال ہے اور عرش پانی پر ہے اللہ عزوجل (جیسے اسکی شان ہے) عرش پر ہے وہ جانتا ہے تم جس پر ہو۔

**8895-** حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: تَطْلُعُ الشَّمْسُ مِنْ جَهَنَّمَ فِي قَرْنِ شَيْطَانٍ، وَبَيْنَ قَرْنِ شَيْطَانٍ، فَمَا تَرْتَفِعُ فِي السَّمَاءِ قَصْمَةً إِلَّا فُتِحَ بَابٌ مِنْ أَبْوَابِ النَّارِ، فَإِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا كُلُّهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سورج جہنم سے ایک شیطان کے سینگ میں طلوع ہوتا ہے اور ایک شیطان کے سینگ کے درمیان طلوع ہوتا ہے آسمان پر آہستہ آہستہ چڑھتا ہے تو جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھلتا ہے جب گرمی زیادہ ہو جاتی ہے تو جہنم کے سارے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

**8896-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ

---

8894- قال في المجمع جلد 1 صفحه 86 ورجاله رجال الصحيح .

8895- قال في المجمع جلد 1 صفحه 307 واسناده حسن .

8896- قال في المجمع جلد 5 صفحه 37 ورجاله رجال الصحيح خلا غريب بن حميد وهو ثقة . قلت: هو أبو عمار .

أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: رَأَى عَبْدُ اللّٰهِ مَعَ رَجُلٍ دَرَاهِمَ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ بِهَا؟ قَالَ: أَشْتَرِي بِهَا فِرْقَ سَمْنٍ، فَقَالَ: أَعْطِهَا امْرَأَتَكَ تَضَعُهَا تَحْتَ فِرَاشِهَا ثُمَّ اشْتَرِي كُلَّ يَوْمٍ لَحْمًا بِدِرْهَمٍ

رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کے پاس دراہم دیکھے' آپ نے فرمایا: ان کے ساتھ کیا کرتا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے اس کے ساتھ ایک فرق گھی خریدنا ہے' آپ نے دعا کی: تُو اپنی بیوی کو دے' وہ اپنے بستر کے نیچے رکھے' پھر ایک روز ایک درہم کا گوشت خریدے۔

**8897**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ، وَإِنَّ اللّٰهَ يُعْطِي الْمَالَ مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ، وَلَا يُعْطِي الْإِيمَانَ إِلَّا مَنْ يُحِبُّ، فَإِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا أَعْطَاهُ الْإِيمَانَ، فَمَنْ ضَمِنَ بِالْمَالِ أَنْ يُنْفِقَهُ، وَهَابَ الْعَدُوَّ أَنْ يُجَاهِدَهُ، وَاللَّيْلَ أَنْ يُكَابِدَهُ فَلْيُكْثِرْ مِنْ قَوْلِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: بے شک اللہ نے تمہارے درمیان اخلاق بھی ایسے ہی تقسیم فرمائے ہیں جیسے تمہارے رزق تقسیم کیے ہیں' بے شک اللہ تعالیٰ مال اسکو بھی دیتا ہے جس سے محبت کرتا ہے اور اسے بھی جس سے محبت نہیں کرتا لیکن ایمان صرف اسے دیتا ہے جس کو پسند کرتا ہے' پس جب اللہ کسی بندے کو پسند کر لیتا ہے تو اسے ایمان عطا فرماتا ہے' پس جس آدمی نے مال خرچ کرنے کو چٹی سمجھا اور دشمن سے جہاد کرنے سے ڈرا اور رات کو جاگنے کی تکلیف گوارا نہ کی' اسے چاہیے کہ وہ کثرت سے پڑھے: لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر' الحمد للہ اور سبحان اللہ۔

**8898**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: تَدْرُونَ كَيْفَ يَنْقُصُ الْإِسْلَامُ؟ قَالُوا: كَمَا

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ اسلام کیسے کم ہوگا؟ اُنہوں نے عرض کی: جس طرح کپڑے کا رنگ کم ہوتا ہے' جیسے سواری سے کمی ہوتی ہے اور جس طرح لمبا ہونے سے دراہم

---

8897- قال في المجمع جلد10 صفحه90' ورجاله رجال الصحيح .

8898- قال في المجمع جلد1 صفحه202' ورجاله موثقون .

يَنْقُصُ صِبْغُ الثَّوْبِ، وَكَمَا يَنْقُصُ مِنَ الدَّابَّةِ، وَكَمَا يَقْسُو الدِّرْهَمُ عَنْ طُولِ الْحَبْيِ، قَالَ: إِنَّ ذَلِكَ لَمِنْهُ، وَأَكْثَرُ مِنْ ذَلِكَ مَوْتٌ أَوْ ذَهَابُ الْعُلَمَاءِ

ختم ہوتا ہے۔ فرمایا: یہ بھی ہیں لیکن اکثر موت سے ہوگا یا علماء کے جانے سے۔

8899- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يُوضَعُ الصِّرَاطُ عَلَى سَوَاءِ جَهَنَّمَ مِثْلَ حَدِّ السَّيْفِ الْمُرْهَفِ، مَدْحَضَةٌ مَزِلَّةٌ، عَلَيْهِ كَلَالِيبُ مِنْ نَارٍ يُخْتَطَفُ بِهَا فَمُمْسَكٌ يَهْوِي فِيهَا، وَمَصْرُوعٌ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالْبَرْقِ فَلَا يَنْشَبُ ذَاكَ أَنْ يَنْجُوَ، ثُمَّ كَالرِّيحِ وَلَا يَنْشَبُ ذَاكَ أَنْ يَنْجُوَ، ثُمَّ كَجَرْيِ الْفَرَسِ، ثُمَّ كَسَعْيِ الرَّجُلِ، ثُمَّ كَرَمَلِ الرَّجُلِ، ثُمَّ كَمَشْيِ الرَّجُلِ، حَتَّى يَكُونَ آخِرَهُمْ إِنْسَانًا رَجُلٌ قَدْ لَوَّحَتْهُ النَّارُ وَلَقِيَ فِيهَا شَرًّا حَتَّى يُدْخِلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ، فَيُقَالُ لَهُ: تَمَنَّ وَسَلْ، فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَتَهْزَأُ مِنِّي، وَأَنْتَ رَبُّ الْعِزَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: تَمَنَّ وَسَلْ، قَالَ: حَتَّى إِذَا انْقَطَعَتِ الْأَمَانِيُّ قَالَ: لَكَ مَا سَأَلْتَ مِثْلَهُ مَعَهُ قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبُو صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ مَعَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: پل صراط بالکل جہنم کے درمیان رکھا جائے گا' اس کی تیزی تلوار کی تیزی کی مثل ہوگی' اس پر آگ کی کنڈیاں ہوں گی جن کے ساتھ وہ (دوزخیوں کو اُچک لے گی' پس کئی رُک کر سیدھے اس میں چلے جائیں گے اور کئی گرا دیئے جائیں گے' ان میں سے کچھ وہ بھی ہوں گے جو بجلی کی طرح گزریں گے' پس وہ ان کو نجات سے پانے سے نہ روکے گی' پھر ہوا کی طرح وہ بھی نجات پائیں گے' پھر گھوڑے کی رفتار' پھر آدمی کے دوڑنے کی طرح' پھر آدمی کے کندھے ہلا کر چلنے کی طرح پھر آدمی کے چلنے کی طرح حتیٰ کہ ان کے آخر میں ایک آدمی ہوگا' اسے آگ کی لپٹ پڑے گی (اسے جھلسائے گی) اور وہ اس میں شر سے ملے گا' آخرکار اللہ اسے جنت میں داخل کرے گا اپنی رحمت کے صدقے۔ اس سے کہا جائے گا: تمنا کر اور مانگ! پس وہ کہے گا: اے میرے رب! تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ حالانکہ تُو رب العزت ہے' پس اس سے دوبارہ وہی کہا جائے گا حتیٰ کہ جب اس کی ساری اُمیدیں ختم ہو جائیں گی تو اللہ فرمائے گا: تیرے لیے وہ جس کا تُو نے سوال کیا اور اس کے برابر اور ہے۔ ایک

8899- قال في المجمع جلد10 صفحه360' ورجاله رجال الصحيح غير عاصم وقد وثق .

روایت میں ہے اس سے دس گنا کا ذکر ہے۔

**8900-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَمَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَجِيلَةَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنِّي تَزَوَّجْتُ جَارِيَةً بِكْرًا، وَإِنِّي قَدْ خَشِيتُ أَنْ تَفْرِكَنِي، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ الْإِلْفَ مِنَ اللّٰهِ، وَإِنَّ الْفَرْكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، لِيُكَرِّهَ إِلَيْهِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَهُ، فَإِذَا دَخَلْتَ عَلَيْهَا فَمُرْهَا فَلْتُصَلِّ خَلْفَكَ رَكْعَتَيْنِ قَالَ الْأَعْمَشُ: فَذَكَرْتُهُ لِإِبْرَاهِيمَ، فَقَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي فِي أَهْلِي، وَبَارِكْ لَهُمْ فِيَّ، اللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي مِنْهُمْ وَارْزُقْهُمْ مِنِّي، اللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا مَا جَمَعْتَ إِلَى خَيْرٍ، وَفَرِّقْ بَيْنَنَا إِذَا فَرَّقْتَ إِلَى خَيْرٍ

حضرت ابووائل سے روایت ہے فرماتے ہیں: بجیلہ قبیلہ سے ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر عرض کی: میں نے کنواری لونڈی سے نکاح کیا ہے اور مجھے خوف ہے کہ وہ مجھ سے جدا ہو جائے گی۔ آپ نے فرمایا: محبت اللہ کی طرف سے اور جدائی شیطان کی طرف سے ہے تاکہ اس کے نزدیک وہ چیز ناپسندیدہ بنا دے جو اس کے لیے حلال ہے اللہ کی طرف سے۔ پس اب جب تُو اس کے پاس جائے تو اسے کہہ کہ وہ تیرے پیچھے دو رکعت نماز پڑھے۔ حضرت اعمش کا قول ہے: پس میں نے اس کا ذکر ابراہیم سے کیا تو اُنہوں نے کہا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اور یہ دعا کر: ''اللّٰھم اجمع بیننا الی آخرہ''۔

**8901-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: إِنِّي تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً، وَإِنِّي أَخَافُ الْفَرْكَ، قَالَ: إِذَا أَتَيْتَ بِهَا فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ وَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي فِي أَهْلِي، وَبَارِكْ لَهُمْ فِيَّ، اللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا مَا جَمَعْتَ

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں نے ایک عورت سے شادی کی' مجھے بغض کا خوف ہوا' آپ نے فرمایا: تُو اس کے پاس آنے لگے تو دو رکعت نفل پڑھنا اور یہ دعا کرنا: ''اللّٰھم بارك لی فی اھلی الی آخرہ'' اور تُو ہمارے درمیان جدائی ڈال دے جب تیرا جدائی ڈالنا ہمیں خیر تک پہنچائے۔

---

8900- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10461,10460' قال في المجمع جلد4صفحه290' ورجاله رجال الصحيح .

8901- قال في المجمع جلد1صفحه177' وفيه من لم يسم .

بِخَيْرٍ، وَفَرِّقْ بَيْنَنَا إِذَا فَرَّقْتَ إِلَى خَيْرٍ

**8902**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ، مِنْ أَصْحَابِهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: عَسَى رَجُلٌ أَنْ يَقُولَ: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَ بِكَذَا وَنَهَى عَنْ كَذَا فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ: كَذَبْتَ، أَوْ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ كَذَا وَأَحَلَّ كَذَا فَيَقُولُ اللّٰهُ لَهُ: كَذَبْتَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ ایک آدمی کہے: اللہ عزوجل نے فلاں چیز کا حکم دیا ہے اور فلاں چیز سے منع کیا ہے' اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: تُو جھوٹ بولتا ہے' یا وہ آدمی کہے کہ اللہ نے اس شی کو حرام کیا ہے اور اُس چیز کو حلال کیا ہے' اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: تُو جھوٹ بولتا ہے۔

**8903**- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَثَلُ الَّذِي يُدِيمُ الصَّلَاةَ مَثَلُ الَّذِي يَقْرَعُ الْبَابَ، وَمَنْ يُدِيمُ قَرْعَ الْبَابِ يُوشِكُ أَنْ يُفْتَحَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثال جو نماز پر ہمیشگی کرتا ہے اس آدمی کی طرح ہے جو دروازہ کھٹکھٹاتا رہتا ہے' اور جو دروازہ کھٹکتا تا رہتا ہے ہو سکتا ہے قریب ہے اس کیلئے اس کو کھول دیا جائے۔

**8904**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّكَ مَا كُنْتَ فِي صَلَاةٍ فَإِنَّكَ تَقْرَعُ بَابَ الْمَلِكِ، وَمَنْ يُكْثِرْ قَرْعَ بَابِ الْمَلِكِ يُوشِكُ أَنْ يُفْتَحَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثال جو نماز پر ہمیشگی کرتا ہے اس آدمی کی طرح ہے جو دروازہ کھٹکھٹاتا رہتا ہے' اور جو دروازہ کھٹکتا تا رہتا ہے قریب ہے ہوسکتا ہے اس کیلئے کھول دیا جائے۔

**8905**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کی نماز (تہجد) کو دن کی نماز پر فضیلت حاصل ہے' اس طرح جس طرح چھپا کر صدقہ دینے کو فضیلت حاصل ہے علانیہ

---

8903- انظر ما بعده .

8904- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4735' قال في المجمع جلد2صفحه257' ورجاله رجال الصحيح .

8905- انظر ما بعد ورواه ابن المبارك في الزهد وسيأتي في المرفوع .

عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: فَضْلُ صَلَاةِ اللَّيْلِ عَلَى صَلَاةِ النَّهَارِ كَفَضْلِ صَدَقَةِ السِّرِّ عَلَى الْعَلَانِيَةِ

صدقہ دینے پر۔

**8906**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَضْلُ صَلَاةِ اللَّيْلِ عَلَى صَلَاةِ النَّهَارِ كَفَضْلِ صَدَقَةِ السِّرِّ عَلَى الْعَلَانِيَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کی نماز (تہجد) کو دن کی نماز پر فضیلت حاصل ہے اس طرح جس طرح چھپا کر صدقہ دینے کو فضیلت حاصل ہے علانیہ صدقہ دینے پر۔

**8907**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: سَيِّدُ الشُّهُورِ رَمَضَانُ، وَسَيِّدُ الْأَيَّامِ يَوْمُ الْجُمُعَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تمام مہینوں کا سردار رمضان شریف ہے اور تمام دنوں کا سردار جمعہ شریف ہے۔

**8908**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: تَلَا عَبْدُ اللّٰهِ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ، وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ) (إبراهيم: 48)، قَالَ: يُجَاءُ بِأَرْضٍ كَأَنَّهَا سَبِيكَةُ فِضَّةٍ لَمْ يُسْفَكْ عَلَيْهَا دَمٌ، وَلَمْ تُعْمَلْ عَلَيْهَا خَطِيئَةٌ، فَأَوَّلُ مَا يُحْكَمُ بَيْنَ النَّاسِ فِيهِ فِي الدِّمَاءِ

حضرت زر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''جس دن یہ زمین دوسری زمین سے تبدیل کر دی جائے گی اور آسمان بھی تبدیل کر دیئے جائیں گے اور (سب) لوگ (قبروں سے نکل کر) اس کی بارگاہ میں حاضر ہو جائیں گے جو یکتا ہے اور سب پر غالب ہے''۔ فرمایا: زمین کو لایا جائے گا گویا وہ پگھلی ہوئی سانچے میں ڈھلی ہوئی چاندی ہے جس پر کوئی خون ریزی نہیں کی گئی ہے اور نہ اس پر کوئی غلطی کی گئی ہے سب سے پہلے جس چیز کا فیصلہ کیا جائے گا وہ خون ہے۔

---

8906- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4735.

8907- قال في المجمع جلد3 صفحه145' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه.

8908- قال في المجمع جلد7 صفحه45' واسناده جيد.

**8909-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْأَوَّاهُ الرَّحِيمُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الاواہ سے مراد رحم دلی ہے۔

**8910-** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ) (التوبة: **114** ) قَالَ: الْأَوَّاهُ الرَّحِيمُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس آیت کی ''بے شک ابراہیم علیہ السلام مہربان شخصیت تھے''۔ فرمایا: الاواہ سے مراد رحم دلی ہے۔

**8911-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنِ الْأَوَّاهِ؟ قَالَ: هُوَ الدَّعَّاءُ

حضرت زر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود سے الاواہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ دعا ہے۔

**8912-** حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ كُلَّ يَوْمٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْخَمِيسِ انْتَابَهُ أَهْلُ الرَّسَاتِيقِ

حضرت یوسف بن سعد فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہر روز مسجد میں حدیث پڑھایا کرتے تھے پس جب جمعرات کا دن آتا تو قصبوں اور دیہاتوں والے لگاتار آتے، پس ایک نابینا آدمی نے آکر عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! ''اوّاہ'' کیا ہے؟ فرمایا: بہت مہربان

---

8909- في الأصلين الحليم بدل الرحيم وهو خطأ . رواه ابن جرير في تفسيره (17376,17378,17370) .

8910- رواه ابن جرير رقم الحديث: 17385، وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

8911- رواه ابن جرير رقم الحديث: 17363-17367، وقال في المجمع جلد 7صفحه35، وفيه عاصم وهو ثقة وقد ضعف .

وَالْقُرَى، فَجَاءَ رَجُلٌ أَعْمَى فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا الْأَوَّاهُ؟ قَالَ: الرَّحِيمُ، قَالَ: فَمَا التَّبْذِيرُ؟ قَالَ: مَا أُنْفِقَ فِي غَيْرِ حَقٍّ، قَالَ: فَمَا الْمَاعُونُ؟ قَالَ: مَا يَتَعَاوَنُ النَّاسُ بَيْنَهُمْ، يَعْنِي الْعَوَارِي

آدمی۔ کہا: ''تبذیر'' کیا ہے؟ فرمایا: ناحق خرچ کرنا۔ عرض کی: ''ماعون'' کیا ہے؟ فرمایا: جو لوگ آپس میں تعاون کرتے ہیں یعنی ادھار دی جانے والی عام استعمال کی چیزیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''ان کی عدت کے وقت ان کو طلاق دو'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب پاکی کی حالت میں ہو اور جماع نہ کیا ہو۔

**9494-** حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1 ) قَالَ: طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ، إِذَا أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا لِلسُّنَّةِ ثَلَاثًا طَلَّقَهَا فِي طُهْرٍ وَاحِدَةً، ثُمَّ عَلَيْهَا حَيْضَةٌ بَعْدَ آخِرِ تَطْلِيقَةٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''ان کی عدت کے وقت ان کو طلاق دو'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب پاکی کی حالت میں ہو اور جماع نہ کیا ہو' جب سنت تین طلاقیں دینے کا ارادہ رکھے تو ایک طلاق ایک طہر میں دے' پھر دوسرے حیض کے بعد دوسری طلاق دے۔

**9495-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو سنت

---

9493- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10927' وسعيد بن منصور ( 1057)' والبيهقي جلد 7صفحه325' والنسائي جلد5صفحه140 .

9494- والنسائي جلد5صفحه140 .

9495- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:10929 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَ لِلسُّنَّةِ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ

طریقہ کے مطابق طلاق دے جس طرح اللہ عزوجل نے طلاق دینے کا حکم دیا تو وہ طہر میں طلاق دے جب جماع نہ کیا ہو۔

**9496**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: (يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1) ، قَالَ: الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ: أَنْ تُطَلِّقَهَا طَاهِرًا، ثُمَّ تَدَعَهَا حَتَّى تَقْضِيَ عِدَّتَهَا أَوْ تُرَاجِعَهَا إِنْ شِئْتَ قَالَ شُعْبَةُ: وَأَهْلُ الْكُوفَةِ يَقُولُونَ: عَنْ غَيْرِ جِمَاعٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''اے غیب کی خبریں بتانے والے! جب آپ عورتوں کو طلاق دینے کا ارادہ کریں تو ان کی عدت کے وقت کو سامنے رکھ کر ان کو طلاق دیں'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس طلاق عدت سے مراد یہ ہے کہ حالتِ طہر میں طلاق دے، پھر عدت ختم ہونے تک چھوڑ دے یا اگر چاہے تو رجوع کر لے۔ شعبہ کہتے ہیں کہ کوفہ والے کہتے ہیں: جب جماع نہ کیا ہو۔

**9497**- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي قَوْلِهِ: (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1 ) ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ الطَّلَاقَ الَّذِي هُوَ الطَّلَاقُ فَلْيُمْهِلْ حَتَّى إِذَا طَهُرَتِ الْمَرْأَةُ مِنَ الْحَيْضِ فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا فِي غَيْرِ جِمَاعٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فطلقوهن لعدتهن '' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد جو طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہے وہ انتظا کرے جب عورت حیض سے پاک ہو تو اسے اس کے طہر میں طلاق دے جب جماع نہ کیا ہو۔

**9498**- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فطلقوهن لعدتهن '' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد ہے کہ جو طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہے وہ انتظار کرے

أَبِـي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق:1) ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ الطَّلَاقَ الَّذِي هُوَ الطَّلَاقُ فَلْيُمْهِلِ الْمَرْأَةَ حَتَّى إِذَا طَهُرَتْ فِي غَيْرِ جِمَاعٍ قَالَ لَهَا: اعْتَدِّي، فَإِنْ نَدِمَ وَتَتَبَّعَهَا نَفْسَهُ أَشْهَدَ رَجُلَيْنِ عَلَى رَجْعَتِهَا وَإِلَّا تَرَكَهَا حَتَّى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا، وَلَا يُطَلِّقُهَا ثَلَاثًا وَهِيَ حَامِلٌ، فَيُنْدِمُهُ اللّٰهُ، فَيُنْفِقُ عَلَيْهَا حَمْلَهَا وَرَضَاعَهَا

یہاں تک کہ جب عورت حیض سے پاک ہوتو اسے اس کے اس طہر میں طلاق دے جس میں جماع نہ کیا ہو' اس سے کہے: تُو اپنی عدت گزار۔ پس اگر شرمندہ ہوا اور اسے اپنے پاس لانا چاہتا ہوتو دو گواہ بنا کر کہے: میں نے اپنی بیوی سے رجوع کیا ورنہ اُسے چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے اور (کبھی بھی) اسے تین طلاقیں نہ دے' اس حال میں کہ وہ حاملہ ہو ورنہ (قیامت کے دن) اللہ اسے شرمندہ کرے گا' پس وہ حمل اور رضاعت کی حالت میں اُسے نان ونفقہ دے۔

**9499-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ وَزَوْجُهَا إِلَى عُمَرَ فَقَالَتْ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، إِنَّ زَوْجِي طَلَّقَنِي فَانْقَطَعَ عَنِّي الدَّمُ مُنْذُ ثَلَاثِ حِيَضٍ، فَأَتَانِي وَقَدْ وَضَعْتُ مَائِي، وَرَدَدْتُ بَابِي، وَخَلَعْتُ ثِيَابِي، فَقَالَ: قَدْ رَاجَعْتُكِ قَدْ رَاجَعْتُكِ، فَقَالَ عُمَرُ لِابْنِ مَسْعُودٍ: مَا تَرَى فِيهَا؟ قَالَ: أَرَى أَنَّهَا امْرَأَتُهُ مَا دُونَ أَنْ تَحِلَّ لَهَا الصَّلَاةُ ، قَالَ عُمَرُ: وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں ایک عورت اور اس کا خاوند آئے' تو عورت نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میرے خاوند نے مجھے طلاق دی اور میرے تین حیض بھی گزر گئے ہیں' پس میرا خاوند میرے پاس آیا اس حال میں کہ (غسل کیلئے میں نے اپنا پانی رکھ دیا تھا' دروازہ بند کرلیا اور اپنے کپڑے اُتار دیئے تھے تو اس نے کہا: میں نے تجھ سے رجوع کیا' میں نے تجھ سے رجوع کیا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: اس بارے آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا: میرا خیال ہے کہ وہ اس کی بیوی ہے جب تک اُس کیلئے نماز پڑھنا حلال نہیں ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا بھی یہی خیال ہے۔

**9500-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت علقمہ سے مروی ہے کہ اُنہوں نے حضرت

---

9499- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10988' ومن طريقه البيهقي جلد7صفحه417'

9500- قال في المجمع جلد4صفحه337' ورجاله رجال الصحيح .

حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَجَاءَ رَجُلٌ وَامْرَأَتُهُ فَقَالَ: طَلَّقْتُهَا ثُمَّ رَاجَعْتُهَا، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَحْمِلْنِي الَّذِي كَانَ مِنْكَ أَنْ أُحَدِّثَ الْأَمْرَ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَالَ عُمَرُ: حَدِّثِينِي، فَقَالَتْ: طَلَّقَنِي، ثُمَّ تَرَكَنِي حَتَّى إِذَا كُنْتُ فِي آخِرِ ثَلَاثِ حِيَضٍ، وَانْقَطَعَ عَنِّي الدَّمُ، وَضَعْتُ غُسْلِي، وَرَدَدْتُ بَابِي، وَنَزَعْتُ ثِيَابِي، فَقَرَعَ الْبَابَ، قَالَ: قَدْ رَجَعْتُكِ قَدْ رَجَعْتُكِ فَتَرَكْتُ غُسْلِي، وَلَبِسْتُ ثِيَابِي، فَقَالَ عُمَرُ: مَا تَقُولُ فِيهَا يَا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ؟ فَقُلْتُ: أُرَاهُ أَحَقَّ بِهَا مَا دُونَ أَنْ تَحِلَّ لَهَا الصَّلَاةُ، فَقَالَ عُمَرُ: نِعْمَ مَا رَأَيْتَ، وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس تھے پس ایک عورت اور ایک مرد آئے تو مرد نے کہا: میں نے اسے طلاق دی پھر میں نے اس سے رجوع کر لیا۔ عورت نے عرض کی: لیکن آپ کے رُعب کی وجہ سے میں اس کے سامنے معاملے کی حقیقت بیان کرنے کی ہمت نہیں کر پا رہی ہوں۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو مجھے کھول کر بتا! اس عورت نے عرض کی: اس نے مجھے طلاق دی پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا یہاں تک کہ جب میں تیسرے حیض کے آخر میں تھی تو میرا خون ختم ہو چکا تھا' میں نے غسل کرنے کی تیاری کر لی تھی' دروازہ بند کر کے میں نے اپنے کپڑے اُتار لیے تھے تو اس نے دروازہ کھٹکھٹا کر کہا: میں نے تجھ سے رجوع کیا' میں نے تجھ سے رجوع کیا' پس میں نے غسل کرنا چھوڑ دیا اور کپڑے پہن لیے (اور آپ کی بارگاہ میں آ گئے)۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اُم عبد کے بیٹے! اس بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ میں نے عرض کی: میں کہتا ہوں کہ اس وقت تک وہ مرد رجوع کا حق رکھتا ہے جب تک اس عورت کیلئے نماز حلال نہیں ہوئی۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں جو آپ کا خیال ہے' میں بھی وہی سمجھتا ہوں۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ عَلْقَمَةَ

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل حدیث روایت ہے لیکن اس میں حضرت علقمہ کا ذکر نہیں ہے۔

9501- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں:

الـدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ زَيْدِ بْـنِ رُفَيْـعٍ، عَـنْ أَبِـي عُبَيْـدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَرْسَلَ عُثْمَانُ إِلَى أَبِي يَسْأَلُهُ عَنْهَا، فَقَالَ أَبِي: كَيْفَ يُفْتِي مُنَافِقٌ؟ فَقَالَ عُثْمَانُ: نُعِيذُكَ بِاللّٰهِ أَنْ تَكُونَ مُنَافِقًا، وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ أَنْ نُسَمِّيَكَ مُنَافِقًا، وَنُعِيذُكَ بِاللّٰهِ أَنْ يَكُونَ مِثْلُ هَذَا فِي الْإِسْلَامِ ثُمَّ يَمُوتُ وَلَمْ يُبَيِّنْهُ، قَالَ: فَإِنِّي أَرَى أَنَّهُ أَحَقُّ بِهَا حَتَّى تَغْتَسِلَ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ، وَتَحِلَّ لَهَا الصَّلَاةُ قَالَ: فَلَا أَعْلَمُ عُثْمَانَ إِلَّا أَخَذَ ذَلِكَ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے میرے والد گرامی کی طرف آدمی بھیجا کہ وہ ان سے اس بارے سوال کرے تو میرے والد گرامی نے فرمایا: منافق کیسے فتویٰ دے سکتا ہے؟ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تجھے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں اس بات سے کہ آپ منافق ہوں اور ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں کہ ہم آپ کو منافق کہیں اور ہم تجھے اللہ کی پناہ میں دیتے ہیں کہ اسلام میں کوئی اس کی مثل ہو پھر وہ فوت ہو جائے اور اس نے اس کی وضاحت نہ کی ہو۔ فرمایا: میرا خیال ہے کہ وہ مرد اس عورت کا حقدار ہے یہاں تک کہ وہ تیسرے حیض کا غسل کر لے اور اس کیلئے نماز حلال ہو جائے۔ راوی کا بیان ہے: جہاں تک مجھے معلوم ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسی پر عمل کیا۔

**9502-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، أَنَّ رَجُلًا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً، فَحَاضَتْ ثَلَاثَ حِيَضٍ، فَلَمَّا قَعَدَتْ لِتَغْتَسِلَ جَاءَ زَوْجُهَا فَرَاجَعَهَا، فَقَالَتْ: لَيْسَ ذَلِكَ لَكَ، فَارْتَفَعَا إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ فَاسْتَحْلَفَهَا بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ رَاجَعَكِ وَقَدْ حَلَّتْ لَكِ الصَّلَاةُ؟ فَلَمْ تَحْلِفْ، فَرَجَعَهَا إِلَيْهِ

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق دی تین حیض مکمل ہونے لگے تو وہ غسل کے لیے بیٹھی اس کا شوہر آیا اُس نے رجوع کر لیا اس عورت نے کہا: تمہارے لیے کوئی اختیار نہیں ہے اُس آدمی نے اپنا معاملہ حضرت ابن مسعود کے سامنے پیش کیا، پس اس عورت کے سامنے حلف لیا اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! جب میں نے تجھ سے رجوع کیا تو تیرے لیے کیا نماز حلال ہو چکی تھی؟ تو اُس نے حلف نہ دیا، پس اس مرد کی طرف حضرت عبداللہ نے اس عورت کو لوٹا دیا۔

**9503-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود

---

9503- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11064، والطحاوي جلد3صفحه58، وسعيد بن منصور رقم الحديث: 1076 . قال في المجمع جلد4صفحه341، ورجاله رجال الصحيح خلا عاصم ابن ابي النجود وهو ثقة وفيه ضعف .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الَّتِي تُطَلَّقُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يُدْخَلَ بِهَا لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ

رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: جو اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاقیں دے دے؟ آپ نے فرمایا: وہ اس کے لیے حلال نہیں ہے یہاں تک کہ دوسرے شوہر کے ساتھ شادی کر کے وطی نہ کر لے۔

**9504**- قَالَ: وَأَمَّا الثَّوْرِيُّ فَذَكَرَهُ عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا طَلَّقَ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا كَانَ يَرَاهَا بِمَنْزِلَةِ الَّتِي قَدْ دَخَلَ بِهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تین طلاقیں دی جائیں تو اس سے دخول کرنے سے پہلے وہ اس طرح ہے جس طرح کہ دخول والی ہوتی ہے۔

**9505**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَجْعَلُهَا بِمَنْزِلَةِ الْمَدْخُولِ بِهَا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جو اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاقیں دے دے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ اس طرح ہے جس طرح کہ دخول والی ہوتی ہے۔

**9506**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ، عَنْ أَصْحَابِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا طُلِّقَتْ وَهُمْ يَحْسِبُونَ أَنَّ الْحَيْضَةَ قَدْ أَدْبَرَتْ عَنْهَا، وَلَمْ يَتَبَيَّنْ ذَلِكَ أَنَّهَا تَنْتَظِرُ سَنَةً، فَإِنْ لَمْ تَحِضْ فِيهَا اعْتَدَّتْ بَعْدَ السَّنَةِ ثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ، فَإِنْ حَاضَتْ فِي الثَّلَاثَةِ الْأَشْهُرِ اعْتَدَّتْ بِالْحَيْضِ، وَإِنْ حَاضَتْ فَلَمْ يَتِمَّ حَيْضُهَا بَعْدَمَا اعْتَدَّتْ تِلْكَ الثَّلَاثَةَ الْأَشْهُرِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب عورت کو طلاق دی جائے اور مردوں کا گمان ہو کہ اس کا حیض گزر گیا ہے لیکن یہ بات ظاہر نہ ہو کہ وہ ایک سال انتظار کرتی رہے پس اگر اس (سال) میں اسے حیض نہ آیا تو سال کے بعد وہ تین ماہ عدت گزارے۔ پس اگر ان تین ماہ میں اسے حیض آ جائے تو پھر حیض کے ساتھ عدت گزارے اور اگر (ان تین ماہ میں) اسے حیض آیا اور اس کا حیض مکمل نہ ہوا' سال کے بعد جن تین مہینوں کے ساتھ وہ عدت گزار رہی تھی۔ فرمایا: تو اس پر جلدی نہ کر یہاں تک

9506- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11098' قال في المجمع جلد5صفحه3' ورجاله رجال الصحيح الا أن عبد الكريم الجزري قال حدثني أصحاب ابن مسعود' ولم يسم أحدًا منهم .

الَّتِي بَعْدَ السَّنَةِ ، قَالَ: لَا تَعْجَلْ عَلَيْهَا حَتَّى تَعْلَمَ أَتَمَّ حَيْضُهَا أَمْ لَا

کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ اس کا حیض مکمل ہوا ہے یا نہیں ہوا۔

**9507**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ مَسْعُودٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا أَيَتَزَوَّجُ ابْنَتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَتَزَوَّجَهَا فَوَلَدَتْ لَهُ فَقَدِمَ عَلَى عُمَرَ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: فَرِّقْ بَيْنَهُمَا ، فَقَالَ: إِنَّهَا وَلَدَتْ لَهُ، فَقَالَ: وَإِنْ وَلَدَتْ عَشَرَةً فَرِّقْ بَيْنَهُمَا

حضرت ابوعمرو شیبانی سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک ایسے آدمی کے بارے پوچھا جس نے جماع سے پہلے اپنی بیوی کو طلاق دے دی تھی کہ کیا وہ اس کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! پس اس آدمی نے نکاح کر لیا۔ اس عورت سے اس کی اولاد بھی ہوئی تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے پس اُن سے پوچھا تو اُنہوں نے فرمایا: ان کے درمیان جدائی کروا دو۔ عرض کی: ان کی اولاد ہو گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگرچہ ان کے دس بچے بھی ہو گئے ہیں ان کے درمیان تفریق کر دو۔

**9508**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ فِي الْمَوْهُوبَةِ: إِنْ قَبِلُوهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَهِيَ أَحَقُّ بِهَا، وَإِنْ لَمْ يَقْبَلُوهَا فَلَيْسَ بِشَيْءٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ طلاق کا اختیار دی گئی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر طلاق کا اختیار عورت کو دیا جائے اگر وہ قبول کر لے تو ایک طلاق ہے وہ اس عورت سے رجوع کرنے کا زیادہ حق دار ہے اور اگر قبول نہ کرے تو کوئی شی نہیں ہے۔

**9509**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: إِنْ قَبِلُوهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب عورت کو طلاق کے معاملہ کا اختیار دیا گیا تو اگر قبول کرے تو ایک طلاق ہو گی طلاق بائنہ۔

---

9508- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11242، والبيهقي جلد 7 صفحه 346 . قال في المجمع جلد 4 صفحه 337، ورجاله رجال الصحيح .

بَائِنَةٌ

**9510-** حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ حُبَابٍ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ وَثَّابٍ، يُحَدِّثُ: عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِامْرَأَتِهِ: أَمْرُكِ بِيَدِكِ، أَوِ اسْتَفْلِحِي بِأَمْرِكِ، أَوْ وَهَبَهَا لِأَهْلِهَا فَقَبِلُوهَا، فَهِيَ وَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آدمی جب اپنی بیوی سے کہے: تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں اور تیرے سپرد ہے یا تیرے لیے ہبہ کیا' دخول کر لے تو ایک طلاقِ بائنہ ہوگی۔

**9511-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ النَّخَعِيُّ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَارِحَةَ ثَمَانِيًا، قَالَ: أَقُلْتَهَا مَرَّةً وَاحِدَةً؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تُرِيدُ أَنْ تَبِينَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: هُوَ كَمَا قُلْتَ ، قَالَ: فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَارِحَةَ عَدَدَ النُّجُومِ، قَالَ: أَقُلْتَهَا مَرَّةً وَاحِدَةً؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تُرِيدُ أَنْ تَبِينَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: هُوَ كَمَا قُلْتَ ، ثُمَّ قَالَ: قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الطَّلَاقَ، فَمَنْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ بَيَّنَ لَهُ، وَمَنْ لَبَسَ عَلَى نَفْسِهِ

حضرت علقمہ بن قیس نخعی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی نے آ کر کہا: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے دی ہیں' آپ نے فرمایا: کیا تُو نے آٹھوں طلاقیں ایک ہی بار کہی ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! فرمایا: کیا تُو چاہتا تھا کہ وہ مکمل طور پر تجھ سے جدا ہو جائے؟ تو اُس نے کہا: جی ہاں! فرمایا: اس کا حکم وہی ہے جو تُو نے کہا (یعنی آٹھ میں سے تین واقع ہو گئیں' طلاقِ مغلظہ ہو گئی اور باقی رائیگاں گئیں)۔ راوی کا بیان ہے: آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی نے آ کر کہا: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دی ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تُو نے یکبارگی کہی ہیں؟ اس نے جواب دیا:

---

9511- قال في المجمع جلد4صفحه338' ورجاله رجال الصحيح' ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11342' والبيهقي جلد7صفحه335' واسحاق بن راهويه في مسنده (ورقة 82و83 المطالب العالية النسخة المسندة) قال الحافظ بعده: هذا اسناده صحيح موقوف' وهو صحيح ان كان محمد بن سيرين سمعه من علقمة' وقد وقع التصريح بتحديثه له بهذا الحديث في رواية البيهقي . قال: وفي رواية المصنف .

جَعَلْنَا بِهِ لَبْسَهُ، وَاللّٰهِ لَا تَلْبِسُونَ عَلَى أَنْفُسِكُمْ نَتَحَمَّلُهُ عَنْكُمْ هُوَ كَمَا تَقُولُونَ قَالَ: وَنَرَى قَوْلَ ابْنَ سِيرِينَ كَلِمَةً لَا أَحْفَظُهَا إِنَّهُ قَالَ: لَوْ كَانَ عِنْدَهُ نِسَاءُ أَهْلِ الْأَرْضِ -ثُمَّ قَالَ هَذَا- ذَهَبْنَ كُلُّهُنَّ

جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسے ہی ہے جیسے تُو نے کہا۔ پھر فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ نے طلاق کو بیان کر دیا ہے پس جو طلاق دے اس طرح جیسے اللہ نے اس کا حکم دیا ہے تو وہ اس کیلئے بیان کر دیا گیا ہے اور جو آدمی اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس کرے تو ہم بھی اس کو اسی کے ساتھ ملتبس کر دیتے ہیں قسم بخدا! تم اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس نہیں کرتے ہو تو ہم بھی تم سے وہ حکم لیتے ہیں جو تم کہتے ہو۔ راوی کا بیان ہے: ہم حضرت ابن سیرین کا قول ایک ایسے کلمہ کی صورت میں دیکھتے ہیں جسے ہم یاد نہیں رکھ سکتے کیونکہ اُنہوں نے فرمایا: فرض کیا اگر اس آدمی کے پاس تمام زمین والوں کی عورتیں ہوتیں پھر وہ یہ کلمہ کہتا تو ساری چلی جاتیں۔

9512- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، ثنا عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي ثَمَانِيًا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاحِدَةً قُلْتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تُرِيدُ أَنْ تَبِينَ مِنْكَ امْرَأَتُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: هُوَ كَمَا قُلْتَ، ثُمَّ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: طَلَّقْتُ امْرَأَتِي عَدَدَ النُّجُومِ، فَقَالَ: مَرَّةً وَاحِدَةً قُلْتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتُرِيدُ أَنْ تَبِينَ مِنْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ عِنْدَ ذَلِكَ نِسَاءَ أَهْلِ الْأَرْضِ بِشَيْءٍ لَا

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھے تو ایک آدمی نے آ کر عرض کی: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے دی ہیں آپ نے فرمایا: کیا تُو نے آٹھوں طلاقیں ایک ہی بار کہی ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! فرمایا: کیا تُو چاہتا تھا کہ وہ مکمل طور پر تجھ سے جدا ہو جائے؟ تو اُس نے کہا: جی ہاں! فرمایا: اس کا حکم وہی ہے جو تُو نے کہا (یعنی آٹھ میں سے تین واقع ہو گئیں طلاقِ مغلظہ ہو گئی اور باقی رائیگاں گئیں)۔ راوی کا بیان ہے: آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی نے آ کر کہا: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دی ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تُو نے یکبارگی کہی ہیں؟ اس نے

أَحْفَظُهُ، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ لَكُمْ كَيْفَ الطَّلَاقُ، فَمَنْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ بُيِّنَ لَهُ، وَمَنْ لَبَسَ جَعَلْنَا بِهِ لَبْسَهُ، وَاللّٰهِ لَا تَلْبِسُونَ عَلَى أَنْفُسِكُمْ وَنَتَحَمَّلُهُ عَنْكُمْ، هُوَ كَمَا تَقُولُونَ

جواب دیا: جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسے ہی ہے جیسے تُو نے کہا۔ پھر فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ نے طلاق کو بیان کر دیا ہے' پس جو طلاق دے اس طرح جیسے اللہ نے اس کا حکم دیا ہے تو وہ اس کیلئے بیان کر دیا گیا ہے اور جو آدمی اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس کرے تو ہم بھی اس کو اسی کے ساتھ ملتبس کر دیتے ہیں' قسم بخدا! تم اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس نہیں کرتے ہو' تو ہم بھی تم سے وہ حکم لیتے ہیں' جو تم کہتے ہو۔

**9513-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَ ابْنَ مَسْعُودٍ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي تِسْعًا وَتِسْعِينَ، وَإِنِّي سَأَلْتُ فَقِيلَ: قَدْ بَانَتْ مِنِّي، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: لَقَدْ أَحَبُّوا أَنْ تُفَرِّقَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا، قَالَ: فَمَا تَقُولُ رَحِمَكَ اللّٰهُ؟ فَظَنَّ أَنَّهُ سَيُرَخِّصُ لَهُ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ تُبِينُهَا مِنْكَ، وَسَائِرُهُنَّ عُدْوَانٌ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس عرض کی: میں نے اپنی بیوی کو ننانوے طلاقیں دے دی ہیں اور میں نے (ایک آدمی سے) سوال کیا تو کہا گیا کہ وہ مجھ سے جدا ہو گئی ہے؟ تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اُنہوں نے پسند کیا ہے کہ تیرے اور اس کے درمیان جدائی ہو جائے۔ اس نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم فرمائے! آپ کیا کہتے ہیں؟ پس اس نے گمان کیا کہ آپ اس کو کوئی رخصت دیں گے' تو آپ نے فرمایا: تین طلاقوں نے اس عورت کو تجھ سے جدا کر دیا اور ان کے علاوہ ساری طلاقیں رائیگاں گئیں۔

**9514-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: أَتَى

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک آدمی نے آ کر عرض کی: میں نے اپنی بیوی کو نوّے طلاقیں دے دی ہیں اور لوگوں کا ارادہ

9513- قال في المجمع جلد 4 صفحه 338' ورجاله رجال الصحيح . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11343 قال ابن حزم في المحلى جلد 10 صفحه 172 في غاية الصحة ورواه البيهقي جلد 7 صفحه 332 مختصرًا .

رَجُلٌ عَبْدَ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي تِسْعِينَ، وَإِنَّ لِي مِنْهَا وَلَدًا، وَإِنَّ نَاسًا يُرِيدُونَ أَنْ يُفَرِّقُوا بَيْنِي وَبَيْنَ أَهْلِي، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّمَا يَكْفِيكَ ثَلَاثٌ، وَسَائِرُهُنَّ عُدْوَانٌ

ہے کہ وہ میرے اور اس کے درمیان جدائی ڈال دیں' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تُو تین طلاقیں ہی دیتا تو وہ (تمہارے درمیان جدائی ڈالنے کو) کافی تھیں اور ان کے علاوہ ساری ضائع ہیں۔

**9515**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الْحَرَامِ يَمِينٌ يُكَفِّرُهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حرم میں قسم اُٹھانے پر کفارہ دینا ہے۔

**9516**- قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: وَأَمَّا الثَّوْرِيُّ فَذَكَرَهُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنْ كَانَ نَوَى طَلَاقًا، وَإِلَّا فَهِيَ يَمِينٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر طلاق کی نیت کی تو ٹھیک ہے ورنہ قسم ہے۔

**9517**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الْحَرَامِ كَفَّارَةُ يَمِينٍ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حرام میں قسم کا کفارہ ہے۔

**9518**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، أَنَّ عُمَرَ، وَابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَا: فِي الْحَرَامِ كَفَّارَةُ يَمِينٍ

حضرت ضحاک سے روایت ہے کہ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما' دونوں نے فرمایا: حرام میں قسم کا کفارہ ہے۔

---

9515- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11366' وسعيد بن منصور (1693)' قال في المجمع جلد 4 صفحه 337 رواها كلها الطبراني ورجاله ثقات الا أن مجاهدًا لم يدرك ابن مسعود .

9518- قال في المجمع جلد 4 صفحه 337' وفيه جويبر وهو متروك' والضحاك لم يدرك ابن مسعود .

9519- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: بَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ: أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنْ طَلَّقَ مَا لَمْ يَنْكِحْ فَهُوَ جَائِزٌ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَخْطَأَ فِي هَذَا، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ) (الأحزاب:49) ، وَلَمْ يَقُلْ: إِذَا طَلَّقْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ نَكَحْتُمُوهُنَّ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تک کسی عورت سے نکاح نہ کیا ہو اس کو طلاق دینا جائز ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس مسئلہ میں آپ رضی اللہ عنہ نے غلطی کی ہے کیونکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''جب تم مؤمن عورتوں سے نکاح کرو پھر تم طلاق دے دو ان سے جماع کرنے سے پہلے'' یہ نہیں فرمایا کہ جب تم مؤمن عورتوں کو طلاق دو جو تم ان سے نکاح کرو۔

9520- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: شَهِدْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَأَتَاهُ رَجُلٌ، وَامْرَأَةٌ فِي تَحْرِيمٍ، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَيَّنَ فَمَنْ أَتَى الْأَمْرَ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ فَقَدْ بُيِّنَ، وَمَنْ خَالَفَ فَوَاللَّهِ مَا نُطِيقُ خِلَافَكُمْ

حضرت نزال بن سبرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ کے پاس ایک مرد اور عورت طلاق کا مسئلہ پوچھنے کیلئے آئے تو آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے واضح کیا ہے جو اس لحاظ سے کرے اس کے لیے بیان کیا گیا ہے' جو اس کے خلاف کرے اللہ کی قسم! ہم تمہارے خلاف کی طاقت نہیں رکھتے ہیں۔

9521- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ وَبَرَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ، قَالَ: آلَى مِنِ امْرَأَتِهِ عَشَرَةَ أَيَّامٍ، فَسَأَلَ عَنْهَا ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنْ مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ فَهُوَ إِيلَاءٌ

حضرت وبرہ' ان میں سے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے اپنی بیوی سے دس ماہ کے لیے ایلاء کیا' اس نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب چار ماہ گزر جائیں تو وہ مکمل ایلاء ہے۔

---

9519- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11468' والبيهقي جلد 7صفحه320-321' قال في المجمع جلد 4صفحه334' واسناده منقطع ورجاله ثقات . في المخطوطتين تماسوهن' وفي المصنف تمسوهن .

9521- قال في المجمع جلد5صفحه11' وفيه راو لم يسم . رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11628 .

**9522-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: آلَى النُّعْمَانُ مِنِ امْرَأَتِهِ وَكَانَ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ مَسْعُودٍ فَضَرَبَ فَخِذَهُ، وَقَالَ: إِذَا مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ فَاعْتَرِفْ بِتَطْلِيقَةٍ

حضرت ابوقلابہ فرماتے ہیں کہ حضرت نعمان نے اپنی بیوی سے ایلاء کیا' وہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ نے اس کی ران پر ہاتھ مارا' فرمایا: جب چار ماہ گزر جائیں گے تو ایک طلاق کا اعتراف کر لینا۔

**9523-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ عَلِيًّا، وَابْنَ مَسْعُودٍ، وَابْنَ عَبَّاسٍ، قَالُوا: إِذَا مَضَتِ الْأَشْهُرُ الْأَرْبَعَةُ فَهِيَ تَطْلِيقَةٌ، وَهِيَ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا قَالَ قَتَادَةُ: قَالَ عَلِيٌّ، وَابْنُ مَسْعُودٍ: تَعْتَدُّ عِدَّةَ الْمُطَلَّقَةِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی' حضرت ابن مسعود اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں: جب چار ماہ گزر جائیں تو ایک طلاق ہے' وہ عورت اپنے آپ کی زیادہ حق دار ہے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: وہ عورت طلاق والی عدت گزارے گی۔

**9524-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَأَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَمُغِيرَةَ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُنَيْسٍ آلَى مِنِ امْرَأَتِهِ، فَمَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا، ثُمَّ جَامَعَهَا بَعْدَ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے' ایک آدمی جس کو عبداللہ بن انیس کہا جاتا تھا' اس نے اپنی بیوی سے ایلاء کیا' پس چار ماہ گزر گئے' اُس نے جماع نہ کیا (اپنی قسم پر ڈٹا رہا) پھر چار ماہ بعد جماع کیا جبکہ اسے اپنی قسم یاد نہ تھی۔ پس اس نے حضرت علقمہ بن قیس کی خدمت میں آ کر اس کا تذکرہ کیا۔ پس ان دونوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود

---

9522- قال في المجمع جلد5صفحه11' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا قلابة لم يدرك ابن مسعود رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11639' وسعيد بن منصور (1890)

9523- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11645' قال في المجمع جلد5صفحه11' وقتاده لم يدرك عليًا ولا ابن مسعود' ولم يسمع من ابن عباس وبقية رجاله رجال الصحيح .

9524- قال في المجمع جلد5صفحه11' واسناده رجاله رجال الصحيح الا أنه منقطع' ابراهيم لم يدرك ابن مسعود . رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11667' وسعيد بن منصور (1933) .

الْأَرْبَعَةِ وَهُوَ لَا يَذْكُرُ يَمِينَهُ، فَأَتَى عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَأَتَوُا ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَأَلُوهُ فَقَالَ: قَدْ بَانَتْ مِنْكَ فَاخْطُبْهَا إِلَى نَفْسِهَا، فَخَطَبَهَا إِلَى نَفْسِهَا فَأَصْدَقَهَا رِطْلًا مِنْ فِضَّةٍ

رضی اللہ عنہ سے آ کر سوال کیا۔ آپ نے فرمایا: اسے طلاقِ بائنہ ہوگئی تھی۔ پس اب دوبارہ اس کو نکاح کی دعوت دے (کر نکاح کر) پس اس نے اسے اپنی طرف (نکاح کیلئے) بلایا (اور نکاح کر کے) اسے ایک رطل چاندی مہر ادا کیا۔

## بَابٌ

9525- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ شَاءَ لَاعَنْتُهُ أَنَّ هَذِهِ الْآيَةَ الَّتِي فِي سُورَةِ النِّسَاءِ الْقُصْرَى: (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق:4) نَزَلَتْ بَعْدَ الَّتِي فِي الْبَقَرَةِ: (وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا) (البقرة:234) الْآيَةَ قَالَ: وَبَلَغَهُ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ: هِيَ آخِرُ الْأَجَلَيْنِ، فَقَالَ ذَلِكَ

## باب

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو چاہے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں کہ سورۂ نساء میں یہ جو آیت ہے: ''حمل والی عورتوں کی عدت یہ ہے کہ وہ حمل جن دیں''۔ سورۂ بقرہ میں جو یہ آیت ہے اس کے بعد نازل ہوئی: ''اور وہ لوگ جو تم میں سے فوت ہو جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں'' مکمل آیت۔ فرمایا: انہیں یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دو مدتوں میں سے آخری مدت ہے پس آپ نے بھی یہی فرمایا۔

9526- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ شُبْرُمَةَ الْكُوفِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، أَنَّ ابْنَ

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو چاہے میں اعلان کرتا ہوں کہ جب یہ آیت ''حمل والیوں کی معیاد یہ ہے کہ وہ اپنا حمل جن لیں'' یہ آیت اس کے بعد نازل ہوئی: ''وہ جو تم

9525- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11714' وأبو داؤد رقم الحديث: 2290' والبيهقي جلد 7 صفحه 430' وسعيد بن منصور (1512).

9526- ورواه البيهقي جلد 7 صفحه 430'

مَسْعُودٍ قَالَ: مَنْ شَاءَ لَاعَنْتُهُ مَا نَزَلَتْ: (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق:4 ) إِلَّا بَعْدَ آيَةِ الْمُتَوَفَّاةِ عَنْهَا: (وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا) (البقرة:234 )

میں سے فوت ہو جائیں اور اپنی بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے آپ کے روکے رکھیں چار ماہ اور دس دن''۔

**9527**- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ شَاءَ خَالَفْتُهُ أَنَّ سُورَةَ النِّسَاءِ الْقُصْرَى نَزَلَتْ بَعْدَ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو چاہے میں اس کی مخالفت کروں گا کہ سورۂ نساء کی چھوٹی آیت ''اربعة اشهر وعشرا'' کے بعد نازل ہوئی۔

**9528**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، وَمَسْرُوقٍ، وَعُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ: عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ مِنْ حِينِ تُطَلَّقُ وَالْمُتَوَفَّى عَنْهَا مِنْ حِينِ يُتَوَفَّى، وَمَنْ شَاءَ قَاسَمْتُهُ أَنَّ سُورَةَ الْقُصْرَى أُنْزِلَتْ بَعْدَ الْبَقَرَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس عورت کو طلاق دی جائے اس کی عدت طلاق کے بعد شروع ہے اور جس کا شوہر فوت ہو جائے اس کی عدت وفات سے شروع ہے' جو چاہے میں قسم اُٹھاتا ہوں کہ یہ چھوٹی سورت' سورۂ بقرہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔

**9529**. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا أَبِي، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو چاہے میں قسم اُٹھاتا ہوں کہ چھوٹی سورت' لمبی سورت کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ شَاءَ قَاسَمْتُهُ أَنَّ سُورَةَ الْقُصْرَى نَزَلَتْ بَعْدَ الطُّوَلِ يَعْنِي النِّسَاءَ

**9530-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: أُنْزِلَتْ آيَةُ الْقُصْرَى: (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق: 4) بَعْدَ الَّتِي فِي الْبَقَرَةِ: (وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ، وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ) (البقرة:234)

حضرت ابوعطیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ چھوٹی آیت: ''واولات الاحمال اجلهن ان يضعن حملهن'' سورۂ بقرہ کے بعد نازل ہوئی: ''والذين يتوفون منكم الى آخره''۔

**9531-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ: قَالَ أَبُو عَطِيَّةَ: ذَكَرُوهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَجَلُهَا أَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا، فَقَالَ الْقَوْمُ: حَتَّى أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ وَعَشْرٍ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَفَرَأَيْتُمْ إِنْ مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ وَلَمْ تَضَعْ حَمْلَهَا؟ فَقَالُوا: حَتَّى تَضَعَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَتَجْعَلُونَ عَلَيْهَا التَّغْلِيظَ، وَلَا تَجْعَلُونَ لَهَا الرُّخْصَةَ، إِنْ نَزَلَتْ آيَةُ الْقُصْرَى لَبَعْدَ الطُّولَى: (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق: 4) إِذَا وَضَعَتْ حَمْلَهَا فَقَدِ

حضرت ابوعطیہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس اس (عدت) کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کی عدت یہ ہے کہ وہ حمل جن دے لوگوں نے کہا: یہاں تک کہ چار ماہ دس دن گزر جائیں (نہیں ہے)؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر چار ماہ دس دن گزر جائیں اور ابھی وضع حمل نہ ہوا ہو؟ تو لوگوں نے کہا: یہاں تک کہ وضع حمل ہو تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس پر بوجھ ڈالنے کی باری آئے تو ڈال دیے ہو اور رخصت دینے کی باری آئے تو نہیں دیتے ہو۔ بے شک چھوٹی آیت بڑی آیت کے بعد نازل ہوئی ہے: ''اور حمل والی عورتوں کی عدت یہ ہے کہ وہ بچہ جن دیں'' جب اس کا بچہ پیدا ہو گیا تو عدت ختم ہو گئی۔

---

9530- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11915 .

9531- عند فاطمة فذكروها عند عبد الله .

انْقَضَتِ الْعِدَّةُ

**9532-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كُنْتُ فِي حَلْقَةِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، وَكَانَ أَصْحَابُهُ يُنْزِلُونَهُ مَنْزِلَةَ الْأَمِيرِ، فَتَذَاكَرُوا الْمَرْأَةَ يَمُوتُ عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ، فَقُلْتُ: قَبْلَ انْقِضَاءِ الْأَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ وَعَشْرٍ قَالَ: فَحَدَّثْتُ حَدِيثَ سُبَيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ: فَضَمَرَ إِلَيَّ بَعْضُ أَصْحَابِهِ فَفَطِنْتُ فَقُلْتُ: إِنِّي إِذًا لَحَرِيصٌ عَلَى الْكَذِبِ إِنْ كَذَبْتُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ فِي نَاحِيَةِ الْكُوفَةِ فَكَأَنَّهُ اسْتُحْيِي، فَقَالَ: لَكِنَّ عَمَّهُ لَمْ يَكُنْ يَقُولُ هَذَا، قَالَ: فَلَقِيتُ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ الْهَمْدَانِيَّ فَسَأَلْتُهُ فَذَهَبَ يَذْكُرُ حَدِيثَ سُبَيْعَةَ، فَقُلْتُ: لَيْسَ عَنْ هَذَا أَسْأَلُكَ، أَسَمِعْتَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ فِيهِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ ذَكَرُوا ذَاكَ عِنْدَهُ، فَقَالَ: مَا تَقُولُونَ إِنْ وَضَعَتْ قَبْلَ انْقِضَاءِ الْأَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ وَعَشْرٍ؟ قُلْنَا: تَنْتَظِرُ حَتَّى يَمْضِيَ الْأَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ قَالَ: فَمَا تَقُولُونَ إِنْ مَضَتِ الْأَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ قَبْلَ أَنْ تَضَعَ؟ قُلْنَا: حَتَّى

حضرت محمد راویٔ حدیث فرماتے ہیں: میں حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ کے حلقۂ درس میں تھا جبکہ اس کے ساتھی اسے امیر کے قائم مقام سمجھتے تھے پس اس کے ساتھیوں نے ایسی عورت کا تذکرہ کیا جس کا خاوند فوت ہو گیا ہو اور وہ حاملہ ہو۔ میں نے کہا: چار ماہ گزرنے سے پہلے (ختم ہو سکتی ہے)؟ راوی کا بیان ہے: میں نے حضرت عبداللہ بن عتبہ سے روایت کی حضرت سبیعہ کی حدیث بیان کی ہے۔ پس ان کے بعض دوستوں نے میری طرف رازدارانہ طور پر دیکھا تو میں سمجھ گیا۔ میں نے کہا: پھر تو میں جھوٹ بولنے پر حریص ہوا اگر میں نے حضرت عبداللہ بن عتبہ کے خلاف جھوٹ بولا ہے جبکہ وہ کوفہ کے مضافات میں رہتے ہیں پس گویا وہ زندہ ہیں۔ پس اُنہوں نے کہا: لیکن ان کے چچا تو یہ نہیں کہتے۔ کہتے ہیں: میں حضرت مالک بن عامر ہمدانی سے ملا تو میں نے ان سے سوال کیا پس اُنہوں نے بھی حضرت سُبیعہ کی حدیث بیان کرنا شروع کر دی۔ میں نے کہا: میں نے آپ سے اس بارے سوال نہیں کیا کیا آپ نے حضرت ابن مسعود سے اس میں کوئی شی سنی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! ان کے پاس لوگوں نے اس کا ذکر کیا تو اُنہوں نے فرمایا: اگر چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے اس کا بچہ پیدا ہو جائے تو تم

9532- رواه البخاری رقم الحديث: 4910 معلقًا عن عارم به' ورواه يعقوب بن سفيان الفسوی فی المعرفة والتاريخ جلد 2 صفحه 618-619 عن سليمان بن حرب عن حماد به ومن طريقه البيهقی جلد 7 صفحه 430' ورواه البخاری رقم الحديث: 4532' والنسائی جلد 6 صفحه 196-197 من طريق ابن عون عن ابن سيرين به .

تَضَعَ، قَالَ: تَجْعَلُونَ عَلَيْهَا التَّغْلِيظَ، وَلَا تَجْعَلُونَ لَهَا الرُّخْصَةَ، لَنَزَلَتْ سُورَةُ النِّسَاءِ الصُّغْرَى أَوِ الْقُصْرَى بَعْدَ الطُّولَى: (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ) (الطلاق:4 )

کیا کہو گے؟ ہم نے کہا: وہ چار ماہ دس دن تک منتظر رہے۔ فرمایا: اگر چار ماہ دس دن گزر جائیں اور ابھی بچہ پیدا نہ ہوا ہو تو تم کیا کہو گے؟ ہم نے کہا: یہاں تک کہ اس کا بچہ پیدا ہو (یعنی اس صورت میں بھی انتظار کرے گی)' آپ نے فرمایا: اس پر سختی کرتے ہو' اسے رخصت نہیں دیتے ہو۔ یقیناً سورۂ نساء کی چھوٹی آیت' یا فرمایا: چھوٹی آیت لمبی آیت کے بعد نازل ہوئی: ''واولات الاحمال''۔

## بَابٌ

**9533**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَوِ الْأَسْوَدِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ جَاءَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ امْرَأَتِي مَا يَكُونُ بَيْنَ النَّاسِ، فَقَالَتْ: لَوْ أَنَّ الَّذِي بِيَدِكَ مِنْ أَمْرِي بِيَدِي لَعَلِمْتَ كَيْفَ أَصْنَعُ، فَقَالَ: فَإِنَّ الَّذِي بِيَدِي مِنْ أَمْرِكِ بِيَدِكِ، قَالَتْ: فَأَنْتَ طَالِقٌ ثَلَاثًا، قَالَ: أُرَاهَا وَاحِدَةً وَأَنْتَ أَحَقُّ بِالرَّجْعَةِ، وَسَأَلْقَى أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ، فَلَقِيَهُ فَقَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ: فَعَلَ اللَّهُ بِالرِّجَالِ وَفَعَلَ اللَّهُ بِالرِّجَالِ يَعْمِدُونَ إِلَى مَا جَعَلَهُ اللَّهُ بِأَيْدِيهِمْ فَيَجْعَلُونَهُ بِأَيْدِي النِّسَاءِ، بِفِيهَا التُّرَابُ، مَاذَا قُلْتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: أُرَاهَا وَاحِدَةً وَهُوَ أَحَقُّ بِهَا، قَالَ:

## باب

حضرت علقمہ یا حضرت اسود سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: میرے اور میری بیوی کے درمیان کوئی بات تھی جو عام طور پر لوگوں کے درمیان ہوتی ہے' تو اس نے کہا: بے شک میرے حوالے سے جو اختیار تیرے پاس ہے' اگر میرے پاس ہو تو تُو دیکھ لے کہ میں کیا کرتی ہوں۔ اس مرد نے کہا: بے شک تیرے حوالے سے جو اختیار میرے پاس ہے' تیرے ہاتھ میں دیا۔ اس عورت نے کہا: تو تین طلاقوں والا ہے۔ آپ نے فرمایا: میرا خیال ہے کہ یہ ایک طلاق ہے اور تُو رجوع کا حقدار ہے۔ عنقریب میں امیر المؤمنین حضرت عمر سے ملوں گا۔ پس وہ ملے' ان کے سامنے سارا قصہ بیان کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس عورت کے منہ میں پتھر پڑیں! ایسے مردوں پر اللہ کی لعنت ہو اور لعنت کی ہے' جو ارادہ کرتے ہیں اس چیز کا جو

---

9533- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11914' وسعيد بن منصور (1640)' والبيهقي جلد7صفحه347 .

وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ وَلَوْ رَأَيْتَ غَيْرَ ذَلِكَ رَأَيْتُ أَنَّكَ لَمْ تُصِبْ قَالَ مَنْصُورٌ: فَقُلْتُ لِإِبْرَاهِيمَ: فَإِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَقُولُ: خَطَّأَ اللَّهُ نَوْءَهَا لَوْ كَانَتْ قَالَتْ: قَدْ طَلَّقْتُ نَفْسِي، قَالَ إِبْرَاهِيمُ: هُمَا سَوَاءٌ

عورتوں کے معاملے میں ان کے ہاتھ میں اللہ نے دی ہے تو وہ لوگ عورتوں کے ہاتھوں میں دے دیتے ہیں۔ (فرمایا:) آپ کا کیا خیال ہے؟ میں نے عرض کی: میرا خیال ہے کہ وہ ایک طلاق ہے اور مرد اس سے رجوع کرنے کا حقدار ہے۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو تیرا خیال ہے اور اگر تیرا خیال اس کے علاوہ ہوتا تو وہ درست نہ تھا۔ حضرت منصور نے کہا: میں نے حضرت ابراہیم سے عرض کی: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: اگر اس نے کہا ہوتا: میں نے اپنے آپ کو طلاق دی۔ حضرت ابراہیم نے فرمایا: دونوں صورتوں میں ایک ہی حکم ہے۔

**9534-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ امْرَأَتِي بَعْضُ الْكَلَامِ فَقَالَتْ: لَوْ أَنَّ الَّذِي مِنْ أَمْرِي بِيَدِي لَعَلِمْتَ كَيْفَ أَصْنَعُ، فَقُلْتُ: فَإِنِّي أُشْهِدُكِ أَنَّ الَّذِي مِنْ أَمْرِكِ بِيَدِي بِيَدِكِ، قَالَتْ: فَأَنْتَ طَالِقٌ ثَلَاثًا، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَأَنْتَ أَحَقُّ بِهَا، وَسَأَسْأَلُ عَنْ ذَلِكَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَرَكِبَ فَلَقِيَ عُمَرَ فَقَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ: بِفِيهَا الْحَجَرُ، فَعَلَ اللَّهُ بِالرِّجَالِ وَفَعَلَ، يَعْمِدُونَ إِلَى مَا جَعَلَ اللَّهُ فِي أَيْدِيهِمْ مِنْ أَمْرِ النِّسَاءِ فَيَجْعَلُونَهُ فِي أَيْدِيهِنَّ، مَا تَرَى؟ قُلْتُ: أَرَاهَا

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا' عرض کی: میرے اور میری بیوی کے درمیان کوئی بات ہوئی تو اس نے کہا: اگر میرا اختیار میرے ہاتھ میں ہوتا تو تُو جان لیتا' میں کیا کرتی ہوں۔ میں نے کہا: میں تجھے گواہ بنا کر کہتا ہوں: بے شک تیرا اختیار جو میرے ہاتھ میں ہے' میں نے تیرے ہاتھ میں دیا۔ اس نے فوراً کہا: تُو تین طلاقوں والا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پس یہ ایک اطلاق ہے اور اس کی طرف رجوع کرنے کا حق دار ہے اور عنقریب میں اس بارے امیرالمؤمنین (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) سے پوچھوں گا' پس حضرت عبداللہ سواری پر سوار ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملے' ان کے سامنے سارا قصہ بیان کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس عورت کے منہ میں پتھر پڑیں! ایسے مردوں پر اللہ کی لعنت ہو اور لعنت کی

وَاحِدَةً، وَهُوَ أَحَقُّ بِهَا، قَالَ: نَعَمْ مَا رَأَيْتَ وَلَوْ رَأَيْتَ غَيْرَ ذَلِكَ لَمْ تُصِبْ

ہے جو ارادہ کرتے ہیں اس چیز کا جو عورتوں کے معاملے میں ان کے ہاتھ میں اللہ نے دی ہے تو وہ لوگ عورتوں کے ہاتھوں میں دے دیتے ہیں۔ (فرمایا:) آپ کا کیا خیال ہے؟ میں نے عرض کی: میرا خیال ہے کہ وہ ایک طلاق ہے اور مرد اس سے رجوع کرنے کا حقدار ہے۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو تیرا خیال ہے اور اگر تیرا خیال اس کے علاوہ ہوتا تو وہ درست نہ تھا۔

**9535-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، أَنَّ رَجُلًا جَعَلَ امْرَأَتَهُ بِيَدِهَا فَطَلَّقَتْ نَفْسَهَا ثَلَاثًا، فَسَأَلَ عَنْهَا ابْنَ مَسْعُودٍ مَا تَرَى فِيهَا؟ قَالَ: أُرَاهَا وَاحِدَةً، وَهُوَ أَحَقُّ بِهَا قَالَ عُمَرُ: وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق کا اختیار دے دیا تو اس نے اپنے آپ کو تین طلاق دے لیں پس اس آدمی نے اس بارے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: اس بارے آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا: میں اسے ایک خیال کرتا ہوں وہ اس کا حقدار ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا بھی یہی خیال ہے۔

**9536-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا مَلَّكَهَا أَمْرَهَا فَتَفَرَّقَا قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَ شَيْئًا فَلَا أَمْرَ لَهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب عورت کو اختیار دیا گیا تو وہ دونوں فیصلہ کرنے سے پہلے جدا ہو گئے تو اس عورت کے لیے کوئی اختیار نہیں ہے۔

**9537-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عورت کے اختیار کے متعلق فرمایا: اگر عورت

---

9535- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11915، وسعيد بن منصور (1613)، والبيهقي جلد3صفحه347 .

9536- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11929، وسعيد بن منصور (1636,1625)

9537- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11973، وسعيد بن منصور (1649,1648)، والبيهقي جلد7صفحه345 .

نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ فِي الْخِيَارِ، قَالَ: إِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَلَيْسَ بِشَيْءٍ، وَإِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ

نے اپنے شوہر کو اختیار کیا تو کوئی طلاق نہیں ہوگی اگر اپنے آپ کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوگی۔

**9538-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: قَالَ عُمَرُ، وَابْنُ مَسْعُودٍ: إِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ، وَإِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَلَا شَيْءَ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عورت کے اختیار کے متعلق فرمایا: اگر عورت نے اپنے شوہر کو اختیار کیا تو کوئی طلاق نہیں ہوگی اگر اپنے آپ کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوگی۔

**9539-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ عُمَرَ، وَابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَا فِي أَمْرُكِ بِيَدِكِ: إِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَوَاحِدَةٌ وَهُوَ أَحَقُّ بِهَا، وَإِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَلَيْسَ بِشَيْءٍ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عورت کے اختیار کے متعلق فرمایا: اگر عورت نے اپنے شوہر کو اختیار کیا تو کوئی طلاق نہیں ہوگی اگر اپنے آپ کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوگی۔

**9540-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ، وَابْنُ مَسْعُودٍ: إِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَلَا بَأْسَ، وَإِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ، وَلَهُ عَلَيْهَا الرَّجْعَةُ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عورت کے اختیار کے متعلق فرمایا: اگر عورت نے اپنے شوہر کو اختیار کیا تو کوئی طلاق نہیں ہوگی اگر اپنے آپ کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوگی اور اس مرد کو رجوع کا حق ہوگا۔

**9541-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا اس آدمی کے متعلق جس نے

---

9538- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11975 وانظر ما قبله .

9540- رواهه عبد الرزاق رقم الحديث: 11977 .

9541- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11989 .

الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ وَسُئِلَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: اخْتَارِي فَسَكَتَتْ، ثُمَّ قَالَ لَهَا: اخْتَارِي فَسَكَتَتْ، ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّالِثَةَ: اخْتَارِي، فَقَالَتْ: قَدِ اخْتَرْتُ نَفْسِي، قَالَ: هِيَ ثَلَاثٌ

اپنی بیوی سے کہا: تُو اپنے آپ کو اختیار کر! وہ عورت خاموش رہی، پھر اس عورت کو کہا: اپنے آپ کو اختیار کر! وہ پھر خاموش رہی، پھر تیسری مرتبہ کہا: اختیار کر! اس نے کہا: میں نے اپنے آپ کو اختیار کیا تو فرمایا: تین طلاق واقع ہو جائیں گی۔

**9542**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: سَأَلَ ابْنَ مَسْعُودٍ نِسَاءٌ مِنْ هَمْدَانَ نُعِيَ إِلَيْهِنَّ أَزْوَاجُهُنَّ، فَقُلْنَ: إِنَّا نَسْتَوْحِشُ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: تَجْتَمِعْنَ بِالنَّهَارِ ثُمَّ تَرْجِعُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ إِلَى بَيْتِهَا بِاللَّيْلِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: ہمدان کی عورتوں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ ان کو نا کے خاوندوں کی موت کی خبر دی گئی ہے، تو اُنہوں ں نے کہا: ہمیں وحشت ہو رہی ہے یعنی ڈر لگ رہا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ دن ایک جگہ اکٹھی ہو جایا کریں، پھر ان میں سے ہر ایک رات کے وقت اپنے گھر چلی جایا کرے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ، إِنَّهُ قَالَ: تُوُفِّي زَوْجُهُنَّ فِي طَاعُونٍ كَانَ بِالْكُوفَةِ

حضرت علقمہ، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں، فرمایا: ان کے شوہر کوفہ میں طاعون کی بیماری میں مر گئے تھے۔

**9543**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ، وَابْنُ مَسْعُودٍ: إِنْ قَذَفَهَا وَقَدْ طَلَّقَهَا، وَلَهُ عَلَيْهَا رَجْعَةٌ لَاعَنَهَا، وَإِنْ قَذَفَهَا، وَقَدْ

حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اگر مرد نے عورت پر تہمت لگا کر طلاق دے دی، اس مرد کو اس عورت پر رجوع کا حق ہوگا اور لعان کرے گا اور اگر اس نے عورت پر تہمت لگائی اور طلاقِ بائنہ دی تو لعان

---

9542- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12068، وسعيد بن منصور (1341)، والبيهقي جلد 7 صفحه 436، قال في المجمع جلد 4 صفحه 5، ورجاله رجال الصحيح.

9543- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12388، قال في المجمع جلد 5 صفحه 13، واسناده منقطع ورجاله رجال الصحيح.

طَلَّقَهَا وَبَتَّهَا لَمْ يُلَاعِنْهَا

نہیں کرسکتا ہے۔

**9544-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يَجْتَمِعُ الْمُتَلَاعِنَانِ أَبَدًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو لعان کرنے والے ہمیشہ کے لیے اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

**9545-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: مِيرَاثُ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ كُلُّهُ لِأُمِّهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لعان والی عورت کے بیٹے کی وراثت ساری کی ساری ماں کے لیے ہے۔

**9546-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ صَاحِبٍ لَهُ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَا: عَصَبَةُ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ عَصَبَةُ أُمِّهِ

حضرت شعبی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود اور حضرت علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: لعان والی کے بیٹے کا عصبہ اس کی ماں کا عصبہ ہے۔

**9547-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ،

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عزل کے بارے پوچھا گیا تو فرمایا: اگر اللہ نے

---

9544- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12434' والبيهقي جلد7صفحه410' قال في المجمع جلد5صفحه13 وفيه قيس بن الربيع وثقه شعبة وغيره وفيه ضعف وبقية رجاله ثقات .

9545- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12479' قال في المجمع جلد4صفحه230' ورجاله رجال الصحيح الا أن قتادة لم يدرك ابن مسعود .

9546- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12482' قال في المجمع جلد4صفحه230' وفيه راو لم يسم وقال جلد4 صفحه225' وفيه راو لم يسم' ومحمد ابن أبي ليلى وبقية رجاله رجال الصحيح .

9547- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12568' قال في المجمع جلد4صفحه297' وفيه رجل ضعيف لم اسمه وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: ويقصد الامام أبا حنيفة و انظر سلسلة الأحاديث الضعيفة جلد 1 صفحه465-466 للاطلاع على ما قاله المحدثون بحق الامام من جهة حفظه وضبطه . ورواه سعيد بن منصور ( 2221) من طريق آخر منقطع عن عبد الله .

عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنِ الْعَزْلِ، فَقَالَ: لَوْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ نَسَمَةٍ فِي صُلْبِ رَجُلٍ ثُمَّ أَفْرَغَهُ عَلَى صَفًا لَأَخْرَجَهُ مِنْ ذٰلِكَ الصَّفَا، فَإِنْ شِئْتَ فَأَتِمَّ، وَإِنْ شِئْتَ فَلا تَعْزِلْ

وعدہ لیا کسی روح سے آدمی کی صلب میں پھر اس آدمی نے اسے صاف پتھر پر ڈال دیا تو اس صاف پتھر سے بھی پیدا کرے گا' پس اگر تو چاہے تو عمل مکمل کر اور اگر چاہے تو عزل نہ کر۔

**9548-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ فِي الْعَزْلِ: هِيَ الْمَوْءُودَةُ الْخَفِيَّةُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عزل ایک خفیہ طور پر بچہ کو زندہ درگور کرنا ہے۔

**9549-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَرِهَ جَمْعًا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ فِي مِلْكِ الْيَمِينِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ملک یمین میں دو بہنوں کو اکٹھا کرنا ناپسند کرتے تھے۔

**9550-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَكْرَهُ الْأَمَةَ وَأُمَّهَا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ لونڈی اور اس کی ماں کو اکٹھے رکھنا ناپسند کرتے تھے۔

**9551-** قَالَ قَتَادَةُ: فَرَاجَعَ رَجُلٌ ابْنَ مَسْعُودٍ فِي جَمْعٍ بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ، فَقَالَ: قَدْ أَحَلَّ اللّٰهُ لِي مَا مَلَكَتْ يَمِينِي، فَقَالَ لَهُ: جَمَلُكَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِينُكَ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں: ایک آدمی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس پوچھنے کے لیے آیا' دو بہنوں کو اکٹھا رکھنے کے بارے میں۔ اس نے عرض کی: اللہ نے میرے لیے حلال کیا جو میرے دائیں ہاتھ کی ملکیت میں ہے' آپ نے اس سے فرمایا: تیرا اونٹ تیرے دائیں ہاتھ

---

9548- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12580' وسعيد بن منصور ( 2222)' قال في المجمع جلد 4صفحه297' ورجاله رجال الصحيح وقد رجع عنه .

9550- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:12742' وسعيد بن منصور (1732) من طريق آخر .

کی ملکیت ہے۔

**9552-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: وَأَكْرَهُ أَمَتَكَ مُشْرِكَةً

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں تیری مشرکہ لونڈی کو ناپسند کرتا ہوں۔

**9553-** أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، أنا أَبُو جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَخْنَسِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: امْتَرَيْنَا فِي قِرَاءَةِ هَذَا الْحَرْفِ: (وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ) (الشورى:25) أَوْ تَفْعَلُونَ؟ فَأَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، لِأَسْأَلَهُ عَنْ ذَلِكَ، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ إِذْ أَتَاهُ آتٍ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، رَجُلٌ أَصَابَ مِنِ امْرَأَتِهِ فُجُورًا ثُمَّ تَابَا، وَأَصْلَحَا، فَتَلَا عَبْدُ اللَّهِ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ) (الشورى:25)

حضرت بکیر بن اخنس کے والد گرامی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں: اس حرف کی قرأت میں ہمیں شک ہوا: "ویعلم ما تفعلون" ہے یا "تفعلون" ہے۔ پس میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا تاکہ اس کے بارے آپ سے سوال کروں اس دوران کہ میں آپ کے پاس تھا جب ایک آنے والا آیا۔ عرض کی: اے ابوعبدالرحمن! ایک آدمی نے اپنی بیوی سے غلط طریقے سے وطی کی (دُبر میں) پھر دونوں نے توبہ کر کے اپنی اصلاح کر لی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: "اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہ معاف فرما دیتا ہے اور تم جو کچھ کرتے ہو وہ سب جانتا ہے"۔

**9554-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنِ الرَّجُلِ يَزْنِي بِالْمَرْأَةِ، ثُمَّ يَنْكِحُهَا، قَالَ: هُمَا زَانِيَانِ مَا

حضرت علامہ ابن سیرین فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے بارے سوال ہوا جو کسی عورت سے زنا کر کے اس سے نکاح کر لیتا ہے۔ فرمایا: دونوں زانی ہیں جب تک اکٹھے رہیں۔ پس حضرت

---

9552- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12751 .

9553- قال في المجمع جلد4صفحه269' وفيه ابو جناب وهو ضعيف لتدليسه وقد عنعنه . ورواه البيهقي جلد7 صفحه156' وسعيد بن منصور (903,502) .

9554- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12798' قال في المجمع جلد 4صفحه269' وابن سيرين لم يسمع من ابن مسعود ورجاله ثقات رجال الصحيح .

اجْتَمَعَا ، فَقِيلَ لِابْنِ مَسْعُودٍ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ تَابَا؟ فَقَالَ: (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ) (الشورى:25 ) فَلَمْ يَزَلِ ابْنُ مَسْعُودٍ يُرَدِّدُهَا حَتَّى قُلْتُ: إِنَّهُ لَا يَرَى بِهِ بَأْسًا

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: اگر ان دونوں نے توبہ کر لی تو آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ نے پڑھا: ''اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور گناہ معاف فرما دیتا ہے''۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ لگاتار اسے پڑھتے رہے حتیٰ کہ میں نے (دل میں) کہا کہ ان کا خیال ہے کہ کوئی حرج نہیں۔

**9555-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ، قَالَ: سَأَلْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، عَنِ الرَّجُلِ يَزْنِي بِالْمَرْأَةِ ثُمَّ يَنْكِحُهَا؟ فَقَالَ: سُئِلَ عَنْ ذَلِكَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ: (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ، وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ) (الشورى:25 ) الْآيَةَ

حضرت حکم بن ابان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبداللہ سے پوچھا: جو آدمی کسی عورت سے زنا کرتا ہے' پھر اس سے نکاح کرتا ہے؟ حضرت سالم نے فرمایا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: ''اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہوں سے درگزر کرتا ہے''۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت علقمہ سے بھی اسی کی مثل روایت ہے۔

**9556-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: هُمَا زَانِيَانِ مَا اجْتَمَعَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ دونوں زنا کرنے والے ہیں جب تک اکٹھے رہیں۔

**9557-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ دونوں

---

9555- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:12800 .

9556- رواه سعيد بن منصور (898)' والبيهقي جلد7صفحه156 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، وَعَائِشَةَ، قَالَا: لَا يَزَالَانِ زَانِيَيْنِ مَا اجْتَمَعَا

مسلسل زنا کرنے والے ہیں جب تک اکٹھے رہیں۔

**9558-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَطَأَ الرَّجُلُ أَمَتَهُ بَغْيًا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ناپسند کرتے تھے کہ آدمی اپنی لونڈی سے زبردستی وطی کرے۔

**9559-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي عِدَّةِ الْأَمَةِ قَالَ: يَكُونُ عَلَيْهَا نِصْفُ الْعَذَابِ، وَلَا يَكُونُ لَهَا نِصْفُ الرُّخْصَةِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے لونڈی کی میراث کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کے لیے آدھا عذاب ہے اور اس کے لیے رخصت نصف نہیں ہوگی۔

**9560-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: تُسْتَبْرَأُ الْأَمَةُ بِحَيْضَةٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لونڈی کا حیض کے ساتھ استبراء ہو جائے گا۔

**9561-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الطَّلَاقُ، وَالْعِدَّةُ بِالْمَرْأَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: طلاق اور عدت کا اعتبار عورت کے ذریعے کیا جائے۔

**9562-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

---

9558- هذا الأثر في نسخة الظاهرية فقط . رواه عبد الرزاق رقم الحديث:12814 .

9559- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:12879' وسعيد بن منصور (1274) .

9560- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:12897' قال في المجمع جلد4صفحه5' ورجاله رجال الصحيح .

9561- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:12935' وسعيد بن منصور (1332)' والبيهقي جلد7صفحه370 .

كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الطَّلَاقُ بِالرِّجَالِ، وَالْعِدَّةُ بِالنِّسَاءِ

طلاق کا اعتبار مردوں سے اور عدت کا اعتبار عورت کے ذریعے کیا جائے۔

**9563**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أُخْبِرْتُ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنْ أُعْتِقَتْ عِنْدَ عَبْدٍ فَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ لَهَا الْخِيَارَ، أَوْ لَمْ تُخَيَّرْ حَتَّى عَتَقَ زَوْجُهَا، أَوْ حَتَّى يَمُوتَ، أَوْ تَمُوتَ تَوَارَثَا

حضرت ابن جریج فرماتے ہیں: مجھے خبر ملی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر اسے آزاد کیا گیا' اس حال میں کہ وہ غلام کے نکاح میں تھی اور اسے معلوم نہ تھا کہ اس کو اختیار حاصل ہے یا نہیں ہے یہاں تک کہ مالک نے اس کے خاوند کو بھی آزاد کر دیا' یا وہ فوت ہو گیا' یا وہ عورت فوت ہوئی تو وہ دونوں ایک دوسرے کے وارث ہوں گے۔

**9564**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْكَنُودِ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَثَلُ الَّذِي يَعْتِقُ سَرِيَّتَهُ ثُمَّ يَنْكِحُهَا كَمَثَلِ الَّذِي أَهْدَى بَدَنَتَهُ، ثُمَّ رَكِبَهَا

حضرت ابوالکنود فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس آدمی کی مثال جو اپنی لونڈی کو آزاد کر کے' اس سے شادی کر لے' اس آدمی کی ہے جو اپنی سواری تحفہ دے کر پھر اس پر سوار ہو جاتا ہے۔

**9565**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الْأَمَةِ تُبَاعُ وَلَهَا زَوْجٌ، قَالَ: بَيْعُهَا طَلَاقُهَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس لونڈی کی فروخت کی جائے حالانکہ اس کا شوہر ہو' تو آپ نے فرمایا: اس کا فروخت کرنا طلاق دینا ہے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لونڈی کا فروخت کرنا اس کی طلاق ہے۔

---

9563- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:13024 .

9564- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:13123 .

مَسْعُودٍ، قَالَ: بَيْعُهَا طَلَاقُهَا

**9566-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ مِنَّا، وَتَرَكَ أُمَّ وَلَدٍ لَهُ فَأَرَادَ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ أَنْ يَبِيعَهَا فِي دَيْنِهِ، فَأَتَيْنَا ابْنَ مَسْعُودٍ، فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّي فَانْتَظَرْنَا حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: إِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِينَ فَاجْعَلُوهَا فِي نَصِيبِ وَلَدِهَا

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی فوت ہوگیا' اس نے اُم ولد چھوڑی' ولید بن عقبہ نے ارادہ کیا کہ اس کو اپنے قرض کے بدلے فروخت کر دوں۔ ہم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم نے آپ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا' ہم آپ کا انتظار کرنے لگے' جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو ہم نے اس کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: اگر تم نے ضروری کرنا ہے تو اس کو اس کے اولاد کے حصے میں رکھ لو۔

**9567-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ شَيْخٍ مِنْهُمْ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ إِلَى عُمَرَ يَشْكُو إِلَيْهِ مَا يَلْقَى مِنَ النِّسَاءِ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّا لَنَجِدُ ذَلِكَ حَتَّى إِنِّي لَأُرِيدُ الْحَاجَةَ فَيُقَالُ لِي: مَا تَذْهَبُ إِلَّا إِلَى فَتَيَاتِ بَنِي فُلَانٍ تَنْظُرُ إِلَيْهِنَّ، فَقَالَ لَهُ عِنْدَ ذَلِكَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: أَمَا بَلَغَكَ أَنَّ إِبْرَاهِيمَ شَكَى إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ ذَرَا خُلُقِ سَارَةَ، فَقِيلَ لَهُ: إِنَّمَا خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ فَالْبَسْهَا عَلَى مَا كَانَ فِيهَا مَا

حضرت ابن عیینہ کے استاذ محترم اپنے والد گرامی سے راوی ہیں' فرماتے ہیں: حضرت جریر بن عبداللہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں عورتوں کی بدسلوکی کی شکایت لے کر حاضر ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک ہمیں ایسی صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑتا ہے یہاں تک کہ کبھی میں حاجت پوری کرنے کا ارادہ کرتا ہوں تو مجھے کہا جاتا ہے: آپ فلاں قبیلے کی نوجوان عورتوں کو جا کر دیکھتے ہیں (تو آپ کو حاجت ہو جاتی ہے) اس وقت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان سے عرض کی: آپ کو اس بات کا پتہ نہیں لگا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام

---

9566- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13215,13214' والبيهقي جلد10 صفحه348' قال في المجمع جلد 4 صفحه108' ورجاله رجال الصحيح .

9567- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13272' قال في المجمع جلد 4صفحه304' وفيه راويان لم يسميا' وبقية رجاله رجال الصحيح . في نسخة الظاهرية ذرا وفي نسخة أحمد الثالث دار وفي المصنف درى . قال شيخنا اجازة في تعليقه على المصنف: ولعل الصواب درء وهو الميل والعوج .

لَمْ تَرَ عَلَيْهَا خِزْيَةً فِي دِينِهَا فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: لَقَدْ حَشَى اللّٰهُ بَيْنَ أَضْلَاعِكَ عِلْمًا كَثِيرًا

نے اللہ کی بارگاہ میں حضرت سارہ کے اخلاق کی شکایت کی تو ان سے فرمایا گیا: عورت، پسلی سے پیدا ہوئی ہے پس اس سے نبھا کرو اسی حالت پر جو اس کے اندر ہے جب تک اس کے دین میں رسوائی نہ دیکھو۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کیلئے فرمایا: تحقیق اللہ نے تیری پسلیوں کا درمیان علم سے بھر دیا ہے۔

**9568**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فِي الْبِكْرِ يَزْنِي بِالْبِكْرِ: يُجْلَدَانِ مِائَةً مِائَةً، وَيُنْفَيَانِ سَنَةً

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کنوارا لڑکا، کنواری عورت سے زنا کرے تو دونوں کو سو کوڑے مارے جائیں اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے۔

**9569**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ مَطَرٍ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ فِي الرَّجُلِ يُصِيبُ وَلِيدَةَ امْرَأَتِهِ: إِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا عَتَقَتْ وَغُرِّمَ لَهَا مِثْلَهَا، وَإِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ أَمْسَكَهَا هُوَ، وَغُرِّمَ لَهَا مِثْلَهَا

حضرت عامر بن مطر شیبانی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس آدمی کے متعلق فرمایا جس کو اپنی عورت کی لونڈی ملے کہ اگر مجبور کرنے پر اس کو آزاد کرے تو اس کی مثل اس سے پیسے لے لے، اگر اطاعت کرے تو اس کو روک لے۔

**9570**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

عمران بن ذهل کے دونوں بیٹے معبد اور عبید کہتے

---

9568- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13327,13313، قال في المجمع جلد6صفحه265، واسناده منقطع وفيه ضعف .

9569- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13419 .

9570- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13421، قال في المجمع جلد 6صفحه280، وعبيد ومعبد لم أعرفهما وبقية رجاله رجال الصحيح . قلت: ذكرهما ابن أبي حاتم والبخاري ولم يذكرا فيهما جرحًا ولا تعديلًا، وقد أورد ابن حبان معبدًا في الثقات وقال يروي المراسيل .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مَعْبَدٍ، وَعُبَيْدٍ، ابْنَيْ عِمْرَانَ بْنِ ذُهْلٍ، قَالَا: أُتِيَ ابْنُ مَسْعُودٍ بِرَجُلٍ، فَقَالَ: إِنِّي قَدْ زَنَيْتُ، فَقَالَ: إِذًا نَرْجُمَكَ إِنْ كُنْتَ أَحْصَنْتَ ، فَقَالُوا: إِنَّمَا أَتَى جَارِيَةَ امْرَأَتِهِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنْ كُنْتَ اسْتَكْرَهْتَهَا فَأَعْتِقْهَا، وَأَعْطِ امْرَأَتَكَ جَارِيَةً مَكَانَهَا فَقَالَ: وَاللَّهِ لَقَدِ اسْتَكْرَهْتُهَا وَضَرَبْتُهَا، فَلَمْ يَرْجُمْهُ، وَأَمَرَ بِهِ فَضُرِبَ دُونَ الْحَدِّ

ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک آدمی لایا گیا تو اس نے عرض کی: میں نے زنا کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اگر تو شادی شدہ ہے تو میں تجھے رجم کروں گا۔ لوگوں نے عرض کی: اس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے زنا کیا ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر تو اسے ناپسند کرتا تھا تو اسے آزاد کر کے اپنی بیوی کو اس کی جگہ اور لونڈی دے دیتا۔ اس نے عرض کی: قسم بخدا! وہ مجھے ناپسند تھی اور میں نے اسے خوب مارا تو آپ نے اسے رجم نہیں کیا اور اسے حد سے کم سزا کا حکم دیا۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ لَا يَرَى عَلَيْهِ حَدًّا، وَلَا عَقْرًا

حضرت شعبی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نہ اس پر حد لگانے کی رائے رکھتے تھے اور نہ ہی اسے قید کرنے کی۔

**9571**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يَحِلُّ فِي هَذِهِ الْأُمَّةِ التَّجْرِيدُ، وَلَا مَدٌّ، وَلَا غَلٌّ، وَلَا صَفْدٌ

حضرت ضحاک بن مزاحم سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس اُمت میں مجرد ہونا (بغیر شادی کے رہنا) جائز نہیں ہے نہ ہی ٹال مٹول کرنا نہ دھوکہ دینا اور نہ ہی لوہے کی ہتھکڑیاں یا بیڑیاں ڈالنا جائز ہے۔

**9572**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ مَعْقِلَ بْنَ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِيَّ، جَاءَ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: إِنَّ جَارِيَةً لَهُ زَنَتْ، قَالَ: اجْلِدْهَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت معقل بن مقرن مزنی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کی: اس نے لونڈی سے زنا کیا آپ نے فرمایا: اسے پچاس کوڑے مارو! آپ نے فرمایا: اس کا شوہر نہیں

---

9571- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13522' والبيهقي جلد8صفحه326' قال في المجمع جلد6صفحه253' وهو منقطع الاسناد وفيه جويبر وهو ضعيف . رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13604' والبيهقي جلد8صفحه243' قال في المجمع جلد6صفحه270' ورجاله رجال الصحيح . الا أن ابراهيم لم يلق ابن مسعود .

خَمْسِينَ ، قَالَ: لَيْسَ لَهَا زَوْجٌ، قَالَ: إِسْلَامُهَا إِحْصَانُهَا

ہے۔فرمایا:اس کا اسلام اس کی شادی کر۔

**9573-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَنَّ مَعْقِلَ بْنَ مُقَرِّنٍ أَتَى عَبْدَ اللَّهِ، فَقَالَ: إِنَّهُ حَرَّمَ الْفِرَاشَ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ) (المائدة:87 ) أَعْتِقْ رَقَبَةً

حضرت عمرو بن شرحبیل سے مروی ہے کہ حضرت معقل بن مقرن نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آ کر عرض کی کہ اُنہوں نے بستر کو (اپنے اوپر) حرام کر لیا ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آیت پڑھی: ''اے ایمان والو! نہ حرام کرلو پاک چیزیں' جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں''۔ (اب اس کے کفارے میں) غلام آزاد کر۔

**9574-** قَالَ: عَبْدِي سَرَقَ مِنْ عَبْدِي قَبَاءً، قَالَ: مَالُكَ سَرَقَ بَعْضُهُ مِنْ بَعْضٍ

اس نے عرض کی: میرے ایک غلام نے دوسرے غلام سے قبا چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: غلام تیرا مال ہے' ایک نے دوسرے کی چوری کی ہے۔

**9575-** قَالَ: أَمَتِي زَنَتْ، قَالَ: فَاجْلِدُوهَا ، قَالَ: إِنَّهَا لَمْ تُحْصَنْ، قَالَ: إِسْلَامُهَا إِحْصَانُهَا

اس نے عرض کی: میری لونڈی نے زنا کیا ہے' آپ نے فرمایا: اس کو کوڑے مارو! اس نے عرض کی: اگر یہ شادی شدہ نہیں؟ آپ نے فرمایا: اس کا اسلام لانا اس کی شادی ہے۔

**9576-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ ابْنَ مُقَرِّنٍ، سَأَلَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنِّي حَلَفْتُ أَنْ لَا أَنَامَ عَلَى فِرَاشِي سَنَةً، فَتَلَا عَبْدُ

حضرت ابراہیم نے حضرت ہمام بن حارث سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن مقرن نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے حلف اُٹھایا ہے کہ ایک سال تک اپنے بستر پر نہیں سوؤں گا۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اے ایمان والو! (اپنے اوپر) نہ حرام کرلو'

---

9576- قال في المجمع جلد6صفحه274 رواه الطبراني بأسانيد ورجاله هذا وغيره رجال الصحيح .

اللّٰهِ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ) (المائدة: 87) كَفِّرْ يَمِينَكَ وَنَمْ عَلَى فِرَاشِكَ، قَالَ: إِنِّي مُوسِرٌ، قَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً

وہ پاک چیزیں جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں اور حد سے نہ بڑھو' بے شک اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا''۔ (اب) اپنی قسم کا کفارہ ادا کر اور اپنے بستر پر سویا کر۔ اس نے عرض کی: حضور! میں خوشحال آدمی ہوں۔ آپ نے فرمایا: غلام آزاد کر۔

9577- قَالَ: عَبْدِي سَرَقَ قَبَاءَ عَبْدِي، قَالَ: مَالُكَ سَرَقَ بَعْضُهُ بَعْضًا أَيْ لَا قَطْعَ عَلَيْهِ

اس نے عرض کی: میرے غلام نے میری چادر چوری کی' آپ نے فرمایا: تیرا مال ہے' ایک نے دوسرے کی چوری کی' اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

9578- قَالَ: أَمَتِي زَنَتْ، قَالَ: اجْلِدْهَا، قَالَ: إِنَّهَا لَمْ تُحْصَنْ، قَالَ: إِسْلَامُهَا إِحْصَانُهَا

اس نے عرض کی: میری لونڈی نے زنا کیا ہے' آپ نے فرمایا: اس کو کوڑے مارو! عرض کی: یہ شادی شدہ نہیں۔ آپ نے فرمایا: اس کا اسلام اس کی شادی ہے۔

9579- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أُتِيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ بِرَجُلٍ وُجِدَ مَعَ امْرَأَةٍ فِي لِحَافٍ فَضَرَبَهُمَا كُلَّ وَاحِدٍ أَرْبَعِينَ سَوْطًا، وَأَقَامَهُمَا لِلنَّاسِ فَذَهَبَ أَهْلُ الْمَرْأَةِ، وَأَهْلُ الرَّجُلِ فَشَكَوْا ذَلِكَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ عُمَرُ لِابْنِ مَسْعُودٍ: مَا يَقُولُ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ ذَلِكَ، قَالَ: أَوَرَأَيْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالُوا: أَتَيْنَاهُ نَسْتَأْدِيهِ فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُهُ

حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک آدمی کو لایا گیا جس کو ایک عورت کے ساتھ ایک بستر میں پایا گیا تھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان دونوں میں سے ہر ایک کو چالیس چالیس درّے لگوائے اور ان دونوں کو لوگوں کے سامنے کھڑا کر دیا' عورت اور مرد کے گھر والوں نے آ کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں اس بات کی شکایت کی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یہ کیا کہتے ہیں عرض کی: میں نے ایسا کیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اس کی یہی سزا خیال کرتے تھے؟ عرض کی: جی ہاں! فوراً وہ لوگ بولے: ہم لوگ اُن کے خلاف مدد مانگنے آئے تھے اور آپ پھر انہیں

---

9579- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13639' قال في المجمع جلد6 صفحه270' ورجاله رجال الصحيح .

سے مسئلہ پوچھ رہے ہیں۔

**9580-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَمَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: ادْرَءُوا الْحُدُودَ وَالْقَتْلَ عَنْ عِبَادِ اللَّهِ مَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جتنی تم طاقت رکھتے ہو حد اور قتل کی حد کو لگواؤ۔

**9581-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ، قَالَ: نُبِّئْتُ عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ فِي الْبِكْرِ تُسْتَكْرَهُ نَفْسُهَا: أَنَّ لِلْبِكْرِ مِثْلُ صَدَاقِ إِحْدَى نِسَائِهَا، وَلِلثَّيِّبِ مِثْلُ صَدَاقِ مِثْلِهَا

حضرت عبدالکریم فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے حوالے سے بتایا گیا کہ کنواری سے زبردستی اجازت لی جائے گی اور کنواری کے لیے عورتوں کی طرح ہے اور شوہر دیدہ کے لیے اس کی مثل عورتوں کی طرح ہے۔

**9582-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، أَنَّ عَلِيًّا، وَابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَا فِي الْأَمَةِ تُسْتَكْرَهُ: إِنْ كَانَتْ بِكْرًا فَعُشْرُ ثَمَنِهَا، وَإِنْ كَانَتْ ثَيِّبًا فَنِصْفُ عُشْرِ ثَمَنِهَا

حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لونڈی سے زبردستی اجازت لی جائے گی' اگر وہ کنواری ہو تو اس کی قیمت کا دسواں حصہ اور اگر شوہر دیدہ ہے تو اس کی قیمت کا بیسواں حصہ (اس کا مہر) ہوگا۔

**9583-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ

حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رضاع سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے' چاہے تھوڑا

---

9580- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:13640' ورواه البيهقي جلد8صفحه238 من طريق موصول .

9581- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13657' قال في المجمع جلد 6صفحه270' وهو منقطع ورجاله ثقات الى عبد الكريم .

9582- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:13668' وانظر ما قبله .

9583- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:13924 . قال في المجمع جلد4صفحه261' واسناده منقطع .

مُجَاهِدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَا: يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ قَلِيلُهُ، وَكَثِيرُهُ

دودھ پیا ہو یا زیادہ۔

**9584-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَطَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّخَعِيِّ، أَنَّ عَلِيًّا، وَابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَا فِي الرَّضَاعِ: يُحَرِّمُ قَلِيلُهُ، وَكَثِيرُهُ

حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رضاع سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے' چاہے تھوڑا دودھ پیا ہو یا زیادہ۔

**9585-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ عُمَرَ، وَابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَا: الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَهَا السُّكْنَى، وَالنَّفَقَةُ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں: تین طلاقوں والی کے لیے گھر اور نفقہ ہے۔

**9586-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ يَزِيدَ: مَتَى دَفَعَ عَبْدُ اللَّهِ مِنْ جَمْعٍ؟ قَالَ: كَانْصِرَافِ الْقَوْمِ الْمُسْفِرِينَ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن یزید سے پوچھا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مزدلفہ سے کب واپس آتے تھے؟ فرمایا: جو لوگ ساتھ ہوتے تھے ان کی طرح وہ فجر کی نماز کے وقت واپس آتے تھے۔

**9587-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، بَعَثَ مَعَهُ بِهَدْيٍ، فَقَالَ: كُلْ أَنْتَ وَأَصْحَابُكَ ثُلُثًا، وَتَصَدَّقْ بِثُلُثِهِ، وَابْعَثْ إِلَى آلِ أَخِي عُتْبَةَ بِثُلُثٍ قِيلَ لِسُفْيَانَ: تَطَوُّعٌ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے قربانی کا جانور بھیجا' فرمایا: تُو اور تیرا ساتھی ایک تہائی کھائے اور ایک تہائی صدقہ کرے اور میرے بھائی عتبہ کی طرف ایک تہائی بھیج۔ حضرت سفیان سے کہا گیا: کیا نفل ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

**9588-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں کہ میں نے

---

9584- قال في المجمع جلد4صفحه326' واسناده منقطع .

9587- قال في المجمع جلد3صفحه228' ورجاله رجال الصحيح .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، عَنِ امْرَأَةٍ أَرَادَتْ أَنْ تَجْعَلَ مَعَ حَجِّهَا عُمْرَةً، فَقَالَ: أَلَمْ تَسْمَعِ اللّٰهَ يَقُولُ: (الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ) (البقرة:197) مَا أَرَى هَؤُلَاءِ إِلَّا أَشْهُرَ الْحَجِّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس عورت کے متعلق پوچھا جو حج کے ساتھ عمرہ ملا کر کرتی ہے' آپ نے فرمایا: کیا تم نے اللہ عزوجل کا ارشاد نہیں سنا کہ ''حج کے مہینے معلوم ہیں'' میری رائے ہے کہ حج کے مہینے ہیں۔

**9589**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيصَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: يُؤَجَّلُ الْعِنِّينُ سَنَةً، فَإِنْ دَخَلَ بِهَا، وَإِلَّا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نامرد آدمی کو ایک سال کی مہلت دی جائے' اگر وطی کے قابل ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ دونوں کے درمیان جدائی کر دی جائے۔

**9590**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيصَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يُؤَجَّلُ الْعِنِّينُ سَنَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نامرد آدمی کو ایک سال کی مہلت دی جائے۔

**9591**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، انا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يُؤَجَّلُ الْعِنِّينُ سَنَةً، فَإِنْ وَصَلَ إِلَيْهَا وَإِلَّا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا، وَلَهَا الصَّدَاقُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عنین آدمی کو ایک سال کی مہلت دی جائے' اگر وطی کے قابل ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ دونوں کے درمیان جدائی کر دی جائے اور عورت کیلئے مہر ہوگا۔

**9592**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت عبدالکریم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود

---

9589- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10723' والبيهقي جلد 7 صفحه 226' قال في المجمع جلد 4 صفحه 301' ورجاله رجال الصحيح خلا حصين بن قبيصة وهو ثقة .

9592- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10244' قال في المجمع جلد 4 صفحه 288' وهو معضل ورجاله رجال الصحيح .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ طَلَّقَ لَاعِبًا، أَوْ نَكَحَ لَاعِبًا فَقَدْ جَازَ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس نے طلاق یا نکاح کا عمل مذاق میں کیا' اس کا نکاح ہو گیا اور طلاق بھی ہو گئی۔

**9593**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أُخْبِرْتُ عَنْ عَامِرٍ، وَمَسْرُوقٍ، وَإِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: لَا يُحِلُّهَا لِزَوْجِهَا وَطْءُ سَيِّدِهَا حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: طلاق والی عورت اپنے شوہر سے شادی نہیں کرے گی جب تک دوسرے شوہر سے شادی نہ کرے۔

**9594**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ: حَرَّمَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ امْرَأَةً وَأَنَا أَكْرَهُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ: الْأَمَةُ وَأُمُّهَا، وَالْأُخْتَانِ يُجْمَعُ بَيْنَهُمَا، وَالْأَمَةُ إِذَا وَطِئَهَا أَبُوكَ، وَالْأَمَةُ إِذَا وَطِئَهَا ابْنُكَ، وَالْأَمَةُ إِذَا زَنَتْ، وَالْأَمَةُ فِي عِدَّةِ غَيْرِكَ، وَالْأَمَةُ لَهَا زَوْجٌ، وَأَمَتُكَ مُشْرِكَةٌ، وَعَمَّتُكَ وَخَالَتُكَ مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بارہ عورتوں کو حرام فرمایا ہے اور میں بھی بارہ کو ناپسند کرتا ہوں' لونڈی اور اس کی ماں (کو جمع کرنا)' دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا' لونڈی جس سے تیرا باپ وطی کر چکا ہے' لونڈی جس سے تیرا بیٹا وطی کر چکا ہے' لونڈی جب زنا کی مرتکب ہو' لونڈی جب تیرے غیر کی عدت گزار رہی ہو' لونڈی جس کا شوہر موجود ہو' تیری لونڈی جو مشرکہ ہو اور تیری رضاعی پھوپھی اور تیری رضاعی خالہ۔

**9595**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سبز مٹکے کی نبیذ پیتے تھے' حضرت ابو وائل نے فرمایا: میں نے وہ مٹکا دیکھا ہے۔

---

9593- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:10802 .

9594- قال في المجمع جلد4صفحه269' ورجاله رجال الصحيح الا أن قتادة لم يدرك ابن مسعود .

9595- قال في المجمع جلد 5صفحه65' وفيه عامر بن شقيق وثقه النسائي وابن حبان' وضعفه ابن معين وأبو حاتم وبقية رجاله ثقات .

مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: سَقَاهُ نَبِيذًا فِي جَرَّةٍ خَضْرَاءَ قَالَ أَبُو وَائِلٍ: قَدْ رَأَيْتُ تِلْكَ الْجَرَّةَ

**9596-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَنْبِذُ لِعَبْدِ اللّٰهِ فِي جَرَّةٍ خَضْرَاءَ وَهُوَ يَنْظُرُ إِلَيْهَا فَيَشْرَبُ مِنْهَا

حضرت اُم ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ کو سبز مٹکے کی نبیذ پلاتی تھی' آپ اس کو دیکھتے اور اس سے پیتے تھے۔

**9597-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ بِالشَّامِ، فَقَالُوا لَهُ: اقْرَأْ عَلَيْنَا، فَقَرَأَ عَلَيْنَا سُورَةَ يُوسُفَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: مَا هَكَذَا أُنْزِلَتْ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَيْحَكَ لَقَدْ قَرَأْتُهَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: أَحْسَنْتَ فَبَيْنَمَا هُوَ يُرَاجِعُهُ وَجَدَ مِنْهُ رِيحَ خَمْرٍ، فَقَالَ

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ شام میں تھے تو لوگوں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: ہم پر قرأت کرو! تو آپ نے ہم پر سورۂ یوسف کی قرأت کی' قوم میں سے ایک آدمی نے اُٹھ کر کہا: اس طرح نازل نہیں کی گئی؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تجھ پر افسوس! تحقیق میں نے اس کو رسول کریم ﷺ کے سامنے پڑھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے اچھی قرأت کی! اسی دوران کہ آپ رضی اللہ عنہ بار بار اس کی طرف مراجعت فرما رہے تھے کہ اس کے منہ سے

9597- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17041' وأحمد رقم الحديث: 4033,3961' والبخاري رقم الحديث: 5001' ومسلم رقم الحديث: 801' والبزار جلد 1صفحه278,247 . قال الحافظ في الفتح جلد 9صفحه49 هذا ظاهر أن علقمة حضر القصة وكذا أخرجه الاسماعيلي عن أبي خليفة عن محمد بن كثير فقال فيه عن علقمة عن محمد بن كثير شيخ البخاري فيه . وأخرجه أبو نعيم من طريق يوسف القاضي عن مجمع بن كثير فقال فيه: عن علقمة قال: كان عبد الله بحمص' وقد أخرجه مسلم من طريق جرير عن الأعمش ولفظه: عن عبد الله بن مسعود قال: كنت بحمص' فقرأت فذكر الحديث' وهذا يقتضي أن علقمة لم يحضر القصة' وانما نقلها عن ابن مسعود' وكذا أخرجه أبو عوانة من طرق عن الأعمش ولفظه كنت جالسًا بحمص' وعند أحمد عن أبي معاوية عن الأعمش قال عن عبد الله أنه قرأ سورة يوسف ورواية أبي معاوية عند مسلم لكن أحال بها .

عَبْدُ اللّٰهِ: أَتَشْرَبُ الرِّجْسَ وَتُكَذِّبُ بِالْقُرْآنِ لَا أَقُومُ حَتَّى تُجْلَدَ الْحَدَّ

شراب کی بُو پائی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تُو پلید چیز پی کر اللہ کے قرآن کو جھٹلاتا ہے (اب تو) میں اُٹھنے سے پہلے تیرے اوپر حد لگاؤں گا۔

**9598**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: قَرَأْتُ بِحِمْصَ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا هَكَذَا أُنْزِلَتْ، فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَوَجَدْتُ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ، فَقُلْتُ: أَتُكَذِّبُ بِالْحَقِّ، وَتَشْرَبُ الرِّجْسَ، وَاللّٰهِ لَهَكَذَا أَقْرَأَنِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَدَعُكَ حَتَّى أَضْرِبَكَ حَدًّا، قَالَ: فَضَرَبَهُ الْحَدَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حمص میں قرأت کی تو ایک آدمی نے کہا: یہ اس طرح نہیں اُتری! پس میں اس کے قریب ہوا تو میں نے اس کے منہ سے شراب کی بُو پائی۔ میں نے کہا: کیا تُو حق کو جھٹلاتا ہے اور رِجس (پلیدی) کو پیتا ہے قسم بخدا! یہ اسی طرح ہے رسول کریم ﷺ نے مجھے خود پڑھائی تھی اب میں تجھے نہ چھوڑوں گا یہاں تک کہ تجھے حد لگاؤں۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے اسے حد لگائی۔

**9599**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: اشْتَكَى رَجُلٌ مِنَّا بَطْنَهُ، يُقَالُ لَهُ: خُثَيْمُ بْنُ عَدَّاءٍ، فَنُقِعَتْ لَهُ السُّكْرُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَكُنْ لِيَجْعَلَ شِفَاءَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں: آپ سے ایک آدمی نے پیٹ درد کی شکایت کی اس کا نام خثیم بن عداء تھا اس کو نشہ پلایا گیا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جو تم پر حرام کیا ہے اس میں تمہارے لیے شفاء نہیں رکھی۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، نَحْوَهُ، قَالَ مَعْمَرٌ: وَالسُّكْرُ يَكُونُ مِنَ التَّمْرِ فَيُخْلَطُ مَعَهُ شَيْءٌ

حضرت ابووائل سے اسی طرح روایت ہے حضرت معمر فرماتے ہیں: نشہ آور شی میں کھجور تھی اس کے ساتھ کوئی شی ملائی گئی تھی۔

**9600**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابووائل فرماتے ہیں: آپ سے ایک آدمی

9599- قال في المجمع جلد5صفحه86 ورجاله رجال الصحيح . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:17097 .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَعَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: اشْتَكَى رَجُلٌ مِنَّا فَنُعِتَ لَهُ السُّكْرُ، فَأَتَيْنَا عَبْدَ اللهِ فَسَأَلْنَاهُ، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ

نے پیٹ درد کی شکایت کی' اس کو نشہ بلایا گیا' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جو تم پر حرام کیا ہے' اس میں تمہارے لیے شفاء نہیں رکھی۔

**9601-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: لَا تَسْقُوا أَوْلَادَكُمْ، وُلِدُوا عَلَى الْفِطْرَةِ، أَتَسْقُونَهُمْ مَا لَا يَحِلُّ لَهُمْ، إِثْمُهُمْ عَلَى مَنْ سَقَاهُمْ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَكُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اپنی اولاد کو حرام شی نہ پلاؤ' بچے فطرت پر پیدا ہوتے ہیں' کیا تم وہ پلاتے ہو جو ان کے لیے حلال نہیں ہے' گناہ پلانے والے پر ہے کیونکہ اللہ عزوجل نے جو چیز تم پر حرام کی ہے اس میں شفاء نہیں ہے۔

**9602-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ مَنْ يَتَرَدَّى مِنْ رُءُوسِ الْجِبَالِ، وَيَأْكُلُهُ السِّبَاعُ: وَيَغْرَقُ فِي الْبِحَارِ لَشُهَدَاءُ عِنْدَ اللهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک وہ آدمی جو پہاڑوں کی چوٹیوں سے گر کر ہلاک ہوتا ہے' اسے درندے کھاتے ہیں یا جو سمندروں میں غرق ہوتے ہیں تو اللہ کے ہاں وہ شہید ہیں۔

**9603-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَنْ رَجُلٍ أَعْتَقَ عَبْدَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ،

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جو اپنا غلام آزاد کرے موت کے وقت' اس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہ ہو اور اس پر قرض ہو۔

---

9601- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17102 .

9602- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9572' وسعيد بن منصور (2617)' قال في المجمع جلد 5 صفحه 302' ورجاله رجال الصحيح . وصححه الحافظ في الفتح جلد 6 صفحه 44 .

9603- قال في المجمع جلد 4 صفحه 211' والقاسم لم يدرك ابن مسعود .

وَلَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، قَالَ: يَسْعَى فِي قِيمَتِهِ

آپ نے فرمایا: وہ غلام اپنی قیمت کما کر دے گا۔

**9604**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ: إِنَّ جَارِيَةً لِي أَرْضَعَتِ ابْنًا لِي، وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَبِيعَهَا، قَالَ: فَمَقَتَهُ ابْنُ مَسْعُودٍ، وَقَالَ: لَيْتَهُ يُنَادِي مَنْ أَبِيعُهُ أُمَّ وَلَدِي

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: ایک آدمی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میری لونڈی ہے' اس نے میرے بیٹے کو دودھ پلایا' میں اس کو فروخت کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس سے ناراض ہوئے اور فرمایا: کاش وہ اس طرح نداء کرتا کہ کون ہے جس کو میں اپنی اُم ولد بیچوں۔

**9605**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَإِسْرَائِيلَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: اشْتَرَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ مِنْ رَجُلٍ جَارِيَةً بِسِتِّ مِائَةٍ -أَوْ تِسْعِ مِائَةٍ- فَنَشَدَهُ سَنَةً لَا يَجِدُهُ، ثُمَّ خَرَجَ بِهَا إِلَى السُّدَّةِ فَتَصَدَّقَ بِهَا مِنْ دِرْهَمٍ وَدِرْهَمَيْنِ عَنْ رَبِّهَا، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا خَيَّرَهُ، فَإِنِ اخْتَارَ الْأَجْرَ كَانَ لَهُ، وَإِنِ اخْتَارَ مَالَهُ كَانَ لَهُ مَالُهُ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: هَكَذَا فَافْعَلُوا بِاللُّقَطَةِ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ

حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے چھ سو کے بدلے ایک لونڈی خریدی' یا نو سو کے بدلے (اُدھار)۔ پس آپ نے اس کے مالک کو ایک سال تک تلاش کیا لیکن اس کو نہ پایا پھر اس کو لے کر میدان میں گئے' اسے اس کے مالک کی طرف سے ایک اور دو درہم سے صدقہ کر دیا' پس اگر اس کا مالک آ گیا تو اسے اختیار ہوگا کہ اگر چاہے تو اجر کو پسند کر لے تو وہ اس کا ہوگا اور اگر چاہے تو اپنا مال پسند کر لے تو وہ اس کا ہوگا (اجر ہم لے لیں گے)۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لُقطہ کے ساتھ تم اسی طرح کیا کرو۔ اور یہ الفاظ حضرت عبدالرزاق کی حدیث کے ہیں۔ (نوٹ: لقطہ سے مراد وہ شی ہے جو کہیں پڑی ہوئی

---

9604- قال فی المجمع جلد4صفحه108' ورجاله رجال الصحیح .

9605- رواه عبد الرزاق رقم الحدیث: 18631' قال فی المجمع جلد4صفحه168 فیه عامر بن شقیق وثقه ابن حبان وغیره وضعفه النسائی وغیره .

ملے اور اس کا مالک نہ ملے)

**9606-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ الْأَسَدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: تَانِكَ الْمُرَّتَانِ الْإِمْسَاكُ فِي الْحَيَاةِ، وَالتَّبْذِيرُ عِنْدَ الْمَوْتِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ دونوں چیزیں کڑوی ہیں: (۱) زندگی میں (مال اپنے پاس) روکے رکھنا اور (۲) موت کے قریب فضول خرچی کرنا۔

**9607-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي مَيْسَرَةَ الْهَمْدَانِيِّ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: قَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّكُمْ مِنْ أَحْرَى حَيٍّ بِالْكُوفَةِ، أَنْ يَمُوتَ أَحَدُكُمْ، وَلَا يَدَعَ عَصَبَةً، وَلَا رَحِمًا، فَمَا يَمْنَعُهُ إِذَا كَانَ كَذَلِكَ أَنْ يَضَعَ مَالَهُ فِي الْفُقَرَاءِ أَوِ الْمَسَاكِينِ

حضرت ابومیسرہ ہمدانی عمرو بن شرحبیل فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے میرے لیے فرمایا: بے شک تم کوفہ میں مہذب قبیلہ ہو کہ تمہارا کوئی فوت ہو اور اُس کا کوئی عصبہ ہو اور نہ ہی رحمی رشتہ رکھنے والا کوئی آدمی پیچھے چھوڑے جب معاملہ ایسے ہو تو اس بات سے کوئی چیز مانع نہیں ہے کہ اس کا مال فقیروں یا مسکینوں میں تقسیم کر دیا جائے۔

**9608-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ قَالَ: جَاءَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَجُلٌ مِنْ هَمْدَانَ عَلَى فَرَسٍ أَبْلَقَ، فَقَالَ: إِنَّ عَمِّي أَوْصَى إِلَيَّ تِرْكَتَهُ، وَإِنَّ هَذَا مِنْ تِرْكَتِهِ، أَفَأَشْتَرِيهِ؟، قَالَ: لَا، وَلَا

حضرت صلہ بن زفر فرماتے ہیں: ہمدنا سے ایک آدمی ابلق گھوڑے پر سوار کر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور عرض کی: میرے چچا نے میرے لیے اپنے ترکہ کی وصیت کی تھی اور یہ اسی کے ترکہ میں سے ہے کیا میں اسے خرید سکتا ہوں؟ فرمایا: جی نہیں! ان کے مال سے کوئی چیز بطور قرض بھی نہیں لے سکتے۔

---

9606- قال فی المجمع جلد 4صفحه212' وفیه عبد الله بن سنان الأسدی كذا هو فی النسخة والظاهر انه زیاد الأسدی فان كان ابن زیاد فرجاله رجال الصحیح . قلت: بل كوفی كما ذكره ابن ابی حاتم وهو ثقة .

9607- قال فی المجمع جلد4صفحه212' ورجاله رجال الصحیح .

9608- قال فی المجمع جلد4صفحه214' ورجاله رجال الصحیح .

تَسْتَقْرِضْ مِنْ مَالِهِمْ شَيْئًا

**9609-** حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مِنْ هَمْدَانَ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَشْتَرِي هَذَا الْفَرَسَ؟ فَقَالَ: مَا شَأْنُهُ؟ فَقَالَ: أَوْصَى إِلَيَّ صَاحِبُهُ، فَقَالَ: لَا تَشْتَرِهِ وَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ مَالِهِ شَيْئًا

حضرت ابواسحاق سے ایک آدمی کے بارے روایت ہے کہا: میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا جب ہمدان سے ایک آدمی نے آ کر عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا میں یہ گھوڑا خرید سکتا ہوں؟ فرمایا: تیرا معاملہ کیا ہے؟ عرض کی: میرے ساتھی نے میرے لیے وصیت کی۔ آپ نے فرمایا: اسے مت خریدو اور ان کے مال سے قرض بھی نہ لو۔

**9610-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: شِبْهُ الْعَمْدِ الْحَجَرُ، وَالْعَصَا، وَالسَّوْطُ، وَالدَّفْعَةُ، وَالدَّفْقَةُ وَكُلُّ شَيْءٍ عَمِدْتَهُ بِهِ، فَفِيهِ التَّغْلِيظُ فِي الدِّيَةِ، وَالْخَطَأُ أَنْ يَرْمِيَ شَيْئًا فَيُخْطِءَ بِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جان بوجھ کر قتل کے مشابہ شمار ہوگا' پتھر' ڈنڈا' کوڑا اور ہر وہ چیز جس کے ساتھ مارنے کا ارادہ کیا جائے' پس اس میں دیت مغلظہ ہے اور قتل خطاء یہ ہے کہ آدمی کسی ایک شی کو مارے اور غلطی سے دوسری شی کو جا لگے۔

**9611-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ: أَنَّ شِبْهَ الْعَمْدِ الْحَجَرُ، وَالْعَصَا

حضرت عبدالکریم فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے فرمایا: شبہ عمد یہ ہے کہ پتھر یا عصا سے مارنا۔

---

9610- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17196' قال في المجمع جلد6صفحه286' واسناده منقطع بين ابن أبي ليلى ابن مسعود ورجاله الى ابن ابي ليلى رجال الصحيح .

9611- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17198' قال في المجمع جلد 6صفحه286' واسناده منقطع بين عبد الكريم الجزري والصحابة . ولكن رجاله رجال الصحيح .

**9612**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَا: تَغْلِيظٌ فِي شِبْهِ الْعَمْدِ لَا يُقْتَلُ بِهِ

حضرت عبدالکریم فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے فرمایا: شبہ عمد میں دیت مغلظہ ہے اس میں قتل نہیں کیا جائے گا بدلے میں۔

**9613**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: شِبْهُ الْعَمْدِ خَمْسٌ وَعِشْرُونَ حِقَّةً، وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ جَذَعَةً، وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ بِنْتَ مَخَاضٍ، وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ بِنْتَ لَبُونٍ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شبہ عمد میں پچیس حقہ پچیس جذعہ پچیس بنت مخاض اور پچیس بنت لبون ہیں۔

**9614**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الْخَطَأِ أَخْمَاسًا عِشْرُونَ حِقَّةً، وَعِشْرُونَ جَذَعَةً، وَعِشْرُونَ بَنَاتِ مَخَاضٍ، وَعِشْرُونَ ابْنَ مَخَاضٍ وَعِشْرُونَ ابْنَةَ لَبُونٍ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: قتل خطا کی دیت پچیس حقے بیس جذعہ بیس بنت مخاض بیس ابن مخاض اور بیس ابن لبون ہیں۔

**9615**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَنَّ عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: كُلُّ زَوْجَيْنِ فَفِيهِمَا الدِّيَةُ، وَكُلُّ وَاحِدٍ فَفِيهِ الدِّيَةُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر دو جوڑے دیت ہے ہر ایک میں ایک دیت ہے۔

---

9612- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 12711' وانظر ما قبله .

9613- قال في المجمع جلد6صفحه298' وابراهيم لم يسمع من ابن مسعود ورجاله رجال الصحيح .

9614- قال في المجمع جلد6صفحه298' ورجاله رجال الصحيح الا أن ابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

9615- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17393' قال في المجمع جلد6صفحه298' ورجاله رجال الصحيح .

**9616**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْعَيْنَانِ سَوَاءٌ، وَالْأُنْثَيَانِ سَوَاءٌ، وَالْأَصَابِعُ سَوَاءٌ، وَالْأَسْنَانُ سَوَاءٌ، وَالْيَدَانِ سَوَاءٌ، وَالرِّجْلَانِ سَوَاءٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آنکھوں' دو خصیوں اور انگلیوں اور دانتوں اور ہاتھوں اور دونوں پاؤں کی دیت برابر برابر ہے۔

**9617**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ فِي الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ: هُمَا سَوَاءٌ إِلَى خَمْسٍ مِنَ الْإِبِلِ قَالَ: وقَالَ عَلِيٌّ: النِّصْفُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عورت اور مرد دونوں دیت میں برابر ہیں' پانچ اونٹ تک۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر ایک میں سے نصف ہے۔

**9618**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الرَّجُلِ يُسْتَقَادُ مِنْهُ ثُمَّ يَمُوتُ، قَالَ: عَلَى الَّذِي اقْتَصَّ مِنْ دِيَتِهِ ثُمَّ إِنَّهُ يُطْرَحُ مِنْهُ دِيَةُ جُرْحِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب آدمی سے قصاص لیا گیا پھر وہ مر گیا' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کی دیت اس کا قصاص لینے والے پر ہے اور زخموں کی دیت اس سے گرا دی جائے گی۔

**9619**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ

---

9616- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17699' قال في المجمع جلد 6صفحه298' ورجاله رجال الصحيح الا أن الشعبي لم يسمع من ابن مسعود . وما بين المعكوفين من نسخة الظاهرية .

9617- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17761' قال في المجمع جلد 6صفحه299' ورجاله رجال الصحيح الا أن مجاهدًا لم يدرك ابن مسعود .

9618- قال في المجمع جلد6صفحه292' واسناده منقطع وفيه أبو معشر وهو ضعيف .

9619- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 18187' قال في المجمع جلد 6صفحه303' ورجاله رجال الصحيح الا أن قتادة

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رُفِعَ إِلَيْهِ رَجُلٌ قَتَلَ رَجُلًا، فَجَاءَ أَوْلَادُ الْمَقْتُولِ وَقَدْ عَفَا أَحَدُهُمْ، فَقَالَ عُمَرُ، لِابْنِ مَسْعُودٍ، وَهُوَ إِلَى جَنْبِهِ: مَا تَقُولُ؟ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَقُولُ لَهُ قَدْ أُحْرِزَ مِنَ الْقَتْلِ، قَالَ: فَضَرَبَ عَلَى كَتِفِهِ، وَقَالَ: كُنَيْفٌ مُلِءَ عِلْمًا

کے پاس ایک آدمی کے قتل کا مقدمہ پیش کیا گیا' مقتول کی اولاد آئی اور ان میں سے ایک نے معاف کر دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا جبکہ وہ آپ کے پاس تھے کہ آپ کیا فرماتے ہیں؟ حضرت ابن مسعود نے فرمایا: میں اس کے متعلق کہتا ہوں کہ یہ قتل سے بچ گیا۔ حضرت عمر نے آپ کے کندھے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: آپ کا سینہ علم سے بھرا ہوا ہے۔

**9620**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الَّذِي يُصِيبُ الْحُدُودَ، ثُمَّ يُقْتَلُ عَمْدًا، قَالَ: إِذَا جَاءَ الْقَتْلُ مَحَا كُلَّ شَيْءٍ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جس کو حد لگتی ہو' پھر اس کو جان بوجھ کر قتل کیا جائے' آپ نے فرمایا: جب قتل ہو جائے گا تو اس کے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

**9621**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَعَفُّ النَّاسِ قِتْلَةً أَهْلُ الْإِيمَانِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اہل ایمان سب سے زیادہ لوگوں کو قتل معاف کرنے والے ہیں۔

**9622**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس سے امن کا معاہدہ کیا ہو' اس کی دیت بھی مسلمان کی طرح ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی یہی فرماتے ہیں۔

---

لم یدرك ابن مسعود .

9620- قال في المجمع جلد6صفحه266' وفيه راو لم يسم وبقية رجاله ثقات .

9621- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:18232' قال في المجمع جلد6صفحه291' ورجاله رجال الصحيح .

9622- قال في المجمع جلد6صفحه299 ورجاله رجال الصحيح الا أن مجاهدًا لم يسمع من ابن مسعود ولا من علي .

دِيَةُ الْمُعَاهِدِ مِثْلُ دِيَةِ الْمُسْلِمِ وَقَالَ عَلِيٌّ أَيْضًا

**9623**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، يَأْثُرُهُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: فِي كُلِّ مُعَاهَدٍ مَجُوسِيٍّ أَوْ غَيْرِهِ الدِّيَةُ وَافِيَةٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجوسی یا اس کے علاوہ کی دیت پوری ہے۔

**9624**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، سَأَلَهُ مَعْقِلُ بْنُ مُقَرِّنٍ، فَقَالَ: غُلَامٌ لِي سَرَقَ مِنْ غُلَامٍ لِي قَبَاءً، أَعَلَيْهِ قَطْعٌ؟ قَالَ: لَا، مَالُكَ بَعْضُهُ مِنْ بَعْضٍ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: معقل بن مقرن نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا' عرض کی: میرے غلام نے میری چادر چوری کی ہے' کیا اس کے ہاتھ کاٹے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا: تیرا مال ہے' ایک نے دوسرا مال لیا۔

**9625**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قِيلَ لِابْنِ مَسْعُودٍ: هَلْ لَكَ فِي الْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ تَقْطُرُ لِحْيَتُهُ خَمْرًا، قَالَ: قَدْ نُهِينَا عَنِ التَّجَسُّسِ، فَإِنْ يَظْهَرْ لَنَا - يَعْنِي - نُقِيمُ عَلَيْهِ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: کیا ولید بن عقبہ کی داڑھی سے شراب کے قطرے گرتے ہیں؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم کو تجسس کرنے سے منع کیا گیا' اگر ہمیں معلوم ہوا تو ہم اس پر حد لگائیں گے۔

**9626**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا تُقْطَعُ الْيَدُ إِلَّا فِي دِينَارٍ أَوْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دس درہم یا ایک دینار چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

---

9626- قال في المجمع جلد6صفحه273' والقاسم أبو عبد الرحمن ضعيف وقف وثق . قلت: هو منقطع بينه وبين ابن مسعود .

9627- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تُقْطَعُ الْيَدُ إِلَّا فِي دِينَارٍ أَوْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دس درہم یا دینار چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

9628- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ النَّهْدِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الْكَفَنُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کفن تمام مال سے دیا جائے گا۔

9629- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ قَتَلَ حَيَّةً أَوْ عَقْرَبًا فَقَدْ قَتَلَ كَافِرًا لَمْ يَقُلِ الْمَسْعُودِيُّ عَنْ أَبِيهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے سانپ یا بچھو کو مارا' گویا کافر کو قتل کیا۔ مسعودی نے اپنے والد کے حوالے سے نہیں کہا ہے۔

9630- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ قَتَلَ حَيَّةً أَوْ عَقْرَبًا قَتَلَ كَافِرًا لَمْ يَرْفَعْهُ إِسْرَائِيلُ وَرَفَعَهُ شَرِيكٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے سانپ یا بچھو کو مارا' گویا کافر کو قتل کیا۔ اس حدیث کو حضرت اسرائیل نے نہیں بلکہ حضرت شریک نے مرفوع ذکر کیا۔

9631- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانَ قَالَا: ثنا إِسْحَاقُ بْنُ الْأَزْرَقِ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سانپوں کو قتل کر دو' پس جو اس کے بدلہ لینے کی وجہ سے ان سے ڈر گیا تو وہ مجھ سے نہیں۔

9631- قال في المجمع جلد4صفحه46' ورجاله ثقات .

أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ فَمَنْ خَافَ ثَأْرَهُنَّ فَلَيْسَ مِنِّي

**9632**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْفَرَّاءِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ مِنَ الْمَعْرُوفِ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُجِيبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَشْهَدُهُ إِذَا تُوُفِّيَ، وَيَنْصَحُ لَهُ بِالْغَيْبِ، وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ لَمْ يَرْفَعْهُ أَبُو جَعْفَرٍ الْفَرَّاءُ، وَرَفَعَهُ أَبُو إِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں: (۱)جب ملاقات ہوتو سلام کرے (۲)جب دعوت دے تو قبول کرے (۳)جب چھینک آئے تو اس کا جواب دے (۴)جب مر جائے تو اس کے جنازہ میں شریک ہو (۵)عدم موجودگی میں نصیحت کرے (۶)اس کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ ابوجعفر الفراء مرفوعاً بیان کرتے ہیں اور ابواسحاق السبیعی مرفوعاً بیان کرتے ہیں۔

**9633**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَأْتِي الرَّجُلُ الْقَبْرَ فَيَقُولُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَ صَاحِبِهِ، مَا بِهِ حُبُّ لِقَاءِ اللّٰهِ وَلَكِنْ مِمَّا يَرَاهُ مِنَ الْبَلَاءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی قبر کے پاس آئے گا اور کہے گا: کاش! میں اس قبر میں ہوتا' اللہ سے ملاقات کی محبت کی وجہ سے نہیں بلکہ اس آزمائش کی وجہ سے جو اُسے پہنچی ہے۔

**9634**- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی قبر کے پاس آئے گا اور کہے گا: کاش! میں اس قبر میں ہوتا' اللہ سے ملاقات کی محبت کی وجہ

---

9632- قال في المجمع جلد8صفحه186' ورجاله ثقات .

9634- قال في المجمع جلد 7صفحه282 رواه الطبراني باسنادين رجال أحدهما رجال الصحيح غير أبي الزعراء الكبير وثقه ابن حبان وضعفه غيره .

لَيَأْتِيَنَّ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمُرُّ الرَّجُلُ بِالْقَبْرِ فَيَقُولُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَ هَذَا، وَمَا بِهِ حُبُّ لِقَاءِ اللَّهِ وَلَكِنْ شِدَّةُ مَا يَرَى مِنَ الْبَلَاءِ، فَقِيلَ: أَيُّ شَيْءٍ عِنْدَ ذَلِكَ خَيْرٌ، قَالَ: فَرَسٌ شَدِيدٌ وَسِلَاحٌ يَزُولُ بِهِ الرَّجُلُ حَيْثُمَا زَالَ

سے نہیں بلکہ اس آزمائش کی وجہ سے جو اُسے پہنچی ہے۔ عرض کی گئی: اس میں کون سی بھلائی ہے؟ فرمایا: سخت گھوڑا اور اسلحہ آدمی اس کو جہاں چاہے لے جائے۔

**9635**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَأَنْ يُزَاحِمَنِي بَعِيرٌ مَطْلِيٌّ بِقَطِرَانٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ تُزَاحِمَنِي امْرَأَةٌ عِطِرَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تارکول ملے ہوئے اونٹ سے مزاحم ہونا مجھے زیادہ پسند ہے خوشبو سے اَٹی ہوئی عورت سے مزاحم ہونے کی نسبت۔ (نوٹ: مزاحم ہونے کا مطلب ہے: بھیڑ بھاڑ میں قریب ہو جانا)۔

**9636**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ الرَّجُلُ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آدمی اپنے پیٹ کو قے سے بھرے تو یہ بُرے اشعار کو پیٹ میں بھرنے سے بہتر ہے۔

**9637**- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: جَرِّدُوا الْقُرْآنَ لَا تَلْبِسُوا بِهِ مَا لَيْسَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن کو خالی رکھو جو اس سے نہیں اُسے اس کے ساتھ مت ملاؤ۔

---

9635- انظر ما بعده وما قبله .

9636- قال في المجمع جلد8صفحه121' ورجاله رجال الصحيح غير أبي الزعراء واسمه عبد الله بن هانيء وثقه العجلي وابن حبان وفيه ضعف .

9637- قال في المجمع جلد7صفحه158' ورجاله رجال الصحيح غير ابي الزعراء وقد وثقه ابن حبان وقال البخاري وغيره: لا يتابع في حديثه .

مِنْهُ

9638- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَوَّلُ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةُ، وَآخِرُ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الصَّلَاةُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہارے دین سے سب سے پہلے جو شی ختم ہوگی وہ امانت ہے اور آخر میں جو تم سے ختم ہوگا وہ نماز ہے۔

9639- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الصُّورُ كَهَيْئَةِ الْقَرْنِ يُنْفَخُ فِيهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صور سینگ کی طرح ہوگا' اس سے صور پھونکا جائے گا۔

9640- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: خَالِطُوا النَّاسَ وَزَايِلُوهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہو اور ان کی غلطیوں سے درگزر کرو۔

9641- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهُ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: خَالِطُوا النَّاسَ، وَصَافُّوهُمْ مِمَّا يَشْتَهُونَ، وَدِينَكُمْ فَلَا تَكْلِمَنَّهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہو' جو وہ پسند کریں اس کی وجہ سے ان کے ساتھ مقابلہ کرو اور رہا تمہارا دین تو تم اس کی گفتگو (ہر ایک سے) نہ کرو۔

9642- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ لَهُ مَالٌ لَمْ يَعْمَلْ فِيهِ خَيْرًا قَطُّ، فَلَمَّا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی کے پاس مال تھا' اس نے کبھی نیکی نہیں کی تھی' جب اس کی موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا' پھر میرے ذرّے ہوا میں اُڑا

---

9640- انظر ما بعده .

نَزَلَ بِهِ الْمَوْتُ قَالَ لِأَهْلِهِ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَاحْرِقُونِي، ثُمَّ اسْحَقُونِي ثُمَّ اذْرُونِي فِي الرِّيحِ، فَفُعِلَ ذٰلِكَ بِهِ، فَجَمَعَهُ اللّٰهُ فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: مِنْ أَجْلِ مَخَافَتِكَ فَنَالَتْهُ رَحْمَةُ اللّٰهِ

دینا' اس کے ساتھ اسی طرح کیا گیا' اللہ عزوجل نے اس کے اعضاء کو جمع کیا اور فرمایا: تجھے ایسا کرنے پر کس چیز نے اُبھارا تھا؟ اس نے عرض کی: تیرے خوف کی وجہ سے۔ پس اسے اللہ کی رحمت مل گئی۔

**9643-** حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَسْأَلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ عَنْ شَيْءٍ، فَإِنَّهُمْ لَنْ يَهْدُوكُمْ وَقَدْ أَضَلُّوا أَنْفُسَهُمْ، إِمَّا يُحَدِّثُونَكُمْ بِصِدْقٍ فَتُكَذِّبُونَهُمْ، أَوْ بِبَاطِلٍ فَتُصَدِّقُونَهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل کتاب سے کوئی شی نہ مانگو کیونکہ وہ ہرگز تم کو ہدیہ نہیں دیں گے' اُنہوں نے اپنے آپ کو گمراہ کیا' ہوسکتا ہے تم سے سچ بولیں' تم ان کو جھٹلاؤ' یا وہ جھوٹ بولیں تو تم ان کی تصدیق کرو۔

**9644-** حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: ذَكَرَ الشَّفَاعَةَ، قَالَ: فَيَقُومُ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَابِعَ أَرْبَعَةٍ قَالَ شُعْبَةُ: لَمْ أَسْمَعْ هَذَا إِلَّا فِي هَذَا الْحَدِيثِ

حضرت ابوزعراء فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے شفاعت کا ذکر کیا' فرمایا: تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چار میں سے چوتھے بن کر کھڑے ہوں گے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: یہ بات میں نے صرف اس میں سنی ہے۔

**9645-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: ذَكَرُوا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّجَّالَ فَقَالَ: تَفْتَرِقُونَ أَيُّهَا النَّاسُ ثَلَاثَ

حضرت ابوزعراء فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس دجال کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا: اے لوگو! تم تین گروہوں میں بٹ جاؤ گے' ایک گروہ اس کی پیروی کرے گا' ایک گروہ جھاڑیاں اُگنے کی جگہ اپنے آباء

---

9645- قال في المجمع جلد 10 صفحه 330' وهو موقوف مخالف للحديث الصحيح وقول النبي صلى الله عليه وآله وسلم انا اول شافع . قلت: ورواه الحاكم جلد 4 صفحه 598-560' وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه .

فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تَتْبَعُهُ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِأَرْضِ آبَائِهَا مَنَابِتِ الشِّيحِ، وَفِرْقَةٌ تَأْخُذُ شَطَّ هَذَا الْفُرَاتِ فَيُقَاتِلُهُمْ، وَيُقَاتِلُونَهُ حَتَّى يَجْتَمِعَ الْمُؤْمِنُونَ بِغَرْبِيِّ الشَّامِ، فَيَبْعَثُونَ إِلَيْهِ طَلِيعَةً فِيهِمْ فَارِسٌ عَلَى فَرَسٍ أَشْقَرَ أَوْ أَبْلَقَ فَيُقْتَلُونَ لَا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ شَيْءٌ"، قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبُو صَادِقٍ: عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ نَاجِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَسٌ أَشْقَرُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَيَزْعُمُ أَهْلُ الْكِتَابِ أَنَّ الْمَسِيحَ يَنْزِلُ فَيَقْتُلُهُ -وَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ أَهْلِ الْكِتَابِ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا - ثُمَّ يَخْرُجُ يَأْجُوجُ، وَمَأْجُوجُ، فَيَمُوجُونَ فِي الْأَرْضِ فَيُفْسِدُونَ فِيهَا، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ) (الأنبياء: 96) يَنْسِلُونَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِ دَابَّةً مِثْلَ هَذِهِ النَّغَفَةِ فَيَلِجُ فِي أَسْمَاعِهِمْ وَمَنَاخِرِهِمْ فَيَمُوتُونَ، فَتَنْتُنُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ، قَالَ: فَيَجْأَرُ الْأَرْضُ إِلَى اللّٰهِ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ مَاءً فَيُطَهِّرُ الْأَرْضَ مِنْهُمْ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيحًا فِيهِ زَمْهَرِيرٌ بَارِدَةً فَلَا تَدَعُ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ مُؤْمِنًا إِلَّا كُفِتَ بِتِلْكَ الرِّيحِ، ثُمَّ تَقُومُ السَّاعَةُ عَلَى شِرَارِ النَّاسِ، ثُمَّ يَقُومُ مَلَكٌ بِالصُّورِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَيَنْفُخُ فِيهِ، وَلَا يَبْقَى خَلْقٌ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي السَّمَاوَاتِ، وَالْأَرْضِ إِلَّا مَاتَ إِلَّا مَنْ شَاءَ رَبُّكَ، ثُمَّ يَكُونُ بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَكُونَ، قَالَ:

کی زمین میں چلا جائے گا' ایک گروہ اس دریائے فرات کا کنارہ اختیار کر لے گا تو وہ ان سے قتال کرے گا اور یہ اُس سے قتال کریں گے حتیٰ کہ مؤمن شام کے غربی کنارے میں جمع ہوگئیں گے' پس وہ دجال کی طرف ایک ہراول دستہ بھیجیں گے جس میں بھورے اور چتکبرے گھوڑے پر ایک شاہسوار ہوگا' پس وہ لوگ قتل کیے جائیں گے' ان میں سے کوئی بھی مؤمنوں کی طرح واپس نہیں لوٹے گا۔ راوی کا بیان ہے: یہ حدیث مجھے حضرت ابوصادق نے بیان کی' اُنہوں نے ربیعہ بن ناجد سے اور اُنہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے فرمایا: فرس اشقر (بھورے رنگ کا گھوڑا)۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مزید فرمایا: اہل کتاب کا گمان ہے کہ حضرت مسیح اُتر کر اسے قتل کریں گے' اہل کتاب کو اس ایک حدیث کے علاوہ کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے میں نے نہیں سنا' پھر یاجوج ماجوج نکلیں گے' وہ زمین میں گھس کر فساد برپا کریں گے۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے'' اُتریں گے پھر گٹھلی میں پیدا ہونے والے اس سفید کیڑے کی مانند' اللہ اس پر ایک جانور بھیجے گا' وہ ان کے کانوں اور نتھنوں میں داخل ہو جائیں گے' پس وہ مر جائیں گے' پس ان کی بدبو سے زمین بھر جائے گی۔ فرمایا: زمین اللہ کی بارگاہ میں عرض کرے گی تو اللہ تعالیٰ پانی نازل فرما کر' زمین کو ان سے پاک کر دے گا پھر اللہ تعالیٰ ایک ایسی ہوا بھیجے گا جس میں خنکی اور ٹھنڈک ہوگی پس وہ روئے زمین پر کوئی مؤمن نہیں

فَلَيْسَ مِنْ بَنِي آدَمَ خَلْقٌ إِلَّا فِي الْأَرْضِ مِنْهُ شَيْءٌ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَاءً مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ يُمْنِي كَمَنِيِّ الرِّجَالِ، فَتَنْبُتُ جُسْمَانُهُمْ، وَلُحْمَانُهُمْ مِنْ ذَلِكَ الْمَاءِ كَمَا يَنْبُتُ الْأَرْضُ مِنَ السُّدِّيِّ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا) (الروم: **48** ) فَسُقْنَاهُ إِلَى بَلَدٍ مَيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا كَذَلِكَ النُّشُورُ، ثُمَّ يَقُومُ مَلَكٌ بِالصُّورِ بَيْنَ السَّمَاءِ، وَالْأَرْضِ فَيَنْفُخُ فِيهِ فَتَنْطَلِقُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَى جَسَدِهَا حَتَّى يَدْخُلَ فِيهِ، فَيَقُومُونَ فَيَحْيَوْنَ حَيَّةَ رَجُلٍ وَاحِدٍ قِيَامًا لِرَبِّ الْعَالَمِينَ، ثُمَّ يَتَمَثَّلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْخَلْقِ فَيَلْقَاهُمْ فَلَيْسَ أَحَدٌ مِنَ الْخَلْقِ يَعْبُدُ مِنْ دُونِ اللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا هُوَ مُرْتَفِعٌ لَهُ يَتْبَعُهُ، فَيَلْقَى الْيَهُودَ فَيَقُولُ: مَا تَعْبُدُونَ؟ قَالُوا: عُزَيْرًا، قَالَ: هَلْ يَسُرُّكُمُ الْمَاءُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَيُرِيهِمْ جَهَنَّمَ كَهَيْئَةِ السَّرَابِ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِلْكَافِرِينَ عَرْضًا) (الكهف: **100** ) ثُمَّ يَلْقَى النَّصَارَى فَيَقُولُ: مَا تَعْبُدُونَ؟ قَالُوا: الْمَسِيحَ، قَالَ: فَهَلْ يَسُرُّكُمُ السَّرَابُ؟ قَالُوا: نَعَمْ فَيُرِيهِمْ جَهَنَّمَ كَهَيْئَةِ السَّرَابِ، وَكَذَلِكَ لِمَنْ كَانَ يَعْبُدُ مِنْ دُونِ اللّٰهِ شَيْئًا، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُولُونَ) (الصافات: **24**) حَتَّى يَمُرَّ الْمُسْلِمُونَ فَيَلْقَاهُمْ فَيَقُولُ:

چھوڑے گی یہاں تک کہ اس ہوا سے' مؤمن مر جائیں گے۔ پھر لوگوں میں سے بدترین (بہت سے بُرے لوگ) رہ جائیں گے جن پر قیامت کی گھڑی آئے گی۔ پھر ایک فرشتہ صور لے کر آسمان و زمین کے درمیان کھڑا ہوگا تو وہ اس میں پھونک مارے گا۔ آسمانوں اور زمینوں میں اللہ کی مخلوق مر جائے گی مگر جس کو تیرا رب چاہے گا (بچا لے گا)۔ پھر دونفخوں کے درمیان جو اللہ چاہے گا' وہ ہوگا۔ فرمایا: بنی آدم میں سے ہر مخلوق کی کوئی نہ کوئی شی زمین میں ہوگی پھر اللہ تعالیٰ عرش کے نیچے سے پانی بھیجے گا جس کو مردوں کی منی کی طرح ٹپکائے گا' پس اس پانی سے ان کے جسم اور گوشت اُگیں گے۔ جیسے سدّی (آبی گزرگاہ' ڈیم) سے زمین نکلتی ہے' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''اللہ وہ ذات ہے جو ہواؤں کو بھیجتی ہے تو وہ بادلوں کو اُٹھاتی ہیں''۔ پس ہم اسے مردہ زمین کی طرف لے جاتے ہیں' پس زمین کی موت کے بعد اس کے ذریعے زمین کو زندہ کرتے ہیں' اسی طرح دوبارہ اُٹھنا ہوگا۔ پھر ایک فرشتہ صور لے کر آسمان وزمین کے درمیان کھڑا ہو جائے گا۔ پس اس میں پھونکے گا تو ہر نفس (روح) اپنے جسم کی طرف چل کر اس میں داخل ہو جائے گی۔ پس وہ کھڑے ہو جائیں گے' وہ ایک آدمی کے زندہ ہونے کی طرح زندہ ہوں گے۔ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہو جائیں گے' پھر اللہ تعالیٰ مخلوق کیلئے تمثیل بنائے گا اور ان سے ملاقات کرے گا' پس مخلوق میں سے کوئی شی نہ ہوگی جو اللہ کو چھوڑ کر کسی چیز کی عبادت کرتی تھی

مَنْ تَعْبُدُونَ؟ فَيَقُولُونَ: نَعْبُدُ اللّٰهَ لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، فَيَنْتَهِرُهُمْ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ: مَنْ تَعْبُدُونَ؟ فَيَقُولُونَ: سُبْحَانَهُ إِذَا اعْتَرَفَ لَنَا عَرَفْنَاهُ، فَعِنْدَ ذٰلِكَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ فَلَا يَبْقَى مُؤْمِنٌ إِلَّا خَرَّ لِلّٰهِ سَاجِدًا، وَيَبْقَى الْمُنَافِقُونَ ظُهُورُهُمْ طَبَقًا وَاحِدًا كَأَنَّمَا فِيهَا السَّفَافِيدُ، فَيَقُولُونَ: رَبَّنَا، فَيَقُولُ: قَدْ كُنْتُمْ تُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ، وَأَنْتُمْ سَالِمُونَ، ثُمَّ يَأْمُرُ بِالصِّرَاطِ فَيُضْرَبُ عَلَى جَهَنَّمَ، فَيَمُرُّ النَّاسُ بِأَعْمَالِهِمْ زُمَرًا، أَوَائِلُهُمْ كَلَمْحِ الْبَرْقِ، ثُمَّ كَمَرِّ الرِّيحِ، ثُمَّ كَمَرِّ الطَّيْرِ، ثُمَّ كَأَسْرَعِ الْبَهَائِمِ، ثُمَّ قَالَ: ثُمَّ كَذٰلِكَ حَتَّى يَجِيءَ الرَّجُلُ سَعْيًا، حَتَّى يَجِيءَ الرَّجُلُ مَشْيًا، حَتَّى يَكُونَ آخِرُهُمْ رَجُلًا يَتَلَقَّى عَلَى بَطْنِهِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَبْطَأْتَ بِي، فَيَقُولُ: إِنَّمَا أَبْطَأَ بِكَ عَمَلُكَ، ثُمَّ يَأْذَنُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي الشَّفَاعَةِ، فَيَكُونُ أَوَّلُ شَافِعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جِبْرِيلُ، ثُمَّ إِبْرَاهِيمُ، ثُمَّ مُوسَى، أَوْ قَالَ عِيسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، قَالَ سَلَمَةُ: ثُمَّ يَقُومُ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَابِعًا لَا يَشْفَعُ أَحَدٌ بَعْدَهُ فِيمَا يَشْفَعُ فِيهِ، وَهُوَ الْمَقَامُ الْمَحْمُودُ الَّذِي وَعَدَهُ اللّٰهُ: (عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا) (الإسراء: 79) وَلَيْسَ مِنْ نَفْسٍ إِلَّا تَنْظُرُ إِلَى بَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ وَبَيْتٍ فِي النَّارِ، فَيُقَالُ: لَوْ عَمِلْتُمْ، وَهُوَ يَوْمُ الْحَسْرَةِ،

مگر وہ چیز اس کے لیے بلند ہو کر سامنے آئے گی جس کی وہ پیروی کرتا تھا۔ یہود سے مل کر پوچھے گا: تم کس کی عبادت کرتے تھے؟ وہ کہیں گے: حضرت عزیر علیہ السلام کی! فرمائے گا: کیا پانی تمہیں اچھا لگتا ہے؟ وہ کہیں گے: جی ہاں! پس ان کو سُراب کی شکل میں جہنم دکھائے گا۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''اور ہم اس دن جہنم کو کافروں کے بالکل سامنے لے آئیں گے''۔ پھر نصاریٰ سے مل کر فرمائے گا: تم کس کی عبادت کرتے تھے؟ وہ کہیں گے: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی! فرمائے گا: کیا تمہیں سراب اچھا لگتا ہے؟ وہ کہیں گے: جی ہاں! پس ان کو سراب کی صورت میں جہنم دکھائے گا اور اسی طرح (سوال و جواب) ہر اس سے ہوگا جو اللہ کو چھوڑ کر کسی شی کی عبادت کرتا تھا پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''ہاں انہیں ذرا روکو ان سے پوچھنا ہے''۔ یہاں تک کہ مسلمان گزریں گے تو ان سے ملاقات کر کے فرمائے گا: تم کس کی عبادت کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے: ہم اللہ کی عبادت کرتے تھے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے تھے۔ پس ایک یا دو بار زور دے کر ان سے پوچھے گا: کس کی عبادت کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے: اللہ پاک کی! جب وہ ہمیں اپنا سراپا دکھائے گا تو ہم ضرور اسے پہچان لیں گے۔ پس اس وقت پنڈلی سے پردہ ہٹایا جائے گا تو ہر مؤمن مسلمان اللہ کو سجدہ کرتے ہوئے گر جائے گا' لیکن منافق باقی رہ جائیں گے' ان کی پیٹھیں ایک حالت پر ہوں گی' گویا ان میں لوہے کی سلاخیں ہیں۔ پس

قَالَ: فَيَرَى أَهْلُ النَّارِ الْبَيْتَ الَّذِي فِي الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ: لَوْ عَمِلْتُمْ، وَيَرَى أَهْلُ الْجَنَّةِ الْبَيْتَ الَّذِي فِي النَّارِ فَيَقُولُ: لَوْلَا أَنْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ يَشْفَعُ الْمَلَائِكَةُ، وَالنَّبِيُّونَ، وَالشُّهَدَاءُ، وَالصَّالِحُونَ، وَالْمُؤْمِنُونَ فَيُشَفِّعُهُمُ اللَّهُ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ فَيُخْرِجُ مِنَ النَّارِ أَكْثَرَ مِمَّا أَخْرَجَ مِنْ جَمِيعِ الْخَلْقِ بِرَحْمَتِهِ حَتَّى مَا يَتْرُكُ فِيهَا أَحَدًا فِيهِ خَيْرٌ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللَّهِ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكُفَّارُ (مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ) (المدثر:42)، وَعَقَدَ بِيَدِهِ، (قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ) (المدثر:44) وَعَقَدَ أَرْبَعًا -وَقَالَ سُفْيَانُ: بِيَدِهِ وَضَمَّ أَرْبَعَ أَصَابِعَ، وَوَصَفَهُ أَبُو نُعَيْمٍ -ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: هَلْ تَرَوْنَ فِي هَؤُلَاءِ أَحَدًا فِيهِ خَيْرٌ؟ فَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ لَا يُخْرِجَ مِنْهَا أَحَدًا غَيَّرَ وُجُوهَهُمْ وَأَلْوَانَهُمْ، فَيَجِيءُ الرَّجُلُ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَيَشْفَعُ، فَقَالَ لَهُ: مَنْ عَرَفَ أَحَدًا فَلْيُخْرِجْهُ، فَيَجِيءُ الرَّجُلُ فَيَنْظُرُ وَلَا يَعْرِفُ أَحَدًا، فَيَقُولُ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: يَا فُلَانُ أَنَا فُلَانٌ، فَيَقُولُ: مَا أَعْرِفُكَ، فَيَقُولُونَ: (رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ) فَإِذَا قَالَ ذَلِكَ: أُطْبِقَتْ عَلَيْهِمْ فَلَمْ

وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! پس رب فرمائے گا: تم لوگوں کو سجدہ کی طرف دعوت دی جاتی تھی اس حال میں کہ تم تندرست تھے (تو تم سجدہ نہ کرتے تھے) پھر پل صراط کو حکم ہوگا تو وہ جہنم کے اوپر ڈال دی جائے گی' پس لوگ گروہ درگروہ اپنے اعمال کے مطابق گزریں گے۔ ان میں سے پہلے بجلی چمکنے کی طرح' پھر ہوا گزرنے کی طرح' پھر پرندے کے گزرنے کی دیر میں' پھر تیز چلنے والے چوپاؤں کی مانند۔ پھر فرمایا: پھر اسی طرح یہاں تک کہ ایک آدمی دوڑتا ہوا آئے گا حتیٰ کہ ایک آدمی پیدل چلنے والے کی طرح آئے گا یہاں تک کہ ان میں سے جو آخری آدمی ہو گا وہ اپنے پیٹ کے بل آئے گا۔ پس وہ کہے گا: اے میرے رب! تُو نے مجھے لانے میں دیر کر دی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تیرے عمل نے مجھے لانے میں دیر کر دی۔ پھر اللہ تعالیٰ اذنِ شفاعت عطا فرمائے گا' پس سب سے پہلے قیامت کے دن حضرت جبریل علیہ السلام سفارش کریں گے' پھر ابراہیم' پھر حضرت موسیٰ پھر حضرت عیسیٰ علیہم السلام۔ حضرت سلمہ نے فرمایا: پھر چوتھے نمبر پر تمہارے نبی کھڑے ہوں گے' جس بارے آپ سفارش کر دیں گے اس میں کسی اور کی سفارش کی ضرورت نہ ہوگی' وہ مقام محمود ہے (جس پر آپ ﷺ فائز ہوں گے) جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں (قیامت کے دن شفاعت کی) ایسی جگہ کھڑا کرے گا (جہاں سب آپ کی نعتیں پڑھیں گے)''۔ ہر نفس اپنے جنت و دوزخ والے دونوں گھر دیکھے گا' پس کہا جائے گا: اگر تم نے عمل کیا

يَخْرُجُ مِنْهُمْ بَشَرٌ

ہوتا جبکہ وہ حسرت کا دن ہوگا' فرمایا: پس دوزخی اپنا جنت والا گھر دیکھیں گے تو اُن سے کہا جائے گا: اگر تم نے عمل کیا ہوتا (تو تمہیں یہ گھر ملتا) اور جنتی اپنا دوزخ والا گھر دیکھیں گے' اللہ فرمائے گا: اگر تم پر اللہ احسان نہ فرماتا (تو تمہارا یہ گھر ہونا تھا)۔ پھر فرشتے شفاعت کریں گے' نبی' شہید' نیک لوگ اور خالص مؤمن کریں گے۔ پس اللہ تعالیٰ ان کی سفارش قبول فرمائے گا۔ پھر فرمائے گا: میں سب رحم فرمانے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہوں۔ پس وہ اپنی رحمت کے صدقے' دوزخ سے لوگ نکالے گا جن کی تعداد ان سے زیادہ ہوگی جو وہ تمام مخلوق سے نکالے گا یہاں تک کہ دوزخ میں نہیں رہے گا' وہ بھی جس میں تھوڑی سی بھی خیر ہوگی۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''فرما دیجئے! اے کافرو! تمہیں کون سی چیز دوزخ میں لے گئی''۔ اور اپنے ہاتھ کو باندھا' وہ کہیں گے: ''ہم نمازیوں میں سے نہ تھے اور مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے اور ہم باطل سوچ والوں کے ساتھ شریک ہوا کرتے تھے اور ہم جزاء کے دن کو جھٹلاتے تھے''۔ چار انگلیوں کو اکٹھا کیا۔ اور حضرت سفیان کا قول ہے: اپنے ہاتھ کے ساتھ' اور ملایا چار انگلیوں کو اور اس کا طریقہ ابونعیم نے بیان کیا۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ان کے بارے میں تمہارا خیال ہے کہ ان میں سے کسی میں کوئی خیر ہے؟ پس جب اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہوا کہ دوزخ سے (اب) کسی کو نہ نکالے گا تو دوزخیوں کے چہروں اور رنگوں کو بدل دے گا' پس مؤمنین میں سے ایک آدمی آ کر سفارش کرے گا تو

اس سے فرمائے گا: جو کسی ایک کو بھی پہچانتا ہے اسے اجازت ہے وہ اسے دوزخ سے نکال لائے۔ پس ایک آدمی آئے گا تو نظر ٹکائے گا کسی کو بھی نہیں پہچان پائے گا پس ایک آدمی اس آدمی کو آواز دے کر کہے گا: اے فلاں! (نام لے کر) میں فلاں (نام بتا کر) ہوں۔ وہ کہے گا: میں تجھے نہیں پہچانتا۔ پس وہ کہیں گے: "اے ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال پس اگر ہم نے دوبارہ وہ کام کیے تو ہم ظالم ہیں۔ اللہ فرمائے گا: اسی میں پڑے رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو"۔ پس جب یہ فرمائے گا تو ان کو ڈھانک دیا جائے گا تو ان میں سے کوئی فرد بشر نہیں نکل سکے گا۔

**9646**- حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، وَأَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، قَالَ: يُعَذِّبُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْإِيمَانِ فَيُخْرِجُهُمْ بِشَفَاعَةِ الشَّافِعِينَ، ثُمَّ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ لَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ

حضرت ابوزعراء سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ ایمان والوں کی ایک قوم کو عذاب دے گا پس وہ ان کو سفارش کرنے والوں کی سفارش سے نکالے گا۔ پھر فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جن کو سفارشیوں کی سفارش نفع نہ دے گی۔

**9647**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت مسروق بن اجدع سے روایت ہے (وہ

9647- ورواه الحاكم جلد 2صفحه376-377 موقوفًا ومن طريقه البيهقي في البعث والنشور (373)' وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين' ووافقه الذهبي قال شيخنا في تخريج احاديث شرح العقيدة الطحاوية صفحه470' وفيه يزيد بن عبد الرحمن أبو خالد الدالاني ولم يخرج له الشيخان شيئًا' ثم هو وان كان صدوقًا فقد كان يخطئ كثيرًا وكان ويدلس كما في التقريب' وقدصرح في هذا الأثر بالتحديث فأمنا بذلك تدليسه' فانما يخشى منه الخطأ فيه' لكنه قد توبع كما ياتي فأمنا بذلك خطأه أيضًا . وقد اخرجه الحاكم أيضًا جلد4صفحه590-592 بتمامه مطولا وكذلك الطبراني من طريق أبي خالد هذا عن ابن مسعود مرفوعًا . وقد تابعه زيد ابن أبي أنيسة مرفوعًا أيضًا

أَبُو غَسَّانَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحَضْرَمِيُّ، قَالُوا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْأَجْدَعِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَجْمَعُ اللّٰهُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ لِمِيقَاتِ يَوْمٍ مَعْلُومٍ قِيَامًا أَرْبَعِينَ سَنَةً شَاخِصَةً أَبْصَارُهُمْ إِلَى السَّمَاءِ يَنْتَظِرُونَ فَصْلَ الْقَضَاءِ، قَالَ: وَيَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ظُلَلٍ مِنَ الْغَمَامِ مِنَ الْعَرْشِ إِلَى الْكُرْسِيِّ، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ أَيُّهَا النَّاسُ: أَلَمْ تَرْضَوْا مِنْ رَبِّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ وَأَمَرَكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا أَنْ يُوَلِّيَ كُلَّ نَاسٍ مِنْكُمْ مَا كَانُوا يَتَوَلَّوْنَ وَيَعْبُدُونَ فِي الدِّينِ، أَلَيْسَ ذَلِكَ عَدْلًا مِنْ رَبِّكُمْ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَلْيَنْطَلِقْ كُلُّ قَوْمٍ إِلَى مَا كَانُوا يَعْبُدُونَ فِي الدُّنْيَا، قَالَ:

فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث سنائی' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ اوّلین و آخرین کو جمع فرمائے گا۔ ایک معین دن کے کسی وقت میں کھڑے ہوں گے' چالیس سال ان کی آنکھیں آسمان کی طرف لگی ہوئی ہوں گی' وہ فیصلہ ہو جانے کا انتظار کر رہے ہوں گے' فرمایا: اللہ تعالیٰ عرش سے بادلوں کے سائے میں کرسی کی طرف نزولِ اجلال فرمائے گا (جیسے اس کی شان ہے) پھر ایک نداء دینے والا نداء دے گا: اے لوگو! کیا تم اپنے رب سے راضی نہ ہوئے' جس نے تمہیں پیدا کیا' تمہیں رزق دیا' تمہیں حکم دیا کہ اس کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ کہ وہ تم میں سے ہر آدمی کو اسی کا دوست بنا دے جس سے وہ (دنیا میں) محبت کرتا تھا اور دین میں عبادت کرتا تھا' کیا یہ تمہارے رب کی طرف سے عدل نہیں ہے؟ لوگ عرض کریں گے: کیوں نہیں! (عدل ہے) فرمائے گا: پس ہر گروہ جائے اسی کی طرف جس کی وہ دنیا میں عبادت کرتا تھا۔ فرمایا: پس لوگ جائیں گے اور جن چیزوں کی وہ عبادت کیا کرتے تھے' وہاں ان کی مثل حاضر کی جائے گی۔ پس لوگوں میں سے کچھ ہوں گے جو سورج کی طرف جائیں گے' کچھ چاند کی طرف جائیں گے' کچھ پتھروں کے بتوں کی طرف اور ان جیسی چیزوں کی طرف جن کی وہ عبادت کرتے تھے۔ فرمایا: جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت کرتے تھے' ان کیلئے حضرت عیسیٰ علیہ

---

بتمامه عند الطبراني' وزيد ثقة' فصح بذلك الحديث' والحمد لله انتهى ـ وقال الحافظ الهيثمي في مجمع لازوائد جلد10صفحه343 رواه كله الطبراني من طرق رجال أحدها رجال الصحيح غير أبي خالد الدالاني' وهو ثقة ـ

فَيَنْطَلِقُونَ وَيُمَثَّلُ لَهُمْ أَشْيَاءُ مَا كَانُوا يَعْبُدُونَ، فَمِنْهُمْ مَنْ يَنْطَلِقُ إِلَى الشَّمْسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْطَلِقُ إِلَى الْقَمَرِ، وَإِلَى الْأَوْثَانِ مِنَ الْحِجَارَةِ وَأَشْبَاهِ مَا كَانُوا يَعْبُدُونَ، قَالَ: وَيُمَثَّلُ لِمَنْ كَانَ يَعْبُدُ عِيسَى شَيْطَانُ عِيسَى، وَيُمَثَّلُ لِمَنْ كَانَ يَعْبُدُ عُزَيْرًا شَيْطَانُ عُزَيْرٍ، وَيَبْقَى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُمَّتُهُ، قَالَ: فَيَتَمَثَّلُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ فَيَأْتِيهِمْ فَيَقُولُ: مَا لَكُمْ لَا تَنْطَلِقُونَ كَمَا انْطَلَقَ النَّاسُ؟ قَالَ: فَيَقُولُونَ إِنَّ لَنَا لَإِلَهًا مَا رَأَيْنَاهُ بَعْدُ، فَيَقُولُ: هَلْ تَعْرِفُونَهُ إِنْ رَأَيْتُمُوهُ؟ فَيَقُولُونَ: إِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ عَلَامَةً إِذَا رَأَيْنَاهَا عَرَفْنَاهَا، قَالَ: فَيَقُولُ: مَا هِيَ؟، فَيَقُولُونَ: يَكْشِفُ عَنْ سَاقِهِ، قَالَ: فَعِنْدَ ذَلِكَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ فَيَخِرُّ كُلُّ مَنْ كَانَ بِظَهْرِهِ طَبَقٌ، وَيَبْقَى قَوْمٌ ظُهُورُهُمْ كَصَيَاصِيِّ الْبَقَرِ يُرِيدُونَ السُّجُودَ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ، وَقَدْ كَانَ يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ، ثُمَّ يَقُولُ: ارْفَعُوا رُءُوسَكُمْ، فَيَرْفَعُونَ رُءُوسَهُمْ فَيُعْطِيهِمْ نُورَهُمْ عَلَى قَدْرِ أَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ يُعْطَى نُورَهُ مِثْلَ الْجَبَلِ الْعَظِيمِ يَسْعَى بَيْنَ يَدَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يُعْطَى نُورَهُ أَصْغَرَ مِنْ ذَلِكَ، وَمِنْهُمْ مَنْ يُعْطَى نُورًا مِثْلَ النَّخْلَةِ بِيَمِينِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يُعْطَى نُورًا أَصْغَرَ مِنْ ذَلِكَ، حَتَّى يَكُونَ رَجُلًا يُعْطَى نُورَهُ عَلَى إِبْهَامِ قَدَمِهِ

السلام کے شیطان کی تمثیل ہو گی اور جو حضرت عزیر علیہ السلام کی عبادت کرتے تھے' ان کیلئے حضرت عزیر علیہ السلام کی تمثیل ہو گی۔ (اب پیچھے) حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی اُمت باقی رہ جائے گی۔ پس رب عزوجل کی مثال بن کران کے پاس آئے گی۔ وہ فرمائے گا: تمہیں کیا ہے' تم کیوں نہیں جاتے ہو جس طرف لوگ جا رہے ہیں۔ پس وہ کہیں گے: ہمارا ایک معبود ہے' جس کو ہم نے اس کے بعد نہیں دیکھا۔ اللہ فرمائے گا: اگر (اب) تم اسے دیکھ لو تو پہچان لو گے؟ پس وہ عرض کریں گے: ہمارے اور اس کے درمیان ایک علامت ہے جب ہم نے اسے دیکھا تو ضرور پہچان لیں گے۔ فرمایا: رب فرمائے گا: وہ کیا ہے؟ پس وہ عرض کریں گے: وہ اپنی پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا۔ فرمایا: پس اس وقت رب تعالیٰ پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا' پس ہر وہ آدمی جس کی پیٹھ پر طبق ہو گا وہ غش کھا کر گر پڑے گا اور جن کی پیٹھ گائے کے سینگوں کی طرح ہو گی' وہ سجدہ کا ارادہ کریں گے لیکن سجدہ کرنے کی طاقت نہیں ہو گی حالانکہ جب وہ تندرست تھے تو انہیں سجدہ کرنے کی دعوت دی جاتی تھی۔ پھر رب فرمائے گا: اپنے سروں کو اوپر اُٹھاؤ' پس وہ اپنے سر اُٹھائیں گے' ان کو ان کے اعمال کے مطابق نور عطا کیا جائے گا' ان میں سے کچھ وہ ہوں گے جن کو بڑے پہاڑ کی مانند نور عطا کیا جائے گا جو ان کے سامنے دوڑتا ہو گا' کچھ کو اس سے چھوٹا نور عطا کیا جائے گا' کچھ کو ان کے دائیں ہاتھ میں کھجور کی مانند نور عطا ہو گا اور کچھ کو اس سے چھوٹا حتیٰ کہ ایک آدمی ایسا ہو گا جس کو اس

يُضِيءُ مَرَّةً وَيَطْفَأُ مَرَّةً، فَإِذَا أَضَاءَ قَدَّمَ قَدَمَهُ فَمَشَى، وَإِذَا طُفِئَ قَامَ، قَالَ: وَالرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ أَمَامَهُمْ حَتَّى يَمُرَّ فِي النَّارِ فَيَبْقَى أَثَرُهُ كَحَدِّ السَّيْفِ دَحْضٌ مَزِلَّةٌ، قَالَ: وَيَقُولُ: مُرُّوا، فَيَمُرُّونَ عَلَى قَدْرِ نُورِهِمْ، مِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَطَرْفِ الْعَيْنِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالْبَرْقِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالسَّحَابِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَانْقِضَاضِ الْكَوْكَبِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالرِّيحِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَشَدِّ الْفَرَسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَشَدِّ الرَّجُلِ، حَتَّى يَمُرَّ الَّذِي أُعْطِيَ نُورَهُ عَلَى إِبْهَامِ قَدَمَيْهِ يَحْبُو عَلَى وَجْهِهِ وَيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ تَخِرُّ رِجْلٌ، وَتَعْلَقُ رِجْلٌ، وَيُصِيبُ جَوَانِبَهُ النَّارُ، فَلَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى يَخْلُصَ، فَإِذَا خَلَصَ وَقَفَ عَلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ لَقَدْ أَعْطَانِي اللَّهُ مَا لَمْ يُعْطِ أَحَدًا أَنْ نَجَّانِي مِنْهَا بَعْدَ إِذْ رَأَيْتُهَا، قَالَ: فَيُنْطَلَقُ بِهِ إِلَى غَدِيرٍ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَغْتَسِلُ فَيَعُودُ إِلَيْهِ رِيحُ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَلْوَانُهُمْ، فَيَرَى مَا فِي الْجَنَّةِ مِنْ خِلَالِ الْبَابِ فَيَقُولُ: رَبِّ أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ اللَّهُ لَهُ: أَتَسْأَلُ الْجَنَّةَ، وَقَدْ نَجَّيْتُكَ مِنَ النَّارِ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ اجْعَلْ بَيْنِي وَبَيْنَهَا حِجَابًا لَا أَسْمَعُ حَسِيسَهَا، قَالَ: فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَرَى -أَوْ يُرْفَعُ لَهُ- مَنْزِلٌ أَمَامَ ذَلِكَ كَأَنَّمَا هُوَ فِيهِ إِلَيْهِ حُلْمٌ، فَيَقُولُ: رَبِّ أَعْطِنِي ذَلِكَ

کے پاؤں کے انگوٹھے پر اس کا نور دیا جائے گا جو کبھی روشن ہوگا اور کبھی بجھ جائے گا۔ پس جب وہ روشن ہوگا تو وہ آدمی قدم آگے بڑھا کر چلے گا اور جب وہ بجھ جائے گا تو وہ کھڑا ہو جائے گا۔ فرمایا: ان کا رب ان کے سامنے ہوگا حتیٰ کہ وہ آگ میں چلے گا تو اس کا اثر تلوار کی تیزی کی مانند رہ جائے گا۔ پھسلاہٹ والی جگہ۔ فرمایا: رب فرمائے گا: چلو! تو وہ اپنے نور کی مقدار کے مطابق چلیں گے' ان میں سے بعض وہ ہوں گے جو آنکھ جھپکنے کی مانند چلیں گے' بعض بجلی کی طرح' بعض بادل کی طرح' بعض ستارہ ٹوٹنے کی طرح' بعض ہوا کی طرح' بعض گھوڑے کی بندش کی طرح' بعض آدمی کی بندش کی طرح' حتیٰ کہ وہ آدمی جس کے دونوں پاؤں کے انگوٹھوں میں نور دیا گیا ہوگا اس حال میں گزرے گا کہ کبھی منہ کے بل' کبھی اپنے ہاتھوں اور کبھی ٹانگوں پر گرے گا' ایک ٹانگ گر جائے گی اور ایک ٹانگ لٹک جائے گی' اس کے اطراف سے اسے آگ پہنچے گی۔ پس وہ اسی حال پر رہے گا حتیٰ کہ اسے خلاصی ملے۔ پس جب اسے خلاصی ملے گی تو وہ اس پر کھڑا ہوگا۔ پھر وہ کہے گا: تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے مجھے جو کچھ دیا ہے' اس نے کسی کو نہیں دیا کہ اس نے مجھے دوزخ دکھانے کے بعد مجھے اس سے نجات دی ہے۔ فرمایا: پس اللہ اسے جنت کے دروازے پر ایک تالاب کے پاس لائے گا' وہ غسل کرے گا تو اس کی طرف جنت کی خوشبو آئے گی اور وہ جنتیوں کے رنگ دیکھے گا۔ پس وہ دروازے کے دریچوں میں سے جنت کی نعمتوں کو دیکھے گا' عرض کرے گا: اے

الْمَنْزِلَ، فَيَقُولُ لَهُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ، وَأَيُّ مَنْزِلٍ يَكُونُ أَحْسَنَ مِنْهُ، قَالَ: وَيَرَى أَوْ يُرْفَعُ لَهُ أَمَامَ ذَلِكَ مَنْزِلٌ آخَرُ كَأَنَّمَا هُوَ إِلَيْهِ حُلْمٌ، فَيَقُولُ: أَعْطِنِي ذَلِكَ الْمَنْزِلَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، قَالَ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُ غَيْرَهُ وَأَيُّ مَنْزِلٍ يَكُونُ أَحْسَنَ مِنْهُ، قَالَ: فَيُعْطَاهُ فَيَنْزِلَهُ ثُمَّ يَسْكُتُ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَا لَكَ لَا تَسْأَلُ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ لَقَدْ سَأَلْتُكَ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُكَ، وَأَقْسَمْتُ لَكَ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُكَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى: أَلَمْ تَرْضَ أَنْ أُعْطِيَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا مُنْذُ خَلَقْتُهَا إِلَى يَوْمِ أَفْنَيْتُهَا وَعَشَرَةَ أَضْعَافِهِ؟ فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي، وَأَنْتَ رَبُّ الْعِزَّةِ، فَيَضْحَكُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ قَوْلِهِ - قَالَ: فَرَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ إِذَا بَلَغَ هَذَا الْمَكَانَ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ ضَحِكَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَدْ سَمِعْتُكَ تُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ مِرَارًا كُلَّمَا بَلَغْتَ هَذَا الْمَكَانَ ضَحِكْتَ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ مِرَارًا كُلَّمَا بَلَغَ هَذَا الْمَكَانَ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ ضَحِكَ حَتَّى تَبْدُوَ أَضْرَاسُهُ -قَالَ:

میرے رب! مجھے جنت میں داخل کر دے! اللہ فرمائے گا: کیا تُو جنت مانگتا ہے حالانکہ (اپنی خصوصی مہربانی سے) میں نے تجھے دوزخ سے نجات دی ہے۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میرے اور اس کے درمیان پردہ بنا دے کہ میں اس کی ہلکی سی آواز بھی نہ سنوں۔ فرمایا: وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ فرمایا: پس وہ دیکھے گا' یا فرمایا: اس کیلئے اُٹھایا جائے گا ایک گھر بالکل سامنے گویا وہ اس کا خواب ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! یہ گھر مجھے عطا کر! پس اس سے فرمایا جائے گا: ممکن ہے میں تجھے یہ عطا کروں تو تُو اور مانگے۔ وہ عرض کرے گا: نہیں! تیری عزت کی قسم! اس کے علاوہ میں تجھ سے کوئی شی نہ مانگوں گا اور کون سی منزل ہے جو اس سے زیادہ خوبصورت ہو (کہ میں وہ تجھ سے مانگوں' وہ اسے دے دیا جائے گا)۔ فرمایا: وہ دیکھے گا یا اس کے سامنے ایک اور گھر بلند کیا جائے گا' گویا کہ وہ اس کیلئے خواب ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے یہ گھر دیدے! پس اللہ فرمائے گا: ہوسکتا ہے کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ مانگے اگر میں تجھے یہ عطا کر دوں۔ وہ عرض کرے گا: جی نہیں! تیری عزت کی قسم! اس کے سوا میں نہیں مانگوں گا اور اس سے زیادہ خوبصورت گھر کون سا ہوسکتا ہے (جو میں مانگوں)۔ فرمایا: وہ اسے عطا کر دیا جائے گا' وہ اس میں اُتر جائے گا اور پھر خاموش ہو جائے گا۔ پس اللہ فرمائے گا: تجھے کیا ہے' سوال کیوں نہیں کرتا؟ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میں نے تجھ سے بہت مانگا ہے حتیٰ کہ اب تجھ سے حیاء آتی ہے اور میں

فَيَقُولُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ: وَلَكِنِّي عَلَى ذَلِكَ قَادِرٌ، سَلْ، فَيَقُولُ: أَلْحِقْنِي بِالنَّاسِ، فَيَقُولُ: الْحَقِ النَّاسَ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ يَرْمُلُ فِي الْجَنَّةِ حَتَّى إِذَا دَنَا مِنَ النَّاسِ رُفِعَ لَهُ قَصْرٌ مِنْ دُرَّةٍ فَيَخِرُّ سَاجِدًا، فَيُقَالُ لَهُ: ارْفَعْ رَأْسَكَ مَا لَكَ؟ فَيَقُولُ: رَأَيْتُ رَبِّي -أَوْ تَرَاءَى لِي رَبِّي- فَيُقَالُ لَهُ: إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ مِنْ مَنَازِلِكَ، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى رَجُلًا فَيَتَهَيَّأُ لِلسُّجُودِ لَهُ فَيُقَالُ لَهُ: مَهْ، مَا لَكَ؟ فَيَقُولُ: رَأَيْتُ أَنَّكَ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَيَقُولُ: إِنَّمَا أَنَا خَازِنٌ مِنْ خُزَّانِكَ، عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِكَ تَحْتَ يَدَيَّ أَلْفُ قَهْرَمَانٍ عَلَى مِثْلِ مَا أَنَا عَلَيْهِ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ أَمَامَهُ حَتَّى يَفْتَحَ لَهُ الْقَصْرَ، قَالَ: وَهُوَ فِي دُرَّةٍ، مُجَوَّفَةٍ سَقَائِفُهَا، وَأَبْوَابُهَا، وَأَغْلَاقُهَا، وَمَفَاتِيحُهَا مِنْهَا تَسْتَقْبِلُهُ جَوْهَرَةٌ خَضْرَاءُ مُبَطَّنَةٌ بِحَمْرَاءَ كُلُّ جَوْهَرَةٍ تُفْضِي إِلَى جَوْهَرَةٍ عَلَى غَيْرِ لَوْنِ الْأُخْرَى فِي كُلِّ جَوْهَرَةٍ سُرُرٌ وَأَزْوَاجٌ، وَوَصَائِفُ أَدْنَاهُنَّ حَوْرَاءُ عَيْنَاءُ عَلَيْهَا سَبْعُونَ حُلَّةً يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ حُلَلِهَا، كَبِدُهَا مِرْآتُهُ وَكَبِدُهُ مِرْآتُهَا، إِذَا أَعْرَضَ عَنْهَا إِعْرَاضَةً ازْدَادَتْ فِي عَيْنِهِ سَبْعِينَ ضِعْفًا عَمَّا كَانَتْ قَبْلَ ذَلِكَ، وَإِذَا أَعْرَضَتْ عَنْهُ إِعْرَاضَةً ازْدَادَ فِي عَيْنِهَا سَبْعِينَ ضِعْفًا عَمَّا كَانَ قَبْلَ ذَلِكَ، فَيَقُولُ لَهَا: وَاللَّهِ لَقَدِ ازْدَدْتِ فِي عَيْنِي

تیرے لیے قسم کھا چکا ہوں حتیٰ کہ میں تجھ سے حیاء کے پردے میں ہوں۔ پس اللہ فرمائے گا: کیا تُو اس پر راضی نہیں ہے کہ میں تجھے اتنی جنت دوں جتنی پوری دنیا تھی' جب سے میں نے اسے پیدا کیا اس دن تک جس دن میں اسے فنا کروں اور اس سے دس گنا اور زیادہ؟ پس وہ بندہ عرض کرے گا: کیا تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تُو عزت والا رب ہے۔ اس کی بات سن کر رب ہنس پڑے گا۔ پس میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا' جب اس مقام پر پہنچے تو آپ ہنس پڑے۔ تو ایک آدمی نے آپ کی خدمت میں عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو سنا' آپ نے یہ حدیث کئی بار بیان کی' جب بھی آپ اس جگہ پہنچے تو ہنس پڑے۔ فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ حدیث کئی بار بیان فرمائی' جب بھی آپ اس مقام پر پہنچے تو ہنس پڑے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہو گئیں۔ فرمایا: رب فرمائے گا: لیکن میں اس پر قادر ہوں' مانگ! تو وہ عرض کرے گا: مجھے لوگوں سے ملا دے! رب فرمائے گا: لوگوں سے مل جا! فرمایا: وہ مٹک مٹک کر چلتا ہوا کندھے ہلا ہلا کر جنت میں جائے گا حتیٰ کہ جب وہ لوگوں کے قریب ہوگا تو اس کے لیے موتیوں کا ایک محل بلند کیا جائے گا تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر پڑے گا۔ اس سے کہا جائے گا: اپنا سر اُٹھا' تجھے کیا ہے؟ پس وہ عرض کرے گا: میں نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے۔ پس اس سے کہا جائے گا: یہ تو تیرے کئی گھروں میں سے ایک گھر ہے۔ فرمایا: پھر وہ ایک آدمی سے ملے گا تو اس

سَبْعِينَ ضِعْفًا، وَتَقُولُ لَهُ: وَأَنْتَ وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتَ فِي عَيْنِي سَبْعِينَ ضِعْفًا، فَيُقَالُ لَهُ: أَشْرِفْ، قَالَ: فَيُشْرِفُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُلْكُكَ مَسِيرَةُ مِائَةِ عَامٍ يَنْفُذُهُ بَصَرُهُ

کو سجدہ کرنے کو تیار ہو جائے گا' تو اس سے کہا جائے گا: ٹھہر! تجھے کیا ہے؟ وہ کہے گا: میں نے دیکھا ہے کہ تو فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے۔ پس وہ کہے گا: میں تو تیرے خزانچیوں میں سے ایک خزانچی ہوں اور تیرے نوکروں میں سے ایک نوکر ہوں۔ میرے قبضے میں ایک ہزار امین ہیں' اسی حالت پر جس پر میں ہوں۔ فرمایا: وہ اس کے سامنے چل پڑے گا حتیٰ کہ اس کیلئے محل کو کھولے گا۔ فرمایا: وہ ایسا محل ہے جس کی چھتیں اندر سے خالی موتیوں کی' اس کے دروازے' تالے اور ان کی چابیاں بھی' ایک سبز جوہر اس کے سامنے ہوگا جس کا اندر سرخ ہوگا۔ ہر جوہر ایک دوسرے جوہر کی طرف لے جائے گا جس کا رنگ پہلے کے علاوہ ہوگا۔ ہر جوہر میں پلنگ یا اس کی بیویاں اور دوشیزائیں (برائے خدمت) موجود ہوں گی' سب سے کم درجہ موٹی آنکھوں والی حور ہوگی' اس پر ستر عمدہ لباس ہوں گے' اس کی پنڈلی کا گودا اس کے لباسوں کے اوپر سے نظر آئے گا' اس کا جگر اس کے آئینے اور اس کا آئینہ اس کے جگر کی مانند ہوگا' جب وہ آدمی اس سے تھوڑا سا بھی اعراض کرے گا تو اس کی آنکھ میں اللہ تعالیٰ پہلے سے ستر گنا اضافہ کر دے گا اور پھر اگر وہ اس سے تھوڑا سا منہ موڑے گا تو اس کی آنکھوں میں پہلے سے ستر گنا زیادہ حُسن چمک اُٹھے گا۔ پس وہ آدمی اس سے کہے گا: قسم بخدا! میری آنکھ میں تُو ستر گنا زیادہ ہوگئی ہے۔ وہ اس سے عرض کرے گی: قسم بخدا! میری آنکھ میں تُو ستر گنا زیادہ ہو گیا ہے۔ پس اس آدمی سے کہا جائے گا: جھانک کر دیکھ!

9648- قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: أَلَا تَسْمَعُ مَا يُحَدِّثُنَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ يَا كَعْبُ عَنْ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا، فَكَيْفَ أَعْلَاهُمْ، فَقَالَ كَعْبٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ دَارًا فَجَعَلَ فِيهَا مَا شَاءَ مِنَ الْأَزْوَاجِ، وَالثَّمَرَاتِ، وَالْأَشْرِبَةِ، ثُمَّ أَطْبَقَهَا، ثُمَّ لَمْ يَرَهَا أَحَدٌ مِنْ خَلْقِهِ، لَا جِبْرِيلُ وَلَا غَيْرُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، ثُمَّ قَرَأَ كَعْبٌ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة: 17)، قَالَ: وَخَلَقَ دُونَ ذَلِكَ جَنَّتَيْنِ وَزَيَّنَهُمَا بِمَا شَاءَ وَأَرَاهُمَا مَنْ شَاءَ مِنْ خَلْقِهِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ كِتَابُهُ فِي عِلِّيِّينَ نَزَلَ تِلْكَ الدَّارَ الَّتِي لَمْ يَرَهَا أَحَدٌ حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ لَيَخْرُجُ فَيَسِيرُ فِي مُلْكِهِ فَمَا تَبْقَى خَيْمَةٌ مِنْ خِيَمِ الْجَنَّةِ إِلَّا دَخَلَهَا مِنْ ضَوْءِ وَجْهِهِ فَيَسْتَبْشِرُونَ بِرِيحِهِ، فَيَقُولُونَ: وَاهًا لِهَذَا الرِّيحِ، هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ، قَدْ خَرَجَ يَسِيرُ فِي مُلْكِهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا كَعْبُ، إِنَّ هَذِهِ الْقُلُوبَ قَدِ اسْتَرْسَلَتْ وَاقْبِضْهَا، فَقَالَ كَعْبٌ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ لِجَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَزَفْرَةً مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ،

فرمایا: وہ جھانکے گا تو اس سے کہا جائے گا: تیرا ملک' سو سال کی مسافت ہے' اس میں اس کی آنکھ جائے گی۔

راوی کا بیان ہے: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے کعب! کیا آپ سنتے ہیں جو اُم عبد کا بیٹا اہل جنت کے گھر کے اعتبار سے ادنیٰ فرد کا ذکر کر رہا ہے۔ پس وہ ان کا اعلیٰ کیسے ہو گا؟ تو حضرت کعب نے کہا: اے امیر المؤمنین! کسی آنکھ نے جسے دیکھا نہیں اور کسی کان نے اسے سنا نہیں' بے شک اللہ نے ایسا گھر بنایا ہے جس میں اس نے جو چاہا' ازواج' پھل اور شربت رکھے' پھر اسے ڈھانپ دیا' پھر اس کی مخلوق میں سے کسی نے نہ دیکھا نہ جبریل نے اور نہ ان کے علاوہ دیگر فرشتوں نے۔ پھر حضرت کعب نے یہ آیت تلاوت کی: ''فلا تعلم نفس الی آخرہ''۔ کہا: اللہ تعالیٰ نے اس کے سامنے دو جنتیں بنائیں اور ان کو سجایا جس کے ساتھ چاہا اور وہ دکھائیں اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہا۔ پھر کہا: جس کا نامۂ عمل علیین میں ہوگا' وہ اس گھر میں اُترے گا جس کو کسی نے نہیں دیکھا ہے حتیٰ کہ ایک آدمی اہلِ علیین میں سے نکلے گا' پس وہ اپنے ملک میں سیر کرے گا تو جنت کے خیموں میں سے کوئی خیمہ ایسا نہ ہوگا جس میں اس کے چہرے کی روشنی داخل نہ ہوگی' اس سے ایسی خوشبو اُٹھے گی جس سے جنتی خوش ہوں گے۔ پس وہ بولیں گے: واہ کیسی خوشبو ہے۔ یہ علیین میں سے ایک آدمی ہوگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے کعب! تجھے افسوس! بے شک یہ دل نرم ہو گئے ہیں' ان پر قبضہ کر لے۔ تو حضرت کعب نے فرمایا: قسم ہے اس ذات

وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ إِلَّا يَخِرُّ لِرُكْبَتَيْهِ، حَتَّى إِنَّ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلَ اللّٰهِ لَيَقُولُ: رَبِّ نَفْسِي نَفْسِي، حَتَّى لَوْ كَانَ لَكَ عَمَلُ سَبْعِينَ نَبِيًّا إِلَى عَمَلِكَ لَظَنَنْتَ أَنَّكَ لَا تَنْجُو وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک اس دن جہنم کی ایسی آواز (چنگھاڑ) ہوگی کہ مقرب فرشتے اور نبی مرسل بھی اپنے گھٹنوں کے بل جا گریں گے حتیٰ کہ حضرت ابراہیم جو کہ اللہ کے خلیل ہیں نفسی نفسی پکاریں گے حتیٰ کہ اگر تیرے پاس ستر نبیوں کا عمل ہوگا تو بھی تُو گمان کرے گا کہ نجات مشکل ہے۔ اور یہ الفاظ حضرت زید بن ابوانیسہ کی حدیث کے ہیں۔

**9649-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا أَبِي، ثنا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو طَيْبَةَ، عَنْ كُرْزِ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ أَرْبَعِينَ سَنَةً شَاخِصَةً أَبْصَارُهُمْ يَنْتَظِرُونَ فَصْلَ الْقَضَاءِ حَتَّى يَلْتَهِمَهُمُ الْعَرَقُ مِنْ شِدَّةِ الْكَرْبِ، ثُمَّ يَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَجْثُو الْأُمَمُ وَيُنَادِي: أَيُّهَا النَّاسُ، أَلَا تَرْضَوْنَ مِنْ رَبِّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَأَمَرَكُمْ بِعِبَادَتِهِ، ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ عَنْهُ وَكَفَرْتُمْ نِعْمَتَهُ أَنْ يُخَلِّيَ بَيْنَكُمْ، وَبَيْنَ مَا تَوَلَّيْتُمْ، يَتَوَلَّى كُلُّ إِنْسَانٍ مَا تَوَلَّى، فَيُنَادِي مُنَادٍ مَنْ كَانَ يَتَوَلَّى شَيْئًا فَلْيَلْزَمْهُ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ مَنْ كَانَ تَوَلَّى حَجَرًا أَوْ عُودًا أَوْ دَابَّةً ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم نے فرمایا: (قیامت کے دن) لوگ رب العالمین کے لیے چالیس سال اس طرح کھڑے ہوں گے کہ ان کی آنکھیں اوپر لگی ہوں گی فیصلہ کی گھڑی ختم ہونے کا انتظار کرتے ہوں گے اس سخت مصیبت کے سبب ان کا پسینہ بہہ رہا ہوگا' پھر اللہ تعالیٰ (اپنی شان کے مطابق) نزولِ اجلال فرمائے گا' اُمتیں گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں گی یا انگلیوں کے کناروں پر کھڑی ہوجائیں گی۔ نداء آئے گی: اے لوگو! کیا تم اپنے رب سے راضی نہیں ہو جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہیں اپنی عبادت کا حکم دیا' پھر تم نے اس سے منہ پھیر لیا اور اس کی نعمتوں کی ناشکری کی کہ وہ تمہارے اور ان کے درمیان معاملہ کھلا چھوڑ دے جن سے تم نے دوستی کی' جس سے بھی (دنیا میں) ہر آدمی دوستی کرتا تھا۔ ایک نداء دینے والا نداء کرے گا: جو آدمی جس چیز سے محبت کرتا تھا' وہ اسی کے ساتھ ہو جائے۔ فرمایا: جو پتھر سے دوستی کرتا تھا (عبادت کرتا تھا) یا لکڑی یا جانور سے' وہ اس کی طرف چلا جائے گا۔ پھر اس کے بعد حضرت زید بن ابوانیسہ کی

حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

## وَمِنْ مُسْنَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات کردہ احادیث

9679- ورواه هكذا من طريق خالد بن مخالد به ابن أبي شيبة في المصنف جلد 11 صفحه505 وأبو يعلى جلد 1 صفحه232 وابن حبان رقم الحديث: 2389' والبزار جلد 1 صفحه240' والخطيب في شرب أهل الحديث رقم: 63' صفحه 34-35' وفي الجامع جلد2صفحه163' والبخارى في التاريخ الكبير (177/1/3)' والبيهقي في الدعوات الكبرى جلد 1صفحه18 . وقال البزار بعد أن رواه: وهذا الحديث رواه خالد بن مخلد هكذا' ورواه محمد بن خالد بن عثمة عن موسى بن يعقوب عن عبد الله بن كيسان عن عبد الله بن شداد عن ابن مسعود' ولم يقل محمد بن خالد عن عبد الله بن شداد عن أبيه' ولا نعلم روى شداد بن الهاد عن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم الا هذا الحديث . قلت: رواه من هذا الطريق الترمذي رقم الحديث: 2482' وأبو يعلى جلد 1 صفحه235' والبزار جلد 1 صفحه279' والبغوى في شرح السنة رقم الحديث: 687,686' والبخارى في التاريخ الكبير (177/1/3)' ورواه البخارى في التاريخ أيضًا من طريق عبد الله بن كيسان عن سعيد ابن أبي سعيد عن عتبة عن ابن مسعود . قال شيخنا في تخريج المشكاة جلد 1 صفحه291 قلت: واسناده ضعيف فيه عبد الله بن كيسان وهو الزهري مولى طلحة بن عبد الله بن عوف لم يوثقه غير ابن حبان' وقال ابن القطان: لا يعرف حاله . قال الحافظ في الفتح جلد11 صفحه167' وللحديث شاهد من حديث أبي أمامة بلفظ: "صلاة أمتي تعرض على في كل جمعة فمن كان أكثرهم على صلاة كان أقربهم مني منزلة" . أخرجه البيهقي ولا بأس بسنده . قال المنذري في الترغيب والترهيب جلد3صفحه303' رواه البيهقي باسناد حسن الا أن مكحولًا قيل لم يسمع من أبي أمامة . وقال الفيروز آبادي في الصلاة والبشر صفحه36 اسناده جيد ورجاله ثقات وأخرجه البيهقي وجماعة . وقال السخاوى في القول البديع صفحه158' رواه البيهقي بسند حسن لا بأس به الا أن مكحولًا قيل لم يسمع من أبي أمامة في قول الجمهور' نعم في مسند الشاميين للطبراني التصريح بسماعه منه . ورواه الديلمي في مسند الفردوس فأسقط منه ذكر مكحول وسنده ضعيف . قلت: رواه البيهقي في السنن جلد3صفحه249' وحياة الأنبياء صفحه 11' وقال الحافظ الذهبي في المهذب جلد3صفحه225 قلت: مكحول لم يلق أبا أمامة .

مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُ النَّاسِ عَلَيَّ صَلَاةً

**9680-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا رَفَعَهُ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، وَلَا عَلَى خَالَتِهَا، وَلَا تَشْتَرِطُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَكْفِءَ مَا فِي صَحْفَتِهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت زینب رضی اللہ عنہا' حضرت عبداللہ سے روایت کرتی ہیں' آپ فرماتے ہیں۔ میں یہ حدیث مرفوعاً بیان کرتا ہوں کہ عورت اور اس کی پھوپھی اور عورت اور اس کی خالہ کو ایک نکاح میں جمع نہ کیا جائے' نہ اپنی بہن کی طلاق کی شرط لگائے تاکہ اس کا نکاح ختم کرے۔

## بَابٌ

## باب

**9681-** حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيُّ، ثنا أَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنِي صَاحِبُ هَذِهِ الدَّارِ، يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے

---

9680- ورواه البزار جلد 1صفحه242' وقال البزار: لا نعلمه عن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم الا بهذا الاسناد . قال في المجمع جلد 4صفحه263' واسناده منقطع بين المنهال بن خليفة وعمرو بن الحارث ابن أبي ضرار ورجالهما ثقات . وقال الحافظ في زوائد البزار صفحه148 قلت: بل هو متصل قال: فيه خالد بن سلمة وهو ضعيف . وفي نسخة أحمد الثالث عن زيب امرأة عبد الرحمٰن وهو خطأ .

9681- قال في المجمع جلد 10صفحه301' ورجاله رجال الصحيح غير عمرو بن عبد الله النخعي وهو ثقة . قال شيخنا في سلسلة الصحيحة جلد 3صفحه476 عن زيادة أن يسلم الناس من لسانك' اني لم أرها في شيء من طرق الحديث في الصحيحين وغيرهما كالمسند' بل ان قول ابن مسعود: "ولو استزدته لزادني ليدفعها فهي زيادة منكرة لمخالفتها الرواية الشيخين ثم الجهاد في سبيل الله .

قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ عَلَى مِيقَاتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْ يَسْلَمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِكَ، ثُمَّ سَكَتَ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي۔

بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو اپنی زبان کے شر سے محفوظ رکھنا۔ پھر آپ خاموش رہے اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيُّ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**9682**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ بْنُ الْعَيْزَارِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ سَكَتَ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ! پھر آپ خاموش رہے اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9683**- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

---

9682- رواه أحمد رقم الحديث: 4313,4186,3890 والبخاري رقم الحديث: 7534,5970,2782,527 ومسلم رقم الحديث: 85 والترمذي رقم الحديث: 1960,173 والنسائي جلد 1 صفحه 292-293 والحميدي رقم الحديث: 103 وأبو داؤد الطيالسي رقم الحديث: 256 والبزار جلد 1 صفحه 280 .

السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، حَدَّثَنِي صَاحِبُ هَذِهِ الدَّارِ، يَعْنِي ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ؟ أَوْ أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر جہاد فی سبیل اللہ! اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9684**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، كِلَاهُمَا عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، ثُمَّ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ پھر جہاد فی سبیل اللہ!

**9685**- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي يَعْفُورٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا' پھر والدین سے نیکی کرنا' پھر اللہ کی راہ میں

سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، ثُمَّ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

جہاد کرنا۔

**9686**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِأَوَّلِ وَقْتِهَا، وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اوّل وقت پر نماز ادا کرنا' والدین سے نیکی کرنا اور جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔

**9687**- حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثنا بَيَانٌ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا ، قِيلَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ ، قِيلَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس کے بعد کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ عرض کی گئی: اس کے بعد کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔

**9688**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ: ذَكَرَ أَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ، أَخْبَرَنِي رَبُّ هَذِهِ الدَّارِ، يَعْنِي ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد کون سا؟

الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِمِيقَاتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ سَكَتَ عَنِّي، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

آپﷺ نے فرمایا: اور اللہ کی راہ میں جہاد اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9689-** حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: إِقَامَةُ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا، وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا' والدین سے نیکی کرنا اور جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔

**9690-** قُلْتُ: أَيُّ الْعَمَلِ أَشَرُّ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِخَالِقِكَ نِدًّا، وَأَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ أَنْ لَا يَأْكُلَ مَعَكَ، أَوْ تَزْنِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ، وَنَزَلَ الْقُرْآنُ

میں نے عرض کی: کون سا عمل بُرا ہے؟ فرمایا: تُو اپنے خالق کے مدمقابل کسی کو ٹھہرائے اور اپنی اولاد کو قتل کرے تاکہ وہ تیرے ساتھ نہ کھائے اور اپنی پڑوسن سے زنا کرے حالانکہ قرآن نازل ہوا ہے۔

**9691-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ: سَأَلْتَنِي عَمَّا سَأَلْتُ عَنْهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں آکر پوچھا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو نے مجھ سے وہ سوال کیا ہے جو نے رسول اللہﷺ سے پوچھا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ والدین سے نیکی کرنا اور اللہ کی راہ میں جہاد

الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9692-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔

**9693-** حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔

**9694-** حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَتَاهُ قَوْمٌ فَسَأَلُوهُ عَنْ فَضَائِلَ، فَقَالَ: الصَّلَاةُ الْمَكْتُوبَةُ لِوَقْتِهَا، وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر فرض نماز ادا کرنا اور والدین سے نیکی کرنا۔

**9695-** حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، ح

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ!

---

9695- ورواه احمد رقم الحديث: 4285,4243,3973' وعبد الرزاق فی المصنف رقم الحديث: 20295 .

وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ الْعَسَّالُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ الشَّامِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا سِنَانُ بْنُ مُظَاهِرٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ الْفَرَّاءُ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو سَيَّارٍ أَحْمَدُ بْنُ حَمُّوَيْهِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ بْنِ مُوسَى التُّسْتَرِيُّ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ الضَّحَّاكِ الْكِنْدِيُّ، كُلُّهُمْ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَوَاتُ لِوَقْتِهِنَّ، وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مَعْمَرٍ، وَالْآخَرُونَ نَحْوَهُ

کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔ یہ الفاظ حضرت معمر کی حدیث کے ہیں اور دوسرے راویوں نے اس جیسی حدیث روایت کی ہے۔

9696- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، وَأَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا' والدین سے

عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

نیکی کرنا اور جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔ اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9697**- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، وَأَبُو عَوَانَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، أنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، كُلُّهُمْ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَنْ تُصَلِّيَ الصَّلَاةَ لِمَوَاقِيتِهَا، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي. وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، وَالْآخَرُونَ نَحْوَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا' والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد۔ اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔ یہ الفاظ ابراہیم بن طہمان کی حدیث کے ہیں اور دوسرے محدثین نے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

**9698**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو جَنَابٍ يَحْيَى بْنُ أَبِي حَيَّةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ!

---

9697- رواه أحمد رقم الحديث: 3998 .

9698- أبو جناب الكلبي ضعفوه لكثرة تدليسه .

الْكَلْبِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَوْنَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: سَأَلْتُ الْأَسْوَدَ بْنَ يَزِيدَ: هَلْ كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُفَضِّلُ عَمَلًا عَلَى عَمَلٍ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، سَأَلْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّهَا إِلَى اللّٰهِ وَأَقْرَبُهَا؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا عَلَى أَثَرِ ذَلِكَ؟ قَالَ: ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا عَلَى أَثَرِ ذَلِكَ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

کون سے اعمال اللہ کے نزدیک پسندیدہ اور قرب عطا کرنے والے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ۔ اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9699-** قُلْتُ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَبْغَضُهَا إِلَى اللّٰهِ وَأَبْعَدُهَا مِنَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ، وَأَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ، وَأَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ، ثُمَّ قَرَأَ (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلَهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا) (الفرقان: 68)

میں نے عرض کی: کون سا عمل بُرا ہے؟ فرمایا: تُو اپنے خالق کے مدمقابل کسی کو ٹھہرائے حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا اور اپنی اولاد کو قتل کرے تاکہ وہ تیرے ساتھ نہ کھائے اور اپنی پڑوسن سے زنا کرے۔ پھر یہ آیت تلاوت کی: ''اور وہ لوگ نہیں جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور اس جان کو جس کے قتل کو اللہ نے حرام ٹھہرایا ہے' ناحق قتل نہیں کرتے اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا''۔

**9700-** حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو شَيْبَةَ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس

---

9700- في يزيد بن معاوية كلام وعبد الملك بن عمير متكلم فيه أيضًا مدلس وقد عنعن .

الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَايْمُ اللّٰهِ لَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي .

کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔ اللہ کی قسم! اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9701**- قُلْتُ: فَأَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ، فَمَا مَكَثْنَا إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى أَنْزَلَ اللّٰهُ مِصْدَاقَهَا (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلَهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا) (الفرقان: 68) . جَوَّدَهُ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَلَمْ يُجَوِّدْهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

میں نے عرض کی: کون سا عمل بُرا ہے؟ فرمایا: تُو اپنے خالق کے مدمقابل کسی کو ٹھہرائے حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا اور اپنی اولاد کو قتل کرے تا کہ وہ تیرے ساتھ نہ کھائے اور اپنی پڑوسن سے زنا کرے۔ پھر یہ آیت تلاوت کی: ''اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور اس جان کو جس کے قتل کو اللہ نے حرام ٹھہرایا ہے ناحق قتل نہیں کرتے اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا''۔ اس حدیث کو یزید بن معاویہ نے عمدہ قرار دیا لیکن حماد بن سلمہ نے اس کی عمدگی کا قول نہیں کیا۔

**9702**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: إِقَامُ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ سَكَتَ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر جہاد فی سبیل اللہ کرنا۔ پھر آپ خاموش رہے اگر میں اضافہ کرنا چاہتا (یعنی اور زیادہ پوچھنا چاہتا) تو میرے لیے اضافہ کیا جاتا۔

**9703**- قُلْتُ: فَأَيُّ الذَّنْبِ أَكْبَرُ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِخَالِقِكَ نِدًّا، وَأَنْ تُقْتَلَ وَلَدَكَ

میں نے عرض کی: کون سا عمل بُرا ہے؟ فرمایا: تُو اپنے خالق کے مدمقابل کسی کو ٹھہرائے اور اپنی اولاد کو قتل کرے

مَخَافَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ، وَأَنْ تَزْنِيَ بِحَلِيلَةِ جَارِكَ، وَنَزَلَ الْقُرْآنُ (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَامًا) (الفرقان: 68)

کہ وہ تیرے ساتھ نہ کھائے اور اپنی پڑوسن سے زنا کرے۔ پھر یہ آیت تلاوت کی: ''اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پوجتے اور اس جان کو جس کی اللہ نے حرمت ناحق رکھی' ناحق نہیں مارتے اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا''۔

**9704**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، وَالصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا . أَسْنَدَهُ زَائِدَةُ، وَأَوْقَفَهُ شُعْبَةُ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔ حضرت زائدہ نے اس کو مسند اور حضرت شعبہ اور حماد بن سلمہ نے اس کو موقوف ذکر کیا ہے۔

**9705**- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ: أَيُّ دَرَجَاتِ الْإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَوَاتُ لِوَقْتِهَا

حضرت زر فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: اسلام کے کون سے درجات زیادہ افضل ہیں؟ فرمایا: نمازوں کو وقت پر ادا کرنا۔

**9706**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَكَانَ عِنْدَهُ غُلَامٌ، فَقَرَأَ الْمُصْحَفَ وَعِنْدَهُ أَصْحَابُهُ، فَجَاءَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: خَضْرَمَةُ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَيُّ دَرَجَاتِ الْإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ، قَالَ:

حضرت زر بن حبیش سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ کے پاس ان کا غلام موجود تھا' پس اُنہوں نے اپنا مصحف پڑھا جبکہ ان کے شاگردان کے پاس موجود تھے' تو ایک آدمی آیا جس کو خضرمہ کہا جاتا تھا' اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! درجاتِ اسلام میں سے کون سا درجہ افضل ہے؟ فرمایا: نماز! عرض کی: پھر کون سا؟ فرمایا: زکوٰۃ! عرض کی: پھر کون

ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الزَّكَاةُ، قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قَالَ: فَمَعَ مَنِ الْمَرْءِ؟ قَالَ: أَحْسَبُهُ قَالَ: مَعَ مَنْ أَحَبَّ

سا؟ فرمایا: والدین سے نیکی کرنا۔ عرض کی: آدمی کس کے ساتھ ہوگا؟ راوی کا بیان ہے: میرا گمان ہے کہ فرمایا: جس کے ساتھ اسے محبت ہوگی۔

## بَابٌ

9707- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَادَ فِي صَلَاتِهِ أَوْ نَقَصَ -قَالَ مَنْصُورٌ: وَإِنَّمَا إِبْرَاهِيمُ النَّاسِي ذَاكَ عَنْ عَلْقَمَةَ، أَوْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ -قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ وَأَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا، فَذُكِرَ لَهُ الَّذِي صَنَعَ، فَثَنَى رِجْلَهُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: إِنَّهُ لَوْ حَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ نَبَّأْتُكُمْ، وَلَكِنِّي بَشَرٌ مِثْلُكُمْ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا نَسِيتُ

## باب

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ کر ہماری طرف متوجہ ہوئے تو ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا نماز میں کوئی نئی شی داخل ہوئی ہے؟ فرمایا: جی نہیں! پس اس چیز کا ذکر کیا گیا جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کی تھی، پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پاؤں کو موڑا، پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبلہ کی طرف منہ کیا اور دو سجدے کیے پھر سلام پھیر کر فرمایا: اگر نماز میں کسی نئی شی کا اضافہ ہوا تو میں تمہیں بتا دوں گا، لیکن میں تم سے کامل بشر ہوں، بھول سکتا ہوں جیسے تم بھول سکتے ہو، پس جب کبھی میں بھولا تو مجھے یاد دلانا اور تم میں سے کوئی اپنی نماز میں شک کا شکار ہو جائے تو اسے چاہیے کہ دیکھے، غور کرے کہ درستگی کے زیادہ مناسب کیا ہے۔ پس اس پر بنیاد رکھ کر اپنی نماز مکمل کرے، پھر سلام پھیر کر دو سجدے کرے۔

9707- ورواه أحمد رقم الحديث: 4431,4358,2348,4282,4237,4174,4170,4032,3975,3602,3570,3566، والبخاري رقم الحديث: 7249,6671,1226,404,401، ومسلم رقم الحديث: 572، وأبو داؤد رقم الحديث: 1009,1008,1007,1006، والترمذي رقم الحديث: 391,390، والنسائي جلد 3صفحه33,32,31,29، وابن ماجه رقم الحديث: 1218,1212,1211,1205,1203 بألفاظ مختلفة . والبغوي في شرح السنة رقم الحديث: 756، وابن خزيمة في صحيحه رقم الحديث: 1028، والبزار جلد 1صفحه 265,262,261,255,245, 244,243 .

فَذَكِّرُونِي، وَأَيُّكُمْ مَا شَكَّ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَنْظُرْ أَحْرَى بِذَلِكَ الصَّوَابُ، فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ ثُمَّ يُسَلِّمُ وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ

9708- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً زَادَ فِيهَا أَوْ نَقَصَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قُلْنَا: زِيدَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قُلْنَا: صَلَّيْتَ بِنَا كَذَا وَكَذَا، فَأَقْبَلَ فَثَنَى رِجْلَيْهِ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ، فَإِذَا نَسِيتُ ذَكِّرُونِي، فَإِذَا أَحَدٌ مِنْكُمْ شَكَّ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَيُتِمَّهُ، ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی اس میں اضافہ ہوا یا کمی ہوئی۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ چکے تو ہم نے عرض کی: کیا نماز میں کوئی چیز زیادہ ہوگئی ہے؟ فرمایا: وہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: آپ نے ہمیں اتنی اتنی رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپ قبلہ رُخ ہوئے پاؤں موڑا اور دو سجدے کیے پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: میں کامل بشر ہوں! پس جب کبھی بھول ہو جائے تو مجھے یاد دلاؤ' پس جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک پڑ جائے تو وہ درستگی کو تلاش کرے' پس اسے مکمل کرے پھر (آخر میں) دو سجدے کرے۔

9709- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الَّذِي يَرَى أَنَّهُ الصَّوَابُ فَلْيُتِمَّهُ، ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک ہو جائے تو وہ غور کرے' جو درست دیکھے اس جگہ سے بناء کرے اور نماز کو مکمل کرے اور دو سجدے سہو کے کرے۔

9710- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو الْأَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَادَ أَوْ نَقَصَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَوْ حَدَثَ لَأَنْبَأْتُكُمْ، إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَأَيُّكُمْ صَلَّى فَزَادَ أَوْ نَقَصَ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ وَيَسْجُدْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ.

کریم ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی تو اضافہ ہوا یا کمی ہوئی (راوی کو شک ہے) پس جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا تو عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! کیا نماز میں کوئی نئی بات ہوگئی؟ فرمایا: کوئی نئی بات ہوئی تو میں تمہیں آگاہ کروں گا' میں اکمل بشر ہوں' بھول سکتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو پس تم میں سے جس نے نماز پڑھی' پس اس نے زیادتی کی یا کمی کی تو اسے درستگی تلاش کرنی چاہیے' پس وہ مکمل کرے اور دو سجدے سہو کے کرے۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَادَ أَوْ نَقَصَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھائی' ایک رکعت کم یا زیادہ پڑھائی' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

9711- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِمَّا زَادَ أَوْ نَقَصَ -قَالَ إِبْرَاهِيمُ: وَايْمُ اللّٰهِ مَا جَاءَ ذَلِكَ إِلَّا مِنْ قِبَلِي -فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا ، فَقُلْنَا لَهُ الَّذِي صَنَعَ، قَالَ: إِذَا زَادَ الرَّجُلُ أَوْ نَقَصَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ ، قَالَ: ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ نے ایک رکعت کم یا زیادہ پڑھائی۔ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! یہ شک میری طرف سے ہے۔ پس ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز کے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! ہم نے عرض کی: وہ چیز جو آپ ﷺ سے ہوئی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب آدمی نماز میں کمی یا زیادتی کرے تو وہ دو سجدے سہو کے کرے۔ راوی کا بیان ہے: پھر آپ ﷺ نے دو سجدے کیے۔

**9712**- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ ضُرَيْسٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَكْتُوبَةِ فَلْيَتَحَرَّ ثُمَّ يَسْجُدْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پس تم میں سے جس کسی کو فرض نماز میں شک پڑ جائے تو وہ کوشش کرے پھر سہو کے دو سجدے کرے۔

**9713**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ، وَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو اپنی نماز میں شک پڑ جائے تو درستگی تلاش کرنے کی کوشش کرے اور سہو کے دو سجدے کرے اس حال میں کہ وہ (آخری قعدہ میں) بیٹھا ہو۔

**9714**- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، ثنا حَبِيبُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَادَ أَوْ نَقَصَ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: مَا ذَلِكَ؟ قُلْنَا: صَلَّيْتَ كَذَا وَكَذَا، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ

کریم ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی' پس ایک رکعت زیادہ ہوئی یا کم (راوی کو شک ہے)' ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا نماز میں کوئی نیا حکم آیا ہے؟ فرمایا: کیا ہوا؟ ہم نے عرض کی: آپ نے اتنی اتنی رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپ ﷺ قبلہ رُو ہوئے اور دو سجدے کیے پھر سلام پھیرا۔

**9715**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا أَبُو الْأَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ، فَنَهَضَ فِي الرَّابِعَةِ وَلَمْ يَجْلِسْ، حَتَّى صَلَّى بِنَا الْخَامِسَةَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّيْتَ بِنَا خَمْسًا، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَكَبَّرَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں نمازِ عصر پڑھائی' آپ چوتھی رکعت میں کھڑے ہوئے' بیٹھے نہیں یہاں تک کہ ہم کو پانچویں رکعت بھی پڑھا دی۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ نے ہمیں پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنا چہرۂ انور کعبہ کی طرف کیا اور اللہ اکبر کہا اور دو سجدے کیے۔

**9716**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا مَنْدَلٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: صَلَّى عَلْقَمَةُ الْعَصْرَ خَمْسًا، فَقُلْنَا حِينَ سَلَّمَ: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِنَ النَّخَعِ يُقَالَ لَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ: كَذَاكَ يَا أَعْوَرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَسَجَدَ بِنَا سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت علقمہ نے عصر کی نماز پانچ رکعت پڑھائیں' جب اُنہوں نے سلام پھیرا تو ہم نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں' بنونخع کے ایک آدمی کو کہا: جس کا نام ابراہیم بن سوید تھا' اے اعور! اسی طرح بات ہے؟ اُس نے کہا: جی ہاں! پس آپ نے ہمیں دو سجدے کروائے اس حال میں کہ آپ کھڑے تھے' پھر تشہد کیا پھر سلام پھیرا۔ پھر فرمایا: حضرت عبداللہ

اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ خَمْسًا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قُلْنَا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَقَالَ لِرَجُلٍ يُقَالُ لَهُ ذُو الشِّمَالَيْنِ: أَكَذَلِكَ يَا ذَا الْيَدَيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَسَجَدَ بِنَا سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ قَاعِدٌ، ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُونِي، وَإِذَا شَكَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ يَدْرِ أَزَادَ أَمْ نَقَصَ، فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ مِنْ ذَلِكَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ وَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ؛ فَإِنَّهُ لَوْ زِيدَ فِي صَلَاتِكُمْ شَيْءٌ أَنْبَأْتُكُمْ

رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث سنائی' فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں عصر کی نماز کی پانچ رکعتیں پڑھادیں تو ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا نماز کی رکعتیں زیادہ ہو گئی ہیں؟ فرمایا: کیا ہوا؟ ہم نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی سے جسے ذوالشمالین کہا جاتا تھا' فرمایا: اے دو ہاتھوں والے! کیا ایسے ہی ہے؟ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیٹھے ہوئے ہمیں دوسجدے کروائے پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرا' پھر فرمایا: اے لوگو! میں عالم بشریت کا سردار ہوں' بھول سکتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو'پس جب بھولوں تو مجھے یاد دلاؤ اور جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو اور اسے پتہ نہ ہو زیادہ یا کم پڑھی ہے تو اس میں سے صواب کو تلاش کرے' پھر اسی پر مکمل کرے اور دوسجدے کرے کیونکہ اگر تمہاری نماز میں زیادتی ہوئی تو میں تم کو بتاؤں گا۔

9717- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ ثَعْلَبٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ حَدَثٌ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكُمْ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ ظہر یا عصر پڑھائی' جب نماز مکمل کی تو عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا نماز کے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا رخ قبلہ کی طرف کیا اور دوسجدے کیے' پھر فرمایا: میں (ظاہراً) انسان ہوں' بھلا دیا جاتا ہوں جس طرح تم بھول جاتے ہو' جب تم میں سے کسی کو نماز میں شک ہو جائے تو دوسجدے سہو کے کرے۔

فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَإِذَا وَهِمَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

**9718-** حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، زِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے نمازِ ظہر میں پانچ رکعتیں پڑھائیں' عرض کی: یارسول اللہ! نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں۔ پس آپﷺ نے دو سجدے سہو کے کیے۔

**9719-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں' اس کے بعد آپﷺ نے دو سجدے سہو کے کیے۔

**9720-** حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ ح، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَقَالُوا لَهُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ فَسَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے نمازِ ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھائیں' صحابہ کرام نے آپﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ نے سلام پھیرا پھر دو سجدے سہو کے کیے۔

سَجْدَتَيِ الْوَهْمِ.

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الشَّاعِرُ، ثنا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ النَّهْشَلِيِّ، ثنا الْهَيْثَمُ يَعْنِي الصَّيْرَفِيَّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

**9721**- حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ أَنَّهُ صَلَّى بِالنَّاسِ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالُوا: إِنَّكَ صَلَّيْتَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَقَالَ عَلْقَمَةُ: أَكَذَلِكَ تَقُولُ يَا أَعْوَرُ؟ -يَعْنِي إِبْرَاهِيمَ -قَالَ: نَعَمْ، فَسَجَدَ عَلْقَمَةُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَيْهِمْ فَأَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَعَلَ ذَلِكَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے لوگوں کو پانچ رکعتیں پڑھائیں' جب سلام پھیرا تو صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' حضرت علقمہ نے کہا: اے اعور! اس طرح تُو بھی کہتا ہے (یعنی اعور سے مراد ابراہیم بن سوید ہیں) حضرت ابراہیم نے کہا: جی ہاں! حضرت علقمہ نے دو سجدے سہو کے کیے' پھر التحیات پڑھی اور سلام پھیرا' پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور بتایا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ایسے ہی کیا تھا۔

**9722**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا سَلَّمَ قِيلَ لَهُ ذَلِكَ، فَاسْتَقْبَلَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کو پانچ رکعتیں پڑھائیں' پھر سلام پھیرا تو آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ ﷺ نے اپنا رخ قبلہ کی طرف کیا اور بیٹھے بیٹھے دو سجدے سہو کے کیے۔

الْقِبْلَةَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

**9723-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: صَلَّى عَلْقَمَةُ بِنَا الظُّهْرَ خَمْسًا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالُوا لَهُ: صَلَّيْتَ خَمْسًا، قَالَ: مَا فَعَلْتُ، ثُمَّ قَالَ: أَكَذَلِكَ يَا أَعْوَرُ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، فَانْفَتَلَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ ذَكَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَرَآهُمْ يَتَوَشْوَشُونَ فَقَالَ: مَا لَكُمْ؟ فَقَالُوا: أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا، قَالَ: لَا، وَلَكِنْ سَهَوْتُ، فَانْفَتَلَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت ابراہیم بن سوید فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے ہمیں پانچ رکعتیں نمازِ ظہر کی پڑھائیں' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ سے عرض کی گئی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' آپ نے فرمایا: میں نے ایسے نہیں کیا' پھر فرمایا: اے اعور! اسی طرح ہے؟ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی کہ جی ہاں! پھر آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے اور پھر سلام پھیرا' پھر ذکر کیا کہ حضرت عبداللہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں' آپ نے صحابہ کرام کو تشویش میں دیکھا تو آپ نے فرمایا: تم کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے عرض کی: کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! لیکن میں بھلا دیا گیا ہوں' آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے۔

**9724-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا عَلْقَمَةُ خَمْسًا، فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ: مَا فَعَلْتُ، فَقُلْتُ: بَلَى، قَالَ: وَأَنْتَ يَا أَعْوَرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت ابراہیم بن سوید فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ نے ہمیں پانچ رکعتیں نمازِ ظہر کی پڑھائیں' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ سے عرض کی گئی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' آپ نے فرمایا: میں نے ایسے نہیں کیا' پھر فرمایا: اے اعور! اسی طرح ہے؟ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی کہ جی ہاں! پھر آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے اور پھر سلام پھیرا' پھر ذکر کیا کہ حضرت عبداللہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے روایت کرتے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلَّى خَمْسًا، فَوَشْوَشَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ فَقَالُوا: أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: لَا، فَأَخْبَرُوهُ، فَثَنَى رِجْلَهُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: أَنَا بَشَرٌ أَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ

ہیں کہ آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائیں' آپ نے صحابہ کرام کو تشویش میں دیکھا تو آپ نے فرمایا: تم کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے عرض کی: کیا نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! پس اُنہوں نے اس کی خبر دی تو آپ اسی جگہ پھرے اور دو سجدے سہو کے کیے' پھر فرمایا: بظاہر میں انسان ہوں' بھلایا جاتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو۔

**9725**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، أَنَّهُ صَلَّى خَلْفَ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، فَصَلَّى خَمْسًا أَوْ سِتًّا، فَقِيلَ لَهُ: وَهِمْتَ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، وَحَدَّثَ عَنْ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت ابراہیم بن سوید فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علقمہ کے پیچھے نماز ادا کی' حضرت علقمہ نے پانچ یا چھ رکعتیں پڑھائیں' اس نے عرض کی: آپ کو وہم ہوا ہے' تو آپ نے دو سجدے سہو کے کیے اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا وہ حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اسی کی مثل کیا۔

